فتاویٰ امجدیہ
مصنف:
صدر الشریعہ حضرت علامہ مفتی
محمد امجد علی اعظمی علیہ الرحمۃ والرضوان
WWW.NAFSEISLAM.COM

کلمۂ آغاز

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نہایت افسوس وندامت کے ساتھ لکھنا پڑ رہا ہے کہ جس کتاب کو بہت پہلے منظر عام پر آجانا چاہیے تھا۔ وہ بہت تاخیر اور شدید انتظار کے بعد آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ حقیقت یہ کہ تصنیف وتالیف اور طباعت واشاعت ایسا دشوار گذار سفر اور خار دار وادی ہے جس کو آسانی سے طے کر لینا ہر شخص کے بس کی بات نہیں۔ صرف طباعت واشاعت کا مرحلہ ہوتا تو کچھ سوچا بھی جاتا، یہاں کئی مرحلوں سے گذرنا تھا۔ یہ توفیق ہے حضرت صدر الشریعہ علیہ الرحمۃ والرضوان کا کہ آج ہم فقہ حنفی کی جامع و مستند کتاب "فتاویٰ امجدیہ" جلد اول کی زیارت سے مستفیض ہو رہے ہیں اور اس کے مطالعہ سے اپنی آنکھوں کے اندر جلا اور دلوں کے اندر سرور پا رہے ہیں

جس کسی نے بھی فقہ حنفی کی مشہور ترین کتاب "بہار شریعت" کا مطالعہ کیا ہوگا اس کے لئے فتاویٰ امجدیہ کی جامعیت اور اسکی معنوی خوبیوں اور علمی محاسن کے متعلق کچھ لکھنے کی ضرورت نہیں ہے فتاویٰ امجدیہ دراصل مسائل واحکام کے اعتبار سے ایک دوسری بہار شریعت ہے اور دلائل وعلل کی حیثیت سے فتاویٰ رضویہ کا خلاصہ اور نچوڑ ہے۔

دائرۃ المعارف الامجدیہ اگرچہ اپنی عمر کے لحاظ سے نہایت کمسن ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ اس ادارہ نے ابتک جو کارہائے نمایاں انجام دیئے ہیں اس کی اجمالی فہرست بھی پیش کی جائے تو اس کے لئے چند صفحات چاہئیں شاید آپ کو یاد ہوگا کہ ۲۰ر اپریل ۱۹۷۷ء کو فقیہ اعظم ہند صدر الشریعہ حضرت علامہ مفتی محمد امجد علی صاحب قبلہ علیہ الرحمۃ پر نہایت کامیاب علمی دینی سیمینار منعقد ہو چکا ہے جس نے سنی صحافت میں نیا رنگ اور نوجوان ارباب علم وفضل میں کام کرنے کی نئی امنگ پیدا

کی ہے اور جو لوگ مدتوں سے احساس کمتری اور جمود و تعطّل کے شکار تھے ان کے اندر بھی کام کرنیکا کچھ شوق پیدا ہوا۔ ساتھ ہی فقیہ اعظم ہند اور مجدد مائۃ حاضرہ پر کام کرنے کے مختلف نئے گوشے بھی سامنے آئے۔ دائرۃ المعارف الامجدیہ کی کامیابی و ترقی کی ضمانت ہند و پاک کے اکابر علماء کے وہ تاثرات ہیں جن میں انھوں نے دائرہ کو عصر حاضر کی اہم ضرورت، دنیائے سنیت کی آبرو، تصنیف و تالیف کے میدان میں ہماری کوتاہیوں کا کفارہ۔ جیسے الفاظ سے یاد کیا ہے اور نیک خواہشات کا اظہار فرمایا ہے۔

ہماری تسکین کے لئے یہ تاثرات اور مدحیہ کلمات کافی تھے جیسا کہ ابتک ہوتا آیا ہے لیکن ارکان دائرہ نے اپنا یہ نصب العین بنالیا ہے کہ جبتک ہم بہار شریعت، فتاویٰ امجدیہ، حاشیہ طحاوی شریف کی تصحیح و تکمیل اور حیات امجد کی تدوین اور ان سب کتابوں کی طباعت و اشاعت کا کام نہیں کر لیتے ہیں تو گویا کہ دائرہ نے کچھ نہیں کیا۔ دعا فرمایئے اللہ تعالیٰ ہم کو عزم و استقلال کی دولتِ لازوال سے سرفراز فرمائے۔ اس سلسلہ میں ہم عوام اور ارباب علم و فضل سے صرف اتنا عرض کرتے ہیں کہ کتاب خریدیئے اور پڑھئے اور اپنے دوستوں کو بھی اس امر کی ترغیب دیجئے۔ اور اگر خدا توفیق دے تو اسکے اعزازی ممبر بھی بن جایئے یہ ادارہ کے ساتھ اعلیٰ درجہ کا تعاون ہے۔

اب ہم اخیر میں ان تمام ارباب علم و فضل و اصحاب ثروت کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنھوں نے ہر طرح کا علمی و مالی تعاون فرماکر ہماری حوصلہ افزائی فرمائی ہے۔

دعا ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ ہم جملہ ارکان دائرہ سے دین کی خدمت لے اور غیب سے ہماری مدد فرمائے اور ہمارے جملہ مصنفین و محققین اور معاونین کو صحت و سلامتی کے ساتھ شاد و آباد رکھے خصوصًا مخدومنا المکرم نائب مفتی اعظم ہند حضرت علامہ مفتی محمد شریف الحق صاحب امجدی و محب محترم فاضل جلیل حضرت مولانا عبد المنان صاحب کلیمی جنکی مساعی جمیلہ کے نتیجہ میں تعلیق و ترتیب کے مرحلوں سے گزر کر علم و تحقیق کا یہ گلدستہ آپ تک پہنچا ہے۔

علاء المصطفیٰ قادری جنرل سکریٹری دائرۃ المعارف الامجدیہ

مورخہ ۲۱ر جولائی ۱۹۷۹ء

عرضِ مُرتّب

باسمہٖ تعالیٰ

ارکان دائرۃ المعارف الامجدیہ نے سب سے پہلے حیات امجد کی تدوین اور فتاویٰ امجدیہ کی ترتیب وتبویب سے اپنے کام کا آغاز کیا۔ چنانچہ حیات امجد سے متعلق مقالات کے حصول کی ذمہ داری محب مکرم جناب مولانا علاء المصطفیٰ صاحب قادری کو سونپی گئی اور فتاویٰ امجدیہ کی ترتیب وتبویب کا اہم فریضہ میرے ذمہ آیا۔ الحمد للہ کہ ارکان دائرہ کا یہ اقدام مبارک ثابت ہوا اور نہایت مشقت وجانفشانی کے باوجود یہ دونوں کام اپنے آخری مراحل کو پہونچ گئے۔

حضرت صدر الشریعۃ علیہ الرحمۃ کے دار المطالعہ میں ۲۶×۲۰ سائز کے سولہ سو (۱۶۰۰) صفحات پر مشتمل فتاویٰ امجدیہ کی دو ضخیم جلدیں اور کچھ اوراق مجھے ملے جس کا پہلا فتویٰ مورخہ ۸ ربیع الاول ۱۳۳۰ھ اور سب سے آخری فتویٰ وفات سے صرف چوبیس (۲۴) روز پیشتر مورخہ ۸ شوال ۱۳۶۷ھ کا تحریر کردہ ہے گویا کہ سترہ سو (۱۷۰۰) صفحات پر مشتمل حقائق ومعارف اور فقہ حنفی کا یہ عظیم ترین سرمایہ حضرت ستائیس (۲۷) برس کے فتاویٰ کا مجموعہ ہے جسکی پہلی جلد از کتاب الطہارۃ تا کتاب الحج آپ کے ہاتھوں میں موجود ہے۔

راقم السطور اپنی کم علمی وبے بضاعتی کا اعتراف کرتے ہوئے قطعاً اس لائق نہیں تھا کہ فتاویٰ امجدیہ کی ترتیب وتبویب کے اہم فریضہ کے انجام دینے کی جسارت کرسکتا لیکن ہمارے استفادہ وافادہ کے لئے آغوشِ امجد کی تربیت یافتہ دو ایسی اہم شخصیتیں (یعنی مخدومنا المکرم علامہ مفتی شریف الحق امجدی واستاذنا المعظم علامہ ضیاء المصطفیٰ قادری) موجود ہیں جو ہماری تمام علمی مشکلات حل کرنے کے لئے کافی ووافی ہیں۔ چنانچہ ان حضرات پر اعتماد اور بھروسہ کرتے ہوئے ہم نے فتاویٰ امجدیہ کی تبییض وتبویب کا کام شروع کردیا جہاں کوئی مشکل مقام آتا ان حضرات سے استصواب رائے کرلیتے۔ آخر کار چند ماہ کی مختصر مدت میں جلد اول کی ترتیب وتبویب کا کام مکمل ہوچکا اب صرف کتابت وطباعت کا نمبر تھا۔

خیال یہ ہوا کہ استاذ گرامی اگر اس مبیضہ پر نظر ثانی فرمادیں اور مناسب مقامات پر کچھ حواشی وتعلیقات کا اضافہ فرمادیتے تو اچھا ہوتا استاذ گرامی اس کے لئے تیار بھی ہوگئے اور نظر ثانی وحواشی وتعلیقات کا کام ہونے لگا کہ اچانک موصوف کی شدید علالت اور کثرت مصروفیات تکمیل سے مانع ہوگئیں۔ اسی اثنا میں جہاں جہاں آپ نے جو کچھ تحریر فرمایا تھا وہ اصل کتاب میں موجود ہے قارئین ملاحظہ فرماسکتے ہیں۔

پھر ہم نے اس اہم کام کی تکمیل کے لئے اس نابغۂ روزگار شخصیت کی خدماتِ جلیلہ حاصل کیں جنکو دنیائے سنیت نائب مفتی اعظم ہند سے جانتی ہے اور فقہ و افتاء میں جن کو حضرت مصنف علیہ الرحمۃ والرضوان سے شرف تلمذ حاصل ہے۔ آپ نے ہماری گذارش قبول فرمالی اور نہایت تیزی سے نظر ثانی اور تعلیق کا کام ہونے لگا ادھر کاتب کا بھی انتظام کر لیا گیا۔ یہانتک کہ بحسن و خوبی ۲۴ جولائی ۱۹۷۹ء کو اسکی کتابت پروف ریڈنگ اور دیگر ساری چیزیں مکمل کر لی گئیں۔ اصل کتاب اور اسکی تعلیق کے متعلق کچھ عرض کرنا آفتاب کو چراغ دکھانا ہے۔ پھر بھی کتاب کی عظمت و اہمیت اور اسکی علمی و فقہی حیثیت جاننے کیلئے اکابر علمائے اسلام کے وہ رشحات قلم کافی ہیں جو شریک کتاب ہیں۔

ہم نے اسکی تصحیح و اصلاح کا کافی خیال رکھا پھر بھی ہم یقین و اعتماد کے ساتھ یہ نہیں عرض کر سکتے کہ یہ نقل و کتابت کی غلطیوں سے خالی ہے۔ دنیا کی کم ہی ایسی کتاب ہوگی جو نقل و کتابت کی غلطیوں سے محفوظ و مامون ہو پھر ہم یہ کیسے دعویٰ کر سکتے ہیں۔ اگر کسی قسم کی غلطی ہمارے قارئین کو نظر آئے تو فوراً ہمیں مطلع فرمائیں نہایت خندہ پیشانی اور شکریہ کے ساتھ اسکی تلافی کی ہر ممکن سعی کیجائیگی۔ اس سلسلہ میں ہم یہ بھی عرض کر دینا مناسب اور ضروری سمجھتے ہیں کہ اگر اس مجموعے اور تعلیق میں کسی بھی قسم کی لفظی و معنوی فروگذاشت نظر آئے تو یہ ہماری اور ناشر و کاتب کی بے توجہی اور لاپرواہی پر محمول کیا جاسکتا ہے مصنف اور صاحب تعلیق کا دامن اس سے بالکل پاک و صاف ہوگا۔

فتاویٰ امجدیہ کی ترتیب و تبویب کے وقت ہمارے سامنے فتاویٰ رضویہ اور بہار شریعت موجود تھیں اور جا بجا اصل مسودہ میں بھی فتاویٰ کی تبویب ہو چکی تھی جس سے ہم کو کافی سہولت ہوئی۔ پھر بھی اگر مسائل متعلقہ ابواب سے خارج ہوں تو ہم اپنے ارباب علم و فضل سے اسکی بھی نشاندہی چاہتے ہیں تاکہ آئندہ کام کرنے میں ہمارے لئے آسانیاں ہوں۔

اسکی فہرست میں بھی ہم نے کافی غور و خوض اور حزم و احتیاط سے کام لیا ہے تاکہ فہرست کتاب کی مکمل آئینہ دار اور افادیت سے بھرپور ہو۔ ارادہ تھا کہ مسائل ضمنیہ کی بھی ایک فہرست دیدیجائے لیکن قلتِ وقت اور کثرتِ کار کی وجہ سے اسکی مکمل فہرست تیار نہ کی جاسکی۔

اب ہم جملہ ارکان دائرہ کی طرف سے ان تمام حضرات کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنھوں نے اپنے رشحاتِ قلم سے ہم سب کو نوازا اور فتاویٰ امجدیہ کی افادیت میں گوناگوں اضافہ فرمایا خصوصاً استاذ استاذی ممتاز المفسرین علامہ عبد المصطفےٰ الازہری فقیہ عصر علامہ مفتی شریف الحق امجدی محدث کبیر علامہ ضیاء المصطفےٰ قادری اور بحر العلوم حضرت علامہ مفتی عبد المنان اعظمی مدظلہم العالی جن کا وجود مسعود ہم سب کے لئے نعمت غیر مترقبہ اور ہمارے عروج و ترقی کی بھرپور ضمانت ہے۔

آخر میں ہم عزیزان گرامی مولوی فروغ احمد الاعظمی سلمہٗ، مولوی اسد اللہ حبیبی سلمہٗ، مولوی خواجہ محمد اکرام الدین سلمہ متعلمین دار العلوم اہلسنت شمس العلوم گھوسی کا شکریہ ادا کئے بغیر نہیں رہ سکتے جنھوں نے تسوید و تبییض اور پروف ریڈنگ وغیرہ میں ہمارا بھرپور تعاون کیا اور ہر طرح ہمارا ساتھ دیا۔ دعا ہے کہ رب کریم اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صدقہ وطفیل ان عزیزوں کو صحت وسلامتی کے ساتھ رکھے اور علم نافع وعمل صالح کی دولت سے سرفراز فرمائے۔ اور حضرت مولینا سید شاہ شمیم گوہر صاحب الہ آبادی کا بھی شکریہ ادا کرنا ہمارے اوپر ضروری ہے جنہوں نے طباعت واشاعت کے ہر موڑ پر ہماری رہنمائی فرمائی۔ آمین ثم آمین وَاٰخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔　عبد المنان کلیمی

دار العلوم اہلسنت شمس العلوم گھوسی۔ مورخہ ۲۶ رجولائی ۱۹۷۹ء مطابق ۳۰ شعبان ۱۳۹۹ھ

نقشِ اول

بقیۃ السلف ممتاز المفسرین حضرت علامہ عبد المصطفیٰ الازہری دامت برکاتہم القدسیہ شیخ الحدیث دار العلوم امجدیہ کراچی پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ سیدنا محمد رسولہ الکریم وعلیٰ آلہ وصحبہ اجمعین

حضرت صدر الشریعۃ بدر الطریقۃ سیدی وسندی ووالدی مولانا المفتی الحکیم ابو العلیٰ محمد امجد علی رحمۃ اللہ تعالیٰ کی ذات گرامی کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ علم شریعت کی مہارت اور حدیث پاک کی تعلیم وتثقیف، علوم عقلیہ پر تعلیم وتدریس کا عبور اور تمام علوم دینیہ پر کامل دسترس، یہ ایسی باتیں ہیں جن کو سارے ہی اہل علم اور اہلسنت جانتے ہیں آپ کی مشہور عالم کتاب "بہار شریعت" کے محققانہ مسائل اور ترجیحی جزئیات سے پورا برصغیر ہند وپاکستان آج استفادہ کر رہا ہے۔ مفتیان کرام کے لئے حوالہ تلاش کرنے فتاویٰ دینے اور کتب کے تتبع کا بہترین ذریعہ ہے۔

حضرت صدر الشریعۃ سے مختلف زبانوں میں لوگوں نے سوال کئے اور فتوے پوچھے آپ نے سفر میں حضر میں وطن میں اور باہر ہر جگہ تحریراً و تقریراً بیشمار فتاویٰ عطا فرمائے۔ ان میں کے بعض اہم حصہ دست برد زمانہ سے محفوظ نہ رہے لیکن آخر میں آپ نے ایک یا دو جلدیں خاص کرا کے اپنے فتاویٰ کے لئے سفید کاغذ کی تیار کرائیں اور اُسمیں اپنے فتاویٰ اندراج کرائے۔ خاص کر اجمیر شریف آخری برسوں میں۔ اور ان فتاویٰ کی اکثر و بیشتر نقول محدث پاکستان حضرت مولانا سردار احمد صاحب کے ہاتھوں کی ہوئی ہے ۔۔۔ آپکے فتاویٰ ادلہ و ترجیحات و عبارات فقہیہ پر مشتمل تھے جناب مولانا عبد المنان کلیمی فاضل اشرفیہ نے ان کو ترتیب فقہی کے ساتھ مرتب کیا اور برادر عزیز حضرت مولانا مفتی شریف الحق صاحب نے ان فتاویٰ پر اپنے مفید حواشی کا اضافہ کیا۔

اور برادر زادہ مولوی علاء المصطفےٰ اسلمہٗ ان تمام امور کو اپنی کوششوں سے پروان چڑھایا اور بہترین کتابت کرائی اور اب یہ فتاویٰ طباعت کے مرحلہ سے گزرنے والے ہیں۔ اللہ تبارک و تعالیٰ ان سب حضرات کو علمی فکری ذہنی دینی، دنیاوی برکتیں عطا فرمائے اور ان کو آئندہ بھی دین و شریعت کی اعلیٰ خدمت کی توفیق بخشے۔

یہ فقیر ۱۸ سال کے بعد اپنے سابق گھر قادری منزل احباب و اعزہ سے ملنے کے لئے آیا اور طائرانہ نظر سے اس مسودہ کو دیکھا مجھے بڑی خوشی حاصل ہوئی کہ حضرت قبلہ والد ماجد کی ایک علمی یادگار کو ان عزیزوں دوستوں نے پردۂ خفا سے منصۂ شہود پر لاکر کھڑا کر دیا اور علماء اور دین دار لوگوں کو اس کتاب سے مستفید ہونے کا موقع دیا۔

دَائرۃ المعَارفِ الاَمجدِیَّہ اپنی اس گراں بہا پیشکش پر لائق تحسین و تبریک ہے اَللّٰھُمَّ زد فزد یہ خدمت دین بمصداق حدیث صحیح من یرد اللہ بہ خیراً یفقھہ فی الدین (بخاری شریف جلد اول ص۱۶) اس بات کی دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ اس ادارے کے مخلصین کے لئے ارادہ خیر فرما چکا ہے۔ اور سعادت ان کو بخش دی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس فقیر کو بھی دینی و دنیاوی نعمتوں سے مالامال فرمائے آمین بجاہ سید المرسلین علیہ و علیٰ آلہ و صحبہ و ابنہ و حزبہ اکرم الصلوۃ والتسلیم۔

الفقیر محمد عبد المصطفےٰ الازہری غفرلہٗ شیخ الحدیث دار العلوم امجدیہ عالمگیر روڈ کراچی ۵

پاکستان

حال وارد قادری منزل قصبہ گھوسی ضلع اعظمگڈھ

اترپردیش ۱۰ انڈیا

تحریراً فی ۲۶ر شعبان معظم ۱۳۹۹ھ مطابق ۲۲ر جولائی ۱۹۷۹ء

تعارف

ممتاز الفقہاء محدث کبیر حضرت علامہ ضیاء المصطفیٰ قادری امجدی

مد ظلہ العالی نائب شیخ الحدیث الجامعۃ الاشرفیہ مبارکپور (اعظم گڈھ) یوپی انڈیا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت صدر الشریعۃ قدس سرہٗ العزیز ایک فکرساز مدرس، ماہر فقیہ اور عظیم متکلم تھے۔ سارے ہند و پاک کے اہلسنت کی تمام تر درسگاہیں آپ ہی کے تلامذہ یا تلامذہ کے تلامذہ سے آباد ہیں۔ صاحب فکر فعال و متحرک اساتذہ آپ ہی کی پیداوار ہیں۔ آپ اپنے دور میں تمام علما ساز اداروں کے صدر الصدور کی حیثیت رکھتے تھے۔ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کی نصاب کمیٹی میں آپ کو بھی اسی بنا پر شامل کیا گیا تھا۔ اور آپ کے مشورے سے ایک شاندار نصاب مدوّن ہوا تھا

ایک طرف آپ نے تدریسی خدمت سے علمائے کبار کی ایک فوج تیار کی تو دوسری طرف بہار شریعت کی تصنیف کے ذریعہ اردو داں علماء و عوام کی دینی مشکلات کو حل فرما دیا اور صاحب فکر مدرسین و طلبہ کیلئے حاشیہ طحاوی کی تصنیف کی طرف توجہ فرمائی۔

آپ تقاضائے وقت پر گہری نظر رکھتے آپ ہی اعلیحضرت امام احمد رضا قدس سرہٗ العزیز کے طرز فکر اور طریقہ کار کے منفرد وارث تھے۔

اعلیحضرت قدس سرہ العزیز نے آپ ہی کے متعلق ارشاد فرمایا کہ

"آپ یہاں کے موجودین میں تفقہ جس کا نام ہے وہ مولوی امجد علی صاحب میں زیادہ پائیے گا اسکی وجہ یہی ہے کہ وہ استفتاء سنایا کرتے ہیں اور جو جواب دیتا ہوں، لکھتے ہیں۔ طبیعت اخاذ ہے۔ طرز سے واقفیت ہو چلی ہے۔" (الملفوظ)

ایک بار اعلٰحضرت قدس سرہ العزیز نے بعض علمائے اعلام کی موجودگی میں آپ کو اور حضرت مفتی اعظم قبلہ کو منصب افتا و قضا پر مامور فرماتے ہوئے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ "ان دونوں کو نہ صرف مفتی بلکہ شرع کی جانب سے ان دونو کو قاضی مقرر کرتا ہوں کہ ان کے فیصلے کی وہی حیثیت ہوگی جو ایک قاضی اسلام کی ہوتی ہے۔" پھر اپنے سامنے تخت پر بیٹھا کر قلم، دوات وغیرہ سپرد کیا (خود نوشت سوانح)

آپ اعلٰحضرت کے زمانے میں بھی حسب ضرورت افتا کا کام انجام دیتے رہے۔ اور اعلٰحضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بعد قضا و افتا میں یکتائے روزگار شمار کئے جاتے۔

اعلٰحضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے وصال کے بعد ایک خواب کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ

"اسکے بعد بلا تکلف میں اس خدمت افتا وغیرہ کو انجام دیتا رہا اور یہ سمجھ لیا کہ جس طرح اعلٰحضرت نے اپنی حیات میں لوگوں کے سامنے اس کام کو تفویض فرمایا تھا اب بھی اس کام کو مجھ سے لینا چاہتے ہیں اور جو کچھ دشواریاں ہونگی اسمیں وہ خود مددگار ہونگے۔ چنانچہ کبھی باوجود اپنی کم بضاعتی کے اس سلسلے میں دشواری پیش نہیں آئی، فللّٰہ الحمد" (خود نوشت سوانح)

یہی وجہ ہے کہ اعلٰحضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بعد بلا انکار نکیر حضرت صدر الشریعہ ہی خدمت افتا کے امام ملنے جاتے تھے۔ اس دور کے اجلۂ علما بھی آپ ہی کی طرف رجوع فرماتے۔

حضرت مولانا ضیاء الدین صاحب پیلی بھیتی علیہ الرحمۃ اپنے ایک مکتوب مورخہ ۸ محرم ۵۸ھ میں مال وقف سے متعلق ایک سوال کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ

"باوجود ورق گردانی کتاب الوقف کے وہ صورت مجھے نہ سوجھی پس آپ کی طرف رجوع کی ضرورت پیش آئی"

اسی طرح سراج الفقہاء مولانا سراج احمد صاحب مکنپوری علیہ الرحمۃ نے بھی حضرت صدر الشریعہ قدس سرہ العزیز سے کئی اہم مسائل میں استفسار کیا ہے۔ "فتاویٰ امجدیہ" میں ان کی نقول موجود ہیں۔

حضرت صدر الشریعہ قدس سرہ العزیز جب اپنے آخری سفر حج کو روانہ ہوئے تو شاہ گنج اسٹیشن سے بخار ہوگیا اور بریلی شریف پہنچتے پہنچتے بخار نے اتنی شدت پکڑلی کہ اکثر بیہوشی کا سا عالم ہوتا اس وقت بریلی میں مولانا مجیب الاسلام صاحب ادروی خدمت و عیادت میں مصروف تھے ان کا بیان ہے کہ انھیں ایام میں حضور مفتی اعظم ہند قبلہ کی خدمت

میں چند مسائل کا سوال ہوا تو آپ نے فرمایا کہ ابھی جواب مستحضر نہیں ہے اور سفر حج کی تیاریوں کی وجہ سے کتاب دیکھنے کی فرصت بھی نہیں۔ حضرت صدر الشریعہ کے سامنے مسائل پیش کر دہ وہ مسائل حضرت صدر الشریعہ کو سنائے گئے آپنے اسی شدت مرض کے عالم میں بستر علالت پہ لیٹے ہی لیٹے تمام سوالات حل فرما دیئے۔

حضرت صدر الشریعہ کے علمی استحضار، فقہی بصیرت پر بطور نمونہ یہ چند شہادتیں ہیں جن سے آپ کی عام مقبولیت پر بھی روشنی پڑتی ہے اور یہ امر بھی واضح ہو جاتا ہے کہ آپ کے فکری قوتی خارجی اثرات سے متاثر نہ ہوتے تھے۔

"فتاویٰ امجدیہ"

حضرت صدر الشریعہ قدس سرہ العزیز کے فتاویٰ کی صحیح تعداد کیا ہے، کسی کو نہیں معلوم۔ زیادہ تر آپ کی فرصت کے اوقات بھی سوال وجواب اور دینی تربیت ہی میں صرف ہوتے، روزانہ زبانی طور پر بیحاسوں مسائل آپسے عوام وخواص معلوم کرتے تھے۔ لیکن کسی نے ان کو قلمبند کرنے کی ضرورت ہی محسوس نہ کی ورنہ ہمارے پاس دینی معلومات کا ایک شاندار ذخیرہ ہوتا۔

تحریری فتاویٰ کا حال بھی تقریباً ایسا ہی ہے کیونکہ ہمارے پاس آپکے فتاویٰ کی جو نقول ہیں وہ ۷، ربیع الاول ۱۳۴۰ھ سے شروع ہوتی ہیں جس کا صاف مطلب یہ ہے کہ اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ العزیز کے دور میں آپنے منصب افتاء پر جو کچھ کارنامے انجام دیئے ان کا کوئی ریکارڈ محفوظ نہیں رکھا گیا۔

دوسری جنگ عظیم کے دوران جب کاغذ ناپید ہو رہا تھا اس دور میں بھی کاغذ نہ ہونے کی بنا پر بیشتر فتاویٰ کی نقول تیار نہ ہوسکیں۔ یعنی ہمارے پاس "فتاویٰ امجدیہ" کی جو نقول ہیں انھیں حضرت صدر الشریعہ کے تمام فتاویٰ کا مجموعہ کسی طرح نہیں قرار دیا جاسکتا لیکن جو ہے وہ بھی ایک عظیم فقہی سرمایہ ہے۔

حضرت صدر الشریعہ کے فتاویٰ حسب ضرورت مختصر بھی ہیں اور طویل بھی، بعض بعض فتاویٰ کئی کئی صفحات پر مشتمل ہیں جنھیں ایک رسالہ بھی قرار دیا جاسکتا ہے۔

فتاویٰ امجدیہ کتاب وسنت کی تائیدات سے مزین ہیں۔ تحقیق کے مواقع پر فتاویٰ میں تو حدیثوں کا سیل رواں موجیں مارتا نظر آتا ہے، اسی طرح ان میں قواعد اصولیہ اور فقہی کلیات وجزئیات اور نظائر وشواہد

کے ذکر میں بھی کسی طرح کی کمی نہیں ہے۔ ندرتِ استدلال وحسن استنباط دیکھ کر کہنا پڑتا ہے کہ فتاویٰ امجدیہ یقیناً فتاویٰ رضویہ کا ایک تتمہ ہے۔

فتاویٰ امجدیہ میں نئے پیدا شدہ مسائل کے مواد بھی موجود ہیں۔ مثلاً لائف انشورنس، لاٹری اور لاؤڈ اسپیکر پر نماز، سیاست حاضرہ اور الیکشن وغیرہ سے متعلق احکام شرعیہ کا مدلل بیان موجود ہے۔ فتاویٰ امجدیہ کی محفوظ النقول میں فقہ کے ہر باب سے متعلق فتاویٰ موجود ہیں۔ جگہ جگہ رسم المفتی کا بیان بھی فتاویٰ میں موجود ہے۔ مثلاً ائمہ کی ترجیح کے مطابق فتویٰ دیا جائے۔ حالات کے تغیر سے حکم شرع متغیر ہو سکتا ہے۔ مفتی صرف اپنے مذہب کے مطابق فتویٰ دے، وغیرہ وغیرہ، یونہی فتاویٰ میں غیر منقح اور پیچیدہ مسائل میں تنقیح و ترجیح کا مواد بھی بھرپور ہے۔

بلاشبہ فتاویٰ امجدیہ فقہ کی معتبر و مستند کتابوں میں سے ایک ہے، دورِ حاضر کے علماء و اصحابِ افتاء کے لئے بھی یہ کتاب ایک رہنما کی حیثیت رکھتی ہے۔

فتاویٰ کی زبان نہایت سادہ تلے تُلے مختصر الفاظ پر مشتمل ہے۔ تفصیلی تعارف انشاء المولیٰ تعالیٰ آئندہ ضرور پیش کیا جائے گا۔

والسلام

ضیاءُ المصطفیٰ قادری

۷۸۶

حضرت صدر الشریعہ، بدر الطریقہ، مولانا شاہ محمد امجد علی صاحب قدس سرہ العزیز، ہندوستان کے ان علمائے اعلام میں سے تھے جن کے علم وفضل، زہد واتقار کی روشنی نے پورے برصغیر میں چودھویں صدی کے نصف آخر کو روشن ومنور کر رکھا ہے جن کے خوان حکمت ودانائی کے ریزہ خوار، اور آفتاب علم ومعرفت کے مقتبس پوری دنیا میں ستاروں کی طرح روشن اور منتشر ہیں۔

کردار سازی میں آپ کو امامت کا درجہ حاصل تھا۔ کم ہی محروم القسمت ہوں گے، جو آپ کی صحبت سے بے فیض اٹھے ہوں ورنہ جو ذرہ اٹھا آفتاب ہوا۔ جو قطرہ چمکا در شاہوار بنا۔ جو کلی چٹکی گلعذار ومشکبار رہی۔ آج پورے غیر منقسم ہندوستان میں اہلسنت وجماعت کے قائدین کی اکثریت، بلا واسطہ یا بالواسطہ آپ سے منسلک ہے۔

معقولات میں آپ کو شرف تلمذ استاذ الاساتذہ عارف باللہ حضرت مولٰنا شاہ ہدایت اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ جونپوری سے حاصل ہے۔ جو بلا واسطہ حضرت مولٰنا فضل حق خیر آبادی رحمۃ اللہ علیہ کے ارشد تلامذہ میں سے تھے۔ تکمیل معقولات کے بعد حضرت استاذ کے ارشاد کے بموجب تکمیل فن حدیث کے لئے اپنے وقت کے یکتائے روزگار، محدث عظیم وجلیل مولانا شاہ وصی احمد صاحب محدث سورتی علیہ الرحمہ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اور ان کی بارگاہ سے اختصاص کی سند کے ساتھ فائز ہوئے۔ پھر قسمت نے وہاں پہونچا دیا جہاں علم ومعارف بصائر وحکم، خود اپنی زبان سے اپنی حقیقت بیان کرتے تھے۔ اور چودہویں صدی میں دین کا علم بلند کرنے کے لئے قدرت کی طرف سے اٹھائے

گئے تھے۔ میری مراد مجدد اعظم حضرت مولانا شاہ احمد رضا خانصاحب رضی اللہ عنہ سے ہے۔ وہاں آپکے باطنی جوہر خوب چمکے، اور خصوصیت کے ساتھ فقہ میں آپ کو اصحاب فتویٰ کا درجہ ملا۔

ذاتی اور ذہبی خوبیوں کا یہ عالم تھا کہ خود فرماتے ہیں، کسی کتاب کا یاد کرنے کی نیت سے تین دفعہ دیکھ لینا کافی ہوتا تھا۔ ان ذہبی اور کسبی خوبیوں کے اجتماع نے آپ کی ذات کو فقید المثال اور وحید العصر بنادیا تھا۔ جس کے نتیجے میں اس برصغیر میں آپ کی جد وجہد کے وہ اثرات مرتب ہوئے جس کی طرف ہم نے ابتدائی سطور میں اشارہ کیا۔

سیکڑوں قابل فخر شاگردوں کے ساتھ آپنے کئی بلندپایہ قلمی یادگاریں بھی چھوڑیں جنمیں "بہار شریعت" ایک نادر روزگار شاہکار ہے۔ اور اس میں بیک وقت کئی خوبیاں ایسی فراہم ہوگئی ہیں، کہ شاید دنیا کی کسی زبان میں بھی فقہ حنفی کی کوئی ایسی کتاب نہ ہوگی جو ان اوصاف کی بیک وقت جامع ہو۔

(۱) جملہ ابواب فقہ میں مسائل ضروریہ کا استقصار (۲) مفتیٰ بہ اور صحیح ورجح مسائل کا التزام (۳) ترتیب مسائل اور حسن بیان۔ بہار شریعت کی خوبیوں میں سے یہ چند خصوصیات ہیں۔

دوسری کتاب :۔ امام طحاوی کی "شرح معانی الآثار کی شرح"، خود اصل کتاب اس پایہ کی ہے کہ سنن ومسانید کے پورے مجموعہ میں موضوع کی طرفگی کے لحاظ سے کوئی کتاب اس کی ہمسر نہیں۔ حدیث کی مبارک روشنی میں اختلافی مسائل فقہ کے مطالعہ کے لئے پورے ذخیرہ حدیث میں یہ تنہا کتاب ہے۔

سخت حیرت ہے کہ امام طحاوی قدس سرہ العزیز کی جلالت شان اور فن حدیث میں ان کا مرتبہ عالی مسلم ہوتے ہوئے بھی جو اعتنا ان کی اس بلندپایہ کتاب کے ساتھ ہونی چاہئے۔ طبقہ علماء وشراح میں اس کا دسواں حصہ بھی نہیں پایا جاتا۔ حدیہ کہ حنفی علماء نے بھی اس کی شروح یا حواشی کا کوئی خاص اہتمام نہ کیا۔

حضرت صدر الشریعہ علیہ الرحمہ نے اس عظیم ذخیرہ حدیث کی شرح شروع فرمائی جو مشیت ایزدی سے مکمل نہ ہوسکی، پھر بھی جتنی ہوچکی ہے اتنی ہی شائع ہوجائے تو عام واقف کاروں کا خیال یہ ہے کہ بہار شریعت کی طرح اس کا بھی ایک منفرد مقام ہوگا۔

تیسری کتاب :۔ آپ کے فتاوی کا مجموعہ ہے۔ جو بیشتر ابواب فقہ پر مشتمل ہے، اور احکام اور دلائل شرعیہ کا ایک بیش قیمت گنجینہ ہے۔

فتاویٰ کو دیگر کتب فقہ پر ایک خاص ترجیح تو یہ حاصل ہوتی ہے، کہ یہ عملی زندگی سے زیادہ قریب ہوتے ہیں جبکہ فقہ کی دیگر کتابیں پیش آمدہ مسائل کے لئے پیشگی لائحہ عمل ہوتی ہیں۔ پھر ان میں مسائل کی ترتیب اور ان کا بیان منطقی تقسیم اور عقلی ترتیب کی بنیاد پر ہوتا ہے، جبکہ فتاویٰ میں سائل کی نفسیات اور واقعاتی دروبست کا لحاظ جواب میں ضروری ہوتا ہے، جس کی وجہ سے فتاویٰ کی افادی حیثیت کہیں بلند ہو جاتی ہے۔

حضرت صدر الشریعہ مولانا شاہ امجد علی صاحب قدس سرہ العزیز کا مقام فقہ میں کتنا بلند تھا۔ اس کا اندازہ اس امر سے لگایا جا سکتا ہے کہ ان کے ایک شاگرد رشید سید العلماء مولانا سید غلام جیلانی صاحب میرٹھی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ

"آپ کو فقہ کے جمیع ابواب کے تمام جزئیات ان کی تفصیلی دلائل کے ساتھ مستحضر تھے"۔

امام اہلسنّت فاضل بریلوی رضی اللہ عنہ خاص طور سے ان کے تفقہ کے مداح ہیں۔ فرماتے ہیں:-

آپ یہاں کے موجودین میں تفقہ جس کا نام ہے، وہ مولوی امجد علی صاحب میں زیادہ پائیے گا۔ وجہ یہی ہے کہ وہ استفتاء سنایا کرتے ہیں۔ اور جو میں جواب دیتا ہوں لکھتے ہیں۔ طبیعت اخاذ ہے، طرز سے واقفیت ہو چلی ہے (الملفوظ اول ص۱۰۰)

اور یہ تو ابتدا کا حال ہے، اخیر میں تو ایک مجمع عام میں تخت پر بٹھا کر اپنی قائم مقامی کا اس طرح اعلان فرمایا

"اللہ عزوجل اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے جو اختیار مجھے عطا فرمایا، اس کی بنا پر میں ان دونوں (مفتی اعظم، صدر الشریعہ) کو اس کام پر مامور کرتا ہوں۔ نہ صرف مفتی بلکہ شرع کی جانب سے ان دونوں کو قاضی مقرر کرتا ہوں، کہ ان کے فیصلہ کی وہی حیثیت ہوتی ہے جو ایک قاضی اسلام کی ہوتی ہے"۔ اور اپنے سامنے تخت پر بٹھا کر اس کام کے لئے قلم اور دوات وغیرہ سپرد فرمایا۔ (صدر الشریعہ کی خود نوشت سوانح عمری)

مذکورہ بالا تفصیلات کی روشنی میں یہ اندازہ لگانا بالکل مشکل نہیں ہے۔ کہ جو کتاب ایسے عبقری صفت انسان کے قلم سے عالم وجود میں آئی ہو، اس کا فقہی رتبہ کس طرح بلند ہوگا۔ تنقیح مناط، تخریج دلائل، دقت نظر، اور حقیقت رسی تو اس اسکول کا خاصہ ہے۔ جس سے صدر الشریعہ رحمۃ اللہ علیہ کا تعلق رہا ہے

اس لئے اگر یہ کہا جائے تو بالکل درست ہے کہ اس کتاب کی اشاعت سے فقہ حنفی کے ذخیرہ میں ایک مفید اضافہ ہوگا۔

یہ سُنکر بے حد خوشی ہوئی کہ دَائِرَۃُ الْمَعَارِفِ الْاَمْجَدِیَّۃ کے اَرباب بست وکشاد نے اپنی جد وجہد کا آغاز صدر الشریعہ رحمۃ اللہ علیہ کی اس مبارک کتاب سے کیا ہے، جو آپ کی پوری زندگی کے فقہی جوابات پر مشتمل ہے ــــ

دعاء ہے کہ مولیٰ تعالیٰ ان حضرات کی سعی کو مشکور فرمائے۔ اور اس مُبارک کتاب کو مقبولِ انام بنائے اس کا فائدہ پورے عالمِ اسلام کے لئے عام وتام فرمائے۔ آمین

عبد المنان اعظمی — دار العلوم اشرفیہ — مبارکپور اعظم گڈھ

۲۱ ر ذیقعدہ ۱۳۹۹ھ

مختصر حالاتِ مصنّف

ماخوذ

صدر الشریعہ بدر الطریقہ حضرت علامہ مفتی محمد امجد علی اعظمی بن حکیم مولانا جمال الدین بن مولانا خدا بخش بن مولانا خیر الدین قدست اسرارہم (۱۲۹۶ھ - ۹ - ۱۸۷۸ء) میں مدینۃ العلماء گھوسی ضلع اعظم گڈھ میں پیدا ہوئے۔ اپنے جد امجد لبعد ازاں اپنے بڑے بھائی مولانا صدیق رحمۃ اللہ علیہ سے علوم دفنون کی ابتدائی کتابیں پڑھیں۔ پھر استاذ الاساتذہ مولانا ہدایت اللہ خاں رامپوری رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۳۲۶ھ - ۱۹۰۸ء) سے اکتساب فیض کے لئے مدرسہ حنفیہ جونپور میں داخل ہوئے۔ علوم دفنون کی تکمیل کے بعد حجۃ العصر مولانا شاہ وصی احمد محدث سورتی قدس سرہٗ (م ۱۳۳۴ھ - ۱۹۱۶ء) کی خدمت میں مدرسۃ الحدیث پیلی بھیت میں حاضر ہوکر درس حدیث لیا اور سند فراغت حاصل کی۔ زمانہ طالب علمی ہی میں آپ کی علمی صلاحیت وحسن لیاقت کا شہرہ ہوچکا تھا اس کے بعد حاذق الملک حکیم عبد الولی جھوائی ٹولہ لکھنؤ سے علم طب حاصل کیا۔ ۲۲ھ سے ۲۷ھ تک حضرت محدث سورتی کے مدرسہ میں درس دیا۔ پھر ایک سال تک پٹنہ میں مطب کرتے رہے۔

اس اثناء میں اعلیٰحضرت فاضل بریلوی رضی اللہ عنہ کو دار العلوم منظر اسلام بریلی کے لئے ایک لائق وفائق مدرس کی ضرورت پیش آئی استاذ گرامی حضرت محدث سورتی کے ارشاد پر حضرت صدر الشریعہ مطب چھوڑ کر بریلی تشریف لے گئے۔ ابتداءً درس وتدریس کا کام شروع کیا۔ بعد ازاں مطبع اہلسنت کا انتظام اور جماعت رضائے مصطفیٰ کے شعبہ علمیہ کی صدارت کے فرائض بھی آپ کے سپرد کر دیئے گئے۔ افتاء کی مصروفیات اس کے علاوہ تھیں۔ سلسلہ عالیہ قادریہ میں اعلیٰحضرت امام احمد رضا فاضل بریلوی کے دستِ حق پرست پر بیعت ہوئے۔ اور جلد ہی خلافت سے نوازے گئے۔ تقریباً ۱۸ برس شیخ کامل کے فیوض وبرکات سے مستفید ہوئے۔ اور کمال عروج کو پہونچے ــ اعلیٰحضرت فاضل بریلوی ودیگر اکابر علماء فتاوی کے سلسلے میں آپ پر حد درجہ اعتماد فرماتے تھے۔

آپ نے ابتدائے شباب سے تدریس کا کام شروع کیا اور آخر حیات تک جاری رکھا اور ایسے نابغۂ روزگار افراد تیار کئے جن پر علم وفضل کو بھی ناز ہے۔ طویل عرصہ تک دار العلوم منظر اسلام بریلی شریف میں فرائض تدریس انجام دیئے۔

مختصر حالاتِ مصنف ماخوذ

صدر الشریعہ بدر الطریقہ حضرت علامہ مفتی محمد امجد علی اعظمی بن حکیم مولانا جمال الدین بن مولانا خدا بخش بن مولانا خیر الدین قدست اسرارہم (۱۲۹۶ھ - ۹ - ۱۸۷۸ء) میں مدینۃ العلماء گھوسی ضلع اعظم گڈھ میں پیدا ہوئے۔ اپنے جد امجد بعد ازاں اپنے بڑے بھائی مولانا صدیق رحمۃ اللہ علیہ سے علوم و فنون کی ابتدائی کتابیں پڑھیں۔ پھر استاذ الاساتذہ مولانا ہدایت اللہ خاں رامپوری رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۳۲۶ھ - ۱۹۰۸ء) سے اکتساب فیض کے لئے مدرسہ حنفیہ جونپور میں داخل ہوئے۔ علوم و فنون کی تکمیل کے بعد حجۃ العصر مولانا شاہ وصی احمد محدث سورتی قدس سرہٗ (م ۱۳۳۴ھ - ۱۹۱۶ء) کی خدمت میں مدرسۃ الحدیث (پیلی بھیت) میں حاضر ہوکر درس حدیث لیا اور سند فراغت حاصل کی۔ زمانہ طالب علمی ہی میں آپ کی علمی صلاحیت حسن لیاقت کا شہرہ ہوچکا تھا اس کے بعد حاذق الملک حکیم عبد الولی جھوائی ٹولہ لکھنؤ سے علم طب حاصل کیا۔ ۲۰ھ سے ۲۷ھ تک حضرت محدث سورتی کے مدرسہ میں درس دیا۔ پھر ایک سال تک پٹنہ میں مطب کرتے رہے۔

اس اثناء میں اعلیٰحضرت فاضل بریلوی رضی اللہ عنہ کو دار العلوم منظر اسلام بریلی کے لئے ایک لائق و فائق مدرس کی ضرورت پیش آئی استاذ گرامی حضرت محدث سورتی کے ارشاد پر حضرت صدر الشریعہ مطب چھوڑ کر بریلی تشریف لے گئے۔ ابتداءً درس و تدریس کا کام شروع کیا۔ بعد ازاں مطبع اہلسنت کا انتظام اور جماعت رضاء مصطفےٰ کے شعبہ علمیہ کی صدارت کے فرائض بھی آپ کے سپرد کر دیئے گئے۔ افتاء کی مصروفیات اس کے علاوہ تھیں۔ سلسلہ عالیہ قادریہ میں اعلیٰحضرت امام احمد رضا فاضل بریلوی کے دستِ حق پرست پر بیعت ہوئے۔ اور جلد ہی خلافت سے نوازے گئے۔ تقریباً ۱۸ برس شیخ کامل کے فیوض و برکات سے مستفید ہوئے۔ اور کمال عروج کو پہونچے۔ اعلیٰحضرت فاضل بریلوی و دیگر اکابر علماء فتاویٰ کے سلسلے میں آپ پر حد درجہ اعتماد فرماتے تھے۔

آپ نے ابتدائے شباب سے تدریس کا کام شروع کیا اور آخر حیات تک جاری رکھا اور ایسے نابغۂ روزگار افراد تیار کئے جن پر علم و فضل کو بھی ناز ہے۔ طویل عرصہ تک دار العلوم منظر اسلام بریلی شریف میں فرائض تدریس انجام دیئے۔

کتاب الطہارۃ

مسئلہ (۱) مسئولہ عبدالقادر سلمہٗ طالب علم مدرسہ اہلسنت بریلی شریف، ۱۱ ربیع الآخر ۱۳۳۸ھ۔

میدان محشر میں تمام لوگ سفید ہوں گے، اس کے کیا معنیٰ ہیں تمام بدن سفید ہوں گے یا صرف اعضائے وضو

الجواب

روز قیامت اس امت کے اعضائے وضو آثار وضو سے سفید و روشن ہوں گے اور یہ اس امت کی خصوصیات سے ہے، حدیث میں فرمایا اِنَّ اُمَّتِیْ یُدْعَوْنَ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ غُرًّا مُّحَجَّلِیْنَ مِنْ اٰثَارِ الْوُضُوْءِ فَمَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ اَنْ یُّطِیْلَ غُرَّتَهٗ فَلْیَفْعَلْ۔ بیشک میری امت قیامت کے دن اس حال میں بلائی جائے گی کہ آثار وضو سے منھ اور ہاتھ پاؤں روشن ہونگے، تو جس سے ہو سکے کہ اپنی روشنی کو دراز کرے (کہ مواضع فرض سے زیادہ پر پانی بہائے) رواہ الشیخان عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ اور صحیح مسلم شریف کی روایت انھیں ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قبرستان میں تشریف لے گئے اور یہ فرمایا السلام علیکم دار قوم مؤمنین وانا انشاء اللہ بکم لاحقون فرمایا مجھے آرزو ہے کہ ہم نے اپنے بھائیوں کو دیکھا ہوتا، صحابہ نے عرض کیا کیا ہم حضور کے بھائی نہیں، فرمایا تم میرے اصحاب ہو اور ہمارے بھائی

رشید اینڈ سنز ٹرسٹ پبلشرز

وہ ہیں جو ابتک نہیں آئے، عرض کی جو ابتک آپ کی امت سے آیا نہیں اُسے حضور کیسے پہچانیں گے۔ ارشاد فرمایا بتاؤ تو کسی کے سفید پیشانی اور سفید ہاتھ پاؤں والے گھوڑے ہوں، اور سیاہ گھوڑوں میں ملجائیں تو کیا اپنے گھوڑے نہ پہچانیگا عرض کی ہاں، پہچانے گا۔ فرمایا إِنَّهُمْ يَأْتُونَ غُرًّا مُحَجَّلِينَ مِنَ الْوُضُوءِ میری امت کے لوگوں کے وضو کے سبب منھ اور ہاتھ پاؤں روشن ہوں گے۔ اور بھی اس مضمون کی روایتیں کتب حدیث میں مذکور ہیں، مگر تمام بدن کا سفید ہونا نظر فقیر میں کسی روایت سے ثابت نہیں، اور احادیث میں غرّہ اور تحجیل کا بیان اس امر کو چاہتا ہے کہ باقی بدن ایسا[عہ] نہ ہوگا، کہ جب تمام بدن ایسا ہی ہے تو غرّہ و تحجیل نہیں اور وضو کی اس سے فضیلت بھی ثابت نہ ہوگی، حالانکہ یہ حدیث فضائل وضو میں ہے،

واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ یہاں کے یعنی پورب کے مسجد کے لوٹے بہ نسبت پچھم کے لوٹوں کے نصف ہوتے ہیں اور زید محض اس خیال سے کہ پورے طور پر سنت ادا ہو وضو کے لئے دو لوٹے لیتا ہے۔ عمرو کا اعتراض ہے کہ یہ اسراف ہے، اگر بہت کفایت سے کام لیا جائے کہ موسم گرما میں ایک لوٹے سے بھی وضو ہو جاتا ہے، ایسی صورت میں زید کا دو لوٹا لینا اسراف ہوا یا نہیں۔

الجواب

حکم یہ ہے کہ اگر بطور سنت وضو کرنا چاہے تو اعضائے غَسل[لہ] میں ہر عضو بلکہ اس کے ہر حصے پر سے تین تین بار پانی بہہ جائے یونہی مضمضہ و استنشاق تین تین بار کرے اور سب سے پہلے تین بار دونوں ہاتھ گٹوں تک دھوئے، اور پان کھاتا ہے اور تین کلیوں میں منھ صاف نہ ہوا تو اتنی کلیاں کرے کہ منھ صاف ہو جائے، اور مسواک بھی تین بار پہلے دھوئے اور تین مرتبہ بعد استعمال وہ امور جنھیں تثلیث سنت ہے، اگر انہیں تین بار سے زیادہ کیا تو اسراف ہے، اور اعضائے وضو میں پانی ڈالنے میں اگر بے احتیاطی کرے کہ بلا وجہ پانی بہاتا ہے اور بیکار گراتا ہے تو اسراف ہے۔ اور حدیث میں جو آیا ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک مکوک[عہ] سے وضو فرماتے اس سے مقصود تحدید نہیں کہ اس پر زیادت جائز نہ ہو جیسا کہ حلیہ وغیرہ میں اس کی تشریح ہے۔ بہر حال وضو میں ادائے سنت کا خیال رکھے اور اسراف سے بچے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

عہ علاوہ ازیں اسی ارشاد مَن استطاع ان یطیل غرته فلیفعل کا مقتضیٰ بھی یہی ہے کہ جہانتک وضو میں اعضاء دھو ئے جا ئینگے اتنے ہی روشن ہوں گے۔ امجدی۔ لہ غَسل غین کے فتحہ کے ساتھ دھونے کے معنیٰ میں۔ مطلب یہ ہوا کہ وہ اعضا جن کا وضو میں دھونا مامور ہے، نہانے کے معنیٰ میں غُسل ہے، غین کے ضمہ کے ساتھ ہے۔ امجدی۔ عہ ڈیڑھ صاع رضویہ جلد اول ص۱۲۰۔

مسئلہ (۳) ایک شخص وضو کے اندر مسح کرنا بھول گیا اس کو اعضائے وضو کے خشک ہونے کے بعد یاد آیا تو اس نے عمرو سے دریافت کیا کہ مجھے وضو کے اعادہ کی ضرورت ہے یا محض مسح کرلوں تو عمرو نے جواب دیا کہ وضو کے اعادہ کی ضرورت نہیں محض مسح کافی ہے، زید عمرو کا مخالف ہے اور کہتا ہے کہ وضو ہرگز درست نہیں اس لئے کہ وضو کا ایک رکن باقی رہ گیا ہے، دوسرے وضو کا پے درپے دھونا شرط ہے یعنی اگر وضو اتنی دیر میں کیا کہ ہاتھ دھو رہا تھا کہ مُنھ خشک ہوگیا یا پیر دھونے تک ہاتھ خشک ہوگیا تو وضو نہیں ہوا اذا فات الشرط فات المشروط لہٰذا اس کو وضو کے اعادہ کی ضرورت ہے بغیر جدید وضو کے نماز نہ ہوگی، لہٰذا اب علمائے ربانی وحامیان دین رحمانی کے خدمات مقدسہ میں گذارش ہے کہ اس مذکورہ بالا مسئلہ کی تحقیق معتبر کتب حنفیہ سے فرمائی جائے، نیز زید وعمرو ان دونوں میں جو حق پر ہو اس کا اظہار اور ناحق کا بُطلان فرمایا جائے، بَیِّنُوْا عِنْدَ النَّاسِ تُوْجَرُوْا عِنْدَ اللّٰہِ تَعَالٰی۔

الجواب

بیشک چوتھائی سر کا مسح فرض ہے بغیر مسح کے وضو نہ ہوا اگر بعد میں جو مسح کیا اس سے فرض وضو ادا ہوگیا جو نماز ایسے وضو سے پڑھی جائے ہوجائے گی کہ وضو میں ترتیب شرط نہیں، ترتیب سنت ہے یہ فوت ہوگئی، یونہی پے در پے دھونا بھی سنت ہے۔ دُرِمختار بیان سنن وضو میں ہے والترتیب والولاء بکسر الواو غسل المتاخر او مسحہ قبل جفاف الاول بلا عذر حتی لو فنی ماءہ فمضی لطلبہ لاباس بہ ومثلہ الغسل والتیمم اس عبارت سے معلوم ہوا کہ ولاء کی سنیت اس وقت ہے جب عذر نہ ہو اور اگر کسی عذر سے پے درپے نہ کیا تو خلاف سنت نہیں۔ اور ظاہر ہے کہ بھولنا بھی عذر ہے، البتہ ترتیب کی سنیت فوت ہوگئی مگر اس پر استحقاق ملامت نہیں کہ یہ فعل بلا قصد ہوا، پھر بھی اگر خلاف سے بچنے کے لئے سرے سے وضو کرے تو بہتر ہے، مگر نہ کیا اور صرف مسح پر اکتفا کرلیا جب بھی نماز ہوجائے گی کذا فی الدُر، اور عبارت مذکورہ سے یہ بھی معلوم ہوا کہ غسل میں بھی وِلاء سنت ہے جیسا جواب اول میں ذکر کیا گیا کہ کلی کرلینے سے جنابت دور ہوجائے گی، سرے سے غسل کی حاجت نہیں۔

واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۴) مسئولہ مولوی زاہد خاں صاحب شروانی سلمہٗ از بھیکم پور ضلع علی گڈھ ۱۲ ر جنوری ۱۹۶۳ء
"اَیْنَ بَاتَتْ یَدُہٗ"۔ حدیث کا مفصل مطلب بیان فرما دیجئے، سخت ضرورت ہے۔

الجواب

حدیث اَیْنَ بَاتَتْ یَدُہٗ کے متعلق علماء نے یہ تحریر فرمایا ہے کہ ملک حجاز ایک گرم ملک ہے اور وہاں کے لوگوں کی عادت ڈھیلے سے استنجا کرنے کی تھی۔ سونے میں پسینہ آتا اور اندیشہ ہوتا کہ موضع نجاست پر ہاتھ لگ گیا۔ اس لئے یہ حکم دیا گیا کہ برتن میں ہاتھ ڈالنے سے پہلے ہاتھوں کو دھولے تاکہ یہ احتمال ہی نہ پیدا ہو کہ شاید موضع نجاست پر ہاتھ پہونچا ہوا ور نجس ہوگیا۔ یہ حکم مجمع علیہ ہے کہ قبل ادخال ہاتھوں کو دھونا چاہئے۔ رہا یہ کہ غسل ید کی نہی نہی تنزیہہ ہے یا تحریم، اسمیں اختلاف ہے۔

جمہور اس کے قائل ہیں کہ یہ نہی نہی تنزیہہ ہے۔ اور یہ حکم قیام من النوم کے ساتھ مخصوص نہیں بلکہ جہاں بھی نجاست ید میں شک ہو، وہاں قبل ادخال ہاتھوں کے دھونے کا حکم ہے، چاہے رات میں سو کر اٹھا ہو یا دن میں سو کر اٹھا ہو یا بغیر سوئے ہی یہ احتمال پیدا ہو گیا ہو، کیونکہ شک کی حالت میں اگر پانی میں ہاتھ ڈالدیا تو پانی کی نجاست کا احتمال پیدا ہو جائے گا، اگرچہ محض احتمال اور شک کی بناپر اس کی نجاست کا حکم نہیں دیا جاسکتا، مگر پھر بھی ایسے احتمال کے پیدا ہونے سے بچنا ہی چاہئے[1]۔

اس حدیث میں نجاست اور مظنۂ نجاست سے بحث ہے۔ رہا پانی کا مستعمل ہونا یہ ایک امر آخر ہے۔ ہمارے نزدیک چونکہ وضو میں نیت شرط نہیں، لہذا بغیر نیت وضو بھی اگر ہاتھ پانی میں پڑجائے تو اس کے لئے غسل ہی کا حکم ہے اور وہ پانی مستعمل ہو جائے گا۔ اس کی مکمل تحقیق اعلیحضرت قبلہ قدس سرہٗ العزیز نے اپنے فتاویٰ[2] میں تحریر فرمائی ہے۔ مَنْ شَاءَ فَلْیَرْجِعْ اِلَیْھَا۔ وھو تعالیٰ اعلم

---

[1] اسی لئے یہ واجب نہیں، سنت ہے۔ اگر ہاتھ کا نجس ہونا یقینی ہوتا تو اس موقع پر ہاتھ دھونا فرض ہوتا۔ امجدی۔
[2] جلد اول از صـ۲۳۷ تا صـ۲۶۰۔ امجدی۔

مسئلہ (۵) از ریاست جے پور مرسلہ جناب قاضی شمس الدین صاحب ہیڈ ماسٹر مڈل اسکول بیراٹھ۔
کیا فرماتے ہیں اس مسئلہ میں کہ بہار شریعت حصہ دوم میں وضو کے مستحبات میں بعد وضو میانی کو تر کرنا درج فرمایا گیا ہے، اس سے کیا فائدہ ؟

الجواب

بہار شریعت حصہ دوم مستحبات وضو میں یہ لکھا ہے کہ بعد وضو میانی پر پانی چھڑک لے، اس کا فائدہ دفع وسوسہ ہے کہ مبادا نماز میں یہ وسوسہ پیدا ہو کہ قطرہ آ گیا ہے، جس کی ٹھنڈک معلوم ہو رہی ہے، اور اگر پانی چھڑک لیا ہے اور یہ وسوسہ پیدا ہوا تو ساتھ ہی خیال بھی آئے گا کہ قطرہ نہیں ہے بلکہ ہم نے خود پانی چھڑکا ہے۔ یہ ادب حدیث[ع] میں بھی آیا کہ رد المحتار مندوبات وضو میں ہے ورش الماء علی الفرج وعلی السروال بعد الوضوء۔　　واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۶) مرسلہ جناب محمد محفوظ اللہ صاحب رجسٹرار قانون گو بنشنر قصبہ سورون چودھری محلہ ضلع ایٹہ ۱۱ رجمادی الاولیٰ ۵۶ھ۔ " وضو کرنے کی حالت میں اگر کوئی مسلمان السلام علیکم کہے تو اس کا جواب دینا واجب ہے یا نہیں۔ اسی طرح[ع] اذان ہوتی ہو تو وضو کی حالت میں اس کا جواب دینا چاہئے یا نہیں۔

الجواب

اثنار وضو میں کلام دنیا مکروہ ہے جبکہ بغیر حاجت ہو۔ در مختار میں ہے وعدم التکلم بکلام الناس الالحاجۃ تفوتہ۔ جواب سلام کے متعلق ممانعت نظر فقیر سے نہیں گذری، ظاہر یہی ہے کہ سلام کا جواب دیا جائے۔
واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۷) مرسلہ مولوی سید عبد الغنی صاحب رضوی ڈیڈوانہ ریاست جودھپور ماڑوار۔
" السلام علیکم ! بعد قدمبوسی عرض ہے کہ اگلے سال جب آپ کا فتویٰ یہاں پر آیا تھا، جب یہاں کے مخالفوں کی حجت ختم ہوئی تھی۔ اب اس سال پھر آپ کو تحریر کیا جاتا ہے۔ یہاں یہ سوال پیش ہوا کہ ٹرا استنجا کرنا بھول گیا، اور وضو

ع کان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا بال توضأ ونضح فرجہ۔ جناب نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب پیشاب کرتے تے وضو کرتے اور اپنی شرمگاہ پر پانی چھڑکتے۔ ابو داؤد ونسائی (امجدی) عہ حالت وضو میں اذان کا جواب دے، ممنوع اثنار اذان میں کلام دنیا ہے، اذان کا جواب کلام دنیا سے نہیں۔ کتب فقہ کا مفہوم معتبر ہے۔ امجدی

بنالیا، اب یاد آیا کہ استنجا کیا تھا، اب استنجا کیا تو اب وضو دوبارہ دوہرایا جائے یا نہیں۔ اس کے جواب میں میں نے کتاب بہار شریعت جو آپ کی تصنیف کردہ ہے، حصہ دوم میں یہ مسئلہ تحریر ہے کہ بڑا استنجا بھول گیا، وضو بنالیا اب اسکو یاد آیا تو وضو تو نہیں ٹوٹا مگر وضو بنانا مناسب ہے۔ اس پر یہاں یہ سوال پیش کیا کہ وضو نہیں ٹوٹا تو پھر وضو بنانا مناسب کیوں لکھا، یہ غلط ہے۔ وضو نہیں بنانا چاہئے۔ لہٰذا یہ عرض ہے کہ وضو بنانا جو آپنے مناسب فرمایا، اسکی دلیل تحریر کر دیجئے مع ثبوت کے تاکہ بہار شریعت کے مسائل پر حرف نہ آئے۔ اور یہاں یہ جاہل آدمی کہتے ہیں کہ یہ تو مولوی صاحب نے اپنی رائے لگادی ہے کوئی ثبوت نہیں ہے۔

الجواب

وضو کے بعد بڑا استنجا پانی سے کیا، اس کی دو صورتیں ہیں۔ ایک صورت میں وضو ٹوٹے گا اور ایک صورت میں نہیں۔ اور بہار شریعت میں دونوں صورتیں لکھی ہیں۔ اگر پانی سے مسنون طریقہ پر استنجا کرے گا، یعنی پاؤں پھیلا سانس کا زور نیچے کو دیکر، وضو جاتا رہے گا۔ اور اگر ایسے نہیں کرے گا تو نہ جائے گا۔ در مختار میں ہے استنجی المتوضی ان علی وجه السنة بان ارخی انتقض والا لا۔ پہلی صورت میں وضو ٹوٹ جانے کی وجہ علامہ شامی نے یہ تحریر فرمائی لعل وجهه انه یخرج بارخائه نفسه الشرج الداخل وهو لا یخلو عن رطوبة النجاسة ثم رأیته منقولا عن خط البزازی فی هامش نسختی البزازیة مع التصریح بان المراد بوجه السنة ما ذکرہ الشارح من الارخاء۔ اب رہی یہ بات کہ دوسری صورت میں بہار شریعت میں وضو کر لینا مناسب لکھا ہے۔ اگر وضو ٹوٹ جاتا تو وضو کرنا مناسب نہیں لکھا جاتا، بلکہ ضروری بتایا جاتا۔ اگر اعتراض کرنے کی جگہ مسئلہ کو سمجھنے کی کوشش کی جائے تو وہ زیادہ مفید ہوتی ہے۔ استنجا کرنے میں شرمگاہ کو چھونا ہوتا ہے اور مس فرج میں ائمہ کے مختلف اقوال ہیں۔ اور حدیثیں بھی اسمیں مختلف آئی ہیں، اگرچہ ہمارے امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ مسلک ہے کہ وضو نہیں ٹوٹتا، مگر چونکہ بہت سے علماء و ائمہ کے نزدیک وضو ٹوٹ جاتا ہے، لہٰذا وضو کر لینے کو مناسب بتایا تاکہ اس کی طہارت اور صحت نماز میں کسی کو شک و اختلاف باقی نہ رہے اور جہاں اختلاف سے بچنے کی صورت نکل سکتی ہے وہاں اختلاف سے بچنا مستحب ہے[عہ]۔ واللہ تعالیٰ اعلم

عہ کما فی مسئلة الوضوء بعد اکل لحم الجزور۔ امجدی

مسئلہ (۸) از ریاست جے پور مرسلہ جناب قاضی شمس الدین صاحب ہیڈ ماسٹر مڈل اسکول بیراٹھ۔
کیا فرماتے ہیں اس مسئلہ میں کہ گھوڑے کے گوشت کھانے پر وضو کرنا ہیچ فرمایا گیا (بہار شریعت) میں ایسا کیوں۔ امام احمد بن حنبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نزدیک گھوڑے کے گوشت کھانے سے بالکل وضو ٹوٹ جاتا ہے۔ کیا اسکی یہ وجہ ہے کہ جس طرح گھوڑے کے دودھ میں نشہ ہے، اسکے گوشت میں بھی نشہ ہے، یا اور کوئی وجہ ہے۔

الجواب

بہار شریعت حصہ دوم میں اونٹ کا گوشت کھانے کے بعد وضو مستحب بتایا گیا ہے، گھوڑے[ع۱] کا گوشت کھانے پر وضو کا استحباب مذکور ہونا میرے خیال میں نہیں، اونٹ کا گوشت کھانا بعض ائمہ کے نزدیک ناقض وضو ہے۔ اور ہمارے نزدیک نہیں، مگر خلاف سے بچنا اولیٰ ہے جبکہ اسمیں اپنے مذہب کے مکروہ کا ارتکاب نہ کرنا پڑے۔ درمختار میں ہے واکل جزور وبعد کل خطیئۃ وللخروج من خلاف العلماء۔ ردالمحتار میں ہے لقول بعضھم بوجوب الوضوء منه وھذا یدخل فی عموم قوله بعد وللخروج من خلاف العلماء افادہ ط دوسری جگہ درمختار میں فرمایا یندب للخروج من الخلاف لاسیما للامام لکن بشرط عدم لزوم ارتکاب مکروہ مذھبه۔ ردالمحتار میں ہے مراعاۃ الخلاف عندنا مندوبة۔

واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۹) مرسلہ مولوی قاضی محمد قاسم صاحب مدرس مدرسہ، از سیالکوٹ پنجاب یکم جمادی الاولیٰ ۱۳۴۲ھ۔
"بے وضو درود شریف پڑھنا کیسا ہے، مفصل تحریر فرمائیں"۔

الجواب

درود شریف وضو بے وضو ہر حال میں پڑھ سکتے ہیں، بے وضو تو بے وضو، جنب وحائض کو بھی درود شریف پڑھنا جائز ہے، اگرچہ[ع۲] ان کے لئے کلی کرکے پڑھنا بہتر ہے۔ درمختار میں ہے ولاباس لحائض وجنب بقراءۃ ادعیة ومسّھا

ع۱ میں نے بہار شریعت کا بالاستیعاب مطالعہ کیا اسمیں کہیں یہ نہیں کہ گھوڑے کا گوشت کھانے کے بعد وضو کرنا مستحب ہے۔ امجدی
ع۲ حدیث شریف میں ہے ان النبی صلی اللہ علیه وسلم رخص للجنب اذا اراد ان یاکل او یشرب او ینام ان یتوضأ وضوءہ للصلوٰۃ رواہ الترمذی عن عمار بن یاسر رضی اللہ عنهما وصححه۔ مولانا ضیاء المصطفیٰ صاحب مدظلہ العالی۔

وحلھا وذکر اللہ تعالیٰ ۔ ——————— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۰) مسئولہ حافظ حیات احمد صاحب متصل سرائے خام بریلی ، ۹ صفر ۱۳۳۸ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ وضو کے لئے نابالغ بچوں سے پانی بھروا کر منگوانا جائز ہے یا نہیں۔

الجواب

والدین کے سوا دوسرے کسی کو بچوں سے مُفت پانی بھروانا جائز نہیں ، نہ وضو کے لئے نہ اور کسی کام کیلئے ، کہ کوئیں کا پانی جس نے بھرا اس کی مِلک ہوجاتا ہے ، لہٰذا بچہ مالک ہوگیا ، اور بچہ اپنی مِلک کو ہبہ کر نہیں سکتا۔ لہٰذا اگر دوسرے کو اپنی خوشی سے دے جب بھی وہ نہیں لے سکتا۔ ہاں اگر وہ بچہ اُس کا نوکر ہے ، اور نوکری کے وقت میں پانی بھرلایا ، بھشتی کے لڑکے کہ پانی بھرنے کے لئے ماہوار پر رکھے جاتے ہیں ، ان کا بھرا ہوا پانی اُس شخص کی مِلک ہوگا جس کا نوکر ہے۔ والتفصیل فی الفتاوی الرضویہ ۔　واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۱) مسئولہ عبدالغنی خاں ونصرالدین خاں صاحبان ڈگی بازار محلہ دلوالیاں اجمیر شریف ، ۱۷ ار جمادی الاخریٰ ۱۳۳۸ھ ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین مسئلہ ذیل میں کہ بکر نے غسل کیا اور اسمیں کلی کرنا بھول گیا اور اسی وضو سے اسنے پانچوں نمازوں کو ادا کیا۔ بعد نماز عشاء کے اُسے یاد آیا ، اُس نے اس مسئلہ کو عمرو سے دریافت کیا کہ میری نماز ہوئی یا نہیں عمرو نے کہا ، نماز فجر کے سوا سب نمازیں درست ہوگئیں ۔ زید اس کے خلاف اسطرح کہتا ہے کہ نماز درست نہیں ہوئی اسلئے کہ نماز کے لئے پاکی شرط ہے ، چونکہ اس کا غسل درست نہیں ہوا اسلئے کہ اس نے فرض غسل کو ادا نہ کیا تو اُس کا غسل ہی نہ ہوا اور جب غسل ہی نہ ہوا تو نماز جنابت کی حالت میں حرام ہے ، لہٰذا نماز نہ ہوئی۔

الجواب

اگر بکر جنب تھا یعنی اُس پر غسل فرض تھا اور کلی کرنا بھول گیا تو ظاہر نہ ہوا کہ غسل کا ایک فرض اسکے ذمہ باقی رہ گیا۔

ع۵ جلد اول ص۴۲ تا ص۴۴ امجدی

پھر اگر غسل کے بعد وضوئے جدید کیا جیسا کہ اکثر لوگ کر لیتے ہیں اور اس وضو میں کلی کر لی تو پاک ہو گیا، تمام نمازیں ہو گئیں۔ اور اگر کلی نہ کی تو اب بھی ناپاک ہی ہے، جب تک کلی نہ کریگا پاک نہ ہو گا اور جب کلی کر لیگا جنابت دور ہو جائیگی۔ پھر اگر زید نے پانچوں نمازیں بغیر وضو کئے ہوئے اور بغیر کلی کے ادا کی ہیں جیسا کہ سوال سے یہی ظاہر ہے تو کوئی نماز ادا نہ ہوئی۔ اگر اور نمازیں ظہر سے عشاء تک کلی کے بعد پڑھی ہیں اور یہی عادۃً ظاہر ہے کیونکہ ظہر وغیرہ کے وقت تو نیا وضو کیا ہی ہوگا، اگرچہ ممکن ہے کہ صبح کا وضو عشاء تک باقی رہے، مگر عادۃً دشوار ضرور ہے۔ اور یہ بھی ظاہر ہے کہ وضو میں کلی کی ہوگی اگرچہ وضو میں کلی فرض نہیں، مگر سنت تو ہے۔

بہرحال اگر کلی ہو گئی غسل ہو گیا، نمازیں اسکی بعد کی ادا ہو گئیں پھر سے جدید غسل کی حاجت نہیں، نہ کلی میں قصداً ازالۂ جنابت کی ضرورت کہ غسل و وضو میں نیت شرط نہیں، بلکہ اگر بڑے بڑے گھونٹ سے پانی پی لیا کہ منھ کے تمام حصوں پر پانی گذر گیا جب بھی جنابت دور ہو گئی۔ فتاویٰ عالمگیریہ میں ہے الجنب اذا شرب الماء ولم یمجہ لم یخرج ویجزیہ عن المضمضۃ اذا اصاب جمیع فمہ کذا فی الظہیریہ۔ درمختار میں ہے ویکفی الشرب عبا لا مصا المج لیس بشرط فی الاصح۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲) مرسلہ کفایت حسین صاحب رضوی صالح نگر ۴ ربیع الاول ۷۵ھ۔

"عورت کو بچہ پیدا ہوا تو وہ عورت حد نفاس کے فارغ ہونے تک نماز، روزہ سے تو بری ہے لیکن وہ عورت اگر عقیقہ والے دن جنکو بعض چھٹی بھی کہتے ہیں، نہائے تو کیا اسکو کچھ نفع صفائی کے طریقہ میں نہیں ہوگا کیونکہ زچہ خانہ کے اندر جو نجاست جسم و کپڑوں وغیرہ پر ہوتی ہے وہ دھل جاتی ہے اور کپڑے صاف بدل دیئے جاتے ہیں اور پھر گھر کے ہر قسم کے کام کرنے لگتی ہے۔ عمرو کا قول ہے کہ چلّہ کے اندر نہائے گی تو پہلے سے بھی اور زیادہ ناپاک ہو جائے گی۔

الجواب

نجاست دو قسم کی ہے، ایک حقیقیہ جیسے پاخانہ پیشاب خون وغیرہ۔ دوسری حکمیہ جیسے احتلام و جماع وغیرہ سے جو نجاست کا حکم ہوتا ہے۔ چھٹی کے دن جو غسل ہوتا ہے اس سے وہ گندگی جو بدن پر لگی ہو، زائل ہو جائیگی، مگر وہ نجاست حکمیہ جو نفاس والی کے لئے ہے وہ جب تک خون بند نہ ہو یا چالیس دن پورے نہ ہوں اسوقت نہانے سے زائل نہ ہوگی بلکہ اسپر غسل اسوقت فرض ہوتا ہے جب نفاس ختم ہو۔ نظافت اور صفائی کے لئے اسوقت سے قبل بھی نہا سکتی ہے، عمرو کا قول غلط ہے

کہ نجاست بڑھ جائے گی، نجاست حکمیہ نہ بڑھے گی نہ گھٹے گی اور نجاست حقیقیہ اسکے بدن پر ہو تو زائل ہوگی اور صفائی بھی حاصل ہوگی ۔ ——— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۳) از قصبہ فتح کھلڈا ضلع بلڈانہ سی پی مرسلہ محمد اسلم خاں صاحب ۱۲؍ رجب ۴۶ھ ۔

"حالت جنابت میں سلام کرنا اور اس کا جواب دینا اور کھانا پینا کیسا ہے، ناجائز ہونے کی صورت میں یہ سوال کہ سحری کا وقت کم ہے اور غسل کرنے تک وقت جانے کا گمان غالب ہو تو کیا کرے ۔

الجواب

بہتر یہ ہے کہ وضو کرلے اور نہ کیا جب بھی ناجائز و گناہ نہیں اور کلی بھی نہ کی ہو تو جو پانی منھ سے لگا مستعمل ہو جائیگا اور مستعمل پانی کا پینا مکروہ ہے صحیح بخاری و صحیح مسلم میں عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا کان جنبا فاراد ان یاکل اوینام توضأ وضوءہ للصلوٰۃ - رد المحتار میں ہے وللجنب عند اکل وشرب ونوم ووطی سحری کا وقت تنگ ہو تو وضو کرکے کھائے اور اتنا بھی وقت نہ ہو تو کلی کرلے[۵] ۔ ——— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۴) از قصبہ فتح کھلڈا ضلع بلڈانہ سی پی مرسلہ محمد اسلم خاں صاحب ۱۲؍ رجب ۴۶ھ ۔

"بغیر غسل کے عورت سے دوسری بار ہمبستری کرنا درست ہے یا نہیں، اور اگر جائز ہے اور کئی بار ہمبستری کی ہو تو غسل کرتے وقت چند غسل کرے یا ایک ہی غسل کافی ہے ایک ہی نیت سے ۔

الجواب

بہتر یہ ہے کہ وضو کے بعد دوسری مرتبہ ہمبستری کرے، حدیث میں ہے :- اِذَا اَتٰی اَحَدُکُمْ اَھْلَہٗ ثُمَّ اَرَادَ اَنْ یَّعُوْدَ فَلْیَتَوَضَّأْ بَیْنَھُمَا وُضُوْءً (رواہ مسلم عن ابی سعید الخدری رضی اللہ عنہ) اور چند بار ہمبستری کی ہو جب بھی ایک ہی غسل واجب ہے ایک ہی غسل کریں۔ صحیح مسلم شریف میں ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ فرماتی ہیں کان رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَطُوْفُ عَلٰی نسائہ بغسل واحد یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنی تمام ازواج سے ہمبستری کے بعد ایک ہی غسل فرماتے

---

[۵] سلام وجواب بھی حالت جنابت میں جائز ہے اگرچہ بہتر یہی ہے کہ طہارت کے ساتھ ہو جنب کو غسل کا موقع ملا اور غسل کیا تو حالت جنابت میں کھانا محتاجی لاتا ہے - امجدی

تھے۔ اور نیت بھی متعدد کرنے کی حاجت نہیں کہ سبب واحد ہے، پھر تعدد نیت بے معنیٰ ——— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۵) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ زید اپنی بیوی کے سامنے بالکل برہنہ نہاتا ہے، جائز ہے یا نہیں۔

الجواب

بیوی کے سامنے برہنہ ہونے میں حرج نہیں، البتہ کمال حیا یہ ہے کہ بے ضرورت بیوی کے سامنے بھی برہنہ نہ ہو۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۶) ہندو پر غسل فرض ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا۔

الجواب

جب اسلام[ع۵] لانے کا ارادہ ہو تو نہائے ——— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۷) آمدہ از شیر پور ضلع بریلی، مرسلہ مولوی عبدالمجید صاحب امام، سنہری مسجد۔

" جس پر غسل فرض ہے کیا اس کی زبان نجس سمجھی جائے گی، مسئلہ مذکورہ میں " اللہ " کہہ سکتا ہے یا نہیں نیز سلام اور اس کا جواب دے سکتا ہے یا نہیں۔

الجواب

جس پر غسل فرض ہے، نہ وہ شخص نجس ہے نہ اس کی زبان، حدیث میں ارشاد ہے المومن لا ینجس جنابت ایک نجاست حکمیہ ہے نہ کہ نجاست حقیقیہ، حالت جنابت میں قرآن مجید پڑھنے اور مسجد میں داخل ہونے اور قرآن چھونے کی ممانعت ہے، قرآن مجید پڑھنے کے سوا دیگر اذکار کی اجازت ہے، مگر بہتر یہ ہے کہ کلی کرلے۔ جنب سلام کرسکتا ہے، اسلام کا جواب دے سکتا ہے جنب کے لئے اللہ کہنا جائز ہے ——— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (میاہ) (۸) مسئولہ مولوی احسان علی سلمہ طالب علم مدرسہ اہلسنت ۱۳ ربیع الآخرہ ۱۳۳۸ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں :-

ع۵ اسلام لانے کے بعد پورا غسل کرنا مستحب ہے۔ بہار شریعت حصہ دوم ص۲۱۔ درمختار اور ردالمحتار میں ہے والاہان اسلم طاھراً فمندوب ای بان کان اغتسل او اسلم صغیراً۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ امجدی

اگر محدث وجنب یا حائض کا کوئی عضو انگلی یا ناخن وغیرہ ایک گھڑے یا ایک لوٹے پانی میں لگ جائے تو اُس پانی سے وضو وغسل ہوسکتا ہے یا نہیں، اگر نہیں تو بھشتی جو عام طریقے سے مشک میں ڈول سے پانی ڈالتے وقت مشک کے منھ کو پکڑکر ڈالتے اور پانی اُن کے ہاتھ سے لگتا ہوا جاتا ہے، اُس پانی سے بھی وضو نہ ہونا چاہیئے اس لئے کہ بھشتی اکثر بلکہ کُل بے وضو ہوتے ہیں، علیٰ ہٰذا القیاس بوقت وضو جو قطرے لوٹے میں گرتے ہیں ۔اور اُس پانی کو پینا کیسا ہے۔

الجواب

بے وضو کے اعضائے وضو میں سے کوئی عضو اگرچہ انگلی یا پورا یا ناخن اور جنب اور حائض یا نفسا جو حیض یا نفاس سے پاک ہوچکی ہے، مگر ابھی غسل نہیں کیا ہے، ان کا کوئی عضو بے دُھلا ہوا اگر ماء قلیل یعنی دہ در دہ سے کم غیر جاری میں پڑجائے، تو وہ سارا پانی مستعمل ہوگیا، جبکہ بغیر ضرورت شرعیہ پڑا ہو، اور وہ پانی وضو یا غسل کے قابل نہ رہا، اور اگر ضرورتِ شرعیہ سے ہو مثلاً بڑے برتن میں پانی ہے، اور کٹورا وغیرہ اسمیں گرگیا اُس کے نکلنے کے لئے بقدر ضرورت اس میں ہاتھ ڈالا، تو مستعمل نہ ہوگا، کہ یہ معاف ہے، یعنی جبکہ وہاں کوئی ایسا نہ ہو، جو ہاتھ ڈالکر نکالتا، نہ کوئی دوسرا برتن ہے جس سے یہ خود نکالتا، نہ وہ برتن جس میں پانی ہے جھکانے کے قابل کہ جھکا کر اُس سے پانی لے لیتا۔

پانی کے مستعمل ہونے کی وجہ یہ ہے کہ ہمارے نزدیک وضو یا غسل میں نیت شرط نہیں، لہٰذا جس حصۂ بدن کے ساتھ حدث کا تعلق ہے، وہ جب پانی سے ملاقی ہوگا تو اتنے سے حدث مرتفع ہوجائے گا، اور جب اس پانی نے رفع حدث کیا تو مستعمل ہوگیا کہ مستعمل ہونے کے لئے نیت رفع حدث شرط نہیں۔ فتح القدیر میں ہے لو ادخل المحدث او الجنب او الحائض التی طہرت الید فی الماء للاغتراف لا یصیر مستعملاً للحاجۃ بخلاف ما لو ادخل المحدث رجلہ او راسہ حیث یفسد الماء لعدم الضرورۃ وفی کتاب الحسن عن ابی حنیفۃ ان غمس جنب او غیر متوضیٔ یدیہ الی المرفقین او احدیٰ رجلیہ فی اجانۃ لم یجز الوضؤ منہ لانہ سقط فرضہ عنہ و ذالک لان الضرورۃ لم یتحقق فی الادخال الی المرفقین۔ فتاویٰ امام قاضیخاں میں ہے اتفق اصحابنا رحمھم اللہ تعالیٰ فی الروایات الظاہرۃ علی ان الماء المستعمل فی البدن لا یبقی طھوراً واختلفوا ھل یصیر مستعملاً لسقوط الفرض اذا قصد التبرد او اخراج الدلو من البئر قال ابو حنیفۃ و ابو یوسف رحمھما اللہ تعالیٰ یصیر مستعملا وقال محمد رحمہ اللہ تعالیٰ فی المشھور عنہ لا۔ نیز اسی میں ہے اذا غسل اطراف اصابعہ ولم یغسل عضواً تاماً ما اشار الحاکم

فی المختصر انی انہ یصیر مستعملا۔ اور اگر دھلا ہوا حصۂ بدن پانی میں پڑا، یعنی دھونے کے بعد سے ابتک اس عضو پر حدث طاری نہ ہوا، کہ حدث طاری ہونے کے بعد وہ دھلا ہوا بے دھلا ہوگیا، تو اب جبکہ دھلا ہوا ہے، پانی میں پڑنے سے رفع حدث نہ ہوگا، اور اس صورت میں مستعمل ہونے کے لئے یہ ضرور ہے، کہ بہ نیت تقرب اُس عضو کا پانی میں ڈالنا ہو، مثلاً باوضو شخص نے کھانا کھانے کے لئے بہ نیت ادائے سنّت ہاتھ دھوئے یا باوضو نے بہ نیت ثواب وضو کیا۔ درمختار میں ہے لایجوز بماء مستعمل لاجل قربۃ ای ثواب او لاجل رفع حدث۔ اور حائض یا نفاس والی کا جبتک حیض یا نفاس منقطع نہ ہو ان کا ہاتھ اگر پانی میں پڑا تو نہ رفع حدث ہوا نہ ادائے قربت، لہٰذا مستعمل نہ ہوا۔ فتاویٰ ہندیہ میں لو وقعت الحائض فی البئران کان بعد انقطاع الدم ولیس علیٰ اعضائہا نجاسۃ فھی کالجنب وان کان قبل انقطاع الدم فھی کالرجل الطاھر لانہا لاتخرج من الحیض بھذا۔ کذا فی الخلاصۃ وھکذا فی فتاوی قاضیخان۔

ہاں اگر حائض اوقات نماز فرض یا تہجد وچاشت میں وضو کرکے ذکر و درود شریف میں مشغول ہو کہ عادت نہ چھوٹے تو یہ اس کے لئے مستحب ہے اور اب پانی مستعمل ہو جائے گا۔ درمختار میں ہے او حائض لعادۃ عبادۃ۔ ردالمحتار میں فرمایا قال فی النہر؛ قالوا بوضوء الحائض یصیر مستعملا لانہ یستحب لہا الوضو لکل فریضۃ وان تجلس فی مصلاہا قدرہا کی لاتنسیٰ عادتہا ومقتضیٰ کلامھم اختصاص ذالک بالفریضۃ وینبغی انہا ان توضأت لتہجد عادی اوصلاۃ ضحیٰ وجلست فی مصلاہا ان یصیر مستعملا ولم ارہ لھم ھ واقرہ الرملی وغیرہ ووجھہ ظاھر فلذا جزم بہ الشارح فاطلق العبادۃ تبعاً لجامع الفتاویٰ فانہ قال یستحب لہا ان تتوضأ فی وقت الصلاۃ وتجلس فی مسجدھا تسبح وتھلل مقدار ادائہا لئلا تزول عادۃ العبادۃ۔ اور مار مستعمل طاہر غیر مطہر ہے، یعنی اگر خود کسی چیز میں لگ جائے یا اچھے پانی میں پڑ جائے تو جیسے وہ شے پہلے پاک تھی اب بھی پاک ہے، مگر اس سے نجاست حکمیہ کا ازالہ نہیں ہو سکتا، یعنی وضو اور غسل کے کام کا نہ رہا جیسا کہ عبارتِ منقولہ درمختار سے ظاہر ہے۔ عالمگیری میں ہے اتفق اصحابنا ان الماء المستعمل لیس بطھور حتیٰ لایجوز التوضی بہ واختلفوا فی طھارتہ، قال محمد ھو طاھر وھو روایۃ عن ابی حنیفۃ وعلیہ الفتویٰ کذا فی المحیط۔ اور نجاست حقیقیہ اس سے دور کر سکتے ہیں۔ عالمگیری میں ہے یجوز تطھیر النجاسۃ بالماء وبکل مائع طاھر یمکن ازالتہا بہ ومن المائعات الماء المستعمل وھذا قول محمد وروایۃ عن ابی حنیفۃ رحمہ اللہ تعالیٰ وعلیہ الفتویٰ، ھکذا فی الزاھدی۔

اب رہا یہ امر کہ بہشتی کا بھرا ہوا پانی مستعمل ہو گیا یا نہیں، اس کا جواب یہ ہے کہ مستعمل نہیں کہ اولاً نامعلوم پر حکم نہیں لگایا

جاسکتا، یہ کہاں سے معلوم کہ اس وقت بھشتی کے ہاتھ دھلے ہوئے نہ تھے، نرا وہم مسائل طہارت ونجاست میں معتبر نہیں، بلکہ اس معاملہ میں ظن مجرد کا بھی لحاظ نہیں کتب فقہ میں بکثرت ایسے جزئیات مذکور ہیں، پُرانا استعمالی جوتا کنوئیں میں گر جائے جبتک اُس کا نجس ہونا معلوم نہ ہو، نجاست آب کا حکم نہ دیں گے، توجب نجاست میں ایسے خیالات پر بنائے کار نہیں، تو استعمالی آب میں کہ یہ اخف ہے کیونکر ایسے اوہام معتبر ہوں گے، لہٰذا پانی اپنی اصلی حالت طہارت وطہوریت پر باقی رہے گا۔ اللہ عزوجل فرماتا ہے وَ اَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً طَهُوْرًا، اور فرماتا ہے وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً لِّيُطَهِّرَكُمْ بِهٖ۔ ثانیاً اگر معلوم بھی ہو کہ یہ بے وضو ہے اور اُس کا ہاتھ دھلا ہوا نہیں، جب بھی مستعمل نہیں کہ مشک میں ڈالتے وقت پانی حالت جریان میں ہوتا ہے اور آب جاری تو نجس کی ملاقات سے بھی نجس نہیں ہوگا بلکہ نجس چیز پر گذرے تو اُسے پاک کردے گا، تو اگر اُس کا ہاتھ نہ دھلا تھا تو اب دُھل گیا، اور پانی چونکہ جاری ہے لہٰذا مستعمل نہ ہوا۔ ثالثاً اگر فرض بھی کر لیا جائے کہ پانی مستعمل ہو گیا، تو صرف پہلی دفعہ جو پانی اُس کے ہاتھ پر گرا وہ مستعمل ہوگا نہ وہ پانی جو ابھی ڈول سے باہر بھی نہیں ہے، اور یہ بہ نسبت اُس کے زائد ہے اور ماء مستعمل جب غیر مستعمل میں ملے اور غیر مستعمل غالب ہو، تو مطہر رہے گا۔ رابعاً اگر یہ بھی فرض کر لیا جائے کہ وہ سارا ڈول مستعمل ہو گیا، تو اس کے بعد مشک میں اور ڈول تو غیر مستعمل پڑے۔ اور غالب یہ ہے، لہٰذا کل مطہر ہے کہ ماء مستعمل جب ماء غیر مستعمل میں مل جائے، تو جبتک غیر مستعمل مقدار میں زیادہ ہے مطہر ہے، یہی حکم اس وقت بھی ہے، جب وضو کے قطرے لوٹے میں گرے کہ جبتک یہ قطرات لوٹے کے پانی کے برابر نہ ہوں، اس سے وضو جائز ہے۔ درمختار میں ہے او ماءان مستعمل فبالاجزاء فان المطلق اکثر من النصف جاز التطهیر بالکل والا لا وھذا یعم الملقی و الملاقی ھ۔ ردالمحتار میں ہے کالماء المستعمل عند محمد فیجوز الوضوء بالماء مالم یغلب علیه محیط۔ آب مستعمل کا پینا مکروہ ہے۔ درمختار میں ہے یکرہ شربه والعجن به تنزیھا للاستقذار۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۹) مرسلہ حاجی عبداللطیف ایوب صاحب از ٹمرنی ۱۰ رجادی الاولیٰ ۱۳۔۔ھ

(۱) بے وضو آدمی جب پانی پیتا ہے تو اوپر کے لب کا باہری حصہ (جس کا وضو میں دھونا فرض ہے) پہلے پانی سے لگتا ہے تو گویا کہ انسان کے پیٹ میں پہلے مستعمل ہو کر پانی گیا، خلاصہ تحریر فرمائیں۔

(۲) بہار شریعت میں یہ مسئلہ بیان کیا گیا ہے کہ اعضائے وضو دھو کر ہاتھوں میں جو تری باقی رہتی ہے اس سے مسح جائز ہے حالانکہ وہ تری مستعمل ہو جاتی ہے، مسح نہیں ہونا چاہئے، کیونکہ مسجد میں مستعمل ہونے کی وجہ سے وضو کی تری ٹپکانا

مکروہ ہے۔

(۳) پاک پانی میں بے وضو کا کوئی حصّہ جس کو وضو میں دھونے چاہئیں، دھونے کے ارادے سے پڑنے یا پانی اٹھانے اور رکھنے میں ہاتھ پڑجانے سے مستعمل ہوجاتا ہے جیسا کہ بہارِ شریعت میں ہے کہ بالقصد یا بلاقصد بھی پانی میں لگنے سے مستعمل ہوجاتا ہے۔

الجواب (۱) اگر لوٹے کی ٹوٹی سے پانی پیا جب تو اس کا احتمال ہی نہیں، اور کٹورے یا گلاس سے پینے میں اگر بے احتیاطی کرے گا تو البتہ ہونٹ کا بیرونی حصّہ پانی میں ڈوبے گا، ورنہ نہیں؎، اور اگر پہلے کلّی کرچکا ہے اور اس کے بعد حدث واقع نہ ہوا تو اب بیرونی حصّہ جو پیشتر دھل چکا ہے، پانی میں پڑا تو مستعمل نہ ہوا، کہ دھلا ہوا حصّہ بغیر قصد تقرب پانی میں پڑنے سے پانی مستعمل نہیں ہوتا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

(۲) تری جو اعضا میں دھونے کے بعد باقی ہے وہ مستعمل نہیں جب عضو سے ٹپکے گی، اسوقت اُسے مستعمل ہونے کا حکم دیا جائے گا، اور موضع مسح پر اُس تری کا صرف کرنا ویسا ہی ہے، جیسا ہاتھ میں پانی لیکر منھ پر ڈالنا، لہٰذا اس سے مسح جائز ہونے میں کوئی کلام نہیں۔ واللہ اعلم

(۳) اٹھانے رکھنے میں بھی اگر بے دُھلا ہاتھ گھڑے یا لوٹے میں ڈالا مستعمل ہوجائے گا۔ اور اسکی کامل تحقیق فتاویٰ رضویہ جلد اول رسالہ النمیقۃ الانقیٰ میں دیکھئے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (　) مسئولہ منشی شوکت علی صاحب از محلہ ذخیرہ بریلی ۵ ذی الحجہ ۱۳۴۳ھ

کیا حکم ہے اہلِ شریعت کا مسئلہ ذیل میں :-

"نل کا پانی جیسا کہ بمبئی وکیمپ و ریلوے وغیرہ پر ہوتے ہیں پینا جائز ہے یا نہیں، یا کچھ کراہیت ہے یا نہیں"

الجواب نل کا پانی بلاکراہیت پینا جائز ہے، ممانعت یا کراہت کی کوئی وجہ نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۲۳) مسئولہ عبدالغفار صاحب طالب علم از شہر بریلی محلہ قلعہ ۷ ربیع الاول شریف ۱۳۴۳ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ دہ در دہ حوض میں کلی کرنا یعنی کلی کا پانی حوض میں چھوڑ دینا اور وضو کا تمام پانی اس میں گرانا جائز ہے یا نہیں، زید کا کہنا ہے جائز نہیں ہے۔ بلکہ حوض ناپاک ہوجاتا ہے۔ بحوالہ کتاب ارشاد ہو اور عبارت بھی منقول ہو۔

؎عادۃً ہونٹ بند کرنے میں جو ہونٹ کا حصہ باہر ہوتا ہے اسی کے پانی میں پڑنے سے پانی مستعمل ہوگا۔ اندرونی حصہ پڑنے سے نہیں پانی پینے میں بیرونی حصے کے [illegible]

الجواب۔ کلی یا وضو کا پانی آب مستعمل ہے، اور آب مستعمل طاہر غیر مطہر ہے، نجس نہیں اگر حوض میں گر گیا تو حوض ناپاک نہ ہوگا، کہ جب یہ خود ناپاک نہیں دوسرے کو کیا ناپاک کرے گا۔ اور جبکہ حوض دہ در دہ ہے تو نجاست پڑنے سے بھی ناپاک نہ ہوگا، نہ کہ وضو کے پانی سے۔ در مختار میں ہے وھو طاھر ولو من جنب وھو الظاھر۔ رد المحتار میں ہے رواہ محمد عن الامام وھذہ الروایۃ ھی المشھورۃ عنہ واختارہ المحققون قالوا علیھا الفتوی ومشائخ العراق نفوا الخلاف وقالوا انہ طاھر عند الکل وقد قال فی المجتبی صحت الروایۃ عن الکل انہ طاھر غیر طھور۔ نیز در مختار میں ہے۔ وکذا یجوز براکد کثیر کذٰلک ای وقع فیہ نجس لم یر اثرہ ولو فی موضع وقوع المرئیۃ بہ یفتی بحر۔ یہ تو حوض ہے، اگر لوٹے میں وضو کے قطرے ٹپکے تو ناپاک نہ ہوگا، بلکہ جبتک ماء مستعمل غالب نہ ہو وضو بھی جائز۔ ہاں کلی کا پانی قذر[۵] ہے، قصداً حوض میں نہ ڈالے کہ اس میں تنفیر عوام ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۲۴) از دھوراجی کاٹھیاوار مرسلہ حاجی عبد اللطیف ایوب صاحب ۲۰ صفر ۱۳۳۸ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اندریں صورت کہ باوڑی میں سور گر گیا باوڑی کا عرض طول دس دس ہاتھ کلاں ہے بلکہ اس سے بھی زیادہ ہے اور اسمیں پانی اس قدر کثیر ہے کہ اس کا نکالنا دشوار ہے اور اس میں چشمے جاری ہیں سور کو باوڑی میں گرتے ہوئے دیکھا اگر واپس نکلتے نہیں دیکھا، اس واقعہ کو دس روز ہوئے مگر اس کا باوڑی میں ہونا نہیں معلوم ہوتا ہے۔ اب اس باوڑی کے پانی کے لئے کیا حکم ہے، آیا وہ پانی پاک ہے یا اس میں سے بحکم شرع شریف پانی نکال کر پاک کیا جاوے بینوا وتوجروا

الجواب۔ سطح آب جب دہ در دہ ہے یعنی طول وعرض دس دس ہاتھ ہیں تو نجس چیز کے گرنے سے پانی نجس نہ ہوگا در مختار میں ہے وکذا یجوز براکد کثیر کذٰلک ای وقع فیہ نجس لم یر اثرہ ولو فی موضع وقوع المرئیۃ بہ یفتی بحر۔ فتاویٰ ہندیہ میں ہے الماء الراکد اذا کان کثیرا فھو بمنزلۃ الجاری لا یتنجس جمیعہ بوقوع النجاسۃ فی طرف منہ الا ان یتغیر لونہ او طعمہ او ریحہ۔ نیز اسی میں ہے والفاصل بین الکثیر والقلیل انہ اذا کان الماء بحیث یخلص بعضہ الی بعض بان تصل النجاسۃ من الجزء المستعمل الی الجانب الاٰخر فھو قلیل والا فکثیر قال ابو سلیمان الجوزجانی ان کان عشرا فی عشر فھو مما لا یخلص وبہ اخذ عامۃ المشائخ رحمھم اللہ تعالیٰ کذا فی المحیط۔ واللہ تعالیٰ اعلم

[۵] قذر کے معنیٰ گھناؤنے کے ہیں۔ امجدی

مسئلہ (۲۵) از ٹمرنی ضلع ہوشنگ آباد مرسلہ حاجی عبد اللطیف ایوب صاحب جمادی الآخرہ ۱۳۴۲ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ نجس پانی سے بھرے ہوئے برتن کو تھوڑا سا مستعمل پانی ڈالکر بہا دینے سے وہ پانی نجس ہی رہے گا یا مستعمل ہوجائے گا کہ نجاست حقیقی دھونے کے قابل ہوجاوے۔

الجواب - بظاہر یہ پانی پاک ہوجائے گا اگرچہ اس کا جزئیہ نظر فقیر سے نہیں گذرا اس لئے کہ جب فقہائے کرام بہنے والی چیز نجس کے پاک کرنیکا یہ قاعدہ تحریر فرماتے ہیں کہ اس کی مثل پاک چیز اس پر اسقدر ڈالیں کہ بہہ جائے تو پاک ہوجائیگی حالانکہ وہ مطہر نہیں[۵] ہے تو معلوم ہوا کہ نجس پانی کے طاہر کرنے کے لئے مطہر پانی کا ڈالکر بہانا ضروری نہیں۔ رد المحتار میں ہے فی القھستانی اول فصل النجاسات مایدل علیہ حیث ذکر ان المائع کالماء والدبس وغیرھما طھارتہ اما بجرائہ مع جنسہ فیختلطا بہ کما روی عن محمد کما فی التمرتاشی واما بالخلط مع الماء الخ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۶) کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ پاک پانی سے بھرے ہوئے برتن میں نجاست غیر مرئی پڑکر برتن چھلک کر اوپر سے کچھ بھر جائے اور اوصاف ثلثہ میں سے کوئی ظہور میں نہ آئے تو وہ پانی پاک ہیگیا ناپاک ہوئیگا۔

الجواب - جب برتن میں نجاست پڑگئی تو پانی نجس ہوگیا نجاست کا غیر مرئی ہونا یا اوصاف میں تغیر نہ آنا اُسکو نجاست سے نہیں روکتا، یوں ہی اس پانی کا چھلک جانا بھی اُسے پاک نہ کرے گا تاوقتیکہ اس پر پاک پانی اتنا نہ ڈالا جائے کہ بہ جائے پاک نہ ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۷) از پہاڑ گنج دہلی مرسلہ جناب قاضی زین العابدین صاحب ۳ ربیع الاول ۱۳۵۰ھ

"حضور نے بہار شریعت حصہ دوم ص۲۹ ماء مستعمل کے باب میں تحریر فرمایا ہے کہ انگلی کا ایک پور پانی میں بقصد یا بلا قصد پڑ جائے تو پانی مستعمل ہوجائے گا اور اُس سے وضو ناجائز ہوگا۔ عرض یہ ہے کہ ایسی احتیاط بہت ہی مشکل ہے خصوصاً ایک مقام پر جہاں گھڑے سے پانی کھینچا جائے اور اس کو ہاتھ سے لیا جائے جب لانے والا اس کا کنارا اتھام کر لائے گا تو یقیناً اسمیں چند انگلیاں داخل ہوجائیں گی۔ دوسری گذارش یہ ہے کہ جناب کی عبارت عالمگیری کی اس عبارت کے خلاف ہے و یشترط ادخال عضو تمام لصیرورۃ الماء مستعملا فی روایۃ المعروف الخ وبادخال الاصبع والاصبعین لایصیر مستعملا

---

[۵] مطہر سے مراد مزیل حدث ہے اس لئے کہ ہر مائع مطہر نجاست حقیقیہ ہے۔ ماء مستعمل مطہر اس معنی کر نہیں کہ وہ مزیل حدث نہیں مگر نجاست حقیقیہ پاک کرنے والا ہے۔ درمختار میں ہے یجوز رفع نجاسۃ حقیقیۃ عن محلھا بماء ولو مستعملا بہ یفتی۔ امجدی

الخ عالمگیری فصل الثانی فیما لا یجوز بہ التوضی عالمگیری کی اس روایت میں نہایت یسر ہے جناب کی کتاب میں اسکا حوالہ بھی نہیں ہے، امید کہ تسلی بخش جواب عطا فرمائیں گے۔

الجواب ۔ بے پرواہی دوسری چیز ہے ورنہ اس پر عمل کرنے میں بالکل دقت و اشکال نہیں ہے گھڑے سے پانی بھرنے والے کو بھی کوئی دشواری نہیں ہے کیونکہ اگر وہ باوضو ہے جب تو انگلی یا ہتھیلی پڑنے میں کوئی حرج نہیں اور بے وضو ہو تو اتنا حصہ ہاتھ کا دھولے جس کو پانی میں ڈالنا ہے اس کی نجاست حکمیہ زائل ہو جائے گی اور پانی میں ڈالنے سے مستعمل نہ ہوگا کہ اب ہاتھ کا پڑنا نہ زوال نجاست کے لئے ہے اور نہ بہ نیت تقرب البتہ بہار شریعت میں اس کے متعلق کوئی حوالہ نہیں ہے۔ اور حصہ دوم میں جس طرح دیگر مسائل میں کتابوں کا حوالہ نہیں ہے اسمیں بھی نہیں ہے۔ اس مسئلہ کی تحقیق فتاویٰ رضویہ جلد اول رسالہ النمیقۃ الانقیٰ میں کتابوں کے حوالے وعبارات اور اس قول کی ترجیح سب کچھ اسمیں پائینگے۔

واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۸) مسئولہ مولوی احسان علی سلمہ طالب علم مدرسہ اہلسنت ۴ ربیع الآخر ۴۳ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ مینڈک اگر کنویں میں مرجائے یا مرکر پھول پھٹ جائے ان دونوں صورتوں میں کیا حکم ہے۔

الجواب ۔ پانی کا مینڈک بلکہ خشکی کا بھی جبکہ بہت بڑا نہ ہو جسمیں خون سائل ہوتا ہے اگر کنویں میں مرجائے یا مرا ہوا گر جائے بلکہ پھول پھٹ جائے تو بھی پانی پاک ہے اور اس سے وضو وغسل جائز مگر جب ریزہ ریزہ ہو کر اس کے اجزاء پانی میں مل جائیں تو اس پانی کا پینا حرام ہے عــہ اور اگر خشکی کا بڑا مینڈک جس میں خون سائل ہو پانی میں مرجائے تو نجس ہو جائے گا۔ درمختار میں ہے یجوز رفع الحدث بما ذکر وان مات فیہ مائی مولد کسمک وسرطان وضفدع الا بریالہ دم سائل وھو مالاسترۃ لہ بین اصابعہ فیفسد فی الاصح کحیۃ بریۃ ان لہادم والالا وکذا الحکم لومات ماذکر خارجہ و القی فیہ فی الاصح فلو تفتت فیہ نحو ضفدع جاز الوضوء بہ لا شربہ لحرمۃ لحمہ یعنی حدث کا دور کرنا ان چیزوں سے جائز ہے جن کا ذکر کیا گیا اگرچہ اس میں ایسا جانور مر گیا جس کی پیدائش پانی میں ہوتی ہے جیسے مچھلی اور کیکڑا و مینڈک مگر خشکی کا دہ

عــہ اور اگر وہ بے وضو ہے اور ہاتھ دھونے کے لئے پانی نہیں، جہاں تک ہوسکے گھڑے کو اوپر سے پکڑے، اور اگر اسکی قدرت نہ ہو تو معاف ہے، جیسا کہ جب کسی برتن میں پانی ہو اسے جھکانا دشوار ہو اور کوئی چھوٹا برتن نہ ہو جس سے پانی نکالے تو ہاتھ ڈال کر پانی لینے کی اجازت ہے اور پانی مستعمل نہ ہوگا، کما مر فی مسئلہ عــہ الامجدی۔ عــہ اس بنا پر نہیں کہ پانی ناپاک ہو گیا بلکہ اسوجہ سے کہ مینڈک کا کھانا پینا حرام ہے جب مینڈک کے اجزاء ریزہ ریزہ ہو کر پانی میں مل گئے ہیں اور پانی پیئے گا تو مینڈک کے اجزاء بھی پانی کے ساتھ پیٹ میں جائیں گے، اور یہ حرام ہے۔ امجدی

مینڈک جس میں بہتا ہوا خون ہوتا ہے۔ خشکی کا مینڈک وہ ہے جس کی انگلیوں کے درمیان میں جھلی نہ ہو، اسکے مرنے سے اصح یہ ہے کہ پانی ناپاک ہوجائے گا، جیسے جنگلی سانپ جس میں خون ہو۔ اور اگر خون نہ ہو تو پانی فاسد نہیں۔ یہی حکم اس صورت میں بھی ہے کہ پانی کے باہر مرا اور پانی میں ڈال دیا گیا، اصح یہی ہے۔ اور اگر مینڈک کے مثل کوئی جانور پانی میں ریزہ ریزہ ہوگیا تو اس سے وضو جائز ہے مگر پینا جائز نہیں، اس لئے کہ اس کا گوشت حرام ہے۔ صح واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۹) مرسلہ عابد حسین صاحب از آبو روڈ کھرارتی جامع مسجد ۶ رجادی الاولیٰ ۱۳۴۰ھ۔

"یہ امر دریافت طلب ہے کہ ایک چوہا کوئیں میں گر پڑا اور خبر اس وقت ہوئی جبکہ پانی بو دینے لگا اور چوہے کے کچھ بال پانی میں مل گئے، ایسی حالت میں شریعت مطہرہ کا کیا حکم ہے جبکہ کنوئیں کا پانی ٹوٹتا ہی نہ ہو۔ اور کس وقت تک کی نماز کا اعادہ کیا جائے اور نمازیوں کو اپنے کپڑے دھلنا چاہئے یا نہیں اور غسل کرنا چاہئے یا نہیں اور اس پانی سے جو کھانا وغیرہ پکایا گیا ہے اور جو گھڑے وغیرہ میں پانی بھر اگیا ہے ان کا کیا حکم ہے۔

الجواب۔ جس وقت سے خبر ہوئی اس وقت سے کنوئیں کے نجس ہونے کا حکم دیا جائے گا، تیسیرا اسی پر فتویٰ دیا جاتا ہے۔ درمختار میں ہے وقالا من وقت العلم فلا یلزمھم شیٔ قبلہ قیل وبہ یفتی۔ لہٰذا اس سے پہلے کی نمازوں کا اعادہ واجب نہیں، اور اس سے پہلے بدن یا کپڑوں میں پانی لگا ہے، اُن کے دھونے کی ضرورت نہیں اور جو کھانا پکایا گیا ہے، پاک ہے، برتن وغیرہ بھی سب پاک ہیں، ہاں اگر معلوم ہونے کے بعد وہ پانی بدن یا کپڑے میں لگا تو پاک کیا جائے، اگرچہ جس کے بدن یا کپڑے میں لگا، اُسے معلوم نہ تھا کہ پانی ناپاک ہوگیا ہے، یونہی علم کے بعد گھڑوں میں بھرا گیا تو ہر برتن پاک کر لیے جائیں، اور معلوم ہونے کے بعد جو کھانا پکایا گیا ہے، وہ کتے کو کھلا دیں، درمختار میں ہے وما عجن بہ فیطعم للکلاب اور کنوئیں کا پانی کل نکالا جائے، اور جبکہ پانی ٹوٹتا ہی نہیں تو اندازہ کر لیا جائے، اس وقت کنوئیں میں جتنا پانی ہو، نکال دیں پاک ہوجائے گا، مثلاً اس وقت کنوئیں میں ہزار ڈول پانی ہے تو ہزار ڈول نکالنے سے پاک ہوجائیگا اگرچہ ہزار ڈول نکالنے کے بعد بدستور ہزار ڈول پانی موجود ہو، اور یہ کہ کتنا پانی ہے، اُس کے معلوم کرنے کا ایک طریقہ یہ ہے کہ کسی لکڑی یا رسّی سے پانی ناپ لیں پھر نہایت پھرتی کے ساتھ مثلاً سَو ڈول نکالیں اور پھر ناپیں جتنا کم ہوا اُسی حساب سے نکال ڈالیں، مثلاً پہلے دس ہاتھ تھا اور سَو ڈول نکالنے کے بعد ناپا تو نو ہاتھ ہوا، تو معلوم ہوا کہ ہزار ڈول کُل پانی ہے، بس اسی قدر نکال ڈالیں۔ درمختار میں ہے وان تعذّر نزح کلھا لکونھا معینا فبقدر ما فیھا وقت ابتداء النزح قالہ الحلبی۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۳۰) مرسلہ حکیم احمد حسین و محمد حسین صاحبان از سکندر پور ضلع بلیا ۵ رجادی الاخریٰ ۱۳۴۱ھ۔

"کسی کنویں میں جوتا گر جائے اور نہ نکلے، زمانہ تین چار ماہ کا گزر جائے تو کیا کیا جائے۔

الجواب - اگر معلوم ہو کہ جوتا نجس تھا تو اُسے پہلے نکالے، پھر تمام پانی کھینچیں، اب کنواں پاک ہوگا، اور اگر نہ نکال سکیں تو تمام پانی نکالا جائے، پاک ہو جائے گا۔ اور اگر ناپاک ہونا معلوم نہیں تو بیس ڈول پانی نکال ڈالیں پانی پاک ہے[عہ] طریقہ محمدیہ و حدیقہ ندیہ میں تاتارخانیہ سے ہے سئل الامام الخجندی عن رکیۃ وھی البئر وجد فیھا خف ای نعل تلبس و یمشی بھا صاحبھا فی الطرقات لا یدری متیٰ وقع فیھا ولیس علیہ اثر النجاسۃ ھل یحکم بنجاسۃ الماء قال لا۔ فتاویٰ عالمگیری میں ہے لو وقعت فی البئر خشبۃ نجسۃ او قطعۃ ثوب نجس و تعذر اخراجھا و تغیبت فیھا طھرت الخشبۃ والثوب تبعا لطھارۃ البئر کما فی الظھیریہ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۳۱) مسئولہ مسلمانان محلہ سہسوانی ٹولہ شہر کہنہ بریلی شریف ۱۰ ار شوال ۱۳۴۱ھ۔

علمائے دین اس مسئلہ میں کیا فرماتے ہیں کہ مسجد کے کنویں سے چمار پانی بھرے اور غسل کرے تو اُس پانی سے وضو وغیرہ میں حرج ہوگا یا نہیں، چمار کو مسجد کے کنویں سے پانی بھرنے دینا چاہیئے یا نہیں، ایک مسلمان مسجد کے کنویں سے پانی بھرنے اور نہانے کی اجازت دیتا ہے۔

الجواب - کنویں سے اگر چمار نے پانی بھرا اور غسل کیا تو فقط اتنی بات پر پانی کے نجس ہونے کا حکم نہیں دیا جائے گا، مگر پھر بھی ہندؤں خصوصاً چماروں سے اگر احتراز ہو تو بہتر ہے، کہ اُن کے یہاں طہارت و نجاست میں امتیاز نہیں، اور نجس برتن کنویں میں ڈالنے کو برا نہیں جانتے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۳۲) مسئولہ ابرار حسین صاحب ۲۰ محرم ۱۳۴۲ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ ایک کنویں میں ایک اوپلا گر گیا، اُس کو نکالنا چاہا، مگر نکل نہ سکا بلکہ نیچے تہہ میں بیٹھ گیا، اس صورت میں کیا حکم ہے، اور کنویں کا پانی ٹوٹنا ناممکن ہے[عہ] بینوا توجروا۔

عہ رد المحتار میں ہے فی الخانیہ لو وقعت الشاۃ وخرجت حیۃ ینزح عشرون دلوا لتسکین القلب لا للتطہیر حتی لو لم ینزح وتوضأ جاز۔ جیسے بکری پاک ناپاک ہر جگہ اٹھتی بیٹھتی ہے، اسی طرح جوتا ہر جگہ پہنچتا ہے جس طرح یہاں بیس ڈول کا حکم ہے اسی طرح طمانیت قلب کے لئے بیس ڈول نکالنے کا حکم ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم امجدی عہ ابو ثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے سئل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن قدور المجوس قال انقوھا غسلا واطبخوا فیھا۔ دوسری روایت میں انھیں سے ہے انہ قال یا رسول اللہ انا بارض اہل الکتاب فنطبخ فی قدورھم ونشرب فی آنیتھم فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان لم تجدوا غیرھا فارحضوھا بالماء۔ مولانا ضیاء المصطفیٰ صاحب مدظلہ العالی

عہ ص ۲۳ پر

الجواب - عین نجاست اگر کنویں میں گر جائے تو اس کو نکالنے کے بعد پانی نکالا جائے، اور اگر اس کا نکالنا متعذر رہو، تو جبتک یہ گمان نہ ہو کہ گل سڑ کر مٹی ہوگئی ہوگی اُس وقت تک پانی پاک نہ ہوگا۔ درمختار میں ہے:۔
ینزح کل مائھا بعد اخراجه الا اذا تعذر کخشبة او خرقة متنجسة۔ ردالمحتار میں ہے و اشار بقوله متنجسة الی انه لابد من اخراج عین النجاسة کلحم میتة وخنزیر اھ ح قلت فلو تعذر ایضاً ففی القھستانی عن الجواھر لو وقع عصفور فیھا فعجزوا عن اخراجه فما دام فیھا فنجسة فتترك مدة یعلم انه استحال وصار حماٴة وقیل مدة ستة اشھر ۱ھ مگر مینگنی او پلا اگر گر جائے تو بوجہ ضرورت فقہاء نے معافی کا حکم دیا ہے، کہ اس میں پانی نکالنے کی حاجت نہیں جبتک زیادہ نہ ہو۔ فتاویٰ ہندیہ میں ہے و بعر الابل والغنم اذا وقع فی البئر لا یفسد مالم یکثر ھٰکذا فی فتاویٰ قاضی خاں و فی الجامع الصغیر الصحیح انه لا فرق بین الصحیح والمنکسر والرطب والیابس کذا فی الخلاصة ولا فرق بین الروث والخثی والبعر ھٰکذا فی الھدایة ولا فرق بین اٰبار المصر والفلوات کذا فی التبیین وھو الصحیح لان الضرورة قد تقع فی الجملة فی المصر ایضاً کما فی الحمامات والرباطات کذا فی محیط السرخسی ہاں اگر چاہیں تو تطییب قلب کے لئے بیس[۲] ڈول نکال دیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۳۳) کنویں میں مینڈک گرا اور پیٹ پھٹ گیا اور مر گیا یا خون نکل آیا مگر مرا نہیں، اس صورت میں کتنا پانی نکالا جائے، اسی طرح چوہے، چھچھوندر اور کوّے کے گرنے سے کتنا پانی نکالا جائے۔

الجواب - مینڈک کے پھولنے یا پھٹنے سے پانی ناپاک نہ ہوگا، ہاں جنگلی بڑے مینڈک جن میں خون ہوتا ہے، یہ چوہے کے حکم میں ہے، چوہا یا چھچھوندر کے مرنے سے بیس سے تیس[۳] ڈول تک نکالیں، اور پھولا یا پھٹا ہو تو کل اور کوّا گر کر مر گیا تو چالیس سے ساٹھ تک ـــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

ــــہ اگر او پلا زیادہ تھا تو کل پانی نکالا جائے، کنواں ٹوٹتا نہیں تو اندازہ کر لیا جائے کہ اہیں کتنا پانی او پلا گرنے کے وقت تھا۔ مثلاً پانسو ڈول ہزار ڈول اتنا نکال دیا جائے۔ اسکی ترکیب اوپر گزری۔ دوسری ترکیب یہ ہے کہ جس ڈول سے پانی نکالنا مقصود ہے اس کا مربع نکال لیا جائے، اور کنویں میں جتنی دہ رتک پنی تھا اس کا مربع نکال کر حساب لگا لیا جائے کہ اس ڈول سے اتنا پانی کنویں میں تھا۔ قلیل وکثیر کا معیار فقہاء نے کچھ نہیں مقرر فرمایا۔ اُسے مبتلیٰ بہ پر چھوڑ دیا۔ درمختار میں ہے القلیل المعفو عنه ما یستقله الناظر والکثیر بعکسه وعلیه الاعتماد۔ امجدی۔ ـعــہ نور الایضاح و مراقی الفلاح میں ہے وان مات فیھا دجاجة او ھرة او نحوھما فی الجثة ولم تنتفخ لزم نزح اربعین دلوا۔ وان مات فیھا فارة او نحوھا کعصفور ولم تنتفخ لزم نزح عشرین دلوا۔ اور ظاہر ہے کہ جنگلی بڑا مینڈک جثے میں چوہے کے برابر ہے اور کوّا مرغی کے برابر واللہ تعالیٰ اعلم امجدی

مسئلہ (۳۴) از شہر اندور محلہ نیا پورہ مرسلہ ماسٹر عبدالغفار صاحب ددکاندار ۱۵ رجادی الاولیٰ ۱۳۳۶ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلے میں کہ کنویں میں ایک کچھوا مرگیا اور پھول گیا یا پھٹ گیا اور پانی میں بدبو آنے لگی، لوگوں سے وضو نہیں کیا جاتا، اب یہ پانی پاک ہے یا نہیں اور اس سے وضو کرنا کیسا ہے اور جو لوگ اِس پانی سے وضو کرتے ہیں ان کی نماز کامل ہوئی یا نہیں۔

الجواب۔ کچھوا پانی کا جانور ہے پانی میں پیدا ہوتا ہے اور پانی میں رہتا ہے ایسے جانور کے پانی میں مرجانے سے پانی ناپاک نہیں ہوتا بلکہ گل سڑ جانے پر بھی پانی پاک رہتا ہے۔ لہٰذا جن لوگوں نے اُس پانی سے وضو کیا اُن کے وضو کو باطل اور نماز کو فاسد و ناجائز نہیں کہا جاسکتا۔ البتہ اگر پانی میں بدبو آگئی ہے تو تنظیف و تطییب قلب کے لئے اتنا پانی نکلوا دینا چاہئے کہ بدبو جاتی رہے، کیونکہ بدبو سے بچنا بہتر ہے، جس طرح لہسن، پیاز پاک ہے مگر بدبو کی وجہ سے کچے کا کھانا مکروہ قرار پایا، بلکہ اگر پانی میں اتنی بدبو پیدا ہوگئی کہ وضو و غسل کے بعد بدن سے بدبو آنے لگی تو ایسی حالت میں وضو کرکے مسجد میں جانا منع ہوگا، اگرچہ پانی ناپاک نہیں ہے وضو ہوجائے گا۔ اور اگر پھٹ کر اس کے اجزا پانی میں مل گئے تو اگرچہ پانی ناپاک نہیں ہے مگر اس پانی کا پینا ناجائز ہے درمختار میں ہے ویجوز رفع الحدث بما ذکر وان مات فیہ غیر دموی کزنبور وعقرب وبق ومائی مولد کسمک وسرطان وضفدع ولو تفتت فیہ نحو ضفدع جاز الوضوء بہ لا شربہ لحرمۃ لحمہ۔ واللّٰہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۳۵) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ کنویں سے پھٹا ہوا گرگٹ نکلا تو کنویں کا تمام پانی نکالا جائے گا یا نہیں، اور تمام پانی نکالنے کی صورت میں اگر اس طرح نکالا گیا کہ ایک روز دن بھر پانی کھینچا گیا گرتوقف دیکھئے یہاں تک کہ نصف ڈول گدلا آنے لگا پھر دوسرے دن بھی ایسا ہوا۔ بہرحال اندازہ کے مطابق کنویں کا کل پانی نکل گیا لیکن نیا پانی آتا رہا اور متواتر نہیں کھینچا گیا، ایسی حالت میں کنواں پاک ہوا یا نہیں۔

الجواب۔ اس صورت میں کل پانی نکالنے کا حکم ہے۔ اور جو کنواں ایسا ہے کہ اس کا کل پانی نکالا جاسکتا ہے یعنی پانی کی آمد اتنی نہ ہو کہ جتنا نکالتے ہیں اتنا ہی آجاتا ہے اور کل پانی نکالنے میں کنواں کے پھٹنے اور گرجانے کا گمان بھی نہ ہو تو وہاں کل نکالنے کے یہ معنیٰ ہیں کہ اتنا نکل جائے کہ نصف ڈول نہ بھرے، لہٰذا اگر اتنا نکال لیا تھا تو پہلے دن پاک

حاشیہ - حدیث میں ہے فان الملئکۃ تتاذی مما یتاذی بہ الناس - مولانا ضیاء المصطفیٰ صاحب مدظلہ العالی

ہوگیا اگرچہ وقفہ کے ساتھ نکالا ہو، اور اگر کچھ کمی رہ گئی تھی مثلاً ابھی نصف ڈول بھرتا تھا اور چالیس یا پچاس ڈول اور نکالے جاتے تو نہ بھرتا مگر نکالا نہیں تو دوسرے دن پھر سے کل پانی نکالنے کی ضرورت نہیں، بلکہ جتنے ڈول باقی رہ گئے تھے وہ نکال لیں کنواں پاک ہو جائے گا۔ اور اگر کنویں میں آمد زیادہ ہو یا شکستہ ہونے کا گمان ہو تو نجس ہونے کے وقت جتنا پانی کنویں میں موجود ہو نکال ڈالیں پاک ہو جائے گا، اس کی تفصیل بہار شریعت میں دیکھ لیجئے۔ درمختار میں ہے ینزح الماء الی حد لا یملأ نصف الدلو یطہر الکل تبعًا ولو نزح بعضہ ثم زاد فی الغد نزح قدر الباقی فی الصحیح ——— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۳۶) ہنود کو نہلا کر کنویں میں گھسایا تو کتنا پانی نکالنا چاہیے۔ اور بغیر نہلائے گھسا تو کتنا نکالنا چاہیے۔

الجواب۔ نہلا کر پاک کپڑا پہنا کر گھسایا تو احتیاطًا بیس ڈول[عہ] اور اگر بے نہائے گھسا اور معلوم ہے کہ پیشاب کیا ہے یا اپنا وہی کپڑا پہنے ہوئے ہے جسے پیشاب کرکے باندھے ہوا تھا۔ تو کل پانی نکالا جائے۔ اور کچھ معلوم نہ ہو تو ناپاکی کا حکم نہ دیں گے مگر احتیاطًا کل پانی نکالیں[عہ]۔ ——— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۳۷) جو مسلمان پابند صوم وصلوٰۃ ہوں وہ کنویں میں گھسیں تو کتنا پانی نکالنا چاہیے وضو سے ہوں، یا بے وضو۔ بینوا توجروا۔

الجواب۔ پاک ہے تو کچھ نہیں اور اگر بے وضو ہے اور بقدر ضرورت پانی کے اندر داخل ہوا تو پانی مستعمل بھی نہ ہوا۔ اور قدر ضرورت سے زیادہ اعضائے وضو پانی میں پڑے تو پانی مستعمل ہوگیا۔ بیس[له] ڈول نکالنا کافی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۳۸) جس مسلمان نے پیشاب کرکے ڈھیلے سے استنجا کیا، پانی سے نہیں، وہ کنویں میں گھسا تو کتنا پانی نکالنا چاہیے[عہ]

الجواب۔ صحیح[عہ] یہ ہے کہ کل پانی نکالا جائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۳۹) جس مسلمان نے پائخانہ پھر کر ڈھیلے سے استنجا کیا اور پانی سے نہیں، وہ کنویں میں گھسا تو کتنا پانی نکالنا چاہیے۔

الجواب۔ کل پانی۔ ——— واللہ تعالیٰ اعلم

عہ تطییب قلب کیلئے۔ امجدی۔ حاشیہ عہ یہاں احتیاطًا کل پانی نکالے، کلی حکم اسوجہ سے ہے کہ عادت ہے کہ پیشاب کرکے طہارت نہیں کرتے تو ان کے کپڑے اور بدن کے ناپاک ہونیکا احتمال قوی ہے۔ ردالمحتار میں ہے ان الکافر اذا وقع فی البئر وھو حی نزح الماء لانہ لا یخلو من نجاسۃ حقیقیۃ او حکمیۃ اقول لعل نزحہا للاحتیاط، تامل۔ امجدی۔ له ردالمحتار میں ہے مذہب محمد انہ لیسلبہ الطہوریۃ وھو الصحیح عند الشیخین فینزح منہ عشرون لیصیر طہورًا۔ دوسطر بعد ہے، فینزح ادنی ما ورد بہ الشرع وذالک عشرون احتیاطًا۔ عن البدائع۔ امجدی۔ عہ عینیہ ہے وان کانت علی بدنہ او ثوبہ نجاسۃ حقیقیۃ او کان مستنجیا بنحو حجر دون ماء تنجس الماء کلہ۔ نیز شامی میں ہے المستنجی بالحجر اذا دخل الماء

مسئلہ (۴۰) عورتوں کو لہنگا پہنکر جیسا ہنود کے یہاں پہنتے ہیں کنویں پر چڑھکر پانی بھرنا چاہئے یا نہیں، یونہی تہبند باندھکر۔ بینوا توجروا۔

الجواب۔ کنویں سے پانی بھرنے میں کوئی حرج نہیں مگر مسلمان عورتوں کو لہنگا پہننا، ناجائز ہے کہ ہنود سے مشابہت ہے ——— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۴۱) محی الدین صاحب عرف لعل محمد ڈاکخانہ قصبہ منڈوا ضلع فتحپور ہسوہ ۲۵ رجادی الاول ۵۵ھ

"ہمارے یہاں جتنے کنویں ہیں کسی میں احتیاط نہیں، پاک اور ناپاک گھڑے ڈالے جاتے ہیں، ہنود، مسلمان سب بھرتے ہیں، اپنی حکومت نہیں کہ عوام کو نجس اور ناپاک گھڑے ڈالنے سے منع کیا جائے، اور نہ اپنے پاس اتنا سرمایہ کہ بذاتِ خاص کنواں تعمیر کرایا جائے۔ ایسی حالت مجبوری میں کیا کرنا چاہئے، کس امام کے مسئلہ پر عمل کرنا چاہئے اور اس مسئلہ کا مضمون کیا ہے۔

الجواب۔ ناپاک گھڑے اگر کنویں میں ڈالے جاتے ہوں تو کنواں ناپاک ہوجائے گا، مگر جب تک ناپاک ہونے کا یقین نہ ہو محض احتمال نجاست ہونا کافی نہیں۔ محض شبہہ کی وجہ سے نجاست کا حکم نہیں دیا جاسکتا۔ اگر وہاں مسلمان کے خاص کنویں نہیں ہیں تو مساجد کے کنویں ضرور مسلمانوں کے ہوں گے، ان کو ہی نجاست سے محفوظ رکھا جائے ——— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۴۲) از ماروا ڑجنکشن مرسلہ غلام احمد صاحب قادری رضوی امام مسجد ۵ ررجب ۵۶ھ۔

"کوا کنویں میں گرگیا ہے اور کہیں کنویں کے دردں میں گھس گیا بہت تلاش کیا پتہ نہ لگا اب ہندو لوگ اس کنویں سے پانی پیتے ہیں، مسلمانوں نے بند کر رکھا ہے، اور یہی کنواں نزدیک ہے مسلمانوں کو بڑی تکلیف ہے، یہ کنواں کتنے روز بند رکھا جائے۔

الجواب۔ اگر معلوم ہے کہ کوا کنویں میں ہی رہ گیا، اس سے نہیں نکلا اور اسمیں مرگیا تو جب غالب گمان ہوجائے کہ سڑکر مٹی ہوگیا۔ اس وقت کنواں[ع] پاک ہوگا۔ ردالمحتار میں ہے لو وقع عصفور فیہا فعجزوا عن اخراجہ فما دام فیہا فنجسۃ فتترک مدۃ یعلم انہ استحال وصار حماۃ۔ ——— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۴۳) از خانقاہ سراجیہ برکت آباد محلہ برکت پورہ مقام مالیگاؤں ضلع ناسک مسئلہ عبدالرحمٰن۔

۱۸ ربیع الآخر ۱۳۵۹ھ ہجری

ع۱۔ کبھی کبھی کنویں میں پختہ اینٹ کا ٹکڑا جو نجاست میں تھا، اور کلوخ کا پختہ ڈھیلا، یا نجاست میں پڑا ہوا لوہا، جوتا،

حاشیہ۔ حدیث من تشبہ بقوم فہو منہم۔ مولانا ضیاء المصطفیٰ صاحب مدظلہ العالی۔ حاشیہ۔ یعنی جس وقت جانور سڑکر مٹی ہوجائے تو پورا پانی نکالنے سے پاک ہوگا۔ پانی نکالے بغیر ہی پاک ہونا مراد نہیں۔ دمرح بہ ح البرقی بہار شریعت وہٰذا ہو المفہوم من ردالمحتار واللہ تعالیٰ اعلم

چپل اور گیند وغیرہ تھوڑا اگر کنواں ہے۔ زید کہتا ہے کہ مذکورہ چیزوں کا کنوئیں سے نکالنا ضروری نہیں کیونکہ پانی نکالتے نکالتے خود ہی دھل گئی۔ بکر کہتا ہے، پہلے مذکورہ چیزوں کو نکال لینا چاہئے، اگر اندر پڑی رہ گئی اور بقدر نجاست پانی نکال دیا گیا، تو پانی پاک نہ ہوگا بلکہ جوں کا توں رہے گا۔ جناب مفتی صاحب! آپ کی تحقیق میں کس کا کہنا صحیح ہے، کس کا غلط۔

۲۔ ایک بے نمازی بچہ والی عورت جو ہوش و حواس سے تھی ڈوبنے کی غرض سے جان بوجھ کر کنوئیں میں گری، اور تین چار گھنٹے بعد وہ زندہ نکال لی گئی۔ اس حال میں کہ اس کے ہوش و حواس سب درست تھے۔ تو اس کنوئیں کا پانی پاک ہے یا نجس۔

الجواب ۔ پہلے اس چیز کو کنوئیں سے نکالیں اس کے بعد پانی نکالیں، ہاں جو چیزیں خود نجس نہیں ہیں، بلکہ نجاست لگنے سے ہیں، اگر ان کا نکالنا دشوار ہے تو پانی نکالنے کے بعد طہارت کا حکم دیا جائے گا۔ درمختار میں ہے۔ ینزح کل ماءھا بعد اخراجہ

الا اذا تعذر کخشبۃ او خرقۃ متنجسۃ فینزح الماء الی حد لا یملأ نصف الدلو یطہر الکل تبعاً۔ واللہ تعالیٰ اعلم

الجواب ۔ اگر اس کے کپڑے نجس تھے، یا بدن پر نجاست لگی تھی، یا پاخانہ پیشاب نکل گیا تو کل پانی نکالا جائے۔ اور اگر کسی نجاست کا علم نہیں ہے تو بیس ڈول نکال لیں ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۴۴) مرسلہ حکیم ابو محمد عبد الرزاق صاحب امام مسجد از موڑہ محلہ کرسٹان پاڑہ ۱۰ جمادی الاخریٰ ۱۳۴۱ھ

"اس وقت جو سوتی اور اونی موزے رائج ہیں ان پر مسح جائز ہے یا نہیں، مسافر ہو یا مقیم"

الجواب ۔ یہ موزے جو عموماً سوتی یا اونی پہنے جاتے ہیں، ان پر مسح کافی نہیں، پاؤں دھونا لازم ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۴۵) از کلکتہ زکریا اسٹریٹ ۲۲ مرسلہ مولوی احمد خاں سلمہٗ یکم ذی الحجہ ۱۳۴۳ھ۔

"صاحب عذر کے لیے موزوں پر مسح کی مدت کتنی ہے۔ معذور نے صبح کے وقت وضو کر کے موزہ پہنا تو وہ بحالت اقامت ایک دن ایک رات، اور سفر میں تین دن تین رات مسح کر سکتا ہے یا نہیں، براہ کرم کسی قدر تفصیل فرمائی جائے۔

الجواب ۔ معذور کے لئے مسح موزہ میں وہی تمام احکام ہیں جو صحیح کے لئے ہیں۔ اگر مقیم ہے تو ایک دن ایک رات مدت مسح ہے۔ اور مسافر ہے تو تین دن تین راتیں۔ صبح کے وقت موزہ طہارت کاملہ پر پہنا اس کا وضو طلوع آفتاب سے جاتا رہا۔ لہٰذا اس وقت سے یعنی طلوع آفتاب سے مدت مسح شمار ہوگی۔ اور دوسرے دن طلوع آفتاب کے وقت بوجہ عذر وضو منقوض ہوگا، مدت مسح بھی ختم ہو جائے گی، یعنی اب مسح نہیں کر سکتا، موزہ کا اُتارنا لازم ہے (اور پاؤں دھونا فرض ہے)۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۴۶) کیا فرماتے علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید جماع کی غرض سے اپنی بیوی کے پاس گیا تو معلوم ہوا کہ اس کی بیوی حائضہ ہے، تو زید نے اغلام کے لئے کہا، اس پر اسکی بیوی نے انکار کیا لیکن زید نے جبراً اپنی بیوی کے ساتھ اغلام کیا اور کہا اگر تو نے کسی سے کہا تو جان سے مار ڈالوں گا۔ اب وہ عورت اپنے گھر پر ہے اور اسی خوف سے سسرال جانا نہیں چاہتی کہ مار نہ ڈالے۔ ایسی صورت میں شارع علیہ السلام کا کیا حکم ہے۔ بینوا توجروا۔

الجواب۔ حالت حیض میں ناف سے گھٹنوں تک کسی مقام سے استمتاع حرام ہے، نہ کہ وطی فی الدبر کہ یہ اشد حرام، سید المفسرین حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں اُوحی الی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نساءکم حرث لکم فأتوا حرثکم انی شئتم اقبل وادبر واتق الدبر والحیضۃ پیچھے کے مقام اور حیض میں جماع کرنے سے بچو، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ملعون من اتی امرأتہ فی دبرھا ملعون ہے وہ جو اپنی عورت سے پیچھے کے مقام میں وطی کرے رواہ احمد وابوداؤد عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ اور فرماتے ہیں ان الذی یاتی امرأتہ فی دبرھا لاینظر اللہ الیہ جو ایسا کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی طرف نظر رحمت نہ فرمائیگا۔ رواہ فی شرح السنۃ عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ اور روایت ترمذی ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے یوں ہے لاینظر اللہ الی رجل اتی رجلا او امرأۃ فی الدبر جو شخص مرد یا عورت کے پیچھے کے مقام میں وطی کرے اللہ تعالیٰ اس کی طرف نظر نہ فرمائے گا۔

عورت کو وہاں جانے میں جبکہ اپنی جان کا خوف ہے تو جبتک کافی اطمینان نہ کرے اور شوہر اس حرکت خبیثہ سے باز نہ آئے اُس وقت تک اُس کے یہاں جانے سے اپنے کو روکے ——— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۴۷) مرسلہ مولوی غلام محی الدین الجیلانی علیگڑھی مدرس اول مدرسہ جامع مسجد کرنال شریف۔

"عورت کے پیشاب کے مقام سے جو سفید رطوبت نکلتی ہے کیا وہ بھی پاک ہے، بہار شریعت میں رطوبت کو پاک لکھا ہے، سفید اور غیر سفید کی کوئی تفصیل نہیں۔

الجواب۔ فرج خارج[۵] کی رطوبت ناپاک نہیں ہے، عموماً یہ رطوبت سفید ہی ہوتی ہے رد المحتار میں ہے واما رطوبۃ الفرج

---

[۵] فرج خارج کی ہو یا داخل کی دونوں کی رطوبت پاک ہے۔ درمختار میں ہے ان رطوبۃ الفرج طاھرۃ عندہ، اسکے تحت رد المحتار میں ہے ای الداخل اما الخارج فرطوبتہ طاھرۃ بالاتفاق۔ نعم یدل علی الاتفاق کونہ لہ حکم خارج البدن فرطوبتہ کرطوبۃ الفم والانف والعرق الخارج من البدن ص ۱۱۳ اقول وقد صرح ص ۳۳ ولن النقل فی التاترخانیۃ ان رطوبۃ الولد عند الولادۃ طاھرۃ وکذا السخلۃ اذا خرجت من امھا وکذا البیضۃ فلا یتنجس بھا الثوب ولا الماء اذا وقعت فیہ لکن یکرہ التوضی بہ للاختلاف وکذا الانفحۃ ھو المختار (ص ۲۹ پ)

الخارج فطاھرۃ اتفاقا الخ وفی منھاج الامام النووی رطوبۃ الفرج لیست بنجسۃ فی الاصح قال ابن حجر فی شرحہ وھی ماء ابیض متردد بین المذی والعرق یخرج من باطن الفرج الذی لایجب غسلہ بخلاف مایخرج مما یجب غسلہ فانہ طاھر قطعًا ومن وراء باطن الفرج فانہ نجس قطعًا ککل خارج من الباطن کالماء الخارج مع الولد او قُبیلہ الخ۔

مسئلہ (۴۸) مسئولہ حافظ علی احمدخاں صاحب از بریلی محلہ جبولی، ۸ ربیع الآخر ۱۳۴۳ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص کو مرض کی وجہ سے ہر وقت پیشاب کا قطرہ آتا ہے، وہ کس طرح نماز پڑھے گا۔

الجواب - اگر یہ مرض حد عذر کو پہونچ گیا ہو، یعنی ایک وقت پورا ایسا گزر گیا کہ طہارت کے ساتھ فرض نماز ادا نہ کرسکا، تو وہ معذور ہے، وقت میں ایکبار وضو کرے اور جتنی چاہے اُس وضو سے نماز پڑھتا رہے، اس قطرہ کے آنے سے اُس کا وضو نہ جائے گا، بلکہ اس کا وضو خروجِ وقت سے ٹوٹے گا، پھر جب تک اندر وقت کے ایکبار بھی قطرہ آتا رہے گا، وہ معذور ہی ہے اور اُس کے لئے معذور کے احکام، اور اگر پورا وقت گذر گیا اور قطرہ نہ آیا، تو اب معذور نہ رہا۔ پھر اگر پاک کپڑے سے نماز ادا کرسکتا ہے، تو پاک سے ادا کرے۔ اور بغیر قدر مانع کے ادا نہیں کرسکتا ہے، تو اُسی حالت میں پڑھے جہاں تک تقلیل نجاست ممکن ہو عمل میں لائے، اور جو نا ممکن ہو معاف ہے لا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا اور اگر شخص روئی وغیرہ رکھکر قطرہ بقدر ادائے فرض روک سکتا ہے، تو ایسا کرنا واجب ہے، بلکہ اگر رکوع سجود کرنے سے قطرہ آتے ہیں اور کھڑا

(بقیہ ص۲۸) یہ حکم اسوقت ہے کہ شرمگاہ کی رطوبت کے ساتھ کوئی نجاست نہ ہو مثلاً خون یا مذی یا منی۔ اسی میں اسی صفحہ پر ہے وھذا اذا لم یکن معہ دم ولم یخالط رطوبۃ الفرج مذی او منی من الرجل والمرأۃ۔ یہ ہیں اسی میں ہے کہ اندرون شرمگاہ کی رطوبت اگر بدن یا کپڑے پر لگ جائے تو دھولیں تاکہ اختلاف علماء سے بچیں طحطاوی علی المراقی میں ہے لا ینجس المائع وقوع بیضۃ طریۃ من بطن دجاجۃ ولا وقوع سخلۃ من بطن امھا ولو کانت رطبۃ ما لم یعلم ان علیھا قذرا لان رطوبۃ المخرج لیست بنجسۃ۔ رہ گئی رحم کی رطوبت تو اس کے بارے میں کوئی تصریح کہیں نہیں ملی، مگر ابھی رد المحتار سے گزرا کہ پیدائش کے وقت بچے کے جسم پر جو رطوبت ہوگی وہ پاک ہے اور یہی حکم بکری کے بچے اور انڈے کا بھی ہے۔ اس سے ظاہر کہ رحم کی رطوبت بھی پاک ہے۔ جد الممتار میں اس کے تحت ہے، ظاہرہٗ ان رطوبۃ الرحم ایضا طاھرۃ بخلاف ما تقدم من ابن حجر من ان الخارجۃ من وراء باطن الفرج نجس — علاوہ ازیں قاضی خاں سے اُسی میں ہے، قال فی مسئلۃ السخلۃ انھا لا تفسد الماء علی قیاس قول ابی حنیفۃ، اسے نقل کرکے جد الممتار کی منہیہ میں فرمایا، فھذا النص منہ ان عدم الافساد فبنی علی طھارۃ تلک الرطوبۃ فی نفسھا لا لعدم الانفصال فانھا قضیۃ مجمع علیھا غیر مختصۃ بقول الامام کما لا یخفی۔ اھ امجدی

یا بٹھا رہے تو نہیں آتے، تو بجائے رکوع و سجود اشارہ کرے، درمختار میں ہے یجب رد عذرہ او تقلیلہ بقدر قدرتہ و لو بصلاتہ مؤمیا و برد ہ لا یبقی ذا عذر۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۴۹) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلے میں کہ زید کو بواسیر کا عارضہ ہے اور قریب قریب ہر وقت پانی بہتا رہتا ہے، تو کیا یہ کافی ہوگا کہ پاخانہ کے مقام پر کپڑا باندھ لیا جائے اور ہر وقت تازہ وضو کر کے نماز پڑھے، کتنے وقت تک یہ پانی جاری رہنے پر معذور کے حکم میں ہو سکتا ہے۔ اور معذور کی تعریف کیا ہے۔

الجواب - ہر وقت جب رطوبت خارج ہوتی رہتی ہے تو معذور ہے، ایک وقت میں جو وضو کیا اس وقت میں اس وضو سے جتنی نمازیں چاہے پڑھے، اس رطوبت کے خارج ہونے سے وضو نہیں ٹوٹے گا۔ معذور کی تعریف اور اسکے باقی احکام بہار شریعت حصہ دوم میں دیکھ لیجئے، جو آپ کے پاس غالباً موجود ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۵۰) از کلکتہ ذکریا اسٹریٹ ۳۲ مرسلہ مولوی احمد خاں سلمہٗ یکم ذی الحجہ ۱۳۵۳ھ۔

"ایسا شخص جسے کچھ روز تک تو تھوڑے تھوڑے عرصہ کے بعد حدث ہو جایا کرتا ہے اور کچھ دنوں اسکے خلاف، تو وہ صاحب عذر ہوگا یا نہیں — **مسئلہ** (۵۱) صاحب عذر کا وضو خروجِ وقت سے جاتا رہتا ہے، یا جس وقت میں وضو کیا ہے، اس وقت کی نماز ادا کرنے کے بعد۔

الجواب[۱] - معذور ہونے کے لئے یہ ضرور ہے کہ نماز کا پورا ایک وقت اس حالت میں گذر گیا کہ طہارت کے ساتھ نماز فرض نہ پڑھ سکا۔ ایک وقت ایسا ہونے کے بعد وہ صاحب عذر ہوگا۔ اس کے بعد اگر وقت کے اندر ایک مرتبہ بھی وہ حدث ہو جایا کرے، تو صاحب عذر رہے گا، ہاں اگر پورا وقت نماز عذر سے خالی گذر گیا، صاحب عذر نہ رہا، اب پھر صاحب عذر اسوقت ہوگا کہ پہلی حالت پیدا ہو جائے، یعنی پورا وقت اس طرح گذر اکہ طہارت کے ساتھ فرض نماز ادا نہ کر سکے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

الجواب[۲] - صاحب عذر کا وضو خروج وقت سے جاتا ہے، اس وقت کی نماز ادا کرنے سے نہیں جاتا جبتک نماز کا وقت خارج نہ ہو جتنی نمازیں چاہے پڑھتا رہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۵۲) مرسلہ اسمٰعیل صالح محمد صاحب از رانا واڈ ضلع کاٹھیاوار ۴ ذی الحجہ ۱۳۵۱ھ۔

"کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ دھوبی کو اگر ناپاک کپڑا دیا جائے تو پاک ہو کر آتا ہے یا نہیں، مولوی محمد حسین صاحب

باب الانجاس

حاشیہ - ۵ حدیث عمران بن حصین انی کنت رجلا مبسوراً - حضرت علامہ ضیاء المصطفیٰ صاحب مدظلہ العالی

سورت والے سے سُنا گیا ہے کہ ناپاک ہو کر آتا ہے، اور رانا واڈ کے مولوی صاحب کہتے ہیں کہ پاک ہو کر آتا ہے۔

الجواب - بہتر تو یہی ہے کہ پاک کر کے دھوبی کو کپڑے دیئے جائیں، اور ناپاک کپڑا دیا تو دھل کر پاک ہو جائے گا، مگر جبکہ نجاست مرئیہ قابل زوال تھی، اور زائل نہ ہوئی کہ یوں اگر خود بھی دھوتا تو پاک نہ ہوتا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۵۳) مرسلہ حاجی عبد اللطیف ایوب صاحب بر دکان حاجی خانو حاجی ولی ٹمرنی ۹ رجمادی الآخر ۴۳ھ۔

"گذارش یہ ہے کہ بہار شریعت میں نجس چیزوں کے پاک کرنے کے باب میں یہ مسئلہ ہے کہ جو کنکری زمین کے اوپر ہے خشک ہونے سے پاک نہ ہوگی۔ پوچھنا یہ ہے کہ کوئی ایسی زمین نہ ہوگی جہاں کنکریاں نہ ہوں اور شہر سے متصل کی جگہ اور عام راستے جہاں پر لوگوں کا چلنا پھرنا ناپاک تر جوتوں سے اور جانوروں کا اکثر وہاں ٹھہرنا جہاں بول و براز کرتے ہوں کوئی زمین ایسی ہوتی نہیں جس کو جھاڑ و دیکر صاف کی گئی ہوں، اور ریتے کی جگہ، تو کل ریتے کی کنکریاں زمین کے اوپر ہی ہوتی ہیں، تو ایسی جگہ نماز وقتیہ یا نماز جنازہ پڑھ سکتے ہیں یا نہیں، کیونکہ ایسی جگہ کی کنکریوں کے بارے میں جانوروں کے پیشاب سے ناپاک ہونے کا احتمال ہوتا ہے، کہ اکثر جانوروں کا گذر اور ٹھہرنا ہوتا ہے، اور لوگوں کا ناپاک تر جوتوں سے چلنا پھرنا بھی ہوتا رہتا ہے لہذا ایسی کوئی زمین نہیں جہاں کنکریاں نہ ہوں کہ سوکھ جانے سے پاک مان لیا جائے اور ایسی جگہ ہمارے دھوراجی میں ندی کا میدان ریت کا ہے، اس میں نماز پڑھ سکتے ہیں یا نہیں، کہ وہاں اکثر نماز جنازہ پڑھی جاتی ہے، وہاں جاڑوں کے دنوں میں اکثر جانوروں کی گذرگاہ رہتی ہے جہاں کی سب کنکریاں زمین سے جدا ہیں اور اس جگہ بغیر بارش پانی نہیں گرتا کہ دھوئی جائے تو کیا حکم ہے۔

الجواب - نجاست کے معاملہ میں یہ قاعدہ کلیہ ہے کہ جب تک نجس ہونا معلوم نہ ہو نجاست کا حکم نہ دیں گے، یہاں تک کہ فقہائے کرام تصریح فرماتے ہیں کہ استعمالی جوتہ اگر کنویں میں گر جائے تو جب تک معلوم نہ ہو کہ یہ ناپاک تھا۔ نجاست آب کا حکم نہیں حالانکہ یہ کس قدر مظنۂ نجاست ہے، تاتارخانیہ و طریقہ محمدیہ و حدیقہ ندیہ میں ہے سئل الامام الخجندی رحمہ اللہ تعالیٰ عن رکیۃ وھی البئر وجد فیھا خف او نعل تلبس ویمشی بھا صاحبھا فی الطرقات لا یدری متی وقع فیھا ولیس علیہ اثر النجاسۃ ھل یحکم بنجاسۃ الماء قال لا۔ اس کے نظائر کتب فقہ میں بکثرت ہیں، لہذا زمین پر جس جگہ کوئی اثر نجاست معلوم نہ ہوتا ہو، محض یہ خیال کہ یہاں ناپاک جوتا آیا ہوگا، یا کسی جانور نے پیشاب پاخانہ کر دیا ہوگا، یہ اوہام بالکل معتبر نہیں، وہ جگہ پاک ہے، اور وہاں نماز جائز، ہاں اگر معلوم ہو کہ انھیں کنکریوں پر پیشاب وغیرہ پڑا ہے، اور پانی نہیں برسا کہ دُھل کر پاک ہو جائیں اور یہ وہی کنکریاں ہیں تو ایسی کنکریوں پر جو کہ زمین پر پڑی ہیں، اس میں گڑی نہیں ہیں، نماز جائز نہیں، جبکہ مواضع سجود پر بقدر مانع مس کریں اور

یہ معلوم ہوتا کہ یہ وہی ہیں، اس کے دو ہی طریقے ہیں، یا اُن پر اثر نجاست موجود ہے یا اُس وقت سے ابتک ہماری نگاہ کے سامنے ہیں، ورنہ کیا معلوم کہ وہی ہیں کہ اکثر کنکریاں پاؤں لگنے سے اِدھر کی اُدھر ہو جاتی ہیں، بچے وغیرہ اِدھر سے اُدھر اُدھر سے اِدھر پھینک دیا کرتے ہیں، جانوروں کی ٹھوکروں سے ہٹ جایا کرتی ہیں۔ نیز اور بہت سے اسباب ہیں، جب تک وہ دونوں باتیں نہ ہوں کیونکر معلوم ہو سکتا ہے کہ یہ وہی ہیں اور جب اوپر نجاست معلوم ہے تو نجس ہے۔ عالمگیری میں ہے الحصیٰ حکمہ حکم الارض اذا کان فیہا واما اذا کان علی وجہ الارض لا تطہر کذا فی المحیط وھکذا فی منیۃ المصلی۔ درمختار میں ہے وتطہر بیبسہا وذہاب اثرہا کلون وریح لاجل صلوٰۃ علیہا لا لتیمم بہا وحکم اٰجر مفروش وخص وشجر وکلأ قائمین فی الارض کذٰلک ای کارض فیطہر بجفاف وکذا کل ما کان ثابتا فیہا لاخذہ حکمہا باتصالہ بہا فالمنفصل یغسل لا غیر۔ ردالمحتار میں ہے مثلہ الحصا اذا کان متداخلا فی الارض کما فی المنیۃ وفی التاترخانیۃ اما اذا کان علی وجہ الارض لا یطہر اھ۔ اور ندی کے کنارے ریتے کا میدان یا اور کوئی ریتے کی جگہ ہو، وہ زمین کے حکم میں ہے کہ سوکھ کر پاک ہے کہ ریتہ مثل گرد کے ہے، اور گرد تابع زمین ہے، کنکری کے مثل نہیں۔ علامہ شامی اسی ردالمحتار میں فرماتے ہیں والظاہر ان التراب لا یتقید بذٰلک والا لزم تقیید الارض التی تطہر بالیبس بما لا تراب علیہا تأمّل۔ اور اگر ایسی جگہ نماز پڑھنی پڑے جہاں نجس کنکریاں ہوں تو کوئی کپڑا وغیرہ بچھالیں یا ان ناپاک کنکریوں کو ہٹا دیں پھر نماز پڑھیں، اس میں کیا دقت ہے۔ سڑکوں اور عام راستوں پر نجاست پڑتی رہتی ہے، تو ایسی جگہ کون نماز پڑھتا ہے۔ ہاں یہ بات ضرور ہے کہ اگر تھوڑا پانی برسا کہ کنکریاں نہ دُھلیں تو ناپاک رہیں، پھر ان کی کیچڑ کپڑے وغیرہ کو لگے گی اور اس میں حرج ہے۔ لہٰذا علمائے کرام نے راستہ کی کیچڑ کو معاف لکھا ہے، اگر کپڑے پر لگ جائے، نجس نہ ہوگا۔ درمختار میں ہے طین الشارع عفو۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۵۴) مرسلہ ابرار احمد صاحب برق چشتی از مونگیر محلہ توپخانہ بازار یکم ذی الحجہ ۱۳۳۲ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین مسئلہ ذیل میں کہ حالت جنابت میں جو پسینہ جسم سے نکلتا ہے، وہ پاک ہے یا ناپاک۔ اور بعض اوقات اس پسینہ سے جو کپڑے تر ہو جاتے ہیں، وہ ناپاک ہو جاتے ہیں یا نہیں۔ ان کپڑوں سے نماز ہو سکتی ہے؟ یا پاک کرنے کی ضرورت ہے۔ بینوا توجروا۔

الجواب ۔ جُنب کا پسینہ پاک ہے۔ فتاویٰ عالمگیری میں ہے عرق[ع۵] کل شیٔ معتبر بسؤرہ کذا فی الھدایہ

ع۵ اور آدمی کا جوٹھا پاک ہے اگرچہ وہ جنب ہو، ہدایہ میں ہے عرق کل شیٔ معتبر بسؤرہ لانہما یتولدان من لحمہ (ص ۳۳) پر

مگر جس جگہ نجاست لگی ہو وہاں پسینہ نکل کر اگر کپڑا تر ہو جائے تو اس نجاست کی وجہ سے کپڑا ناپاک ہو جائے گا۔ اسکا ناپاک ہونا اس نجاست کی وجہ سے ہے نہ پسینہ کی وجہ سے، اگر پسینہ کی جگہ پانی ہوتا جب بھی یہی حکم تھا ــــــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۵۵) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ گیا روئی دھنکنے سے اور پلنگ کے باندھنے اور دھیڑنے سے پاک ہوجاتے ہیں۔

الجواب ۔ روئی دھنکنے سے پاک ہوجاتی ہے جبکہ جتنی نجس تھی اُتنی یا اُس سے زیادہ دھنکنے میں اُڑگئی ہو، ورنہ نہیں ۔ ردالمحتار میں نہرسے ہے وکذا الندف ومن عدۃ شرط کون النجس مقدار قلیلا یذھب بالندف والافلا یطھر کما فی البزازیۃ۔ اور پلنگ کے باندھنے کے ادھیڑنے سے پاک نہ ہوں گے، طہارت کی کوئی وجہ نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۵۶) مسئولہ عنایت اللہ صاحب از اسٹیشن کلاں بریلی ۳ جمادی الاولیٰ ۱۳۳۸ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ جمی ہوئی چربی میں کتے نے مُنہ ڈالا اور کھائی، اب اس کا کیا حکم ہے۔

الجواب ۔ جہاں سے[عہ] کھائی وہاں آس پاس سے نکال کر پھینک دیں باقی پاک ہے ــــــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۵۷) از بھیلواڑہ۔ میواڑ مرسلہ جناب مولوی محمد رمضان صاحب پیش امام مسجد چوڑیگراں۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مندرجہ مسئلہ میں کہ سفید رنگ کا پرندہ جس کو بگلا کہتے ہیں، اُس کی بیٹ پاک ہوتی ہے؟ یعنی پرند بگلا کا پیشاب پاخانہ نجس ہے یا نہیں اور اگر نجس ہے تو نجاست غلیظہ ہے یا خفیفہ۔

الجواب ۔ بگلا کی بیٹ پاک ہے اس لئے کہ جو پرند ہوا میں اُڑتے[عہ] ہیں اور حلال ہیں اُن کی بیٹ پاک ہے۔ درمختار میں[عہ] وخرء مالا یذرق فیہ فان ماکولا فطاھر والا فمخفف ــــــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۵۸) از بھیلواڑہ میواڑ مرسلہ جناب مولوی محمد رمضان صاحب پیش امام مسجد چوڑیگراں۔

(بقیہ[عہ] صفحہ ۳۲) فلھذا احدھما حکم صاحبہ وسور الآدمی ومایوکل لحمہ طاھر لان المختلط بہ اللعاب وقد تولد من لحم طاھر ویدخل فی ھذا الجواب الجنب والحائض والنفساء۔ نور الایضاح اور مراقی الفلاح میں ہے الاول سور طاھر مطھر بالاتفاق من غیر کراھۃ فی استعمالہ وھوما شرب منہ آدمی لیس بفمہ نجاسۃ لما روی مسلم عن عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا قالت کنت اشرب وانا حائض فاناولہا النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فیضع فاہ علی موضع فی ۔ ولا فرق بین الکبیر والصغیر والمسلم والکافر والحائض والجنب۔ امجدی ۔ عہ ردالمحتار میں ہے تقور نحو سمن جامد من جوانب النجاسۃ، واللہ تعالیٰ اعلم۔ امجدی ۔ عہ بہار شریعت میں ہے جو پرند ہوا میں اونچے اڑتے ہیں۔ اور درمختار کی منقولہ بالا عبارت کا ترجمہ یہ ہے:۔ جو پرند ہوا میں بیٹ کرتے ہیں، ردالمحتار میں اسکے تحت فرمایا کحمام وعصفور جیسے کبوتر اور گوریا، اسکا مقتضی یہ ہے کہ بگلا کی بیٹ ضرور پاک ہے۔ غنیہ کی عبارت نے تو اسکو بالکلیہ صاف کر دیا، کہتے ہیں واما خرء مایوکل لحمہ من الطیور سوی الدجاجۃ والبط والاوز ونحوھا فطاھر کالحمام والعصفور ونحوھما۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ امجدی

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ مسجد کے صحن کے قریب درخت ہے جس کی ٹہنیاں مسجد کے صحن پر جھکی ہوئی ہیں اور وضو کرنے کی جگہ اور کنویں پر بھی لٹک رہی ہیں، اس درخت پر بگلے گھونسلے بنا کر بچے دیئے ہوئے ہیں، ہر وقت نمازیوں کے اوپر اُن کے پاخانے پڑتے ہیں، احتمال ہے کہ کنویں میں بھی پڑتے ہوں گے، نماز پڑھتے ہوئے بھی اکثر اُن کا پاخانہ نمازیوں کے اوپر پڑجاتا ہے، گذارش یہ ہے کہ کیا اُن کے گھونسلوں کو بچوں سمیت پھینک دیا جائے یا یونہی نماز پڑھتے رہیں۔ **مسئلہ (۵۹)** اسی طرح سے کبوتر، کوا، چیل، فاختہ، مینا، طوطا وغیرہ کا کیا حکم ہے، بینوا توجروا جزاکم اللّٰہ خیرا لجزاء۔

الجواب ۔ بگلے کی بیٹ اگرچہ نجس نہیں مگر گندگی ضرور ہے اور مسجد کو گندگی سے بھی بچانا چاہئے، بگلے جب گھونسلے لگانے لگیں اُس وقت گھونسلوں کو نوچکر پھینک دیا جائے کہ بچے کرنے اور گندگی کی نوبت نہ آنے پائے۔ درمختار میں ہے و لاباس برمی عش خفاش وحمام لتنقیة ۔ ردالمحتار میں ہے جواب سوال حاصله انه صلی اللّٰہ علیه وسلم قال اقروا الطیر علی مکانتها فازالة العش مخالفة الامر فاجاب بانه للتنقیة وهی مطلوبة فالحدیث مخصوص بغیر المساجد ——— واللّٰہ تعالیٰ اعلم

الجواب ۔ کبوتر، مینا، فاختہ کی بیٹ پاک ہے اور کوا، چیل کی نجاست خفیفہ اور اُن کے گھونسلے بھی پھینکدیئے جائیں واللّٰہ اعلم

مسئلہ (۶۰) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلے میں کہ ولایتی صابون استعمال کر سکتے ہیں یا نہیں، جو لوگ ولایت سے آئے ہیں، کہتے ہیں کہ وہاں جانور ذبح نہیں کئے جاتے، آیا ہر کسی کے کہنے پر اعتماد کیا جائے گا، یا کوئی متشرع آدمی بیان کرے۔

الجواب ۔ نصاریٰ نے بہت زمانہ دراز سے موافق شرع جانور کو ذبح کرنا ترک کر دیا ہے۔ یہ لوگ بغیر تسمیہ ایسے ہی جانوروں کو جھٹکا مار کر کھاتے ہیں۔ کتب فقہ میں مذکور ہے النصرانی لاذبیحة له۔ اور یورپ میں ذبح شرعی نہ ہونے کی خبر بالکل متواتر ہے، ایسی خبر اثبات کے لئے گواہان عادل کی ضرورت نہیں کہ اس کے بیان کرنے والے دو چار شخص نہیں بلکہ سینکڑوں ہیں، لہٰذا وہ جانور مردہ ہیں اور ان کی چربی بھی ناپاک ہے۔ اور اگر اس کا صابون بنایا گیا ہو، تو اس کا استعمال ناجائز ہے[عہ] ——— واللّٰہ تعالیٰ اعلم

عہ فی الدر ویطهر زیت تنجس بجعله صابونا ۔ قال تحته العلامة الشامی ۔ ثم هذه المسئلة قد فرعوها علی قول محمد بالطهارة بانقلاب العین الذی علیه الفتوی واختاره اکثر المشائخ خلافا لابی یوسف کما فی شرح المنیة والفتح وغیرهما وعبارة المجتبی جعل الدهن النجس فی صابون یفتی بطهارته لانه تغیر والتغیر یطهر عند محمد ویفتی به اھ ۔ وظاهره ان دهن المیتة کذالک لتعبیره بالنجس دون المتنجس الا ان یقال هو خاص بالنجس لان العادة فی الصابون وضع الزیت دون بقیة الادهان تامل ۔ ثم رایت فی شرح المنیة ما یؤید الاول حیث قال وعلیه یتفرع ما لو وقع انسان او کلب فی قدر الصابون فصار صابونا یکون طاهرا لتبدل الحقیقة اھ اقول قدیما ما یختلج فی صدری ان فی الصابون لا یتغیر الحقیقة بل یکون فیه انجماد فکیف ینطبق علیه فلما انتهیت الی هذه المسئلة فی الامجدیة تحیرت کیف افتی خلاف تصریح الشامی ۔ ولکن لما تفکرت

(صفحہ ۳۵ پر)

مسئلہ (۶۱) حاجی عبداللطیف ایوب صاحب از مقام دھوراجی ضلع کاٹھیاوار ۱۶ محرم ۱۳۳۹ھ۔

"ہر آدمی سے کئی آدمی طاقتور ہوتے ہیں تو کمزور کا نچوڑا طاقتور کے حق میں کب پاک سمجھا جائے اگر پانی کم کی نسبت ہو تو تھوڑا پانی میں پہلی بار کپڑا ڈالنے سے پانی نجس ہو جائے گا، ہاں اگر تھوڑا پانی تینوں مرتبہ جدید میں دھونے کے بارے میں ہو ٹھیک ہو سکتا ہے یہ صرف میری ناقص سمجھ ہے اصح کیا ہے؟

الجواب۔ نجاست مرئیہ سے طہارت کے لئے ازالہ شرط ہے۔ اگر ایک بار میں زائل ہو جائے تو ایک ہی مرتبہ دھونے میں پاک ہو جائے گی۔ اور تین بار سے زیادہ کی ضرورت ہو تو زیادہ دھوئے۔ درمختار میں ہے یطھر محل نجاسة مرئیة بقلعھا ای بزوال عینھا واثرھا ولو بمرة او بما فوق ثلث فی الاصح۔ عالمگیری میں ہے وازالتھا ان کانت مرئیة بازالة عینھا واثرھا ان کانت شیئا یزول اثرہ ولا یعتبر فیه العدد کذا فی المحیط۔ اور نجاست غیر مرئیہ ہو اور وہ شی نچوڑنے کے قابل ہے تو تین بار دھوئے اور ہر بار نچوڑے، اور نچوڑنے کی حد یہ ہے کہ اگر پھر نچوڑے تو قطرہ نہ ٹپکے اور اسمیں خود اس کی قوت کا اعتبار ہے۔ اور اگر دوسرا جو زیادہ قوی ہو اس کے نچوڑنے سے قطرہ ٹپکے گا تو قوی کے لئے پاک نہ ہوگا، اور اس کمزور کے لئے پاک ہو گیا۔ درمختار میں ہے وقدر بغسل وعصر ثلثا فیما ینعصر مبالغا بحیث لا یقطر ولو کان لو یعصر غیرہ قطر طھر بالنسبة الیه دون ذلک الغیر۔ ردالمحتار میں ہے لان کل احد مکلف بقدرته ووسعه ولا یکلف ان یطلب من ھو اقوی لیعصر ثوبه شرح المنیة قال فی البحر خصوصا علی قول ابی حنیفة ان قدرة الغیر غیر معتبرة وعلیه الفتوی۔ اور یہ حکم اس وقت ہے جب وہ شخص صاحب وسوسہ ہو ورنہ غلبہ ظن حاصل ہونے سے پاک ہو جائے گا۔ درمختار میں ہے ویطھر محل غیرھا بغلبة ظن غاسل لو مکلفا والا فمستعمل۔ نیز یہ حکم اس وقت ہے جب تھوڑے پانی میں دھویا ہو۔ اور اگر حوض کبیر میں دھویا ہو، یا بہت سا پانی اس پر بہایا یا بہتے پانی میں دھویا تو نچوڑنے کی شرط نہیں۔ درمختار میں ہے اما لو غسل فی غدیر او صب علیه ماء کثیرا او جری علیه الماء طھر مطلقا بلا شرط عصر وتجفیف وتکرار غسل ھو المختار۔ ——— واللہ تعالیٰ اعلم

(بقیہ حاشیہ ص۳۳) رایت ان ھذا الذی افتی به فی الامجدیة تحقیقه وقد اشار الی ھذا العلامة الشامی بعد اسطر حیث قال: وقد یقال ان الدبس لیس فیه انقلاب حقیقة لانه عصیر جمد بالطبخ۔ اقول فکذلک الصابون وقد صرح بذلک فی جد الممتار حیث قال اعلم انه لیس بین الزیت وبین الصابون الا الانعقاد بضربه برشنات من ماء الغلی والنورة لکن المقام بعد غیر محرر فلیحرر۔ ثم اقول مبنی ذلک ان بانقلاب العین یکون النجس طاھرا وفی الصابون لا یکون انقلاب العین بل یکون انجماد الاجزاء بعضھا ببعض فکیف یحکم بطھارة النجس الذی وقع فیه۔ فیکون ما افتی به فی الامجدیة صحیحا (انظر جد الممتار علی الشامی ص۱۲۲ للامام احمد رضا البریلوی قدس سرہ ج۱ قلمی)

مسئلہ (۶۲) از ٹمرنی ضلع ہوشنگ آباد مرسلہ حاجی عبداللطیف ایوب صاحب جمادی الآخرہ ۱۳۴۳ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین کہ فتاویٰ رضویہ جلد دوم ص۱۶۱ میں ایک شخص کے پوچھنے مسائل بیل کے پیشاب و گوبر سے بچنے کی دشواری کے جواب میں اعلیحضرت قبلہ نے گوبر کو نجاست خفیفہ فرمایا ہے تو گوبر سے نہ بچ سکنے کی حالت میں خفیفہ میں شمار کیا جاتا ہوگا ورنہ بہت سی کتابوں میں گوبر کو نجاست غلیظہ لکھا ہوا ہے۔

الجواب - گوبر اگر ماکول اللحم کا ہو تو اس کی نجاست غلیظہ و خفیفہ میں اختلاف ہے، امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں غلیظہ ہے، اور صاحبین کے قول میں نجاست خفیفہ ہے، بلکہ امام محمد نے آخر زمانہ میں فرمایا کہ پاک ہے اور اس مسئلہ میں تصحیحیں مختلف ہیں، کسی نے قول صاحبین کو ترجیح دی اور کسی نے امام کا قول اختیار کیا۔ درمختار میں ہے وفی الشرنبلالیۃ قولھما اظھر۔ ردالمحتار میں فرمایا ہے لکن فی النکت للعلامۃ قاسم ان قول الامام بالتغلیظ رجحہ فی المبسوط وغیرہ۔ اور چونکہ اس زمانہ میں نماز کا بہت کم خیال رہتا ہے معمولی باتیں بھی چھوڑنے کے لئے عذر ہو جاتی ہیں خصوصاً جانور پالنے والے، گاڑی چلانے والے اس سے بدقت بچ سکتے ہیں انکی ضرورت کا لحاظ کرتے ہوئے اعلیحضرت قبلہ قدس سرہٗ العزیز نے نجاست خفیفہ کا حکم دیا بلکہ مجبوری اور عذر صحیح کی صورت میں امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے قول اخیر پر بھی عمل کرنے کی اجازت دیدی ———— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۶۳) مرسلہ سید ضمیر الدین احمد صاحب از الہ آباد محلہ دارا گنج ۲۰ رجمادی الآخرہ ۱۳۴۹ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ کتّا کو کیوں نجس فرمایا گیا ہے۔

الجواب - کتّا حرام ہے اور جس نے اسے پیدا کیا اُسی نے اسکی حرمت کا حکم دیا، اسکی شان ہے یَفْعَلُ مَا یَشَاءُ وَیَحْکُمُ مَا یُرِیْدُ۔ اور اسکی حکمت معلوم کرنا چاہتے ہیں تو اس کے خصائل ذمیمہ دیکھئے۔ ہمیشہ اپنی جنس یعنی دوسرے کتّوں کو دیکھکر دوڑاتا ہے اور حملہ کرنا چاہتا ہے۔ کتنی ہی زیادہ شئی اس کے کھانے کے لئے ڈالی جائے مگر دوسرے کتّے کو کبھی کھانے نہ دے گا عین نماز فجر کے وقت جب تمام جانور خدا کی یاد کرتے ہیں یہ سوتا ہے وغیر ذالک۔ ہمارے مذہب میں کتّا نجس العین نہیں، صرف اُس کا لُعاب نجس ہے اور اسکی نجاست اسکی سمیت وغیرہ کی وجہ سے ہے۔ ———— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۶۴) ہندو نجس ہے یا پاک ہے۔ بینوا توجروا۔

الجواب - باعتبار عقیدہ ناپاک[عـہ] ہے ———— واللہ تعالیٰ اعلم

عـہ قال اللہ تعالیٰ اِنَّمَا الْمُشْرِکُوْنَ نَجَسٌ واللہ تعالیٰ اعلم۔ امجدی

مسئلہ (۶۵) ہنود کو قرآن عظیم چھونا بغیر حائل کپڑا یا حائل کپڑا درست ہے۔ بینوا توجروا۔

الجواب ۔ ان کے ہاتھ میں قرآن مجید نہ دیا جائے ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۶۶) مرسلہ عبد الرحمٰن صاحب برمکان ظہور میاں جی محلہ برکت پورہ خانقاہ برکاتیہ مالیگاؤں ناسک

۲ رجمادی الاخریٰ ۱۳۶۱ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اہلسنت اس مسئلہ میں کہ کنویں میں کیڑے مرنے کے واسطے سرکاری کمیٹی یعنی میونسپلٹی انگریزی دوا ڈالتی ہے جس سے تمام پانی لال ہو جاتا ہے اور مزا بھی کڑوا ہو جاتا ہے۔ آیا یہ پانی پاک ہے یا ناپاک، اگر پاک ہے تو کیا دلیل ہے۔

مسئلہ (۶۷) فتاویٰ رشیدیہ حصہ اول صـ۲۳ میں لکھا ہے کہ جتنے رنگ ولایتی ہیں سب میں شراب کا جزر ہتا ہے ہم نے اس فتاویٰ میں جو لکھا ہے ایک واقف کار آدمی سے سُنا ہے، جناب مولانا صاحب یہ بات جو فتاویٰ میں تحریر ہے یہ بات آپ کی تحقیق میں سچ ہے یا غلط۔ اگر خلاف ہے تو کیا دلیل ہے، مع دلیل تحریر فرمائیں۔

مسئلہ (۶۸) زید کہتا ہے، ولایتی رنگ سے جو کپڑا یا سوت رنگا ہوا ہے وہ نجس ہی رہتا ہے۔ بکر کہتا ہے تین مرتبہ پانی سے دھونے پر پاک ہو جائے گا، آیا بکر کا کہنا صحیح ہے یا غلط۔

مسئلہ (۶۹) بہار شریعت میں کنویں کے بیان میں لکھا ہے کہ جس وقت سے نجاست کو دیکھا گیا ہے اسی وقت سے نجاست کا حکم ہے۔ جناب مولانا صاحب! دریافت طلب یہ ہے کہ مثلاً وضو کے حمام میں پانی بھرا جا رہا ہے اور لوگ وضو کر رہے ہیں۔ اور کوئی وضو کر کے نماز بھی پڑھ رہا ہے۔ اور کوئی پانی بھر کے اپنے مکان لے جا رہا ہے۔ کہ اسی اثنا میں یکایک سڑا ہوا چوہا نکل آیا تو اب اس سے پہلے کا جو بھی پانی حمام میں ہے۔ یا جن جن کے مکان میں جا چکا ہے، اُس پانی کے لئے کیا حکم ہے، یعنی پاک ہے یا نجس خلاصہ تحریر فرماویں تاکہ بخوبی معلوم ہو جائے۔

الجواب ۔ پانی صاف کرنے اور کیڑے مارنے کے لئے جو دوا کنویں میں ڈالی جاتی ہے، اگر چہ اس سے پانی کا رنگ بدل جاتا ہے اور پانی میں سرخی آجاتی ہے، مگر اس کی رنگت اتنی نہیں ہوتی کہ اس سے کپڑا رنگا جا سکے اور نہ اسکی وجہ سے وہ آب مطلق سے خارج ہو کر شئی دیگر ہوتا ہے۔ لہٰذا وہ پانی پاک بھی ہے اور پاک کرنے والا بھی، اسکو ناپاک کہنے کی کوئی وجہ نہیں۔ ہاں اگر دلیل شرعی سے یہ بات ثابت ہوتی کہ وہ دوا ناپاک ہے تو پانی کو ناپاک کہا جاتا، مگر اس کے ناپاک ہونے پر کوئی دلیل نہیں محض وہم اور شبہہ کی بنا

پر، پاک چیز کو ناپاک نہیں کہا سکتا پانی کے ناپاک ہونیکی تفصیل ہم نے بہارشریعت حصّہ دوم کے ضمیمہ میں ذکر کی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

الجواب [۲] ۔ ولایتی رنگوں کے ناپاک ہونے کا کوئی ثبوت نہیں محض بعض لوگوں کا کہدینا کافی نہیں جب تک شرعی ثبوت نہ ہو۔ پھر اس رنگ میں ابتلاء عام ہے۔ عورتیں عموماً اس رنگ سے رنگے ہوئے کپڑے پہنتی ہیں اور انہیں نمازیں پڑھتی ہیں، کبھی کپڑے کا کونا چیز پانی وغیرہ میں پڑجاتا ہے کبھی بھیگا ہاتھ کپڑے پر لگتا ہے پھر اسی ہاتھ کو پانی میں ڈالتی ہیں اور چیزیں چھوتی ہیں۔ اگر اسکے ناپاک ہونے کا حکم دیا جائے تو نہ ان کی نماز ہو، نہ گھر کی چیزیں پاک رہیں، نہ کھانا اور پانی پاک رہے، سب ناپاک ہوجائیں۔ اسی طرح مرد بھی عمامہ وغیرہ اس رنگ سے رنگا استعمال کرتے ہیں، اور وضو کرتے وقت بھیگا ہاتھ سر پر مسح کرتے عمامہ سے لگاتے ہیں، پھر لوٹے کو چھوتے ہیں، اور دوسرے کپڑے کو ہاتھ لگاتے ہیں۔ اگر اس رنگ کے ناپاک ہونے کا حکم دیا جائے تو بڑی مشکل ہوگی۔ ایسی دشواری کے موقعہ پر شرع مطہر نے عموم بلویٰ کا اعتبار کیا ہے۔ لہٰذا اس کے ناپاک ہونیکا حکم نہیں دیا جاسکتا۔ اس مسئلہ کی کامل تحقیق اعلیحضرت قبلہ قدس سرہٗ نے اپنے رسالہ "اَلْاَحْلیٰ مِنَ السُّکَّرْ" میں فرمائی ہے۔ ——— واللہ تعالیٰ اعلم

الجواب [۳] ۔ زید کا قول بالکل غلط ہے اول تو وہ رنگ ناپاک ہی نہیں، اور ناپاک ہوتا بھی تو دھونے سے پاک ہوجاتا، وہ دھونے سے بھی نجس ہی رہے گا، اس کے کوئی معنی نہیں۔ درمختار میں ہے بل یطھر ماصبغ اوخضب بنجس بغسلہ ثلاثا والاولیٰ غسلہ الیٰ ان یصفوالماء۔ ——— واللہ تعالیٰ اعلم

الجواب [۴] ۔ ایسی حالت میں کہ جانور کے گرنے کا وقت معلوم نہ ہو کب سے نجاست کا حکم دیا جائے گا، دو قول ہیں:۔ ایکؔ یہ کہ تین دن تک کی نمازیں لوٹائی جائیں۔ اور تین دن کے اندر جس چیز کو یہ پانی لگا ہے وہ ناپاک ہے۔ دوؔ قول یہ ہے کہ جس وقت سے پھولا پھٹا ہوا جانور دیکھا گیا ہے اسی وقت سے ناپاک قرار دیا جائے۔ اس قول دوم میں آسانی ہے، لہٰذا اسی پر عمل ہے۔ پس جو پانی سقایہ وغیرہ میں بھرا جاچکا ہے یا جو لوگ گھروں کے لئے لیگئے ہیں، یا غسل، وضو کرچکے ہیں، ان کے جسم اور کپڑوں کے ناپاک ہونیکا حکم نہیں دیا جائے گا۔ درمختار میں ہے ویحکم بنجاستہا من وقت الوقوع ان علم والا فمذ یوم ولیلۃ ان لم ینتفخ ولم یتفسخ ومذ ثلثۃ ایام ولیالیہا ان انتفخ اوتفسخ استحسانا وقالا من وقت العلم فلا یلزمھم شیئ قبلہ قیل وبہ یفتیٰ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۷۰) مرسلہ عبدالغفور صاحب دفتر انجمن اشاعۃ الحق بنارس ۲ر شعبان المعظم ۶۱ھ۔

"عام استعمالی جوتا کا کیا حکم ہے پاک ہے یا ناپاک۔

الجواب ۔ استعمالی جوتا میں اگر نجاست نہ لگی یا لگی مگر اس نے پاک کرلیا یا اس کے علم میں نجاست لگنا نہیں ہے تو ان صورتوں

میں پاک ہے اور اگر اس کے علم میں یہ ہے کہ نجاست لگی تھی اور پاک نہیں کیا تھا تو ناپاک ہے۔ ———— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۷۱) از بہار پور معماران مرسلہ محمد رضا ۸ صفر ۶۶ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ مسجد کے غسل خانہ میں پیشاب یا پاخانہ امام مسجد کو یا عام نمازیوں کو کرنا درست ہے یا نہیں۔ اور فرش غسل خانہ پر لوٹا رکھنا کیسا ہے، لوٹا گندہ ہو یا نہیں۔

الجواب ۔غسل خانہ میں پیشاب کرنا مکروہ ہے، اور پاخانہ پھرنا بہت زیادہ برا۔ حدیث میں وارد ہوا لَا يَبُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ فِيْ مُسْتَحَمِّهٖ ثُمَّ يَغْتَسِلُ فِيْهِ اَوْ يَتَوَضَّأُ فِيْهِ فَاِنَّ عَامَّةَ الْوَسْوَاسِ مِنْهُ کوئی شخص نہانے کی جگہ پر پیشاب نہ کرے پھر وہاں غسل کرے اس سے اکثر وسوسے پیدا ہوتے ہیں ـــ دوسری حدیث میں ارشاد فرمایا اتقوا الملاعن الثلثة البراز فی الموارد وقارعة الطریق والظل تین چیزیں جو لعنت کی سبب ہیں ان سے بچو، گھاٹ پر پاخانہ پھرنا اور بیچ راستہ میں اور سائے میں جہاں لوگ اٹھتے بیٹھتے ہیں۔ وجہ ممانعت ولعنت ان جگہوں میں پاخانہ پھرنے کی یہ ہے کہ لوگوں کے لئے یہ تکلیف وایذا کا سبب ہے اور ظاہر ہے کہ غسل خانہ میں پاخانہ پھرنے سے مصلیوں کو کس قدر ایذا پہنچے گی۔ اس حدیث کے تحت مرقات شرح مشکوٰۃ میں فرمایا: قوله الملاعن الخ ای مجالب اللعن لان اصحابها یلعنهم المار لفعلهم القبیح او لانهم افسد واعلی الناس منفعتهم فکان ظلما وکل ظلم ملعون۔

اگر غسل خانہ کا فرش پاک ہے تو اس پر لوٹا رکھ سکتے ہیں، ورنہ نہیں ———— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۷۲) ٹاٹ پر بچہ نے پیشاب کر دیا اس کو خوب طرح سے تین مرتبہ پانی بہا کر دھو دیا گیا، وہ پاک ہو گیا؟

الجواب ۔ ٹاٹ اگر پتلا ہے جو نچوڑنے کے قابل ہے تو تین بار دھونے اور اچھی طرح نچوڑنے سے پاک ہو جائے گا۔ اور اگر موٹا ہے کہ نچوڑنے کے قابل نہیں تو دھو کر اُسے لٹکا دے کہ کل پانی ٹپک جائے۔ جب پانی ٹپکنا موقوف ہو جائے، پھر دھو کر لٹکا دیں، اسی طرح تین مرتبہ کرنے سے پاک ہو جائے گا (تنبیہ اوہاڑوی علیہ الرحمۃ کی نماز کی کتاب میں بھی ایسے ہی ہے) ———— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۷۳) مرسلہ منشی عبد الرزاق خانصاحب حیرت از بمبئی چھتری سورنگ محلہ ڈاکخانہ ۹۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین وفقہائے شرع متین اس صورت میں کہ ہمیشہ زید کی یہ عادت رہی ہے کہ بلا کسی مرض کے تین یا پانچ یا سات ڈھیلوں سے استنجا خشک کر لیتا ہے اور استبرا بھی کرتا ہے مگر جب پانی سے استنجا کرتا ہے تو ضرور پیشاب کے دو چار قطرے آہی جاتے ہیں پھر مٹی کے بعد پانی سے استنجا کرے تب بھی دو چار قطرے آجاتے ہیں، ہاں اگر پانی سے استنجا اور متصلاً مٹی یا کپڑے سے استبرا کیا تو مطلقاً قطرے آنا بند ہو جاتے ہیں، تو کیا ایسی صورت میں زید پہلے پانی سے اور بعد میں مٹی سے طہارت حاصل کر سکتا ہے، اور جمع بین الماء والحجر کی

فضیلت پاسکتا ہے، اور بلا کراہت اسکی امامت درست ہوسکتی ہے۔ بینوا توجروا بالثواب۔

الجواب ۔ ڈھیلے استنجا سنّت ہے، اور ڈھیلے کے بعد پانی سے طہارت کرنا افضل جبکہ مخرج سے نجاست ایک درم سے زیادہ تجاوز نہ کر گئی ہو، ورنہ دھونا واجب ہے، اور جب زید کی حالت یہ ہے کہ اگرچہ استنجا و استبرا کرلیتا ہے، پھر بھی پانی کے بعد قطرے آجاتے ہیں، تو پانی سے طہارت کا اس کے لئے کوئی محصل نہ رہا، اور اسکے لئے اس تکلیف کی کچھ حاجت نہیں کہ ڈھیلے پھر پانی سے طہارت کرے، پھر ڈھیلے لے، اور جب یہ عذر موجود ہے تو اس سے افضلیت کا مطالبہ بھی نہیں، ہاں اگر نجاست علاوہ مخرج درم سے زائد پھیلی ہوئی ہے تو اس وقت ضرور پانی سے دھوئے کہ ڈھیلے سے طہارت نہ ہوگی، اور دھونے کے بعد ڈھیلے وغیرہ سے قطرات سکھالے۔ درمختار میں ہے والغسل بالماء بعدہ ای الحجر بلا کشف عورۃ عند احد سنۃ و یجب ای یفرض غسلہ ان جاوز المخرج نجس مانع ویعتبر القدر المانع لصلاۃ فیما وراء موضع الاستنجاء اھ ملتقطا ۔ اور اسکی امامت میں کوئی کراہت نہیں کہ کراہت ترک سنّت سے ہوتی ہے، اور پانی لینا صرف افضل ہے، نہ کہ سنّت اور یہ مستحب بھی بیرون نماز ہے، نہ کہ داخل نماز، اور اس کا ترک مع العذر ہے نہ کہ بلا عذر۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۴۷) مسئولہ جعفر احمد بنگالی طالب علم مدرسہ مظہر اسلام مسجد بی بی جی بریلی شریف۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید یعنی پیش امام شرم کے مارے راستہ میں پیشاب نہیں کرتے ہیں لہذا غسلخانہ میں پیشاب کرتے ہیں بعد کو پانی بہادیتے ہیں۔ آیا زید کے لئے یہ فعل شرعاً جائز ہے یا نہیں، جواب سے مشکور فرمائیں۔

الجواب ۔ غسلخانہ میں پیشاب کرنا مکروہ ہے، حدیث میں اسکی ممانعت آئی اور اسکی وجہ سے نہانے والوں کو وسوسہ پیدا ہوتا ہے۔ حدیث میں ارشاد فرمایا لا یبولن احدکم فی مستحمہ ثم یغتسل فیہ او یتوضأ فیہ فان عامۃ الوسواس منہ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۷۵) مسئولہ حضرت مولٰنا مولوی سید محمد میاں صاحب از مارہرہ مطہرہ ۲۲ ربیع الاول شریف ۱۳۴۳ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ بدن میں قدر مانع بلکہ اس سے زائد نجاست حقیقیہ لگی ہے، اور دھونے سے مرض بڑھنے کا اندیشہ ہے تو نماز کیسے پڑھے، اس کا کوئی جزئیہ نظر میں ہو تو لکھا جائے، اور آیا تیمم غسل نجاست حقیقیہ کا بھی ہوسکتا ہے یا نہیں بینوا توجروا۔

الجواب ۔ اگر پانی سے دھونا مضر ہو، مگر اور کسی چیز سے اس کا ازالہ مضر نہ ہو، مثلاً دوا کا جوشاندہ یا سرکہ یا کوئی عرق تو ان سے ازالہ کرلیا جائے، کہ نجاست حقیقیہ کی طہارت کے لئے پانی ہونا ضروری نہیں، بلکہ ازالہ درکار ہے، چاہے وہ کسی مزیل سے ہو اور یہ بھی نہ ہوسکے کہ مرض بڑھنے کا ظن غالب ہے، اگرچہ پانی کے سوا کسی اور شئی سے زائل کرے تو مجبوری اور عفو ہے، یہاں تک کہ اوروں کے سامنے

ستر کھولنا بھی عفو کے لئے عذر ہے۔ عالمگیری میں ہے تطهير النجاسة من بدن المصلى وثوبه والمكان الذى يصلى عليه واجب هذا اذا كانت النجاسة قدر ما لا تعاد امكن ازالتها من غير ارتكاب ما هو اشد حتى لو لم يتمكن من ازالتها الا بابداء عورته للناس يصلى معها لو ابدأها للازالة فسق هكذا فى البحر۔ تیمم صرف نجاست حکمیہ کا مزیل ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

کتاب الصلوٰۃ

مسئلہ (۷۶) مسئولہ جناب عبدالعزیز صاحب از ٹانڈہ ضلع فیض آباد ۲۸ رجب ۱۳۳۱ھ۔

ایک مسلمان عمداً نماز قضا کرتا ہے، اور باقی افعال بہت اچھے ہیں یعنی جھوٹ بولنا، غیبت کرنا، زنا کرنا، اور بُرے کاموں سے پرہیز کرتا ہے، تو اب یہ شخص اسلام سے خارج ہوا یا نہیں، بینوا توجروا۔

الجواب ۔ جو شخص قصداً ترک نماز کرے، وہ بعض صحابہ وائمہ کے نزدیک کافر ہے، اور بعض احادیث کے ظاہر سے یہی مستفاد اور اصح یہ ہے کہ کافر نہیں، مگر فاسق فاجر مرتکب اشد کبیرہ مستحق نار وغضب جبار ہے، تارک صلوٰۃ کے بارے میں بکثرت آیات واحادیث میں نہایت شدید وعیدیں وارد ہیں، وہ فوراً توبہ کرے، اور نماز کی پابندی اپنے اوپر لازم کرے، اور جلد سے جلد فوت شدہ نمازیں قضا کرے، کہ موت کا وقت معلوم نہیں، اور روز قیامت سب سے پہلے اسی کا حساب دینا ہوگا، حدیث میں فرمایا اول ما یحاسب به العبد يوم القيامة الصلوٰة ۔ مسلمانوں پر لازم ہے کہ ایسے کو تنبیہ کریں، اور نمازی بنانے کی کوشش کریں، ــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۷۷) مسئولہ عبدالحمید طالب علم مدرسہ منظر اسلام ۱۲ ربیع الآخر ۱۳۴۳ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ جو شخص نماز نہ پڑھے باوجودیکہ اس سے نہایت عاجزی وانکساری سے کہا جائے اور اس پر بھی نہ پڑھے، اسکے واسطے شرع شریف کا کیا حکم ہے۔

الجواب ۔ جو ایک وقت کی نماز قصداً ترک کرے وہ فاسق، گنہگار، مستحق عذاب نار وغضب جبار ہے، نہ کہ وہ جو بالکل پڑھتا ہی نہ ہو، شرعی جو سزا اسکے لئے ہے، وہ یہاں کون دے، اسکی سزا قید ہے، یہانتک کہ سچی توبہ کرے یا قید ہی میں مرجائے، اور امام شافعی وامام مالک وامام احمد بن حنبل رضی اللہ تعالیٰ عنہم یہ فرماتے ہیں کہ جو ایک وقت کی بھی چھوڑے قتل کر دیا جائے۔ درمختار میں ہے:۔

وتاركها عمداً مجانةً فاسق يحبس حتى يصلى وقيل يضرب حتى يسيل منه الدم وعند الشافعى يقتل بصلوٰة واحدة

ردالمحتار میں ہے: وکذا عند مالک واحمد۔ اب مسلمان اتنا تو کرسکتے ہیں کہ اُس سے میل جول ترک کردیں، نہ اپنے پاس اُسے بیٹھنے دیں نہ اُس کے پاس خود بیٹھیں جب عاجزی سے کہنے پر وہ توجہ نہیں کرتا تو جہاں تک سختی برت سکتے ہوں برتیں تاوقتیکہ توبہ نہ کرے، اُس کے ساتھ یہی معاملہ جاری رکھیں ـــــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۷۸) مسئولہ عبدالرحمٰن　　ازشہر کہنہ ۲۰ رجادی الاولیٰ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین وشرع متین اس مسئلہ میں کہ سورج نکل آیا تھا مگر دھوپ اچھی طرح سے نہیں پھیلی تھی، زید مسجد میں بیٹھا ہوا کچھ وظیفہ پڑھ رہا تھا کہ اتنے میں دو لڑکے نوعمر جنکی عمر تخمیناً ایک کی ۱۴ سال دوسرے کی ۱۸ سال ہوگی، اُنھوں نے سقایہ سے پانی لیکر وضو کرنا شروع کیا اور قہقہہ مارتے جاتے تھے، اور یہ کہتے جاتے تھے کہ ایک جوڑنے پڑھا تو مگر اُسکی آواز ملی نہ دوسرے کی خیر تیسرے کی کچھ ملتی تھی مگر ہمارا تمھارا گلا خوب ملا، تو میں نے جلکر اُن سے کہا کہ تمھارے اوپر افسوس کرتا ہوں کہ وہ منبر جس پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر کیا جائے اُس پر لوگ جاکر بیٹھتے ہیں بے وضو، اور نماز تک نہیں پڑھتے ہیں اور پھبکیاں اڑاتے ہیں، گلا ملانے اور آواز ملانے کی تاکید کررہے ہو، کیا تم کو نماز کی ہدایت نہیں ہے، تم کو شرم نہیں آتی کہ اب قضا نماز پڑھنے آئے ہو کبھی پڑھی کبھی نہ پڑھی۔ اور میلاد شریف پڑھنے کے لئے منبر پر جا بیٹھتے ہو، ان سے یہ الفاظ اس لئے کہے گئے تاکہ ان کو شرم معلوم ہو اور یہ نماز کے پابند ہوجائیں۔ اگر یہ میرا اعتراض شرع کے خلاف ہے اور جو حکم ہو اس سے زید توبہ کرنے کے لئے تیار ہے، اُنھوں نے یہ بھی کہا کہ ہم جو چاہیں وہ کریں زید نے یہ کہا کہ میں دس پانچ مرتبہ کہہ چکا ہوں کہ تم صبح کی نماز قضا پڑھتے ہو اور تمھارے والد نے بھی یہ کہا کہ تم آٹھ بجے اٹھتے ہو اور اب تم کو کیا غرض یہ بھی میں نے کہا تھا کہ بہت سے لوگ ایسے ہیں جو سود دیتے ہیں اور جوا کھیلتے ہیں اور شراب پیتے ہیں اور زنا بھی کرتے ہیں، ان میں اور ہنود میں کیا فرق ہے، ایسے آدمیوں کی ہم کو کیا ضرورت ہے، جو ہم دعا مانگیں اور کہتے یہ ہیں کہ ہم سنّی ہیں۔ بینوا توجروا

الجواب ۔ بلاعذر شرعی ایک وقت کی بھی نماز قضا کردینا سخت کبیرہ گناہ ہے، اور تارک نماز شرعاً مستحق سزا ہے، اور فاسق وفاجر ہے، ایسے کو منبر کو بیٹھانا حرام، اس سے میلاد پڑھوانا گناہ، اور سننا ناجائز۔ مجلس خیر اُس سے پڑھوائیں جو فاسق وفاجر نہ ہو۔ اگر انھیں معلوم ہے کہ دیر کرکے سونے سے صبح کی نماز قضا ہوجائے گی، تو جلد سورہے بلاوجہ دیر تک نہ جاگے۔ اور مسجد میں قہقہہ لگانا اور فضول باتیں کرنا بھی ناجائز ہے، زید نے جو انھیں نماز کی ہدایت کی بہت اچھا کیا امر بالمعروف واجب ہے قال اللہ تعالیٰ تَامُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ۔ گناہ کرنے[۱] سے آدمی کافر نہیں ہوتا نہ سنّی ہونے سے خارج ہوتا ہے، مگر بے نماز مسلمان گویا تصویر بے جان ہے، ایسے کے لئے

---

[۱] سود دینے والا جوا کھیلنے والا شراب پینے والا زنا کرنے والا، بدترین فاسق فاجر ہے مگر کافر نہیں۔ جس نے یہ کہا ان میں اور ہنود میں کیا فرق ہے وہ توبہ کرے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ امجدی

دعا جائز ہے، خصوصًا یہ دعا کہ خدا انھیں ہدایت دے اور عمل خیر کی توفیق دے۔　　　واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۷۹) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ لڑکے اور لڑکی پر کس عمر میں روزہ نماز فرض ہوتی ہے۔

الجواب ـ روزہ نماز فرض اس وقت ہوں گے جب یہ بالغ ہو جائیں، اس کے لئے عمر کی تحدید نہیں بلکہ فرضیت میں بلوغ کا اعتبار ہے، لڑکی کم از کم نو سال میں بالغ ہو سکتی ہے اور لڑکا کم از کم بارہ سال میں، اور دونوں کی اکثر مدت بلوغ پندرہ سال ہے، یہ حکم فرضیت کا ہے، اور نماز پڑھنے کا حکم انھیں اس وقت سے کیا جائے جب سات سال کی عمر ہو جائے، حدیث میں فرمایا مُرُوْا صِبْیَانَکُمْ بِالصَّلٰوۃِ اِذَا بَلَغُوْا سَبْعَ سِنِیْنَ وَاضْرِبُوْھُمْ عَلَیْھَا اِذَا بَلَغُوْا عَشَرَ سِنِیْنَ[۵] یعنی سات برس کے ہو جائیں تو انھیں نماز کا حکم دو، اور دس برس کے ہو جائیں تو مار کر پڑھواؤ اور روزہ کے متعلق ان کے جسم و جثہ کا لحاظ کرے جب وہ اس حد کو پہنچ جائیں کہ روزہ کی طاقت انہیں آجائے تو روزہ رکھوانا شروع کردیں۔　　　واللہ تعالیٰ اعلم ۱۳۴۹ھ

مسئلہ (۸۰) مرسلہ غلام محی الدین صاحب تہر پالی مارواڑ و نیاز محمد ٹوپی ساز پالی مارواڑ ۲۳ جامع مسجد ۳ جمادی الاولیٰ

علمائے دین و مفتیان شرع متین اس حدیث کے متعلق کیا فرماتے ہیں، آیا یہ حدیث صحیح ہے اور سند کے ساتھ ہے یا ضعیف ہے۔ یا اس حدیث کی کوئی اصل ہی نہیں، حدیث یہ ہے:-

"روی ان النبی جلس یومًا مع اصحابہ فجاء شاب من العرب الی باب المسجد وھو یبکی فقال ما یبکیک یا شاب فقال یا رسول اللہ مات ابی ولیس لہ کفن ولا غاسل فامر النبی ابابکر وعمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فذھب الی المیت فرأیاہ مثل الخنزیر الاسود فرجعا الی النبی علیہ السلام فقال رأیناہ مثل الخنزیر الاسود یا رسول اللہ فقام الی الجنازۃ فدعا فصار المیت علی صورتہ الاولیٰ وصلی علیہ الصلوٰۃ وارادوا الدفن فرأوہ کالخنزیر الاسود فقال یا شاب ای عمل کان یعمل ابوک فی الدنیا فقال کان تارک الصلوٰۃ فقال یا اصحابی انظروا حال من ترک الصلوٰۃ یبعثہ اللہ یوم القیٰمۃ مثل الخنزیر الاسود نعوذ باللہ تعالیٰ منہا۔ (ترجمہ) روایت ہے کہ جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک روز اپنے اصحاب کو لیکر بیٹھے تھے کہ ایک جوان عرب روتا ہوا دروازہ مسجد پر آیا، حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے جوان تو کیوں روتا ہے، اس نے کہا میرے والد نے وفات پائی اور ان کو کفن اور غسل دینے والا کوئی نہیں ہے

---

[۵] رواہ ابو داؤد عن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ - امجدی

حضرت رسول مقبول نے حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو حکم دیا، پس یہ دونوں مُردے کے پاس گئے، اور کیا دیکھتے ہیں، وہ مثل کالے سُوَر کے ہے، پس دونوں حضرت کے پاس لوٹ آئے، اور کہا کہ نہیں دیکھا ہم نے اسکو مگر مثل کالے سؤر کے، یا رسول اللہ۔ پس حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے جنازہ کے پاس کھڑے ہو کر دعا مانگی، پس وہ مُردہ اصل صورت پر ہوگیا۔ پھر حضرت نے اس کے جنازہ کی نماز پڑھی۔ لوگوں نے اس کو دفن کرنا چاہا، اتنے میں پھر وہ کالے سور کی طرح دکھائی دینے لگا۔ تب حضرت نے فرمایا کہ اے جوان تیرا باپ دنیا میں کیا کام کرتا تھا۔ جوان نے کہا بے نمازی تھا۔ پس حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے میرے اصحاب دیکھو حال بے نمازی کا، اُٹھائے گا اللہ اسکو قیامت کے دن کالے سور کی طرح، بحوالہ بہجۃ الانوار۔

یہ حدیث ایک واعظ صاحب پیر جی نے بیان کیا، اس پر ایک شخص نے کہا، کہ میرا عقیدہ تو یہ ہے کہ حضور آقا و مولیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جس کے لئے بھی دعا فرمائیں اس کا بیڑا پار ہے، ایسا نہیں ہوسکتا کہ حضور کے دعا کرنے سے ذرا سی دیر کے لئے وہ اصل صورت پر ہو پھر ویسی ہی اسکی شکل ہو جائے۔ علاوہ اس کے جس جنازہ کی نماز آقا و مولیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پڑھادیں اور وہ بدبخت ہی رہے، ایسا نہیں ہوسکتا۔ اس کے متعلق بالکل دلائل کے ساتھ جواب عطا فرمائیں۔ چونکہ ایسے لوگ وعظ کہہ کر لوگوں کو بدعقیدہ کرتے ہیں اللہ تعالیٰ آپ کو اجر عظیم دے۔ آمین، ثم آمین

الجواب۔ درۃ الناصحین میں یہ روایت بہجۃ الانوار کے حوالہ سے لکھی ہے، بہجۃ الانوار نہ یہاں ہے نہ اس کے متعلق مجھے یہ علم ہے کہ وہ کس مرتبہ کی کتاب ہے، کہ آیا اس میں صحیح روایات ہی کو لکھا ہے یا ہر رطب و یابس کو بلا امتیاز جمع کر دیا ہے۔ بہر حال یہ روایت نہ تو صحاح ستہ میں ہے، نہ اور کسی کتاب میں میری نظر سے گذری ہے۔ روایت میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مقدس کا واقعہ بتایا گیا اگرچہ تصریح نہیں ہے مگر الفاظ سے ظاہر یہی ہوتا ہے کہ مدینہ طیبہ کا واقعہ ہے، اور ظاہر یہ بھی ہے کہ وہ شخص صحابی ہوگا۔ پھر یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ صحابی ہو کر کیسے تارک الصلوٰۃ ہوگا جبکہ منافقین بھی اس زمانہ کے نماز پڑھا کرتے تھے بلکہ جماعت میں بھی حاضر ہوا کرتے تھے۔ صحیح مسلم شریف میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے، وہ فرماتے ہیں لقد رأیتنا وما یتخلف عن الصلوٰۃ الا منافق قد علم نفاقہ او مریض ان کان المریض یمشی بین رجلین حتی یاتی الصلوٰۃ۔ میں نے دیکھا یعنی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ میں کہ نماز سے پیچھے نہ رہ جاتا مگر وہ منافق جس کا نفاق معلوم تھا یا بیمار اور مریض جو دو شخصوں کے درمیان چل کر نماز کو آتا۔ لہٰذا کسی صحابی کی نسبت تارک صلوٰۃ ہونے کا وہم نہیں کیا جاسکتا خصوصاً جبکہ تمام اہلسنت اس بات پر متفق ہیں کہ الصحابۃ کلھم عدول و ثقات سب صحابہ عادل و ثقہ ہیں۔ اور ترک نماز گناہ کبیرہ ہے اور گناہ کبیرہ کے ارتکاب سے عدالت

جاتی رہتی ہے اگر کسی صحابی یا صحابیہ سے کوئی کبیرہ ہوا بھی ہے تو انھوں نے توبہ کرلی ہے، جیسا کہ حضرت ماعز اسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ جن کے لیے حضور نے ارشاد فرمایا کہ جنت کی نہروں میں غوطے لگا رہا ہے۔ اور عورت غامدیہ کے متعلق ارشاد فرمایا کہ اس نے ایسی توبہ کی کہ اگر تمام مدینہ والوں پر تقسیم کیا جائے تو سب کے لئے وسیع ہوجائے۔ یا عورت مخزومیہ کی نسبت حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ حسنت توبتھا اسکی توبہ اچھی ہوئی۔ پھر بڑی بات اس روایت میں یہ ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دعا سے اسکی صورت ٹھیک ہوگئی مگر نماز جنازہ کے بعد جب دفن کا ارادہ کیا تو پھر خنزیر کی شکل ہوگئی۔ اگر حضور کی دعا مقبول ہوئی اور اسکی حالت اچھی ہوگئی، پھر نماز کے بعد وہی حالت پیدا ہوگئی، اس کے کوئی معنیٰ نہیں، کیونکہ نماز جنازہ میں سب کے لئے دعائے مغفرت کیجاتی ہے۔ چاہئے تو یہ کہ بعد نماز جنازہ اور بہتر حالت ہوتی نہ کہ صورت جو مسخ ہوگئی تھی اور دعا سے یہ عذاب مسخ اٹھا لیا گیا، پھر اسی عذاب میں مبتلا کر دیا گیا۔ اللہ تعالیٰ جس بندے سے عذاب اٹھائے اسکو پھر اسی عذاب میں مبتلا نہیں کرتا۔

بالجملہ اگر یہ روایت سند سے مروی ہوتی تو سند دیکھکر حکم لگایا جاتا کہ کیسی ہے، مگر اصول مذہب کے بظاہر خلاف ہے لہٰذا قابل اعتبار نہیں۔ ——— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۸۱) از دھوراجی کاٹھیاوار مرسلہ احمد عبد الشکور مرسلہ عبد الغفار ۱۶ر شوال ۶۲ھ۔

حدیث اربعین نمبر ۱۳ قال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من اعان تارک الصلوٰۃ بشیٔ و فکانما زنیٰ بامہ الف مرات۔ حدیث نمبر ۱۴ قال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من اعان تارک الصلوٰۃ بلقمۃ واحدۃ من طعام او شربۃ من ماء فکانما ھدم الکعبۃ بیدہ الف مرات۔ حدیث نمبر ۱۵ قال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من اعان تارک الصلوٰۃ لو بکلمۃ واحدۃ فکانما قتل الانبیاء جمیعا اولھم آدم علیہ السلام واٰخرھم محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

عرض یہ ہے کہ یہ حدیثیں صحیح ہیں یا غلط، اگر صحیح ہیں تو اس کا کیا مطلب ہے، یہ اکثر مسجدوں میں چھپوا کر لگاتے ہیں اس پر عمل کرنا چاہئے یا نہیں۔ صاف وضاحت کے ساتھ جواب تحریر فرمائیں۔

الجواب - یہ احادیث جو سوال میں مذکور ہیں، کتب صحاح اور ان کے علاوہ بھی دیگر کتب متداولہ میں میری نظر سے نہیں گذریں، معلوم نہیں یہ اربعین کس کی ہے اور اس کتاب والے نے ان حدیثوں کو کس کتاب سے نقل کیا ہے، بظاہر ان پر وضع کے آثار نمایاں معلوم ہوتے ہیں، مگر تحقیق کے ساتھ میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ یہ موضوع حدیثیں ہیں ——— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۸۲) مرسلہ حاجی عبداللطیف الیوب صاحب ۵ رجب ۱۳۴۲ھ۔

"مدینہ طیبہ کے سفر میں بعض وقت بمجبوری قافلہ نہ ٹھہرنے کی وجہ سے ظہر وعصر اور مغرب وعشاء ملا کر پڑھنا جائز ہے، یہ صرف مدینہ طیبہ کے لئے یا ہر کہیں جہاں قافلہ چھوٹ جانے اور خوف کے مقام پر دو دو نمازیں ملا کر پڑھنا جائز ہے یا نہیں۔ مثلاً ریل چلنے میں عصر کا وقت ہے اور معلوم ہے کہ مغرب تک نہ ٹھہرے گی، تو اس عصر کو مغرب کے ساتھ پڑھ سکتے ہیں یا نہیں۔

الجواب۔ ہمارے مذہب میں جمع بین الصلاتین جائز نہیں اگر ممکن ہو تو مذہب سے خروج نہ کیا جائے اور مدینہ طیبہ کے راستہ میں بعض دفعہ مجبور ہونا پڑتا ہے، اس مجبوری کے وقت مذہب غیر پر عمل کرے، اور اگر کہیں ایسی ہی مجبوری لاحق ہو تو وہاں بھی اس پر عمل کر سکتے ہیں، ریل پر[عہ] جب وقت جاتا دیکھیں تو چلتی گاڑی میں پڑھ لیں پھر ٹھہرنے کے بعد پڑھیں۔　　واللہ تعالیٰ اعلم

عہ چلتی ریل گاڑی پر فرائض واجبات اور سنت فجر صحیح نہیں، جیسے چلتے ہوئے چھکڑے پر یا چلتی ہوئی کشتی پر جبکہ کشتی سے اتر کر خشکی پر نماز پڑھنا ممکن ہو۔ اسکی علت یہ ہے کہ نماز صحیح ہونے کے لئے قرار علی الارض شرط ہے۔ لہٰذا جن صورتوں میں قرار نہ ہو نماز درست نہیں۔ فتح القدیر میں ہے وفی الایضاح وان کانت موقوفۃ فی الشط وھی علی قرار الارض فصلے قائما جاز لانہا اذا استقرت علے الارض فحکمہا حکم الارض۔ فان کانت مربوطۃ ویمکنہ الخروج لم تجز الصلوٰۃ فیہا لانہا اذا لم تستقر فھی کالدابۃ اھ۔ بخلاف ما اذا استقرت فانہا کالسریر بحرالرائق میں ایضاح سے اسے نقل فرما کر لکھا واختارہ فی المحیط والبدائع۔ درمختار میں ہے، ولو صلی علی دابۃ فی شق محمل وھو یقدر علی النزول بنفسہ لا تجوز الصلوٰۃ علیہا اذا کانت واقفۃ (وفی الشامیۃ تحتہا) وکذا الو سائرۃ بالاولی (الا ان تکون عیدان المحمل علی الارض بان رکز تحتہ خشبۃ (وفی الشامیۃ)، وھذا لو بحیث یبقی قرار المحمل علی الارض لا علی الدابۃ فیصیر بمنزلۃ الارض زیلعی۔ فتصح الفرضیۃ فیہ قائما کما فی نور الایضاح) واما الصلوٰۃ علی العجلۃ ان کان طرف العجلۃ علی الدابۃ وھی تسیر او لا تسیر فھی صلاۃ علی الدابۃ (وفی الشامیۃ) اما اذا کانت تسیر فظاھر واما اذا کانت لا تسیر وکانت علی الارض وطرفہا علی الدابۃ نفشکل لانہا فی حکم المحمل اذا رکز تحتہ خشبۃ فتکون کالارض۔ وقد یفرق بانہا اذا کان احد طرفیہا علی الارض والاخر علی الدابۃ لم یصر قرارھا علی الارض فقط بل علیہا وعلی الدابۃ بخلاف المحمل لانہ انما تصح الصلوٰۃ علیہ اذا کان قرارہ علی الارض فقط بواسطۃ الخشبۃ لا علی الدابۃ) وان لم یکن طرف العجلۃ علی الدابۃ جاز لو واقفۃ لتعلیلہم بانہا کالسریر ھذا کلہ فی الفرض والواجب بانواعہ وسنۃ الفجر۔ (وفی الشامیۃ) قولہ لو واقفۃ کذا قیدہ فی شرح المنیۃ ولم ارہ لغیرہ یعنی اذا کانت العجلۃ علی الارض ولم یکن شیئ منہا علی الدابۃ وانما لہا حبل مثلا تجرھا الدابۃ بہ تصح الصلاۃ علیہا لانہا حینئذ کالسریر الموضوع علی الارض ومقتضی ھذا التعلیل انہا لو کانت سائرۃ فی ھذہ الحالۃ لا تصح الصلاۃ علیہا بلا عذر۔ وفیہ تامل ——

ان ساری عبارتوں کا ماحصل یہ نکلا: کشتی اگر کنارے بندھی ہے، اگر زمین پر ٹکی ہے تو نماز فرض درست اور اگر ٹکی نہیں اور کشتی سے اتر کر خشکی پر نماز پڑھ سکتے ہیں تو نماز فرض درست نہیں۔ علت یہ بیان کی کہ قرار علی الارض نہیں۔ جانور پر محمل ہے، محمل میں نماز پڑھی نماز فرض نہ ہوئی جانور کھڑا ہو یا چل رہا ہو۔ ہاں اگر جانور کھڑا ہو اور محمل زمین پر ٹکی ہو تو درست، علت وہی قرار علی الارض۔ گاڑی جانور کھینچ رہا ہے اس کا کچھ حصہ زمین پر کچھ جانور پر ہے، نماز نہ ہوئی اسلئے کہ استقرار علی الارض نہ ہوا حتیٰ کہ جانور کھڑا ہو نماز نہ ہوئی اسلئے کہ پوری گاڑی زمین پر ٹکی نہیں کچھ زمین پر ہے کچھ جانور پر گاڑی کا کوئی حصہ جانور پر نہیں اگر گاڑی کھڑی ہے تو نماز درست، چل رہی ہے تو درست نہیں۔ سبب وہی قرار وعدم قرار جن صورتوں (ص۴۷۷ پر)

مسئلہ (۸۳) مرسلہ قاضی محمد عبد الرزاق صاحب از بانٹوہ کاٹھیاوار ۷ محرم الحرام ۱۳۴۳ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ ظہرین وعشائین کی ابتدا و انتہا کیا ہے، اور اسکی کراہیت کس وقت کے ساتھ خاص ہے اور سایہ اصلی جو ہر موسم میں تبدیل ہوتا ہے شریعت میں اسکی معین مقدار کیا ہے۔ اور عصر بوقت مثلین ادا کیجائے تو جائز ہے یا نہیں، مذہب حنفی کے مطابق جواب ہو۔ بینوا توجروا۔

الجواب - آفتاب ڈھلنے سے ظہر کا وقت شروع ہوجاتا ہے، اور جبتک علاوہ سایہ اصلی دو مثل سایہ نہ ہو ظہر کا وقت باقی رہتا ہے، اور جب دو مثل ہوگیا، عصر کا وقت آیا اور غروب تک عصر کا وقت رہتا ہے، ظہر کا وقت اول سے آخر تک بالکل اسمیں کوئی جز مکروہ نہیں، ہاں جاڑوں میں تعجیل مستحب ہے، اور گرمیوں میں تاخیر۔ سایہ اصلی نصف النہار کے وقت جو سایہ ہوتا ہے وہ ہے، اور موسم و بلد کے اختلاف سے مختلف ہوتا ہے، بلکہ بعض جگہ بعض موسم میں ہوتا بھی نہیں، جہاں جس روز جو سایہ اصلی ہو اسی کا اعتبار ہے، عصر کا وقت آفتاب زرد ہوجانے پر مکروہ ہوجاتا ہے علاوہ سایہ اصلی دو مثل ہونے پر اگر عصر کی نماز شروع کی گئی تو ہوگئی اور دو مثل سے قبل شروع کی تو نہیں ہوئی، مغرب کا وقت غروب آفتاب کے بعد سے شروع ہوتا ہے اور جبتک شفق ابیض غروب نہ کرے رہتا ہے۔ مگر ستاروں کے خوب نکل آنے پر مکروہ وقت ہوجاتا ہے اور بعد شفق ابیض وقت عشاء شروع ہوتا ہے، اور طلوع فجر تک رہتا ہے، مگر بعد نصف شب مکروہ ہے ـــــــــــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۴۶) میں زمین پر قرار ہے نماز صحیح، اور جن صورتوں میں زمین پر قرار نہیں نماز درست نہیں۔ رہ گیا حضرت علامہ شامی کا تأمل وہ خود ان کے ارشادات سے مندفع ہے۔ اس سے پہلے فرما چکے ہیں۔ انما تصح الصلوٰۃ علیہ اذا کان قرارہ علی الارض فقط۔ اس سے چند سطر پہلے فرما چکے ہیں بحیث یبقی قرار المحل علی الارض۔ ان ارشادات کا صاف و صریح مطلب یہی ہے کہ فرائض و واجبات کی صحت کیلئے قرار علی الارض لازم ہے۔ اور گاڑی جب چل رہی ہو تو قرار علی الارض تو دور ہے سرے سے قرار ہی نہیں۔ علاوہ ازیں۔ اس تأمل کے چند سطر بعد اس تأمل کی بنیاد خود ہی ڈھا دی فرماتے ہیں، والحاصل ان کلا من اتحاد المکان واستقبال القبلۃ شرط فی صلوٰۃ غیر النافلۃ عند الامکان لا یسقط الا بعذر۔ اور ظاہر ہے کہ گاڑی جب چل رہی ہو، تو مکان متحد نہیں اسلئے چلتی گاڑی میں فرائض، واجبات، سنت فجر صحیح نہیں۔ ہاں اگر وقت جا رہا ہو تو پڑھے بعد میں اعادہ کرے، کہ جہاں مجبوری من جہۃ العباد ہوتی ہے یہی حکم ہے۔ ایک شخص اپاہج ہے قیام، رکوع، سجدہ نہیں کرسکتا ہو اشارے سے نماز پڑھا اگر تندرست ہوجائے تو اعادہ نہیں۔ اور اگر کسی نے ہاتھ پاؤں باندھ دے تو حکم ہے کہ اشارہ سے نماز پڑھے، رہائی کے بعد اعادہ کرے۔ شامی میں ہے قولہ لا یعید ای فی سقوط الشرائط الارکان لعذر سماوی بخلاف ما لو کان من قبل العبد۔ درمختار میں ہے ثم ان نشاء الخوف بسبب عبد اعاد الصلوٰۃ والا لا لانہا سماوی اس کے تحت شامی میں ہے، وقع فی الخلاصۃ وغیرہ الاسیر منعہ العدو من الوضوء والصلوٰۃ یتیمم ویصلی بالایماء ثم یعید ـــ ریل گاڑی میں استقرار علی الارض کا فوت ہونا من جانب العباد ہے، اس لئے بدرجہ مجبوری نماز پڑھے، اور بعد میں اعادہ کرے، واللہ تعالیٰ اعلم ـ امجدی ـ

مسئلہ (۸۴) مسئولہ جناب ظہور الحق صاحب مدرس مدرسہ اسلامیہ موضع سجھورہ تحصیل کھیر ضلع علیگڈھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ اس شخص کے لئے کیا حکم ہے جو یہ عقیدہ رکھتا ہے اور عوام الناس کو سکھلاتا ہے کہ نماز جمعہ کا وقت دو بجے ختم ہوجاتا ہے اس کے بعد جمعہ نہیں ہو سکتا۔

الجواب - حنفیہ کے نزدیک جمعہ و ظہر دونوں کا وقت ایک ہے یعنی علاوہ سایہ اصلی دو مثل سایہ ہونے تک، ان بلاد میں ہمیشہ دو بجے کے بعد بلکہ تین کے بعد تک وقت رہتا ہے۔ بحر الرائق میں ہے (الجمعة كالظهر وقتا واستحبابا)۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۸۵) مسئولہ حاجی ایوب صاحب از ٹمرنی ضلع ہوشنگ آباد۔

عرفات میں ظہر و عصر اور مزدلفہ میں مغرب و عشاء ایک ساتھ جو پڑھنے کا حکم ہے کیا وہاں کی مقررہ مسجدوں میں جماعت کے ساتھ یہ حکم خاص ہے، یا اپنے اپنے ڈیرے میں بھی ساتھ پڑھی جا سکتی ہے، یا ہر ایک وقت کی نماز اپنے اپنے وقت میں جدا جدا۔

الجواب - عرفات میں وقت ظہر میں عصر پڑھنے کے لئے شرط یہ ہے کہ امام کے ساتھ پڑھے، اگر تنہا پڑھی یا اپنی جماعت الگ کی تو اب عصر کی نماز قبل وقت نہیں پڑھ سکتا، خواہ تنہا یا اپنی جماعت ڈیرے میں کی، یا مسجد میں۔ درمختار میں ہے شرط لهذا الجمع الامام الاعظم او نائبه۔ مزدلفہ کی مغرب وقت عشاء[ع] میں پڑھنے کے لئے یہ شرط نہیں ڈیرے میں پڑھی یا جماعت کے ساتھ بہر حال مغرب وقت عشاء میں پڑھی جائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۸۶) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ آفتاب نکلتے وقت جو کلام پاک پڑھنے کی ممانعت ہے آیا آفتاب نکلنے پر کتنا بلند ہوجائے تو شروع کرنا چاہئے، اگر پہلے سے پڑھ رہا ہو تو کتنی دیر تک انتظار کرے۔

الجواب - اوقات مکروہہ یعنی طلوع و غروب و استواء کے وقت قرآن کی تلاوت ممنوع نہیں بلکہ افضل و اولیٰ یہ ہے کہ ان اوقات میں تلاوت کو ترک کرے اور درود شریف وغیرہ اذکار میں مشغول ہو کہ ان اوقات میں انہیں اشتغال تلاوت میں اشتغال سے افضل ہے۔ درمختار میں ہے وفيه عن البغية الصلوٰة فيها على النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم افضل من قرأة القران وكانه لانها من اركان الصلوٰة فالاولىٰ ترك ماكان ركنا لها۔

ع درمختار میں ہے وخط العشائين باذان واقامة لان العشاء في وقتها لم تحتج للاعلام كما لاحتياج هنا للامام رد المحتار (تحتها) فلو صلاهما منفردا جاز۔ امجدی

یہ وقت مکروہ [ع] طلوع سے اسوقت تک ہے کہ آفتاب پر نظر خیرہ ہونے لگے جس کی مقدار تجربہ سے بیس منٹ ثابت ہوئی ہے، لہذا اتنی دیر تک تلاوت کو موقوف رکھنا افضل ہے ——— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۸۷) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ ایک جگہ یہ مسئلہ لکھا ہے کہ کسی نے نماز فجر کی نیت کی اور آفتاب نہیں نکلا تھا کہ سجدہ کر لیا اب دوسرے سجدہ کے وقت نکل آیا تو نماز ہوگئی اسی طرح عصر کی نماز ہے کہ آفتاب تھا اور نیت باندھ لی ایک سجدہ کے بعد آفتاب غروب ہوگیا، دوسرا سجدہ اسی حالت میں کیا، نماز ہوگئی لیکن قضا نمازوں کے بیان میں لکھا ہوا ہے کہ نماز فجر و جمعہ و عیدین کہ ان میں سلام سے پہلے بھی وقت نکل گیا تو نماز جاتی رہی۔ صحیح کیا ہے ؟

عہ یوہیں وقت مکروہ آفتاب کی آخری کرن غائب ہونے سے بیس منٹ پہلے سے شروع ہوجاتا ہے۔ استوار سے مراد صرف وقت زوال نہیں، بلکہ ضحوہ کبریٰ سے لیکر زوال تک پورا وقت مراد ہے ۔ درمختار میں ہے کرہ صلاۃ مطلقا مع شروق واستواء وغروب الاعصر یومہ ۔ قال الشامی قولہ مع شروق وما دامت العین لا تحار فیہا فھی فی حکم الشروق کما تقدم فی الغروب انہ الاصح بحر قولہ استواء التعبیر بہ اولیٰ من التعبیر بوقت الزوال لان وقت الزوال لا تکرہ فیہ الصلاۃ اجماعاً بحر ۔ عن الحلیہ ای لانہ یدخل بہ وقت الظہر کما مر ۔ وفی شرح النقایۃ للبرجندی قد وقع فی عبارات الفقہاء ان الوقت المکروہ ھو عند انتصاف النہار الی ان تزول الشمس ولا یخفیٰ ان زوال الشمس انما ھو عقیب انتصاف النہار بلا فصل وفی ھذا القدر من الزمان لا یمکن اداء الصلاۃ فیہ ——— فلعل المراد انہ لا یجوز الصلاۃ بحیث یقع جزء منہا فی ھذا الزمان او المراد بالنہار ھو النہار الشرعی وھو من اول طلوع الصبح الی غروب الشمس وعلی ھذا یکون نصف النہار قبل الزوال بزمان یعتد بہ ۔ اھ اسماعیل ونوح وحموی وفی القنیۃ واختلف فی وقت الکراھۃ عند الزوال فقیل من نصف النہار الی الزوال لروایۃ ابی سعید عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ نہی عن الصلاۃ نصف النہار حتی تزول الشمس قال رکن الدین الصباغی وما احسن ھذا لان النہی عن الصلاۃ فیہ یعتمد تصورھا فیہ اھ وعزی القہستانی القول بان المراد انتصاف النہار العرفی الی ائمۃ ماوراء النہر وبان المراد انتصاف النہار الشرعی وھو الضحوۃ الکبری الی الزوال الی ائمۃ خوارزم اھ اقول فی حدیث ابی سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ دلالۃ واضحۃ علی ان المراد ھہنا بنصف النہار نصف النہار الشرعی لان بین نصف النہار العرفی وزوال الشمس لیس زمان ممتد یکون فیہ غایۃ مُغیا انما یکون زوال الشمس بعد نصف النہار الشرعی متصلا بلا فصل فتعین ان یکون المراد فی الحدیث بنصف النہار ھو نصف النہار الشرعی یعنی الضحوۃ الکبریٰ ۔ وقد ترجح ھذہ لقول بقول رکن الدین الصباغی ما احسن ھذا ۔ وھذا من الفاظ الافتاء ۔ قال فی الرضویۃ ۔ ویؤیدہ ما فی الشامی عن الطحطاوی عن ابی السعود الحموی عن البرجندی عن الملتقط فی باب الکسوف انہا اذا انکسفت بعد العصر او نصف النہار دعوا ولم یصلوا ای لکراھۃ النفل فی الوقتین ووجہ التائید ظاہر لیس بخاف ۔ غرض جب علماء میں اختلاف ہے اور ایک امام اجل نے اس قول کو یہاں مراد نصف النہار شرعی ہے اکو ترجیح دی اور اس کے خلاف ترجیح منقول نہ ہوئی تو احتیاط اسی پر عمل کرنے میں ہے ——— طلوع صبح صادق سے غروب آفتاب تک جو وقت ہے اس کے نصف پر ضحوہ کبریٰ ہے۔ وقت مکروہ ضحوہ کبریٰ سے شروع ہوکر نصف النہار حقیقی تک رہتا ہے یعنی طلوع آفتاب سے غروب آفتاب تک جو وقت ہے اسکے نصف تک ۔ واللہ تعالیٰ اعلم ۔ امجدی

الجواب ۔ اگر نماز فجر میں آفتاب طلوع ہوگیا اگرچہ تشہد کے بعد نماز جاتی رہی پہلا مسئلہ صحیح نہیں مذہب حنفی کے خلاف ہے البتہ نماز عصر میں اگر آفتاب غروب ہو جائے تو نماز ہو جائے گی کہ اس نے نماز ناقص وقت میں شروع کی اور ناقص ہی ادا کی، تو جیسی شروع کی ویسی ہی ادا کی لہٰذا ہوگئی، بخلاف فجر کے تو اس کا کوئی وقت ناقص نہیں بلکہ سب کامل ہے تو اس نے کامل شروع کی اور کامل ہی اس پر واجب ہوئی اور اثنائے نماز میں آفتاب نکل آیا تو ناقص ادا ہوئی، لہٰذا جیسی واجب ہوئی تھی یعنی کامل ویسی اس نے ادا نہ کی اس وجہ سے نماز نہ ہوئی، اس قسم کے مسائل بہار شریعت دیکھ کر نکال لیا کیجئے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۸۸) مالابدمنہ باب الاوقات کے حاشیہ پر درج ہے کہ جمعہ کے روز استوارِ آفتاب کے وقت نماز پڑھنا جائز ہے کذا فی الاشباہ و درمختار شاید اسوقت انفال یا سنن پڑھنے کے لئے جواز ہے نہ نماز فریضہ لیکن مجمع المسائل حصہ اول مصنفہ اعلیحضرت بریلوی ص۱۳ اور اعلیحضرت کے ملفوظات حصہ اول میں وقت استوار بروز جمعہ نماز پڑھنا جائز لکھا ہے اور اشباہ کے مؤلف کے لئے لکھا ہے کہ وہ حاوی قدس تھے جنھوں نے حضرت یوسف سے روایت لکھی ہیں گویا وہ یوسفی ہوئے، لہٰذا احناف کے نزدیک بوقتِ استوارِ آفتاب بروز جمعہ نماز پڑھنا صحیح و معتمد ہے۔ دریافت طلب یہ ہے کہ مالابدمنہ میں حوالہ درمختار کا دیا ہے اور اعلیحضرت نے مجمع المسائل میں بھی درمختار کا حوالہ دیا ہے، لہٰذا درمختار دوبارہ ملاحظہ فرما کر اطلاع بخشیں کہ بوقت استوارِ آفتاب انفال پڑھنا درست ہے یا نہیں۔

الجواب ۔ مجمع المسائل اعلیحضرت کے فتاویٰ کا مجموعہ نہیں ہے غالباً یہ مولوی حشمت علی بریلوی نے اپنے فتاوے جمع کئے ہیں، درمختار میں بروز جمعہ وقتِ استوار نماز کا جائز ہونا امام ابو یوسف رضی اللہ عنہ کا قول قرار دیا اور اسی کو اصح اور معتمد کہا متن میں مطلقاً وقت استوار کو وقت کراہت لکھا۔۔۔۔اور صاحب درمختار نے امام ابو یوسف کے قول کا استثنار کرکے اسکی تصحیح کی، عبارت یہ ہے (واستواء) الا یوم الجمعة علی قول الثانی المصحح المعتمد کذا فی الاشباہ ونقل الحلبی عن الحاوی ان علیہ الفتویٰ۔ مگر اس تصحیح پر ردالمحتار میں اعتراض کیا ہے اعترض بان المتون والشروح علی خلافہ کہ متون اور شروح سب اسکے خلاف پر ہیں، لہٰذا اسکی تصحیح صحیح نہیں[عہ]۔ پس صاحب درمختار نے اگرچہ قول امام ابو یوسف رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی تصحیح کی کہ نوافل

عہ بلکہ صحیح و معتمد یہی ہے کہ وقت استوار جمعہ کے دن بھی نماز مکروہ ہے۔ شامی میں ہے لکن شراح الهداية انتصروا لقول الامام واجابوا عن الحديث المذكور باحاديث النهي عن الصلاة وقت الاستواء فانها محرمة واجاب في الفتح بحمل المطلق على المقيد وظاهره ترجيح قول ابي يوسف ووافقه في الحلية كما في البحر لكن لم يعول عليه في شرح المنية والامداد على ان هذا ليس من المواضع التي يحمل فيها المطلق على المقيد كما يعلم من كتب الاصول وايضا فان حديث النهي صحيح رواه مسلم وغيره فيقدم بصحته واتفاق الائمة على العمل به وكونه حاظرا ولذا منع علمائنا عن سنة الوضوء وتحية المسجد وركعتي الطواف ونحو ذالك (ص۵۱ پر)

وقت استواء میں جائز ہیں مگر قول مصحح و معتمد وہی قول امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کا ہے کہ بروز جمعہ مطلقاً وقت استواء میں نماز ممنوع ہے کہ قول امام ثانی کی تصحیح کا مدار حادی قدسی پر ہے اور حادی قدسی کے مصنف ہر جگہ قول امام ابو یوسف ہی کو اختیار کرتے ہیں، لہٰذا اس باب میں یہ تصحیح بلحاظ ان کے مذہب کے ہے ــــــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۸۹) مرسلہ جناب عبد الرحمٰن صاحب ولد عبد القادر متصل خانقاہ شریف محلہ برکت پورہ مالیگاؤں سٹی ضلع ناسک

۴ رجب ۱۳۵۵ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ بہار شریعت حصہ سوم ص ۱۸، ۱۷ میں عصر کے وقت کا بیان ہے، کہ فلاں ماہ فلاں ہفتہ میں اتنے بجکر اتنے منٹ تک عصر کا وقت رہتا ہے۔ جناب مولٰنا صاحب اسمیں "ان بلاد" کا لفظ لکھا ہے "تو ان بلاد میں کون کون شہر داخل ہیں، اور کون کون خارج یا اس سے کل ہندوستان مراد ہے۔

الجواب۔ ان بلاد سے مراد بریلی اور اسکے قریب کے دوسرے شہر یا وہ شہر و اضلاع جن کا عرض البلد بریلی کے برابر یا کچھ کم و بیش ہے۔ ــــــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۹۰) از بمبئی گول پیٹھا اسلام پورہ اسٹریٹ للو بھائی دیوی داس کی چال پہلا مالہ مرسلہ اسمٰعیل ابن الغفور ۱۲ رجب ۱۳۶۰ھ

"وہ جگہ کونسی ہے جہاں لوگوں کو عشاء کی نماز نہیں ملتی ہے۔ مغرب کی نماز پڑھکر فارغ ہوتے ہیں اور سورج طلوع ہو جاتا ہے۔

الجواب۔ جہاں غروب آفتاب اور طلوع آفتاب میں صرف اتنا وقفہ ہو کہ مغرب کی نماز پڑھ لی جائے، وہاں نہ آبادی ہے، نہ وہاں انسان رہ سکتا ہے، ہاں وہ جگہیں جہاں شفق ڈوبتے ہی فجر طلوع کر آئے یا دونوں میں چند منٹ کا فاصلہ ہو ایسی بہت سی جگہیں ہیں۔ بلغار[عہ] میں ایسا ہوتا ہے، اور لندن میں بعض دنوں میں ایسا ہوتا ہے ــــــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

(حاشیہ ص ۵۰ عہ) فان الحافظ مقدم علی المبیح۔ اعلیٰحضرت قدس سرہٗ کے الملفوظ میں یہ منقول ہے کہ فرمایا، ہاں صحابۂ نوافل اسی حدیث (جمعہ کے دن جہنم بھڑکایا نہیں جاتا) کی بنا پر امام ابو یوسف رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے روز جمعہ وقت زوال کراہت نہ مانی۔ اشباہ میں اسے صحیح و معتمد رکھا، مگر یہ حادی قدسی سے ہے۔ میرا تجربہ ہے کہ صاحب حادی یوسفی المذہب ہیں ہر جگہ قول امام ابو یوسف کو ہی لافظ کہتے ہیں۔ ہمارے امام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مذہب جس پر تمام متون و شروح ہیں۔ اطلاق منع ہے اور یہی صحیح و معتمد ہے، لہٰذا سائل کا یہ لکھنا کہ ملفوظات حصہ اول میں وقت استواء روز جمعہ نماز پڑھنا جائز لکھا ہے، غلط ہے۔ اس کا امکان ظاہر ہے کہ سائل دنا، لکھنا رہ گیا ہو۔ وہ لکھنا چاہتا تھا "ناجائز" اور لکھ گیا "جائز"۔

واللہ تعالیٰ اعلم ــــــــــ امجدی

عہ درمختار میں ہے وفاقد وقتہما کبلغار، فان فیہا یطلع الفجر قبل غروب الشفق فی اربعینیۃ الشتاء۔ قال محشیہ الشامی صوابہ فی اربعینیۃ الصیف۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ امجدی

مسئلہ (۹۱) مرسلہ عبدالحکیم خاں صاحب جمعدار ساکن چھاؤنی بلارم دکن رسالہ ۳ کیولری ۲۶ رشوال ۱۳۴۱ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ جس وقت حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام مبارک آتا ہے تو انگوٹھے جو چومتے ہیں، کیسا ہے۔

الجواب - جب اذان میں مؤذن اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ کہے تو مستحب ہے کہ سننے والا انگوٹھوں کو بوسہ دے، ردالمحتار میں ہے وفی کتاب الفردوس من قبّل ظفری ابهامیه عند سماع اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ فی الاذان انا قائده ومدخله فی صفوف الجنة۔ اور مسئلہ کی تحقیق تام رسالہ منیر العین میں ہے۔ وھو تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۹۲) کیا فرماتے ہیں علمائے دین وخلیفہ مرسلین مسائل ذیل میں کہ :-

(۱) ۔ اگر کوئی شخص بہ نیت ثواب صحیح طریقے سے اذان اور تکبیر کہہ سکتا ہے، لیکن کچھ نمازی یونہی یا اور کسی وجہ سے مانع ہوں، تو کیا یہ شخص اذان اور تکبیر کہنے پر مُصر ہو سکتا ہے ؟

(۲) ۔ ڈاڑھی منڈانے والا یا نابالغ بلند آواز اور صحیح طریقے سے اذان اور تکبیر ادا کرتا ہے۔ تو دے سکتا ہے یا نہیں۔

الجواب - جب یہ شخص ثواب کے لئے اذان کہتا اور الفاظ اذان صحیح ادا کرتا ہے، تو لوگ اُسے اذان سے کیوں روکتے ہیں، اگر بلا وجہ منع کرتے ہوں تو انھیں ایسا نہ چاہئے، اور اس صورت میں یہ شخص اصرار کر سکتا ہے، مگر جبکہ فتنہ کا اندیشہ ہو تو باز رہے، اور اگر وجہ صحیح سے منع کرتے ہوں تو اصرار کی کوئی وجہ نہیں۔ ——— واللہ تعالیٰ اعلم

ج۲ ۔ نابالغ اگر سمجھ والا ہے تو بلا کراہت اذان دے سکتا ہے، مگر بالغ اذان کہے تو بہتر ہے۔ درمختار میں ہے ویجوز بلا کراھة اذان صبی مراهق۔ ردالمحتار میں ہے المراد به العاقل وان لم یراهق کما هو ظاهر البحر وغیرہ۔ فتاویٰ عالمگیری میں نہایہ[عہ] سے ہے اذان الصبی العاقل صحیح من غیر کراهة فی ظاهر الروایة ولکن اذان البالغ افضل۔ ڈاڑھی منڈانے والا فاسق ہے[عہ] اور فاسق کی اذان مکروہ۔ تنویر الابصار میں ہے ویکرہ اذان فاسق (ملخصاً)۔ عالمگیری میں ہے ویکرہ اذان الفاسق ولا یعاد[عہ] ھکذا فی الذخیرة۔ واللہ تعالیٰ اعلم

عہ درمختار میں ہے یحرم علی الرجل قطع لحیته۔ یونہی ایک مُشت سے کم کرانے والا بھی فاسق ہے۔ فتح القدیر میں ہے اما الاخذ دون ذلك کما یفعله بعض المغاربة ومخنثة الرجال فلم یبحه احد۔ ایک مشت سے کم ڈاڑھی کرنا جیسا بعض مغاربہ اور ہیجڑے قسم کے مرد کرتے ہیں، اسے کسی نے جائز نہیں کیا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

عہ ھکذا فی الھندیة ولکن فی القھستانی واعلم ان اعادة اذان الجنب والمرأة والمجنون والسکران والصبی والفاجر والماشی والمنحرف عن القبلة واجبة لانه غیر معتد به وقیل مستحبة فانه معتد به الا انه ناقص وھو الاصح کما فی التمرتاشی وقال فی البحر وینبغی ان لا یصح اذان الفاسق بالنسبة الی قبول قوله والاعتماد علیه لما قدمنا من انه لا یقبل قوله (ص۵۳ پر)

مسئلہ (۹۳) مرسلہ مولوی نجیب الرحمٰن صاحب از موضع پیوارگھاٹ ڈاکخانہ پن پن پٹنہ ۲۸ ربیع الآخر ۴۲ھ

"بے وقت اذان ہونے یا غلط ہونے پر جماعت کا اعادہ واجب ہے ؟"

الجواب - قبل از وقت اذان، اذان ہی نہیں، اگرچہ اذان فجر ہو، بلکہ اگر قبل وقت شروع کی، اور وقت میں ختم کی تو اس کے بھی اعادہ کا حکم ہے۔ درمختار میں ہے فیعاد اذان وقع بعضہ قبلہ تو یہ جماعت بغیر اذان پڑھی گئی، یونہی اگر اذان غلط ہوئی تو دوبارہ اُسکی تصحیح چاہیئے، اور اذان سنّت مؤکدہ ہے، بلکہ بعض نے واجب کہا، اور راجح اول ہے، اور جو جماعت بغیر اذان ہوئی مکروہ ہوئی۔ عالمگیری میں ہے ویکرہ اداء المکتوبۃ بالجماعۃ فی المسجد بغیر اذان واقامۃ کذا فی فتاویٰ قاضیخاں۔ اور ایسی جماعت کا اعادہ بہتر ہے کہ جو نماز خلاف سنّت ادا ہوئی اُس کا اعادہ بہتر، مگر فجر وعصر ومغرب میں اعادہ نہ چاہیئے، کہ فرض ادا ہوچکا ہے، اور یہ جواب پڑھے گا نفل ہے، اور فجر وعصر کے بعد نفل نہیں، اور مغرب میں نفل کا تین رکعت ہونا لازم آئے گا جس طرح اگر کوئی بغیر جماعت ان نمازوں کو پڑھ چکا ہے، پھر مسجد میں جماعت قائم دیکھی تو ان تین میں شریک نہ ہو اور ظہر وعشار میں شریک جماعت ہو، کما ھو مصرح فی غیر ما کتاب ——— واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

مسئلہ (۹۴) مرسلہ حامی سنّت منشی محمد عبد العزیز خاں صاحب از کلکتہ ذکریا اسٹریٹ ۵ ربیع الاول ۴۳ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین وشرع متین اس مسئلہ میں کہ بڑی مسجد میں نئے امام صاحب کے کہنے پر لوگ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ پر کھڑے ہوتے ہیں اور قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃ پر امام تکبیر کہتے ہیں، اسمیں چند وہابی معترض ہیں کہ ایسی بڑی جماعت میں اتنے قلیل وقت میں صف برابر نہیں ہوتی اسلئے امر فضیلت کیلئے امر کراہت کا احتمال جائز نہیں۔ بینوا توجروا۔

الجواب - یہ مسئلہ نہایت واضح اور عامّہ کتب معتبرہ میں اس کا ذکر ہے، اور نہیں تو شرح وقایہ ہی دیکھئے، فرماتے ہیں و یقوم الامام والقوم عند حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ - مولوی عبد الحی صاحب لکھنوی اس کے حاشیہ "عمدۃ الرعایۃ" میں لکھتے ہیں ای مواضعھم الی الصف وفیہ اشارۃ الی انہ اذا دخل المسجد یکرہ لہ انتظار الصلوۃ قائما بل یجلس فی موضع ثم یقوم عند حی علی الفلاح وبہ صرح فی جامع المضمرات - اس مسئلہ کے متعلق عبارات جمع کیجائیں تو بہت طول ہو۔ بعض عبارات پر اقتصار کیا جاتا ہے مجمع الانہر

(بقیہ حاشیہ ص۵۲) فی الامور الدینیہ - قال الشامی علی حاشیتہ کذا فی النھر ایضا وظاھرہ انہ یعاد والظاھر قدس سرہ صرح فی رد المحتار فیعاد اذان الکل ندبا علی الاصح کما قدمنا عن القھستانی فلذالک صرح فی بہار شریعت - خنثیٰ وفاسق اگرچہ عالم ہی ہو اور نشہ والے اور پاگل اور ناسمجھ بچے اور جنب کی اذان مکروہ ہے ان سب کی اذان کا اعادہ کیا جائے - لاہور، کانپور اور دہلی کی مطبوعہ بہار شریعت میں حوالہ درمختار کا ہے - یہ کاتب کی مہربانی اور ناشرین کی غفلت کا نتیجہ ہے - اللہ عزوجل ان ناشرین کو ہدایت دے بہار شریعت چھاپ کر اپنے خزانے بھرتے ہیں مگر اس کا ناس لگا کر رکھ دیا ہے - ایسی ایسی فاش غلطیاں ہیں کہ کتاب محرّف ہو کے رہ گئی ہے - واللہ تعالیٰ اعلم - امجدی

میں ہے واذا قال المؤذن فی الاقامۃ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ قام الامام والجماعۃ عند علمائنا الثلثۃ للاجابۃ وقال الحسن ونفر اذا قال قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃ قاموا الی الصف۔ جب خود امام اعظم وصاحبین رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرمارہے ہیں تو اب ان کے مقلد کو چون وچرا کی کیا گنجائش ۔۔ عام لوگوں میں خلاف سنت یہ رواج پڑ گیا ہے کہ اقامت شروع ہونے سے پہلے ہی کھڑے ہوجاتے ہیں اور بوجہ جہالت بیٹھنے والے پر ملامت کرتے ہیں اور سنت قدیمہ کو اپنی ناواقفی سے نئی بات سمجھتے ہیں، حالانکہ فقہاء تصریح فرماتے ہیں کہ بیشتر سے انتظار نماز میں کھڑا رہنا مکروہ ہے ۔ "جامع المضمرات" کی عبارت بحوالہ عمدۃ الرعایہ سُن چکے۔ کہ مکروہ ہے۔ عالمگیری میں ہے ان کان المؤذن غیر الامام وکان القوم مع الامام فی المسجد فانہ یقوم الامام والقوم اذا قال المؤذن حَیَّ عَلَی الفَلَاح عند علمائنا الثلثۃ وھو الصحیح الخ بلکہ اگر کوئی شخص مسجد میں اس وقت آیا کہ اقامت ہورہی ہے، تو سنت یہ ہے کہ بیٹھ جائے اور کھڑا رہنا مکروہ ہے۔ اُسی میں ہے اذا دخل الرجل عند الاقامۃ یکرہ لہ الانتظار قائما ولکن یقعد ثم یقوم اذا بلغ المؤذن قولہ حَیَّ عَلَی الفَلَاح کذا فی المضمرات۔ درمختار میں ہے، دخل المسجد والموذن یقیم یقعد الی قیام الامام فی مصلاہ۔

وہابیہ کو جب اللہ ورسول جل وعلا وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے تعلق ہی نہیں، تو اُن کی آرزو ہوگی کہ سنت پر عمل نہ ہو، اور اس کے لئے طرح طرح کے حیلے نکالیں گے، پہلے ہی سے کیوں نہیں صف برابر کرکے بیٹھتے۔ اور افضل یہ ہے کہ بعد ختم اقامت امام نماز شروع کرے اگرچہ بعد قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃ بھی شروع کرنا جائز ہے کما فی الغنیہ اور اگر صف [عہ] سیدھی نہ ہوئی تو امام اتنا انتظار کرسکتا ہے کہ صف درست ہوجائے ________ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۸۵) مسئولہ محمد علی طالب علم مدرسہ اہلسنت ۱۲ رجادی الاولیٰ ۴۳ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین وشرع متین اس مسئلہ میں کہ صبح صادق کا وقت کے بجے سے شروع ہوتا ہے، اور اگر فجر کی اذان ۵ بجے دیدی گئی ہو تو جائز ہے یا ناجائز۔ اگر ناجائز ہے تو دوبارہ اذان دی جائے گی یا نہیں۔

الجواب - صبح صادق بلکہ تمام اوقات روزمرہ مختلف ہوتے رہتے ہیں گھنٹے منٹ کے ساتھ ایسی تحدید کہ روز وہی رہے کیونکر ممکن، آجکل موسم سرما میں یہاں پانچ بجے کے بعد صبح صادق ہوتی ہے، اور وہ اذان کہ قبل وقت ہوئی صحیح نہیں، پھر دوبارہ وقت میں کہی جائے، تنویر الابصار میں ہے فیعاد اذان وقع قبلہ۔

واللہ تعالیٰ اعلم

عہ قال محمد ینبغی للقوم اذا قال المؤذن حَیَّ عَلَی الفلاح ان یقوموا الی الصلوۃ فیصفوا ویسووا الصفوف ویحاذوا بین المناکب نمازیوں کو چاہئے کہ جب مؤذن حی علی الفلاح کہے تو کھڑے ہوں پھر صف باندھیں اور صفوف کو سیدھی کریں مونڈھوں کو برابر کریں، واللہ تعالیٰ اعلم - امجدی

مسئلہ (۸۶) مسئولہ عبدالعزیز خاں از شہر کہنہ بریلی ۲۰ رجمادی الاولیٰ ۱۳۴۳ھ۔

"اذان مسجد کے داہنی طرف کہنی چاہئے یا بائیں طرف، نیز مسنون اذان کا کہنا کس طرف ہے۔ بینوا توجروا۔

الجواب ۔ اذان مئذنہ پر ہونی چاہئے، اور اگر مئذنہ بنا نہ ہو تو فصیل وغیرہ کسی اونچی جگہ پر ہو، پھر اگر داہنی طرف نمازیوں کی زیادہ تعداد ہو تو داہنی طرف اور بائیں طرف زیادہ رہتے ہوں تو بائیں جانب بہتر ہے، اور یہ جو عوام میں مشہور ہے کہ اذان بائیں طرف ہونی چاہئے بالکل غلط ہے، داہنے بائیں کی تخصیص نہیں، بلکہ وہ جگہ اختیار کریں کہ اسمع للجیران ہو، فتاویٰ عالمگیری میں ہے

السنۃ ان یؤذن فی موضع عال یکون اسمع للجیران ۔　　واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۸۷) از الہ آباد چوک مرسلہ حاجی عبدالحمید صاحب سوداگر ۱۵ صفر ۱۳۴۵ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ نماز کے لئے صفوں کا برابر کرنا اور سیدھا کرنا ضروری امر ہے یا اثنائے اقامت میں امام ومقتدین کے لئے نماز میں کھڑا ہونا جیسا کہ بعض کتب فقہیہ میں مذکور ہے "القیام حین قیل حی علی الفلاح وشروع الامام مذ قیل قد قامت الصلوٰۃ اور اگر کوئی امام تسویہ صفوف سے اثنائے اقامت میں کھڑے ہونے کو مہتم بالشان خیال کرے اور اپنے اسی رائے پر ہٹ کرے تو اس کے لئے شرعاً کیا حکم ہے۔

الجواب ۔ صفوں کا برابر کرنا مسنون ہے، حدیث میں ہے "لتسون صفوفکم او لیخالفن اللہ بین وجوھکم" صفوف کو سیدھا نہ کرنے میں اندیشہ ہے کہ لوگوں میں مخالفت پیدا ہو جائے۔ اور وقت اقامت بیٹھا رہنا جیسا کہ عامہ کتب معتبرہ فقہ متون وشروح وفتاویٰ میں مذکور ہے، امام وقوم اس وقت کھڑے ہوں جب مؤذن حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ کہے[عہ۵] اسکی بھی پابندی کی جائے نہ اسکی وجہ سے اُسے ترک کریں نہ اُس کی وجہ سے اِسے کہ ان دونوں میں منافات نہیں، زمانہ موجودہ میں عام طور پر رواج ہو گیا ہے کہ جبتک امام مصلیٰ پر کھڑا نہ ہو جائے تکبیر نہیں کہتے گویا یہ تصور کر لیا ہے کہ تکبیر اس سے قبل جائز ہی نہیں یہاں تک کہ اگر دو تین مقتدی ہوں کہ اگر وہ اِدھر اُدھر بھی بیٹھے ہوں تو برابر کرتے کیا دیر لگتی ہے، اسمیں بھی اپنے اسی قانون کی پابندی کرتے ہیں، یہ بالکل بے اصل ہے، اگر جماعت کثیرہ بھی ہے تو لوگ پہلے ہی سے اسطرح بیٹھیں کہ صفوف کے سیدھا کرنے میں دیر نہ لگے تاکہ کسی سنت ومستحب کا ترک کرنا نہ پڑے ——————　　واللہ تعالیٰ اعلم

عہ۵ دو روایت ہے کہ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ پر کھڑا ہو، یا حَیَّ عَلَی الْفَلَاح پر۔ اعلیحضرت امام احمد رضا قدس سرہٗ نے دونوں میں یہ تطبیق دی کہ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ پر اٹھنا شروع کرے اور حَیَّ عَلَی الْفَلَاح پر سیدھا کھڑا ہو جائے۔ عالمگیری سے گزرا کہ کھڑے ہو کر اقامت سننا مکروہ ہے۔ اسلئے مسلمانوں کو چاہئے کہ اس کا خیال رکھیں، کھڑے ہو کر اقامت ہرگز نہ سنیں، واللہ تعالیٰ اعلم ۔ امجدی

مسئلہ (۸۷) از گابی مرسلہ عبدالکریم حاجی ہاشم ۲۰ رصفر ۳۵ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین مسئلہ ذیل میں کہ جماعت نماز کے لئے تثویب بعد الاذان کہنا کیسا ہے کتب معتبرہ فقہ حنفیہ میں اسکے معنیٰ اور کیا غایت اور کیا حکم شرعی اور اس کے لئے کیا کیا الفاظ لکھے ہیں۔

الجواب ۔ متاخرین نے تثویب کو مستحسن فرمایا اور اس کے معنیٰ یہ ہیں کہ اذان کے بعد اور اقامت سے پہلے دوبارہ نماز کیلئے اعلان کیا جائے تاکہ جو لوگ اذان سنکر نماز کے لئے نہیں آئے انھیں یاددہانی ہوجائے کہ اب آجائیں اور اس کے لئے کسی خاص لفظ کی تعیین نہیں بلکہ وہاں کے لوگوں نے جو لفظ بھی اس کے لئے مقرر کرلیا ہو جائز ہے۔ درمختار میں ہے ویثوب بین الاذان والاقامۃ فی الکل للکل بما تعارفوہ ردالمحتار میں ہے التثویب العود الی الاعلام بعد الاعلام درر۔ نیز اسی میں ہے قولہ فی الکل ای کل الصلوۃ لظهور التوانی فی الامور الدینیہ قال فی العنایۃ احدث المتاخرون التثویب بین الاذان والاقامۃ علی حسب ما تعارفوہ فی جمیع الصلوۃ سوی المغرب مع ابقاء الاول یعنی الاصل وھو تثویب الفجر وما راٰہ المسلمون حسنا فھو عند اللّٰہ حسن اھ قولہ بما تعارفوہ کتنحنح او قامت قامت او الصلوۃ الصلوۃ ولو احدثوا اعلاماً مخالفا لذالک جاز نھر عن المجتبیٰ ان عبارتوں کا خلاصہ یہ ہے کہ چونکہ امور دین میں لوگ سست ہوگئے ہیں اس وجہ سے متاخرین نے تثویب کو مقرر کیا اور تثویب مغرب کے سویٰ تمام نمازوں میں کی جائے اور مسلمان جس امر کو اچھا سمجھیں وہ اللہ کے نزدیک بھی اچھا ہے اور تثویب کے لئے جو الفاظ مقرر کرلئے جائیں جائز ہے۔ فتاویٰ عالمگیری میں ہے والتثویب حسن عند المتاخرین فی الصلاۃ الا المغرب ھکذا فی شرح النقایۃ للشیخ ابی المکارم وھو رجوع المؤذن الی الاعلام بالصلاۃ بین الاذان والاقامۃ وتثویب کل بلدۃ علی ما تعارفوہ اما بتنحنح او بالصلاۃ الصلاۃ او قامت قامت لانہ للمبالغۃ فی الاعلام وانما یحصل ذالک بما تعارفوہ کذا فی الکافی ــــــــــــ واللّٰہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۸۸) مرسلہ حافظ ارشاد خیر صاحب دارالعلوم معینیہ عثمانیہ اجمیر شریف۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ وسط شہر میں ایک مسجد مسلمانوں کے گنجان محلہ میں واقع ہے جس میں مؤذن اور امام دونوں موجود ہیں، پنجگانہ نماز جماعت کے لئے ان مساجد میں اذان دیجاتی ہے لیکن بخلاف اس کے مسجد مذکور میں صبح کی جماعت بغیر اذان اکثر ہوجاتی ہے، بروئے حکم شرع اطہر نماز جماعت میں بلا اذان کہے کوئی نقص واقع ہوتا ہے یا کیا اور اذان کے کہنے کا موذن اور مسلمانوں کے ذمہ کوئی مواخذہ ہے یا نہیں، بینوا توجروا۔

الجواب ۔ صلوات خمسہ جبکہ جماعت سے ادا کی جائیں تو اذان سنت مؤکدہ[عـ۵] ہے اور اسکی تاکید بہت زائد ہے یہاں تک کہ بعض ائمہ وجوب کے قائل ہیں اور اس کا ترک موجب اثم ہے۔ غنیہ میں ہے "الاذان سنۃ فی قول عامۃ الفقہاء وکذا الاقامۃ وقال بعض مشائخنا واجب لقول محمد لو اجتمع اہل بلدۃ علی ترکہ قاتلناھم علیہ، نیز اسی میں ہے وفی الدرایۃ عن علی ابن الجعد عن ابی حنیفۃ رحمہ اللہ وابی یوسف رحمہ اللہ صلوا فی الحضر الظہر والعصر بلا اذان واقامۃ اخطؤا السنۃ واثموا ثم ھما سنۃ للصلوات الخمس اداء وقضاء اذا صلیت بجماعۃ ۔ نیز اذان شعائر اسلام سے ہے اسکو ہرگز ترک نہ کیا جائے اور جب مؤذن نوکر ہو تو اس کے لئے پانچوں وقت اذان کہنا ضرور ہے اور نہ کہے تو علحدہ کر دیا جائے اسکی جگہ دوسرا رکھا جائے۔

مسئلہ (۸۹) از بنارس محلہ کچی باغ مرسلہ خان بہادر خاں صاحب مولوی خلیل الرحمن صاحب ۲۰ ذی الحجہ ۱۳۴۵ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین عبارت ذیل میں، صاحب درمختار فرماتے ہیں والقیام للامام والموتم حین قیل حی علی الفلاح ان کان الامام بقرب المحراب والا فیقوم کل صف ینتھی الیہ الامام علی الاظہر وان دخل من قدام قاموا حین یقع بصرھم علیہ الا اذا اقام الامام بنفسہ فی مسجد فلا یقفوا حتی یتم اقامتہ ظہیریۃ وان خارجہ قام کل صف ینتھی الیہ۔ بحر بعض لوگ عبارت مذکورہ سے یہ ثابت کرتے ہیں کہ حی علی الفلاح کے وقت کھڑا ہونا اس وقت مستحب ہے کہ امام محراب کے پاس ہو اور اگر صف سے دور ہو یا مسجد سے باہر ہو تو جس صف کے پاس امام پہونچے اس صف کے لوگ کھڑے ہو جائیں عام اس سے کہ تکبیر شروع ہو یا نہ ہو، اسی بنا پر جب مسجد میں داخل ہوتے ہیں تو صف سے قریب ہو کر کہتے ہیں کہ اے مقتدیو! کھڑے ہو جایا کرو، جب میں تمہارے پاس آجایا کروں۔ بعض مقتدیوں نے کہا ابھی مکبر نے حی علی الفلاح نہیں کہا ہے ہم کیونکر کھڑے ہوں۔ یہ تو اس وقت ہے جبکہ مکبر حی علی الفلاح کہہ لی ہو اور امام موجود نہ ہو۔ تو محض مکبر کے حی علی الفلاح پر نہ کھڑے ہوں بلکہ امام کا انتظار کریں، اس پر بہت زور دیا جا رہا ہے کہ نہیں یہ مطلب ہرگز نہیں ہے، بلکہ میں جب قبل حی علی الفلاح آیا کروں تو بھی کھڑے ہو جانا تم لوگوں کے لئے ضروری ہے۔ اور بعض لوگ کہتے ہیں کہ عبارت مذکورہ کا مطلب ہے کہ امام جب محراب کے قریب ہو تو حی علی الفلاح پر اُٹھے اور اگر ایسا نہیں ہے تو دو صورت ہے، اگر بعد حی علی الفلاح آیا ہے تو جس صف سے گذرے اس صف کے لوگ کھڑے ہو جائیں اور قبل حی علی الفلاح کے امام آیا ہے تو اس کو بھی بیٹھ جانا چاہئے، کیونکہ انتظارِ اقامت کھڑے ہو کر مکروہ ہے جیسا کہ صاحب طحطاوی نے حاشیہ مراقی الفلاح میں تحریر فرمایا ہے واذا اخذ المؤذن فی الاقامۃ ودخل رجل المسجد فانہ یقعد ولا ینتظر قائما فانہ

عـ۵ بلا اذان جماعت اولیٰ مکروہ اور خلاف سنت ہے، فتاویٰ رضویہ ج ۲ ص ۵۰۹ ۔ اذان سنت مؤکدہ کفایہ ہے۔ اگر ایک کہہ دے تو سب سے ساقط، اور اگر کوئی نہ کہے تو سب گنہگار ۔ شامی میں ہے واستظھر فی البحر کونہ سنۃ علی الکفایۃ بالنسبۃ الی کل اھل بلدۃ، ۱۲ [illegible]

مذکورہ کما فی المضمرات قہستانی ویفہم منہ کراھۃ القیام ابتداء الاقامۃ والناس عنہ غافلون اور پھر جامع الرموز میں ہے ویقوم الامام والقوم عند حی علی الفلاح وفی الاصل وغیرہ الاحب ان یقوموا فی الصف اذا قال المؤذن وھذا قول العلماء الثلثۃ وھو الصحیح۔ چند عبارت کے بعد فرماتے ہیں وفی الکلام ایماء خفی الی انہ لو دخل المسجد احد عند الاقامۃ یقعد لکراھۃ القیام والانتظار کما فی المضمرات۔ عالمگیری نے کچھ اضافہ کر کے تشریح کی ہے ثم یقوم اذا بلغ المؤذن قولہ حی علی الفلاح کذا فی المضمرات، اور اگر قبل حی علی الصلوٰۃ کے محض امام کے آنے پر خود امام اور لوگ کھڑے ہوجائیں، تو صاحب مضمرات کی عبارت کا مطلب باطل ہوجاتا ہے اور اگر یہ کہا جائے کہ جب امام قرب محراب میں ہو تو حی علی الصلوٰۃ پر وہ خود اور مقتدین اٹھیں اور بعدم موجودگی امام وقت حی علی الصلوٰۃ مقتدی نہ اٹھیں، بلکہ امام جب صف سے قریب ہوجائے تو اہل صف اولے مقتدی اٹھیں، تو صاحب مضمرات اور صاحب درمختار دونوں کی عبارتوں کا مطلب صحیح باقی رہے گا۔ دوسرے صاحب طحطاوی کی عبارت لفظ رجاع، اور جامع الرموز کی عبارت میں لفظ احد جو آیا ہے وہ مطلق ہے، یعنی امام اور مقتدی دونوں کو شامل ہے یا محض مقتدی اس سے مراد ہیں، لہٰذا عبارات مذکورہ کا جو صحیح مطلب ہے تحریر فرمائیں اور یہ بھی فرمائیں کہ عمل کیا ہونا چاہئے، اور بوقت اقامت بیٹھنا اور حی علی الصلوٰۃ کے وقت کھڑا ہوجانا ہے۔

کوئی نیا مسئلہ ہے یا پرانا، بعض لوگ کہتے ہیں کہ پہلے سے تو کہیں کسی کو ہم نے بیٹھتے نہیں دیکھا یہ نیا مسئلہ ہے میں تو تشفی کا مفصل جواب تحریر فرما کر عنداللہ ماجور ہوں تاکہ یہ مرحلہ طے ہوجائے۔

الجواب - عبارت درمختار بہت واضح وظاہر ہے اور مسئلہ بھی نہایت صاف ہے، بعض مسائل ایسے ہوتے ہیں جن میں روایات مختلف ہوتی ہیں یا ائمہ مذہب یا مشائخ میں اختلاف ہوتا ہے، ایسے مسائل میں ترجیح و تصحیح کی ضرورت پڑتی ہے اور جہاں اختلافات نہ ہوں یا روایات مختلف نہ ہوں اور متون تک میں مذکور ہوں، وہاں قیل وقال کی ضرورت نہیں۔ یہ مسئلہ حاضرہ ایسا ہے کہ خود امام اعظم ابوحنیفہ اور امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ تعالیٰ کے قول اس کے متعلق موجود، اور ائمہ ثلٰثہ بالاتفاق فرما رہے ہیں کہ اس وقت امام اور مقتدی کھڑے ہوں، جب مکبر حی علی الصلوٰۃ یا حی علی الفلاح کہے شروع سے کھڑا ہوجانا نہ مذہب امام اعظم ہے نہ صاحبین کا قول۔ پس حنفی کو چون وچرا کی اصلاً گنجائش نہیں۔ ہمارے ائمہ میں امام حسن بن زیاد اور امام زفر نے اگرچہ ائمہ ثلاثہ کا خلاف کیا ہے مگر وہ بھی یہ نہیں کہتے ہیں کہ پہلے ہی سے کھڑے ہوجائیں، بلکہ ان کے نزدیک قد قامت الصلوٰۃ پر کھڑے ہوں۔ ردالمحتار میں ہے قال فی الذخیرۃ یقوم الامام والقوم اذا قال المؤذن حی علی الفلاح عند علمائنا الثلثۃ وقال الحسن بن زیاد وزفر اذا قال

المؤذن قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃ قاموا الی الصف واذا قال مرۃ ثانیۃ کبر والصحیح قول علمائنا الثلثۃ۔ ان دونوں ائمہ نے بھی اس طرح نہ کہا جیسا آجکل حنفی عوام کرتے ہیں کہ وقت اقامت تمام جماعت وامام کا کھڑا ہوجانا ضروری سمجھتے ہیں یا کم ازکم مستحب جانتے ہیں یہانتک کہ مذہب امام اعظم رضی اللہ عنہ کی پیروی کرنے پر فساد کے لئے تیار ہوجاتے یا ناراض ہوتے ہیں، غالباً یہ انکار عدم واقفیت پر مبنی ہے، مگر بتادینے کے بعد اس کی طرف رجوع نہ کرنا خلاف انصاف ہے۔ عام طور پر لوگوں کو یہ مسئلہ معلوم نہیں، اس وجہ سے اسے نیا کہتے ہیں۔ ورنہ جو حکم عامہ کتب مذہب متون وشروح وفتاویٰ میں مذکور ہو اور وہ بھی اس تصریح کے ساتھ کہ ائمہ ثلاثہ کا یہ قول ہے، اسے نیا کہنا عجب ہے، امام کے قول کے خلاف حنفی کو عمل کرنا نیا ہے نہ کہ قول امام کو نیا اور حادث کہا جائے اگر مشائخ یا علماء کا استخراج ہوتا جب بھی نیا نہ کہلاتا نہ کہ امام اعظم کے ارشاد کو نیا کہکر رد کیا جائے، یہ حنفی سے نہایت بعید ہے۔ درمختار کی عبارت کا مطلب یہ ہے کہ وقت اقامت اگر امام قریب محراب میں ہو تو حَیَّ عَلَی الْفَلَاح پر کھڑے نہ ہوں بلکہ جس صف کے پاس امام وہ کھڑی ہوجائے، والا فیقوم کا مطلب یہ نہیں کہ اقامت سے پہلے جب امام آئے تو اس کے آنے سے ہی لوگ کھڑے ہوجائیں اس لئے کہ وہ الا مخفف ہے وان لم یکن کذالک کا جس کا یہ مفہوم ہوتا ہے کہ صورت متقدمہ ہو تو حکم یہ ہے، اور یہاں صورت متقدمہ یہ تھی کہ اقامت اس وقت کہی گئی کہ امام قرب محراب میں نہ ہو لہذا اگر قبل اقامت امام آیا تو نہ اُس کے آنے پر لوگ کھڑے ہوں نہ اس عبارت سے اسے کوئی تعلق

ثانیاً۔ قبل اقامت امام کے آنے پر مقتدیوں کا کھڑا ہونا، اُس کی دو صورتیں ہیں، تعظیم امام کے لئے یہ کھڑا ہونا ہے یا نماز کے لئے، بر تقدیر اول خود امام کا لوگوں کو اپنی تعظیم کے لئے کھڑے ہونے کا حکم دینا سخت معیوب ومذموم ہے، تیز یہ کہ زیر بحث نہیں، کلام اس قیام میں ہے جو نماز کے لئے ہو نہ کہ امام کے لئے۔ اور بر تقدیر ثانی انتظار الصلوۃ قائماً ہوا، اور فقہاء اس کو مکروہ کہتے ہیں، لہٰذا یہ بھی نہیں ہوسکتا تو امام کے آنے پر کھڑا ہونا اگرچہ قبل اقامت ہو، درمختار کی عبارت کا مقصود نہیں ہوسکتا۔ اگر کہا جائے انتظار الصَّلٰوۃ قائماً سے قیام طویل مراد ہے اور یہاں تھوڑی دیر کھڑا ہونا پڑے گا۔ لہٰذا مکروہ نہیں، تو جواب یہ ہے کہ امام کے آنے پر فوراً اقامت ہوکر نماز شروع ہوجانا کیا ضرور ہے، بسا اوقات کچھ لوگ وضو کرتے ہوتے ہیں جن کا انتظار ہوتا ہے یا وقت مقرر میں کچھ منٹ باقی ہوتے ہیں جکے پورے ہونے کا لحاظ کیا جاتا ہے، پھر ایسی صورت میں امام ومقتدی سب کھڑے کھڑے کب تک پریشان ہوں گے۔ اور اگر فوراً اقامت ہوکر نماز شروع ہو بھی جائے تو اتنی دیر تک کہ قیام بلکہ اس کے کم کو بھی (مثلاً اقامت ہوتے وقت مسجد میں آیا) فقہاء مکروہ بتاتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ بیٹھ جائے اور وجہ یہ قرار دیتے ہیں کہ یہ انتظار قائماً ہے اور یہ مکروہ جب اثنائے اقامت میں آنے والے کے لئے کھڑا رہنا انتظار قائماً میں داخل ہے تو پہلے ہی سے کھڑا ہوجانا انتظار قائماً میں بدرجہ اولیٰ داخل۔ عالمگیری میں ہے اذا دخل الرجل عند الاقامۃ

یکرہ لہ الانتظار قائمًا ولکن یقعد ثم یقوم اذا بلغ المؤذن قولہ حَیَّ عَلَی الْفَلَاح کذا فی المضمرات۔ فتاوے بزازیہ میں ہے دخل المسجد وھو یقیم یقعد ولا یقف قائمًا الیٰ وقت الشروع۔

ثالثًا۔ اگر امام کا مسجد میں آنا ابھی قیام مقتدی کو چاہتا ہو عام ازیں کہ اقامت ہوئی ہو یا نہ ہوئی ہو تو جب امام خود تکبیر کہے اُس صورت میں فقہاء کیوں حکم فرماتے ہیں کہ جب تک تکبیر ختم نہ کرے مقتدی کھڑے نہ ہوں، خود اسی درمختار میں اسی جگہ اس عبارت سے متصل یہ فرمایا الا اذا اقام بنفسہ فی مسجد فلا یقفوا حتیٰ یتم اقامتہ ظھیریہ۔ اسی طرح بحرالرائق میں بھی اسی ظہیریہ سے نقل فرمایا یہاں امام موجود ہے اور خود کھڑا بھی ہے مگر مقتدی کو حکم ہے جب تک تکبیر پوری نہ ہو بیٹھے رہیں، تو معلوم ہوا کہ حَیَّ عَلَی الْفَلَاح پر کھڑا ہونا اس وقت ہے کہ امام موجود ہو اور دوسرا شخص اقامت کہہ رہا ہو، اور امام موجود نہ ہو تو حَیَّ عَلَی الْفَلَاح پر کھڑے نہ ہوں بلکہ اس کے آنے پر اور امام تکبیر کہے تو تکبیر کے ختم ہونے پر۔

رابعًا۔ یہ مضمون کہ حَیَّ عَلَی الْفَلَاح پر جب امام وہاں نہ ہوں کھڑے نہ ہوں بلکہ امام کے آنے پر کھڑے ہوں، حدیث شریف سے ثابت ہے جیسا کہ صحیح بخاری و صحیح مسلم میں ابو قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:۔ اذا اقیمت الصلوٰۃ فلا تقوم حتیٰ ترونی، یعنی اگر میرے آنے سے پہلے اقامت ہو جائے تو جب تک مجھے آتا ہوا نہ دیکھو کھڑے نہ ہو، امام عینی عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری میں فرماتے ہیں لا بد فیہ من التقدیر، تقدیرہ لا تقوموا حتیٰ ترونی خرجت فاذا رأیتمونی خرجت فقوموا۔ یہ حدیث صاف کہہ رہی ہے کہ اقامت ہو جانے کے بعد مقتدی کھڑے نہ ہوں جب تک امام نہ آجائے۔ نیز اس عمدۃ القاری میں ہے وقال ابوحنیفۃ ومحمد یقومون فی الصف اذا قال حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ فاذا قال قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃ کبر الامام لانہ امین الشرع وقد اخبر لقیامھا فیجب تصدیقہ واذا لم یکن الامام فی المسجد فذھب الجمھور الی انھم لا یقومون حتیٰ یروہ۔ اس عبارت میں دونوں حکموں کو ایک ساتھ بیان کرنا اور حتیٰ یروہ کو عدم قیام کی غایت قرار دینا اسی وقت چسپاں ہوگا جب امام کے آنے سے پہلے اقامت ہونے پر محمول کریں، ورنہ عبارت غیر مرتبط ہوگی کما لا یخفی۔ بدائع الصنائع میں اولاً یہ تحریر فرمایا والجملۃ فیہ ان المؤذن اذا قال حَیَّ عَلَی الْفَلَاح فان کان الامام معھم فی المسجد یستحب للقوم ان یقوموا فی الصف۔ اس کے بعد امام زفر و حسن بن زیاد کا قول و استدلال اور اس کا جواب ذکر کر کے فرمایا ھذا اذا کان الامام فی المسجد فان کان خارج المسجد لا یقومون ما لم یحضر لقول النبی صلی اللہ علیہ وسلم "لَا تقوموا فی الصف حتیٰ ترونی خرجت" اقامت ہونے کے متعلق یہ دو حکم بیان کرتے ہیں، ایک اس وقت

تک کے لئے کہ امام مسجد میں ہو۔ دوسرا اس حالت کے متعلق کہ امام خارج مسجد ہو، اور حدیث سے اس حکم کو ثابت کرتے اور حدیث ہم اوپر بیان کر چکے کہ اس میں اقامت کو شرط کیا ہے پھر قبل اقامت امام کے آنے پر کھڑا ہونا کہا جائے تو نہ حدیث سے ثابت ہوگا نہ اقامت کے متعلق یہ دو حکم ہوں گے۔ اور اقوال علماء کو اختلاف پر حمل کرنا جبکہ اتحاد درست ہو درست نہیں۔

مسئلہ (۹۰) از دھوراجی کاٹھیاوار مدرسہ مسکینیہ مٹاری کی مسجد مرسلہ مولوی حشمت علی سلمہ اللہ تعالےٰ

۲۶ رجمادی الآخرہ سنہ ۴۶ھ

"مولوی ابراہیم صاحب ساکن کچی باغ بنارس آج کل مسئلہ جلوس بوقت اقامت کے خلاف بہت کچھ زور لگا رہے ہیں، اُس کا ایک مطبوع استفتاء میرے پاس بھی آیا ہے، اُسیں جس قدر عبارات اپنے لئے مفید سمجھ کر لکھی ہیں، وہ سب حقیقۃً اُن کے مدعا کے خلاف ہیں، مگر ایک مغالطہ البتہ سمجھ میں نہیں آیا جو اُنھیں کی عبارت درج ذیل میں ہے وہ یہ ہے:-

"فقہ میں جہاں یہ مسئلہ لکھا ہے کہ حَیَّ عَلَی الْفَلَاح پر کھڑے ہو جائیں، وہاں امام ومقتدی دونوں کے واسطے لکھا ہے مگر حضرت فاضل بریلوی فتاویٰ رضویہ جلد دوم ص۵۰۹ میں لکھتے ہیں یہ حکم قوم کے لئے ہے ص۵۱۱ امام کے لئے اس میں خاص کوئی حکم نہیں، مقتدیوں کو حکم ہے کہ تکبیر بیٹھ کر سُنیں ص۵۱۲ مقتدیوں کو حکم یہ ہے کہ تکبیر بیٹھ کر سُنیں، حضرت فاضل بریلوی کی یہ تخصیص قوم کی بظاہر عموماً کتب فقہیہ ونیز بہار شریعت کی تصریحات کے خلاف ہے، حیرت کہ بہار شریعت کے آخر میں حضرت فاضل بریلوی ممدوح کی تصدیق موجود ہے اب فرمائیں کون صحیح ہے"

حضور والا اس مغالطہ کا حل کسی خادم سے لکھوا کر روانہ فرمائیں۔

الجواب۔ فتاویٰ رضویہ کی ان عبارات کو کتب فقہیہ کے خلاف بتانا بالکل غلط وباطل ہے، سائل نے جس قسم کے سوال کئے ہیں، اُن کے موافق جوابات تحریر فرمائے ہیں، سوال وجواب دونوں کو دیکھنا چاہئے نہ یہ کہ ایک جملہ جواب کا دیکھا اور اُس کو عام قرار دیکر کتب فقہ کے خلاف کہدیا، ص۵۰۹ کا محصل یہ ہے کہ امام حجرہ میں تھا اور تکبیر شروع ہوگئی اور حَیَّ عَلَی الْفَلَاح یا ختم تکبیر کے وقت مصلے پر پہنچے گا تو اُس صورت میں بیٹھ جائے یا چل کر مصلے پر جائے، جواب میں فرمایا، بیٹھنے کی حاجت نہیں یونہی، بعد خطبہ جمعہ امام کا جلوس منقول نہیں صورت اولیٰ میں امام ابھی تک اپنی جگہ پر پہنچا ہی نہیں، پھر بیٹھنے کی کیا ضرورت، مقتدی بیٹھے ہیں بیٹھے رہیں۔ امام جب اُن کے آگے ہو جائے اُس وقت کھڑے ہوں اور صورت ثانیہ

میں مقتدی بیٹھے ہیں بیٹھے رہیں اور امام کھڑا ہے اس کا جلوس ثابت نہیں۔ یہ حکم کسی کتاب کے مخالف نہیں امام کو حی علی الفلاح پر کھڑے ہونے کا حکم اُس وقت ہے جب وہ قرب محراب میں بیٹھا ہو، نہ یہ کہ حجرہ میں بیٹھا ہو، جب بھی بیٹھا ہے اور وقت تکبیر آرہا ہے تو بیٹھ جائے صلاۃ کا مطلب یہ ہے کہ امام بھی کھڑا ہے اور مقتدی بھی تو تکبیر شروع ہوتے وقت مقتدی بیٹھ جائیں، سائل یہی پوچھا ہے اُس کی عبارت یہ ہے کہ" امام و مقتدی کو کھڑا رہنا چاہئے یا بیٹھ جانا چاہئے، کھڑا رہنا اسی وقت کہا جا سکتا ہے جب پہلے سے کھڑا ہوا اگر بیٹھا ہوتا تو یہ کہتا کہ کھڑا ہو جانا چاہئے، نیز بیٹھ جانا اُسی وقت کہہ سکتے ہیں جب کھڑا ہو ورنہ یہ کہتا کہ بیٹھے رہنا چاہئے نہ یہ کہ بیٹھ جانا اور بیشک اس صورت میں امام کے لئے کوئی حکم کسی کتاب میں نہیں صلاۃ کا بھی یہی حاصل ہے کہ لفظ "بیٹھ کر سنیں" اس سے ظاہر یہی ہے کہ کھڑے ہوں تو بیٹھ جائیں، اور بیٹھ کر سنیں اگر یہ ہوتا کہ بیٹھے ہوئے سنیں اور پھر یہ فرمایا ہوتا کہ مقتدیوں کے لئے یہ حکم ہے تو کتب فقہ کے خلاف کہا جا سکتا تھا مگر جب یہ نہیں تو کتب فقہیہ کے خلاف بتانا سراسر غلط و خلاف واقع ہے۔ ھٰذا ما سنح لی ــــــــــــــــــــ وھو تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۹۱) از محلہ تلہ شہر ہوڑہ مرسلہ مولوی عبدالکریم صاحب ۱۵ ررجب ۴۶ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ مندرجہ ذیل میں کہ "جس وقت اذان مروج نہ تھی اس وقت مصلیوں کے بلانے کی کونسی صورت اختیار کی گئی تھی، اور زید کہتا ہے کہ مسجد در میں جو گھڑیاں لگی ہوئی ہیں اسمیں گھنٹہ کی آواز برآمد ہوتی ہے اور یہ مشابہت مشرکین ہے، لہٰذا اگر گھڑی رکھی جائے تو وہ جسمیں آواز نہ ہوتی ہو، ورنہ ناجائز۔ تو کیا زید کا قول حق بجانب ہو سکتا ہے اور گھنٹہ والی گھڑی میں واقعی کوئی کراہیت شامل ہے۔

الجواب - جبتک اذان کا حکم نہ تھا لوگ خود وقت کا خیال کر کے مسجد میں حاضر ہو جاتے مگر جب اسمیں دقت ہونے لگی تو حضور کی خدمت میں عرض کیا گیا اور آپسمیں صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے مشورہ کیا کہ اعلان کا کیا طریقہ ہونا چاہئے، پھر عبداللہ بن زید بن عبدربہ اور عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے خواب دیکھا جسمیں فرشتے نے اذان کی تلقین کی۔

بجنے والی گھڑی رکھنے میں کوئی گناہ نہیں کہ اس کی آواز کفار کے گھنٹوں سے ممتاز ہوتی ہے یہ اور طرح کی آواز ہوتی ہے جس کو سُنکر بلا توقف آدمی یہ سمجھ سکتا ہے کہ یہ مندر کا گھنٹہ نہیں ہاں اگر کسی گھڑی کی آواز اس کے ساتھ مشابہ ہو تو اُس کا رکھنا مکروہ ہوگا ــــــــــــــــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۹۲) از اجمیر شریف ۱۳ر ذی الحجہ ۴۶ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مسئلہ ذیل میں کہ
اذان کے وقت جب مؤذن اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللهِ کہتا ہے تو لفظ محمد رسول اللہ پر دونوں انگوٹھوں کو چومنا کیسا ہے اور یہ فعل آیا کرنا چاہئے یا نہیں۔

الجواب ۔ اس وقت انگوٹھے چوم کر آنکھوں سے لگانا جائز و مستحب ہے[۵] رد المحتار میں ہے یستحب ان یقال عند سماع الاولیٰ من الشهادة صلی اللہ علیك یا رسول اللہ وعند الثانیۃ منها قرۃ عینی بك یا رسول اللہ ثم یقول اللهم متعنی بالسمع والبصر بعد وضع ظفری الابهامین علی العینین فانہ علیہ السلام یکون قائدا لہ الی الجنۃ کذا فی کنز العباد اھ قهستانی ونحوہ فی الفتاوی الصوفیۃ وفی کتاب الفردوس من قبل ظفری ابهامیہ عند سماع اشهد ان محمدا رسول اللہ فی الاذان کنت انا قائدہ ومدخلہ فی صفوف الجنۃ ۔

مسئلہ (۹۳) از بنارس محلہ کچی باغ مرسلہ حفیظ الرحمٰن صاحب ۷ ، محرم الحرام ۳۷ھ
علماء دین ارشاد فرمائیں کہ اذان ثانی جو بین یدی الخطیب ہوتی ہے ، اُس کے متعلق اعلیٰحضرت مولانا احمد رضا خاں صاحب بریلوی قدس سرہ العزیز نے اپنے فتاویٰ انیقہ مسمّیٰ بفتاویٰ رضویہ میں بڑے شد و مد کے ساتھ فرمایا ہے کہ یہ اذان بھی خارج از مسجد ہونی چاہئے مسجد میں ہونے کا کوئی ثبوت نہیں ہے ۔ بعض لوگوں نے جب بین یدی سے اندرون مسجد مراد لیا تو اُس کا جواب شانی یہ دیا گیا کہ بین یدی قریب و بعید دونوں میں مستعمل ہے لیکن بعض کتابوں میں قریب منہ اور عند المنبر کی تصریح ہے ۔
چنانچہ جامع الرموز کے الفاظ یہ ہیں بین یدیہ ای بین الجهتین المتسامتین لیمین المنبر او الامام ویسارہ قریبا منہ ودوسطهما بالسکون فیشمل ما اذا فی زاویۃ قائمۃ الخ مبسوط للسرخسی جلد اول میں ہے فکان الطحاوی یقول ھو الاذان عند المنبر بعد خروج الامام فانہ ھو الاصل الذی کان للجمعۃ علی عهد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الخ بعدہٗ حسن ابن زیاد کے قول کو نقل فرمایا فکان الحسن بن زیاد یقول المعتبر ھو الاذان علی المنارۃ لانہ لو انتظر الاذان عند المنبر یفوتہ اداء السنۃ وسماع الخطبۃ الخ اسی کے مثل حضرت حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت فرمائی وروی الحسن عن ابی حنیفۃ رحمہ اللہ تعالیٰ الخ کما فی الکفایۃ شرح الهدایۃ ۔ اور حاشیہ ہدایہ پر بھی اسی عبارت

[۵] اس مسئلہ کی تفصیل کے لئے اعلیٰحضرت امام احمد رضا قدس سرہ کے مندرجہ ذیل رسائل کا مطالعہ کریں ۔ منیر العین فی حکم تقبیل الابهامین ۔ نهج السلامۃ فی حکم تقبیل الابهامین فی الاقامۃ ۔ ابر المقال فی قبلۃ الاجلال ۔ امجدی

کو مولٰنا عبد الحی صاحب لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ نے نقل فرمایا ہے، پس دریافت طلب یہ امر ہے کہ یہاں قریبًا منہ اور عند المنبر سے کتنا فاصلہ خطیب اور مؤذن کے درمیان ہو جو قریبًا اور عند المنبر کا مصداق بنے۔ نیز یہ بھی فرمائیے کہ ہمارے یہاں بعض مسجدیں تین در اور اکثر دو در کی ہوتی ہیں اس کے بعد صحن مسجد، تو اگر بیرون صحن دیجائے تو عند المنبر اور قریبًا کا فرمانا فقہائے کرام کا کیونکر صادق آسکتا ہے۔ اور یہ خصوصیت صرف اذان خطبہ میں پائی جاتی ہے تو جملہ اور اذانیں جو منارہ پر ہوتی ہیں ان سے اسے کیا علاقہ جبکہ اس کے جدا احکام کے الفاظ موجود ہوں۔ ان تصریحات فقہاء نے مجھے تذبذب میں محو کر دیا ہے۔ لہٰذا مفصل جواب بدلائل الفاظ فصحاء عرب اور لغات مرحمت فرمائیے، تاکہ اطمینان ہو کہ عند المنبر اور قریبًا منہ سے یہاں بعد صحن مسجد جو حقیقت میں منبر اور خطیب سے دور ہے اس پر اطلاق عند المنبر اور قریبًا منہ کا باعتبار کلام بلغاء عرب آسکتا ہو۔

بینوا توجروا :-

الجواب ۔ فقہاء کرام نے مسجد میں اذان کہنے کو مکروہ فرمایا ہے لا یؤذن فی المسجد[عہ] ویکرہ ان یؤذن فی المسجد[عہ] اور اسی قسم کی بہت کثرت سے عبارات کتب فقہ میں آپ کو ملیں گی مگر کسی جگہ اذان جمعہ یا کسی اذان کا استثنار آپ کتب فقہ میں نہ پائیں گے، اگر اذان جمعہ اس حکم سے مستثنیٰ ہوتی تو کسی کتاب میں ضرور استثنار مذکور ہوتا، ہر جگہ مطلق حکم نہ بیان کیا جاتا، البتہ اذان جمعہ میں ایک خصوصیت ہے وہ یہ کہ محاذی منبر بین یدی الخطیب ہونی چاہیئے۔ چنانچہ فقہاء کرام اس تخصیص کو ذکر کرتے ہیں اگر داخل مسجد ہونا بھی اسکے خصوصیات سے ہوتا تو اس کا بھی ذکر ہوتا لہٰذا اس حکم میں وہ عام اذان کے شل ہے رہا لفظ عند المنبر یا قریبًا منہ یہ اندرون مسجد ہونے کے لئے خاص نہیں داخل خارج دونوں پر اس کا اطلاق ہو سکتا ہے، لہٰذا اس سے تخصیص نہیں ہو سکتی، قرب و بعد امور اضافیہ سے ہیں، بعض مرتبہ اُس شئی کو بھی قریب کہا جاتا ہے جو مسافت بعیدہ رکھتی ہو، مگر دوسری چیز اس سے بھی زیادہ دور ہے، لہٰذا اسے قریب کہتے ہیں، چونکہ دیگر اذانیں منارہ پر ہوتی ہیں اور یہ محاذی منبر، تو اگرچہ منبر سے کچھ فاصلہ ہے، مگر اور اذانیں کے اعتبار سے ضرور قریب ہے، اس اعتبار سے قریب ہے اگرچہ بیرون مسجد ہے۔ اگر آپ تفصیل چاہتے ہوں، تو رسائل اذان مثلاً وقایہ اہل السنۃ سلامۃ اللہ لاہل السنۃ وغیرہا کا مطالعہ کیجئے، تمام شکوک کا شافی جواب انہیں موجود ہے واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۹۴) ازمقام آنند ضلع کھیڑا مرسلہ جناب منشی باقر علی صاحب مدرس مدرسہ اسٹیشن ۹ رجادی الاخریٰ ۴۹ھ

عہ فتاویٰ خانیہ مصری ج۱ ص۲، فتاویٰ خلاصہ قلمی ص۶۲، خزانۃ المفتیین قلمی فصل فی الاذان ہندیہ مصری ج۱ ص۵۵، البحر الرائق مصری ج۱ ص۲۶۸، شرح نقایہ علامہ برجندی ص۸۴، فتح القدیر مصری ج۱ ص۱۷۱۔

عہ طحطاوی علی المراقی ص۱۲۸ ۔ امجدی

علمائے دین و شرع متین کیا فرماتے ہیں اس مسئلہ میں کہ ایک شخص ظہر کی اذان کے بعد یا جمعہ و عشار کی اذان کے بعد باآواز بلند یہ کلمات کہتاہے الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ، الصلوٰۃ والسلام علیک یاحبیب اللہ، الصلوٰۃ والسلام علیک یاخیرخلق اللہ، الصلوٰۃ والسلام علیک یاعیسیٰ روح اللہ، الصلوٰۃ والسلام علیک یاموسیٰ کلیم اللہ، الصلوٰۃ والسلام علیک یاآدم صفی اللہ۔ حالانکہ اذان کے بعد تو حدیث میں یہ دعا اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّامَّۃِ الخ آیا ہے نہ یہ کہ یہ کلمات مذکورہ، اور جو صاحب مذکورہ کلمات پڑھتے ہیں، وہ اور عوام ان کلمات کو لازم کرتے ہیں اس لئے کہ جو منع کرتاہے اسکو برا بھلا کہتے ہیں اور ایک مولوی صاحب فرماتے ہیں کہ صبح و ظہر و عصر و عشار کی اذان کے بعد مذکورہ صلوٰۃ کہنا چاہیے، صرف مغرب کی اذان کے بعد نہ کہنا چاہیے۔ کون منع کرتاہے ضرور کہنا چاہیے۔ کیا اس شخص کا یہ فعل صحابہ کرام یا تابعین یا تبع تابعین یا ائمہ مجتہدین سے منقول ہے یا نہیں۔ اگر منقول نہیں ہے تو یہ امر احداث فی الدین ہے اور بدعت و ممنوع ہونا چاہیے، اور بدعت و ممنوع نہیں ہے تو ذیل کی عبارت کا کیا مطلب ہے، خدا کو حاضر و ناظر سمجھکر لکھئے۔ وہ عبارت یہ ہے:- قال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَنْ اَحْدَثَ فِیْ اَمْرِنَا ھٰذَا مَالَیْسَ مِنْہُ فَھُوَ رَدٌّ۔ متفق علیہ (مشکوٰۃ) قال علیہ السلام مَا اَحْدَثَ قَوْمٌ بِدْعَۃً اِلَّا رُفِعَ مِثْلُھَا مِنَ السُّنَّۃِ (رواہ احمد، مشکوٰۃ)۔ اخبر عبد اللہ بن مسعود بالجماعۃ الَّذِیْنَ کانوا یجلسون بعد المغرب وفیھم رجل یقول کبروا اللہ کذا وکذا وسبحوا اللہ کذا وکذا واحمدوا اللہ کذا وکذا فیفعلون فحضرھم فلما سمع ما یقولون قام فقال انا عبد اللہ بن مسعود فو الذی لا الٰہ غیرہ لقد جئتم ببدعۃ ظلماء او لقد فقتم علی اصحاب محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام علمًا (مجالس الابرار) اس روایت سے صاف طور پر ظاہر ہوگیا کہ ان لوگوں کا یہ فعل باوجودیکہ ذکر الٰہی اور تکبیر و تہلیل و تسبیح ہی تھا مگر چونکہ اس کی وضع و ہیئت ایسی مقرر کی گئی تھی جس کا ثبوت شریعت مطہرہ سے نہ تھا۔ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نزدیک ناجائز و بدعت تھا اس مذکورہ پر بدعت کا حکم لگانے کی وجہ یہ تھی کہ یہ اہتمام و اجتماع کرنا حدود شریعت سے تجاوز کرنا تھا، ذکر اللہ تو محبوب و مطلوب ہے ہر شخص کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ بطور خود جس قدر چاہے ذکر اللہ کرے لیکن یہ اختیار نہیں کہ ایک جدید صورت ایجاد کرے۔ بینوا توجروا

الجواب۔ اذان کے بعد جو دعا احادیث میں وارد ہے اس کا پڑھنا اتباع سنت و موجب برکات ہے۔ اس کے پڑھنے کے لئے احادیث میں شفاعت کا وعدہ فرمایا گیاہے، اس دعا کے بعد اگر وہ کلمات جو سوال میں مذکور ہیں کہے تو اصلاً حرج نہیں بلکہ جائز و افضل ہے، کہ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام پر درود و سلام پڑھنا موجب ثواب و برکات اور درود کے ثواب جو احادیث میں وارد

ہیں اس کا مستحق ہے، احادیث میں درود پڑھنے کی فضیلت موجود ہے اور اذان کے بعد درود کی ممانعت نہیں، لہذا ان اوقات میں بھی ممنوع نہیں اور یہ اوقات بھی اس کلیہ میں داخل ہیں۔ مطلق کے جواز ثابت ہونے کے بعد افراد و جزئیات کے لئے مستقل علیحدہ دلیل ضروری جاننا نظم شرع کو درہم برہم کرنا ہے، ہاں یہ البتہ ضروری ہے کہ خصوصیتِ ممنوع ہونے کے لئے دلیل ضرور چاہئے اور اسوقت اس خاص کا مطلق سے استثنا ہوگا، عدم جواز کا یہ حیلہ تراشنا کہ عوام اسے لازم جانتے ہیں بالکل مہمل و پادر ہوا ہے، ہرگز عوام کا یہ خیال نہیں کہ ایسا نہ کریں گے تو نماز نہ ہوگی، نہ یہ کہ اسکے نہ کرنے پر گناہ ہوگا پھر لازم کہاں ہوا، ہاں یہ ضرور ہے کہ منع کرنے والے کو بُرا کہتے ہوں گے، مگر اس کے یہ معنیٰ نہیں کہ اسے لازم و واجب جانتے ہیں، بُرا کہنا تو اس لئے ہے کہ وہ جائز چیز کو ناجائز بتاتا ہے اور یہ بات تو ہر مباح میں بھی ہے کہ جو اسے ناجائز و ممنوع کہے گا بُرا کہا جائیگا۔ تو کیا اس سے ہر مباح واجب ہو جائیگا، یا مباحات شرعیہ کو لوگ منع کرتے رہیں اور سننے والا کرے کچھ نہ بولے اور ان کا رد کرے تو مباح کو واجب کر لیا، لہٰذا وہ مباح نہ رہا ممنوع ہو گیا، یہ تو مباحات کے ممنوع کرنیکا اچھا نسخہ ہاتھ آیا کہ اس سے تمام مباحات ممنوع قرار دیئے جائیں وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔

اس مختصر تقریر کو غور و فکر کر کے سمجھنے کے بعد اسکو ناجائز و بدعت قبیحہ کہنے والے ایمان و انصاف سے بولیں کہ اذان کے بعد درود شریف پڑھنا کس حدیث میں منع آیا کس صحابی نے منع کیا، یا تابعین و تبع تابعین یا ائمہ مجتہدین میں کس نے ناجائز کہا اگر ایسا نہیں اور یقیناً ایسا نہیں تو یہ حکم ممانعت احداث فی الدین و بدعت قبیحہ ہے یا نہیں، ضرور ہے اور وہ تمام احادیث جو مجوزین کے حق میں ذکر کی گئیں، سب مانعین کے حق میں ہیں۔ مجالس الابرار کی روایت اگر صحیح ہو تو اس کا یہ مطلب ہوگا کہ اذانِ مغرب کے بعد قبل نماز اُن لوگوں نے ایسا کیا ہوگا اور اس فعل سے نماز مغرب میں تاخیر ہوتی اس وجہ سے ایسا فرمایا یا نمازِ مغرب کے بعد ان لوگوں نے ذکر جہر کرنا شروع کیا ہوگا، اور دوسرے لوگ سنت و نوافل میں مشغول ہوں گے۔ ان کا ہیئت مجموعی کیساتھ ذکر جہر کرنا انکے انتشار کا سبب ہوگا۔ اس وجہ سے منع کیا ہوگا ورنہ یہ صورتیں نہ ہوں تو احادیث میں بعد صلوات خمس اذکار وارد ہیں، ان کے انکار کے کیا معنیٰ، کیا عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سنتِ ثابتہ کا انکار کریں گے، ان کے کلام کے ایسے معنیٰ لینا انکی سخت توہین ہے۔

بالجملہ یہ صلوٰۃ وسلام جو سوال میں مذکور ہے جائز ہے، کسی دلیل شرعی سے اسکی ممانعت نہیں۔ اب نجدیوں نے موقوف کر دیا ہے، ورنہ صدیوں سے حرمین طیبین مکہ و مدینہ دیگر بلاد اسلامیہ میں رائج و معمول بنا رہا، اور علماء و مشائخ اسے بنظر استحسان دیکھتے رہے اور عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ما راٰہ المسلمون حسنا فھو عند اللہ حسن، لہذا یہ جائز و مستحسن ہے۔ درمختار[عہ]

عہ درمختار ہی کی تخصیص نہیں، ہدایہ، فتاویٰ قاضی خاں، البحر الرائق، عالمگیری وغیرہ کتب فقہ میں اسکے جواز بلکہ استحسان کی تصریح ہے۔ یہ اصل میں تثویب ہے۔ ہدایہ میں ہے والمتاخرون استحسنوہ فی الصلوات کلھا لظھور التوانی فی الامور الدینیۃ۔ ھندیہ میں ہے والتثویب (ص ۲۶۷)

میں ہے التسلیم بعد الاذان حدث فی ربیع الآخر سنۃ سبع مائۃ واحدی وثمانین فی عشاء لیلۃ الاثنین ثم یوم الجمعۃ ثم بعد عشر سنین حدث فی الکل الا المغرب ثم فیہا مرتین وھو بدعۃ حسنۃ۔ علمارجب اسی اس ہیئت خاصہ کے ساتھ بدعت حسنہ کہتے ہیں، تو اسے بدعت سیئہ قرار دیکر منع کرنا سخت غلطی ہے واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۹۵) جس وقت اذان پڑھی جائے تو جو کھڑا ہے بیٹھ جائے یا جو بیٹھا ہے کھڑا ہو جائے اور جو لیٹا ہے بیٹھ جائے یا جس صورت سے ہے اسی صورت پر رہے، یا جو صورت افضل ہو۔ بینوا توجروا۔

الجواب۔ اختیار ہے ——— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۹۶) امام مصلیٰ پر نہیں ہے، مسجد کے صحن میں کھڑا ہے یا بیٹھا ہے یا بیرون مسجد حجرہ میں ہے اور مکبر نے اقامت شروع کردی، یہ جائز ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا

الجواب۔ تکبیر شروع کردینا جائز ہے اور یہی طریقہ زمانہ رسالت میں تھا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حجرہ میں ہوتے اور حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ تکبیر کہدیا کرتے تھے، بوقت تکبیر امام کا مصلیٰ پر ہونا نہ واجب نہ سنت نہ مستحب مصلیٰ پر ہو یا نہ ہو دونوں برابر ——— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۹۷) زید بحث کرتا ہے کہ صلوٰۃ چند سال سے کیوں اعلیحضرت عظیم البرکت نے جاری کرائی، اعلیحضرت تو چودہ سال میں مفتی ہوگئے تھے اور ترسٹھ سال کی عمر میں وصال ہوا اور تیرہ سو ترپن (۱۳۵۳) برس سے اسلام جاری ہے۔ مدت اسلام میں صلوٰۃ کیوں نہیں جاری ہوئی، مع دلیل ثابت کریں۔ بینوا توجروا

الجواب۔ صلوٰۃ کے معنیٰ درود کے ہیں درود ہمیشہ سے جب سے آیت یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْهِ وَ سَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا نازل ہوئی۔ مسلمانوں میں جاری ہے قرآن و حدیث نے اس کے لئے کوئی وقت معین نہیں کیا کہ مثلاً نماز کے وقت نہ پڑھی جائے یہ بحث بالکل بیکار ہے، رہا یہ خاص طریقہ کئی سو برس سے حرمین طیبین میں بلا نکیر جاری رہا۔ جیسا کہ صاحب درمختار نے تصریح فرمائی التسلیم بعد الاذان حدث فی ربیع الآخر سنۃ سبع مائۃ واحدی وثمانین فی عشاء لیلۃ الاثنین ثم یوم الجمعۃ ثم بعد عشر سنین حدث فی الکل الا المغرب ثم فیہا مرتین وھی بدعۃ حسنۃ۔

(بقیہ حاشیہ ص۶۶) حسن عند المتاخرین فی کل صلوٰۃ الا فی المغرب ھکذا فی شرح النقایۃ لشیخ ابی المکارم وھو رجوع المؤذن الی الاعلام بالصلوٰۃ بین الاذان والاقامۃ وتثویب کل بلدۃ علی ما تعارفوہ اما بالتنحنح او بالصلوٰۃ الصلوٰۃ او قامت قامت لانہ للمبالغۃ فی الاعلام وانما یحصل ذالک بما تعارفوہ کذا فی الکافی، واللہ تعالیٰ اعلم، امجدی

خلاصہ یہ ہے کہ اذان کے بعد حضور پر سلام بھیجنا ۱۳۰۰ھ میں پیر کے دن عشار کی نماز میں شروع ہوا اور یہ نئی بات ہے مگر اچھی ہے یہ کہنا کہ اعلیحضرت نے جاری کی ہے، جہالت ہے۔ ——— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۹۸) از برہانپور ضلع کھنڈوا محلہ سنوارہ مرسلہ عبدالرب ولد غلام محمد صاحب ۲۳ رجادی الثانی ۱۳۳۹ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ جس مسجد میں اذان کے لئے خاص مقام بنایا ہوا نہ ہو تو اس مسجد میں دائیں جانب اذان کہی جائے یا بائیں جانب۔

الجواب ۔ اذان اس جانب کہی جائے جدھر پڑوس والوں کو زیادہ سنائی دے، اور دونوں جانب یکساں ہو تو جدھر چاہے اختیار ہے۔ ——— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۹۹) محمد کامل صاحب بنارس یکم محرم الحرام ۱۳۶۱ھ

بعد اذان باوجود قدرت و حفظ کے اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ کی جگہ رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً الخ کے پڑھنے پر اصرار کرتا ہے۔

الجواب ۔ بعد اذان اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ الخ کے پڑھنے کی بہت فضیلت احادیث میں مذکور ہے اور اس پر وعدۂ شفاعت فرمایا ہے، ان فضائل کو قصداً جان بوجھکر چھوڑنا محرومی کی دلیل ہے ——— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۰۰) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ زید کہتا ہے کہ جس طرف جی چاہے منھ کر کے نماز پڑھ لیجائے ہوجائے گی اور اگر نہیں ہوتی تو اس کا ثبوت کلام پاک سے دو کہ بلا کعبہ کی طرف منھ کئے ہوئے نماز نہیں ہوگی۔

الجواب ۔ اگر کعبہ کی طرف نماز میں منھ کرنا ضروری نہ ہوتا تو کعبہ مسلمانوں کا قبلہ کیوں ہوتا، اب تو تمام جہان قبلہ ہوجائے گا اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب کہ پہلے بیت المقدس کی طرف نماز پڑھا کرتے تھے تو خواہ مخواہ قبلہ کی کیوں تحویل کی گئی، اور لوگوں کو طعن کرنے کا کیوں موقع دیا گیا، اور بہت سے لوگ اس کا انکار کر کے مرتد کیوں ہوگئے۔ اب تک کسی فرقہ نے قبلہ کا انکار نہ کیا تھا اس وجہ سے تمام فرق مدعیان اسلام اہل قبلہ کہے جاتے تھے۔ اور حدیث مَنْ صَلّٰى صَلَاتَنَا وَاسْتَقْبَلَ قِبْلَتَنَا میں مسلمانوں کا اہل کتاب کفار سے قبلہ سے امتیاز تھا، چلئے یہ بھی اب رخصت ہوا۔ آجکل آزادی کا زمانہ ہے جس کا جو جی چاہتا ہے بکتا ہے، احکام اسلام کی حفاظت تو بڑی چیز ہے، صاف طور پر ان سے روگردانی و انکار ہوتا ہے پھر بھی پکے سچے مسلمان باقی رہتے ہیں فَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ، اللہ اکبر! ایک وہ زمانہ تھا کہ تحویل قبلہ کی خبر بعض مساجد میں اس وقت

پہونچی کہ مسلمان نماز میں تھے اور کہنے والے نے خبر سُنائی تو ان لوگوں نے یہ بھی گوارہ نہ کیا کہ اپنی یہ نماز تو پوری کرلیں، بلکہ نماز ہی میں کعبہ کی طرف منھ کرلیا، چنانچہ وہ مسجد ابتک مدینہ طیبہ میں "مسجد ذوالقبلتین" کے نام سے مشہور ہے، اب یہ زمانہ ہے کہ مسلمانوں کے اجماعی اور متواتر مسئلہ کا جو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ سے ابتک چلا آیا ہے، انکار کیا جاتا ہے، اور اگر قرآن مجید ہی سے ثبوت کرنے کی ضرورت ہے تو آیت موجود ہے فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰهَا فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ. ہم تمھیں اے محبوب اس قبلہ کی طرف پھیر دیں گے جسے تم پسند کرتے ہو تو اپنے منھ کو مسجد حرام کی جانب کردو۔

اس آیت سے یہ بھی معلوم ہوا کہ قبلۂ خاص اتنا ضروری امر تھا کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم چاہتے تھے کہ کعبہ کی طرف منھ کرنے کا حکم ہوجائے، مگر جب تک حکم نہ ہوا آپ نے باوجود پسند کے ادھر سے منھ نہ پھیرا، اگر ہر جانب نماز ہوجایا کرتی تو حکم الٰہی کے انتظار کے کیا معنیٰ، جدھر آپ کا دل چاہتا پڑھتے، مگر آپ نے ایسا نہ کیا، لہٰذا معلوم ہوا کہ نماز میں خصوصیت قبلہ کی ضرورت ہے اور فرماتا ہے وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ "کہیں بھی تم ہو اس مسجد حرام کی طرف منھ کرکے نماز پڑھو" ایسے صاف وصریح حکم ہونے کے بعد کسی زیادہ وضاحت کی بالکل ضرورت نہیں، شاید اس کو یہ دھوکہ لگا ہو کہ قرآن مجید میں یہ آیت بھی ہے فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ حالانکہ یہ رد ہے ان لوگوں کا جو یہ کہتے تھے کہ جب قبلہ بیت المقدس تھا تو اس کی تحویل کی کیا وجہ۔ ان کو جواب یہ دیا گیا کہ جب تک اللہ کے حکم سے تم بیت المقدس کی طرف نماز پڑھتے تھے تو وہ اللہ تعالیٰ کی مقرر کردہ جہت تھی، اب کہ کعبہ کو قبلہ کیا اب یہ جہت ہے۔ یا یہ آیت اُن لوگوں کے بارے میں ہے جن کو قبلہ کا صحیح پتا نہ چلے کہ کدھر ہے تو جدھر تحری کرکے نماز پڑھیں گے نماز ہوجائے گی کہ اگرچہ کعبہ کی طرف منھ حقیقۃً نہ ہوا مگر وہ اپنے خیال میں جبکہ کعبہ کی طرف منھ کر رہے ہیں اور حقیقت سے۔ واقف نہیں تو وہ اسی کے مامور ہیں اور تعمیل حکم اپنے ظن غالب سے کرچکے، لہٰذا ان کی نماز قبلہ ہی کی طرف قرار پائے گی اور نماز ہوجائے گی کہ انھوں نے حکم الٰہی سے انحراف نہ کیا اور اسکی تعمیل کا ارادہ کیا اتنے ہی کے مکلف تھے وبس کہ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا۔ اور انھوں نے تعمیل میں وسعت صرف کرلی اور جو بات وسعت سے خارج ہے اس کا مطالبہ نہیں۔ ——— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (١٠١) از دھوراجی ٹھکانہ کپڑا بازار کاٹھیاواڑ مرسلہ جناب عبداللطیف ایوب صاحب ٢٢ شوال ١٣٤٩ھ۔

"جو شخص نماز پڑھنے میں کعبہ معظمہ کی جہت سے ٤٥ درجہ جنوب یا شمال کی طرف پھر جاوے اسکی نماز نہ ہوگی، تو ایک صاحب کا کہنا یہ ہے کہ مغرب کی سمت سے انڈیا کے ہر ایک شہر کے واسطے برابر ہے یعنی ٤٥ درجہ مگر میرا کہنا یہ ہے جو شہر کعبہ معظمہ سے دس پانچ درجہ پھرا ہو مثلاً بمبئی شہر کعبہ معظمہ سے شمال کی طرف دس درجہ ہٹا ہوا واقع ہو تو بمبئی میں نماز پڑھنے والا اگر چھتیس درجہ شمال کیطرف

پھر کر پڑھے تو اس کی نماز نہ ہوگی اس واسطے کہ چھتیس یہ اور خود شہر دس درجہ ہٹ کر واقع ہے تو کل چھیالیس درجہ کعبہ معظمہ سے پھر جانا ہوا، اب ان باتوں میں کونسی بات صحیح ہے۔

الجواب ۔ کعبہ معظمہ سے ۴۵ درجے سے زیادہ منحرف ہونے سے استقبال فوت ہوجاتا ہے، لہٰذا تمام انڈیا میں مغرب کو کعبہ تصور کرنا غلط ہے۔ لہٰذا دس[عہ] درجہ جو جگہ شمال کو ہٹی ہوئی ہے، وہاں نقطہ مغرب سے ۳۵ درجہ انحراف پر ۴۵ درجہ ہوجائیں گے۔ اور ۳۵ درجہ سے اگر کچھ بھی زیادہ انحراف ہوگیا تو نماز نہ ہوگی ۔ ——— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۰۲) اعلیٰحضرت بریلوی نے ملفوظ حصہ اول میں درج ہے کہ نماز ی کو داہنے شانہ پر قطب ستارہ لینا اکی تحقیق نہیں الخ" اس میں عرض یہ ہے کہ بوقت تعمیر مسجد قطب ستارہ کس طرح اور کہاں سمجھا جائے اور لیا جائے۔ اور جنگل میں اگر نمازی اپنے داہنے شانہ پر قطب ستارہ نہ رکھے تو قبلہ کا رُخ کس طرح سمجھا جائے۔

الجواب ۔ "اس قسم کے سوالات اگر آپ بھیجیں تو کتاب کے صفحات بھی لکھدیا کریں تاکہ جواب تحریر کرنے میں کتابوں کی تلاش میں وقت صرف نہ ہو"

"نماز میں استقبال قبلہ شرط ہے اور عرض البلاد کے مختلف ہونے سے اس کی جہت مختلف ہوگی۔ قطب تارہ کا داہنے شانہ کے سامنے ہونا ہر جگہ کیونکر صحیح ہوسکتا ہے البتہ ہندوستان میں قطب تارہ داہنے شانہ پر لینے سے جہت قبلہ حاصل ہوجاتی ہے[عہ] اور صحت نماز کے لئے اس قدر کافی ہے۔ اسی بنا پر یہ مشہور ہے کہ نماز میں قطب تارہ داہنے شانہ پر ہو ——— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۰۳) از باسنی متصل ناگور مارواڑ مرسلہ محمد غیاث الدین کمہاروی ۲۰ صفر ۱۳۳۵ھ۔

"اگر پیش امام مصلّٰی پر کھڑا ہو اور مقتدی کے نیچے کچھ بچھا نہ ہو تو کیسا ہے۔

الجواب ۔ جائز ہے کچھ حرج نہیں ۔ ——— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۰۴) مصلّٰی کے اوپر قالین کی جانماز بچھا کر نماز پڑھنا درست ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا

الجواب ۔ درست ہے جبکہ پیشانی دبنے سے اُس کے روئیں مانع نہ ہوں ——— واللہ تعالیٰ اعلم

عہ شمال یا جنوب کو ہٹا ہوا ہونا عرض موقع کے اعتبار سے ہے نہ کہ عرض البلد سے ۔ مولانا ضیاء المصطفٰے صاحب مدظلہ العالی۔

عہ یعنی تقریبی جو نماز کی صحت کے لئے کافی ہے۔ ہندوستان کے کسی بھی مقام پر قطب تارہ داہنے مونڈھے لیکر نماز پڑھیں تو سمت قبلہ سے انحراف نہ ہوگا۔ کعبہ مقدسہ ۴۵ درجے کے اندر اندر ہوگا۔ یہ الملفوظ میں بھی بالاختصار، وہیں ہے جہاں سے سائل نے لیا ہے۔ لوگوں نے یہ سمجھا کر منھ کی طرف منھ کر کے اس طرح کھڑے ہوں کہ قطب داہنے شانے پر ہو تو جہت محاذی وجہ (موںھ) ہو وہی سمت قبلہ ہے، حالانکہ یہ تحقیق نہیں۔ البتہ ہندوستان میں تقریب کے لئے کافی ہے۔ حصہ اول صـ۲۳ مطبوعہ لکھنؤ ۔ امجدی

مسئلہ (۱۰۵) مسئولہ مولوی احسان علی طالب علم مدرسہ اہلسنت ۱۳ رجمادی الاولیٰ ۱۳۳۱ھ۔

"سنتوں کے پڑھنے کے بعد کسی قسم کا کلام کرسکتے ہیں یا نہیں، اگر کریں تو کیا حرج ہے۔ بینوا توجروا

الجواب - سنت و فرض کے درمیان کلام کرنے سے ثواب میں کمی ہوجاتی ہے، درمختار میں ہے ولو تکلم بین السنۃ والفرض لایسقطھما ولکن ینقص ثوابھما۔ بحرالرائق میں ہے ولو تکلم بعد الفریضۃ ھل تسقط السنۃ قیل تسقط وقیل لاتسقط ولکن ثوابہ انقص من ثوابہ قبل التکلم۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک شخص کو سنت فجر کے بعد کلام کرتے دیکھا، فرمایا اما ان تذکر اللہ واما ان تسکت یاد خدا کر یا چپ رہ، ذکرہ فی عدۃ الفتاویٰ۔

واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۰۶) مرسلہ مولوی محمد امین صاحب از تہانہ بھمرٹی ۱۶ ذی الحجہ ۱۳۴۱ھ۔

"اطراف بمبئی وغیرہ میں امام بعد فرض و سنن و نوافل ہاتھ اٹھا کر دعا مانگتے ہیں اور قوم آمین آمین کہتی ہے۔ یہ دعا مانگنا عند الشرع کیا ہے۔

الجواب - جائز ہے، کہ مطلق دعا جس کا قرآن و حدیث میں حکم ہے، یہ اسی کی ایک فرد ہے۔ اور بعد نماز اقرب الی الاجابۃ ہے اور مجمع کا آمین کہنا سبب حصول مطلب۔ ـــــــــــــــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۰۷) مرسلہ مولوی یار محمد صاحب از دہلی محلہ چوڑی والان ۲ محرم ۱۳۴۳ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین زادکم اللہ شرفاً و تعظیماً لدیہ۔ اس مسئلہ میں کہ بعد سنت و نوافل دعا کرنا کیسا ہے، اور امام زور سے الفاتحہ کہکر پکارتے ہیں، یہ پکارنا کیسا ہے۔ بینوا بیاناً شافیاً اجرکم اللہ تعالیٰ اجراً وافیاً

الجواب - نمازوں کے بعد دعائیں کوئی مضائقہ نہیں، مطلقاً دعا امر محمود ہے، قرآن و حدیث میں اس کا حکم وارد قال اللہ تعالیٰ، اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ۔ جس وقت چاہے دعا کرے اسی کے تحت میں داخل یونہی بعد سنت و نوافل فاتحہ پڑھنا اور امام کا بلند آواز سے الفاتحہ کہنا، اس کے ممانعت کی بھی کوئی وجہ نہیں، بلا دلیل شرعی کسی امر کو ممنوع بتا دینا، اللہ و رسول پر افترا اور خود شارع بننا ہے، والعیاذ باللہ تعالیٰ۔　　واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۰۸) از شہر کہنہ بریلی ۲۲ محرم ۱۳۴۳ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و شرع متین اس مسئلہ میں کہ مقتدی کو سُبْحٰنَکَ اللّٰھُمَّ پڑھنے کے بعد اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ پڑھنا چاہیے یا نہیں۔

الجواب ۔ مقتدی کے لئے صرف سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ پڑھنا ہے اَعُوْذُ بِاللّٰهِ تابع قرأت ہے اور مقتدی پر قرأت نہیں۔ یونہی بِسْمِ اللّٰهِ ۔ درمختار میں ہے وتعوذ لقراءۃ لا المقتدی لعدمها وکما تعوذ سمی غیر المؤتم۔ ہاں مسبوق یعنی جس مقتدی کی کوئی رکعت جاتی رہی، جب وہ اپنی پڑھے تو اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اور بِسْمِ اللّٰهِ پڑھے کہ اب اس کے ذمہ قرأت ہے۔ ——————— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۰۹) نماز پنجگانہ اور سنتوں کے بعد امام زور سے دعا مانگتا ہے، اور مقتدی آمین پکارتے ہیں، اور ختم دعا کے بعد فاتحہ بھی سب لوگ پڑھتے ہیں، اس کا کیا حکم ہے ؟

الجواب ۔ دعا کا آہستہ ہونا بہتر، اور امام اگر کچھ بلند آواز سے دعا کرے، اور مقتدی آمین کہیں، اس میں بھی حرج نہیں، اور بعد ختم فاتحہ پڑھنا بھی جائز۔ ——————— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۱۰) مسئولہ عبدالغفار صاحب طالب علم از شہر بریلی محلہ قلعہ، ۷ ربیع الاول شریف ۴۲ھ۔

"نیت باندھنے کے بعد سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ پڑھنے میں جملہ لَا اِلٰهَ غَيْرُكَ پر انگشت شہادت اُٹھانا جائز ہے یا ناجائز بحوالہ کتاب ارشاد ہو۔ بیّنوا توجروا۔"

الجواب ۔ کلمہ لا پر داہنے ہاتھ کی ایک انگلی یعنی انگشت شہادت اٹھا سکتے ہیں ——— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۱۱) مسئولہ عبدالرحمٰن از شہر کہنہ ۲۰ جمادی الاولیٰ۔

"کیا فرماتے ہیں علمائے دین وشرع متین اس مسئلہ میں کہ زید نے یہ کہا کہ ایسے آج تک میں نے کسی عالم کو دعا مانگتے نہیں سُنا کہ "اللہ سنّیوں کی لاج رکھے" بلکہ باہر مسجد جا کر امام صاحب نے یہ کہا، کیا نئی بات زید نے یہ کہا کہ میں نے دہلی وغیرہ میں نماز پڑھی، مگر کسی عالم نے یہ دعا بالخصوص نہیں مانگی، بلکہ تمام دنیا کے مسلمانوں کے لئے، بلکہ جمیع امت محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے واسطے مانگی، زید نے اپنی جہالت اور ناواقفیت کی وجہ سے یہ کہا کہ سنّی ہندوستان میں اور عرب میں حضور خود موجود تھے، تو کیا عرب کے واسطے دعا نہیں مانگنا چاہئے، تو عمرو نے یہ جواب دیا کہ عرب تمہاری دعا کی پرواہ نہیں رکھتے ہیں، زید نے یہ بھی کہا کہ حضور پیر مرشد مولانا احمد رضا خاں صاحب قبلہ رحمۃ اللہ علیہ کے پیچھے اکثر صبح کی نماز ادا کی، مگر اُن کی زبان سے کبھی نہیں سُنا کہ اللہ سنّیوں کی لاج رکھے، ایک شخص نے کہا کہ تم کو یہ دعا مانگنا کیوں بُرا معلوم ہوا تو زید نے کہا کہ مجھکو بُرا کیوں معلوم ہوتا مگر یہ نئی بات اور نئی دعا ہے، اس سبب سے میں نے یہ کہا کہ، اللہ سنّیوں کی لاج رکھے، اور تمام مسلمانان عرب وعجم کے واسطے کرنا رہا ہے، اگر اسمیں زید سے کوئی قصور

شرعی ہو تو توبہ کرے۔ بینوا توجروا

الجواب ۔ آج کل اپنے کو مسلمان کہنے والے بکثرت ایسے بھی ہیں جو یقیناً مسلمان نہیں، جنھیں علمائے عرب وعجم نے کافر کہا، وہابیہ، روافض، قادیانی کیا اپنے آپ کو مسلمان نہیں کہتے، اور باوجود اس کے کفر بھی بکتے ہیں سچے مسلمان اور نجات پانیوالا گروہ یہی گروہ اہلسنت وجماعت ہے، یہی حق پر ہے، اسی کے فتح ونصرت وغلبہ کی دعا مانگی جائے، عرب شریف میں سنی ہی ہیں، اِدھر اُدھر سے اگر کوئی بدمذہب گیا بھی تو تقیہ کرلیتا ہے، یہ دعا صرف ہندوستان کے ساتھ خاص نہیں، بلکہ تمام جہان کے سنیوں کو شامل ہے، یہ دعا کوئی نئی دعا نہیں، جس پر زید کو تعجب ہوا۔ زید کا یہ کہنا اعلٰحضرت قبلہ قدس سرہٗ ایسا نہیں کرتے تھے، غلط ہے، بکثرت سنیوں کے لئے دعا کرتے تھے اگرچہ نماز کے بعد بلند آواز سے دعا نہیں مانگتے تھے، کہ زید کو سننے کا اتفاق ہوتا۔ عمرو کا یہ کہنا کہ عرب والے تمہاری دعا کی پرواہ نہیں رکھتے، غلطی ہے، کون مسلمان نہیں چاہتا کہ ہمارے دوسرے بھائی مسلمان ہمارے لئے دعا کریں، خصوصاً آجکل کہ مسلمانانِ عرب پر غلبۂ نجدیہ کا تسلط ہے، وہ سنیوں کو بہت سخت سخت ایذائیں دیتے اور طرح طرح ستاتے ہیں، آجکل خصوصیت کے ساتھ اہل عرب کے لئے دعا کی جائے، کہ ان نجدیہ وہابیہ سے وہ ملک پاک ہو۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۱۲) مسئولہ عبد العزیز خاں صاحب از شہر کہنہ بریلی ۲۰ر جمادی الاولیٰ ۱۳۴۳ھ۔

"سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ کے لَا پر اور دعائے قنوت کے لَا نُشْرِكُ کے کلمہ لا پر انگشت شہادت اُٹھانا مستحب ہے یا نہیں اور اس کا عام حکم شریعت میں کیا ہے۔

الجواب ۔ شنا میں انگشت شہادت اُٹھانا بہتر ہے کہ یہ اشارہ بیان توحید ہے، حدیث میں ہے ایک صاحب دو انگلیوں سے اشارہ کرتے تھے، اُن سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، اَحِّدْ، اَحِّدْ، ایک سے اشارہ کرو، ایک سے اشارہ کرو۔ اور مقصود یہ ہے کہ زبان سے اللہ عزوجل کی توحید بیان کی دل میں اس کا اعتقاد ہے، جوارح سے بھی اشارہ ہو کہ جنان ولسان وارکان سب موافق ہوں۔ دعائے قنوت میں یہ اشارہ کرنا نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۱۳) مسئولہ حاجی ایوب صاحب از ٹمرنی ضلع ہوشنگ آباد ۲۰ر جمادی الاولیٰ ۱۳۴۳ھ۔

"سنت مستحب مثلاً قبل عصر وقبل عشا چار چار رکعت پڑھتے ہیں، ان کے بیچ کے قعدہ میں درود ودعا اور تیسری رکعت کے شروع میں تعوذ اور تسمیہ پڑھنا چاہئے یا نہیں، پڑھنے میں کوئی حرج تو نہیں ہے۔

الجواب ۔ سنت غیر مؤکدہ میں درود ودعا اور تیسری رکعت کے اوّل میں تعوذ پڑھنا چاہئے۔ کہ اُن کے نہ پڑھنے کا حکم صرف

فرض وواجب وسنّت مؤکدہ میں ہے، درمختار میں ہے وکذا ترک الزیادۃ فیہ ۔ ردالمحتار میں ہے ای فی الفرض و السنۃ المؤکدۃ لانھا فی النفل مطلوبۃ "۔ ———— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۱۴) مرسلہ منشی محمد عبدالعزیز خاں صاحب از کلکتہ زکریا اسٹریٹ ۲۳ ۔

"مولٰنا صاحب زید مجدہم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ ۔ مہربانی کرکے بہت جلد بواپسی ڈاک کتاب غنیہ کے اس صفحہ کا نمبر لکھ بھیجیں جس کا حوالہ آپ نے اپنے جواب فتویٰ مسئولہ میں دیا ہے، اور جس میں آپ نے یہ لکھا ہے کہ " افضل یہ ہے کہ بعد ختم اقامت امام نماز شروع کرے، شرح وقایہ میں ہے ویشرع عند قد قامت الصلوٰۃ " اس کے حاشیہ پر مولوی عبدالحی لکھتے ہیں قولہ عند ای قبیلہ عند ابی حنیفۃ ومحمد وبعدہ عند ابی یوسف والخلاف فی الافضلیۃ، اس حاشیہ ومتن کتاب کا کیا مطلب ہے، اس سے تو قول امام رحمۃ اللہ علیہ یہ ظاہر ہوتا ہے کہ قد قامت الصلوٰۃ کے وقت امام اللہ اکبر کہے۔

الجواب ۔ فقیر نے جو مسئلہ لکھا کہ بعد ختم اقامت شروع کرنا چاہئے، یہی صحیح ہے، شرح مجمع میں اسکو اعدل المذاھب کہا، اور خلاصہ میں اسے اصح فرمایا، درمختار میں ہے وشروع الامام فی الصلوٰۃ مذ قیل قد قامت الصلوٰۃ ولو اخر حتی اتمھا لا باس بہ اجماعاً وھو قول الثانی والثلثۃ وھو اعدل المذاھب کما فی شرح المجمع لمصنفہ وفی القھستانی معزیاً للخلاصۃ انہ الاصح، اور طحطاوی علی المراقی میں بحوالہ نہر اسے حق کہا، نیز یہی من حیث الدلیل قوی ہے ۔ اولاً، جواب اقامت مستحب ہے، اور قد قامت الصلوٰۃ کا جواب اَقَامَھَا اللّٰہُ وَاَدَامَھَا ہے اور جب اسی لفظ پر شروع کرے گا تو جواب کیونکر دے گا، اور اس کے بعد کے الفاظ کا بجواب رہنا ظاہر ۔ ثانیاً، امام کے ساتھ مقتدیوں کا شروع کرنا سنّت ہے، یعنی اس کے بعد بلا تاخیر۔ حدیث میں ہے اذا کبر فکبروا ۔ تو اگر امام نے قَدْ قَامَتْ پر شروع کر دیا تو مؤذن کی یہ سنّت فوت ہوگئی ۔ اور بعد ختم شروع کرنے میں یہ سنّت مکبر بھی پائے گا، اور اگر اس کو حاصل کرے تو اقامت پوری نہیں ہوتی ۔ تو ختم پر شروع کرنے میں امام ومقتدی کو اقامت کا جواب میسّر ہوگا، اور مکبر کو وہ سنّت حاصل ہوگی، لہٰذا یہی افضل ہے، اور عبارت شرح وقایہ اُس روایت کی بنا پر ہے کہ افضل قَدْ قَامَتِ الصَّلوٰۃ کے وقت شروع کرنا ہے، اور اس کا جواب عبارت درمختار سے ظاہر ہے کہ ترجیح اس روایت کو ہے، اور یہی امام وصاحبین سے مروی، یا اس عبارت شرح وقایہ میں محض جواز بلا کراہت کا حکم ہے نہ یہ کہ افضل یہ ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۱۵) مرسلہ مولوی عبدالحی سلمہٗ از ہلدوانی منڈی ضلع نینی تال ۱۵ ر صفر ۳۵ھ ۔

"علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کیا فرماتے ہیں کہ ایک شخص نماز پڑھتا ہے اور نماز کے ختم میں درود شریف

قصداً چھوڑ جاتا ہے، پس وہ شخص ایسا کرنیوالا کافر ہے یا مؤمن، فقط بینوا توجروا من اللہ تعالیٰ۔

الجواب - نماز میں درود شریف پڑھنا سنت مؤکدہ ہے، کہ قصداً ترک کرنا بُرا ہے اور ایسا شخص مستحق ملامت وعتاب ہے اگر یہ ترک بہ علت وہابیت نہ ہو تو کافر نہیں بلکہ فاسق بھی اس وجہ سے نہیں کہہ سکتے ـــــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۱۶) از گالی مرسلہ عبد الکریم حاجی ہاشم ۲۰ صفر ۳۵ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین مسئلہ ذیل میں کہ بعد نماز عشاء شب جمعہ و بعد نماز جمعہ یہ درود شریف صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَلٰوۃً وَّسَلَامًا عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ قبلہ رو دست بستہ مؤدبانہ آواز میانہ بصف باجماعت کھڑے ہو کر سو مرتبہ پڑھنا اور شروع اَعُوْذُ بِاللّٰہِ، بِسْمِ اللّٰہِ اور اس آیت کریمہ یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا سے کرنا شرعاً کیا حکم ہے۔

الجواب - درود شریف پڑھنا افضل اعمال سے ہے اس کی فضیلت میں بکثرت احادیث وارد ہیں، عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ترمذی نے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اَوْلَی النَّاسِ بِیْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ اَکْثَرُھُمْ عَلَیَّ صَلٰوۃً سب سے زیادہ مجھ سے قریب روز قیامت وہ شخص ہوگا جس نے زیادہ مجھ پر درود پڑھی۔ دوسری حدیث نسائی نے انھیں سے روایت کی کہ فرمایا: تم مجھ پر درود پڑھو کہ تمھاری درود مجھکو پہنچتی ہے تم جہاں کہیں ہو۔ نیز اسی نسائی میں بروایت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی کہ فرمایا: مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلٰوۃً وَّاحِدَۃً صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ عَشْرَ صَلَوَاتٍ وَحُطَّتْ عَنْہُ عَشْرُ خَطِیْئَاتٍ وَرُفِعَتْ لَہٗ عَشْرُ دَرَجَاتٍ جو مجھ پر ایک بار درود بھیجے اللہ اس پر دس رحمتیں نازل فرمائیگا اور اس کی دس خطائیں معاف کیجائیں گی اور دس درجے بلند کئے جائینگے جس سے جہاں تک ہو سکے اسکی کثرت کرے کہ یہ اللہ کو محبوب ہے، خصوصاً اوقات فاضلہ متبرکہ میں اس کا پڑھنا زیادہ باعث ثواب، اور جمعہ وشب جمعہ میں درود شریف پڑھنا محبوب و پسندیدہ ہے، ردالمحتار میں ہے نص العلماء علی استحبابھا فی مواضع یوم الجمعۃ ولیلتھا الخ علماء نے چند مواضع میں درود شریف کو مستحب فرمایا ہے، انھیں میں سے روز جمعہ وشب جمعہ ہے۔ قبلہ رو دست بستہ پڑھنا یہ ایک ادب ہے اور جہاں تک ادب کی مراعات کیجائے افضل ہے اور مجمع میں پڑھنا سبب ازدیاد خیر ہے۔ حدیث میں ہے کہ اللہ عزوجل فرماتا ہے انا عند ظن عبدی بی فمن ذکرنی فی نفسہ ذکرتہ فی نفسی ومن ذکرنی فی ملاء ذکرتہ فی ملاء خیر منھم اگر بندہ مجھے دل میں یاد کرے، میں اُسے اپنے نفس میں یاد کروں اور اگر کسی مجمع میں یاد کرے تو میں اُسے ایسے مجمع میں یاد کروں جو اُن سے بہتر ہے۔ بالجملہ جو صورت سوال میں مذکور ہے جائز ہے، اسمیں کوئی شرعی خرابی نہیں ـــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۱۷) از الٰہ آباد مرسلہ سید ضمیر الحسن صاحب رضوی

کیا فرماتے ہیں علمائے دین کہ زید ہر نماز فرض کے بعد رُخ پھیر کر دعا مانگتا ہے، بکر کہتا ہے کہ حدیث میں صرف ان نمازوں کے بعد رُخ پھیرنے کا حکم ہے جن کے بعد سنت نہ ہو۔ مثلاً فجر و عصر۔ ساتھ ہی زید یہ بھی کہتا ہے کہ حدیث میں ہے کہ ہر نماز کے بعد رُخ پھیرنا مستحب ہے، لہٰذا شریعت کے صحیح حکم سے مطلع فرمائیں۔

الجواب - حدیث شریف میں مطلقاً انصراف وارد ہوا، فجر و عصر کی تخصیص نہیں اور انصراف یعنی داہنے بائیں یا مقتدیوں کی طرف منھ کرنا تینوں صورتیں احادیث سے ثابت۔ کان رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم اذا صلی صلٰوۃ اقبل علینا بوجھہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب نماز پڑھ لیتے تھے تو ہماری طرف منھ کر لیتے (رواہ البخاری عن سمرۃ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ) دوسری روایت یوں ہے کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم ینصرف عن یمینہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم داہنی طرف انصراف فرماتے۔ رواہ مسلم عن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ ایک اور روایت میں یوں ہے کنا اذا صلینا خلف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احببنا ان نکون عن یمینہ یقبل علینا بوجھہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے جب ہم نماز پڑھتے تو حضور کی داہنی طرف ہونا ہمیں محبوب ہوتا کہ ہماری طرف منھ کرکے بیٹھیں گے رواہ مسلم عن البراء رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں لایجعل احدکم للشیطان شیئاً من صلاتہ یری ان حقا علیہ ان لاینصرف الا عن یمینہ لقد رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کثیراً ینصرف عن یسارہ۔ اپنی نماز میں سے کچھ حصہ شیطان کے لئے کوئی نہ کرلے۔ اسکی صورت یہ ہے کہ یہ یقین کرلے کہ داہنے ہی طرف پھرنا ضروری ہے میں نے بہت مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بائیں طرف انصراف فرماتے دیکھا (رواہ البخاری ومسلم) یہ چند حدیثیں ذکر کردی گئیں جن سے انصراف کا مسنون ہونا ثابت ہوتا ہے، اور کسی حدیث میں تقیید فجر و عصر نظر فقیر میں نہیں، بلکہ ایک حدیث سے پتہ چلتا ہے کہ جس نماز کے بعد نوافل ہیں اس میں بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے انصراف فرمایا ازرق بن قیس کہتے ہیں صلی بنا امام لنا یکنیٰ ابا رمثۃ قال صلیت ھٰذہ الصلوٰۃ او مثل ھذہ الصلوٰۃ مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال وکان ابوبکر وعمر یقومان فی الصف المقدم عن یمینہ وکان رجل قد شھد التکبیرۃ الاولیٰ من الصلوٰۃ فصلی النبی صلی اللہ علیہ وسلم عن یمینہ وعن یسارہ حتی رأینا بیاض خدیہ ثم انفتل کانفتال ابی رمثۃ یعنی نفسہ فقام الرجل الذی ادرک معہ التکبیرۃ الاولیٰ من الصلوٰۃ یشفع فوثب عمر فاخذ بمنکبیہ فھزہ ثم قال اجلس فانہ لن یھلک اھل الکتاب الا انہ

لم یکن بین صلاتھم فصل فرفع النبی صلی اللہ علیہ وسلم بصرہ فقال اصاب اللہ بک یا ابن الخطاب ہمارے امام ابو رمثہ نے نماز پڑھائی پھر یہ کہا کہ یہی نماز یا اسی جیسی نماز میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پڑھی تھی، حضور نے نماز پوری کی دائیں بائیں سلام پھیرا پھر انصراف فرمایا جیسے میں نے کیا، ایک شخص جس نے حضور کے ساتھ تکبیر اولیٰ پائی تھی سلام کے بعد ہی نماز دوگانہ کے لئے کھڑا ہو گیا، حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کے مونڈھے پکڑ کر ہلائے اور فرمایا کہ بیٹھ جا، اہل کتاب اسی وجہ سے ہلاک ہوئے کہ انکی نماز میں فاصلہ نہ ہوتا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے چشم مبارک اُٹھا کر دیکھا اور فرمایا اے ابن خطاب خدا نے تمہارے ساتھ حق رکھا ہے یعنی تم ٹھیک کہتے ہو۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ سلام کے بعد فوراً نماز کے لئے کھڑا نہ ہونا چاہئے۔ اور یہ بھی معلوم ہوا کہ یہ وہ نماز تھی جس کے نوافل پڑھنا منع نہ تھا اور اس میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے انصراف فرمایا[عہ]۔ ——————— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۱۸) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ زید کا قول ہے کہ نماز مغرب کے بعد دعا مانگتے ہوئے کھڑا ہو جانا چاہئے کیونکہ وقت قلیل ہوتا ہے اور دوسری سنت ہے۔ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایسا ہی عمل فرماتے تھے ایا یہ کسی حدیث سے ثابت ہے یا نہیں، زید امام کے سلام پھیرنے کے بعد فوراً دعا مانگتا ہوا اٹھ جاتا ہے اور امام کی متابعت نہیں کرتا، ایا ایسا کرنا کیسا ہے

الجواب - جس نماز کے بعد سنتیں ہیں ان میں سلام کے بعد مختصر دعاؤں پر اکتفار کرے تاکہ سنتوں میں زیادہ تاخیر نہ ہو زیادہ تاخیر کو ہمارے فقہائے کرام مکروہ فرماتے ہیں۔ درمختار میں ہے ویکرہ تاخیر السنۃ الا بقدر اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ الخ اور بعض احادیث میں بھی آیا ہے کہ حضور اس دعا کے بقدر سلام کے بعد بیٹھے رہتے مثلاً مسلم و ترمذی میں ام المومنین عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا سلم لم یقعد الا بقدر ما یقول اللھم انت السلام ومنک السلام تبارکت یاذا الجلال والاکرام یعنی سلام کے بعد حضور بقدر اس دعا کے بیٹھے رہتے۔ اور مسلم کی دوسری روایت ثوبان رضی اللہ عنہ سے ہے کہ اذا انصرف عن صلاتہ استغفر ثلثاً وقال اَللّٰھُمَّ انت السَّلَامُ الخ یعنی سلام کے بعد تین بار استغفار پڑھتے م اور یہاں مقصود تحدید نہیں ہے کہ صرف اتنا ہی پڑھے، اس پر زیادت اصلاً نہ کرے بلکہ مقصود یہ ہے کہ زیادہ تاخیر نہ کرے اس لئے کہ صحیح بخاری و مسلم میں مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یقول

عہ محقق ابن امیر الحاج حلیہ شرح منیہ میں فرماتے ہیں، ذخیرہ کے حوالہ سے اذا کان فرغ الامام من صلاتہ اجمعوا علی انہ لا یمکث فی مکانہ مستقبل القبلۃ سائر الصلوات فی ذالک علی السواء قال وقد صرح غیر واحد بانہ یکرہ ذالک۔ اس پر فقہاء نے اجماع فرمایا کہ امام اپنی نماز سے فارغ ہو کر اپنی جگہ قبلہ رو نہ بیٹھے، تمام نمازیں اس میں برابر ہیں، ایک ہی نے نہیں بہت حضرات نے تصریح کی ہے کہ یہ (سلام پھیرنے کے بعد امام کا قبلہ رو بیٹھنا) مکروہ ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم - امجدی

فی دبر کل صلوٰۃ مکتوبۃ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ اَللّٰھُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا یَنْفَعُ یعنی حضور ہر فرض نماز کے بعد یہ دعا پڑھتے اور ظاہر ہے کہ یہ پہلی دعا سے زیادہ ہے اس وجہ سے ردالمحتار میں فرمایا وقول عائشۃ بمقدار لا یفید انہ کان یقول ذالک بعینہ بل کان یقعد بقدر ما یسعہ ونحوہ من القول تقریباً فلا ینافی ما فی الصحیحین من انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان یقول فی دبر کل صلوٰۃ مکتوبۃ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وحدہ الحدیث بالجملہ۔ ان احادیث وعباراتِ فقہ سے ثابت ہے کہ اتنی دیر تک بیٹھے۔ پس زید کا قول دعا مانگتے ہوئے کھڑا ہو جانا چاہئے، حدیث وفقہ دونوں کے خلاف ہے کہ حدیث میں بمقدار اس دعا کے بیٹھنا ثابت ہے، اور فقہا بھی یہی کہتے ہیں، بلکہ بعض احادیث میں تو نمازوں کے بعد کے لئے طویل دعائیں بھی آئی ہیں جس کی تاویل ہمارے فقہا یہ فرماتے ہیں کہ یہ ادعیہ سنن کے بعد پڑھی جائیں بلکہ سوال عکلا میں ابوداؤد حدیث مذکور ہوئی کہ سلام کے بعد ایک شخص فوراً سنتوں کے لئے کھڑا ہو گیا تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان کا شانہ پکڑ کر بٹھا دیا اور فرمایا کہ نمازوں کے درمیان فصل نہ ہونے کی وجہ سے اگلے لوگ ہلاک کئے گئے اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عمر کی تصویب فرمائی۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ فوراً کھڑا نہ ہونا چاہئے بلکہ امام احمد کی روایت عبدالرحمن بن غنم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے کہ جو شخص مغرب وصبح کی نماز کے بعد بغیر پاؤں موڑے یہ دعا لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ دس۱۰ مرتبہ پڑھے، اس کے دس گناہ مٹائے جائیں گے، اور دس درجہ بلند کئے جائیں گے۔ اور اس کی ہر مکروہ سے حفاظت ہوگی اور شیطانِ رجیم سے حفظ ہوگا اور شرک کے سوا کوئی گناہ اُسے ضرر نہ دیگا اور باعتبارِ عمل وہ سب سے افضل ہوگا، مگر وہ جو اس سے افضل کہے پھر زید کا مغرب کے ساتھ خاص کرنا بالکل بے دلیل ہے، بلکہ یہ حکم ہر کہ تاخیر نہ کیجائے مغرب اور ان تمام نمازوں میں جن کے بعد سنن ہیں یکساں ہے۔ اور مغرب کا وقت کم ہے تو کیا اتنا کم ہے کہ دعا پڑھتے پڑھتے ختم ہو جائے گا۔ ہندوستان میں ایک گھنٹہ اٹھارہ۱۸ منٹ سے کم کبھی نہیں ہوتا مگر سلام کے بعد امام کی متابعت ضرور نہیں، البتہ جماعت کے ساتھ دعا مانگنا بہتر ہے کہ امید اجابت ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۱۹) ظہر ومغرب وعشاء کے فرض کے بعد امام کا دائیں یا بائیں جانب موڑ کر دعا مانگنا جائز ہے یا نہیں۔ کبیری میں جن حدیثوں سے اس انحراف پر دلیل لائے ہیں، ان حدیثوں میں بعض نماز کے ساتھ خصوصیت ظاہر نہیں ہے، بلکہ تمام نماز کے لئے حکم عام معلوم ہوتا ہے بایں ہمہ آگے ارشاد فرماتے ہیں ھٰذا الذی ذکرنا من التخییر بین الانصراف والجلوس مستقبلا اذا

لم یکن بعد الصلوٰۃ المکتوبۃ التی اتمّھا تطوّع کالفجر والعصر. یہ تخصیص کس بنا پر ہے، بینوا توجروا

الجواب۔ ان نمازوں میں بھی دائیں بائیں انصراف کرکے دعا مانگنا جائز بلکہ احادیث کے اطلاق سے یہی ثابت اور سنت ہے البتہ جن نمازوں کے بعد سنتیں ہیں انہیں مختصر دعا مانگے اور فجر وعصر کے بعد ادعیہ طویلہ واذکار کثیرہ کی بھی اجازت ہے۔ غنیہ وغیرہا میں جو تخییر ذکر کرتے ہیں ان میں جلوس سے مراد جلوس طویل ہے، چنانچہ حلیہ میں تصریح ہے کہ جن نمازوں کے بعد سُنن ہیں ان کے بعد بھی انصراف کرے کہ علت مشترک ہے اور احادیث کے اطلاق سے یہی ثابت ـــــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۲۰) از ضلع بلیا مرسلہ مولوی عبد العظیم صاحب ۶ ربیع الاول ۵۳ھ

ما تولکم ایھا العلماء الکرام فی ھذہ المسائل رحمکم اللہ الملک العلام :-

"بیٹھ کر نماز پڑھنے میں حد رکوع کیا ہے اگر اتنا جھکا کہ سر اور زمین میں ایک بالشت یا اس سے بھی کم کا فاصلہ رہ گیا تو کیا اس کی نماز میں نقصان آگیا ؟ بینوا توجروا

مسئلہ (۱۲۱) رکوع اور سجدہ میں جو الصاق کعبین سنت لکھا ہے اس سے کیا مراد ہے پورے قدموں کا آپس میں ملادینا یا صرف ٹخنوں ہی کا ملانا، اگر صرف ٹخنوں ہی کا ملانا مراد ہے تو رکوع میں خیر آسانی ہوگی لیکن سجدہ میں جہاں تک فقیر نے تجربہ کیا ہے مشکل معلوم ہوتا ہے کیونکہ سجدہ میں انگلیوں کا رُخ قبلہ کی طرف بھی کرنے کا ہے اور ظاہر اس سے یہی ہے کہ تمام انگلیوں کا رُخ قبلہ کی طرف رہے نہ بعض کا، اور الصاق کعبین میں دونوں پاؤں کی صرف ایک ایک یا دو دو انگلیاں قبلہ رو رہتی ہیں باقی نہیں بہر حال ان دونوں سنتوں میں ایک ضرور ترک ہو جاتی ہے ۔ بینوا توجروا

الجواب۔ بیٹھکر نماز پڑھنے میں رکوع کا ادنیٰ درجہ یہ ہے کہ پیشانی گھٹنوں کی سمت میں آجائے ۔ رد المحتار میں ہے دفی حاشیۃ القتال عن البرجندی ۔ ولوکان یصلی قاعدًا ینبغی ان یحاذی جبھتہ قدام رکبتیہ لیحصل الرکوع۔

اقول ۔ یہاں محاذات سے مراد سمت میں ہونا ہے نہ کہ اتنا جھکنا کہ پیشانی کی زمین سے بلندی گھٹنے کے بالائی حصہ کے برابر ہو جائے! فالایراد الذی اورد ہٗ العلامۃ الشامی بقولہ لعلّ محمول علی تمام الرکوع الخ ساقط ولعلہ اشار الٰی ھٰذا بقولہ تامل ۔ بہر حال اتنا جھکنا کہ پیشانی اور زمین میں ایک بالشت یا کم کا فاصلہ رہا موجب نقصان نہیں ـــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

الجواب۔ در مختار میں رکوع کے اندر الصاقِ کعبین کو سنت تحریر کیا اور رد المحتار میں سید ابو السعود سے نقل کیا کہ وہ بحوالہ در سجود میں بھی الصاق کو سنت لکھتے ہیں ۔ اس پر علامہ شامی اعتراض کرتے ہیں، کہ یہ شارح نے در مختار میں لکھا نہ در منتقی

میں اور یہ بھی لکھتے ہیں کہ کسی غیر کے کلام میں بھی میں نے اس کو نہیں پایا۔ پھر اس کی ایک ضعیف سی توجیہ بھی کرتے ہیں، مگر یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ اس کی سنیت کا ماخذ کیا ہے مجھے خیال ہے کہ بہار شریعت میں اسی درمختار کے حوالے سے میں نے الصاق کو سنن میں شمار کیا تھا۔ مگر اعلیحضرت قبلہ نے اُسے نکال دیا[ع۵]۔ میرا خیال ہے کہ اگر الصاق سنت کہا جائے تو شاید بایں معنی ہو کہ دونوں ٹخنوں محاذات ہونا چاہئے نہ کہ چپکا دیئے جائیں، جیسا کہ ایک حدیث میں ہے کہ ایک صحابی فرماتے ہیں کہ نماز جماعت میں ایک شخص اپنے کعب کو دوسرے کعب سے الصاق کیا کرتا تھا، اس کے معنی حنفیہ یہ کہتے ہیں کہ الصاق سے مراد محاذات ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۲۲) زیر ناف ہاتھ باندھنے کی کیا وجہ ہے۔　　بینوا توجروا

الجواب۔ نفس کو مغلوب کرنا ہے۔ ـــــــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۲۳) کیا فرماتے ہیں علمائے دین مابین سجدتین اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ الخ پڑھنا جائز ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا

الجواب۔ مابین سجدتین نوافل میں اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاعْفِنِیْ وَاھْدِنِیْ وَارْزُقْنِیْ پڑھنا مسنون ہے اور حدیث ابوداؤد جس میں یہ دعا وارد ہے، عند الحنفیہ نوافل پر محمول ہے اور فرائض میں اگر منفرد ہو یا مقتدی تھوڑے ہوں اور معلوم ہو کہ ان پر گراں نہ ہوگا تو اس کے پڑھنے میں حرج نہیں بلکہ پڑھنا مستحب و مندوب ہے کیونکہ ائمہ حنفیہ نے اس کی کہیں ممانعت نہیں فرمائی اور حنبلیہ کے نزدیک اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ کہنا واجب ہے کہ بغیر اس کے نماز ہی باطل ہے اور علماء تصریح فرماتے ہیں کہ اگر اپنے مذہب کے خلاف کرنا لازم نہ ہو تو رعایت اختلاف مستحب ہے یعنی اس طرح عمل کرے کہ دوسرے کے نزدیک باطل نہ قرار پائے۔ درمختار میں ہے ولیس بینھما ذکر مسنون علی المذھب وما ورد محمول علی النفل۔ ردالمحتار میں ہے قال ابو یوسف سألت الامام ایقول الرجل اذا رفع رأسہ من الرکوع والسجود اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ قال یقول ربنا لک الحمد وسکت ولقد احسن فی الجواب اذ لم ینہ عن الاستغفار (نھر وغیرہ) اقول بل فیہ اشارۃ الی انہ غیر مکروہ اذ لو کان مکروھًا نھی عنہ کما ینھی عن القراءۃ فی الرکوع والسجود وعدم کونہ مسنونًا لاینافی الجواز کالتسمیۃ بین الفاتحۃ والسورۃ بل ینبغی ان یندب الدعاء بالمغفرۃ بین السجدتین خروجا من خلاف الامام احمد لابطالہ الصلوٰۃ

ع۵ الملفوظ حصہ چہارم مطبوعہ لکھنؤ ص۵۹ پر ہے۔ عرض ـــ درمختار کبیری صغیری وغیرہ میں لکھا ہے کہ رکوع میں دونوں ٹخنوں کو ملانا سنت ہے۔ ارشاد:۔ لم یثبت۔ کہیں ثابت نہیں دس بارہ کتابوں میں یہ مسئلہ لکھا ہے؛ اور سب کا منتہیٰ زاہدی ہے۔ اھ فتاوی رضویہ سوم ص۵۵ پر اسکے خلاف اس کے مسنون ہونے کی تصریح ہے۔ اور اس پر وارد شبہات کا جواب بھی، مگر وہ فتویٰ بہت پہلے کا ہے سوال کی تاریخ ۹ رمضان المبارک ۱۳۱۷ھ ہے۔ اور الملفوظ کا ارشاد ۱۳۳۶ھ کے بعد کا ہے۔ اور بہار شریعت کی تصحیح ۱۳۳۰ھ کے بعد کی ہے اس لئے معتبر و معتمد یہی ہے جو الملفوظ میں ہے۔ اور جو حضرت صدر الشریعۃ نے بیان فرمایا۔ واللہ تعالیٰ اعلم　امجدی

بترکہ عامداً ولم ار من صرح بذالک عندنا لکن صرحوا باستحبابہ مراعاۃ الخلاف

واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۲۴) مرسلہ محمد حبیب حسین صاحب و محفوظ الکریم بانکی پور دریاپور ۱۳ رجادی الاولیٰ ۱۳۵۶ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مسئلہ ذیل میں :-

امام کے لئے بعد فراغ فرائض انحراف عن القبلہ یمین والیسر پہلو پر ہوکر دعا مانگنا ہر ایک پنجگانہ فرض کے بعد مستحب ہے یا بعض کے بعد۔ زید کہتا ہے کہ ہر ایک پنجگانہ فرض کے بعد انحراف عن القبلہ کرنا مستحب ہے۔ خالد کہتا ہے کہ صرف عصر اور فجر کی نماز کے بعد مستحب ہے۔ دلیل میں فتاویٰ درمختار مطبع احمدی کی یہ عبارت پیش کرتا ہے وفی الخانیۃ یستحب للامام التحول لیمین القبلہ یعنی یسار المصلی لتنفل ۔ نیز نورالایضاح نزل الثوی تقریر ترمذی شریف بحوالہ فتح القدیر شرح منیہ کبیری وغیرہ پیش کرتا ہے۔ عبارت مذکورہ بالا کا واضح مطلب واحناف فقہا رکرام کا محقق و مفتیٰ بہ قول مع حوالہ کتب نقل عبارت کے ساتھ تحریر فرماکر عند اللہ ماجور ہوں۔ بینوا توجروا

الجواب - فرائض کے بعد سنن پڑھنے میں کچھ فاصلہ کرنا چاہئے۔ احادیث سے یہ بات ثابت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم و صحابہ کرام فصل کیا کرتے تھے۔ مشکوٰۃ شریف میں ہے فان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم امرنا بذلک ان لا نوصل بصلوٰۃ حتی نتکلم او نخرج (رواہ مسلم) اور فرائض و سنن میں فصل طویل بھی مکروہ ہے۔ درمختار میں ہے ویکرہ تاخیر السنۃ الا بقدر اللھم انت السلام الخ اس امر میں فقہائے حنفیہ کا قول یہ ہے کہ احادیث میں ایسی نمازوں کے بعد جو اذکار طویلہ وارد ہیں اُن سے یہ مراد ہے کہ رواتب کے بعد وہ اذکار پڑھے جائیں۔ معلوم ہوا کہ فصل طویل مکروہ ہے ورنہ اس تاویل کی حاجت نہ تھی۔ ردالمحتار میں ہے واما ماورد من الاحادیث فی الاذکار عقیب الصلوٰۃ فلا دلالۃ فیہ علی الاتیان بہا قبل السنۃ بل یحمل علی الاتیان بہا بعدہا لان السنۃ من لواحق الفریضۃ وتوابعہا ومکملاتہا فلم تکن اجنبیۃ عنہا فما یفعل بعدہا یطلق علیہ انہ عقیب الفریضۃ - اب رہی یہ بات کہ ان فرائض کے بعد جو اذکار قلیلہ یا دعائیں پڑھی جائیں، وہ قبلہ رو امام بیٹھے ہوئے پڑھے یا اس کے لئے انحراف عن القبلہ ہونا چاہئے۔ انحراف کے متعلق جو کچھ احادیث نظر فقیر سے گذری ہیں، ان حدیثوں سے کہیں یہ ثابت نہیں کہ صرف فجر و عصر میں انحراف ہوتا تھا باقی نمازوں میں نہ تھا، لہٰذا بلا دلیل شرعی اس انحراف کو مقید نہیں کیا جاسکتا۔ مثلاً صحیح بخاری میں سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی، کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا صلیٰ صلوٰۃ اقبل علینا بوجہہ۔ صحیح مسلم شریف میں

براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی کنا اذا صلینا خلف رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم احببنا ان نکون عن یمینہ یقبل علینا بوجھہ۔ بلکہ بظاہر ان احادیث سے عموم سمجھا جاتا ہے بلکہ ابوداؤد کی ایک حدیث سے صراحۃً ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جس نماز کے بعد نوافل ہیں، اس میں بھی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انحراف فرمایا ہے۔ ازرق بن قیس سے مروی کہتے ہیں صلی بنا امام لنا یکنی ابا رمثۃ قال صلیت ھٰذہ الصلوٰۃ او مثل ھٰذہ الصلوٰۃ مع رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال وکان ابوبکر وعمر یقومان فی الصف المقدم عن یمینہ وکان رجل قد شھد التکبیر الاولیٰ عن الصلوٰۃ فصلی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ثم سلم عن یمینہ وعن یسارہ حتی رأینا بیاض خدیہ ثم انفتل کانفتال ابی رمثۃ یعنی نفسہ فقام الرجل الذی ادرک معہ التکبیرۃ الاولیٰ عن الصلوٰۃ یشفع فوثب عمر فاخذ بمنکبیہ فھزہ ثم قال اجلس فانہ لن یھلک اھل الکتاب الا انہ لم یکن بین صلاتھم فصل فرفع النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بصرہ فقال اصاب اللہ بک یا ابن الخطاب۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ان کو منع کرنا اس وجہ سے تھا کہ انھوں نے فرض وسنت میں فصل نہ کیا اور اس کی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تصویب فرمائی، اگر وہ نماز فجر و عصر ہوتی تو نماز ہی سے ممانعت کی جاتی نہ کہ فصل کو منع کیا جاتا۔ اور یہ حدیث بیان کر رہی ہے کہ اس نماز میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انحراف فرمایا تھا۔

پس معلوم ہوا کہ انحراف امام فجر و عصر کے ساتھ مخصوص نہیں۔ اس حدیث کو امام ابن ہمام رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے بھی فتح القدیر میں ذکر فرمایا، اور یہ بتایا کہ جو لوگ فرض و سنت میں وصل کے قائل ہیں۔ ان کا قول اس حدیث کے خلاف ہے۔ اور جو یہ کہتے ہیں کہ بقدر اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ الخ کے مکث کرے، اُن کے قول پر اس حدیث سے اعتراض نہیں ہوتا کہ اس حدیث سے حدیث فصل طویل ثابت نہیں۔ فتح القدیر کی عبارت یہ ہے ولا یرد علی الثانی اذ قد یجاب بان قولہ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْکَ السَّلَامُ الخ نصل فمن ادعی فصلا اکثر منہ فلینقلہ۔ امام ابن ہمام کی اس تصریح سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ بھی اس نماز کو فجر و عصر کا غیر قرار دیتے ہیں۔ اور یہ کہ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ الخ پڑھنے میں بھی امام کو انحراف چاہئے۔ لہٰذا جن فقہائے کرام نے یہ تصریح فرمائی کہ جن نمازوں کے بعد سنن ہیں ان میں بعد سلام صرف بقدر اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ توقف کرے جیسا کہ درمختار میں ہے ویکرہ تاخیر السنۃ الا بقدر اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ الخ۔ ان روایات فقہیہ سے کہیں ایسا ثابت نہیں کہ حالت اولیٰ پر بیٹھے ہوئے یہ کلمات کہے بلکہ فقہائے کرام نے انحراف کی جو علت بیان فرمائی ہے وہ یہ ہے کہ نئے آنے والے کو شبہہ نہ ہو کہ ابھی جماعت ختم

نہیں ہوئی ہے۔ اور وہ اقتدار کی نیت کر کے کہیں شامل نہ ہو جائے۔ یہ علت بتائی ہے کہ امام کو ہر نماز میں منحرف ہونا چاہئے، جبکہ کتب متداولہ میں فقہائے کرام کی تخصیص نہیں ملتی کہ جن نمازوں کے بعد سنن ہیں، ان میں انحراف نہیں کیا جائے۔ اور احادیث اس باب میں مطلق ہیں، بلکہ جن نمازوں کے بعد سنن ہیں ان میں بھی انحراف حدیث سے ثابت اور قول اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ الخ اور انحراف میں تنافی نہ ہونا امام ابن ہمام کی تصریح سے ثابت۔ لہٰذا یہ انحراف تمام فرائض کے بعد امام کرے۔ اور یہی سنت ہے، بلکہ حلیہ شرح منیہ میں یہ تصریح ذخیرہ سے نقل فرمائی، اور حالت اولیٰ پر جلوس کو مکروہ بتایا۔ سائر الصلوات فی ذالک علی السواء وقد صرح غیر واحد بانہ یکرہ ذالک۔ درمختار کی جو عبارت سوال میں منقول ہے اس کو اس مسئلہ سے کوئی تعلق نہیں اس عبارت کا محصل یہ ہے کہ امام اسی جگہ نوافل نہ پڑھے بلکہ اس جگہ سے ہٹ کر پڑھے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۲۵) مسئولہ محمد کامل صاحب پسر فتح محمد امان اللہ پورہ بنارس یکم محرم ۶۱ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل میں کہ بعد نماز فرض متصلاً ۳ بار حق حق کہنا، یا ۳ بار لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کا بلند آواز سے ضرب لگانا کسی حدیث یا فقہ حنفی کی کسی معتبر کتاب سے ثابت ہے یا نہیں۔ اگر ثابت ہے تو بحوالہ کتب عبارت نقل فرمائیے۔

مسئلہ (۱۲۶) بعد ختم نماز فرض حدیثوں میں ۳ مرتبہ استغفار کا حکم آیا ہے اور مختلف اذکار کے پڑھنے کا ثبوت بھی ہوا ہے۔ کیا بعینہٖ انھیں اذکار کا پڑھنا سنت ہوگا۔ یا کچھ تغیر وتبدل کرنا بھی سنت ہوگا۔

الجواب۔ ذکر جہر کی مختلف صورتیں ہیں بعض حالتوں میں جائز وبہتر اور بعض میں مکروہ جبکہ اس کا صحیح مقصد ہو اور نمازیوں کو اس سے تشویش نہ ہو اور سونے والوں کو ایذا نہ ہو اور ریا کی مداخلت سے خالی ہو تو جائز ہے، اور نماز کے بعد ذکر کا جواز احادیث سے ثابت ہے، صحیح بخاری وصحیح مسلم میں حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ فرماتے ہیں کنا نعرف انقضاء صلوٰۃ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بالتکبیر۔ دوسری روایت میں ہے ان رفع الصوت بالذکر حین ینصرف الناس من المکتوبۃ کان علیٰ عہد النبی صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وقال ابن عباس کنت اعلم اذا انصرفوا بذالک اذا سمعتہ۔ ردالمحتار میں فتاویٰ خیریہ سے ہے والجمع بینھما بان ذالک یختلف باختلاف الاشخاص والاحوال کما جمع بذالک بین احادیث الجہر والاخفاء بالقرأۃ ولا یعارض ذالک حدیث خیر الذکر الخفی لانہ حیث خیف الریاء او تأذی المصلین او النیام فان خلا مما ذکر فقال بعض اھل العلم ان الجہر افضل لانہ اکثر

اسرار لتعدی فائدتہ الی السامعین و یوقظ قلب الذاکر فیجمع ھمہ الی الفکر و یصرف سمعہ الیہ و یطرد النوم و یزید النشاط۔ جب مطلقاً ذکر جائز ہے تو وہ ذکر بھی جائز ہے جو سوال میں مذکور ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

الجواب ۔ وہ اذکار جو احادیث میں وارد ہیں ان کے سوا دوسرے اذکار بھی جائز ہیں مگر جو احادیث میں ہیں وہ افضل ہیں

مسئلہ (١٢٧) مسئولہ محمد کامل صاحب بنارس یکم محرم الحرام ۱۳۶۱ھ۔

اگر کوئی شخص بجائے اللہ اکبر کے اَجَلُّ وَاَعْظَمُ اور رکوع میں سُبْحَانَ رَبِّیَ الْکَبِیْر اور سجدہ میں رَبِّیَ الْاَکْبَرُ اور سَلَامٌ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ کہنے پر مداومت اور اصرار کرے تو یہ خلاف سنت ہے یا نہیں اور اس کا یہ قول ہے کہ قرآن مجید میں اَلسَّلَامُ نہیں آیا ہے بلکہ سَلَامٌ عَلَیْکُمْ آیا ہے اور یہی بہتر ہے۔

الجواب ۔ اگرچہ اَللّٰہُ اَجَلُّ وَاَعْظَمُ سے بھی تحریمہ ہو جائے گا اور نماز میں داخل ہو جائے گا مگر ایسا کرنا مکروہ ہے اور حدیث کے خلاف ہے کہ ارشاد فرمایا و تحریمہا التکبیر۔ فتاوٰی عالمگیری میں ہے لو شَرَعَ بالتسبیح او بالتھلیل صح ولکن الاَوْلٰی ان یشرع بالتکبیر کذا فی التبیین وھل یکرہ الشروع بغیرہ اختلف المشائخ بعضھم قالوا یکرہ و الاصح ھٰکذا فی الذخیرۃ والمحیط والظھیریۃ۔ ردالمحتار میں ہے فان الاصح انہ یکرہ الافتتاح بغیر اللہ اکبر عند ابی حنیفۃ کما فی التحفۃ والذخیرۃ والنھایۃ وغیرھا اور اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ کی جگہ سَلَامٌ عَلَیْکُمْ کہنا بھی خلاف سنت و مکروہ ہے ردالمحتار میں ہے فان قال اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ او السَّلَامُ او سَلَامٌ عَلَیْکُمْ او عَلَیْکُمُ السَّلَامُ اجزاہ وکان تارکا للسنۃ وصرح فی السراج بکراھۃ الاخیر اھ۔ قلت تصریحہ بذالک لاینافی کراھۃ غیرہ ایضا مما خالف السنۃ۔ اور اس کا یہ کہنا کہ قرآن مجید میں اَلسَّلَامُ نہیں آیا ہے، غلط ہے، قرآن مجید میں ہے وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰی اِلَیْکُمُ السَّلَامَ لَسْتَ مُؤْمِنًا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (١٢٨) نماز میں سجدہ کی حالت میں ناک اور پیشانی کا زمین سے لگا رہنا ضروری ہے، یا پیشانی زمین سے لگنے کے بعد اٹھ جانا چاہئے۔ اور جو ایسے نماز پڑھتا ہے۔ کہ ناک نہ لگے یا ناک محض چھو جائے بعد میں پیشانی لگ جائے اور ناک اٹھ جائے اُس کی نماز کیسی ہے۔

الجواب ۔ سجدہ میں پیشانی کا زمین پر جمنا فرض ہے، اور ناک اس طرح جمانا کہ جو حصہ ناک کا نرم ہے اس کے دبنے کے بعد ناک کی ہڈی زمین پر جم جائے۔ یہ واجب اگر ناک کی نوک زمین سے چھو گئی اور ہڈی نہ لگی نماز واجب الاعادہ ہوئی۔ حدیث میں ارشاد ہوا امرت ان اسجد علی سبعۃ اعظم واشار الی الفہ۔ یعنی پیشانی زمین پر لگنے کا یہ مطلب ہے کہ ناک کی ہڈی بھی زمین

پر لگ جائے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۲۹) مرسلہ عبدالغفور صاحب دفتر انجمن اشاعت الحق بنارس ۲۷ر شعبان المعظم ۱۳۶۱ھ

"عورتوں کے لئے نماز میں سجدہ کی حالت میں پیر اور پیر کی انگلیوں کے متعلق کیا حکم ہے"

الجواب - عورتوں کو بھی سجدہ میں پاؤں کی انگلیاں لگانا چاہئے، اس حکم میں عورتوں کا استثنا میری نظر سے نہیں گذرا ہے[۵۵] ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۳۰) صف اور مصلیٰ بچھانے میں مصلیٰ کا کچھ حصہ صف کے اوپر رہتا ہے بعض اوقات نیچے بھی ہوجاتا ہے لہٰذا مصلیٰ کا کچھ حصہ صف کے اوپر رہنا چاہئے یا صف کے نیچے یا صف سے علیحدہ یا تمام طریقے جائز ہیں جس مصلیٰ کا ذکر ہوا ہے وہ چٹائی ہے جس پر امام کھڑا ہوتا ہے۔ بینوا توجروا۔

الجواب - سب طرح جائز ہے مگر امام مقتدیوں کی صف سے زیادہ فاصلہ پر نہ کھڑا ہونا چاہئے۔ مقتدی کے موضع سجود اور موضع قیام امام میں اگر فاصلہ ہو تو اتنا ہو کہ بکری کا بچہ گذر جائے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۱۳۱) مسئولہ مولوی عبدالکریم صاحب طالب علم درجۂ اولیٰ مدرسۂ اہلسنت، ۲ر ربیع الاول شریف ۱۳۶۲ھ

(۱) کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مسئلہ ذیل میں :-

کلام مجید کو مخارج سے ادا کر کے نماز میں پڑھنا فرض ہے یا سنت یا مستحب۔

(۲) جو شخص مخارج کو ادا نہیں کرتا ہے اُس کی نماز ہوتی ہے یا نہیں اور اگر وہ نماز پڑھا رہا ہو تو اسکی اقتدا کرنا چاہئے یا نہیں۔

(۳) اور جو شخص مخارج کے ادا کرنے کی سعی ہمیشہ کرتا رہتا ہے مگر ادا نہیں ہوتی تو اس کی نماز اور اسکی اقتدا جائز ہے یا نہیں۔

(۴) اور جس شخص میں اس قدر استطاعت و قدرت ہے کہ سعی و کوشش سے مخارج کو ادا کرے گا پھر وہ کوشش نہیں کرتا تو اسکے پیچھے نماز جائز ہے یا نہیں اُس پر شارع علیہ السلام کا کیا حکم ہے، جواب بحوالہ کتب ہونا چاہئے۔ بینوا توجروا

بینوا توجروا

---

[۵۵] اس لئے عورتیں بھی اس عموم میں داخل ہیں۔ یونہی یہ بھی کہیں نہیں کہ وہ انگلیوں کا پیٹ زمین پر لگائیں، مگر عموم حکم سے استدلال کیا جاتا ہے کیونکہ ان کا استثنا نہیں۔ حالانکہ جوان کی وضع خاص ہے اُسے فقہا نے بیان فرمایا۔ تو اگر عورتیں اس حکم سے مستثنیٰ ہوتیں تو اس کو بھی ضرور بیان فرماتے۔ وقد استدل بعض الافاضل بما نقلہ الشامی عن البحر انہا لاتنصب اصابع القدمین کما ذکرہ فی المجتبیٰ۔ فیہ نظر لان فی البحر عدہ من خصائص المرأۃ حیث قال ۔ و یزاد علی العشر انہا لاتنصب اصابع القدمین ۔ فان کان المراد بہ بسط الظہر الاصابع و توجیہہ رؤسہا نحو القبلۃ فلا خصوصیۃ للمرأۃ الرجال فی ھذا الحکم مثلہن فلیحرر ۔ واللہ تعالیٰ اعلم امجدی

الجواب (۱) قرآن مجید مطلقاً صحیح پڑھنا فرض ہے، نماز میں ہو، یا بیرون نماز، اس طرح کہ حروف مخارج سے نکالے جائیں اور وہ صفات جن سے ایک مخرج کے چند حروف باہم ممتاز ہوتے ہیں، اُن کی بھی رعایت کی جائے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا قرآن کو ترتیل کے ساتھ پڑھو، تصحیح حروف تو بڑی چیز ہے، علمائے کرام تو تجوید کو بھی واجب کہتے ہیں، بلکہ مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے ترتیل کی تفسیر تجوید سے فرمائی، امام شمس الدین ابوالخیر محمد بن محمد بن محمد جزری مقدمہ جزریہ میں فرماتے ہیں وَالْاَخْذُ بِالتَّجْوِيْدِ حَتْمٌ لَازِمٌ ٭ مَنْ لَّمْ يُجَوِّدِ الْقُرْاٰنَ اٰثِمٌ - لِاَنَّهٗ بِهِ الْاِلٰهُ اَنْزَلَا ٭ وَهٰكَذَا مِنْهُ اِلَيْنَا وَصَلَا۔ تجوید کے ساتھ قرآن پڑھنا لازم حتمی ہے جو قرآن کو تجوید کے ساتھ نہ پڑھے گنہ گار ہے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے ایسا ہی قرآن کو نازل فرمایا اور ایسا ہی قرآن ہم تک پہونچا۔ ان کے صاحبزادے تجوید کی رعایت کرنے پر شرح میں فرماتے ہیں اذا لم یراع ذالك فكانه قرأ القرآن بغير لغة العرب والقرآن ليس كذالك فهو قارئ وليس بقارئ بل هادم وعدم قراءته اولى من قراءته وهو بها من اَلَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا ومن الداخلين في قوله صلى الله تعالى عليه وسلم رُبَّ قَارِئٍ لِلْقُرْاٰنِ وَالْقُرْاٰنُ يَلْعَنُهٗ۔ یعنی جس نے تجوید کی رعایت نہ کی، تو گویا غیر زبان عرب میں قرآن پڑھا، حالانکہ قرآن غیر عربی نہیں، تو بظاہر قرآن پڑھتا ہے اور فی الحقیقت قرآن پڑھنے والا نہیں، بلکہ ہادم ہے اور اس کا نہ پڑھنا پڑھنے سے بہتر ہے، اور اس طرح قرآن پڑھکر وہ اُن لوگوں میں ہوا، جن کی زندگیِ دنیا میں کوشش بیکار ہوگئی۔ اور وہ سمجھتے ہیں کہ ہم نیک کام کرتے ہیں، اور ایسا پڑھنے والا حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد میں داخل ہے "بہت قرآن پڑھنے والے وہ ہیں، جن پر قرآن لعنت کرتا ہے، اعاذنا اللہ تعالیٰ منہا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

ج (۲) جو شخص مخارج سے نہیں ادا کرتا، اس کے پیچھے اس شخص کی نماز نہیں ہو سکتی، جو صحیح پڑھ سکتا ہے، اور خود اُسکی نماز ہوگی یا نہیں، اس کی دو صورتیں ہیں جو ۳ اور ۴ کے جواب سے ظاہر ہوں گی۔ واللہ تعالیٰ اعلم

ج (۳) جو شخص صحیح پڑھنے پر قادر نہیں، اُسے حکم ہے کہ پوری کوشش صرف کرے، اور زمانہ کوشش میں اُس کی خود نماز ہوجائے گی، اور اس جیسا کوئی دوسرا ہو یعنی جو حرف یہ ادا نہیں کر سکتا ہے دوسرا بھی اسی حرف کے ادا کرنے پر قادر نہ ہو تو اس کی امامت بھی کر سکتا ہے، اور اگر صحیح خواں کی اقتدا کر سکتا ہو، یا بقدر فرض قرآن مجید کا وہ حصہ پڑھ سکتا ہے، جس میں وہ حرف نہ ہو، جسے ادا نہیں کر سکتا، یا کوشش نہیں کرتا، تو ان تین حالتوں میں جبکہ غلط پڑھے گا، تو خود اس کی نماز بھی نہ ہوگی، اور جب خود اس کی نہ ہوئی تو دوسرے کی اُس کے پیچھے کیونکر ہوگی۔ درمختار

میں ہے ولا یصح اقتداء غیر الالثغ بہ ای بالالثغ علی الاصح کما فی البحر عن المجتبیٰ وحرر الحلبی وابن الشحنۃ انہ بعد بذل جھدہ دائما حتما کالامی فلا یؤم الا مثلہ ولا تصح صلاتہ اذا امکنہ الاقتداء بمن یحسنہ او ترک جھدہ او وجد قدر الفرض مما لا لثغ فیہ ھذا ھو الصحیح المختار فی حکم الالثغ وکذا من لا یقدر علی التلفظ بحرف من الحروف توتلے کی اقتدا اُس کے لئے صحیح نہیں، جو توتلا نہ ہو، اصح مذہب یہی ہے، ایسا ہی بحر میں مجتبیٰ سے ہے، اور حلبی اور ابن الشحنہ نے یہ تحریر فرمایا کہ وہ الثغ اپنی ہمیشہ پوری کوشش کرنے کے بعد امی (ان پڑھ) کے مثل ہے، وہ صرف اپنے ہی جیسے کی امامت کرسکتا ہے، اور اگر اچھے پڑھنے والے کی اقتدا کرسکتا ہے، تو اس کی اپنی نماز بھی صحیح نہیں ہوتی ہے، یا کوشش کرنا ترک کردے، یا بقدر فرض ایسی آیتیں پڑھ سکتا ہو، جن کو توتلے پن کے بغیر پڑھ سکتا ہو، یعنی صحیح ادا کرسکتا ہو، الثغ کے بارے میں یہی صحیح اور مختار ہے، ایسا ہی حکم اُس شخص کا ہے، جو حروف میں سے کسی حرف خاص کو صحیح ادا کرنے پر قادر نہ ہو۔

رد المحتار میں فرمایا، قولہ دائما ای فی أناء اللیل واطراف النہار فما دام فی التصحیح والتعلم ولم یقدر فصلاتہ جائزۃ وان ترک جھدہ فصلاتہ فاسدۃ کما فی المحیط وغیرہ قولہ حتما ای بذلا حتما فھو مفروض علیہ قولہ فلا یؤم الا مثلہ یحتمل ان یراد المثلیۃ فی مطلق اللثغ فیصح اقتداء من یبدل الراء المھملۃ غینا معجمۃ بمن یبدلھا لاما وان یراد المثلیۃ فی خصوص اللثغ فلا یقتدی من یبدلھا غینا الا بمن یبدلھا غینا وھذا ھو الظاھر کالاختلاف العذر فلیراجع ح قولہ وکذا من لا یقدر علی التلفظ بحرف من الحروف وذالک کالرحمٰن الرھیم والشیتان الرجیم والالمین وایاک نابد وایاک نستئین السرات انامت فکل ذالک حکمہ مامر من بذل الجھد دائما والا فلا تصح الصلاۃ بہ. ہمیشہ کوشش کرنے کا مطلب یہ ہے کہ دن اور رات کے اوقات میں کوشش کرے جب تک کوشش کرکے سیکھ رہا ہو، اُس زمانہ کی اُس کی نماز جائز ہے، اور اگر کوشش چھوڑ دے، تو اُس کی نماز فاسد ہے، ایسا ہی محیط وغیرہ میں ہے، یہ جو کہا گیا کہ وہ صرف اپنے ہی جیسے کی امامت کرسکتا ہے، اس کا مطلب یہ بھی ہوسکتا ہے، کہ وہ مطلقا الثغ میں اُس کا مثل ہو، اس تقدیر پر وہ شخص جو رار مہملہ کو غین معجمہ سے بدلتا ہے، یہ اُس کی اقتدا کرسکتا ہے جو رآر کی جگہ لام پڑھتا ہے اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ خصوص لثغ میں اُس کا مثل ہو، لہٰذا رآر کو غین پڑھنے والا اُس شخص کی اقتدا نہیں کرسکتا جو رار کو لام پڑھتا ہو، یہی ظاہر ہے، جیسا کہ دو معذور جن کے عذر مختلف ہوں، اُن میں بھی ایسا ہی ہے، الثغ کا جو حکم ہے، یہی حکم

اُس شخص کا ہے، جو حروف میں سے کسی حرف کے تلفظ پر قادر نہ ہو جیسے کوئی پڑھے الرھمٰن الرھیم، الشیتان الرجیم العلمین، وایاك نابُدُ وایاك نستئین، السرات، انأمت تو ان سب کا حکم وہی ہے، جو گذر گیا، کہ اگر ہمیشہ کوشش کرے تو نماز ہو گی، ورنہ نہیں، فتاویٰ علامہ خیر الدین رملی میں ہے امامۃ الالثغ للمغایر یجوز عند البعض من اکابر وقد اباہ اکثر الاصحاب ؛ لما الغیرہ من الصواب - وقلت نظما غابر الزمان ؛ یزری بنظم الدر والجمان - امامۃ الالثغ بالفصیح ؛ فاسدۃ فی الراجح الصحیح - قال فی البحر بعد کلام کثیر والحاصل ان امامۃ الانسان لمماثلہ صحیحۃ الا امامۃ المستحاضۃ والضالۃ والخنثیٰ المشکل لمثلہ ولمن دونہ صحیحۃ ولمن فوقہ لا تصح مطلقا اھ - نیز اسی فتاویٰ خیریہ میں ہے الراجح المفتیٰ بہ عدم صحۃ امامۃ الالثغ لغیرہ ممن لیس بہ لثغۃ۔ —————— واللہ تعالیٰ اعلم

ج (۴) اس کا حکم ماسبق سے بخوبی ظاہر ہو گیا کہ نہ خود اسکی نماز صحیح ہے، نہ دوسرا اسکی اقتدا کر سکتا ہے، جب شریعت مطہرہ یہ حکم دیتی ہے، کہ جو قدرت نہ رکھتا ہو، وہ دن رات کوشش کرے، پھر بھی صحیح نہ ادا کر سکے، تو زمانہ کوشش کی نماز ہو جائیگی، تو جو باوجود قدرت صحیح ادا نہیں کرتا، اس کی شناعت کا کیا پوچھنا، یہ شخص تارک فرض ہے، اور اگرچہ بظاہر نماز پڑھتا ہے، مگر بے نماز ہے اور نماز ترک کرنے پر جو وعیدیں ہیں ان کا مستحق، اور جان بوجھکر قصداً کلام اللہ کو بدلنا چاہتا ہے۔ اللہ عزّ وجلّ مسلمانوں کو صحیح پڑھنے کی توفیق دے۔ —————— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۳۲) مسئولہ حافظ علی حسین صاحب فرنیچر مرچنٹ از سرائے حکیم علی گڈھ ۲۴ شوال ۱۳۴۱ھ

علمائے دین و شرع متین اس مسئلہ میں کیا فرماتے ہیں:۔ زید امام ہے، اُس نے نماز جمعہ پڑھائی، دوسری رکعت میں سورۃ هَلْ أَتٰكَ پڑھی، تَصْلٰى نَارًا حَامِيَةً کے بجائے تَصْلٰى نَارًا حَامِيَةً ادا کیا ہے، کیا اس اعرابی غلطی سے نماز ہو گئی یا نہیں، زید شامی کا حوالہ دیتا ہے، اور کہتا ہے کہ اگر کیسی بھی اعرابی غلطی ہو جائے، اور معنی بدل جائے، نماز ہو جائے گی، شامی کے قول کو پہلے امام صاحب نے رد کیا ہے یا نہیں، اور زید یہ بھی کہتا ہے، قرارت کوئی چیز نہیں، اور یہ بھی کہتا ہے کہ فقہ کے مقابلے میں اگر کوئی معتبر حدیث مل جائے گی، تو ہرگز نہیں مانوں گا — یہ جائز ہے یا نہیں۔

ے مسئلہ کی صورت یہ ہے کہ ایک شخص صحیح ادا کرنے پر قدرت رکھتا ہے پھر بھی صحیح نہیں ادا کرتا تو وہ ضرور بالقصد قرآن مجید کو غلط پڑھتا ہے، اور قرآن مجید غلط پڑھنا قصداً اُسے بدلنا ہے، مگر چونکہ اس کی نیت تحریف قرآن کی نہیں بلکہ وہ سستی اور لاپرواہی سے ایسا کرتا ہے، اسلئے کافر تو نہ ہوگا، البتہ شدید گنہگار ضرور ہوگا واللہ تعالیٰ اعلم۔ امجدی۔ عـہ قرارت بمعنی تجوید کا مطلقاً انکار کفر ہے کہ یہ ارشاد ربانی ورتل القرآن ترتیلا (بقیہ صفحہ ۸۹ پر)

الجواب - صورت مذکورہ میں یہ غلطی ایسی نہیں کہ نماز فاسد ہو، مگر جب اعرابی غلطیاں ایسی ہوں کہ تغیر معنیٰ لازم آئے، تو متقدمین کے نزدیک نماز فاسد ہوجاتی ہے، اور متاخرین میں بھی اختلاف ہے، اور اس صورت میں احتیاط یہ ہے کہ نماز فاسد ہونے کا حکم دیاجائے۔ شامی میں ہے ومثال ما یغیر اِنَّمَا یَخۡشَی اللّٰہَ مِنۡ عِبَادِہِ الۡعُلَمَآءُ بضم ہاء الجلالۃ وفتح ھمزۃ العلماء وھو مفسد عند المتقدمین واختلف المتأخرون فذھب ابن مقاتل ومن معہ الی انہ لا یفسد والاول احوط وھٰذا اوسع کذا فی زاد الفقیر لابن الھمام۔ زید کا یہ کہنا کہ قرارت کوئی چیز نہیں، غلط ہے، تصحیح حروف ضروری ہے، کہ اگر ایک حرف کی جگہ دوسرا حرف پڑھا اور معنیٰ فاسد ہوگئے، نماز جاتی رہی، اگر صحیح حرف ادا نہیں ہوتے تو حکم ہے کہ پوری کوشش کرکے تصحیح حروف کرے، ورنہ اُس کی نماز ہوگی ہی نہیں۔ درمختار میں الشغ کا حکم بیان فرمایا، ولا تصح صلاتہ اذا امکنتہ الاقتداء بمن یحسنہ او ترک جھدہ او وجد قدر الفرض مما لا لثغ فیہ اس کے بعد فرمایا، ھٰذا ھو الصحیح المختار فی حکم الالثغ وکذا من لا یقدر علی التلفظ بحرف من الحروف او لا یقدر[۲] اس کے تحت فرمایا وذالک کالرحمٰن الرحیم والشیتان الرجیم والالمین وایاک نابد وایاک نستئین السرات انامت فکل ذالک حکمہ مامر من بذل الجھد دائما والا فلا تصح الصلوٰۃ بہ۔ اور اگر قرارت سے مراد مد وشد واظہار واخفار وغنہ وترقیق وتفخیم وغیرہا ہیں تو اگرچہ ان کی وجہ سے نماز فاسد نہ ہوگی، مگر یہ نہیں کہا جاسکتا کہ کوئی چیز نہیں۔ جزریہ میں ہے والاخذ بالتجوید حتم لازم من لم یجود القراٰن اٰثم۔ احادیث پر عمل کرنا بغیر مدد فقہ، یہ مجتہد کا کام ہے، مقلد کے لئے مجتہد کا قول سند ہے، اور مجتہد نے جو کچھ فرمایا وہ احادیث ہی سے فرمایا، حدیث کے الفاظ دیکھ لینے سے کام نہیں چلتا، اُس کے معنیٰ کی پوری واقفیت مجتہد کو ہوتی ہے، عہ ہمارے لئے ائمہ کے اقوال عمل کے لئے بس ہیں۔

واللّٰہ تعالیٰ اعلم

[۲] علی اخراج الفاظ [illegible] وکذا من لا یقدر

(بقیہ ش عہ) کا انکار ہے۔ فتاویٰ رضویہ میں ہے، تجوید بنص قطعی واخبار متواترہ سید الانس والجان علیہ وعلیٰ آلہ افضل الصلوٰۃ والسلام واجماع تمام صحابہ وتابعین وسائر ائمہ کرام علیہم الرضوان المستدام حق وواجب وعلم دین شرع الٰہی ہے۔ قال اللّٰہ تعالیٰ ورتل القراٰن ترتیلا اسے مطلقاً ناحق بتانا کلمہ کفر ہے۔ العیاذ باللّٰہ تعالیٰ، ہاں جو اپنی ناواقفی سے کسی خاص قاعدے کا انکار کرے وہ اس کا جہل ہے اسے آگاہ اور متنبہ کرنا چاہیئے۔ دیکھو احکام شریعت ج ۳۔ امجدی۔ عہ غیر مجتہد پر مجتہد کی تقلید واجب ہے، اور اس زمانے میں اس پر اجماع امت ہے کہ ائمہ اربعہ میں سے کسی ایک کی تقلید واجب ان کے علاوہ اور ائمہ مجتہدین کی جائز نہیں، اسلئے کہ ان ائمہ اربعہ کا مذہب مع تمام جزئی تفصیل کے بحفاظت موجود ہے، بخلاف ان ائمہ اربعہ کے علاوہ کہ ان کا مذہب آج محفوظ ہی نہیں۔ پھر ان کی تقلید کی اجازت بیکار ہے۔ بعض لوگ یہ دھوکہ دیتے ہیں کہ ہم ان چاروں میں سے کسی ایک کی تقلید نہیں کرتے بلکہ ان چاروں میں جس کا مذہب احادیث کے مطابق پاتے ہیں اسکی تقلید کرتے ہیں۔ حالانکہ یہ تقلید نہیں ہوئی۔ تقلید کے معنیٰ ہیں، کسی کی بات بلا دلیل ماننا۔ جب آپ کسی کی بات اسلئے مانتے ہیں کہ وہ آپکے زعم میں حدیث کے مطابق ہے، تو یہ بلا دلیل ماننا نہ ہوا بلکہ اپنے گمان کے مطابق دلیل سے ماننا ہوا۔ پھر یہ تقلید نہ ہوئی، ۱۲

مسئلہ (۱۳۳) مرسلہ نور محمد طالب علم مدرسہ مسجد قدیم چتوڑگڈھ میواڑ ۳ر جمادی الاخریٰ ۴۲ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس صورت میں کہ امام ہر سہ نماز جہری میں مسلسل الحمد سے قرأت شروع کرے اس طرح کہ مقتدیوں پر گراں نہ گذرے اور اثنائے نماز میں جہاں آیت سجدہ آئے وہاں سجدۂ تلاوت بھی کرے یہانتک کہ سال میں دو مرتبہ قرآن مجید ختم کرے، تو یہ صورت جائز ہے یا نہیں، اور ہر روز متفرق طور پر قرارت کرنے کے بجائے مذکورہ صورت اختیار کرنے میں زید مستحق ثواب ہوگا یا نہیں۔ اور کسی جاہل مقتدی کا یہ کہنا کہ اس طرح مسلسل فرضوں میں قرآن مجید کا پڑھنا اور سجدۂ تلاوت کرنا کہیں دنیا میں دیکھا نہ سُنا، اور صورت مذکورہ کے ترک کرنے پر مصر ہونا۔ اسکو مستحق گناہ اور قابل ملامت بنایگا یا نہیں۔ نیز آنحضرت سرور کائنات علیہ افضل الصلوٰۃ والسلام کا گاہے نماز مغرب میں سورۂ اعراف پڑھنا صحیح ہے یا نہیں۔ جہلاء کا یہ اعتراض کرنا کہ مغرب کا بہت ہی مختصر وقت ہے۔ سورۂ اعراف میں چوبیس رکوع ہیں کیونکر پڑھے گئے ہوں گے۔ اسی طرح حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا نماز فجر میں سورہ بقر پڑھنا لکھا ہے تو کیا صبح صادق کے بعد ہی نماز شروع کر دی تھی۔ بسم اللہ جو جزو قرآن ہے اس ختم میں جہر کے ساتھ کسی جگہ پڑھنا ضروری ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا

الجواب اللّٰھم ھدایۃ الحق والصواب۔ حضر میں مسنون یہ ہے کہ فجر و ظہر میں طوال مفصل پڑھے۔ اور عصر و عشاء میں اوساط مفصل۔ اور مغرب میں قصار مفصل۔ یہی تمام متون مثلاً قدوری وکنز و مجمع الانہر و وقایہ و نقایہ و تنویر وغیرہا میں مذکور، اور اسی کو امیر المومنین عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس تحریر فرما کر بھیجا، امام ابن الہمام رضی اللہ تعالیٰ عنہ فتح القدیر میں مصنف عبد الرزاق سے نقل فرماتے ہیں کتب عمر رضی اللہ عنہ الی ابی موسی الاشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان اقرأ فی المغرب بقصار المفصل وفی العشاء بوسط المفصل وفی الصبح بطوال المفصل ہدایہ میں فرمایا والاصل فیہ کتاب عمر الی ابی موسی الاشعری رضی اللہ تعالیٰ عنھما۔ رد المحتار میں کافی سے نقل فرمایا وھو کالمروی عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لان المقادیر لا تعرف الا سماعاً اھ مگر انھیں سورتوں کو معین کر لینا کہ اس کے سوا کبھی دوسری سورت نہ پڑھے، مکروہ ہے، بلکہ احیاناً اور سُور بھی پڑھتا رہے کہ عوام کو یہ خیال پیدا نہ ہو کہ انھیں کا پڑھنا ضرور ہے۔ ہدایہ میں ہے ویکرہ ان یوقت بشیء من القرآن بشیء من الصلوات لما فیہ من ھجر الباقی وایھام التفضیل۔ اور یہ طریقہ کہ سوال میں مذکور ہے اگرچہ جائز ہے یعنی نماز ہو جائے گی، مگر اس پر مداومت کرنا اور اسی کا التزام کر لینا ضرور موہم ہے کہ اس سے بظاہر یہی سمجھ میں آتا ہے کہ یوں مسلسل

(بقیہ ص۸۹) بلکہ اپنی رائے پر عمل ہوا۔ تفصیل کیلئے انتصار الحق النہی الاکید اور پاسبان کے عقائد نمبر کا مطالعہ کریں واللہ تعالیٰ اعلم۔ امجدی

پڑھنا مسنون ہوگا اور کم از کم بہتر ہوگا، ورنہ اس کا التزام کیوں ہوتا اور پھر اس کو جہری نمازوں کے ساتھ مخصوص کرنا بھی، اس امر کو ظاہر کرتا ہے کہ مقتدیوں کو بھی پورا ختم سنانا ہے، ورنہ تخصیص کے کیا معنیٰ اور اسی بنا پر بسم اللہ کو جہر سے پڑھنے کو دریافت کیا۔ لہٰذا یہ صورت خاصہ نہ مسنون ہے نہ مستحب ہے، بلکہ یہ خصوصیت والتزام مثل تعیین کے ہے، اور ایہام تفضیل موجود تو بظاہر کراہت سے خالی نہیں، فقہائے کرام نے تو یہاں تک فرمایا کہ جو سورتیں جن نمازوں میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پڑھی ہیں انھیں تبرکاً پڑھے مگر احیاناً اور سورتیں بھی پڑھے ورنہ کراہت ہے۔ فتح القدیر میں ہے قال الطحاوی والاسبیجابی ھذا اذا رآہ حتما لایجوز غیرہ اما لو قرء للتیسیر علیہ او تبرکا بقراءتہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فلا کراھۃ لکن بشرط ان یقرء غیرھا احیانا لئلا یظن الجاھل ان غیرھا لایجوز۔ توجب ماثورات ومرویات میں التزام کو مکروہ فرماتے ہیں تو یہ التزام خاص کیوں مکروہ نہ ہوگا تنزیہ بھی ہے کہ پوری سورت کو بہ نسبت جزء کے پڑھنا بہتر ہے۔ ردالمحتار میں ہے صرحوا بان الافضل فی کل رکعۃ الفاتحۃ وسورۃ تامۃ۔ عالمگیری میں ہے الافضل ان یقرأ فی کل رکعۃ الفاتحۃ وسورۃ تامۃ فی المکتوبۃ۔ اور اس صورت مذکورہ میں غالباً جزء سورت پڑھا جائے گا، نیز ختم کے قرب میں فجر وعشاء میں بلا وجہ چھوٹی سورتیں پڑھے گا، اور سنت کا ترک لازم آئے گا، یا جمع بین السور کرے۔ یہ اور یہ بھی مکروہ ہے۔ نماز مغرب میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا سورۂ اعراف شریف پڑھنا نسائی شریف میں بروایت ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا مذکور ہے، مگر یہ فعل بیان جواز کے لئے ہے، اور وہ بھی اُس وقت کہ مقتدیوں پر گراں نہ ہو ورنہ گراں ہو تو دوسری روایت انس سے ممانعت ثابت، بلکہ بچوں کے رونے کی آواز سُن کر صرف معوذتین پر فجر میں اختصار فرمایا، اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ سورۂ اعراف پڑھنے سے اس سورت کے ایک جزء کا پڑھنا مراد ہو نہ کہ پوری سورت۔ امام طحاوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے شرح معانی الآثار (باب القراءۃ فی صلوٰۃ المغرب) میں پہلے یہ حدیث ذکر کی سمعت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یقرء فی المغرب بالطور۔ اور وہ حدیثیں ذکر کیں جنمیں سورہ والمرسلات اور سورہ اعراف مغرب کی نماز میں پڑھنا مذکور ہے، اس کے بعد فرمایا یجوز ان یکون یرید بقولہ قرء بالطور قرء ببعضھا وذالک جائز فی اللغۃ ویقال ھذا فلاں یقرء القراٰن اذا کان یقرء شیئا منہ۔ بسم اللہ جہر سے ایکبار تراویح میں پڑھنا سنت ہے، کہ اُس میں ختم قرآن مجید سنت ہے، اگر جہر سے نہ پڑھے گا تو مقتدی اُس سنت سے محروم رہجائیں گے اور نماز مفروضہ میں ختم سنت نہیں تو جہر بالتسمیہ کی کوئی وجہ نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۳۴) مسئولہ محمد نورالحق طالب علم مدرسہ منظر اسلام ۲ رجب ۱۳۴۲ھ۔

چہ می فرمایند علمائے دین ومفتیان شرع متین دریں مسئلہ کہ شخصے در صلاۃ مغرب در سورہ والتین والزیتون بجائے فما یکذبک اگر

فَمَنْ یُّکَذِّبُ بخواند نمازش بر وفق شرع جائز شود یا نہ، بینوا توجروا بالدلیل۔

الجواب ۔ نماز او جائز وصحیح شدہ کہ دریں صورت معنیٰ فاسد نمی شود وبنائے مسائل زلت القاری در صحیح وبطلان نماز بر عدم فساد معنیٰ وفساد ست کما لایخفیٰ علیٰ من طالع الکتب ویک تفسیر ایں آیت چنیں کردہ شدہ است کہ ما بمعنیٰ مَنْ است در تفسیر کبیر آوردہ والثانی وھو اختیار الفراء انہ خطاب مع محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم والمعنیٰ فَمَنْ یُّکَذِّبُكَ یَا اَیُّھَا الرَّسُوْلُ بعد ظھور ھٰذہ الدلائل بالدین پس فساد معنیٰ چگونہ خواہد شد ونماز چرا باطل شود ۔۔۔۔۔۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۳۵) مسئولہ منشی شوکت علی صاحب از محلہ ذخیرہ بریلی ۵ ر ذی الحجہ ۱۳۴۳ھ۔

"امام کے پیچھے مقتدی کو قراءت الحمد اور سورہ پڑھنا جائز ہے یا نہیں، نماز سری ہو یا جہری، بینوا توجروا

الجواب ۔ مقتدی نہ فاتحہ پڑھے نہ سورہ بلکہ چپ رہے[عہ]۔ حدیث میں ہے وَاِذَا قَرَءَ فَاَنْصِتُوْا ۔ قرآن مجید کا ارشاد ہے وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ. جب قرآن پڑھا جائے تو سنو اور چپ رہو تاکہ تم پر رحم کیا جائے نماز جہری ہو یا سری دونوں کا ایک حکم ہے ۔۔۔۔۔۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۳۶) از مدرسہ بیت العلوم مالیگاؤں قصاب باڑہ ضلع ناسک مرسلہ محمد حسین صاحب مدرس ۲۹ ر رجب ۱۳۴۵ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ کو اَللّٰهُ الصَّمَدُ کے ساتھ وصل کرنا، اور اَحَدٌ کے بعد نون قطنی پڑھنا، اور اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ کو اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ کے ساتھ وصل کرنا، اور اِهْدِنَا کے ہمزہ کو ساقط کرنا ازروئے قواعد تجوید درست ہے یا نہیں۔ اور اگر اس طرح نماز میں پڑھا جائے تو نماز درست ہوگی یا نہیں، اور اسی طرح كُفُوًا اَحَدٌ کو تکبیر انتقالی کے ساتھ ملانا اور لَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدُ نِ اللّٰهُ اَكْبَرُ کہنا جائز ہے یا نہیں۔ اور شامی جلد اول مطبوعہ مصر ص۱۲ میں جو یہ عبارت ہے وعن ابی یوسف انہ قال رُبَّمَا ترکت ورُبَّمَا وصلت وذکر فی التاتارخانیہ تفصیلا حسنا وھو انہ اذا کان آخر السورۃ

[عہ] قراءت خلف الامام بہت مشہور اختلافی مسئلہ ہے اور اس زمانے میں غیر مقلدین نے اسے اور اہمیت دیدی ہے، مگر اسی ایک مسئلہ پر اگر کوئی منصف طرفین کے دلائل بنظر غائر دیکھے تو اسپر غیر مقلدین کے عمل بالحدیث کا ادعا کاذب سمجھ میں آجائے گا، اور واضح ہو جائے گا کہ عمل بالحدیث اصل میں حنفی کرتے ہیں، غیر مقلدین قراءت خلف الامام کرکے ۔ دو جرم کے مرتکب ہوتے ہیں۔ ایک عمل بالقرآن کا ترک، دوسرے بہت سی احادیث پر عمل کا ترک۔ برخلاف احناف کے کہ بحمدہ تعالیٰ وہ قراءت خلف الامام نہ کرکے قرآن مجید کی اس آیت پر بھی عامل ہیں اور ان احادیث پر بھی جنمیں سورہ فاتحہ پڑھنے کی تاکید آئی ہے، اسلئے کہ خود حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا من صلی خلف امام فان قراءۃ الامام لہ قراءۃ ۔ جو کسی امام کے پیچھے نماز پڑھے ۔ تو امام کی قراءت مقتدی کیلئے بھی قراءت ہے۔ رواہ الامام محمد فی الموطا، وغیرہ فی غیرہ ۔ اسپر غیر مقلدین کی جرح اور تنقید کے مفصل جوابات فتح القدیر وغیرہ میں پوری تفصیل وتحقیق کے ساتھ موجود ہیں۔ اس حدیث کی روشنی میں مقتدی اگرچہ قراءت نہیں کرتا مگر حکماً قاری ہے، اسطرح دونوں قسم کی احادیث پر عمل ہوگیا مقتدی کا قراءت کرنا مکروہ تحریمی ہے۔ درمختار میں ہے فان قرء کرہ تحریما ۔ واللہ تعالیٰ اعلم ۔ امجدی

ثناء مثل کبر تکبیرا فالوصل اولیٰ والا فالفصل اولیٰ مثل اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الۡاَبۡتَرُ۔ اس کا کیا مطلب ہے۔؟

الجواب ۔ نَسۡتَعِيۡنُ کو اِهۡدِنَا سے وصل کرنا جائز ہے۔ اور جب وصل کیا جائے تو ہمزہ کو ضرور ساقط کرنا ہوگا، کہ اِهۡدِنَا کا ہمزہ وصلی ہے، اور بصورت وصل اسکو باقی رکھنا لحن ہوگا۔ اور جب نَسۡتَعِيۡنُ پر وقف کریں تو ہمزہ کو ضرور پڑھنا ہوگا، ورنہ ابتدا بسکون ہوگا، اور یہ متعذر ہے۔ آج کل عام طور پر پڑھنے والے سانس نہیں توڑتے اور آیت پر سکون کر دیتے ہیں اور اس کو وقف سمجھتے ہیں، حالانکہ یہ وقف ہے نہ وصل، بلکہ اس کو سکتہ کہتے ہیں۔ اور مواضع سکتہ قرآن میں متعین ہیں، یہ انہیں سے نہیں۔ عبارت شامی کا مطلب ظاہر ہے کہ ختم قرارت جملہ ثنا پر ہو تو تکبیر کے ساتھ وصل کرنا اولیٰ ہے ورنہ فصل اولیٰ۔ لہٰذا سورۂ اخلاص کو تکبیر کے ساتھ وصل کرنا اولیٰ ہے۔ اور جو صورت سوال میں مذکور ہے اس طرح پڑھنا بہتر ہے۔ خود یہ فقیر بھی وصل کے ساتھ پڑھتا ہے۔ اور اعلیحضرت قدس سرہٗ بھی اس طرح پڑھا کرتے تھے۔ اور بہت سی معتبر کتابوں میں اس تفصیل حسن کو اختیار کیا۔ فتاویٰ عالمگیری میں ہے قال الفقیہ الامام السعید النجیب ابوبکر اذا فرغت من القراءۃ وتريد ان تکبر للرکوع ان کان الختم بالثناء فالوصل باللہ اکبر اولیٰ ولو لم یکن بالثناء فالفصل اولیٰ کقولہ تعالیٰ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الۡاَبۡتَرُ ھکذا فی التاتارخانیۃ ۔ واللّٰہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۳۷) از گرمٹکال ڈاک خانہ نرائن پٹنہ ریاست حیدرآباد دکن مرسلہ مولوی اسرار الرحمٰن صاحب

۱۸ ر رجب ۴۶ ۱۳ ھ

کتاب سیرالاولیاء مطبوعہ محب ہند دہلی فیض بازار کے صفحہ ۳۹۲ باب ہفتم سطر، امیں قرارت سورہ فاتحہ خلف الامام کے لئے حضرت محبوب الٰہی رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے یہ کتاب اہلسنت کے ہاں مستند ہے کیا اس پر عمل کیا جائے ؟

الجواب ۔ حضرت سلطان الاولیاء محبوب الٰہی رضی اللہ عنہ عین شریعت تک داصل تھے اور ایسے حضرات اگرچہ مقلد ہوں مگر مجتہد بھی ہوتے ہیں اور بعض مسائل میں اپنے اجتہاد پر عمل کرتے ہیں اور ہمارے لئے تو امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مسلک کافی ہے۔ اسی پر ہم عامل اور اسی پر فتویٰ دیتے ہیں در مختار میں ہے ان الحکم والفتیا بالقول المرجوح جھل۔ ردالمحتار میں ہے دکذا العمل بہ۔ اگرچہ حضرت نے اس قول کو ترجیح دی اور اسپر عمل فرمایا، مگر امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حدیث لاصلوٰۃ لمن لا یقرء بفاتحۃ الکتاب کو حق مقتدی میں قرارت حکمی پر حمل کیا، کہ دوسری حدیث میں ہے من کان لہ الامام فقراءۃ الامام قراءۃ لہٗ۔ اور بہت سی ایسی احادیث ہیں جن سے مقتدی کو قرارت کرنا ممنوع ثابت ہوتا ہے اور جب خود قرآن پاک میں ارشاد ہوا اِذَا قُرِئَ الۡقُرۡاٰنُ فَاسۡتَمِعُوۡا لَهٗ وَاَنۡصِتُوۡا تو مقتدیوں کو انصات ہی داجب ہے اور اس حدیث کو قرارت حکمی پر حمل کرنا ضرور

ورنہ حدیث آیت کے معارض ہوگی۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۳۸) مسئولہ مولوی سید رشید الدین صاحب بریلوی ۲۱ صفر ۴۷ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مسئلہ ذیل میں :۔

مغرب کی اول رکعت میں سورہ کافرون پڑھی اور دوسری میں سہواً اِذَا جَاءَ (سورہ نصر) پڑھنا چاہتا تھا کہ سہواً اِنَّا اَنْزَلْنٰہُ زبان پر جاری ہوگیا۔ اور لفظ اِنَّا اَنْزَلْنَا نکل گیا تو زید نے اسی سورت کو پڑھا اور ترک کرکے اِذَا جَاءَ وغیرہ بعد کی سورت نہیں پڑھی اس صورت مذکورہ میں بکر کہتا ہے کہ نماز لوٹانا چاہئے نماز نہیں ہوئی، اس پر زید نے کہا کہ چونکہ سہواً زبان پر دوسری سورت اوپر کی جاری ہوگئی اس لئے اب اسی کو پڑھنا چاہئے اس کو ترک کرکے دوسری سورت اِذَا جَاءَ وغیرہ پڑھنے کا حکم نہیں ہے ہاں اگر قصداً و ارادۃً ایسا کرے تو البتہ نماز میں کراہت آتی اور نماز مکروہ ہوتی۔ اس کے جواب میں بکر نے کہا کہ قصداً و عمداً ایسا کرے تو نماز ترتیب قرآنی کے خلاف ہونیکی وجہ سے بالکل نہ ہوگی۔ اور نماز فاسد ہوجائیگی۔ اور سہواً جاری ہونے کی صورت میں بھی نماز بالکل مکروہ ہوتی۔ یعنی نماز واجب الاعادہ ہے۔ اور سہواً خلاف ترتیب زبان پر جاری ہونے کی صورت میں اس کو ترک کرکے بعد والی سورت کو پڑھنا چاہئے تھا اس بارہ میں بھی زید کا قول صحیح ہے یا بکر کا۔؟

اور علاوہ نماز قرآن شریف خلاف ترتیب پڑھنا یعنی آیت وغیرہ میں پڑھا جانا ہے کیسا ہے۔ اور نیز نوافل میں خلاف ترتیب پڑھنا کیسا ہے، یعنی نوافل میں رخصت اور اجازت ہے یا نہیں

الجواب۔ ترتیب کے ساتھ قرآن مجید پڑھنا واجب ہے اور خلاف ترتیب پڑھنا مکروہ تحریمی۔ درمختار میں ہے ویکرہ الفصل بسورۃ قصیرۃ وان یقرء منکوسا یعنی بیچ میں ایک چھوٹی سورت چھوڑ دینا یا خلاف ترتیب پڑھنا مکروہ ہے۔ ردالمحتار میں ہے بان یقرأ فی الثانیۃ سورۃ اعلی مما قرأ فی الاولی لان ترتیب السور فی القراءۃ من واجبات التلاوۃ یعنی منکوس پڑھنے کے یہ معنی ہیں کہ دوسری میں پہلی سے اوپر کی سورت پڑھے اور کراہت کی وجہ یہ ہے کہ قرأت میں ترتیب سور واجبات تلاوت سے ہے۔ مگر یہ کراہت و ترک واجب اسوقت ہے کہ قصداً خلاف ترتیب پڑھا اور اگر بھول کر پڑھا یا پڑھنا کچھ چاہتا تھا زبان سے دوسری سورۃ جاری ہوگئی تو کراہت نہیں اور اسوقت حکم یہ ہے کہ جو سورہ شروع کردی ہے اسی کو پورا کرے اسے چھوڑ کر دوسری سورت پڑھنا مکروہ ہے۔ درمختار میں ہے فی القنیۃ قرأ فی الاولی الکٰفرون وفی الثانیۃ الم تر او تبت ثم ذکر یتم یعنی پہلی رکعت میں سورہ کافرون پڑھی اور دوسری میں اَلَمْ تَرَ یا تبت پڑھنی شروع کردی پھر یاد آیا تو اسکو پورا کرے۔ ردالمحتار میں ہے افاد ان التنکیس او الفصل بالقصیرۃ

انما یکرہ اذا کان عن قصد فلو سہواً فلا کما فی شرح المنیۃ اذا انتفت الکراھۃ فاعراضہ عن التی شرع لا ینبغی وفی الخلاصۃ افتتح سورۃ وقصد سورۃ اخری فلما قرأ اٰیۃ او اٰیتین واراد ان یترک تلک السورۃ و یفتتح التی ارادھا یکرہ اھ وفی الفتح ولو کان ای المقرؤ حرفا واحداً یعنی صاحب درمختار کی عبارت سے معلوم ہوا کہ خلاف ترتیب یا فصل کرنا اسوقت مکروہ ہے جب قصداً ہو اور اگر سہواً ہو تو مکروہ نہیں، ایسا ہی شرح منیہ میں ہے اور جب کراہت نہیں تو جسے شروع کر دیا اس سے اعراض کرنا نہ چاہئے۔ اور خلاصہ میں ہے ایک سورت شروع کی حالانکہ اس کا ارادہ دوسری سورۃ کا تھا اور ایک یا دو آیت پڑھنے کے بعد یاد آیا اب یہ چاہتا ہے کہ اسے چھوڑ دے اور جس کا ارادہ تھا اُسے پڑھے تو ایسا کرنا مکروہ ہے۔ اور فتح القدیر میں ہے اگرچہ ایک ہی لفظ پڑھا ہو اسے چھوڑنا مکروہ ہے۔ فتاویٰ عالمگیری میں ہے ولو قرأ فی رکعۃ سورۃ وقرأ فی الرکعۃ الاخری سورۃ اخری بینھما سورۃ او قرء سورۃ فوق السورۃ فالمختار انہ یمضی فی قرأتھا ولا یترک ھکذا فی الذخیرۃ افتتح سورۃ وقصد سورۃ اخری فلما قرأ اٰیۃ او اٰیتین اراد ان یترک السورۃ ویفتتح التی ارادھا یکرہ وکذا لو قرء اقل من اٰیۃ وان کان حرفا۔ اس عبارت کا حاصل بھی وہی ہے جو ردالمحتار کا ہے۔

یہ بات بھی یاد رکھنی چاہئے کہ جب ترتیب کے ساتھ پڑھنا واجب ہے تو اگر سہواً ترتیب فوت ہوجائے تو آیا سجدہ سہو واجب ہوتا ہے یا نہیں، اس کے متعلق فقہائے کرام یہ ارشاد فرماتے ہیں کہ اس صورت میں نہ سجدہ سہو لازم ہوتا ہے اور نہ اعادہ اس لئے کہ ترتیب واجبات نماز سے نہیں ہے اور سجدہ سہو یا اعادہ کا حکم واجبات نماز کے ترک میں ہے۔ ردالمحتار میں ہے انھم قالوا یجب الترتیب فی سور القراٰن فلو قرأ منکوسا اثم لکن لا یلزمہ سجود السہو لان ذالک من واجبات القرأۃ لا من واجبات الصلوٰۃ کما ذکرہ فی البحر فی باب السہو یعنی فقہائے کرام فرماتے ہیں سور قرآن میں ترتیب واجب ہے لہٰذا اگر قصداً خلاف ترتیب پڑھا گنہگار ہوا، مگر سجدہ سہو لازم نہیں اس لئے کہ ترتیب واجبات قرارت سے ہے واجبات نماز سے نہیں، ایسا ہی بحر الرائق باب السہو میں ہے۔ نیز اسی ردالمحتار میں ہے قولہ بترک الواجب ای من واجبات الصلوٰۃ الاصلیۃ لا کل واجب اذ لو ترک ترتیب السور لا یلزمہ شیٔ مع کونہ واجبا یعنی سجدہ سہو اس واجب کے ترک سے لازم ہوتا ہے کہ وہ واجبات نماز سے ہو نہ کہ ہر واجب سے اس لئے کہ اگر ترتیب سور کو ترک کر دے تو کچھ بھی لازم نہیں باوجودیکہ یہ واجب ہے۔ فتاویٰ عالمگیری میں ہے واذا قرأ فی الرکعۃ الاولی سورۃ وقرأ فی الرکعۃ الثانیۃ سورۃ قبلھا فلا سہو علیہ کذا فی المحیط یعنی اگر پہلی رکعت میں کوئی سورہ پڑھی اور دوسری میں اس سے پہلے کی سورت پڑھی تو اس پر سجدۂ سہو نہیں، ایسا ہی محیط میں ہے، نیز عالمگیری میں ہے اذا اراد ان یقرأ فی صلاتہ سورۃ فاخطأ فقرأ سورۃ اخری لا سہو علیہ کذا

فی فتاویٰ قاضیخان یعنی ایک سورت پڑھنا چاہتا تھا اور غلطی سے دوسری سورت پڑھ دی تو سجدہ سہو نہیں، ایسا ہی فتاویٰ قاضیخان میں ہے، یہ حکم فرائض کا ہے کہ قصداً خلاف ترتیب پڑھنا مکروہ ہے اور نوافل میں خلاف ترتیب پڑھنے کی اجازت ہے۔ درمختار میں ہے ولا یکرہ فی النفل شیٔ من ذالک یعنی نفل میں خلاف ترتیب پڑھنا یا درمیان سے ایک چھوٹی سورت کا چھوڑ دینا مکروہ نہیں۔ بیرون نماز تلاوت کرنے میں بھی رعایت ترتیب واجب ہے جیسا کہ اور کی منقولہ عبارت سے ثابت ہے البتہ اگر تلاوت میں کچھ پڑھنے کے بعد وقفہ کیا اور سکوت کے بعد پھر تلاوت شروع کی تو اس صورت میں ترتیب واجب نہیں یعنی پہلے جو کچھ پڑھا تھا اسکے ماقبل کی سورت یا آیات بعد میں پڑھ سکتا ہے یونہی بیچ بیچ آیت اگر ایک شخص پڑھے تو ترتیب لازم ہے اور کئی شخص پڑھنے والے ہوں تو دوسرے پر لازم نہیں کہ پہلے کے بعد سے پڑھے بلکہ اسکو اختیار ہے جہاں سے چاہے پڑھے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۳۹) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ زید نے فرض کی نیت کی اور بجائے دو رکعت کے تین رکعت بھری پڑھ گیا تو اب چوتھی بھری پڑھے یا خالی۔؟

الجواب۔ چوتھی خالی پڑھے بھری پڑھنے کی ضرورت نہیں اور نماز ہوگئی اور سجدہ سہو بھی واجب نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۴۰) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ زید کہتا ہے کہ اگر نماز انگریزی، فارسی، اردو، یا کسی اور زبان میں پڑھے تو کیا نقصان ہے۔ اگر یہ نا صحت ہے تو قرآن و حدیث سے ثابت کرو۔ اگر زید عربی نہیں آتی تو وہ کیا کرے۔؟

الجواب۔ اللہ عزوجل قرآن کریم میں ارشاد فرماتا ہے فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ جو کچھ تم سے ہو سکے قرآن میں سے پڑھو اور قرآن نام ہے النظم الدال علی المعنی کا جیسا کہ ائمہ نے تشریح فرمائی صرف معنی کا نام قرآن نہیں یعنی اگر وہ معنی دوسرے الفاظ میں ادا کئے جائیں تو اس عبارت کو قرآن نہ کہیں گے، اگرچہ وہ عربی ہی عبارت ہو۔ اور نہ اس عبارت کو خدا کا کلام کہیں گے کہ کلام خدا منزل ہے اور معجز ہے اسکے لئے قرآن میں فرمایا گیا وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ اور ظاہر ہے کہ یہ عبارت نہ معجز ہے نہ متحدیٰ بہ ہے نہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ثابت ہے نہ جبرئیل علیہ السلام اسے لائے پھر کیونکر قرآن ہوئی، لہذا جب قرآن نہیں تو اس کا پڑھنا باوجود قدرت کیونکر کافی ہوسکتا ہے۔ پس جبکہ عربی عبارت جو اس نظم کا غیر ہو اگرچہ مطلب اس کا یہی ہے قرآن نہیں۔ تو فارسی اردو انگریزی کیونکر قرآن ہوسکیں۔ قرآن مجید میں ارشاد ہوا اِنَّاۤ اَنْزَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ پھر غیر عربی کس طرح قرآن ہوسکے گی، لہذا دوسری زبان میں ترجمہ پڑھنے سے نماز نہ ہوگی، کہ امر الٰہی کی تعمیل نہ ہوئی، ہاں اگر کوئی شخص ایسا ہو کہ اس نظم عربی پر قادر نہ ہو تو وہ غیر عربی میں پڑھ سکتا ہے نہ اس وجہ سے کہ اس نے قرآن پڑھا بلکہ بوجہ اتنی دنے

کے اس پر قرارت فرض نہیں وہ بجائے قرارت جو کچھ ذکر کرلیتا کافی ہوتا۔ اور جبکہ قرآن مجید کا ترجمہ پڑھا تو اگرچہ قرآن نہیں مگر دوسری زبان میں قرآن کا مطلب ہے، لہذا ایسے کا پڑھنا کافی ہوگا۔[ع] ـــــــــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۴۱) از مقام راجگڑھ ریاست الور محلہ امام چوک مرسلہ ممتاز علی نواب صاحب ۲ رجمادی الاولیٰ ۱۳۵۱ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ ظہر کی چاروں رکعت سنت میں الحمد مع سورت پڑھنا چاہئے یا اور بقیہ رکعتوں میں صرف الحمد پر اکتفار کرنا چاہئے۔

الجواب - ظہر کی سنتوں میں چاروں رکعت بھری پڑھی جائیں۔ یعنی ہر ایک میں فاتحہ کے بعد ضم سورت واجب ہے درمختار بیان واجبات صلوٰۃ میں ہے۔ وضم سورۃ فی الاولیین من الفرض وفی جمیع رکعات النفل وکل الوتر اور نفل اس مقام پر عام ہے سنت موکدہ وغیر موکدہ کو بھی شامل ہے، اسی وجہ سے فقہار قرارت کے مسئلہ میں سنت موکدہ کو ذکر ہی نہیں کرتے۔ کیونکہ نفل کہدینے کے بعد اس کی ضرورت نہ رہی۔ اسی درمختار میں ہے۔ کل سنۃ نافلۃ ولاعکس۔ ردالمحتار میں ہے والکل یسمّی نافلۃ لانہ زیادۃ علی الفرض لتکمیلہ. بلکہ ردالمحتار میں اس امر کی تصریح ہے کہ سنت ظہر وجمعہ باب قرارت میں کل شفع صلوٰۃ علیٰحدۃ کا حکم رکھتی ہے اس کی عبارت یہ ہے نعم اعتبروا کون کل شفعۃ صلوٰۃ علیٰحدۃ فی حق القراءۃ.

پس معلوم ہوا کہ ظہر اور جمعہ کی چار رکعت والی سنتوں میں ہر رکعت میں سورت ملائی جائے گی۔ ـــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۴۲) از شہر بنارس، مرسلہ جناب راحت علی صاحب، ۱۴ ربیع الاول ۱۳۵۱ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ زید نے بعد سورہ فاتحہ نماز میں آیت لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ الآیۃ پڑھی۔ عمر کہتا ہے کہ اس کے پڑھنے سے نماز نہیں ہوگی کیونکہ اس میں تین آیت نہیں ہے جبتک تین آیت نہ ہوگی نماز نہ ہوگی لہذا علمار کرام سے مستفتی ہے کہ نماز ہوگی یا نہیں۔ بینوا توجروا۔

الجواب - نماز درست ہوگئی تین آیت پڑھنا واجب ہے اس کا یہ مطلب ہے کہ تین چھوٹی آیتیں ہوں۔ یا ان کے برابر بلکہ اگر آدھی آیت تین چھوٹی آیات کے برابر ہو جب بھی نماز ہو جائے گی۔ تین چھوٹی آیت کی مثال فقہار نے یہ دی ہے ثُمَّ نَظَرَ ثُمَّ عَبَسَ وَبَسَرَ ثُمَّ اَدْبَرَ وَاسْتَكْبَرَ۔ کہ ان آیات کے حروف کل تیس ہیں لہذا اگر تیس حروف کی ایک آیت پڑھ دی جب بھی

ع اسلئے کہ ترجمہ قرآن کریم ذکر الٰہی ہے۔ جسے قرآن مجید کی کوئی آیت یاد نہیں۔ اسے نماز میں بقدر قرارت مفروضہ کھڑا رہنا فرض اور بقدر قرارت واجبہ کھڑا رہنا واجب اس وقت چپ چپ کھڑے رہنے سے بہتر ہے کہ ذکر کرے۔ یہ ذکر تسبیح وتہلیل ہو یا کچھ اور۔ اس صورت خاص میں اس نے اگر قرآن مجید کا ترجمہ پڑھا تو اس کی اجازت دی ہے۔ درمختار میں ہے او قرأ بہا عاجزا فجائز اجماعا [illegible]

ادا ہوگیا۔ درمختار میں ہے وضم اقصر سورۃ کالکوثر او ماقام مقامہا وھو ثلث اٰیات قصار نحو ثم نظر ثم عبس وبسر ثم ادبر واستکبر وکذا لوکانت الاٰیۃ او الاٰیتان تعدل ثلثا قصاراً ذکرہ الحلبی۔ ردالمحتار میں ہے فلو قرأ اٰیۃ طویلۃ قدر ثلثین حرفا یکون قد اتی بقدر ثلث اٰیات ـــــــــــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۴۳) زید قرآن شریف چھوٹی مصری لہجہ سے پڑھتا ہے اور وہ امامت میں سورہ کوثر میں کوثر کے (ر) کو زبر پڑھتا ہے اور وقف نہیں کرتا ہے بلکہ وَانْحَرْ پر وقف کرتا ہے، لہٰذا از روئے شرع قرارت کا کیا حکم ہے۔

الجواب۔ اگر وقف نہیں کیا تو کوئی حرج نہیں، صحیح وَانْحَرْ ہے۔ وَالنحر آپ نے غلط لکھا ـــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۴۴) ایک رکعت میں دو سورتیں پڑھنا درست ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا

الجواب۔ امام کو نہ چاہئے، نوافل تنہا پڑھے تو جمع کرسکتا ہے جیسا کہ خود حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جمع فرمائی ہیں۔

مسئلہ (۱۴۵) ایک شخص نے فرضوں میں درمیان میں ایک سورہ چھوڑ کر دوسری سورہ پڑھا، اس کو کہا گیا کہ ایسا نہ چاہئے اس شخص نے نہیں مانا دوسرے روز پھر اسی طرح پڑھا۔

الجواب۔ اگر درمیان کی سورت بڑی ہے اس وجہ سے چھوڑ دی تو کوئی حرج نہیں۔ مثلاً پہلی میں وَالتِّین اور دوسری میں اِنَّا اَنْزَلْنَا پڑھی اور اگر بیچ والی سورت بڑی نہیں ہے تو قصداً چھوڑنا مکروہ ہے۔ ـــــــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۴۶) مسئولہ مولوی سردار احمد طالب علم مظفر پوری بہار بیرون بریلی گلی لوہاران مسجد بجرانی۔

(بقیہ حاشیہ ص۹۷) وعلیہ الفتوی۔ اسی میں ہے وصح وضہ وواجبہ ومسنونہ ومندوبہ بقدر القراءۃ فیہ۔ اس کے تحت ردالمحتار میں ہے فھو بقدر اٰیۃ فرض وبقدر الفاتحۃ وسورۃ واجب وبطوال المفصل واوساطہ وقصارہ فی محالہا مسنون والزیادۃ علیٰ ذالک فی نحو تہجد مندوب۔ پھر ہر مسلمان مکلف پر ایک آیت کا یاد کرنا فرض ہے۔ اور سورہ فاتحہ اور ایک چھوٹی سورہ یا اس کی مقدار یاد کرنا واجب۔ درمختار میں ہے۔ وحفظہا فرض عین وحفظ جمیع القراٰن فرض کفایۃ وحفظ فاتحۃ الکتاب وسورۃ واجب۔ ردالمحتار میں ہے ای اقصر سورۃ او ما یقوم مقامہا من ثلاث اٰیات قصار۔ اسلئے ایسے شخص پر لازم ہے کہ دن رات محنت کرکے قرآن مجید کو یاد کرے۔ اور یہ کوئی مشکل کام نہیں توجہ ہو تو چند گھنٹوں میں ماتجوز بہ الصلوٰۃ کی مقدار یاد کرسکتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ امجدی

عـہ بلکہ اگر آیت پوری بھی نہ ہو اور تین چھوٹی آیتوں کی مقدار قرارت ہوجائے نماز ہوجائے گی۔ ردالمحتار میں ہے، لکن التعلیل الاخیر ربما یفید اعتبار العدد فی الکلمات او الحروف ویفید قولہم لو قرأ اٰیۃ تعدل اقصر سورۃ جاز وفی بعض العبارات تعدل ثلاثا قصارا ای کقولہ تعالیٰ ثم نظر ثم عبس وبسر ثم ادبر واستکبر وقدرہا من حیث الکلمات عشر ومن حیث الحروف ثلاثون فلو قرأ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ یبلغ مقدار ھٰذہ الاٰیات الثلاث فعلی ما قلنا لو اقتصر علی ھٰذا القدر فی کل رکعۃ کفی عن الواجب۔ اسی میں واجبات میں ہے وھٰذا یفید ان بعض الاٰیۃ کالاٰیۃ فی انہ اذا بلغ قدر ثلث اٰیات قصار یکفی مگر چونکہ اسمیں علماء کا اختلاف ہے اسلئے پوری آیت پڑھے، ایک آیت سے کم نہ پڑھے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ امجدی

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید نے پہلی رکعت میں سورہ الٓمّٓ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ تک پڑھا۔ اس کے بعد بھول گیا اور کسی نے لقمہ بھی نہ دیا، زید رکوع میں چلا گیا۔ پھر دوسری رکعت میں سورہ یٰسٓ ط عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ تک پڑھا، نماز ہوگی یا نہیں۔ بینوا توجروا

الجواب۔ ضم سورہ واجب ہے اور اس سے مراد اقصر سورہ یا تین چھوٹی آیات یا ان کے مساوی ہے۔ صورت مذکورہ میں اگرچہ پہلی رکعت میں تین آیتیں نہ پڑھیں مگر چونکہ جو کچھ پڑھا ہے تین آیات قصیرہ کے برابر ضرور ہے اسلئے واجب ادا ہوگیا اور نماز ہوگئی، قرآن مجید میں تین آیات قصیرہ جو ایک جگہ مجتمع ہوں وہ یہ ہے ثُمَّ نَظَرَ ۝ ثُمَّ عَبَسَ وَبَسَرَ ۝ ثُمَّ اَدْبَرَ وَاسْتَكْبَرَ ان سے زیادہ مختصر آیاتِ مجتمعہ دوسری جگہ نہیں۔ ان آیات یا ان کی مقدار ایک آیت یا بعض آیت کا پڑھ لینا کافی ہے۔ درمختار میں ہے۔ وضم اقصر سورۃ کالکوثر او ما قام مقامها وهو ثلث اٰیات قصار نحو ثُمَّ نَظَرَ ثُمَّ عَبَسَ وَبَسَرَ ثُمَّ اَدْبَرَ وَاسْتَكْبَرَ وكذا لو كانت الاٰية او الاٰيتان تعدل ثلثا قصارا ذکرہ الحلبی آیات مذکورہ کو علامہ شامی نے تیس حروف پر مشتمل بتایا اور یہ فرمایا وهی ثلثون حرفا فلو قرء اٰية طويلة قدر ثلثين حرفا يكون قد اتی بقدر ثلث اٰيات۔ مگر آیت مذکورہ کے حروف اگر ملفوظ شمار کئے جائیں تو انتیس ہوتے ہیں اور مکتوب گنے جانے میں تو ستائیس ہوتے ہیں، تیس کسی طرح نہیں ہوتے ہاں اگر ملفوظ و مکتوب دونوں شمار کئے جائیں تو تیس ہوں گے۔ مگر دونوں شمار کرنے کی کوئی وجہ نہیں۔ ظاہر یہ ہے کہ ملفوظ حروف گنے جائیں کہ قرارت کا تعلق تلفظ سے ہے نہ کہ کتابت سے۔ بہرحال جو کچھ سوال میں مذکور ہے وہ اس کے برابر بلکہ زائد ہے۔ لہٰذا نماز مکروہ تحریمی نہیں ہوئی۔ ردالمحتار میں ہے ذکر الحلبی فی شرح الکبیر علی المنیۃ ان قرء ثلث اٰيات قصارا او كانت الاٰية او الاٰيتان تعدل ثلث اٰية قصار خرج عن حد الكراهة المذكورة يعنی كراهة التحريم۔ قال الشارح فی شرحه علی الملتقی و لو ار لغيره وهو مفهوم منه يسر عظيم لدفع كون الحكم التحريم الخ قلت صرح به فی الدرر ايضا حيث قال وثلث اٰيات قصار تقوم مقام السورة وكذا الاٰية الطويلة۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۴۶) مسئولہ محمد اسمٰعیل ولد النو ڈوڈانکی ڈنکن روڈ لاہوری دربار ہوٹل ۲۷۲ بمبئی۔

اللہ تعالیٰ نے تین وقتوں کی نماز میں قرارت بالجہر کا حکم دیا اور دو میں قرارت بالسر کا حکم دیا۔

الجواب۔ صحیح بخاری شریف[عہ] میں عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے قرء النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فیما امر و سکت فیما امر وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا ۝ وَلَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ حضور اقدس

عہ احادیث میں ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم ابتداءً ظہر و عصر میں بھی بلند آواز سے قرارت کرتے تھے اس پر مشرکین تمسخر کرتے اسلئے آہستہ پڑھنے لگے۔ (امجدی)

علیہ وسلم فیما امر وسکت فیما امر وما کان ربک نسیا، ولقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جہاں جہر کا حکم تھا جہر کیا اور جہاں آہستہ کا حکم تھا آہستہ پڑھا اور خدا بھولنے والا نہیں اور تمہارے لئے رسول اللہ کی پیروی ہے ــــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۴۶) مرسلہ محمد اسمٰعیل ولد الغوڈنکن روڈ لاہوری دربار ہوٹل ۲۷۲ بمبئی ۱۷ جمادی الاولیٰ

"لوگ یہ کہتے ہیں کہ تمہارے مولٰنا صاحب نے یہ کیا جواب دیا، کہ یہ تو ہم جانتے ہیں کہ جہاں پر خدا نے آپکو آہستہ کا حکم دیا آہستہ پڑھا، جہاں جہر سے پڑھنے کا حکم دیا جہر کیا۔ مگر اللہ نے آپ کو آہستہ پڑھنے کا حکم کس واسطے دیا۔

الجواب ۔ یہ ضرور ہے کہ اللہ تعالیٰ کا ہر حکم کسی مصلحت سے ہوتا ہے، خواہ وہ مصلحت معلوم ہو یا نہ ہو۔ عوام کی توجہ اس طرف ہونی چاہئے، کہ احکام شرعیہ کی پابندی کریں اس بحث میں نہ پڑیں کہ کیوں ہے۔ اور کس لئے ہے۔ جو کچھ جواب میں لکھا گیا وہ میرا نہیں بلکہ عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا ارشاد ہے علم وحکمت کے دقائق بیان کرنے کے لئے کوئی محل ہوتا ہے حکم شرع کے سامنے سر جھکانا چاہئے اور عمل کی کوشش کرنی چاہئے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۴۷) از نیڈون ضلع گڑھوال صدر بازار مرسلہ محمد سعید ماسٹر ۸ ربیع الاول ۴۹ھ

بخدمت شریف حضرت مولٰنا صاحب دام اقبالہ ۔ بعد سلام مسنون گذارش یہ ہے کہ یہاں گذشتہ جمعہ کو امام صاحب نے پہلی رکعت میں سورہ والتین شریف پڑھی اور دوسری میں سورہ آخری چھوڑ کر انا انزلنا شریف پڑھی تو نماز ہوئی یا نہیں۔ اگر ہوئی تو کراہت سے یا بلا کراہت۔ بہت جلد تحریر فرمایا جائے، تاکہ جمعہ میں لوگوں کو سنا دیا جائے۔

الجواب ۔ بلا کراہت نماز ہوگئی کہ پہلی رکعت میں ایک سورہ پڑھنا اور دوسری میں ایک سورہ چھوڑ کر قرارت کرنا اسوقت مکروہ ہے، جبکہ وہ درمیان والی سورہ چھوٹی ہو۔ اور اگر بڑی سورہ ہو تو کراہت نہیں۔ درمختار میں ہے ویکرہ الفصل بسورۃ قصیرۃ ۔ ردالمحتار میں ہے اما بسورۃ طویلۃ بحیث یلزم منہ اطالۃ الرکعۃ الثانیۃ اطالۃ کثیرۃ فلا یکرہ ۔ اعلیٰحضرت قبلہ قدس سرہ العزیز نے جد الممتار حاشیہ ردالمحتار میں تحریر فرمایا ۔ اما بسورۃ طویلۃ الخ کسورۃ العلق بین التین والقدر وقد کانت حادثۃ الفتویٰ ــــــــ وھو تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۴۸) از پورنیہ لشنگنج بازار سوداگر پٹی مرسلہ امام جامع مسجد ۸ ذیقعدہ ۴۸ھ ۔

عام ازیں کہ حافظ قرآن ہو یا عالم یا عوام الناس بقدر علم قرارت وبحیثیت تعلیم وغیر تعلیم ادائگی مخرج بالترتیل بقا عدہ کلیہ شخص

کلام الٰہی جان بوجھکر پڑھا کرتا ہے۔ مگر خوامخواہ کسی نے سمجھ لیا اور کہدیا، قرارت غلط کرتے ہیں، حالانکہ سیکڑے پنچانوے کو الفاظ صحیح معلوم ہوتے ہیں۔ اور بعض کا یہ گمان کرنا۔ (۱) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ سے الحمد کا دال اور لِلّٰهِ کا لل ایک جگہ ملاکر دلل سمجھ لیا۔ (۲) لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ سے لِلّٰهِ کا ہ رب سے ملاکر ھرب موضوع کرلیا۔ (۳) اِیَّاكَ نَعْبُدُ سے کنع۔ (۴) وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ سے کنس۔ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ سے دنس وضع کرلیا، کہ یہ شیاطین کے نام گڑھکر دوسری کی قرارت کو غلط سمجھ لیا۔ خوامخواہ ایسی تہمت دینے پر کیا حد شرع ہے، اور اس کے ایمان کے بارے میں کیا حکم ہے، حالانکہ پڑھنے والوں کا اس کا وہم بھی نہ تھا۔ خلاصہ جواب باصواب بالتشریح عنایت فرمایا جائے؟

الجواب ۔ قرآن عظیم کو صحیح طور پر ادا کرنا کہ ہر حرف اپنے مخرج سے صحیح طور پر ادا ہو اور ہر حرف دوسرے حرف سے صحیح طور پر ممتاز ہو واجب ہے۔ قال اللہ تعالیٰ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِیْلًا۔ امام جزری نے اپنے رسالہ میں فرمایا والاخذ بالتجوید حتم لازم من لم یجود القرآن اثم۔ اور اگر کسی نے قرآن مجید کی تلاوت میں غلطی کی ہے اور اس پر کسی نے بتایا تو انصاف کا یہ ہے کہ بتانے والے سے جھگڑا نہ کیا جائے۔ اگر واقع میں وہ ٹھیک کہتا ہے تو مان لیا جائے، اور اگر اس کے سننے میں غلطی ہوئی ہے پڑھنے والے نے حقیقت میں صحیح پڑھا ہے۔ تو اس سے یہ کہدینا چاہئے کہ میں نے غلط نہیں پڑھا۔ جھگڑا کرنا۔ کسی کی طرف سے ہو وہ بہت بُری چیز ہے۔ رہا یہ کہنا کہ سورہ فاتحہ میں سات جگہ شیطان کا نام ہے یہ بالکل غلط ہے، جس کو بعض لوگوں نے مشہور کر رکھا ہے، اور اسی بنا پر وہ لوگ بلا وجہ سکتہ کرتے ہیں۔ الحمد کہکر کچھ وقفہ کے بعد لِلّٰهِ پڑھتے ہیں علیٰ ھٰذا القیاس یہ سب اوہام باطلہ ہیں شرعاً ان کا کوئی وجود نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۴۹) مسئولہ غلام نبی صاحب معمار محلہ ذخیرہ بریلی ۱۸ ربیع الاول ۱۳۵۰ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ زید مسلمان نے کچھ کپڑا مثلاً دری یا چادریں وغیرہ چُرائیں، وہ چُرا کر ایک شخص کے یہاں امانۃً اس وعدہ پر رکھ آیا کہ کچھ دنوں کے بعد آدھے کا میں مالک، اور آدھے کے تم، پھر کچھ عرصہ کے بعد مال تقسیم کرنے گیا، مگر زید کو اُس شخص نے نہیں دیا، پھر زید محلہ کی مسجد کے امام کو مذکورہ بالا باتوں سے آگاہ کرکے چلا آیا کہ میرا مال تقسیم کرادو امام صاحب نے اس وقت تو ٹالدیا۔ پھر تنہائی میں موقع پاکر اسی چوری کے مال کو خود لے آئے، اور اس کے اپنے استعمال میں لائے ہیں، میں نے اور چند اشخاص نے دیکھا، کہ امام صاحب نے اُسی چوری کے مال کو استعمال کرتے ہیں، اور زید نے جب طلب کیا، تو جواب دیا کہ میں لے آیا اور اب تم کو نہیں دوں گا، شرع کا جو حکم ہو مجھ پر لگاؤ۔ تو اُس امام صاحب کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا ہے؟ اور شرع

کا کیا حکم ہے ـــــــــــــــــــــــــــــ

الجواب ـ جب امام کو معلوم ہے کہ یہ مال چوری کا ہے، پھر اُسے استعمال بھی کرتا ہے، تو یہ ناجائز و گناہ ہے، اور لوگوں کے علم میں اگر علانیہ استعمال کرتا ہو تو امامت سے معزول کر دیا جائے[عہ]۔ اور مال کی نسبت شرع مطہر کا یہ حکم ہے کہ جس کا ہے اُسے واپس دے ـــــــــــــــــــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۵۰) مرسلہ محمد اسحٰق صاحب مدرس از دہام پور ضلع بجنور ۴ ربیع الآخر ۱۳۴۷ھ ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص حافظ ہے، اور ایک ناخواندہ اور ناخواندہ صوم و صلوٰۃ کا پابند ہے، اور صاحب ترتیب ہے، اور حافظ نماز کا پابند نہیں ہے اور بدعتی ہے چالیسواں دسواں کرتا ہے اور میلاد میں بھی شامل ہوتا ہے اور اگر ان کاموں کو انکار کرتے ہیں اس کو تو یوں کہتا ہے کہ میں ایسا ہی کروں گا، تو اب نماز پڑھانے میں بہتر کون ہوگا، حافظ یا ان پڑھ

الجواب ۔ امام وہ ہوگا جو جمیع شرائط صحت نماز کا جامع ہو، مثلاً صحت اعتقاد و صحت طہارت و وضو و غسل و صحت قراءت جو شخص ان پڑھ ہے، اگر وہ صحیح الاعتقاد ہے، وضو و غسل اُس طرح کرتا ہے جس طرح حکم ہے اور کچھ سورتیں قرآن کی اُسے یاد ہیں جن کے حروف مخارج سے ادا کرتا ہے، تبدیل حروف کر کے معنیٰ فاسد نہیں کرتا، اور مسائل نماز فرائض و واجبات و مکروہات سے واقف ہے اور انکی رعایت بھی کرتا ہے، اور فاسق معلن بھی نہیں ہے، تو یہ احق ہے اور اگر یہ ان باتوں کا جامع نہیں ہے، تو ایسے امام کو تلاش کریں جنمیں یہ باتیں ہوں، اور حافظ اگر تارک صلاۃ ہے، تو فاسق ہے اور فاسق مُعلن کی امامت مکروہ تحریمی و گناہ ہے۔ حاشیہ علائی میں ہے فی تقدیمہ تعظیمہ وقد وجب علیھم اھانتہ شرعًا۔ رہا سائل کا یہ کہنا کہ حافظ بدعتی ہے چالیسواں دسواں کرتا ہے اور میلاد شریف میں بھی شامل ہوتا ہے یہ اس حافظ پر الٹا الزام ہے، ان امور کو بدعت کہنا وہابیہ کا شیوہ ہے، جو خود مبتدع بلکہ ان کے بہت اکابر کی علمائے حرمین طیبین نے تکفیر فرمائی، نہ یہ امور بدعت، نہ ان کی وجہ سے حافظ، بدعتی اور اگر وہ ان پڑھ ان امور کو بدعت کہتا ہے، تو بظاہر وہابی ہے، اور ہرگز امامت کا صالح نہیں ـــــــــــــــــــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۵۱) مسئولہ جناب محمد یحییٰ صاحب از بھینڈر میواڑ ۱۲ جمادی الاخریٰ ۱۳۴۷ھ ۔

عہ اسلئے کہ اب یہ فاسق معلن ہوگیا۔ اور فاسق معلن کو امام بنانا گناہ اس کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی واجب الاعادہ ہے۔ غنیہ میں ہے وفیہ اشارۃ الی انھم لو قدموا فاسقا یأثمون بناء علی ان کراھۃ تقدیمہ کراھۃ تحریم لعدم اعتنائہ بامور دینہ وتساھلہ فی الاتیان بلوازمہ فلا یبعد منہ الاخلال ببعض شروط الصلوۃ وفعل ماینافیھا بل ھو الغالب بالنظر الی فسقہ ولذا لم یجز الصلوۃ خلفہ اصلا عند مالک وروایۃ عن احمد۔ اور درمختار میں ہے کل صلاۃ ادیت مع کراھۃ التحریم تجب اعادتھا۔ لہذا جب سے اس نے چرایا ہوا کپڑا پہنا ہے، اسوقت سے جتنی نمازیں اسکے پیچھے پڑھی ہیں سب کا اعادہ کیا جائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم امجدی ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص ہے، جو قوم سے فقیر ہے اردو فارسی کچھ جانتا ہے گمان ہے کہ دینی مسائل سے بھی واقفیت رکھتا ہوگا، پھر بھی چار عیبوں سے اجتناب نہیں کرتا۔ اور جب کوئی ان عیبوں کی طرف توجہ دلاتا ہے، تو اس کے رد عمل میں سخت سُست کہنے کے علاوہ زد وکوب کی نوبت آجاتی ہے۔ (۱) بعد وضو مسجد میں ڈاڑھی چڑھاتا ہے اور اسی طرح نمازیں پڑھاتا ہے (۲) نماز میں سہو ہوتا ہے لیکن سجدہ سہو نہیں کرتا مثلاً ترک واجب یا تاخیر فرض وغیرہ (۳) وضو کرنے میں بارہ سیر سے زائد پانی صرف کرتا ہے۔ (۴) قرارت اتنی طویل کرتا ہے کہ مقتدی پریشان ہو جاتے ہیں، نیز الف پر مد ہو یا نہ ہو راگ کیساتھ کھینچتا ہے بطور الحان۔ تو کیا ایسے شخص کو امام بنانا جائز ہے اور یہ امام اس حدیث (ثلاثۃ لعنھم اللہ من تقدم قوما وھم لہ کارھون) اخرجہ الحاکم فی مستدرکہ) کے تحت آتا ہے یا نہیں اور اس کے پیچھے نماز جائز ہے یا نہیں۔

بتیوُ۲ بیانا شانیا توجرُ فا اجرا کا املا

الجواب ۔ داڑھی چڑھانا حرام ہے، نسائی شریف میں رویفع بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں یا رویفع لعل الحیاۃ ستطول بک بعدی فاخبر الناس انہ من عقد لحیتہ او تقلد وترا او استنجیٰ برجیع دابۃ او عظم فان محمدا منہ بری — اے رویفع میں امید کرتا ہوں کہ میرے بعد تیری زندگی طویل ہو تو لوگوں کو خبر کردے کہ جو اپنی ڈاڑھی چڑھائے، یا کمان کا چلہ گلے میں لٹکائے، یا جانور کے پاخانہ یا ہڈی سے استنجا کرے تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس سے بیزار ہیں، شیخ محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ لمعات میں فرماتے ہیں من عقد لحیتہ الاکثرون علی ان المراد تجعید اللحیۃ بالمعالجۃ وانما کرہ ذالک لانہ فعل من لیس من اھل الدین وتشبہ بھم وقیل کانوا یعقدون فی الحراب فی زمن الجاھلیۃ تکبرا وتعجبا فامروا بارسالھا وذالک من فعل الاعاجم وقال التورپشتی! یفتلونھا کذا فی مجمع البحار۔ والاول ھو الوجہ۔ مجمع البحار میں ہے عقد ای جعدھا بالمعالجۃ ونھی عنہ لمافیہ من التشبہ بمن فعلہ، من الکفرۃ۔ یعنی ڈاڑھی چڑھانا اُن کا فعل ہے جو اہل دین سے نہیں، اور چونکہ کافروں سے تشبہ ہے لہٰذا ممانعت فرمائی، نیز یہ فعل مسجد میں کرنا اور زیادہ قبیح ہے کہ مسجد خانۂ خدا میں ایسا فعل نہایت بیباکی کی دلیل ہے، اور اس شخص کا سجدہ سہو لازم آنے کی صورت میں سجدہ سہو نہ کرنا بھی گناہ ہے، کہ سہواً ترک واجب میں سجدہ سہو واجب، اور ترک واجب گناہ۔ رد المحتار میں ہے وظاھر کلامھم انہ لو لم یسجد یاثم بترک الواجب ولترک سجود السھو بحر وفیہ نظر بل یأثم لترک الجابر فقط اذ لا اثم علی الساھی نعم ھو فی صورۃ العمد ظاھر وینبغی ان یرتفع ھذا الاثم

حالانکہ ایسی صورت میں اعادہ واجب تھا نہر اور جب اس شخص کی یہ حالت ہے تو کیا توقع ہے کہ نماز کا اعادہ کرتا ہو۔ حالانکہ ایسی صورت میں اعادہ واجب ہے، درمختار میں ہے کل صلوٰۃ ادیت مع کراھۃ التحریم تجب اعادتہا اور جب وہ شخص اس کا عادی ہے تو فاسق بھی ہے۔ درمختار میں ہے ولہا واجبات لا تفسد بترکہا وتعاد وجوباً فی العمد والسہو ان لم یسجد لہ وان لم یعد یکون فاسقاً آثماً۔ اور وضو میں ادائے سنت سے زیادہ پانی خرچ کرنا اسراف ہے، امام احمد و ابن ماجہ عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی، انھوں نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی، افی الوضوء سرف کیا وضو میں اسراف ہے فرمایا نعم وان کنت علی نہر جار، ہاں اگرچہ نہر جاری پر ہو۔ ایک حدیث میں ہے کہ ایک اعرابی نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے وضو کے بارے میں سوال کیا، حضور نے تین تین بار وضو کرکے دکھایا اور فرمایا وضو اس طرح ہے فمن زاد علی ھذا فقد اساء وتعدی وظلم جس نے اس پر زیادتی کی اس نے برا کیا، اور حد سے گذرا اور ظلم کیا۔ رواہ النسائی وابن ماجہ وابوداؤد ومعناہ عن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ۔ ہاں اگر تین بار سے زیادہ اطمینان قلب حاصل کرنے کے لئے دھویا تو مضائقہ نہیں، بشرطیکہ بطور وسوسہ نہ ہو کہ وسوسہ کی صورت میں اس کی طرف التفات نہ چاہئے، بلکہ اس کے خلاف کرنا چاہئے درمختار میں ہے ولو زاد لطمانینۃ القلب لاباس بہ۔ ردالمحتار میں ہے لانہ امر بترک ما یریبہ الی ما لا یریبہ وینبغی ان یقید ھذا بغیر الموسوس اما ھو فیلزمہ قطع مادۃ الوسواس عنہ وعدم التفاتہ الی التشکیک لانہ فعل الشیطان وقد امرنا بمعاداتہ ومخالفتہ، حمتی قدر مسنون سے زیادہ کرنا مطلقاً مکروہ تحریمی ہے اگرچہ مقتدیوں پر گراں نہ ہو اور اگر ضرورت ہو کہ مقتدیوں میں کوئی بیمار وغیرہ ہو تو امام اس کا لحاظ کرے۔ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایکبار نماز عشاء میں قرأت طویل کی، جب اسکی شکایت دربار رسالت میں گزری، تو ارشاد فرمایا افتان انت یا معاذ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بچے کے رونے کی آواز سنتے تو نماز میں تخفیف فرمادیتے، کہ اس کے رونے سے اسکی ماں پریشان ہوگی۔ نیز ارشاد فرماتے ہیں اذا صلی احدکم للناس فلیخفف فان فیہم السقیم والضعیف والکبیر واذا صلی احدکم لنفسہ فلیطول ما شاء۔ غرض یہ متعدد احادیث سے ثابت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تخفیف کا حکم فرمایا، اور اطالت پر غضب فرمایا۔ درمختار میں ہے ویکرہ تحریماً تطویل الصلوٰۃ علی القوم زائداً علی قدر السنۃ فی قراءۃ واذکار رضی القوم اولا لاطلاق الامر بالتخفیف نہر۔ وفی الشرنبلالیۃ ظاہر حدیث معاذ انہ لا یزید علی صلاۃ اضعفہم مطلقاً ولذا قال الکمال الا الضرورۃ وصح انہ علیہ الصلوٰۃ والسلام قرء بالمعوذتین فی الفجر حین سمع بکاء صبی۔ بالجملہ یہ شخص امامت سے معزول کیا جائے کہ اُسے امام بنانا گناہ، اور اسکے

پیچھے نماز مکروہ تحریمی، کہ پڑھنی تو پھیرنی واجب، شرح علائی میں ہے فی تقدیمہ تعظیمہ وقد وجب علیھم اھانتہ شرعاً۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۵۲) مسئولہ شفار الرحمٰن سلمہٗ طالب علم مدرسہ اہلسنت ۱۹ ر شعبان المعظم ۱۳۴۸ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین کہ زید عمرو بکر وغیرہم محض ایک دنیاوی مخاصمت مثلاً شادی بیاہ کی وجہ سے خالد جو عالم سنت و جماعت ہے، اور امام مسجد ہے، اس کے پیچھے نماز نہیں پڑھتے، اور جماعت میں تفریق کرتے ہیں، کیا ان لوگوں کی نماز خالد عالم متبع سنت کے موجود ہوتے ہوئے غیر عالم کے پیچھے ہوگی یا نہیں۔ ایسا کرنا اُن لوگوں کو جائز ہے یا نہیں، اور جماعت کے تفریق کرنے والے پر محض دنیاوی معاملات پر از روئے شرع شریف کیا حکم ہے۔ بینوا توجروا

الجواب۔ محض دنیاوی مخاصمت کی بنا پر عالم کے پیچھے نماز نہ پڑھنا اور جماعت میں تفریق کرنا ناجائز ہے، ہاں اگر امام میں کوئی ایسا نقصان آ گیا کہ صالح امامت نہ رہا، تو اس امام کی امامت ناجائز ہے، درمختار میں ہے ولو ام قوما وھم لہ کارھون ان الکراھۃ لفساد فیہ اولانھم احق بالامامۃ منہ کرہ ذالک تحریما لحدیث ابوداؤد لایقبل اللہ صلوٰۃ من تقدم قوما وھم لہ کارھون وان ھو احق لا والکراھۃ علیھم کسی قوم کی امامت کی اور لوگ اس سے کراہت کرتے ہیں، اگر لوگوں کا بُرا جاننا امام کی کسی خرابی کی وجہ سے ہے، یا اس لئے کہ وہ لوگ بہ نسبت اس امام کے امامت کے زیادہ حقدار ہیں تو اس کا امامت کرنا مکروہ تحریمی ہے، اس لئے کہ ابوداؤد نے روایت کی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اُس شخص کی نماز مقبول نہیں جو کسی قوم کی امامت کرے اور وہ اُسے ناپسند کرتے ہیں اور اگر وہ امام ہی امامت کا زیادہ حقدار ہے تو مکروہ نہیں اور کراہت کا وبال ان لوگوں پر ہے۔ مرقات شرح مشکوٰۃ میں ہے وھم لہ کارھون ای لمعنی مذموم للشرع وان کرھوا خلاف ذالک فالعیب علیھم ولا کراھۃ اور عالم متبع سنت کے ہوتے ہوئے غیر عالم کو امام بنایا تو بُرا کیا، جبکہ یہ غیر عالم صالح امامت ہو، ورنہ غیر عالم کو جو صالح امامت نہ ہو امام بنانا جائز ہی نہیں۔ درمختار میں ہے ولو قدموا غیر الاولیٰ اساؤا اگر ایسے کو امام بنایا جو غیر اولیٰ ہے تو ان لوگوں نے بُرا کیا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۵۳) مسئولہ مولوی شفار الرحمٰن سلمہٗ طالب علم مدرسہ اہلسنت درجہ سوم ۱۹ ر شعبان المعظم ۱۳۴۸ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ زید نے ایک ایسی عورت سے نکاح کیا جو عوام بلکہ ہر خاص و عام میں متہم بزنا ہے، یا ایسی کہ جس کو حمل زنا سے بچہ پیدا ہوا تھا، یا ایسی کہ علانیہ طوائف تھی یہ نکاح جائز ہے یا نہیں، زید کے ساتھ دینی معاملات کرنا چاہئے یا نہیں، مثلاً امام بنانا سلام کرنا زید جبکہ عالم دین ہے تو اس کے موجود ہوتے ہوئے غیر عالم نماز پڑھائے اور زید عالم کو امامت سے معزول کر دیا جائے محض ایسے نکاح کی وجہ سے عوام کا غیر عالم کو امام بنا لینا کیسا ہے، مع حوالہ کتب فقہ و حدیث و قرآن جواب مرحمت فرمائیں۔

الجواب - زانیہ سے نکاح جائز ہے، اور نیت محمودہ کے ساتھ کہ اس سے نکاح کر لیا جائے گا، تو بُرے کاموں سے پرہیز کرنے لگے گی، اصلاً حرج نہیں قال اللہ تعالیٰ وَاُحِلَّ لَکُمْ مَا وَرَاءَ ذٰلِکُمْ۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ اب وہ عورت تمام افعالِ شنیعہ سے باز آئے، اور اگر اب بھی وہ افعال کرتی ہو اور شوہر تا حدِ مقدور منع نہ کرتا ہو، تو دیوث ہے اور ایسے کو امام بنانا گناہ ہے اور اگر عورت تائب ہو گئی تو شوہر کی امامت میں اصلاً حرج نہیں، اور ایسی حالت میں معزول کرنے کی کوئی وجہ نہیں، اور عالم کے ہوتے ہوئے غیر عالم کو امام بنانا بُرا ہے، جب کہ وہ عالم شرائطِ امامت کا جامع ہو۔ ——————— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۵۴) مرسلہ قاضی محمد یعقوب صاحب سب انسپکٹر پولیس از اودی پور میواڑ ۲۱ ربیع الاول شریف ۱۳۴۸ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین مسئلہ ذیل میں:-

زید نے محض اس نیت سے کہ قبر پر مردہ دفن ہونے کے بعد خشک اور پاک مٹی ڈالنے پر کراہت کی نظر سے ہاتھ دھونا ممنوع ہے، بکر کو کسی کتابی یادداشت پر ہاتھ دھونے سے منع کیا تو کیا زید اس طرح کہنے پر توبہ نہ کرنے کی حالت میں امامت سے روکا جا سکتا ہے اور کیا زید کو عام مجمع میں توبہ کرنا لازم ہے۔ اور توبہ نہ کرنے پر کفر عائد ہو سکتا ہے یا نہیں۔

الجواب - مٹی دینے کے بعد جو کچھ ہاتھ میں خاک لگی ہے اختیار ہے کہ دھو ڈالیں یا جھاڑ دیں، نہ دھونا واجب نہ ناجائز ہاں اگر نہ دھونا اپنے لئے بدشگوں تصور کرتے ہوں یا اسے منحوس جانتے ہوں، جیسے بعض عوام ان گھڑوں کو توڑ ڈالتے ہیں جن سے پانی لے کر میت کو نہلاتے ہیں، تو ایسے فاسد خیالات اور توہمات سے اجتناب لازم، اور زید کا ان کو ہاتھ دھونے سے روکنا کوئی ایسا امر نہیں جس پر توبہ لازم، اور معاذ اللہ توبہ نہ کرنے پر کفر عائد ہونا کیونکر ہو سکتا ہے، کفر تو گناہ کبیرہ سے توبہ نہ کرنے پر بھی نہیں، اور زید کا یہ فعل مانع امامت بھی نہیں کہ محض اتنے کہہ دینے پر کہ ہاتھ نہ دھوو، قابل امامت نہ رہا، فاسق یا کافر ہو گیا، مسلمانوں پر لازم ہے کہ ایسے افترارات و اختراعات سے بچیں ——————— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۵۵) مرسلہ محمد حبیب الرحمٰن خانصاحب از کوکرا ضلع کھیری ۲۶ ربیع الاول شریف ۱۳۴۱ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ یہاں ایک نابینا حافظ ہیں، جو نہایت عابد و صالح اور متقی و پرہیزگار ہیں، اور موضع کے تمام مسلمانوں کے مقابلے میں مسائل نماز سے بہت واقف ہیں، ایسی صورت میں امامت کا مستحق کون ہے کیا ایسی صورت میں بھی نابینا کے پیچھے نماز مکروہ ہوگی۔ موضع کے لوگ ان کے پیچھے نہیں پڑھتے ہیں اور یہ عذر پیش کرتے ہیں کہ اندھے کے پیچھے نماز مکروہ ہوتی ہے، جبکہ یہاں کے لوگ نہ قرآن صحیح پڑھ سکتے ہیں نہ مسائل نماز سے واقف ہیں، ایسی صورت میں امامت کا مستحق شرعاً کون ہے نیز مکروہ اور

ناجائز کے فرق کو بھی واضح فرمادیا جائے۔

الجواب ۔ نابینا کی امامت مکروہ تنزیہی ہے، جبکہ دوسرے لوگ مسائل طہارت ونماز میں اس سے زائد یا اس کے برابر ہوں، اور اگر سب سے زائد یہی علم رکھتا ہو، تو اس کی امامت میں اصلاً کراہت نہیں، بلکہ اس صورت میں اسی کو امام بنانا بہتر ہے۔

بحرالرائق میں ہے قید کراھۃ امامۃ الاعمیٰ فی المحیط وغیرہ بان لایکون افضل القوم فان کان افضلھم فھو اولیٰ۔

مکروہ[عہ] تنزیہی ناجائز نہیں ہوتا مگر اس سے بچنا بہتر، اور کرنا برا ہے، مگر گناہ نہیں۔ ——— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۵۶) مرسلہ قاضی محمد یعقوب صاحب از اودی پور میواڑ ۲۶ ربیع الاول شریف ۱۳۴۲ھ

بکر بسلسلۂ علاج اپنی بیوی اور ایک خورد سالہ بچی کے ساتھ زید کے مکان پر قیام کیا، چند دنوں بعد یہ ظاہر ہوا کہ زید بکر کی عورت کے ساتھ ناجائز تعلق پیدا کر لیا ہے، ساتھ ہی یہ بھی مشہور ہو گیا، کہ زید بکر کی عورت کو اپنی زوجیت میں لینے کے لئے بکر کو زہر کھلا کر ہلاک کر دیا، بکر کے فوت ہو جانے کے بعد اسکی عورت زید ہی کے مکان پر رہی، چند دنوں کے بعد بکر کے رشتہ داروں نے زید اور زوجہ بکر پر زہر سے مروانیکا دعویٰ کیا، دراں مقدمہ مدعی بھی فوت ہو گیا، اور اس وقت تک بکر کی عورت زید کے مکان پر ہے۔ علاوہ ازیں گورنمنٹ کے پاس بکر کے چند سو روپے تھے جن کو حاصل کرنے کے لئے زید نے بکر کی عورت کی طرف سے یہ فریاد بنا چالان چلی کہ بکر کی عورت بکر کے نام پر بیٹھی ہے حالانکہ بکر کی عورت زید کے قبضہ میں بطور عورت ہے، جس کو چند سال کا عرصہ بھی ہو چکا ہے اور عام اعلان کے ساتھ نکاح کیا ہے نہ مطابق قانون حکومت نکاح ثانی کی اجازت ہی لی ہے، اور امامت بھی کرتا ہے اور نام نہاد مولوی کی حیثیت سے بھی مشہور ہے، نہ عالم ہے نہ اس کے پاس کوئی سند ہے، تو کیا ایسے کو امام بنانا درست ہے، اور جن لوگوں نے اسکے پیچھے نماز پڑھی ہے، ان کے متعلق کیا حکم ہے۔ اور ایسا شخص وعظ کے لئے کھڑا ہو سکتا ہے یا نہیں۔

الجواب ۔ اگر واقع میں زید نے بکر کو زہر دیکر مار ڈالا تو فاسق، فاجر، مرتکب کبیرہ، مستحق عذاب نار، وغضب جبار ہے۔ حق اللہ وحق العبد دونوں میں گرفتار ہے، اور بکر کی عورت سے ناجائز تعلق کا بھی یہی حکم ہے، کہ اگر نکاح بعد عدت نہیں کیا، اور اس سے وطی کرتا ہے، تو ان دونوں کو زانی اور زانیہ ہونے میں کیا شبہ۔ بہر حال اگر صورت واقعہ یہی ہے، تو اُس کو امام بنانا گناہ اور اس کے پیچھے

[عہ] مکروہ کی دو قسمیں ہیں، مکروہ تحریمی ومکروہ تنزیہی۔ مکروہ تحریمی کا ارتکاب ناجائز وگناہ ہے۔ شامی میں ہے۔ صرح العلامۃ ابن نجیم فی رسالتہ المؤلفۃ فی بیان المعاصی بان کل مکروہ تحریماً من الصغائر۔ بخلاف مکروہ تنزیہی کے کہ اس کا ارتکاب گناہ نہیں خلاف اولیٰ ہے۔ اور ناجائز عام ہے حرام قطعی مکروہ تحریمی دونوں پر اس کا اطلاق ہے۔ تفصیل کے لئے بہار شریعت حصہ دوم ص۹ کا مطالعہ کریں۔

واللہ تعالیٰ اعلم۔ امجدی

نماز مکروہ تحریمی، کہ پڑھنی گناہ اور پڑھی تو پھیرنی واجب۔ شرح علائی میں ہے فی تقدیمہ تعظیمہ وقد وجب علیھم اھانتہ شرعاً اور اسکو منبر پر بٹھانا اور اس سے وعظ کہلانا بھی ناجائز۔ او خویشتن گم است کرا رہبری کند۔ اور جبکہ جاہل بھی ہے تو اس کا اہل بھی نہیں حدیث میں ہے لا یقص الا امیر او مامور او محتال۔ ——— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۵۷) مسئولہ قاسم علی خاں از قصبہ اسلام پور ریاست جے پور ۱۵ر جمادی الاخریٰ ۱۳۴۱ھ

یہاں غیر مقلدین اور وہابیوں کا بہت زور شور ہے، کیا ہم اہلسنت و جماعت ان لوگوں کے پیچھے نماز پڑھ سکتے ہیں۔

الجواب ۔ وہابیوں اور غیر مقلدوں کے پیچھے نماز باطل محض ہے، کہ یہ لوگ کفری عقائد رکھتے ہیں کما حققہ امام اہلسنت فی رسالۃ النھی الاکید بما لا مزید علیہ[1]۔ ——— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۵۸) مسئولہ علی بخش صاحب سنی حنفی ۱۷ جمادی الاخریٰ ۴۱ھ۔

(۱) کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مسائل ذیل میں کہ امام باڑہ کے دروازہ پر جہاں قبرستان ہے، اور مقتدیوں کے آگے قبر پڑتی ہے، اور بعض مقتدی قبر ہی پر کھڑے ہوتے ہیں، اور امام باڑہ کے متولی سے اجازت بھی نہیں لی جاتی اور عید گاہ سے تخمیناً ڈیڑھ سو گز کے فاصلہ پر ہے، عید گاہ کی جماعت توڑنے کی غرض سے قصداً یہاں نماز عید سے پہلے یا بعد کو نماز پڑھی جاتی ہے، اور امام وہ ہوتا ہے جس نے ہندو مسلمان کے اتحاد قائم رکھنے کے لئے مندر میں جاکر اپنی تصویر کھنچوائی ہے تو کیا ایسی جگہ اور ایسے امام کے پیچھے عیدین کی نماز جائز ہے یا مکروہ اور حرام وغیرہ وغیرہ اور جن سنی مقتدیوں نے یہاں عیدین کی نماز پڑھی انکی ہوئی یا نہیں۔ اگر نہیں ہوئی تو اب کونسی صورت ہے۔

(۲) زید بکر سے بوجہ معاملات دنیوی دلی رنجش اور قلبی عداوت رکھتے ہیں، اور ایک مسجد خاص میں زید کبھی امام ہو کر نماز پڑھاتا ہے اور کبھی کسی کی اقتدا کرتا ہے، تو اس مسجد میں بکر کا نماز پڑھنا کیسا ہے اور زید کے پیچھے یا زید کے ہمراہ جبکہ دونوں ایک امام کے مقتدی ہوں بکر کی نماز ہوتی ہے یا نہیں۔

الجواب ۔ قبرستان میں ایسی جگہ نماز پڑھنا کہ قبریں آگے ہوں، منع وناجائز ہے اور اسمیں یہود ونصاریٰ کی مشابہت ہے کہ وہ انبیاء علیہم السلام کی قبور کی طرف منھ کرکے نماز پڑھتے، صحیحین میں ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مرض وفات میں فرمایا لعن اللہ الیھود والنصاریٰ اتخذوا قبور انبیاءھم مساجد۔ خدا کی لعنت ہو

[1] فتاویٰ رضویہ جلد سوم میں یہ رسالہ چھپا ہوا ہے۔ امجدی

یہود ونصاریٰ پر کہ انھوں نے قبور انبیاء کو مساجد بنایا۔ صحیح مسلم شریف میں جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی، کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے سنا۔ الا وان من کان قبلکم کانوا یتخذون قبور انبیاءھم وصالحیھم مساجد الا فلا تتخذوا القبور مساجد انی انھاکم عن ذالک اگلے لوگوں نے انبیاء، صالحین کی قبور کو مساجد بنایا، خبردار تم قبروں کو مساجد نہ بنانا، میں تمھیں اس سے منع فرماتا ہوں، ابوداؤد وترمذی ودارمی ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا الارض کلھا مسجد الا المقبرۃ والحمام، ترمذی وابن ماجہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی نھی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان یصلی فی سبعۃ مواطن فی المزبلۃ والمجزرۃ والمقبرۃ وقارعۃ الطریق وفی الحمام وفی معاطن الابل وفوق ظھر بیت اللہ۔ بحر الرائق میں ہے تکرہ الصلوٰۃ فی معاطن الابل والمزبلۃ والمجزرۃ والمغتسل والحمام والمقبرۃ وعلیٰ سطح الکعبۃ وذکر فی الفتاویٰ اذا غسل موضعا فی الحمام لیس فیہ تمثال وصلی بہ لاباس بہ وکذا فی المقبرۃ اذا کان فیھا موضع اُخر اعدّ للصلوٰۃ ولیس فیہ قبر ولا نجاسۃ۔ رد المحتار میں ہے ولاباس بالصلوٰۃ فیھا اذا کان فیھا موضع اعدّ للصلوٰۃ ولیس فیہ قبر ولا نجاسۃ کما فی الخانیۃ ولا قبلتہ الیٰ قبر حلیہ۔ اور قبر پر کھڑا ہونا حرام ہے اور جب قبروں پر کھڑے ہوتے ہیں تو ضرور قبروں کو روندتے بھی ہوں گے اور قبروں پر بیٹھتے بھی ہوں گے اور یہ سب حرام، قطع نظر اس سے کہ نماز مکروہ تحریمی ہوتی ہے، خود ان افعال کا دوسرا گناہ ہے کہ ان افعال سے مُردوں کو اذیت ہوتی ہے اور مُردوں کو ایذا دینا ویسا ہی حرام ہے جیسے زندوں کو تکلیف دینا۔ سیدنا عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں اذی المؤمن فی موتہ کاذاہ فی حیوتہ۔ مؤمن کو موت کے بعد ایذا دینا ویسا ہی ہے جیسا زندگی میں تکلیف دینا، اور حدیث میں ہے المیت یوذیہ فی قبرہ ما یوذیہ فی بیتہ۔ مراقی الفلاح میں ہے انھم یتاذون بخفق النعال جوتوں کی سخت آواز سے بھی مردے اذیت پاتے ہیں، اور عید کا ہنگامہ اور اسمیں ہر قسم کے لوگوں کا اجتماع کس قدر قبرستان کا پامالی اور مُردوں کی ایذا کا سبب ہوگا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں لان یجلس احدکم علیٰ جمرۃ فتحرق ثیابہ فتخلص الیٰ جلدہ خیر لہ من ان یجلس علیٰ قبر۔ آدمی کو آگ کی چنگاری پر بیٹھا رہنا کہ کپڑے جلاکر جلد تک پہنچ جائے، یہ قبر پر بیٹھنے سے بہتر ہے، رواہ مسلم و ابوداؤد والنسائی وابن ماجہ عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ نیز فرماتے ہیں لان امشی علیٰ جمرۃ او سیف احب الیّ من ان امشی علیٰ قبر مسلم، آگ یا تلوار پر چلنا مجھے زیادہ پسند ہے، اس سے کہ کسی مسلمان کی قبر پر چلوں، رواہ ابن ماجہ عن عقبہ ابن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ فتاویٰ عالمگیریہ و فتح القدیر وبدائع وبحر الرائق ودرمختار و ردالمحتار وغیرہا عامہ اسفار میں ان امور

کی ممانعت مذکور اور زیادہ تفصیل درکار ہو تو امام اہلسنت رضی اللہ عنہ کا رسالہ "اہلاک الوہابیین" مطالعہ کریں، اور بلاوجہ شرعی عیدگاہ کی جماعت توڑنا یعنی اُس کے مقابل میں ایک دوسری جماعت اس لئے قائم کرنا کہ وہاں کے نمازی کم ہو جائیں یہ بھی ناجائز ہے، اور اس میں وہ اسلامی شوکت کہ اجتماع میں تھی کم ہوتی ہے، مگر جب کفار سے اتحاد کی ٹھہری تو شوکت اسلام مٹانے اور شعائر اسلام پامال کرنے پر کیا گلہ کہ یہ امور تو امتیاز بین المسلمین والکفار کیلئے ہیں اور انھیں اتحاد اور ایک ہو جانا منظور تو امتیاز امور کا کھونا ضرور، اور مندر میں جانا بھی منع ہے، کہ وہ مجمع شیاطین ہے۔ تاتارخانیہ پھر بحر پھر ردالمحتار میں ہے یکرہ للمسلم الدخول فی البیعۃ والکنیسۃ وانما یکرہ من حیث انہ مجمع الشیاطین لا من حیث انہ لیس لہ حق الدخول اھ قال فی البحر والظاہر انہا تحریمیۃ لانہا المرادۃ عند اطلاقہم وقد افتیت بتعزیر المسلم لازم الکنیسۃ مع الیہود اھ فاذا حرم الدخول فالصلوۃ اولی وبہ ظہر جہل من یدخلہا لاجل الصلوۃ فیہا، پھر اس امام کا تصویر کھنچوانا حرام و اشد حرام ہے، احادیث اس بارہ میں بکثرت وارد، کہ تصویر بنانا حرام، اور قیامت کے دن اُس پر نہایت سخت عذاب ہوگا اُن میں سے بعض یہ ہیں، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں، ان الذین یصنعون ھٰذہ الصور یعذبون یوم القیٰمۃ یقال لہم احیوا ما خلقتم، جو لوگ تصویریں بناتے ہیں انھیں قیامت کے دن عذاب دیا جائے گا، اُن سے کہا جائے گا جو تم نے بنایا ہے، اُسے زندہ کرو۔ رواہ البخاری ومسلم عن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور فرمایا اشد الناس عذابا عند اللہ یوم القیٰمۃ الذین یضاھون بخلق اللہ سب سے سخت تر عذاب خدا کے نزدیک بروز قیامت اُنھیں ہوگا، جو اللہ کے پیدا کرنے کے ساتھ مشابہت کرتے ہیں۔ دوسری روایت میں یہ ہے، ان من اشد الناس عذابا یوم القیٰمۃ الذین یصورون ھٰذہ الصور بیشک جن لوگوں پر قیامت کے دن سخت تر عذاب ہوگا۔ ان میں سے وہ لوگ ہیں، جو تصویریں بناتے ہیں، اور ایک روایت میں ہے ان اصحاب ھٰذہ الصور یعذبون یوم القیٰمۃ فیقال لہم احیوا ما خلقتم وقال ان البیت الذی فیہ الصور لاتدخلہ الملائکۃ۔ ان تصویر والوں کو قیامت کے دن عذاب دیا جائے گا ان سے کہا جائے گا جو تم نے بنایا ہے، اُسے زندہ کرو، اور فرمایا جس گھر میں تصویریں ہوتی ہیں، اس میں رحمت کے فرشتے نہیں آتے، روی ھٰذہ الروایات البخاری ومسلم عن ام المومنین الصدیقۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور فرمایا کل مصور فی النار یجعل لہ بکل صورۃ صورہا نفسا فیعذبہ فی جہنم ہر مصور جہنم میں ہے، اور اس نے جتنی تصویریں بنائیں، ہر تصویر کے بدلے میں ایک نفس ہوگا، جو اُسے جہنم میں عذاب دیگا رواہ البخاری ومسلم عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما وفی روایۃ للبخاری عنہ قال لا احدثک الا ما سمعت

من رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سمعتہ یقول من صور صورۃ فان اللہ معذبہ حتی ینفخ فیہ الروح ولیس بنافخ فیہا ابدا، جو تصویریں بنائے گا اللہ اُسے عذاب دیگا یہانتک کہ اُس میں روح پھونکے اور ہرگز کبھی نہ پھونک سکے گا، نیز ارشاد فرمایا قال اللہ تعالیٰ ومن اظلم ممن ذھب یخلق کخلقی فلیخلقوا ذرۃ ولیخلقوا شعیرۃ۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اُن سے زیادہ ظالم کون جو میری بنائی ہوئی کی مثل پیدا کرنے چلے، وہ ایک چھوٹی چیونٹی تو بنادیں، اور ایک جَو تو پیدا پیدا کردیں، رواہ البخاری ومسلم عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور فرمایا لاتدخل الملائکۃ بیتا فیہ کلب ولا صورۃ جس گھر میں کتا اور تصویر ہوتی ہے اس میں رحمت کے فرشتے نہیں آتے، رواہ البخاری ومسلم والترمذی والنسائی وابن ماجہ عن ابی طلحۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نیز حدیث میں آیا، یخرج عنق من النار یوم القیٰمۃ لہ عینان یبصر بہما واذنان یسمعان ولسان ینطق بہ یقول انی وکلت بثلثۃ بمن جعل مع اللہ الٰہا اٰخر وبکل جبار عنید وبالمصورین، روز قیامت جہنم سے ایک گردن نمودار ہوگی جس کی آنکھیں ہونگی جن سے دیکھیں گی، اور کان ہونگے جن سے سنیں گے، اور زبان ہوگی جس سے بولے گی، وہ کہے گی مجھے تین قسم کے لوگ سپرد کئے گئے، وہ جس نے خدا کے ساتھ دوسرے کو خدا مانا، اور ہر ظالم سرکش اور تصویر بنانے والے، رواہ الترمذی عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، اور ایک حدیث میں آیا ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ان اشد الناس عذابا یوم القیٰمۃ من قتل نبیا او قتلہ نبی او قتل احد والدیہ والمصورون وعالم لم ینتفع بعلمہ روز قیامت سب سے سخت عذاب اُسے ہوگا، جس نے کسی نبی کو قتل کیا یا اُسے کسی نبی نے قتل کیا، یا جس نے اپنے والدین میں سے کسی کو قتل کیا، اور تصویر بنانے والے، اور وہ عالم جس نے اپنے علم سے فائدہ نہیں اٹھایا، رواہ البیہقی عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور وہ امام اگرچہ خود تصویر نہیں کھینچا، مگر جب اس نے تصویر کھنچوائی تو اس حرام کا باعث ہوا، اور اس گناہ میں وہ مصور کا شریک ہے اور معصیت پر اعانت کرنے والا، قال اللہ تعالیٰ: تَعَاوَنُوْا عَلَی الْبِرِّ وَالتَّقْوٰی وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَی الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ، اور جب وہ امام ہندو مسلم اتحاد کا حامی ہے، تو مندر میں جانے اور تصویر کھنچوانے پر کیا بس کرتا ہوگا، دیگر محرمات شرعیہ جو آجکل حامیان اتحاد عمل میں لائے ہیں، وہ بھی کرتا ہوگا ایسا ہے تو اُسے امام نہ بنانا چاہیے۔ ——————— واللہ تعالیٰ اعلم

ج (۲) ۔ جبکہ محض دنیوی عداوت ہے اور زید قابل امامت ہے، تو بکر زید کے پیچھے نماز پڑھے کچھ کراہت نہیں، بلکہ محض دنیوی عداوت کی بنا پر اس کے پیچھے نماز چھوڑ دینے سے خود بکر پر الزام ہے، درمختار میں ہے ولو ام قوما وھم لہ کارھون

ان الکراھۃ لفساد فیہ او لانھم احق بالامامۃ کرہ لہ ذالک تحریما لحدیث ابی داؤد لا یقبل اللہ صلاۃ من تقدم قوما وھم لہ کارھون وان ھو احق لا والکراھۃ علیھم۔ اور دنیوی عداوت کی بنا پر تین دن سے زیادہ جدائی اور قطع تعلق جائز بھی نہیں، نہ کہ اس حد کی کہ جس مسجد میں وہ نماز پڑھے یہ اُس کے ساتھ بھی نماز نہ پڑھے، اُس کی اقتدا تو درکنار۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں، لا یحل للرجل ان یھجر اخاہ فوق ثلث لیال یلتقیان فیعرض ھٰذا و یعرض ھٰذا وخیرھما الذی یبدأ بالسلام، آدمی کو حلال نہیں کہ اپنے بھائی کو تین راتوں سے زیادہ چھوڑے رہے، کہ دونوں ملیں تو یہ اس سے منہ پھیرلے، اور وہ اس سے اعراض کرے، اور اِن دونوں میں اچھا وہ ہے، جو ابتدا بسلام کرے، رواہ البخاری ومسلم عن ابی ایوب الانصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ، اور فرماتے ہیں دبّ الیکم داء الامم قبلکم الحسد والبغضاء ھی الحالقۃ لا اقول تحلق الشعر ولکن تحلق الدین، اگلی امتوں کی بیماری تمھاری طرف چلی، یعنی حسد و عداوت یہ مونڈنے والی ہے، میں یہ نہیں کہتا کہ بال مونڈتی ہے، لیکن وہ دین کو مونڈتی ہے، رواہ الامام احمد والترمذی عن ابی الکحاء رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ لہٰذا مسلمانوں کو چاہیے کہ باہمی عداوت کو دور کریں، او رمل کر رہیں، کہ اسی میں دین و دنیا کی بھلائی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۵۸) مرسلہ مولوی سید رشید الدین احمد امام مسجد جامع ضلع نرسنگھ پور (سی پی) ۲۶ رجب ۱۳۵۱ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ اہل شہر نے جامع مسجد کے جملہ امور انتظامیہ کے لئے ایک کمیٹی تشکیل دی، اور اس کمیٹی پر اعتماد کرتے ہوئے تمام اختیارات بھی سونپ دیئے، چنانچہ ایک پیش امام عالم سنی حنفی مقرر موجود ہے، لیکن پورا حافظ نہیں، البتہ حفظ کرنے کی کوشش کر رہا ہے، چنانچہ نصف قرآن سے زائد حفظ بھی کر چکا۔ اور قرآن شریف درست و صحیح موافق تجوید و ترتیل بھی پڑھتا ہے، لیکن اب کمیٹی محض اس وجہ سے اس کو امامت سے علیحدہ کرنا چاہتی ہے، کہ وہ پورا حافظ نہیں اور رمضان شریف میں ختمی تراویح کے لئے دقت ہوتی ہے، حالانکہ حافظ درست خواں جو موافق تجوید پڑھتے ہیں، اور مخارج و صفات کا لحاظ کریں، اور مشتبہ الصوت میں فرق کر سکیں، کمیاب ہیں، علاوہ ازیں بعض وہابیہ و دیوبندیہ عقائد کے ہوتے ہیں، چنانچہ معلوم ہوا ہے کہ بیشتر کئی ایسے امام آئے جو دیوبندی وہابی عقائد رکھتے تھے، اگرچہ بعض عالم و حافظ بھی تھے، اور بعض مذبذب الذہن کم علم اور غیر مجوّد جو پورے طور پر اوقات نماز سے بھی ناواقف تھے، غرضکہ کمیٹی اس بات کی کچھ پرواہ نہیں کرتی، کہ پیش امام کس عقیدہ کا ہے۔ اور کیسا ہے، صرف حافظ ہونا چاہیے، نیز بوقت تقرری یہ معاہدہ ہوا تھا کہ جبتک قرآن شریف پورا حفظ نہ ہوگا، پیش

م بعض سنی حافظ ہیں

روپئے ماہوار دیئے جائیں گے، اور بعد حفظ پھر ختم دو دینے ہو جائیں گے۔ اور مدت حفظ کی بھی کوئی تحدید اور تعیین نہیں ہوئی تھی پس ان حالات کے پیش نظر صرف حفظ نہ کرنے کی وجہ سے عالم موصوف کو امامت سے برطرف کرنا صحیح اور درست ہے جبکہ یہی دو درست خواں حافظ رمضان شریف میں تراویح پڑھانے کے لئے انتظام کرنے کی ذمہ داری لیتا ہے، نیز یہ بھی واضح فرما دیا جائے کہ اس صورت میں یہ کمیٹی مسلمانوں کی خیر خواہ ہے، یا بدخواہ، اور اس سے قبل جو امام بدمذہب، جاہل، مذبذب، اوقات نماز سے ناواقف، اور غیر مجوّد رکھے گئے تھے جن سے تمام مسلمانوں کی نماز ناسد و باطل ہوئی۔ اس کی ذمہ دار کمیٹی ہوئی یا نہیں، اور عنداللہ وعندالناس یہ کمیٹی جوابدہ ہوگی یا نہیں۔ اور ایسے اماموں کے پیچھے جو مذکور ہوئے، نماز درست ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا۔

الجواب - احق بالامامۃ وہ ہے، جو طہارت و نماز کے مسائل کا اُن سب میں زیادہ علم رکھتا ہو، پھر وہ جو قرآن مجید زیادہ اچھا پڑھتا ہو، یعنی با تجوید پڑھتا ہو، درمختار میں ہے، والاحق بالامامۃ تقدیماً بل نصباً الاعلم باحکام الصلوٰۃ فقط صحۃ وفساداً بشرط اجتنابہ للفواحش الظاہرۃ ثم الاحسن تلاوۃ وتجویداً للقراءۃ، اور نفس تصحیح حروف کہ حرف کو حرف دوسرے سے صحیح طور پر ممتاز کرے، یہ شرائط امامت سے ہے، کہ اگر اتنی تصحیح بھی نہ ہو تو وہ صحیح پڑھنے والوں کا امام ہو ہی نہیں سکتا۔ بلکہ اگر کوشش نہیں کرتا، اور بے پرواہی برتتا ہے، تو خود اُس کی بھی نماز نہ ہوگی، اور دوں کی اس کے پیچھے کب ہو، اور ہندوستان میں اکثر یہی صورت پائی جاتی ہے، کہ اگر کوشش کریں اور خیال رکھیں تو صحیح ادا کرلیں، اور اگر کوشش کرنے پر بھی کسی خاص حرف کو صحیح ادا نہیں کرسکتا، تو خود اُس کی ہو جائیگی، یا اُس کے پیچھے ایسے کی نماز ہو جائے گی، کہ یہ دوسرا بھی اسی حرف کو صحیح ادا نہیں کرسکتا، مثلاً ث، ادا نہیں ہوتا دوسرے سے (ع) تو ایک دوسرے کی امامت نہیں کرسکتا، درمختار میں ہے ولا یصح اقتداء غیر الالثغ بہ ای بالالثغ علی الاصح، کما فی البحر عن المجتبیٰ وحرر الحلبی وابن الشحنۃ انہ بعد بذل جھدہ دائماً حتماً کالامی فلا یؤم الامثلہ ولا تصح صلاتہ اذا امکنہ الاقتداء بمن یحسنہ او ترک جھدہ او وجد قدر الفرض مما لا لثغ فیہ ھٰذا ھو الصحیح المختار فی حکم الالثغ وکذا من لا یقدر علی التلفظ بحرف من الحروف، ردالمحتار میں ہے، وذلک کالرحمٰن الرحیم والشیطان الرجیم والآلمین وایاک نأبد وایاک نستئین السرات وانأمت فکل ذلک حکمہ ما مرمن بذل الجھد دائماً والا فلا تصح صلاتہ بہ، اور امام مذکور جبکہ عالم بھی ہے، اور قرآن مجید با تجوید پڑھتا ہے، تو محض اس بنا پر کہ حافظ نہیں، اسے معزول کرنا جائز نہیں، آخر یہ کونسا گناہ ہے، کیا حافظ ہونا شرط امامت ہے، کہ بغیر اس کی امامت صحیح نہیں، کیا جب اُسے مقرر کیا تھا، اُس وقت اُس نے اپنا حافظ ہونا ظاہر کیا تھا، اور حافظ سمجھ کر امام بنایا تھا

لہٰذا کمیٹی کو امامت سے معزول کرنیکا شرعاً کوئی حق حاصل نہیں، ردالمحتار میں بحرالرائق سے ہے واستفید من عدم صحۃ عزل الناظر بلا جنحۃ عدمہا لصاحب وظیفۃ فی وقف بغیر جنحۃ وعدم اھلیۃ کمیٹی تو کمیٹی اگر بلا وجہ شرعی حاکم اسلام معزول کرنا چاہے، تو نہیں کرسکتا، فتاوٰی خیریہ میں ہے قد صرح العلماء بانہ لایجوز عزل الناظر ولا عزل صاحب وظیفۃ ما بغیر جنحۃ ولو عزلہ الحاکم لاینعزل بغیر جنحۃ وللقاضی البقاء علٰی وظیفتہ۔ واللہ تعالٰی اعلم

اور جب اہل کمیٹی کو اتنی بھی واقفیت نہیں، کہ کون قابل امامت ہے، اور کون نہیں، نہ اہلسنت و بدمذہب کو جان سکیں، تو ان کو سرے سے باختیار خود عزل و نصب امام کا اختیار ہی نہیں، اور جان بوجھکر قصداً نااہل کو امام بناتے اور اور مسلمانوں کی نمازیں تباہ و برباد کراتے ہیں، تو حکم اور سخت ہے، ایسی حالت میں یہ لوگ ہرگز مسجد کی تولیت کے قابل نہیں، اور مسلمانوں پر لازم، کہ دیندار اور دیانتدار کو تولیت سپرد کریں، اور ایسوں کو معزول کریں، کہ یہ لوگ نااہلوں پر وقف کی آمدنی صرف کرتے، اور اہل کو بلا وجہ شرعی معزول کرتے، اور ایسوں کو امام بناتے ہیں، جن کے پیچھے نماز ہی نہیں ہوتی، درمختار میں ہے، وینزع وجوبا بزازیہ لو الواقف درر فغیرہ بالاولی غیر مامون اوعاجزاً، بحر پھر ردالمحتار میں ہے وان کان غیر مامون اخرجہا من یدہ وجعلہا فی ید من یثق بدینہ۔ واللہ تعالٰی اعلم

مسئلہ (۱۵۹) مسؤلہ جناب محمد حنیف صاحب مدرس مدرسہ نورالہدیٰ مقام پوکھریرا ڈاکخانہ رائے پور ضلع مظفرپور، ۲۷ر شعبان المعظم ۱۳۷۱ھ

داڑھی منڈانے والا فاسق معلن ہے یا نہیں، اس کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی ہوتی ہے یا کس قسم کی، ہر وہ نماز جو مکروہ تحریمی ہوجائے، عام یہ ہے کہ کسی امام کے فسق کی وجہ سے یا رکن کے فوت سے وہ واجب الاعادہ ہے یا نہیں،

الجواب - داڑھی ایک مشت سے کم کرنا حرام، حدیث میں ارشاد ہوا احفوا الشوارب واعفوا اللحیٰ۔ درمختار میں ہے، یحرم علی الرجل قطع لحیتہ، فتح القدیر و بحرالرائق و شرنبلالیہ و درمختار میں ہے الاخذ من اللحیۃ وھی دون القبضۃ کما یفعلہ بعض المغاربۃ ومخنثۃ الرجال فلم یبحہ احد واخذ کلہا فعل مجوس الاعاجم والیہود والھنود وبعض اجناس الافرنج یعنی ایک مشت سے کم کرنا کسی کے نزدیک حلال نہیں اور سب لے لینا یہ مجوسیوں اور ہندوؤں اور بعض فرنگیوں کا فعل ہے، شیخ محقق رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ اشعۃ اللمعات میں فرماتے ہیں حلق کردن لحیہ حرام ست و روش فرنج و ہنود وجوالقیان ست، کہ ایشاں را قلندریہ گویند، اس مسئلہ کی تفصیل درکار ہو تو

اعلیٰحضرت قبلہ قدس سرہٗ العزیز کا رسالہ لمعۃ الضحیٰ دیکھا جائے کہ آیات و احادیث و اقوال فقہاء سے بکمال بسط و تفصیل اس کی حرمت کا اس میں بیان ہے، غرض ڈاڑھی منڈانا حرام، اور بعد اصرار کبیرہ و فسق، حدیث میں ہے لاصغیرۃ علی الاصرار رواہ فی مسند الفردوس عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما، اور بالاعلان ہونا خود عیاں راچہ بیاں اور فاسق معلن کو امام بنانا گناہ، اور اس کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی، کہ پڑھنی گناہ اور پڑھی تو پھیرنی واجب، حاشیہ علائی میں ہے فی تقدیمہ تعظیمہ وقد وجب علیہم اہانتہ شرعاً، رد المحتار میں ہے، واما الفاسق فقد عللوا کراہۃ تقدیمہ بانہ لایہتم لامر دینہ وبان فی تقدیمہ للامامۃ تعظیمہ وقد وجب علیہم اہانتہ شرعاً ولایخفی انہ اذا کان اعلم من غیرہ لاتزول العلۃ فانہ لایؤمن ان یصلی بہم بغیر طہارۃ کالمبتدع تکرہ امامتہ بکل حال بل مشیٰ فی شرح المنیۃ علی ان کراہۃ تقدیمہ کراہۃ تحریم لما ذکرنا قال ولذا لم تجز الصلوٰۃ خلفہ اصلاً عند مالک و روایۃ عن احمد، در مختار میں ہے، کل صلوٰۃ ادیت مع کراہۃ التحریم تجب اعادتہا۔　　واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۶۰) مسئولہ مولوی عبد الجبار صاحب طالب علم مدرسہ منظر اسلام بریلی شریف، ۳۰ر شعبان ۱۳۳۱ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ (۱) امام حی کس کو کہتے ہیں (۲) امام حی کے لئے کیا کیا شرائط ہونے چاہئیں (۳) محلہ کی مسجد میں صرف نماز جمعہ کے لئے کوئی امام مقرر کیا جائے، اسکو امام حی کہیں گے یا نہیں۔ اگر اس کو امام حی نہیں کہیں گے تو اس کو کونسا امام کہیں گے۔

الجواب (۱ و ۲) ۔ امام حی، مسجد محلہ کے امام کو کہتے ہیں، جس کو اہل محلہ یا متولی مسجد نے امامت کے لئے مقرر کیا جو اس مسجد میں نماز پنجگانہ پڑھاتا ہو، اُس کے لئے کوئی خاص شرائط نہیں، بلکہ وہی جو مطلقاً امام کے لئے ہیں، اس کے لئے بھی ہیں، رد المحتار میں ہے، ہو امام المسجد الخاص بالمحلۃ۔　　واللہ تعالیٰ اعلم

ج (۳) ۔ جو صرف جمعہ پڑھانے کے لئے امام ہو، وہ امام جمعہ ہے امام حی اُسے نہ کہیں گے، کہ حی بمعنی گروہ ہے، اور امام مسجد محلہ چونکہ اُس خاص محلہ کا امام ہے، لہٰذا اسے امام حی کہتے ہیں، بخلاف امام جمعہ کہ اُسی خاص محلہ کے ساتھ مخصوص نہیں، بلکہ اگر شہر بھر میں ایک ہی جمعہ ہوتا ہے، تو وہ اُس وقت کے لئے سارے شہر کا امام ہے، اور اگر چند جمعہ ہوتے ہیں تو جتنے محلوں کا ایک جمعہ ہے، وہ اس وقت میں اُن سب محلوں کا ایک امام ہے۔　　واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۶۱) مرسلہ ظہیر صاحب　　از میرٹھ　　۲۰ر شوال ۱۳۳۱ھ

کیا مندرجہ ذیل صورتوں میں زید کو مسجد کا امام مقرر کرنا اُس کی اقتدا کرنا اور اس سے نماز جنازہ و نکاح پڑھوانا درست ہے ؟ اگر ناجائز ہے تو اس مسجد کے نمازی اور متولی زید کی حرکات ذیل سے باخبر ہونے پر بھی اس کو امامت سے خارج نہ کریں تو شریعت مطہرہ ان پر کیا حکم لگاتی ہے۔ بینوا توجروا

(۱) زید نے مسجد کی سفیدی و صفائی کے لئے پیشہ ور طوائفوں کے حرام کمائی سے چندہ لیا۔

(۲) زید چند پیسوں اور گلگلوں کے لالچ میں بازاری رنڈیوں اور ان کے تبعہ و لحقہ کو منت کا طاق بھرنے کے لئے برہنہ پاؤں اور بے طہارت مسجد کے اندر جانے دیتا ہے۔

(۳) زید جوان ہے اور اس کے کمرہ خاص میں اکثر مسلمان اور بیشتر ہندو جوان عورتیں گنڈا اور تعویذ لینے آتی ہیں اور علاوہ دیگر نسوانی تمناؤں کے اکثر اولاد کی بھوکی بھی ہوتی ہیں اور ہندوؤں میں ایک مسئلہ نیوگ کا ہے یعنی اگر کسی عورت کا شوہر نامرد ہو اور اولاد پیدا کرنے پر قادر نہ ہو تو عورت کسی اور شخص سے استقرار حمل کرا سکتی ہے؟

(۴) زید بلا اجازت شوہر اس کی منکوحہ کو کار خدمت کے حیلہ سے رکھ لیا ہے اور اس کو شوہر کے پاس نہیں جانے دیتا ہے۔

الجواب ۔ حرام مال مسجد میں صرف کرنا ناجائز ہے، حدیث میں فرمایا لا یتقبل اللہ الا الطیب زید نے ایسا کیا ہے تو توبہ کرلے، اور چند بار کرنے، پھر توبہ نہ کرنے پر امامت سے معزول کر دیا جائے، بازاری عورتوں کا طاق بھرنے جانا یہ زید کا فعل نہیں، اگر زید قدرت رکھتا ہو، تو روکدے، کہ اُن کا اس طرح آنا احترام مسجد کے خلاف ہے، زید کے یہاں عورتوں کا تعویذ کے لئے آنا یہ کوئی ایسا امر نہیں ہے، کہ اس کے سبب امامت سے معزول کرنے کا حکم دیا جائے، اور ہندوؤں کے یہاں نیوگ کا مسئلہ ہونا زید کو متہم نہیں کرتا، ایسے اوہام بعیدہ قابل اعتبار نہیں، مگر جبکہ ان عورتوں کے آنے سے لوگوں کو خاص سبب سے زید کی طرف شبہہ ہوتا ہو تو چاہئے، کہ عورتوں کا آنا روکدے، حدیث میں ہے اتقوا مواضع التھم، دوسرے کی عورت کو کار خدمت کے لئے زید کا نوکر رکھنا کوئی جرم نہیں، اگر اس کے شوہر کو منظور نہ ہو ہر طرح لیجا سکتا ہے، ہاں اگر زید عورت مذکورہ کو بہکاتا ہو، اور عورت کو ایسی باتیں سکھاتا ہو، کہ وہ شوہر کے یہاں بلا جبر نہ جائے، تو گنہگار ہے ایسا ہے تو توبہ کرے۔ بہر حال امور مذکورہ ایسے نہیں کہ مطلقاً زید کے فسق کا حکم دیا جائے، اور امامت سے معزول کیا جائے، ——————— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۶۱) مسئولہ حافظ نبی صاحب از نینی تال یکم ذی قعدہ ۱۳۴۱ھ ہجری۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ زید پیش امام سے رنج رکھتاہے، نہ اس کے پیچھے نماز پڑھتاہے، اِدھر جماعت ہوتی ہے اُدھر زید نماز پڑھتاہے، اور یہ کہتاہے، کہ ہم حافظ ہیں اور امام ناظرہ خواں اور حافظ کی نماز ناظرہ خواں کے پیچھے نہیں ہوتی ہے جبکہ ناظرہ خواں کلام اللہ بہت عمدہ پڑھتاہے، اور اس کے پیچھے جملہ مسلمان، سادات، اور حافظ نماز ادا کرتے ہیں اس مسئلہ میں کیا حکم ہے؟

الجواب ۔ زید نے محض غلط کہا کہ میری نماز غیر حافظ کے پیچھے نہیں ہوتی، امام کے لئے نہ حافظ ہونا شرط ہے، نہ واجب جبکہ غیر حافظ کو لوگوں نے امام مقرر کیاہے، تو زید اگرچہ حافظ ہے، اُسی کے پیچھے پڑھے جماعت کا ترک بلا وجہ شرعی گناہ ہے، اور اُسپر زیادتی، یہ کہ جماعت ہوتی رہتی ہے، اور شریک نہیں ہوتا، اپنی الگ پڑھتاہے، زید کو توبہ کرنی چاہئے، فتاویٰ عالمگیریہ میں ہے قال عامة مشائخنا انها (الجماعة) واجبة وفی المفید تسمیتها سنة لوجوبها بالسنة۔ درمختار میں ہے وقیل واجبة وعليه العامة ای عامة مشائخنا وبه جزم فی التحفة وغیرها۔ قال فی البحر وهو الراجح عند اهل المذهب۔ ردالمحتار میں ہے، قال فی النهر هو اعدل الاقوال واقوٰها ولذا قال فی الاجناس لاتقبل شهادته اذا ترکها استخفافاً ومجانة۔

مسئلہ[۱] (۱۶۲) کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ نابالغ کے پیچھے بالغ کی اقتدا جائز ہے یا نہیں۔

(۲) بعض لوگوں کا کہناہے کہ مشائخ بلخ کی ایک روایت ہے، کہ نابالغ کے پیچھے تراویح، سنت اور نفل جائز ہے حقیقت حال سے مطلع فرمائیں۔

الجواب ۔ بالغ کے امام کے لئے بالغ ہونا شرط ہے، ردالمحتار میں نورالایضاح سے ہے، وشروط الامامة للرجال الاصحاء ستة اشياء الاسلام والبلوغ والعقل والذكورة والقراءة والسلامة من الاعذار، لہٰذا نابالغ کے پیچھے بالغ کی مطلقاً کوئی نماز نہ ہوگی، درمختار میں ہے، ولا يصح اقتداء رجل بصبي مطلقاً ولو فی جنازة ونفل علی الاصح ہاں مشائخ بلخ تراویح وسنن ونوافل میں نابالغ اگر بالغ کی امامت کرے، تو جائز بتاتے ہیں، مگر مختار واصح وظاہر الروایۃ یہی ہے کہ ناجائز ہے اور یہی قول عامہ ائمہ ہے، اور یہ بات مسلّم ہے کہ ظاہر الروایۃ سے عدول نہ کیا جائے گا، فتاویٰ عالمگیری میں ہے وعلی قول ائمة بلخ يصح الاقتداء بالصبيان فی التراويح والسنن المطلقة كذا فی فتاوی قاضی خاں المختار انه لا يجوز فی الصلوٰت كلها كذا فی الهداية وهو الاصح هكذا فی المحيط وهو قول العامة وهو ظاهر الرواية هكذا فی البحر الرائق۔ وهو تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۶۳) مرسلہ عبدالستار صاحب پارچہ فروش ساہوکاراں لین بازار ہلدوانی نینی تال ۳ ذیقعدہ ۱۳۴۹ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ پیش امام جامع مسجد کے متعلق کچھ لوگوں نے یہ عذر کیا کہ ہم امام صاحب کے پیچھے عیدالفطر نہیں پڑھیں گے، چونکہ یہ امام صاحب قبور کا طواف کرتے ہیں، اور مزامیر کے ساتھ قوالی سنتے ہیں اور خلیفۃ المسلمین کے واسطے دعا نہیں مانگتے اور ٹھُھوا نہیں پہنتے۔ تو اس شک کو رفع کرنے کے لئے عیدالفطر سے ایک روز قبل عید گاہ میں مسلمانان ہلدوانی کا ایک جلسہ ہوا، اس جلسہ میں تقریباً تین سو آدمی جمع تھے، اس جلسہ میں ان آدمیوں سے دریافت کیا گیا کہ تم لوگوں کو امام صاحب کے پیچھے نماز عیدالفطر ادا کرنے میں کیا عذر ہے، تو ان لوگوں نے وہی عذر پیش کیا جو اوپر بیان کیا گیا — اس کے بعد امام صاحب سے معلوم کیا گیا تو امام صاحب نے سوال اول کا یہ جواب دیا کہ ہم قبور کا طواف نہیں کرتے بلکہ عرس کے موقع پر قرآن شریف پڑھکر بزرگوں کی روح کو ایصال ثواب کرتے ہیں، اور دوسرے سوال کا یہ جواب دیا کہ اس سے قبل مزامیر کے ساتھ قوالی سنتے تھے، اب نہیں سنتے ہیں، اور نہ میرا یہ عقیدہ ہے، تیسرے سوال کا جواب حاضرین نے یہ دیا کہ ہم لوگوں نے خلیفۃ المسلمین کے لئے دعا مانگتے سنا ہے، چوتھے سوال کا جواب اہل جلسہ نے یہ دیا کہ ٹھُھوا پہننا کوئی ضروری نہیں ہے، اس جلسہ میں دو مولوی بھی تھے، ان لوگوں سے بھی پوچھا گیا کہ اب اس امام صاحب کے متعلق کیا حکم ہے۔ تو ان دونوں مولوی نے یہ جواب دیا، کہ بلا کراہت اس امام کے پیچھے نماز جائز ہے، اس کے بعد جملہ معترضین نے تسلیم کر لیا، اور یہ وعدہ کیا کہ کل ہم لوگ اس امام صاحب کے پیچھے عیدالفطر ادا کریں گے، مزید براں جن لوگوں کو اعتراض تھا ان لوگوں نے یہ کہا کہ امام صاحب توبہ کرلیں، امام صاحب نے سبھوں کے سامنے توبہ بھی کیا، لیکن عیدالفطر کے روز ان لوگوں نے جن کو عذر تھا اس امام صاحب کے پیچھے نماز نہیں پڑھی، اور سب کے سب مذکورہ دو مولویوں کے ساتھ شارع عام پر عیدالفطر ادا کی۔

الجواب - امام پر جو الزام بیجا لگائے گئے، امام نے اُن سے برأت ظاہر کی اور لوگوں کے کہنے سے اس نے توبہ بھی کرلی تو اب پھر اس کے پیچھے نماز نہ پڑھنا، اور مسلمانوں میں تفریق کرنے کے لئے جدید جماعت قائم کرنا، ناروا ہے، خصوصاً نماز عید کہ اُسکا امام ہر شخص نہیں ہوسکتا، اس کا امام وہی ہوسکتا ہے، جو جمعہ کا امام ہوسکتا ہے، اور جمعہ کا امام بادشاہ اسلام ہوگا، یا اس نے جسے مقرر کیا ہو، اور یہ نہ ہوں تو عوام نے جسے امام مقرر کیا ہو، وہ پڑھائے، درمختار میں ہے۔ نصب العامۃ الخطیب غیر معتبرۃ مع وجود من ذکر اما مع عدمھم فیجوز للضرورۃ۔ اور ظاہر ہے کہ یہاں ضرورت نہیں کہ ایک امام موجود ہے، اور وہ نماز پڑھا رہا ہے، بلا وجہ شرعی اسکی مخالفت میں یہ دوسری جماعت قائم کی گئی، غرض یہ نئی جماعت عید جو قائم کی گئی، ناجائز اور یہ نماز بھی راستہ پر پڑھی گئی شارع

عام پر نماز پڑھنا مکروہ ہے۔ درمختار میں ہے وکذا تکرہ فی اماکن کفوق کعبۃ وفی طریق۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۶۴) مرسلہ مولوی مصباح القیوم صاحب رضوی از اورنگ آباد بلندشہر ۱۳ ذیقعدہ ۱۳۴۱ھ

(۱) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ ایک غیر مقلد صاحب ریاست ہونے کی وجہ سے مسلمانان حنفی المذہب کو اپنی اقتدار پر بالجبر مائل کرتا ہے، اور جمعہ بھی پڑھاتا ہے، اور کچھ وعظ ونصیحت بھی کرتا ہے، علاوہ ازیں یہ شخص تقلید ائمہ اربعہ کا منکر ہے، اور مقلدین پر طعن کرتا ہے، اور نماز وغیر نماز میں ڈاڑھی نوچتا ہے، یہاں تک کہ ایک ایک رکن میں کئی کئی بار ڈاڑھی نوچتا ہے یہاں تک کہ نوچ نوچ کر ایکدم صاف کر دیا ہے، اور نماز میں دونوں پاؤں بچھا کر بیٹھتا ہے، تو کیا ایسے کی امامت درست ہے۔

(۲) جس جگہ لوگ ایک مدت سے جمعہ پڑھتے رہے ہوں، اب وہاں ایک وہابی غیر مقلد غلبۂ ریاست کی وجہ سے جمعہ وخطبہ پڑھاتا ہو، تو کیا سنی حنفی المذہب کے لئے یہ جائز ہے کہ کسی دوسری مسجد میں جمعہ قائم کریں۔

الجواب (۱) - فرقہ غیر مقلد گمراہ وبددین ومبتدع ہے اور اہلسنت سے خارج ہے۔ علامہ سید احمد طحطاوی حاشیہ درمختار میں فرماتے ہیں من شذ عن جمہور اھل الفقہ والعلم والسواد الاعظم فقد شذ فیما یدخلہ فی النار فعلیکم معاشر المؤمنین باتباع الفرقۃ الناجیۃ المسماۃ باھل السنۃ والجماعۃ فان نصرۃ اللہ تعالیٰ وحفظہ وتوفیقہ فی موافقتھم وخذلانہ وسخطہ فی مخالفتھم وھذہ الطائفۃ الناجیۃ قد اجتمعت الیوم فی مذاھب اربعۃ وھم الحنفیون والمالکیون والشافعیون والحنبلیون رحمھم اللہ تعالیٰ ومن کان خارجا عن ھذہ الاربعۃ فی ھذہ الزمان فھو من اھل البدعۃ والنار اور بدمذہب کو امام بنانا ناجائز وگناہ کہ امام بنانا تعظیم ہے اور اہل بدعت کی تعظیم حرام، حدیث میں فرمایا من وقر صاحب بدعۃ فقد اعان علی ھدم الاسلام جس نے بدمذہب کی توقیر کی، اُس نے اسلام ڈھانے پر مدد کی، غنیہ شرح منیہ میں ہے، المبتدع فاسق من حیث الاعتقاد وھو اشد من الفسق من حیث العمل لان الفاسق من حیث العمل یعترف بانہ فاسق ویخاف ویستغفر بخلاف المبتدع صغیری میں ہے یکرہ تقدیم الفاسق کراھۃ تحریم وعند مالک لایجوز وھو روایۃ عن احمد وکذا المبتدع۔ ردالمحتار میں ہے المبتدع تکرہ امامتہ بکل حال۔ طحطاوی علی الدر میں ہے الکراھۃ فیہ تحریمیۃ علی ما سبق، اور اُس غیر مقلد کا مقلدین پر طعن کرنا فسق عملی ہے، اور فاسق کو امام بنانا ناجائز وگناہ، کما مر۔ یونہی اُس کا ڈاڑھی نوچ کر صاف کر دینا بھی فسق ہے، کہ یہ اسکی عادت ہے، حدیث

میں فرمایا احفوا الشوارب واعفوا اللحیٰ۔ اور یہ شخص اگر بدمذہب نہ بھی ہوتا، تو ایک ایک رکن میں تین تین بار ڈاڑھی پر ہاتھ جانا اور نوچنا عمل کثیر ہے۔ اور عمل کثیر مفسد نماز تو جب امام کی نماز خود ہی نہ ہوئی، تو اُس کے پیچھے مقتدیوں کی کیونکر ہو۔ درمختار میں ہے ویفسدها کل عمل کثیر۔ ردالمحتار میں ہے وکذا اقول من اعتبر التکرار ثلثاً متوالیۃ فانہ یغلب الظن بذالک فلذا اختارہ جمھور المشائخ۔ اور مبتدع کے پیچھے نماز کا مکروہ تحریمی ہونا اس صورت میں ہے جب اس کی بدعت مکفرہ نہ ہو ورنہ اس کے پیچھے نماز اصلا نہ ہوگی، اور غیر مقلدین پر بوجوہ کثیرہ کفر لازم[۵]، والتحقیق التام فی رسالۃ شیخنا النھی الاکید عن الصلاۃ وراء عدی التقلید من شاء الاطلاع فلیرجع الیھا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

(۲) اولاً جس طرح ممکن ہو اُس کو امامت سے علیحدہ کریں، اور یہ نہ کرسکیں تو اپنی نماز کسی دوسری مسجد میں پڑھیں اُسکے پیچھے پڑھکر کیوں گنہ گار بنیں، فتح القدیر میں ہے یکرہ فی الجمعۃ اذا تعددت اقامتھا علی قول محمد المفتی بہ لانہ بسبیل الی التحویل۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۶۵) مرسلہ مولوی عبدالعزیز صاحب امام مسجد کلس داخلی سیر ضلع ہزارہ ۱۱ر ذی الحجہ ۱۳۴۱ھ

امام حی کا حق کب تک ہے اگر امام محلہ کا انکار ہو جائے یا فوت ہو جائے تو قوم نے دوسرا امام مقرر کیا، عرصہ دس بارہ برس رہا پھر وہ اپنی رضا سے چلا گیا پھر قوم نے ایک اور امام مقرر کیا مگر جو پہلے تھا وہ فوت ہوگیا، تو اس کے لواحقین سے ایک شخص نے آکر جھگڑا کیا اب اُس مقرر کردہ امام عالم کو معزول کرکے اس کو امامت مل سکتی ہے یا نہیں۔

الجواب - جب امام مرگیا یا اُس نے امامت سے دست برداری کرلی تو اُس کی امامت ختم ہوگئی اور یہ کوئی مال و ترکہ نہیں جس میں وراثت جاری ہو، تیسرے امام کو بلاوجہ شرعی معزول کرنا جائز نہیں۔ ردالمحتار میں ہے واستفید من عدم صحۃ عزل الناظر بلاجنحۃ عدمھا لصاحب وظیفۃ فی وقف لغیر جنحۃ وعدم اھلیۃ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۶۶) مسئولہ رحیم بخش صاحب از شیوپوری تحصیل فرید پور بریلی ۷ ر ذی الحجہ ۱۳۴۱ھ

(۱) مجھ پیش امام کو موضع لدھولی کے لوگوں نے شریعت کی بات بتانے اور بُرے کاموں سے روکنے کی وجہ سے عیدالضحیٰ کی نماز پڑھانے سے روک دیا اور کسی دوسرے شخص کو امام بنایا۔

(۲) میں پیش امام بروز جمعہ چار پانچ آدمیوں کے ساتھ نماز پڑھنے کے لئے مسجد گیا، جب نماز سے فارغ ہوکر آیا تو موضع لدھولی

---

[۵] ہمارے زمانے کے غیر مقلدین لزوم سے بڑھکر التزام کی حد میں آچکے ہیں، ان کے پیچھے نماز قطعاً درست نہیں قضاء سے بھی بدتر ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ امجدی

کے لوگوں نے ہم لوگوں کو پکڑ کر بطور حراست ایک گھنٹہ بٹھایا، اور سب کے سب آمادہ فساد ہوگئے، اور کہنے لگے تم نماز پڑھنے کے لئے مسجد میں کیوں آئے تم شرع کیوں نکالتے ہو اب اگر آؤ گے تو مار ڈالیں گے۔

الجواب (۱) ۔ بلا وجہ شرعی امام اول کو معزول کرنا اور اُس کی جگہ دوسرے کو امام بنانا ناجائز ہے، اور امام لوگوں کو بری باتوں سے منع کرتا ہے، اور احکام شرعی کی طرف ہدایت کرتا ہے تو یہ اُس سے ناراض ہونے کا سبب نہیں بلکہ اور خوش ہونا چاہئے، مگر جن لوگوں کے دلوں میں خوفِ خدا و رسول نہ ہو شیطان کی پیروی کرنا چاہیں وہ ضرور احکام شرع کو سُنکر گھبراتے ہیں، اور بد کتے ہیں ان لوگوں پر توبہ فرض ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

(۲) کسی مسلمان کو بلا وجہ شرعی تکلیف دینا حرام ہے، حدیث میں ہے من اٰذیٰ مسلماً فقد اذانی ومن اذانی فقد اذی اللہ جس نے مسلمان کو ایذا دی اُس نے مجھے ایذا دی، اور جس نے مجھے ایذا دی اُس نے اللہ کو ایذا دی اور مسجد سے روکنا بھی حرام، اللہ عزوجل فرماتا ہے وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰہِ اَنْ یُّذْکَرَ فِیْھَا اسْمُہٗ وَسَعٰی فِیْ خَرَابِھَا اُس سے زیادہ ظالم کون جس نے اللہ کی مسجدوں میں خدا کے نام لئے جانے سے روکا، اور اُن کی بربادی میں کوشش کی، یہ سب لوگ گنہگار ہیں توبہ ان پر فرض ہے، اور امام سے معافی مانگنی ضروری ہے۔

مسئلہ (۱۶۷) ایک ایسا شخص جو پنجگانہ جماعت سے نہیں پڑھتا ہے اور جمعہ کے دن امام بن کر جمعہ پڑھاتا ہے تو کیا ایسے کی اقتدا درست ہے۔

الجواب ۔ جماعت واجب ہے، اور اس کا ترک گناہ، اور ترک کی عادت فسق، اور یہ چونکہ بالاعلان ہے لہٰذا اسکو امام بنانا گناہ اور اس کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی، کہ پڑھنی گناہ، اور پڑھی ہو تو پھیرنی واجب۔ واجب ہے کہ دوسرے کو امام مقرر کریں، اگر کسی وجہ سے لوگ اُسے معزول نہ کر سکتے ہوں، تو دوسری جگہ پڑھیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۶۸) مسئولہ قاضی عبدالعزیز صاحب از فرید پور بریلی ۱۹ ذی الحجہ ۱۳۴۱ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ جو شخص مسجد کا امام ہو کر سودی اسٹام لکھتا ہو، اور جھوٹی گواہی دیتا ہو، اور رشوت لیتا ہو، کیا اُسکے پیچھے نماز درست ہے، اور اُس کا پڑھایا ہوا نکاح جائز ہے۔

الجواب ۔ سودی دستاویز لکھنا حرام ہے، حدیث صحیح میں ارشاد فرمایا لعن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اٰکل الربٰو وموکلہ وکاتبہ وشاھدیہ وقال ھم سواء رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لعنت

فرمائی سود لینے اور دینے والے اور اس کا کاغذ لکھنے والے اور اس کی گواہی دینے والوں پر اور فرمایا وہ سب برابر ہیں رواہ مسلم عن جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ یونہی جھوٹی گواہی دینا بھی حرام ہے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا قال عدلت شہادۃ الزور بالاشراک باللہ ثلث مرات ثم قرأ فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ حُنَفَآءَ لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ بِهٖ رواہ ابوداؤد وابن ماجۃ عن خریم بن فاتک رضی اللہ تعالیٰ عنہ یہ شخص فاسق ہے، اگر معلن بھی ہو تو اسے امام بنانا گناہ اور اس کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی اس کا نکاح پڑھایا ہوا درست ہے، مگر اس سے نہ پڑھوایا جائے تو اچھا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۶۹) مسئولہ نواب وحید احمد خاں صاحب محلہ قلعہ بریلی۔

(۱) کیا فرماتے ہیں علمائے دین ان مسائل میں کہ جماعت ہو رہی ہے، لیکن زید کو امام کا حال معلوم نہیں، صحیح العقیدہ ہے یا نہیں، یا وہ ارکان نماز مثلاً سجدہ میں زمین سے انگلیوں کا پیٹ لگانا جانتا ہے یا نہیں اور اگر جانتا بھی ہے تو ادا کرتا ہے یا نہیں تو اس صورت میں زید جماعت میں شریک ہوگا یا نہیں۔؟

(۲) ایک شخص فرض پڑھ رہا ہے۔ زید مسجد میں داخل ہوا لیکن دل اس کے پیچھے پڑھنے کو نہیں چاہتا ہے، صرف اس گمان سے کہ یہ بدعقیدہ ہے، حالانکہ زید اسے نہیں جانتا بلکہ کہتا ہے کہ مسلمان پر بدگمانی حرام ہے، زید کو چاہیے کہ خواہ مخواہ اس کو بدعقیدہ نہ سمجھے نماز پڑھ لے، پھر عقائد دریافت کرے، اگر وہ واقعی بدعقیدہ ہے تو نماز پھیر لے، زید کہتا ہے کہ اگر دل نہ کہے تو نہ پڑھے۔ اس پر بکر جواب دیتا ہے، دل کا اعتبار نہیں۔ ان دونوں میں کون حق پر ہے۔

(۳) زید نے امام کے پیچھے نماز پڑھی، مگر سنتوں میں یہ دیکھا کہ امام کی انگلیاں زمین سے نہیں لگتی ہیں، تو زید کیا کرے اور اگر ایسی جگہ ہو جہاں بتا بھی نہیں سکتا مثلاً ریاست رامپور وغیرہ تو ایسی صورت میں زید کو کیا کرنا چاہیے، یہ بھی واضح ہو کہ اس امام کے پیچھے بہت سے عالم بھی نماز پڑھ چکے ہیں۔

الجواب (۱) محض اوہام پر بنائے کار نہیں، جبتک ظن غالب نہ ہو، ترک جماعت نہ کرے، امام کے ساتھ نیک گمان کرے، اور جماعت میں شریک ہو جائے، پھر اگر بعد میں امام کی نماز کا فساد ظاہر ہو تو پھر پڑھے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

(۲) اگر بدعقیدہ ہونے کا گمان غالب ہو تو اقتدا نہ کرے لان الظن ملتحق بالیقین پھر اگر اس میں ایسی بدعقیدگی کا گمان ہے، جو کفر تک لیجانیوالی ہے، مثلاً وہابیت قادیانیت وغیرہما تو اگرچہ وہ واقع میں ایسا نہ ہو مگر جب زید کا گمان

ہے تو اقتدا صحیح نہیں، اور اس صورت میں نماز ہوگی ہی نہیں، کہ جب گمانِ مقتدی میں نمازِ امام نماز ہی نہیں، پھر اقتدار کیونکر ہوسکے، کہ اقتدار کے معنیٰ ہیں اپنی نماز کو نمازِ امام کے ساتھ ربط دینا، تو جب امام کی نماز ہی نہیں تو ربط کس کے ساتھ دے گا۔ رد المحتار میں ہے، وکذا لوکانت صحیحۃ فی زعم الامام فاسدۃ فی زعم المقتدی لبنائہ علی الفاسد فی زعمہ فلا یصح بیشک مسلمان پر بدگمانی حرام ہے، مگر جبکہ کسی قرینہ سے اُس کا ایسا ہونا ثابت ہوتا ہو، تو اب حرام نہیں، مثلاً کسی کو بھٹی میں آتے جاتے دیکھکر اُسے شراب خور گمان کیا، تو اس کا قصور نہیں اُس نے موضع تہمت سے کیوں اجتناب نہ کیا، بکر کا یہ کہنا کہ بدگمانی حرام ہے، بدگمانی نہ کرنی چاہئے، بیشک اگر کوئی وجہ نہ ہو جس کی بنا پر بدگمانی کیجا سکے تو یہ قول صحیح ہے، مگر جبکہ زید اُسے بدعقیدہ گمان کر رہا ہے، تو اس کے پیچھے نماز کیونکر پڑھے، اقتدا میں دل کے گمان کا اعتبار ہے، اور اگر مجرد وہم ہے تو قابل اعتبار نہیں، واللہ تعالیٰ اعلم

(۳) اگر اُس کی عادت ایسی ہونا معلوم ہوتا ہے، کہ ایک انگلی بھی سجدہ میں نہیں جماتا تو ضرور نماز پھیرے، اور کبھی جماتا ہے کبھی نہیں جب بھی اعادہ کرلے نیز اُسے مسئلہ بتادے ماننے اور عمل کرنے کا اُسے اختیار ہے اور بتانے میں اس کا لحاظ رکھے کہ فتنہ و فساد نہ ہو، ورنہ اپنی پھیرے اور اس کے پیچھے پھر نہ پڑھے، اور امام کا عالم ہونا یا عالم کا اس کے پیچھے پڑھنا اس کے اس فعل کو جائز نہ کردے گا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۷۰) مسئولہ مولوی آفتاب الدین صاحب طالب علم مدرسہ اہلسنت بریلی شریف ۳ ربیع الاول ۱۳۳۹ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع خیر المرسلین اس مسئلہ میں کہ کوئی شخص ذاتی مفاد کے لئے اس نیت سے جھوٹ بولے کہ اصل مالک سے مال غصب ہوکر غیر مالک کو مل جائے اور دوسروں کو آمادہ بھی کرے، تو ایسے شخص کے بارے میں کیا حکم ہے اور اس کی اقتدا کیسی ہے۔ اور جو اشخاص اس کے پیچھے نماز پڑھتے ہیں ان کے لئے کیا حکم ہے۔

الجواب - جھوٹی گواہی دینا حرام و کبیرہ ہے، حدیث میں ہے صلی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صلاۃ الصبح فلما انصرف قام قائما فقال عدلت شھادۃ الزور بالاشراک باللہ ثلث مرات ثم قرأ فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْأَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوا قَوْلَ الزُّورِ حُنَفَاءَ لِلَّهِ غَيْرَ مُشْرِكِينَ بِهِ رواہ ابوداؤد واحمد والترمذی اور دوسرے مسلمان کو اسپر آمادہ کرنا یہ دوسرا گناہ ہوا جبتک یہ شخص توبہ نہ کرے اس کو امام بنانا گناہ اور اس کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی واجب الاعادہ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۷۱) مرسلہ مولوی محمد عبدالغفور صاحب از بنچ ضلع شاہ پور پنجاب ۲۶ ربیع الاول ۱۳۴۱ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مسئلہ ہٰذا میں کہ زید بروز عید اضحٰی احکام و فضائل قربانی بیان کرتے

ہوئے ذکر کیا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے نمرود کے امتحان کے بعد شام کی طرف سفر کیا، راستہ میں فرعونِ مصر کے ظلم نے حضرت سارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا امتحان لینا چاہا، مگر خدا پاک نے ظالم کے مکر کو چلنے نہ دیا، الٹا اسے سزا ملی پس اُس نے ایک خادمہ ہاجرہ نامی عطا کی، پھر حضرت سارہ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو دیدی جن سے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام پیدا ہوئے، وہ واقعہ بموجب صحاح خمسہ بخاری شریف، مسلم، ترمذی، ابو داؤد، ابن ماجہ بیان کیا فدعا الذی جاء ھا فقال لہ انک انما جئتنی بشیطان ولم تأتنی بانسان فاخرجہا من ارضی واعطاھا ہاجر فاقبلت تمشی فلما رآھا ابراھیم علیہ السلام قال لہا مھیم قالت خیرا کف اللہ ید الجبار واخدم خادما الحدیث اخرجہ الخمسۃ الا النسائی تیسیر الوصول ص ۲۷۶
عمرو نے کہا کہ ہاجرہ بادشاہ مصر کی بیٹی تھی، خادمہ نہ تھی، عمرو کے بھائی بھتیجہ وخالد نے کہا کہ زید نے انبیاء علیہم السلام کو خصوصاً حضرت اسمٰعیل اور سرور کائنات کو گالی دی اور توہین کی، زید آریہ شدھی ہے، کافر ہے۔

پس دریافت طلب یہ ہے کہ کیا زید پر کفر لازم آتا ہے، یا نہیں۔ بموجب حدیث ولا یرمی رجل رجلاً بالفسوق و لا یرمیہ بالکفر الا ارتدت علیہ ان لم یکن صاحبہ کس پر توبہ لازم ہے، اور عمرو وبکر محض نفسانیت کی وجہ سے علیحدہ مسجد جمعہ بنائیں، تو اسمیں نماز درست ہے یا نہیں اور اس مسجد پر مسجد ضرار کا حکم مرتب ہوگا یا نہیں۔

الجواب - زید نے ہرگز انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی توہین نہیں کی، خواہ مخواہ زبردستی اُس کے سر توہین کا الزام رکھکر اُسے کافر کہنا، اور اُس کے پیچھے نماز ناجائز سمجھنا شدید ظلم ہے، زید نے تو ایک حدیث صحیح بیان کی، خود حدیث کے الفاظ یہ ہیں فاخدمہا ھاجر رواہ البخاری عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ مجمع البحار میں اس کے معنی یہ لکھے ای جعلہا خادماً - کرمانی نے شرح صحیح بخاری میں لکھا ای وھب لہا خادماً اسمہا ھاجرۃ وھی ام اسمٰعیل علیہ السلام یعنی حضرت سارہ کو اُس بادشاہ نے ایک خادمہ دی جن کا نام ہاجرہ ہے، اور وہ اسمٰعیل علیہ السلام کی ماں ہیں، زید کا بیان بالکل اسی عبارت کرمانی کے موافق ہے، اور اگر فرض کیا جائے کہ حضرت ہاجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بادشاہ مصر کی بیٹی تھیں، تو یہ زید کے بیان کے منافی کب ہے اس لئے کہ اُس نے خدمت ہی کے لئے دی تھی، خادم کر کے عطا کی تھی کہ حدیث میں لفظ اخدمہا اس معنیٰ پر صراحتہ دلالت کرتا ہے۔ پھر زید نے کیا توہین کی عمرو وغیرہ معترضین پر لازم، کہ توبہ کریں اور زید سے معافی مانگیں اور جماعت وجمعہ میں بلا وجہ شرعی تفریق نہ کریں، اور فساد ذات البین ونفسانیت کو دور کریں، کہ فساد ذات البین دین کو تباہ کرنے والا ہے مسلمانوں پر لازم ہے کہ رشتۂ اخوت کو مضبوط کریں۔ اور آپس کی نزاع سے دشمنانِ دین کو قوت پہنچانے کے سبب نہ بنیں۔ واللہ الموفق وہو اعلم

مسئلہ (۱۷۲) مسئولہ سید شرف الدین متعلم مدرسہ اہلسنت بریلی شریف ۱۲ رجمادی الاولیٰ ۱۳۴۲ھ

(۱) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ زید کی بی بی یا ماں یا ہمشیرہ یا لڑکی وغیرہ عام طور پر باہر نکلتی ہیں، یا دروازے سے ہاتھ نکال کر غیر محرم سے خرید و فروخت کرتی ہیں، تو کیا ایسی صورت میں زید قابل امامت ہے ؟

(۲) بکر شرع کے خلاف ڈاڑھی رکھتا ہے، اُس کے پیچھے نماز ہوگی یا نہیں ؟

الجواب (۱) - جن کے یہاں کی یہ عورتیں اگر پردے کے ساتھ نکلتی ہیں، یعنی موٹی چادر یا برقع اوڑھکر کہ تمام بدن چھپا ہو، یا صرف منھ اور ہاتھ کھُلے ہیں، باقی تمام بدن چھپا ہے، اُن پر کچھ الزام نہیں، اور اگر کلائی یا بال وغیرہ وہ اعضا جن کا چھپانا فرض ہے، کھولے ہوئے غیر محرم کے سامنے ہوتی ہیں، اور مرد اُسے روکتا ہے اور ممانعت میں پوری کوشش کرتا ہے جب بھی اس پر الزام نہیں کہ اس کے ذمہ جو تھا ادا کرچکا، لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰی۔ اور اگر منع نہیں کرتا، یا معمولی طور پر کہدیتا ہے پوری کوشش سے روک تھام نہیں کرتا۔ تو گنہ گار ہے اور اسکی وجہ سے فاسق ہے اسکو امام بنانا مکروہ تحریمی

(۲) اگر ڈاڑھی ایک مشت سے کم کرانے کا عادی ہے تو فاسق مُعلن ہے اُس کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی، واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱) (۱۷۳) مرسلہ عبدالحکیم صاحب محلہ مصری بازار شہر کانپور ۳۰ ررجب ۱۳۴۲ھ۔

زید سید ہے لیکن فقیہ نہیں۔ اگر ایسی صورت میں زید فقیہ اور نجیب الطرفین و دیگر اقوام مسلم مصلی ہوں تو حق امامت شرعاً کس کو ہے۔

(۲) حق تعیین امام اندر وقف نامہ زید کو حاصل نہیں۔ علاوہ ازیں صرف شخص واحد زید کو بلا رضامندی جمہور مصلّیان شرعاً حق تعیین امام کو حاصل ہے یا نہیں۔

(۳) نماز تراویح کے لئے کسی ایسے حافظ کا متعین کرنا جو نذرانہ واجرت لے کیسا ہے، جبکہ خود نمازیوں میں ایسے حافظ موجود ہیں جو بلا کسی نذرانہ واجرت کے نماز تراویح کے لئے تیار ہیں۔ نیز تراویح پڑھانے کا حق کس کو پہنچتا ہے۔

(۴) متولی مسجد کو مال موقوفہ سے حافظوں کو نذرانہ واجرت دیکر تراویح پڑھوانا کیسا ہے۔

الجواب (۱) - امامت کا زیادہ حقدار وہ ہے جو مسائل نماز وطہارت کا سب سے زیادہ علم رکھتا ہو، بشرطیکہ فواحش و معاصی سے بچتا ہو اگرچہ کسی قوم کا ہو، درمختار میں ہے والاحق بالامامۃ تقدیما بل نصبا الاعلم باحکام الصلوٰۃ فقط صحۃ وفسادا بشرط اجتنابہ للفواحش الظاہرۃ اگر عالم کو امام نہیں بناتے تو بُرا کرتے ہیں، اُسی میں ہے،

واللہ تعالیٰ اعلم

ولو تقدموا غیر الاولیٰ اساؤا بلا اثم ہاں اگر احیانا عالم آگیا تو حقدار امام راتب ہے، اگرچہ عالم نہیں جبکہ صالح امامت ہو۔ تنویر الابصار میں ہے وصاحب البیت اولیٰ بالامامۃ من غیرہ ۔ درمختار میں ہے ومثلہ امام المسجد الراتب۔ واللہ تعالیٰ اعلم

(۲) تعیین امام ومؤذن کا حق بانی مسجد یا اسکی اولاد کو ہے، مگر جبکہ اہل محلہ نے ایسے کو منتخب کیا، جو بانی مسجد کے منتخب سے بہتر ہے، تو اہل محلہ نے جسے پسند کیا وہ امام بنایا جائے اور اگر دونوں برابر ہیں تو بانی مسجد کا پسند کیا ہوا بہتر ہے۔ غنیہ میں فتاویٰ بزازیہ وخلاصہ سے ہے ان تنازع البانی فی نصب الامام والمؤذن مع اھل المحلۃ فان کان من اختیارہ اھل المحلۃ اولیٰ من الذی اختارہ البانی فاختیارا ھل المحلۃ اولیٰ لان ضررہ ونفعہ عائد الیھم وان کان سواءً فاختیار البانی اولیٰ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

(۳) اجرت پر تراویح میں ختم پڑھوانا جائز نہیں، اور جب ایک شخص بلا اجرت پڑھنے کو تیار ہے تو باجرت بدرجہ اولیٰ ناجائز ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

(۴) اجرت ناجائز، اور نذرانہ میں حرج نہیں، جبکہ المعروف کالمشروط کی حد کو نہ پہنچے، اور اگر پیشتر صراحۃً کہہ دیا تھا کہ کچھ نہ دینگے پھر بعد میں نذر دی تو اب حرج نہیں، کہ الصریح یفوق الدلالۃ مگر مال وقف سے اُسوقت دیا جاسکتا ہے جبکہ واقف نے یہ مصرف بھی وقف میں ذکر کیا ہو۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۳۰۷) مسئولہ شفیق احمد صاحب از محلہ ملوکپور بریلی ۲۷ رصفر ۳۳ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں کہ یہاں معشوق اللہ صاحب کی مسجد میں ایک مولانا جو مزار شریف کے متولی بھی ہیں امامت کرتے ہیں، اُن کی یہ حالت ہے، کہ گنڈہ تعویذ کثرت سے کرتے ہیں، اور جو عورتیں گنڈہ تعویذ کرانے کو آتی ہیں، ان سے مذاق کرتے ہیں، اور ہندؤں کے منتر جس میں رامچندر، لچھمن، سیتا، گرونانک اور لونا چاری کے نام آتے ہیں، پڑھتے ہیں اور ناٹک وسوانگ بھی دیکھتے ہیں، اور ڈاڑھی مطابق شرع شریف کے نہیں رکھتے۔ جو شخص ان سے ڈاڑھی شرع کے مطابق رکھنے کو کہتا ہے تو وہ اسکو یہ جواب دیتے ہیں کہ ڈاڑھی ہی کے بڑھانے میں بزرگی ہے تو سکھوں کی ڈاڑھی لمبی ہوتی ہے اُن کو بھی بزرگ ماننا چاہئے اور یہ صاحب یہ بھی کہتے ہیں کہ مسجد اور مسجد کے متعلق جتنی چیزیں ہیں وہ میری ملکیت ہیں، باوجود اسکے کہ یہ صاحب ان ہی حرکات سے ایک دفعہ تائب ہو چکے ہیں، پھر وہی حرکات کرتے ہیں۔ اور یہ تمام مذکورہ باتیں اہل محلہ ثابت کرنے کو تیار ہیں۔

پس ایسی صورت میں اول ایسے افعال کے مرتکب پر کیا حکم شرعی ہے۔ دوم ایسا شخص امامت کے قابل ہے یا نہیں سوم مسجد اور مالِ مسجد کس شخص مثلاً امام وغیرہ کی ملکیت ہوسکتی ہے یا نہیں، اور جو شخص مسجد اور مال مسجد کو مثل اپنی ملکیت کے تصرف میں لائے اس پر کیا حکم شرع شریف ہے۔ چہارم ایسے شخص کو مسجد میں رکھنا چاہیے یا نہیں۔ پنجم ایسے شخص کو حقہ و پانی پلانا، کھانا کھلانا، اس سے اتحاد و اتفاق و وداد رکھنا جائز ہے یا نہیں۔ ششم اور جو شخص اسکی اعانت کرے اور اس سے دوستی رکھے اسپر کیا حکم شرعی ہے۔ ان تمام سوالات کا جواب بحوالہ آیاتِ قرآنی اور احادیث سے تحریر فرمایا جائے۔

الجواب ۔ جن منتروں میں الفاظ کفر و شرک ہوں یا شیاطین سے استعانت پر مشتمل ہوں وہ کفر ہیں، شرح فقہ اکبر میں ہے لایجوز الاستعانۃ بالجن فقد ذم اللہ الکافرین علیٰ ذالک فقال وَاَنَّہٗ کَانَ رِجَالٌ مِّنَ الْاِنْسِ یَعُوْذُوْنَ بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ۔ ایسے ہی تعویذات کی نسبت حدیث میں ارشاد ہوا ان الرقی والتمائم والتولۃ شرکٌ۔ عورتوں سے مذاق کرنا حرام ہے۔ ناٹک دیکھنا بھی حرام ہے کہ اُس میں ناچ اور گانا بھی ہوتا ہے۔ اور یہ حرام ہے۔ مرد، عورتوں کی صورت بنتے ہیں اور حدیث میں اس پر لعنت فرمایا لعن اللہ المتشبہین بالنساء اور پوڈر وغیرہ لگاکر صورتوں کا مثلہ کرتے ہیں، اور یہ حرام۔ حدیث میں فرمایا ولا تمثلوا۔ کتب فقہ میں ہے المثلۃ حرامٌ۔ اور یہ تماشائی اُن کی اعانت کرتا ہے کہ اگر یہ لوگ دیکھنے کو نہ جائیں تو یہ تماشے کیوں ہوں۔ اللہ عزوجل فرماتا ہے وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَی الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ۔ یہ شخص تکثیرِ سواد کرتا ہے۔ اور حدیث میں فرمایا من کثّر سواد قوم فھو منھم۔ یہ شخص ایسے ناجائز کام میں مال ضائع کرتا ہوگا کہ عموماً پیسے روپے دیکر لوگ ناٹک دیکھتے ہیں۔ اللہ عزوجل فرماتا ہے اِنَّ الْمُبَذِّرِیْنَ کَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّیٰطِیْنِ۔ اور فرماتا ہے اِنَّ اللہَ لَا یُحِبُّ الْمُسْرِفِیْنَ۔ بالجملہ اس میں حُرمت کے چند وجوہ ہیں اور سوانگ تو ہندوؤں کی خالص مذہبی بات ہے جس میں وہ اپنے دیوتاؤں کی نقلیں بناتے ہیں، اور گاتے بجاتے ہیں اس میں شریک ہونا بھی حرام ہے۔ ڈاڑھی حدِ شرع سے کم کرنا حرام ہے۔ درمختار میں ہے قطع اللحیۃ مُثلہ فی حق الرجال۔ اور فہائش پر اس کا سکھوں کی مثال دینا سخت جرأت ہے، اور اس میں پہلوئے کفر ہے۔ مسجد اسکی یا کسی کی مِلک نہیں، قرآن مجید فرماتا ہے اِنَّ الْمَسٰجِدَ لِلہِ یہ شخص غاصب اور مفتری ہے۔ یونہی اسبابِ مسجد وقف ہیں، وہ اس کی ملک کیونکر ہوسکتے ہیں، الوقف لایملك، لہٰذا بربنائے وجوہ مذکورہ بالا اس پر توبہ[عہ] فرض ہے اور حالت موجودہ میں اس کو امام بنانا گناہ اور اسکے پیچھے نماز ناجائز۔ مسجد اور مال مسجد کسی کی مِلک نہیں ہوسکتے، جو شخص ان میں ناجائز تصرف کرے قابلِ سزا ہے۔

عہ توبہ ایک اجمالی حکم ہے، اسکی تفصیل یہ ہے کہ یہ شخص جب ایسے منتر پڑھتا ہے جن میں دیوتاؤں سے استعانت ہے تو کافر ہے۔ اس تقدیر پر (تتمہ) پر

ایسے شخص کو مسجد سے فوراً علیحدہ کر دیا جائے کہ جب یہ اپنی ملک سمجھتا ہے تو اسباب مسجد کو ضائع کر دے گا۔ اس سے میل جول ناجائز اور جو جان کر اس کی اعانت کرے، وہ بھی گنہ گار ہے کہ اعانت علی الاثم ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۷۵) کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص نماز میں آہ۔ کرتا ہے، یا کبھی روتا ہے، کبھی ہنستا ہے اور کبھی اُس کا ایک پیر اور کبھی دونوں پیر اُٹھ جاتا ہے، اگر اس شخص سے دریافت کرتے ہیں کہ تم کیوں ایسا کرتے ہو تو وہ شخص جواب دیتا ہے مجھے بے اختیاری سے ہوتا ہے، ایسے شخص کے پیچھے نماز جائز ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا

الجواب۔ ہنسی اگر آواز سے ہے تو مفسدِ نماز ہے، پھر قہقہہ کی حد کو ہو تو ناقضِ وضو بھی، اور اگر آواز پیدا نہ ہو صرف تبسم ہو تو نہ مبطل نماز نہ ناقض وضو، اور پہلی صورت میں اُسکی خود بھی نماز نہ ہوگی، امامت کیا کر سکے۔ اور آہ اُوہ کرنا یا آواز سے رونا نماز کو فاسد کرتا ہے مگر جبکہ اضطرار ہو تو مفسد نہیں۔ درمختار میں ہے والانین والتاوہ والتافیف والبکاء بصوت لوجع اومصیبۃ الا لمریض لایملك نفسہ عن انین وتاوہ لانہ حینئذٍ کعطاس وسعال وجشاء وتثاوب وان حصل حروف للضرورۃ۔ طحطاوی، علی المراقی میں ہے ومحل الفساد بہ عند حصول الحروف اذا امکنہ الامتناع عنہ اما اذا لم یمکنہ الامتناع عنہ فلا تفسد بہ عند الکل کما فی الظہیریۃ کالمریض اذا لم یمکنہ منع نفسہ عن الانین والتاوہ لانہ حینئذٍ کالعطاس والجشاء اذا حصل بہما حروف۔ اور جب بلا اختیار ہے تو امامت بھی کر سکتا ہے اور پاؤں کا اُٹھانا مکروہ ہے جب اختیار سے نہیں، مجبوری ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۷۶) مسئولہ حافظ محمد اسمٰعیل صاحب از صدر بازار بریلی ۲۷ رجادی الاولیٰ ۱۳۴۳ھ۔

(۱) کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس بارے میں کہ ایک مسجد میں ہر فرقہ کے لوگ نماز پڑھتے ہیں، اور بحیثیت قومیت اعلیٰ۔ ادنیٰ مختلف ہیں۔ ایسی صورت میں کون امامت کے لائق ہے۔

(۲) قوم قصاب، بقر قصاب، بھٹیارہ امامت کر سکتا ہے یا نہیں اُن کے پیچھے نماز جائز ہے یا نہیں۔

الجواب (۱)۔ بیان سائل سے معلوم ہوا کہ وہ سب نمازی سنّی ہیں اور مختلف قوم کے ہیں، لہٰذا ان میں امام وہ بنایا جائے جو نماز و طہارت کے مسائل سب سے زیادہ جانتا اور قرآن مجید صحیح پڑھتا ہو، اور فاسق مُعلن نہ ہو اگرچہ یہ کسی قوم کا ہو، اور اگر

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۲۷) اسکی توبہ یہ ہے کہ اس سے برأت ظاہر کرے تجدید ایمان کرے اگر بیوی والا ہو تو تجدید نکاح بھی کرے، جب مکمل توبہ ہوگی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ امجدی

چند شخص ایسے ہوں تو انہیں جو زیادہ اچھا پڑھتا ہو، پھر وہ جو زیادہ ورع والا ہو، یعنی حرام تو حرام، شبہات سے بھی بچتا ہو، پھر زیادہ عمر والا، پھر وہ جس کے اخلاق زیادہ اچھے ہوں، پھر زیادہ وجیہ، پھر وہ جو شرف نسب ہونے میں بہتر ہو۔ تنویر الابصار میں ہے والاحق بالامامۃ الاعلم باحکام الصلوٰۃ ثم الاحسن تلاوۃ ثم الاورع ثم الاسن ثم الاحسن خلقاً ثم الاحسن وجہاً ثم الاشرف نسباً ——— واللہ تعالیٰ اعلم

(۲) اگر ان میں شرائطِ امامت پائے جائیں تو کر سکتے ہیں، بلکہ اگر تمام حاضرین میں انھیں کو زیادہ علم ہے تو انھیں کو امام معین کیا جائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۷۷) از کلکتہ معرفت عبد العزیز خانصاحب زکریا اسٹریٹ ۱۲ مرسلہ شاہ محمد صاحب ۳ محرم الحرام ۱۳۳۷ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ چند شخص مسلمان ہیں کہ ہندؤں کی طرف سے مسلمانوں پر دربارہ مذہب اسلام رخنہ اندازی کرتے ہیں حتیٰ کہ امام معین کے ہوتے ہوئے عید الاضحیٰ کی نماز غیر امام کو لیکر جماعت سے علیحدہ پڑھی جو کہ کبھی اس طرف نہ آیا تھا اور اس کے عقیدے سے بھی کوئی واقف نہیں نہ اس امام کی زبان سے کوئی واقف اگرچہ وہ عربی کیوں نہ ہوں اور چند روپیہ کا معاہدہ بھی ہوا نماز پڑھا دینے کے لئے اور پنجوقتی نماز امام معین کے پیچھے برابر پڑھتے ہیں اب تک لیکن چنانچہ تو نماز عید الاضحیٰ کی شرعاً جائز ہوگی یا نہیں۔ اب امام نے جو مسئلہ بتلایا کہ تم لوگوں نے ایسا کیوں کیا تو ہر نوع کا یعنی بُرے بُرے الزام امام معین پر قائم کر جاتے ہیں حالانکہ امام معین کے ساتھ جماعت کثیرہ موجود ہے۔

الجواب۔ ہندؤں سے میل جول اور وہ بھی اس قسم کا کہ اسلام میں رخنہ ڈالا جائے، یہ مسلمان کا کام نہیں قال اللہ تعالیٰ "وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ" تم میں کا جو کوئی اُن کی موالات کرے وہ انھیں میں سے ہے۔" بلا وجہ شرعی جماعت میں تفریق اور اجتماع مسلمین میں جو شان و شوکت تھی اُسے کم کرنا یہ بھی ناجائز، نماز عیدین کے وہی شرائط ہیں جو جمعہ کے ہیں، ان میں ایک شرط یہ ہے کہ امام بادشاہِ اسلام ہو یا قاضی یا ان کا نائب، اور اگر یہ نہ ہو جیسا کہ یہاں بلادِ ہندوستان میں تو عام لوگوں نے جسے امام مقرر کر لیا ہو وہ نماز پڑھائے اور عام لوگوں کا مقرر کرنا اُس وقت جائز ہے جب ضرورت ہو، اور اگر ضرورت نہ ہو تو امام مقرر کرنے کا حق نہیں۔ درمختار میں ہے نصب العامۃ الخطیب غیر معتبر مع وجود من ذکر اما مع عدمھم فیجوز للضرورۃ۔ اور ظاہر ہے کہ صورت مستفسرہ میں کوئی ضرورت نصب امام کی نہ تھی تو یہ دوسری جماعت کہ بلا وجہ شرعی ہوئی ناجائز ہے امام معین یا کسی پر بہتان باندھنا حرام ہے ——— واللہ تعالیٰ اعلم وعلمہ جل مجدہ اتم واحکم

مسئلہ (۱۷۸) از ناندیر مرسلہ موسیٰ عبداللہ صاحب ۲۸ ر ذیقعدہ ۱۳۴۴ھ۔

ٹوپی پہن کر امامت کرنی جائز ہے یا کیا اور فضیلت کس میں ہے ؟

الجواب ۔ عمامہ باندھکر نماز پڑھنا افضل ہے حدیث میں اسکی بہت فضیلت آئی ہے اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عمامہ کے ساتھ نماز پڑھتے تھے اور ٹوپی پہنکر بھی جائز ہے اس میں بھی کراہت نہیں اور ننگے سر نماز مکروہ ہے جب کہ بطور سستی و کسل ہو اور اگر بہ نیت عاجزی و تذلل برہنہ سر نماز پڑھی تو مستحب ہے اور اگر بہ نیت اہانت ہو تو کفر ہے، درمختار میں ہے کرہ صلٰوتہ حاسرا راسہ للتکاسل ولاباس بہ للتذلل واما للاھانۃ بھا فکفر۔ فتاویٰ عالمگیری میں ہے وتکرہ الصلوٰۃ حاسرا راسہ اذا کان یجد العمامۃ وقد فعل ذالک تکاسلا او تہاونا بالصلوٰۃ ولاباس بہ اذا فعلہ تذللا وخشوعا بل ھو حسن، کذا فی الذخیرۃ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۷۹) از کاٹھیاوار کتیانہ غوث الوریٰ ہوٹل مرسلہ محمد بنیاد حسین صاحب شاکر ۲۹ ر رجب ۱۳۴۴ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین ایسے مقررہ مستقل تنخواہ دار امام کے متعلق جو حسب ذیل افعال کا دیدہ ودانستہ مرتکب ہوتا ہے۔

(۱) اپنے فرض منصبی کے کما حقہ ادائیگی میں غفلت برتتا ہو مصلیوں کی خوشنودی اور ناراضگی کی پرواہ نہ کرتا ہو۔ اکثر مصلی اس کی نامشروع حرکات کی وجہ سے اس کے پیچھے نماز نہ پڑھتے ہوں۔

(۲) انگریزی تعلیم کی وجہ سے مسائل دینیہ کو اپنے سوءظن کی وجہ سے خلاف شرع سمجھتا ہو مثلاً فوٹو کھچانا بریں خیال فاسد فوٹو کھچاتا ہو اور دوسروں کو ترغیب دیتا ہو اور فوٹو سے مکان آراستہ کرتا ہو۔

(۳) سنتِ رسول کے بجائے سنتِ انگلینڈ کا پیرو ہو، یعنی سر میں انگلش فیشن بال رکھتا ہو، سوٹ کوٹ وغیرہ یعنی انگلش لباس پہنتا ہو، کرکٹ فٹ بال کھلاتا اور کھیلتا ہو، اور اس کا معاوضہ یعنی اس کا الاونس لیتا ہو، شیروانی وصافہ کے باوجود صرف قمیص اور ترکی ٹوپی سے نماز جماعت پڑھا دیتا ہو۔

(۴) سونے چاندی کے بٹن استعمال کرتا ہو۔

(۵) دونوں کان چھیدے ہوئے ہوں، اور اس میں زیور کی قسم سے چاندی کی کیل پہنتا ہو۔

(۶) وَلَا الضَّآلِّیْنَ کو وَلَا الظَّآلِّیْنَ پڑھتا ہو یعنی ضاد کو مشتبہ الصوت بالظاء یا بالذال پڑھتا ہو۔ یہ افعال جائز

رہیں یا ناجائز۔ کیا اس کے پیچھے مقتدیوں کی نماز بلا کسی نقصان و اکراہ کے ہوجاتی ہے۔ بینوا توجروا

الجواب ۔ امام مذکور کا معزول کر دینا واجب، اس کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی، کہ پڑھنی گناہ، اور پڑھی تو اعادہ واجب۔ تصویر کھینچنا حرام، اور اس کو بروجہ اعزاز رکھنا بھی حرام، اور لوگوں کو ترغیب دینا بھی حرام تر، احادیث اس باب میں بہت ہیں۔ صحیح حدیث میں ارشاد ہوا لایدخل الملئکۃ بیتاً فیہ صورۃ۔ نصاریٰ و فساق کی وضع اختیار کرنا ناجائز۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہود و نصاریٰ کی مخالفت کا حکم دیا، اور اُن کی مشابہت سے منع فرمایا۔ کان میں زیور پہننا یا اُسمیں کیل ڈالنا مردوں کو لئے حرام۔ ضاد کو ظا پڑھنا ما انزل اللہ تعالیٰ کے خلاف پڑھنا ہے، اور قصداً ایسا کرنا حرام اور بہت جگہ نماز بھی فاسد، بلکہ اندیشۂ کفر۔ اس کی کامل تحقیق اعلیٰحضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فتاوئی میں ہے۔ ان تمام امور میں صرف چاندی سونے کے بٹن جبکہ بغیر زنجیر ہوں جائز ہیں۔ اور زنجیر حرام۔ درمختار میں ہے عن السیر الکبیر لاباس بازرار الدیباج و الذھب۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۸۰) از بیکانیر ورکشاپ لال گڈھ مرسلہ خلیل احمد صاحب ۲۹ ر ذیقعدہ ۱۳۷۳ھ۔

ذیل کے بارے میں اہل شریعت کا کیا حکم ہے کہ ورکشاپ کے قریب میں ایک مسجد ہے جسمیں ملازمین نماز جمعہ کے لئے حاضر ہوتے ہیں، جہاں کے پیش امام حروف کی ادائگی نہیں کر پاتے تو کچھ لوگوں کے اعتراض پر امام مسجد نے ایک ملازم کو جس کی تجوید صحیح تھی اپنی جگہ متعین کر دیا تو کچھ ملازمین نے یہ اعتراض کیا کہ ملازمین کے پیچھے جمعہ پڑھنا جائز نہیں ہے۔

عرض ہے کہ جو امام مقرر ہے اس میں اتنی قابلیت نہ ہو یعنی پورے مسائل سے واقف نہ ہو اور بعض ملازمین ان سے زیادہ واقفیت رکھتے ہوں اور امام اجازت دے تو وہ نماز جمعہ پڑھا سکتا ہے یا نہیں۔

الجواب ۔ جب امام صحیح نہیں پڑھتا تو اُسے امام بنانا جائز نہیں، ضروری ہے کہ کسی دوسرے کو امام مقرر کیا جائے۔ جو امامت کی اہلیت رکھتا ہو، ورکشاپ کی ملازمت کوئی ایسی چیز نہیں کہ اسکی امامت جائز نہ ہو، اُن کا یہ اعتراض کہ ملازمین کے پیچھے نماز جائز نہیں، غلط ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۸۱) از گورمٹی ورکس شاپ ڈاک خانہ زنگس ضلع ہوگلی مرسلہ تجمل حسین صاحب ۲۹ ر ذیقعدہ ۱۳۷۳ھ

کیا حکم ہے مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ ایسے شخص کے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں جو کہ جوان ہو لیکن اسکی داڑھی مونچھ نہ نکلی ہو جس کی وجہ سے لوگ اُسے بالغ نہ سمجھتے ہوں حالانکہ وہ بالغ ہے۔

الجواب ۔ اَمْرَد کے پیچھے جبکہ وہ خوبصورت بھی ہو، نماز مکروہ ہے، درمختار میں ہے کذا تکرہ خلف امرد بحر الحتار میں ہے الظاہر انہا تنزیہیۃ ایضا والظاہر ایضا کما قال الرحمتی ان المراد بہ الصبیح الوجہ لانہ محل الفتنۃ مگر جبکہ مقتدی اس کے بالغ ہونے میں شک کرتا ہو اور اسکی صورت اور جثہ سے مقتدی کو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بالغ نہیں، پھر اقتدا کرتا ہے یعنی اُسے ناقابلِ امامت جان کر اُس کے پیچھے پڑھتا ہے تو اُس کی نماز ہوگی ہی نہیں، کہ جس کے پیچھے اُس نے نماز پڑھی اُس کے زعم میں اسکی اقتدا نہیں ہوسکتی جیسے مقتدی نے اپنے دانست میں قبلہ کی جہت کے خلاف منہ کیا یا قبل از وقت شروع کردی اور واقع میں قبلہ ہی کی طرف منہ تھا اور وقت ہوچکا تھا تو نماز نہیں ہوگی۔　　واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱) (۱۸۲) از جگدل ضلع چوبیس پرگنہ مرسلہ حافظ فتح محمد صاحب، ۷ محرم الحرام ۱۳۴۶ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ کوئی شخص دنیاوی معاملات میں خصوصاً روپے کے لین دین میں لوگوں کو مغالطہ دیکر ایک ہفتہ کے لئے روپیہ لیتا ہو اور وعدہ خلافی کرکے ایک یا دو ماہ کے بعد بمشکل روپیہ دیتا ہو اور امانت میں خیانت کرتا ہو، ظالموں اور بدمذہبوں کی امداد کرتا ہو اور انکی صلاح ومشورہ میں رہتا ہو اور مسلمانوں کو دھوکہ میں ڈال کر ذلیل کرتا ہو اور اکثر ظالموں کی صحبت میں رہ کر گلی کوچہ اور بازار وچائے خانہ وغیرہ کی سیر کرتا ہو خصوصاً چائے خانہ میں بیٹھکر ہر دروغ باتوں پر قسمیں کھاکھا کر لوگوں کو تصدیق کراتا ہو اور جاہل وظالم کی خوشامد کرتا ہو اور قرآن شریف غلط پڑھتا ہو، ذ، ظ، ض، ص، س، ث، ط، ت، ح، ہ، اخفار اظہار وغیرہ کا لحاظ نہ رکھتا ہو، اور نہ صحیح کرنیکی کوشش کرتا ہو اور دنیا کے کاموں میں نہایت چست وچالاک ہو، ایسے لوگوں کے بارے میں کیا حکم ہے اور ان کے پیچھے نماز ہوسکتی ہے یا نہیں۔

(۲) زید بے تنخواہ نماز پڑھادیا کرتا ہے لوگ عیالدار سمجھکر چرم قربانی وفطرہ عید سے دو، ایک زر دیدیا کرتے ہیں، اب چند دنوں سے غیر مقلدوں نے لوگوں کو ورغلانا شروع کیا کہ فطرہ عید وچرم قربانی کھانیوالوں کے پیچھے نماز نہیں ہوتی ہے، صحیح حکم کیا ہے۔

الجواب (۱) ۔ وعدہ خلافی کرنا گناہ ہے حدیث میں اسے علامات منافق سے فرمایا، ارشاد ہوا اٰیۃ المنافق ثلث اذا حدث کذب واذا وعد خلف واذا اؤتمن خان (رواہ البخاری ومسلم عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ) اسی طرح امانت میں خیانت کرنا بھی حرام و [illegible] کبیرہ، آیات قرآنیہ اس کی حرمت پر ناطق، احادیث کثیرہ اس باب میں وارد، ایک حدیث اوپر مذکور ہوئی، دوسری حدیث صحیح بخاری وصحیح مسلم میں عبداللہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی قال

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اربع من کن فیہ کان منافقا خالصا ومن کانت فیہ خصلۃ منھن کانت فیہ خصلۃ من النفاق حتیٰ یدعھا اذا ائتمن خان واذا حدث کذب واذا عاھد غدر واذا خاصم فجر۔ ظالموں اور بدمذہبوں سے میل جول رکھنا اور اُن کی مدد کرنا اور اُن کے پاس اٹھنا بیٹھنا بھی حرام قال اللہ تعالیٰ لَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّکْرٰی مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ وقال تعالیٰ وَلَا تَرْکَنُوْا اِلَی الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّکُمُ النَّارُ وقال تعالیٰ تَعَاوَنُوْا عَلَی الْبِرِّ وَالتَّقْوٰی وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَی الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ یونہی مسلمانوں کو دھوکا دینا اور ذلیل کرنا بھی ناجائز، حدیث میں ہے من غشنا فلیس منا اور جھوٹ بولنا کسے نہیں معلوم کہ سخت گناہ کبیرہ ہے یہاں تک کہ قرآن مجید میں اس پر لعنت وارد ہوئی اور جھوٹی قسم قصداً کھانا اس سے سخت حکم رکھتا ہے قال اللہ تعالیٰ لَا تَجْعَلُوا اللّٰہَ عُرْضَۃً لِّاَیْمَانِکُمْ۔ حدیث میں فرمایا الکبائر الاشراک باللہ وعقوق الوالدین وقتل النفس والیمین الغموس رواہ البخاری عن عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔

غرض شخص مذکور متعدد وجوہ سے فاسق و فاجر ہے اسکو امام بنانا گناہ اور اسکے پیچھے نماز مکروہ تحریمی، حاشیہ علائی میں ہے فی تقدیمہ تعظیمہ وقد وجب اھانتہ شرعاً اور جبکہ قرآن مجید غلط پڑھتا ہو اور تصحیح حروف کی کوشش بھی نہیں کرتا تو خود اُسکی نماز بھی نہیں ہوگی اُس کے پیچھے دوسروں کی کہاں ہو۔ ردالمحتار میں ہے فیما دام فی التصحیح والتعلم ولم یقدر علیہ فصلاتہ جائزۃ وان ترک جھدہ فصلاتہ فاسدۃ کذا فی المحیط وغیرہ۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

(۲) اگر زید مالک نصاب نہیں تو صدقہ فطر اُس کو دینا اور اُس کا لینا جائز ورنہ ناجائز اور چرم قربانی دینے لینے میں اصلاً قباحت نہیں جس صورت میں اُسے فطرہ لینا جائز ہے اُس پر کچھ الزام نہیں اور یہ کہنا کہ اس صورت میں اسکے پیچھے نماز جائز نہیں بالکل غلط ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۸۳) از کراچی گارڈن روڈ مرسلہ محمد دین صاحب معلم عربی کیمپ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مسائل ذیل میں :۔

(۱) ڈاڑھی کترواںے والے کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا ہے جبکہ حد شرع سے چھوٹی ہو (۲) جو امام بوقت سجدہ اپنے دونوں پاؤں اٹھالیتا ہو (۳) جو امام چار پانچ مرتبہ کھجلاتا ہو اور شملہ کے ساتھ کھیلتا ہو اور واسکٹ کے بٹن کھولتا ہو (۴) جو امام فرقہ نجدیہ کے ساتھ بیٹھتا ہو اور اس کی ناپاک حرکت پر خاموش رہتا ہو (۵) جو امام یا مؤذن سود خواروں کے گھروں

کی روٹی کھاتا ہو اور اُن کی خوشامد کرتا ہو اور اگر مسجد میں آئے تو انکی تعظیم کے لئے کھڑا ہو جاتا ہو (۶) جو امام بغیر کسی عذر کے مسجد میں نماز جنازہ پڑھاتا ہو اور منع کرنے پر یہ جواب دیتا ہو کہ مکہ مکرمہ کی مسجد میں پڑھایا جاتا ہے (۷) جو امام کہ اس کو خونی بواسیر ہو گیا ایسے امام کے پیچھے نماز پڑھ سکتے ہیں، قرآن وحدیث وفقہ سے اس کا جواب دیا جائے۔

الجواب ۔ سوال میں بعض وہ باتیں ہیں کہ اگر وہ نماز میں پائی جائیں تو نماز فاسد ہو جائے تو جب امام کی نماز جاتی رہی تو مقتدیوں کی کیوں کر صحیح ہو سکتی ہے کہ مقتدیوں کی نماز کا صحیح ہونا امام کی نماز پر موقوف ہے مثلاً سجدہ کے وقت دونوں پاؤں کا زمین سے اُٹھا رہنا کہ اس صورت میں سجدہ نہ ہوا جب سجدہ نہ ہوا تو نماز نہ ہوگی سجدہ میں پاؤں کی ایک انگلی لگنا فرض ہے۔ درمختار میں باب صفۃ الصلوٰۃ میں ہے ومنها السجود بجبهته وقدميه ووضع اصبع واحدة منهما شرط۔ ردالمحتار میں ہے افاد انه ان لم يضع شيئاً من القدمين لم يصح السجود۔ بحر الرائق میں ہے حقيقة السجود وضع بعض الوجه على الارض مما لا سخرية فيه فدخل الانف وخرج الخد والذقن واما اذا رفع قدميه فى السجود فانه مع رفع قدميه بالتلاعب اشبه منه بالتعظيم والاجلال۔ فتاویٰ عالمگیری میں ہے ولو سجد ولم يضع قدميه على الارض لا يجوز ولو وضع احدهما جاز مع الكراهة ان كان بغير عذر كذا فى شرح المنية لابن امير الحاج ووضع القدم بوضع اصابعه وان وضع اصبعاً واحدة۔ یونہی اگر ایک رکن کے اندر تین بار کھجلاتا ہے یا بٹن کھولتا ہے تو عمل کثیر ہے اور عمل کثیر سے نماز فاسد ہو جاتی ہے، تمام کتابوں میں عمل کثیر کو مفسد نماز لکھا ہے اور شملہ کے ساتھ اگر فعل عبث کرتا ہے ایک دم دفعہ ہے تو مکروہ تحریمی ورنہ وہی عمل کثیر اور مفسد نماز۔ درمختار میں ہے وكره عبثه به اى بثوبه وبجسده للنهى۔ ردالمحتار میں ہے وهى كراهة تحريم كما فى البحر۔ اور ایسی نماز جو مکروہ ہو اس کا اعادہ واجب۔ درمختار میں ہے كل صلاة اديت مع كراهة التحريم تجب اعادتها۔ اور اگر وہابیوں سے صرف میل جول وہ امام رکھتا ہے مگر خود اُسمیں وہ عقائد نہیں تو گنہ گار ہے۔ قال اللہ تعالیٰ وَإِمَّا يُنسِيَنَّكَ الشَّيْطٰنُ فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰى مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ اور اسمیں وہابیہ کے عقائد بھی ہیں تو وہابی ہے اس کو امام بنانا بالکل نارو۱ یونہی اسکی ڈاڑھی حد شرع سے کم کرنا جب اس کی عادت ہو تو فاسق مُعلن، اور فاسق مُعلن کو امام بنانا گناہ اور اس کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی۔ حاشیہ علائی میں ہے فى تقديمه تعظيمه وقد وجب عليهم اهانته شرعاً۔ فاسق کے پیچھے نماز پڑھنے کے یہ معنیٰ ہیں کہ فرض ادا ہو جاتا ہے نہ یہ کہ اُس کو خواہ مخواہ امام بنایا جائے اسکے پیچھے نماز ضرور مکروہ ہوگی۔ غرض یہ امام ضرور امامت سے

معزول کیا جائے اور اُس کی جگہ کسی صالح سنی مسلمان کو جو ارکان و واجبات کی مُراعات کرتا ہو مقرر کیا جائے۔ اور اگر بواسیر کی وجہ سے معذور ہو گیا کہ ہر وقت رطوبت یا خون بہتا رہا کہ نماز کے ایک وقتِ کامل کو گھیر لیا اور اب بھی کوئی پورا وقت نماز کا ایسا نہیں گذرتا کہ اُس میں ایک دفعہ بھی نہ بہے تو ایسا شخص ان لوگوں کی امامت نہیں کر سکتا جو اس مرض سے معذور نہیں، اور اگر یہ شخص معذور کی حد کو نہیں پہنچا تو امامت کر سکتا ہے جبکہ کوئی دوسری خرابی اُس میں نہ ہو۔ نمازِ جنازہ ہمارے نزدیک مسجد میں پڑھنا مطلقاً ممنوع ہے، صحیح بخاری شریف میں ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ میں مسجد نبوی کے سامنے ایک جگہ تھی جس میں نمازِ جنازہ پڑھی جاتی تھی اگر مسجد اس کام کے لئے ہوتی تو اُس کے پاس ایسی جگہ کیوں مہیا کی گئی۔ نیز دیگر احادیث میں وارد کہ جو شخص مسجد میں نمازِ جنازہ پڑھے اس کے لئے کچھ (ثواب) نہیں یا اس کی نماز نہیں۔ درمختار میں ہے وکرھت تحریماً وقیل تنزیھاً فی مسجد جماعۃ ھو ای المیت فیہ وحدہ او مع القوم واختلف فی الخارجۃ عن المسجد وحدہ او مع بعض قوم والمختار الکراھۃ مطلقاً خلاصۃ بناء علیٰ ان المسجد انما بنی للمکتوبۃ و توابعھا کنافلۃ وذکر وتدریس علم وھو الموافق لاطلاق حدیث ابی داؤد من صلی علیٰ میت فی المسجد فلا صلوٰۃ لہ ردالمحتار میں ہے ھذہ روایۃ ابن ابی شیبۃ وروایۃ احمد وابی داؤد فلا شیء لہ وابن ماجۃ فلیس لہ شیء وروی فلا اجر لہ وقال ابن عبد البر ھی خطأ فاحش والصحیح فلا شیء لہ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۸۴) مرسلہ شیخ محمد شفیع صاحب منصرم محکمہ مال ریاست اودے پور

(۱) کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اندریں باب کہ زید حافظِ قرآن ہے اور اکثر تراویح میں قرآن شریف ختم کرتا ہے لیکن یہ شخص روزہ نہیں رکھتا جب چند لوگوں نے ترکِ صوم کے متعلق دریافت کیا تو کہتا ہے مجھے خاص مرض لاحق ہے حالانکہ ظاہراً اس پر کسی مرض کا اثر نمایاں نہیں۔ دوسرا عذر یہ ہے کہ دن میں یاد کر کے رات میں سناتا ہوں جس میں کافی محنت کرنی پڑتی ہے۔ اس وجہ سے مجبور ہوں۔ اور جس وقت وہ قرآن کی تلاوت کرتا ہے اس کے منہ میں پان تمباکو ہوتی ہے ایسے شخص کے بارے میں کیا حکم ہے اور ایسا شخص قابلِ امامت ہے علاوہ ازیں غیبت و بہتان کی اسکی عادت ہے۔

نمازِ تراویح میں آخر قرآن کی سورتیں بعض جگہ پڑھی جاتی ہیں (الم تر) سے الناس تک اور لم یکن سے سورہ الناس تک۔ اور بعض جگہ سورۂ رحمٰن سے نماز ختم کی جاتی ہے، تو سب سے زیادہ فضیلت کس میں ہے۔ بروئے فقہ و حدیث صحیحہ مشرح طور سے تحریر فرمائیں۔

الجواب ۔ اگر واقعی وہ ایسا مریض ہے کہ روزہ اس کے لئے مضر ہوتا ہے تو اُس کو رمضان میں افطار کی اجازت ہے اور اتنے دنوں کے روزے دوسرے دنوں میں رکھنا فرض ہے، فَمَنْ کَانَ مِنْکُمْ مَّرِیْضًا اَوْ عَلٰی سَفَرٍ فَعِدَّۃٌ مِّنْ اَیَّامٍ اُخَرَ اور اگر ایسا مریض نہ ہو تو روزہ چھوڑنا حرام اور یہ شخص فاسق، مرتکب کبیرہ ہے۔ اور اگر قرآن مجید یاد کرنے کے لئے روزہ چھوڑتا ہے تو اس صورت میں بھی روزہ نہ رکھنا حرام و فسق ہے، روزے سے قبل یاد کرے سنت کے لئے فرض نہیں چھوڑا جا سکتا، جن صورتوں میں فاسق ہے اگر وہ ہوں تو اُس کو امام بنانا گناہ، اُس کے پیچھے نماز نہ پڑھی جائے، اگر وہ غیبت وبہتان کا عادی ہے، جب بھی مرتکب کبیرہ ہے، اور علی الاعلان ہو تو اُس کو امام بنانا گناہ۔ اور تراویح تینوں طرح پڑھ سکتے ہیں، ان میں افضل یہ ہے کہ ہر رکعت میں پوری سورت پڑھی جائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲) (۱۸۵) زید امامت کرتا ہے چند بدمعاش اُس کے پیچھے نماز پڑھتے ہیں، اُنکی نیت ہوتی ہے کہ امام غلطی کریں اور ہم اُس کی برائی کریں بلکہ بعض بعض وقت مغالطہ دینے کی غرض سے لقمہ دیتے ہیں، اور بعد نماز وہ لوگ امام کا تمسخر کرتے ہیں، اور خود امام ہونا چاہتے ہیں حالانکہ وہ اہل حرفت سے ہیں اور جاہل ہیں اور بعض قرآن کو پڑھے ہوئے نجیب الطرفین ہیں۔ نجیب الطرفین امام کے نسبت یہ اُن کا خیال ہے، ایسے لوگوں کے لئے کیا حکم ہے۔ بینوا توجروا

الجواب ۔ یہ لوگ سخت بے باک اور گنہ گار ہیں، نماز اس لئے نہیں کہ اسمیں ایسی مہمل حرکات کی جائیں قال اللہ تعالیٰ لَا یَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ اگر یہ لوگ ایسی حرکات شنیعہ کے عادی ہیں تو انھیں امام نہ بنایا جائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۸۶) از ٹیٹا گڈھ ۲۴ پرگنہ مرسلہ جناب رحمت حسین و پیر محمد صاحبان ۳۰ رجب ۱۳۴۶ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید حافظ قرآن ہے نماز تراویح و اکثر نماز فرض بھی پڑھا دیا کرتا ہے زید نائب قاضی بھی ہے نکاح وغیرہ بھی پڑھا دیا کرتا ہے۔ زید نے اپنے بھائی کے سالے کی لڑکی سے ناجائز تعلق پیدا کیا بعدہٗ اپنے پاس لا کر رکھ لیا بغیر نکاح و طلاق کے، اس لڑکی سے ایک دو بچے بھی ہوئے، تو کیا ایسی صورت میں وہ امامت کر سکتا ہے، اور اس سے نکاح پڑھوانا کیسا ہے۔

الجواب ۔ صورت مستفسرہ میں زید فاسق معلن ہے اور اسکو امام بنانا ناجائز و گناہ اور اُس کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی جس کا اعادہ واجب، حاشیہ شرح علائی و ردالمحتار میں ہے فی تقدیمہ تعظیمہ وقد وجب علیہ اھانتہ شرعاً اس کا پڑھایا ہوا نکاح اگرچہ منعقد کہ اُس کے لئے صالح و پرہیزگار ہونا شرط نہیں مگر جب اس سے بہتر دوسرے موجود ہوں

تو ایسے شخص سے یہ کام کیوں لیا جائے بلکہ اس سے میل جول بھی نہ کیا جائے قال اللہ تعالیٰ وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۸۷) از بنارس کچی باغ مرسلہ جناب نور الحق صاحب پسر منشی محمد حسن حاجی صاحب ۹ محرم الحرام ۱۳۴۳ھ

جو شخص بارا توں میں مردوں سے دف بجوائے خواہ تال و سم کے ساتھ ہو یا بغیر تال سم کے، اس قسم کی بارا توں میں جو شخص شرکت کرے تو اس کی امامت جائز ہے یا نہیں، اور اگر ناجائز ہے تو مکروہ تحریمی ہے یا نہیں، اور نماز واجب الاعادہ ہے یا نہیں اور اگر مکروہ تحریمی نہیں تو حکم شرعی کیا ہے۔

الجواب۔ شادیوں میں دف بجانا جائز بلکہ مندوب، عید و شادی کے موقع پر دف بجانا حدیث سے ثابت ہے بلکہ ان مواقع کے غیر میں بھی اگر دف بجایا جائے تو ناجائز نہیں یہ کہا جا سکتا ہے، فتاویٰ عالمگیری میں ہے سئل ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ عن الدف اتکرھہ فی غیر العرس بان تضرب المرأۃ فی غیر فسق للصبی قال لا اکرھہ واما الذی یجیٔ منہ اللعب الفاحش للغناء فانی اکرھہ کذا فی محیط السرخسی ولا باس بضرب الدف یوم العید کذا فی خزانۃ المفتین۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۸۸) از بانس بریلی ڈاک خانہ امبر بٹ نگر ساکن صالح نگر مرسلہ جناب کفایت حسین صاحب۔

(۱) کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ضرورت سے یا بے ضرورت چشمہ لگا کر نماز پڑھانا یا امامت کرنا کیسا ہے۔ (۲) مسئلہ۔ ہاتھ میں گھڑی لگا کر نماز پڑھنا یا امامت کرنا کیسا ہے۔

الجواب (۱)۔ چشمہ لگا کر نماز پڑھنا جائز ہے ضرورت سے ہو یا بغیر ضرورت۔ واللہ تعالیٰ اعلم

ج (۲) اگر گھڑی چمڑے کے تسمہ یا فیتہ سے بندھی ہو تو باندھ کر نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں۔ اور اگر کسی دھات[1] سونے چاندی پیتل وغیرہ سے بندھی ہے تو نماز مکروہ ہوگی اُسے اُتار کر نماز پڑھنی چاہیے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

---

[1] کراہت کی علت یہ ہے کہ کسی دھات کی چین باندھنا اگرچہ گھڑی کے ساتھ ہو ناجائز ہے جیسا کہ احکام شریعت اور الملفوظ میں ہے۔ اور حرام شی پر مشتمل ہو کر نماز مکروہ ہے شرح مقدمہ غزنویہ۔ پھر فتاویٰ التنویر میں ہے تکرہ الصلوٰۃ فی ثوب الحریر و علیہ ایضا لانہ محرم علیہ لبسہ فی غیر الصلوٰۃ ففیھا اولیٰ قال فی الرضویۃ وقولہ وعلیہ ایضا مبنین علی قولھما من حرمۃ افتراش الحریر والا فھو جائز عند الامام الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ لان المحرم لبسہ لا ساتر وجوہ الاستفاع کما فی رد المحتار وغیرہ نعم تکرہ الصلوٰۃ علیہ وان جاز افتراشہ لان الصلوٰۃ لیست موضع الترفہ وھذہ الکراھۃ تنزیھۃ۔ اقول وانی الی الاٰن فی تردد فی عدم جواز زنجیر الساعۃ من حدید کان او نحاس او صفر وان کان من فضۃ لانہ قال فی الدر المختار ولا یتحلی الرجل بذھب وفضۃ مطلقا الا بخاتم ومنطقۃ وحلیۃ سیف منھا ای الفضۃ اذا لم یرد بہ التزین ونبھا ولا یکرہ فی المنطقۃ حلقۃ حدید او نحاس وعظم۔ وقال الامام احمد رضا قدس سرہ فی الطیب الوجیز فی بیان الاشیاء التی یجوز من الفضۃ (۱) یہ بیچ چاندی کی پیٹی (۱۱) عاشق معشوق (۱۲) تلوار کا پرتلہ

مسئلہ (۱۸۹) ازمقام کھرواڈاکخانہ ٹینٹا گڑھ ضلع چوبیس پرگنہ مرسلہ محمد طاہر حسین صاحب میاں بازٹی ذالل

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ عمرو مولوی قاضی وحنفی ومسجد کا امام ہے اور مالی حیثیت سے اہل نصاب ہے، ایسی حالت میں مال صدقات زکوٰۃ صدقۃ الفطر چرم قربانی نذر وغیرہ خود جمع کرتا ہے اور کھاتا ہے اور جھوٹ بولنا اور گالی دینا، امانت میں خیانت کرنا، مسلمانوں کا مال دھوکا وفریب سے کھانا، اسلام کے کاموں میں رکاوٹ ڈالنا، وعدہ خلافی کرنا، چغلی کرنا، یہ تمام علامات نفاق اُسکی ذات میں موجود ہیں، ایسے شخص کو امام مقرر کرنا چاہئے یا نہیں۔ اور اگر ایسا شخص امام مقرر شدہ ہو تو اُس کے پیچھے نماز جائز ہوگی یا نہیں، بینوا توجروا

الجواب - جبکہ عمرو مالک نصاب ہے تو اُسے زکوٰۃ وصدقات واجبہ مثلاً صدقۂ فطر ونذر اپنے لئے لینا ناجائز وحرام ہے اور اُسکو دینے سے زکوٰۃ وصدقۂ فطر وغیرہا ادا بھی نہ ہوں گے، دینے والوں پر شرعی مطالبہ بدستور باقی رہیگا قال اللہ تعالیٰ اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَاءِ وَالْمَسٰكِيْنِ الآیۃ۔ اور چرم قربانی غنی کو بھی دے سکتے ہیں، اس کے لئے مصرف زکوٰۃ ہونا شرط نہیں جب وہ شخص اُن افعال کا مرتکب ہے جو سوال میں مذکور ہیں تو اُسے امام مقرر کرنا ناجائز ہے اور اسکے پیچھے نماز مکروہ تحریمی ہے کہ پڑھنی گناہ اور پڑھی ہو تو لوٹانی واجب، وہاں کے مسلمانوں پر لازم ہے کہ اس کو امامت سے معزول کر دیں اور کسی لائق امامت کو امام بنائیں ـــــــــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۹۰) ازمقام بیراٹھ یوسٹ غازی کا تھانہ ریاست الور راجپوتانہ مرسلہ نذیر خاں چھوٹے خاں
۳ صفر المظفر ۱۳۴۸ھ ہجری

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص کسی مسجد میں پنجوقتہ امامت کرتا ہے اُس کے دو لڑکے جوان وعاقل علانیہ زنا کرتے ہیں، وہ امام صاحب اپنے لڑکوں کے ساتھ شامل ہوکر کھانا کھاتے ہیں اور تعلقات روزمرہ ضروریات واختلاط وابستہ رکھتے ہیں اور شامل رہتے ہیں، آیا ایسے امام کے لئے صورت مذکورہ بالا میں شرعاً کیا حکم ہے۔

الجواب - امام کو چاہئے کہ جب اُن کے لڑکے ایسے کبیرہ شدیدہ کے مرتکب ہیں تو اُن سے علٰحدگی اختیار کریں قال اللہ تعالیٰ وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ۔ اور حدیث میں ارشاد فرمایا کُلُّکُمْ رَاعٍ وَّکُلُّکُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِیَّتِہٖ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

تحقق فی ہند الساعۃ تعلی صفحۃ انفال تو بیز اس سے احتراز ہے وہو لا یفید عدم الجواز۔ احکام شریعت والملفوظ لا یساوی الطیب الوجیز فی الضبط والحرز فہو عندنا مرجح علی احکام شریعت والملفوظ۔ فلیتأمل ولیحرر واللہ تعالیٰ اعلم امجدی

مسئلہ (۱۹۱) از امام نگر ضلع بالیسر مرسلہ ملا مجیب الرحمن صاحب ۵ رصفر المظفر ۱۳۴۸ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ جو شخص قرآن شریف غلط پڑھتا ہو اس کے پیچھے نماز جائز ہے یا ناجائز جیساکہ وَلَا الضَّالِّیْنَ ڈ کی مدنہ کھینچنا یا ض کو ظ پڑھنا، غرضیکہ قرآن شریف غلط پڑھتا ہو۔

الجواب۔ غلطیاں بعض ایسی ہیں جن سے نماز فاسد ہوجاتی ہے اور بعض سے فاسد نہیں ہوتی، جو غلطی ایسی ہے کہ اُس سے معنیٰ فاسد ہوجائیں اُس سے نماز فاسد ہوگی ورنہ نہیں، ایک حرف کی جگہ دوسرا حرف پڑھنے سے اکثر جگہ معنیٰ فاسد ہوجاتے ہیں اور نماز جاتی رہتی ہے اور بعض جگہ نہیں، مگر یہ اُس صورت میں ہے کہ بلا قصد ایک حرف کی جگہ دوسرا حرف پڑھا اور قصداً ایک حرف کی جگہ دوسرا حرف پڑھنا قرآن کو بدلنا اور تحریف کرنا ہے اور یہ یقیناً حرام ہے بلکہ اسمیں احتمال کفر ہے اور اگر ایسا شخص ہے کہ اُس سے وہ حرف ادا نہیں ہوتا تو خود اُس کی نماز ہوجائیگی بشرطیکہ کوشش کرتا رہے کہ صحت کے ساتھ ادا ہو اور کوشش نہ کرے تو خود اُسکی نماز بھی نہ ہوگی۔ درمختار میں ہے ولو زاد کلمۃ او نقص کلمۃ او نقص حرفا او قدمہ او بدلہ باٰخر لم تفسد ما لم یتغیر المعنیٰ الا ما یشق تمایزہ کالضاد والظاء فاکثرھم لم یفسدھا اور جو بے پرواہی سے غلط پڑھتا ہے یا تصحیح حروف کی کوشش نہیں کرتا اُس کی اپنی نماز بھی نہ ہوگی وہ امامت کس طرح کرسکتا ہے۔ بالجملہ امام کے لئے بقدر ما تجوز بہ الصلوٰۃ تصحیح ضروری ہے اور غلط پڑھنے والے کے پیچھے صحیح خواں کی نماز نہیں ہوتی۔ درمختار میں ہے وحرر الحلبی وابن الشحنۃ انہ بعد بذل جھدہ دائما حتما کالامی فلا یؤم الا مثلہ ولا تصح صلاتہ اذا امکنہ الاقتداء بمن یحسنہ او ترک جھدہ او وجد قدر الفرض مما لا لثغ فیہ ھذا ھو الصحیح المختار فی حکم الالثغ وکذا من لا یقدر علی التلفظ بحرف من الحروف۔ یہ حکم حروف کی صحت اور غلطی کا ہے، ان کے علاوہ اگر مد وشد واظہار واخفار وغیرہا ضروریات تجوید کی اگر مُراعات نہ کی تو نماز فاسد نہ ہوگی اور اس کے پیچھے اقتدا صحیح ہے واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۱۹۲) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ زید نے نماز فجر میں قبل جماعت اس خیال سے فرض پڑھ لی کہ جو صاحب فرض پڑھانے والے تھے وہ ڈاڑھی کترواتے تھے، نیز خیالات بھی ان کے کچھ وہابیوں کی جانب جھکے ہوئے تھے لیکن بعد کو عمرو نے زید ہی کو نماز پڑھانے کو کھڑا کردیا، زید بوجہ شرم نہ کہہ سکا کہ میں فرض پڑھ چکا ہوں بلکہ فرض پڑھادیئے، ایسی حالت میں شرع شریف میں زید کے لئے کیا حکم ہے۔

الجواب۔ زید جبکہ فرض نماز پڑھ چکا تھا تو ہرگز اسے امام بننا جائز نہ تھا کہ اَوّلاً وہ متنفل ہے اور متنفل کے پیچھے فرض

والوں کی اقتدا صحیح نہیں، اُس نے لوگوں کی نمازیں خراب کیں، ثانیاً چونکہ وہ نمازِ فجر پڑھ چکا تھا، اب اُسے نفل نماز پڑھنے کی اجازت نہ تھی کہ یہ وقت نفل نماز کا نہیں، زید توبہ کرے اور تمام مقتدیوں کو جو اس نماز میں شریک تھے خبر کرے کہ مجھ سے ایسا ہوا تم اُس دن کی نمازِ فجر پڑھ لو۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۹۳) از ریاست پالن پور موضع ڈیسہ محلہ میران مرسلہ جناب مولوی محمد ظہور احمد صاحب۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید ایک محلہ کی مسجد کا پیش امام ہے محلے کے چند اشخاص اس سے خوش ہیں، بقیہ تمام ناراض ہیں، علاوہ ازیں دوسرے محلوں کے تمام مسلمان ناراض ہیں اور زید کے پیچھے نماز نہیں پڑھتے۔ اور زید جھوٹ بولتا ہے اور لوگوں کو دھوکا بھی دیتا ہے، زید کے محلے کے ایک شخص کا انتقال ہوگیا اور اسکے بچے یتیم ہوگئے، زید نے ان یتیم بچوں کا مکان ایک رشتہ دار سے خرید لیا اور دوسرے کے نام رجسٹر کرا لیا، محلے میں جب یہ خبر ہوئی تو زید سے پوچھا گیا تو زید نے جواب دیا، میں نے نہیں لیا، حالانکہ فی الحال وہ اسی مکان میں رہتا ہے، مذکورہ پیش امام کی وجہ سے محلے میں ہر وقت فساد ہوتا ہے اور تمام محلہ مقدمہ بازی میں خراب ہو رہا ہے۔ چند اشخاص اس کے پشت پناہ بنے ہوئے ہیں، جو ان کے ساتھ مسجد میں نماز پڑھتے ہیں۔ بقیہ اپنے گھروں میں یا دوسری مسجدوں میں نماز پڑھ لیتے ہیں۔ ایسے شخص کے پیچھے ازروئے شرع شریف نماز پڑھنا کیسا ہے، اور ایسے شخص کو مسجد کی پیش امامت سے الگ کیا جائے یا نہیں۔

الجواب - جھوٹ بولنا گناہ کبیرہ و فسق ہے اور جھوٹ کی بُرائی اور قباحت سے کون واقف نہیں۔ اور جھوٹ بولنے والا فاسق ہے اگر وہ علانیہ اس کبیرہ کا ارتکاب کرتا ہے تو فاسق معلن ہے، اور فاسق معلن کو امام بنانا ناجائز اور اس کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی۔ ردالمحتار میں ہے فی تقدیمہ تعظیمہ وقد وجب علیھم اھانتہ شرعاً، لہٰذا اگر زید میں یہ بدخصلت ہو تو اسکو معزول کر کے دوسرے متقی صالح امامت کو امام بنائے اور ایسی حالت میں اس کی اعانت وطرفداری ناجائز ہے قال اللہ تعالیٰ تَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ نیکی اور پرہیزگاری پر باہم اعانت کرو، گناہ اور ظلم پر اعانت نہ کرو۔ اور جبکہ زید سے عموماً اہل محلہ متنفر ہیں اور یہ تنفر خود زید کی حرکات کے سبب ہے، تو ایسے امام کی نسبت حدیث میں یہ آیا ہے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں ثلثۃ لا تجاوز صلاتھم اذانھم العبد الآبق حتی یرجع وامرأۃ باتت وزوجھا علیھا ساخط وامام قوم وھم لہ کارھون تین شخص ہیں کہ ان کی نماز کانوں سے متجاوز نہیں ہوتی (قبول نہیں ہوتی) غلام بھاگا ہوا جب تک واپس نہ آئے اور عورت جو اس حالت میں رات گذارے کہ

اس کا شوہر ناراض ہے اور کسی قوم کا امام جبکہ وہ لوگ اس سے کراہت کرتے ہوں رواہ الترمذی عن ابی امامۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ) دوسری حدیث یہ ہے کہ ارشاد فرمایا ثلثۃ لا تقبل منھم صلٰوتھم من تقدم قوما وھم لہ کارھون، الحدیث تین شخصوں کی نماز قبول نہیں ہوتی۔ انہیں ایک وہ شخص ہے جو کسی جماعت کا امام بن جائے اور وہ لوگ اُسے ناپسند کرتے ہوں (رواہ ابو داؤد و ابن ماجہ عن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما) تیسری حدیث یہ ہے کہ ارشاد فرمایا ثلثۃ لا ترفع لھم صلٰوتھم فوق رؤسھم شبرا رجل امّ قوما وھم لہ کارھون، الحدیث تین شخصوں کی نماز سر سے ایک بالشت بھی اونچی نہیں جاتی، ایک وہ مرد کہ کسی قوم کی امامت کرے اور وہ لوگ اُسے ناپسند کرتے ہوں (رواہ ابن ماجۃ عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما) بالجملہ اگر زید کی یہی حالت ہے جو سوال میں مذکور ہے تو اسکو امامت سے جُدا کر دیا جائے ———— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱) (۱۹۴) از سورئی جے پور کشن پور بازار مرسلہ جناب حامد حسن صاحب ۲۳ محرم الحرام ۱۳۵۳ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین مسائل ذیل میں کہ ایک مشہور عالم ہے جو نماز کی تکبیراتِ انتقال میں بجائے اَللّٰہُ اَکْبَر کے اَللّٰہُ اَکْبَدْ کہتا ہے حالانکہ دوسری جگہ (ر) صحیح تلفظ کے ساتھ ادا کرتا ہے، دریافت کرنے پر کوئی بات نہیں بتلاتے۔

(۲) زید رکعت اولیٰ کے سورۂ فاتحہ میں مَغْضُوْبِ کے (ض) کو مشابہ ظاء، اور وَلَا الضَّآلِّیْنَ کے (ض) کو مشابہ دال پڑھتا ہے۔ اور دوسری رکعت میں جملہ اول کی (ض) کو دال اور جملہ ثانیہ کے (ض) کو ظاء پڑھتا ہے، باقی قرأت قرآن پاک میں اپنی حسب مرضی جہاں جو جی چاہے گا پڑھے گا۔

(۳) زید آیاتِ سجدہ کی تلاوت پر سجدہ نہیں کرتا، اندرونِ نماز ہو یا بیرونِ نماز اور نماز میں قصداً آیت سجدہ پڑھی اور بعد اختتام آیت فوراً رکوع کر لیا، اور بیان کیا کہ رکوع کر دینے سے سجدہ باقی نہیں رہتا، اور بیرون نماز اس کی بھی ضرورت نہیں۔ ہر چند دریافت کیا گیا مگر کوئی عبارت فقہ و حدیث دکھانے سے عاجز رہا۔ ایسی صورت میں نماز کے متعلق کیا حکم ہے اور ایسے شخص کو امام بنانا چاہیے یا نہیں۔

الجواب (۱) اَکْبَدْ کی (ر) کو دال پڑھنے سے نماز نہیں ہوگی ———— واللہ تعالیٰ اعلم

(۲) ہر حرف کو صحیح طور پر ادا کرنا لازم ہے، اور ایک حرف کی جگہ دوسرا پڑھنے میں اگر معنیٰ فاسد ہوتے ہیں تو نماز نہ ہوگی اور قصداً پڑھنا بہر حال حرام و گناہ ہے کہ تحریف کلام اللہ ہے، غرض جب اسکی یہ حالت ہے تو امامت نہیں کر سکتا

واللہ تعالیٰ اعلم

(۳) سجدۂ تلاوت واجب ہے، درمختار میں ہے یجب بسبب تلاوۃ من اربع عشرۃ آیۃ۔ البتہ اگر آیت سجدہ نماز میں پڑھی اور فوراً رکوع کردیا اور رکوع میں سجدہ کی نیت کرلی تو اس رکوع سے بھی سجدہ ادا ہوجاتا ہے اور اگر رکوع میں نیت نہیں کی اور اسکے بعد سجدہ کرلیا تو اسی سجدۂ نماز سے سجدۂ تلاوت بھی ادا ہوگیا۔ درمختار میں ہے د

تؤدی برکوع صلاۃ اذا کان الرکوع علی الفور من قراءۃ آیۃ او آیتین وکذا الثلث علی الظاہر کما فی البحر ان نواہ

ای کون الرکوع لسجود التلاوۃ علی الراجح وتؤدی بسجودھا کذلک ای علی الفور وان لم ینو۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۹۵) کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مسائل ذیل میں، کیا از روئے شرع بغیر اہلیت امامت مسجد میں توریث جائز ہے، اور باپ کے بعد پسر کو حق امامت بغیر شرط امامت حاصل ہوتا ہے۔

(۲) زید جو امامت کی اہلیت نہیں رکھتا اپنے باپ کی امامت کے زمانہ میں، ایک ریاست سے پانچسو روپیہ سالانہ حق امامت مقرر کرادیا ہے، باپ کے مرجانے کے بعد محض اس روپیہ کے لالچ میں خود امام مقرر ہوگیا ہے، حالانکہ ایک روز بھی اپنی نااہلی کی وجہ سے امامت نہیں کرتا نہ اہل شہر اس کی اقتدا کرتے ہیں، بلکہ زید اس رقم مقررہ میں سے کچھ معاوضہ دے کر ایک اجیر مقرر کردیا ہے تاکہ وہ نماز پڑھائے، باقی کل روپیہ خود کھاتا ہے، جو کہ اصل امام کے لئے مقرر کیا گیا تھا۔ پس اس کا اس روپیہ کو اپنے صرف میں لانا جائز ہے یا نہیں۔ اور ایسے شخص کی معاونت کہ آئندہ بھی پاتا رہے جائز ہے یا نہیں

(۳) زید مذکور تارکِ صلوٰۃ و تارک جماعت، اور ایک پیر سے لنگڑا ہے کہ حالت قیام میں ایڑی زمین سے نہیں لگتی، اور ایک ہاتھ سے لولا ہے کہ نیت کے وقت اس کے ہاتھ کانوں تک نہیں پہونچتا، بائیں ہاتھ سے لکھتا اور کھاتا ہے۔ لہٰذا یہ مستحق امامت ہے یا نہیں اور اسکو اپنی طرف سے اجیر مقرر کرنے کا حق حاصل ہے یا نہیں۔

(۴) جبکہ شہر و محلہ میں چند ایسے اشخاص بلامعاوضہ نماز پڑھانے کے لئے مل سکتے ہیں جو متقی و پرہیزگار اور امامت کے اہل ہوں، محض روپیہ کی وجہ سے گریز کرتے ہوں۔ ایسی صورت میں کسی اجیر کو بطور ملازم رکھکر نماز پڑھوانا، اور بعض مسلمانوں کو اس امر میں ساعی رہنا کہ زید مذکور ہی فرضی امام رہے، عندالشرع کیا ہے۔

(۵) زید مذکور جو اپنی طرف سے نماز پڑھانے کے لئے اجیر رکھتا ہے ان کی مقررہ اجرت اس وقت تک نہیں دیتا جبتک کہ مطالبہ باہمی سے گذر کر معاملہ حکومت تک نہ پہونچ جائے۔ پس زید کا نماز پڑھانے پر بھی اجرت ادا نہ کرنا زید کو مفسد و غاصب نہیں قرار دیتا۔ ایسے شخص کو امامت سے علٰحدہ کرنا چاہئے یا نہیں۔

(۶) زید نے لطمع نفسانی اپنے نابالغ لڑکے کو جسکی عمر پانچ سال ہے، امام بنادیا یعنی ایک دستاویز لکھدیا کہ میں جامع مسجد کا امام و خطیب ہوں میں اپنی طرف سے اپنے لڑکے فلاں کو امام و خطیب اور متولی مقرر کرتا ہوں اور اس پر اہل شرع کے دستخط ہیں، اور اسی کے ساتھ ایک درخواست بھیجتا ہے جسمیں یہ لکھا گیا ہے کہ امامت کی مقررہ رقم اسی کے نام منتقل کردی جائے جس پر شہر کے امراء ورؤسا کے دستخط ہیں۔ کیا ایسے لوگوں کی دغابازی حد کو پہونچی یا نہیں۔ جبکہ کاغذ میں امام جدید کی عمر ظاہر نہیں کی گئی ہے۔ کیا ایسا نابالغ بعد بلوغ نا اہل ہوں تو امام بن سکتا ہے، بینوا توجروا۔

الجواب (۱) وراثت مال میں جاری ہوتی ہے، اور امامت مال نہیں جسمیں وراثت جاری ہو۔ اگر امام کی اولاد موجب بھی محض اس وجہ سے امام نہ ہوگی کہ اس کا باپ امام تھا، بلکہ باپ کے مرنے کے بعد اگر متولی و اہل مسجد نے اسکی اولاد کو امام مقرر کیا تو امام ہے اور دوسرے کو امام مقرر کیا تو دوسرا امام ہوگا۔ صرف امام کا بیٹا ہونا امامت کیلئے کافی نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

(۲) جب زید کبھی نماز پڑھاتا ہی نہیں تو امام بھی نہیں اور امامت کی تنخواہ کا بھی مستحق نہیں کہ اجرت کے لئے عمل ضروری ہے اور کام کیا ہی نہیں تو تنخواہ کس چیز کی لے گا ——— واللہ تعالیٰ اعلم

(۳) جب وہ نہ امام ہے نہ نماز پڑھاتا ہے تو یہ سوال فضول ہے، ہاں اگر مطلب یہ ہے کہ اسکو امام مقرر کیا جائے یا نہیں، تو اس کا جواب یہ ہے کہ تارک نماز ہونیکی وجہ سے فاسق ہے، اور فاسق کو امام مقرر کرنا ناجائز ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

(۴) فرمحمی امام کوئی چیز نہیں، امام وہ ہے جو نماز پڑھائے، اور مسجد کا روپیہ بلاوجہ کسی کو دینا ناجائز ہے، اور اس کے لئے سعی کرنا بھی ناجائز ——— واللہ تعالیٰ اعلم

(۵) جب زید امام ہی نہیں تو امامت سے علیحدہ کرنے کے کیا معنی، البتہ بلاوجہ اس کو مسجد کا روپیہ دینا ناجائز ہے۔ واللہ اعلم

(۶) جبکہ لڑکے کی عمر پانچ سال ہے تو وہ کس طرح امام ہوسکتا ہے اور اس کو امام و خطیب مقرر کرنا اور اس کی تنخواہ اسکو دلانا جائز نہیں ——— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱) (۱۹۶) مرسلہ جناب محمد باب اللہ صاحب پیش امام مسجد از مقام حاجی نگر جھگل، ضلع چوبیس پرگنہ۔

ایسا شخص جو عام لوگوں سے نماز و طہارت کے مسائل زیادہ جانتا ہے اور علم بھی زیادہ ہے، علماء کی صحبت کا ذوق رکھتا ہے۔ قرآن عظیم بھی صحیح پڑھتا ہے، ساٹھ ستر برس کی عمر ہے، دانت وغیرہ بھی درست ہے، جہانتک خیال کیا جاتا ہے متقی بھی ہے۔ ایسا شخص امامت کرسکتا ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا

(۲) امام اگر صاحب نصاب نہ ہو یا ہو مگر دین میں مستغرق ہے، اس کو صدقہ فطر یا زکوٰۃ کی رقم یا صدقہ میت لینا جائز ہے، یا ناجائز، اور ان صدقات کے لینے سے اس کی امامت میں کوئی نقص واقع ہوگا یا نہیں، جبکہ امامت کا معاوضہ سمجھکر نہیں لیتا، اور دینے والوں کا بھی ایسا خیال نہیں۔ بینوا توجروا

(۳) ایسا شخص جنکی صفات اوپر مذکور ہوئیں، اسپر جھوٹا الزام لگا کر امامت سے علحدہ کرنا حتی کہ اسپر بیٹی کے ساتھ زنا کا اتہام لگانا کیا حکم رکھتا ہے۔ ان اتہام لگانے والوں کی کیا سزا ہے، جس کا ثبوت شرعی تو درکنار، رواج و پنچائت کے طور پر بھی ثابت نہ کر سکے۔ نیز شخص مذکور کی بی بی خود موجود ہے اور اس کا داماد بھی، اور اس کی لڑکی سسرال میں رہتی ہے جہاں ایک لڑکا پیدا ہوا، جبکہ اس کا شوہر گھر پر موجود ہے، اس کے مکان پر شکایت کا کوئی ذکر نہیں۔ اسپر یہ الزام لگایا جاتا ہے کہ یہ لڑکا امام کے نطفہ سے پیدا ہوا ہے، گواہوں سے زبردستی کہلایا جاتا ہے، گواہ بھی صرف ایک آدمی ہے وہ بھی صاف انکار کرتا ہے کہ ہم کچھ نہیں جانتے سب جھوٹ ہے۔ اور جو مولوی صاحبان اتہام لگانے والوں کی تائید و معاونت اور پیروی کرتے اور خود بھی اس اتہام کے مرتکب ہوتے ہیں، ان کا کیا حکم ہے، عند الشرع و عند اللہ دونوں کی کیا سزا ہے۔ بینوا توجروا

(۴) ایسے الزام کے ثبوت کے لئے ایک شخص کو گواہی دینے پر آمادہ کرنا اور اگر وہ گواہی دینے سے انکار کرے تو اس کو دھمکی دینا کیسا ہے۔ اور اگر گواہی دے اور وہ بھی سماعت کی نہ چشم دید کی، تو کیا ایسی گواہی کی بنا پر ثبوت ہو جائیگا۔

الجواب (۱)۔ امام کے لئے یہی چاہیے کہ مسائل نماز و طہارت سے واقف ہو اور اسپر عامل ہو اور فاسق معلن نہ ہو، فواحش سے بچتا ہو، ایسا ہے تو اسکی امامت میں حرج نہیں اور جب سب لوگوں سے یہی شخص بہتر ہے تو یہی متعین ہے۔ واللہ اعلم

(۲) ایسا شخص صدقہ فطر اور زکوٰۃ لے سکتا ہے جبکہ لینا اور دینا اجرت امامت میں نہ ہو۔ امامت میں اس کی وجہ سے کوئی حرج نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

(۳) زنا کی تہمت لگانے والا جبکہ چار مردوں کو گواہ نہ پیش کر سکے جو چشم دید زنا کرتے دیکھنا بیان کریں، تو اسی ۸۰ درے کا شرعی مستحق ہے اور فاسق ہے اور اس کی گواہی ہمیشہ کے لئے نامقبول، اور گواہ بھی اسی سزا کا مستحق ہیں جبکہ چار سے کم ہوں۔ اب کہ حکم شرعی جاری نہیں، مسلمانوں کو چاہیے کہ ایسے شخص سے مقاطعہ کریں، اس کے ساتھ کھانا پینا، ملنا جلنا چھوڑ دیں۔

(۴) جھوٹی گواہی پر آمادہ کرنا حرام اور گواہی دے تو یہ بھی اسی سزا کا مستحق ہے جو اوپر مذکور ہوئی۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۴۷) از کوہ مری مرسلہ باشندگان کوہ مری بذریعہ حکیم عبدالخالق صاحب ۸ رجادی الاولیٰ ۱۳۴۹ھ

مورخہ ۷ راکتوبر کو ۶ بجے شام کوہ مری آریہ سماج مندر میں ایک جلسہ اس غرض سے منعقد ہوا کہ کوہ مری کی بستی میں ممبران پنچائت کا انتخاب کیا جائے جہاں تقریباً ایک سو آدمی کا مجمع تھا۔ کام کے شروع میں مغرب کی اذان ہوئی تو مولوی محمد سعید صاحب امام جامع مسجد اس مجمع میں موجود تھے جنھوں نے اذان کا کوئی خیال نہ کیا، یہاں تک کہ نماز کا وقت ضائع ہوگیا۔ پھر تو مسلمان اذان سن کر نماز پڑھنے کے لئے چلے گئے۔ امام مسجد موصوف کی بے توجہی کی وجہ سے بھی باقی مسلمانان جو وہاں موجود تھے ان کی نماز بھی قضا ہوگئی۔ سب مسلمان اسی خیال میں تھے کہ امام مسجد اٹھیں تو ان کے ساتھ ہم بھی نماز ادا کریں، حالانکہ مولوی سعید صاحب کا اس اجلاس میں رہنا غیر ضروری تھا انکا کوئی ذاتی کام نہ تھا، بلکہ لاپرواہی سے انھوں نے اپنی نماز بھی ضائع کردی اور ساتھ ہی باقی مسلمانوں کی قضا کرادی، ایا ایسا مولوی امامت کے لائق ہے یا نہیں، از روئے شریعت ایسے شخص کے بارے میں کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا

الجواب۔ نماز کا قضا کردینا بلا عذر شرعی سخت گناہ کبیرہ ہے، قرآن و حدیث میں اسکی سخت مذمت آئی خصوصاً ایسے کا قضا کرنا کہ اسکی وجہ سے دوسروں کو بھی قضا کردینے کا حیلہ مل گیا، سب لوگوں پر توبہ لازم ہے اور امام اگر توبہ نہ کرے تو امامت سے معزول کردیا جائے۔　　واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۴۸) از دار الافتاء قادریہ میسکر بنگلور ۱۰۲ دھرمراج اسٹریٹ مرسلہ مولوی سید حیدر شاہ ۳۰ شوال ۱۳۴۹ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس امر میں کہ قضائت یا امامت موروثی ہے یا شرطی اگر قاضی کا لڑکا محض بے علم ہو تو پھر بھی قاضی شہر ہو سکتا ہے یا نہیں اور امام مسجد یا عیدین کا لڑکا بے علم ہو نماز کے صحت و فساد سے واقف نہ ہو قرآن مجید بھی غلط پڑھتا ہو اور مذہب سے بھی واقفیت نہ ہو تو ایسے شخص کو امام مسجد یا امام عیدین بنا سکتے ہیں یا نہیں۔ اگر کسی جگہ امام عیدین بے علم ہو اور نماز میں کراہت کے درجے سے فساد تک کی نوبت پہونچتی ہو اور ہزارہا لوگوں کی نماز خراب ہوتی ہو تو ایسے امام کو قائم رکھنا چاہیئے یا بدل دینا چاہیئے۔ اگر کوئی صاحب علم ان خرابیوں کی وجہ سے اس بے علم امام کی اقتدا نہ کرکے علحدہ کسی جگہ شہر کی کسی مسجد اعظم میں نماز عید ادا کرے تو شرعاً درست ہے یا نہیں۔ اور اگر کوئی کہے کہ ان وجوہات سے بھی نماز عید مسجد میں مطلقاً ناجائز ہے تو یہ کہنا صحیح ہے یا غلط۔　　بینوا توجروا

الجواب۔ ہندوستان میں عام طور پر جس کو قاضی کہتے ہیں یعنی نکاح پڑھانے والے کو، یہ کوئی قاضی نہیں۔

عرف شرع میں اس کو قاضی نہیں کہہ سکتے جس سے چاہیں نکاح پڑھوادیں اور اس رسمی قاضی کو اس پر دعویٰ کا کوئی حق نہیں اور یہ ضروری نہیں کہ باپ نکاح پڑھواتے تھے تو بیٹے سے بھی پڑھوائیں خصوصًا جبکہ وہ بے علم ہے، بہت ممکن ہے کہ ایجاب و قبول کے الفاظ صحیح طور پر ادا نہ کرے اور نکاح منعقد نہ ہو۔ اور اگر سوال میں قاضی سے مراد قاضی شرع ہو تو یہ ایک عہدہ ہے کہ بادشاہ اسلام کی جانب سے دیا جاتا ہے اور اس کے بہت کچھ اختیارات ہوتے ہیں، اس کے لئے قاضی سابق کا بیٹا ہونا کافی نہیں، بلکہ نیابت و تقلید ضرور ہے۔ جس طرح جج کا بیٹا جج نہیں ہے جب تک کہ بادشاہ جج نہ بنائے یونہی قاضی کا بیٹا خود بخود قاضی نہیں ہے۔ اور جاہل کو قاضی نہ بنانا چاہئے۔ معلوم نہیں کہ اپنی بے علمی کی وجہ سے کیا کچھ کر گذرے خصوصًا جب عالم موجود ہو۔ حدیث میں ہے من قلد انسانا عملا وفی رعیتہ من ھو اولی منہ فقد خان اللہ ورسولہ وجماعۃ المسلمین۔ اور امامت بھی ایک عہدہ ہے جس شخص کو اہل مسجد یا متولی مسجد نے اس کے لئے منتخب کیا۔ اور امام بنایا وہ امام ہوگا یہ کوئی پدری ترکہ نہیں ہے کہ باپ مرگیا تو بیٹا وارث ہوگیا اور ایسے کو امام بنانا ہرگز جائز نہیں جو نماز کی صحت و فساد کو بھی نہ جانتا ہو اور قرآن مجید بھی صحیح نہ پڑھتا ہو اور اس نے غلط قرآن مجید پڑھا تو نماز ہوگی ہی نہیں جبکہ فساد معنی لازم آئے۔ اور جب امام کی نہ ہوئی تو مقتدیوں کی بھی نہ ہوگی، درمختار میں شرائط امامت میں فرمایا وصحۃ صلاۃ امامہ یعنی امام کی نماز صحیح ہو اسی وقت مقتدی کی بھی نماز صحیح ہو سکتی ہے ورنہ نہیں، ردالمحتار میں شرائط امامت میں شمار کیا کہ والقراءۃ والسلامۃ من الاعذار کالرعاف والفافأۃ والتمتمۃ واللثغ وفقد شرط کطہارۃ وستر عورۃ۔ اس سے معلوم ہوا کہ اگر امام صحیح نہیں پڑھتا ہے تو صحیح خواں کے موجود ہوتے ہوئے وہ امام ہو ہی نہیں سکتا۔ درمختار میں ہے والاحق بالامامۃ تقدیما بل نصبا الاعلم باحکام صحۃ وفسادا۔ لہٰذا بے علم کو امام بنانا نہیں چاہئے۔

پس سوال میں جس امام کا ذکر ہے اسکو معزول کر کے کسی لائق امامت کو امام بنانا ضروری ہے اور اگر با اختیار لوگ ایسا نہ کریں تو گنہ گار ہوں گے اور لوگوں کی نماز خراب ہونے کا وبال ان کے ذمہ بھی ہوگا۔ اور اس صورت میں عالم دین کو چاہئے کہ اپنی جماعت علیحدہ قائم کرے اور جمعہ و عیدین کی نماز مطابق شرع ادا کرے، اور یہ کہنا کہ مسجد میں عید کی نماز ناجائز ہے غلط ہے خصوصًا جبکہ ان وجوہ سے ہو تو اصلًا حرج نہیں بلکہ یہی کرنا چاہئے ——————— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (١٨٩) از کلکتہ مچھوا بازار اسٹریٹ نمبر ٦ بارہی عبدالواحد سردار مرسلہ جناب حافظ بشیر الدین صاحب ٥ شعبان ۵۳ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ مسجد کنجڑہ کے سات متولی ہیں۔ ان میں سے ایک متولی عبدالحمید کے مقتدی

کی بابت ایک مدعی مولوی راحت حسین بہاری نے مجھ خاکسار پر جرم عائد کیا کہ امام مسجد کنجڑہ کو میٹنگ میں میں نے یہ کہتے سُنا کہ ہم قرآن حدیث کے فیصلوں کو نہیں مانتے، اور طرفہ بر آں کہ مولوی راحت حسین نے حلف بھی اٹھایا، حالانکہ اس میٹنگ میں حضرات علمائے کرام و متولیان ذوالاحترام و معززین محلہ و مصلیان مسجد بھی موجود تھے، ان حضرات نے کہا، اور اب بھی بیان دینے کے لئے تیار ہیں کہ امام نے ہرگز ہرگز ایسا لفظ نہیں کہا، اور خاکسار بھی حلف اٹھانے کے لئے تیار ہے، بلکہ خاکسار کی عقیدت تو یہ ہے کہ مسلمان ہونے کی حالت میں ایک شرابی یا جواڑی وغیرہ بھی اپنی زبان سے ایسے الفاظ نہیں نکال سکتے چہ جائیکہ یہ خاکسار۔ مگر مولوی راحت حسین اور عبدالحمید کے جگری دوست بضد تھے کہ کسی نے سُنا یا نہ سُنا ہم نے تو سُنا، لاؤ قرآن کے تیسوں پارے میں اٹھاؤں، بعدہٗ عبدالحمید دو گواہ اور تیار کر کے لائے جنہیں کا ایک خاکسار کا قدیمی دشمن تھا۔ ان دونوں نے بھی میرے متعلق مولوی راحت حسین جیسے کلمات کہتے ہوئے حلف اٹھائے۔ حضرت مولانا محمد مشتاق احمد صاحب کانپوری نے مجھ خاکسار کو ان تینوں شخصوں کے حلف اٹھانے پر امامت سے معزول کر دیا۔ اور مدعی اور گواہوں سے کسی قسم کی جرح تک نہ کی۔

اب سوال یہ ہے کہ کیا شریعت میں دو گواہوں کی گواہی اور ایک مدعی جو پہلے اس مسئلہ میں حکم بنا تھا۔ آج مدعی بنکر حلف اٹھا رہا ہے۔ خواہ اپنے پاس دیانت نہ رکھتے ہوں اور مدعیٰ علیہ کے دشمن ہوں، ہر حال میں معتبر ہیں یا نہیں۔ بالفرض مدعی اور گواہوں کا قول کسی وجہ سے معتبر بھی ہو جائے، تو کیا میں ہر حال میں مسجد مذکور اور دنیا کی کسی مسجد کا امام نہیں بن سکتا۔ اور گواہوں اور مدعی کے حلف اٹھا لینے سے کسی مسجد کی امامت کر سکتا ہوں نہ مسلمان ہو سکتا ہوں؟

الجواب ۔ مدعی یا گواہوں سے حلف لینا ان سے قسمیں کھلانا شرع سے ثابت نہیں حلف منکر پر ہوا کرتا ہے نہ کہ مثبت پر حدیث مشہور البیّنة علی المدّعی والیمین علی من انکر۔ اس پر شاہد عدل ہے بلکہ یمین میں جس چیز کی نفی کرتا ہے اس کے ضد کے اثبات کو ذکر کرنا بھی ٹھیک نہیں۔ ہدایہ میں ہے والاصح الاقتصار علی النفی لان الایمان علی ذالک شرعت دل علیه حدیث القسامة باللہ ماقتلتم ولا علمتم له قاتلا۔ بیشک کسی دعویٰ کے اثبات کے لئے گواہوں کی ضرورت ہے ورنہ ہر شخص جو چاہے دعویٰ کر بیٹھے اور یہ بھی ضروری ہے کہ گواہ قابل اعتماد ہوں ورنہ جھوٹے گواہ ہر معاملہ میں پیش کئے جا سکتے ہیں اور ان سے حقوق الناس کا اتلاف ہو سکتا ہے، لہٰذا گواہوں کا معتبر ہونا ضروری۔ اور اس کا لحاظ بھی کیا جائیگا، کہ گواہوں اور مدعی یا مدعیٰ علیہ میں کیسے تعلقات ہیں، اسی وجہ سے باپ کی بیٹے کے حق میں، یا بالعکس شہادت نامقبول ہے۔ صورت مستفسرہ میں گواہ اور مدعیٰ علیہ کے درمیان چونکہ ایک زمانہ دراز سے عداوت چلی آئی ہے، ایسی حالت میں مدعیٰ علیہ

کے خلاف اُس کی گواہی نامقبول ہے جبکہ عداوت دنیوی ہو۔ حدیث میں ارشاد ہوا لا تجوز شهادة خائن ولا خائنة ولا مجلود حدا ولا ذی غمر علی اخیه۔[1]

بالجملہ اگر بینہ عادلہ سے امام مذکور سے ایسے کلمات ثابت ہوں تو اس پر عدم جواز امامت کا حکم کیا جا سکتا ہے ورنہ نہیں۔ اور جبکہ امام ان کلمات سے برارت ظاہر کرتا ہے اور ان کلمات کو کفری بتاتے ہوئے تبری کرتا ہے تو اسکی امامت میں کوئی حرج نہیں وہ اس مسجد کا بھی امام ہو سکتا ہے اور دیگر مساجد کا بھی ——— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۹۰) (۱) زانی کی امامت کیسی ہے۔ (۲) منجم کی امامت کیسی ہے۔ بینوا توجروا

الجواب (۱، ۲) ۔ ان کی امامت مکروہ تحریمی ہے ——— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۹۱) عشار کی نماز پڑھنے سے قبل سو جائے تو کیا تو اب کم ہو جاتا ہے، عشار کی نماز پڑھنے سے قبل امام سو جائے تو امام عشار کی نماز پڑھائے گا یا وہ مقتدی جو سویا نہ ہو۔ بینوا توجروا ———

الجواب ۔ قبل نماز عشار قصداً سونا منع ہے مگر جو امام ہے وہ سو گیا تو امامت کر سکتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۹۲) مسلمان کو بھنگ یا دیگر نشہ والی چیز کی تجارت کرنا شرعاً جائز ہے یا نہیں یا جو مسلمان علم دین جانتا ہے اور اپنے آپ کو مولوی کہلاتا ہے وہ بھنگ کی تجارت کرے اسکو مولوی کہنا درست ہے، یا اسکے پیچھے نماز پڑھنا یا دیگر اس کی بات تسلیم کرنا درست ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا ———

الجواب ۔ بھنگ کی تجارت بایں معنی کہ دوا کے لئے بیچتا ہے یہ جائز ہے اور پینے والوں کے ہاتھ بیچنا ناجائز حرام ہے۔ شق ثانی میں اس کو امام نہ بنایا جائے اور مولوی بھی نہ کہا جائے ——— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۹۳) از قصبہ بھوجپور ڈاکخانہ تمکانہ ضلع مراد آباد محلہ رنگریزانی مرسلہ اللہ بخش صاحب مومن زادہ۔

ایک شخص حافظ قرآن ہے اس نے اپنی زوجہ کو کسی رنج کی وجہ سے طلاق دے دی وہ عورت حاملہ بھی تھی۔ شوہر نے یہ کہا کہ میرا حمل نہیں ہے، لہٰذا وہ عورت اپنے باپ کے یہاں چلی گئی، اسی اثنا میں دو تین سال تک رہی لوگوں نے حافظ مذکور سے چند بار بطور پنچائت کے کہا، اپنی عورت کو کیوں نہیں بلاتے ہو، اس نے جواب دیا کہ میرے کام کی نہیں ہے، میں نے اسکو طلاق دیدی ہے، میں نہیں لاؤں گا۔ اس کا جو مزاج چاہے کرے۔ اب بعد گذرنے دو برس کے وہ اپنی اسی بیوی کو اپنے مکان پر لے آیا مع ایک لڑکے کے۔ اب وہ بغیر نکاح کے اپنے گھر رکھتا ہے۔ از روئے شرع ایسے شخص کے پیچھے نماز جائز ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا

[1] ترمذی ص ۵۳ ج ۲ یا دی للتخریج ۱۲ واللہ تعالیٰ اعلم، امجدی

الجواب - اس کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی واجب الاعادہ ہے اور اس کو امام بنانا گناہ، ایسا شخص فاسق ہے۔ وہو اعلم

مسئلہ (۱۹۴) مرسلہ مسلمانان فتحپور ہنسوہ ۔

فتح پور کے فرقہ وہابیہ میں سے چند لوگوں نے شہر میں یہ خبر شائع کر رکھی ہے کہ اعلیحضرت عظیم البرکت مولانا مولوی حاجی قاری احمد رضا خاں صاحب بریلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنے فتاویٰ رضویہ شریف میں لکھا ہے کہ جولاہوں اور منہاروں کو مسجد میں نہ آنے دیا جائے، ان لوگوں کے پیچھے نماز نہ پڑھنا چاہیئے، لہٰذا ہم مسلمانان فتحپور کی عرض ہے کہ اس قسم کا مضمون اعلیحضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنی کسی کتاب میں تحریر فرمایا ہے یا نہیں۔ امید کہ جواب باصواب سے ہم مسلمانوں کی تسلی وتشفی فرما کر عند اللہ ماجور ہوں گے ۔

الجواب - امامت نماز کسی قوم کے ساتھ مخصوص نہیں کہ اسی قوم کا آدمی نماز پڑھائے بلکہ اس کے لئے علم وتقویٰ اور کچھ دیگر شرائط ہیں کہ وہ جس میں پائی جائیں، وہ امامت کر سکتا ہے، اگرچہ وہ کسی قوم کا ہو۔ اور وہ شرائط نہ پائے جائیں تو امام نہ بنایا جائے خواہ وہ کوئی ہو۔ صحیح مسلم شریف ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: یؤم القوم اقرأهم لکتاب اللہ فان کانوا فی القرأۃ سواء فاعلمهم بالسنۃ فان کانوا فی السنۃ سواء فاقدمهم هجرۃ فان کانوا فی الهجرۃ سواء فاقدمهم سنا یعنی حاضرین میں مستحق امامت وہ ہے جس کو کتاب اللہ کا زیادہ علم ہو۔ اور اگر اس میں برابر ہوں تو وہ جو سنت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا زیادہ علم رکھتا ہو، اور اس میں برابر ہوں تو وہ جس نے ہجرت پہلے کی ہو، اور اسمیں بھی برابر ہوں تو جس کی عمر زیادہ ہو۔ دوسری روایت مسلم کی ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا احقهم بالامامۃ اقرأهم زیادہ حقدار وہ ہے جو زیادہ پڑھا ہوا ہے۔ ابو داؤد نے ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا لیؤذن لکم خیارکم ولیؤمکم اقرأکم اچھے لوگ اذان کہیں اور کتاب اللہ کے عالم امامت کریں۔ صحیح بخاری شریف میں عمرو بن سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا فاذا حضرت الصلوٰۃ فلیؤذن احدکم ولیؤمکم اکثرکم قرأنا۔ جب نماز کا وقت آجائے تو کوئی اذان کہہ دے اور جس کے پاس قرآن کا علم زیادہ ہو وہ امامت کرے۔ صحیح بخاری شریف میں ہے عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی، کہتے ہیں لما قدم المهاجرون الاولون المدینۃ کان یؤمهم سالم مولی ابی حذیفۃ وفیهم عمر وابو سلمۃ بن عبد الاسد یعنی جب مہاجرین اولین مدینہ میں تشریف لائے تو ابو حذیفہ رضی اللہ عنہ

کے غلام آزاد کردہ سالم ان کی امامت کرتے تھے اور حضرت عمؓ اور ابوسلمہ جیسے بزرگ بھی انہیں موجود تھے۔

ان چند احادیث سے یہ بات بخوبی واضح ہے کہ امامت کسی قوم کا خاص حق نہیں ہے نہ اس سے کوئی قوم محروم رکھی جاسکتی ہے بلکہ عہد نبوت میں یہ عہدہ غلاموں کو بھی دیا گیا ہے۔ اب ہم بعض کتب فقہ حنفی کی طرف توجہ کرتے ہیں تاکہ یہ ظاہر ہوسکے کہ ہمارے امام اعظم حضرت امام ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اس باب میں کیا ارشاد ہے، فقہ کی نہایت معتبر ومستند کتاب ہدایہ میں ہے ملی اولی الناس بالامامة اعلمهم بالسنة فان تساووا فاقرأهم لقوله عليه السلام يؤم القوم اقرأهم لكتاب الله فان كانوا سواء فاعلمهم بالسنة واقرأهم كان اعلمهم لانهم كانوا يتلقونه باحكامه فقدم فى الحديث ولا كذالك فى زماننا فقدمنا الاعلم فان تساووا فاورعهم لقوله عليه السلام من صلى خلف عالم تقى فكانما صلى خلف نبى فان تساووا فاسنهم لقوله عليه السلام لابن ابى مليكه وليؤمكما اكبركما سنا ولان فى تقديمه تكثير الجماعة سب سے زیادہ امامت کے لئے بہتر وہ شخص ہے جس کو سنت کا علم زیادہ ہو اور اگر اس میں کئی آدمی برابر ہوں تو جسے قرآن زیادہ یاد ہو اور حدیث میں اقراء کو اس لئے مقدم فرمایا کہ اس زمانہ پاک میں قرآن کو احکام کے ساتھ سیکھنے کا طریقہ تھا، لہٰذا جس کو قرآن زیادہ یاد تھا وہی اعلم بھی ہوتا تھا اور ہمارے زمانہ میں ایسا نہیں ہے، لہٰذا ہم نے اعلم کو مقدم کیا اور اگر علم میں چند اشخاص برابر ہوں تو وہ امامت کا سزاوار ہے جو زیادہ پرہیزگار ہے پھر وہ جس کی عمر زیادہ ہو۔ در مختار میں ہے والاحق بالامامة تقديما بل نصبا مجمع الانهر الاعلم باحكام الصلوٰة فقط صحة وفسادا بشرط اجتنابه للفواحش الظاهرة وحفظه قدر فرض وقيل واجب وقيل سنة ثم الاحسن تلاوة وتجويدا للقراءة ثم الاورع اى الاكثر اتقاء للشبهات والتقوىٰ اتقاء المحرمات ثم الاسن اى الاقدم اسلاما فيقدم شاب على شيخ اسلم ثم الاحسن خلقاً* ثم الاحسن وجها اى اكثرهم تهجدا زادنى الزاد ثم اصبحهم اى اسمحهم وجها ثم اكثرهم حسنا ثم الاشرف نسبا

* ثم الاحسن خلقاً

خلاصہ یہ ہے کہ حقدارِ امامت وہ ہے جو نماز کے احکام کو زیادہ جانتا ہو کہ کس صورت سے صحیح ہوتی ہے اور کب فاسد ہوجاتی ہے بشرطیکہ فواحش ظاہرہ سے اجتناب رکھتا ہو اور بقدر فرض بلکہ واجب بلکہ سنت قرآن یاد ہو (ای کو صاحب فتح نے اختیار کیا ہے اور یہی اظہر ہے کذا فی الشامی) پھر وہ کہ قرآن کی تلاوت اچھی طرح موافق قواعد تجوید کرتا ہو پھر زیادہ ورع والا یعنی حرام تو حرام شبہات سے بھی بچتا ہو پھر وہ جس کی عمر اسلام میں زیادہ گذری ہو پھر وہ جس کے

اخلاق زیادہ پاکیزہ ہوں پھر وہ جو تہجد زیادہ پڑھتا ہو پھر وہ جو زیادہ خوبصورت ہو پھر وہ جو باعتبار حسب زیادہ ہو پھر وہ جو باعتبار نسب زیادہ شریف ہو۔ یہ مسئلہ عموماً تمام کتب فقہ متون و شروح و فتاوی میں مصرح ہے کہ احق بالامامۃ اعلم پھر اقرأ پھر اورع ہے۔ اور یہ ظاہر ہے کہ علم و ورع کسی قوم کے ساتھ مخصوص نہیں جو اس فضیلت کو حاصل کرے اُس کے لئے یہ امتیاز و خصوصیت ہوگی کما قال اللہ تعالیٰ: اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ وکما قال اللہ تعالیٰ اِنَّمَا یَخْشَی اللّٰہَ مِنْ عِبَادِہِ الْعُلَمٰٓؤُا وقال تعالیٰ هَلْ یَسْتَوِی الَّذِیْنَ یَعْلَمُوْنَ وَالَّذِیْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ۔ جب اللہ تعالیٰ کے نزدیک کرم وہ ہیں جو پرہیزگار و متقی ہو اور عالم کے برابر غیر عالم نہیں تو جو شخص اس فضیلت کا حامل ہے بلاشبہ اُسی کو تقدم حاصل ہے، اس لئے فقہاء کرام نے جن لوگوں کی امامت کو مکروہ بتایا اُس کی علت فقدان علم و تقویٰ کو قرار دیا۔ ہدایہ میں ہے ویکرہ تقدم العبد لانہ لایتفرغ للتعلم والاعرابی لان الغالب فیھم الجھل والفاسق لانہ لایھتم لامر دینہ والاعمیٰ لانہ لایتوقی النجاسۃ وولد الزنا لانہ لیس لہ اب یتفقہ فیغلب علیہ الجھل اسی کے مثل الانہر وغیرہ دیگر کتب میں بھی مذکور ہے۔

پس معلوم ہوا کہ مدار کار علم و تقویٰ ہے نہ کہ اس قسم کی باتیں جن کا ثبوت نہ قرآن میں ہے نہ حدیث میں نہ فقہاء کے اقوال میں۔ جب قرآن و حدیث و فقہاء کے ارشادات سے ثابت ہوگیا کہ امامت نماز کسی قوم کے ساتھ مخصوص نہیں نہ یہ کہ فلاں شخص چونکہ فلاں قوم کا لھذا اُس کے پیچھے نماز ناجائز و مکروہ کہ یہ کہنا قرآن و حدیث و فقہ سب کے خلاف ہے۔ جو شخص اعلیحضرت قبلہ قدس سرہ العزیز کی طرف ایسی نسبت کرتا ہے اور یہ کہتا ہے کہ انھوں نے ایسا فرمایا، نہایت درجہ کا کذاب دروغ باف مفتری بیباک ہے، نہ اعلیحضرت نے یہ بیہودہ بات کہی نہ وہ کہہ سکتے تھے، وہ قرآن و حدیث کے عامل اور ان کے تمام مسائل کا مدار فقہ حنفی پر تھا معاذ اللہ وہ ایسی بات کیونکر فرما سکتے ہیں اگر کہنے والا ذرہ برابر دین و دیانت رکھتا ہے تو اس کو چاہئے کہ فتاوی رضویہ میں کہیں بھی لکھا دکھادے کہ انھوں نے جولاہوں کے پیچھے نماز پڑھنے کو منع کیا ہے، بلکہ فتاوی رضویہ جلد اول میں تو وہ صاف لفظوں میں تصریح فرماتے ہیں کہ فتویٰ ہمیشہ امام اعظم رضی اللہ عنہ کے قول پر دیا جائیگا اور اس کو روشن دلائل سے ثابت کیا ہے جس کا یہ قول موجود ہو اس کی طرف ایسی بدبات کی نسبت کیونکر صحیح ہو سکتی ہے۔

جہانتک میرا خیال ہے، یہ بہتان وہابیہ خذلھم اللہ تعالیٰ نے اٹھایا ہے کیونکہ ان دشمنان خدا و رسول کی خباثت و شقاوت کا چونکہ اعلیحضرت نے پورے طور پر رد فرمایا اور ان کی عبارات سے مسلمانوں پر ظاہر کر دیا کہ یہ فرقہ اللہ و رسول کی جناب میں نہایت بیباک و گستاخ ہے اور مسلمانوں پر ان کی شقاوت قلبی کا اظہار ہوگیا اور تمام مسلمان ان سے نفرت و بیزاری کرنے لگے تو ان سے

یہ تو ہوا نہیں کہ اپنی گستاخیوں سے توبہ کرتے ناصح کا شکر ادا کرتے افترار وبہتان پر اُتر آئے اور ایسی بیہودہ باتیں تراشنے لگے تاکہ لوگ اعلیٰحضرت سے متنفر ہو کر ان کی بات نہ سُنیں اور ان لوگوں کی وہابیت پر پردہ پڑ جائے مگر یاد رکھیں کہ مسلمان اتنے غافل نہیں کہ وہابیہ کے ان کوتکوں سے وہ ایک عالم ربّانی اللہ ورسول سے محبت رکھنے والے سے بیزار ہو جائیں کیونکہ بحمدہ تعالیٰ مسلمان جانتے ہیں کہ اہل حق کا کام افترار کرنا نہیں بلکہ اس قسم کا افترار کرنا بے ایمان لوگوں کا کام ہے۔ اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے اِنَّمَا یَفْتَرِی الْکَذِبَ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ "جھوٹا افترار وہی کرتے ہیں جو ایمان نہیں رکھتے" مسلمان ایسے لوگوں کی بیہودہ اور لغو باتوں کی طرف توجہ نہ کریں اور اسلام کے صحیح راستہ پر چلیں اور ایسے گمراہوں سے بچیں ایسوں ہی کے لئے حدیث میں فرمایا اِیَّاکُمْ وَاِیَّاھُمْ لَایُضِلُّوْنَکُمْ وَلَا یَفْتِنُوْنَکُمْ "تم اپنے کو اُن سے دور رکھو اور اُن کو اپنے سے دور کرو کہیں ایسا نہ ہو کہ تمھیں گمراہ کر دیں اور فتنہ میں ڈال دیں" اَللّٰھُمَّ احْفَظْنَا مِنْ ھٰؤُلَاءِ الضَّالِّیْنَ الٰہی تو ہمیں ان گمراہوں سے بچا ـــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۹۵) مرسلہ ظہور بخش صاحب ممبر مسجد بجیا تھ پارہ رائے پور سی پی ۲۲ رجمادی الثانی ۵۵ھ

(۱) کیا فرماتے ہیں علمائے دین مسائل ذیل میں کہ مسجد بجیا تھ پارہ رائے پور سی پی میں مقررہ پیش امام با تنخواہ حافظ سید رحمت علی صاحب تھے ۳۶ھ میں ایک فارم انڈین نیشنل پالیسی کمپنی کلکتہ سے نکلا، اس کا طریقہ یہ تھا کہ ایک فارم ایک روپیہ چودہ آنہ میں خریدا جاتا تھا جس میں ڈاک خرچ وغیرہ شامل ہے ایک فارم خریدنے والے کو چار فارم کمپنی سے آتے تھے ایک فارم کے پیچھے اس شخص کو جس کا نام فارم میں پہلے نمبر پر ہوتا تھا ایک روپیہ بذریعہ منی آرڈر روانہ کیا جاتا تھا، اسی طرح دور مسلسل جاری رہنے سے ایک فارم خریدنے والے کو ایک ہزار چوبیس روپیہ ملتا تھا۔

معترض کہتا ہے کہ یہ جوا اور سود ہے جو کہ شریعت میں حرام ہے مگر خریدار مذکور یہ کہتا ہے کہ یہ فارم کی تجارت ہے اور ایک روپیہ چودہ آنہ کا ایک ہزار چوبیس روپیہ ملنا محنت شاقہ کا نتیجہ ہے، لہٰذا شریعت مطہرہ میں اس مسئلہ کیلئے کیا حکم ہے اور یہ فعل از قسم جوا اور سود ہے یا نہیں اور اس کے فاعل کی کیا سزا ہونی چاہئے۔

(۲) حافظ صاحب موصوف ملازم مسجد ہونے کے قبل ہی سے لاٹری کا بھی کام کرتے تھے وہ اس طرح کہ لاٹری کے ٹکٹ فروخت کیا کرتے تھے اور فی ٹکٹ کمیشن فروختگی ملتا تھا، اس کمیشن کی قیمت سے لاٹری کمپنی کے قاعدے کے موافق (یعنی ایک کاپی میں چند ٹکٹ ہوتے ہیں، اتنے ٹکٹ اگر فروخت کریگا تو ایک ٹکٹ فروخت کرنے والے کا ہوتا ہے، اب اس ٹکٹ

کو وہ یا تو اپنے نام پر کلٹے یا فروخت کر کے اسکی قیمت رکھ لے) خرید لیتے تھے اس کے بعد ایک تاریخ معینہ تک وہ تمام کاپیاں کمپنی کو چلی جایا کرتی ہیں اور تاریخ مقررہ پر کمپنی لاٹری کھولتی ہے جبیں کسی کو پہلا انعام اور کسی کو دوسرا انعام ملتا ہے جس کے نام سے لاٹری کھلتی ہے اور ہزاروں اور کروڑوں خریداروں کو نام نہ نکلنے پر کچھ بھی نہیں ملتا، مندرجہ بالا صورت کو علمائے کرام جوا بتلاتے ہیں مگر حافظ صاحب موصوف اس کو امداد باہمی فرماتے ہیں، لہٰذا مندرجہ بالا صورت جوا کی ہے یا امداد باہمی کی اور فاعل کے متعلق شریعت کا کیا حکم ہے۔

(۳) امام صاحب یعنی حافظ صاحب موصوف نے سوال نمبر ایک میں اتنی شرکت کی کہ اوقات نماز جماعت وغیرجماعت کے بھی پابند نہ رہے اور جب جماعت شاکی ہوئی تو حافظ صاحب نے جمعہ میں اعلان کیا کہ میرے اوپر ایک جنون سوار ہے جس سے میں برابر نماز میں شریک نہیں ہوتا اور جماعت کو بھی تکلیف ہوتی ہے اس لئے میں مستعفی ہوتا ہوں تاکہ جماعت کی شکایت دور ہو، مسجد کمیٹی دوسرا انتظام کرے، لہٰذا کمیٹی نے ان کو علٰحدہ کر کے ایک سُنّی مولوی صاحب کو مقرر کیا اور بعد چند ماہ ان کو مستقل کر دیا کہ جب تک کوئی حافظ نہ مل جائے یا تعمیر مسجد مکمل نہ ہو جائے اس وقت تک مولوی صاحب مستقل طور پر امامت کریں گے۔ اب اگر مولوی صاحب کو بلاعذر شرعی کمیٹی یا جماعت علٰحدہ کر کے امام سابق کو مقرر کرے تو وہ شرعاً جائز ہوگا یا نہیں اور شریعت کس کی امامت کو ترجیح دیتی ہے۔

(۴) فارم کی کثرت ہونے کے سبب امام سابق کے فارم بکنے میں کمی ہوئی اور خریداروں نے ایک ایک ہزار چوبیس روپیہ طلب کرنا شروع کیا تو حافظ نے اس کام کو چھوڑ کر پھر امامت کی طرف رجوع کیا اور مسجد کمیٹی کو درخواست دی کہ میں اپنے افعال سے تائب ہوتا ہوں کہ مجھے امامت کی جگہ دی جائے مگر مسجد کمیٹی نے انکی درخواست مسترد کر دی کہ ہم کو آپ کی امامت کی ضرورت نہیں کیونکہ آپ نے بہت خراب کام کیا ہے اور بہت سے لوگوں کا روپیہ یہ کہکر لیا ہے کہ تم کو اس فارم کے خریدنے سے ایک ہزار چوبیس روپیہ ملے گا، جبیں ہندو مسلمان بیوہ وغیرہ سبھی شامل ہیں، نہ تو آپ نے اُن کا روپیہ واپس کیا نہ روپیہ دلوایا۔ لہٰذا درخواست نامنظور کی جاتی ہے، کمیٹی کی یہ کارروائی مطابق شریعت ہے یا نہیں۔

(۵) بعد نامنظوری درخواست امام صاحب نے بصورت اپیل جمعہ میں ایک مختصر سی تقریر کی اور آیت قرآنیہ پڑھ کر ترجمہ کیا کہ اللہ عزوجل اپنے کلام پاک میں فرماتا ہے کہ "بندہ جب گناہ کرتا ہے تو اس کے توبہ کر لینے پر معاف ہو جاتا ہے اور اس بندہ پر اللہ تعالیٰ رحم فرماتا ہے" لہٰذا میں اپنی جماعت کے سامنے توبہ کرتا ہوں، جماعت گواہ رہے کہ میں علی الاعلان آپ حضرات کے سامنے

اللہ پاک اور اسکے حبیب محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دربار پاک میں توبہ کرتا ہوں اور استغفار کرتا ہوں اور جماعت سے بھی معافی چاہتا ہوں، امید ہے کہ جماعت میری اس توبہ اور معافی کو قبول فرماکر مجھے امامت کی جگہ عنایت فرمائیگی، میں آئندہ ایسا فعل نہ کروں گا جس پر جماعت نے متاثر ہوکر اکثریت کے ساتھ یہ فیصلہ کی کہ حافظ صاحب کو امامت کے لئے رکھ لیا جائے۔ مگر دو چار آدمیوں کو جو باجماعت نماز پنجگانہ ادا کرتے ہیں، اختلاف تھا اور ہے، لہٰذا معترضین کو کس طرح خاموش کیا جائے اور جماعت کی یہ کارروائی جائز ہے یا نہیں، حافظ صاحب کا صرف توبہ کرنا اور معافی مانگنا کافی ہے یا شریعت کوئی سزا بھی دے گی۔

(۶) حافظ صاحب کی تقرری درخواست کو جماعت کی اکثریت نے منظور فرماکر کمیٹی کے پاس اپنی تجویز بیش کی جس پر مسجد کے سکریٹری نے کمیٹی کو طلب کیا اور حافظ صاحب کے تقرری کا معاملہ پیش کیا۔ درمیان بحث جناب ظہور بخش صاحب نے فرمایا کہ یہ عبادت کا معاملہ ہے، لہٰذا بہتر ہوگا کہ باہر کے کسی سُنّی عالم سے فتویٰ طلب کر لیا جائے اور جو حکم شریعت کا ہو اس پر کمیٹی اور جماعت عمل کرے کیونکہ حافظ صاحب نے دو گناہ عند اللہ و عند الناس کیا ہے، ایک کے لئے توبہ ہے دوسرے کیلئے جبتک خریداروں کو روپیہ واپس نہ کر دیا جائے میرے نزدیک اُن کی اقتدا افضل نہیں ہے، لہٰذا میں اُن کی اقتدا نہ کروں گا، مگر ان کے علاوہ تمام ممبران نے متفق ہوکر شریعت کے مسئلہ پر غور کرتے ہوئے حافظ صاحب کا تقرر کر لیا، لہٰذا دریافت طلب امر ہے کہ کمیٹی اور جماعت نے جائز کارروائی کی یا ممبر ظہور بخش صاحب کا کہنا درست ہے۔

امید کہ حضور براہ کرم نفاق بین المسلمین کا خیال فرماتے ہوئے مندرجہ بالا سوالات کے جوابات مع حوالجات کتب جلد از جلد مرحمت فرمائیں تاکہ جمعہ کو ممبری سے استعفا مع جوابات سُنا دیا جائے کیونکہ حافظ صاحب کا تقرر کمیٹی کے فیصلہ کیمطابق یکم ستمبر ۳۶ء سے ہوگا اور وہ نماز باجماعت پڑھائیں گے۔ بینوا توجروا

الجواب (۱) ۔ ظاہر ہے کہ فارم کی خریداری سے اس کاغذ کی خریداری مقصود نہیں کہ اس کاغذ کی بیع نہیں کی جاتی، بلکہ یہ فارم یادداشت کا پرچہ ہے، اور ایک روپیہ چودہ آنے میں جو چیز خریدی جاتی ہے وہ ایک ہزار چوبیس روپے ہیں، کیونکہ اگر خریدار کو معلوم ہو جائے کہ ان داموں کے مقابل میں محض یہ کاغذ کا پرچہ ہے، تو ہرگز خریدنے کا قصد نہ کریگا، جس طرح دستاویز کی خریداری میں مقصود اس دین کی خریداری ہے جو اس دستاویز میں درج ہے، نہ کہ اس کاغذ کی۔ اسی طرح عرف میں ٹکٹ خریدنا بولتے ہیں، حالانکہ وہ بیع نہیں، بلکہ ریلوے کا پیشگی کرایہ ادا کرنیکی رسید ہے، اس وجہ سے جتنا کرایہ ہوتا ہے

اتنا ہی ٹکٹ کی قیمت میں دینا ہوتا ہے، اور اسی وجہ سے سفر نہ کرنے کی صورت میں رقم واپس ملتی ہے۔ اور سفر ختم ہونے پر ٹکٹ واپس دینا ہوتا ہے۔ پس صورت مستفسرہ میں اگر اس عقد کو بیع شمار کریں تو یقیناً سود ہے کہ اولاً جو کچھ دیا جاتا ہے مبیع اس سے بہت زائد ہے، اور روپے کی روپے سے بیع میں مساوات شرط ہے۔ حدیث صحیح مشہور نے الفضۃ بالفضۃ مثلاً بمثلٍ یداً بیدٍ والفضل ربا۔ یعنی چاندی کی چاندی سے بیع ہو تو برابر برابر ہوں، اور دست بدست ہوں، اور زیادتی سود ہے۔

دوسری وجہ سود کی یہاں یہ بھی ہے کہ یہاں تقابض بدلین مجلس عقد میں ضروری ہے جیسا کہ حدیث مذکور کا لفظ یداً بیدٍ اس امر کو ظاہر کر رہا ہے، اور جس مجلس میں روپیہ دیا جائے اسی مجلس میں اس کے عوض کا روپیہ نہ لیا جائے، تو اگرچہ دونوں جانب سے مساوات ہے، یہ بھی سود ہے جبکہ چاندی کی چاندی سے بیع ہو، جیسا کہ دوسری حدیث میں اس مسئلہ کو واضح فرمایا ہے الربا فی النسیئۃ۔ اور اگر اس کو بیع قرار نہ دیں تو یہ جوا ہے، اور یہ بھی حرام ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

(۲) ج لاٹری ایک قسم کا جوا ہے اس کے ٹکٹ بیچنا بھی حرام کہ ٹکٹ بیچنے کا مطلب جوے کے شرکا فراہم کرنا ہے جس کا صاف مقصد یہ ہے کہ لوگوں کو جوے کی ترغیب دی جائے اور اس حرام کام پر آمادہ کیا جائے، اور یہ بحکم قرآن حرام۔ قال اللہ تعالیٰ ولا تعاونوا علی الاثم والعدوان ــــــــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

(۳) ج جب امام موصوف بالاعلان یہ کرتا تھا تو کمیٹی پر لازم تھا کہ ایسے امام کو فوراً امامت سے معزول کر دیتی، یہ انتظار ہرگز جائز نہ تھا کہ وہ استعفا پیش کرے تو معزول کیا جائے کہ ایسے کو امام بنانا ناجائز و گناہ اور اس کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی واجب الاعادہ۔ ردالمحتار میں ہے فی تقدیمہ تعظیمہ وقد وجب علیھم اھانتہ شرعاً۔ اس امام کو معزول کر کے کمیٹی نے سُنّی عالم کو امام مقرر کیا بہت خوب کیا اور اس جدید امام کو بلا وجہ شرعی امامت سے معزول کرنا درست نہیں اولاً تو پہلا امام جب بوجہ شرعی معزول کیا گیا تو اس کا استحقاق ہی نہ رہا۔ دوم عالم کو امامت میں حافظ پر ترجیح ہے۔ تمام کتب فقہ میں تصریح ہے کہ عالم احق بالامامت ہے۔ سوم مقرر کر دینے کے بعد اسے کس جرم میں علٰحدہ کیا گیا۔ ردالمحتار میں ہے بحرالرائق سے ہے۔ واستفید من صحۃ عزل الناظر بلا جنحۃ عدمھا لصاحب وظیفۃ فی وقف بغیر جنحۃ و عدم اھلیۃ۔ کمیٹی نے ایسا کیا تو یہ کمیٹی کا صریح ظلم ہے، اس دوسرے امام کو ہی برقرار رکھنا چاہیے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

(۴) ج کمیٹی کا یہ جواب اور یہ کارروائی بالکل درست ہے۔ کہ اولاً وہ جگہ خالی ہی نہیں جس کی امام سابق نے درخواست

کی کیونکہ بلا وجہ شرعی امام مقررہ کو علٰحدہ کرنا جائز نہیں۔ کمیٹی نے جو وجہ بیان کی وہ صحیح و معقول ہے کہ امام کے ذمہ لوگوں کے مطالبات باقی ہیں، بغیر دیئے یا معاف کرائے ان سے کیونکر سبکدوشی ہوسکتی ہے، اور توبہ کی صحت کے لئے گناہ سے باز آنا اور صاحب حق کا حق ادا کرنا یا معاف کرانا ضروری ہے ——— واللہ تعالیٰ اعلم

ج (۵) بیشک توبہ سے ہر گناہ معاف ہوجاتا ہے حدیث میں ہے التائب من الذنب کمن لا ذنب لہ مگر حقوق العباد تلف کرنے کی صورت میں صرف زبانی توبہ کافی نہیں، بلکہ جن کے حقوق ان کے ذمہ ہیں ادا کریں یا معاف کرائیں، جماعت کا معاف کردینا کوئی چیز نہیں، بلکہ جن کے روپے لئے ہیں وہ معاف کریں، مگر اس معافی کے بعد ان کو اس وقت جگہ ملیگی جب امامت کی جگہ خالی ہو نہ کہ بلا وجہ ایک امام کو معزول کرکے امام بنایا جائے ——— واللہ تعالیٰ اعلم

ج (۶) کمیٹی اور جماعت کی یہ کارروائی غلط ہے، ظہور بخش نے جو کچھ کہا صحیح ہے کہ امام سابق نے دو گناہ کئے ہیں جن لوگوں نے ان کو روپے دیئے ہیں، وہ امام سابق سے مطالبہ کرسکتے ہیں، اپنے روپئے واپس لینے کا حق رکھتے ہیں کہ عقد کا تعلق عاقد سے ہوتا ہے ——— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۹۶) مرسلہ جناب ابوالبرکات صاحب کانپور محلہ گوالٹولی بر دکان شیخ کلو تمباکو فروش ۲۲ اکتوبر ۳۶ء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ زید امامت کرتا ہے اور اپنی استعداد کے مطابق اپنے علم میں بالکل درست تلاوت کرتا ہے، اکثر حفاظ نے سُنا ہے اور اقتدا بھی کی ہے، اکثر و بیشتر اقتدا کرنے آتے ہیں، مگر کوئی شخص معترض نہیں ہوا کہ تم تلاوت غلط کرتے ہو۔ بکر کا قول ہے کہ تم مخارج ادا نہیں کرتے ہو، اس لئے کسی کی بھی نماز نہیں ہوتی ہے، کیونکہ کلام پاک سورۂ مزمل میں آیا ہے آیت وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِیْلًا جس کے معنی مجھ کو یہ بتاتے ہیں کہ ترتیل واجب ہے، ترتیل کے لغوی و اصطلاحی کیا معنیٰ ہوتے ہیں، مفصل طریقہ پر تحریر فرمائیں، اور ایسے امام کی اقتدا میں نماز ہوتی ہے یا نہیں، اکثر لوگ وہ حفاظ جلد تلاوت کرتے ہیں، خصوصاً تراویح کی حالت میں۔ ایسے حفاظ کی اقتدا میں نماز تراویح ہوگی یا نہیں، اسکو مشرح طور پر تحریر کریں۔ شرط امامت کیا ہے۔؟

الجواب - قرآن مجید کلام الٰہی ہے جو عربی زبان میں نازل ہوا۔ قال صدر الشریعۃ فی التوضیح القراٰن ھو النظم الدال علی المعنیٰ اللہ تعالیٰ نے خود فرمایا اِنَّا اَنْزَلْنٰہُ قُرْاٰنًا عَرَبِیًّا۔ بِلِسَانٍ عَرَبِیٍّ مُّبِیْنٍ۔ پس قرآن پڑھنے کا یہ مطلب ہے کہ اس عبارت کو اس طرح پڑھی جائے کہ اس میں تبدیل و تغیّر نہ ہونے پائے، ورنہ اکثر جگہ وہ الفاظ بے معنیٰ ہوجائینگے

یا معنیٰ فاسد ہوکر کچھ کا کچھ ہوجائے گا، لہٰذا اس کو اسی طور پر ادا کرنا لازم ہے، جس کو قرآن کہا جائے اور اسکے لئے یہ ضرور ہے کہ ہر حرف کو اس کے مخرج سے ادا کیا جائے، مثلاً ث۔ س۔ ص۔ ذ۔ ز۔ ظ۔ ح۔ ہ۔ ء۔ ع کہ ان حروف میں اگر امتیاز نہ ہو تو وہ لفظ ہی نہ رہا جو جبرئیل علیہ السلام نے پڑھا، اور جس کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تلاوت فرمائی جس کی نسبت اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا یَتْلُوْا عَلَیْهِمْ اٰیٰتِهٖ۔ حفاظ کا بکثرت اقتدا کرنا یہ اس امر کی دلیل نہیں ہے کہ اس نے صحیح پڑھا، کہ آج کل اکثر حفاظ خود غلط پڑھتے ہیں اور اپنے زعم باطل میں تصور کرتے ہیں کہ ہم نے صحیح پڑھا، یعنی حروف غلط ادا کرنے کو وہ غلطی ہی نہیں سمجھتے، بلکہ اگر غور سے سُنا جائے تو حروف کھا جاتے ہیں۔ اول و آخر کے حروف پڑھتے اور بیچ کے حروف ایک دم حذف کر دیتے ہیں۔ لہٰذا ایسے لوگوں کا اقتدا کرنا اور خاموش رہنا صحت کی کیونکر دلیل ہوسکتی ہے۔ اگر واقعی اس نے صحیح پڑھا تھا اس وجہ سے حفاظ نے اعتراض نہیں تو کیا ممکن ہے اس وقت صحیح پڑھا ہو، کیونکہ کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ صحیح پڑھنے پر قادر ہوتا ہے مگر دوسرے وقت بوجہ بے توجہی صحیح ادا نہیں کرتا۔ اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ ان آیات میں وہ حروف نہ تھے جن کو صحیح ادا نہیں کرتا ــــ بہرحال بکر کا اعتراض اگر صحیح ہے یعنی زید صحیح نہیں پڑھتا ہے۔ حروف کو مخارج سے نہیں ادا کرتا، تو زید کی امامت درست نہیں، زید پر لازم ہے کہ قرآن مجید صحیح پڑھے، ما انزل اللہ میں تغیر نہ کرے۔ امام جزری فرماتے ہیں والاخذ بالتجوید حتم لازم من لم یجود القراٰن اٰثم۔ تنویر الابصار و درمختار میں ولا غیر الالثغ بہ ای الالثغ علی الاصح کما فی البحر عن المجتبیٰ۔ ردالمحتار میں ہے فی المغرب ھو الذی یتحول لسانہ من السین الی الثاء۔ وقیل من الراء الی الغین او اللام او الیاء۔ زاد فی القاموس، او من حرف الی حرف۔

خلاصہ اس کا یہ ہے کہ الثغ کے پیچھے غیر الثغ نہیں پڑھ سکتا، الثغ وہ ہے جو سین کی جگہ ثا پڑھے یا را کی جگہ غین یا لام یا ی پڑھے ــــ قاموس میں کہا کہ جو شخص ایک حرف کی جگہ دوسرا حرف پڑھے وہ بھی الثغ ہے، ایسے شخص کے لئے حکم یہ ہے کہ وہ اپنی ساری کوشش تصحیح حروف میں صرف کرے، اس کے بعد وہ اُمّی کے مثل ہے کہ اب وہ اپنے مثل کی امامت کرسکتا ہے اور اس کی خود نماز صحیح ہے، جبکہ کوئی صحیح خواں ایسا دستیاب نہ ہو، جس کے پیچھے نماز پڑھتا، اور نہ ایسی آیتیں اُسے یاد ہیں جن کو صحیح ادا کرسکے، اور اگر صحیح خواں امام ملتا ہے یا بقدر فرض صحیح پڑھ سکتا ہے اور اس نے بغیر تصحیح حروف خود پڑھی تو اسکی اپنی نماز بھی نہ ہوگی، امامت کرنا درکنار۔ درمختار میں ہے حرر الحلبی و ابن الشحنۃ انہ بعد بذل جھدہ دائما حتما کالامی فلا یؤم الامثلہ ولا تصح صلاتہ اذا امکنہ الاقتداء بمن یحسنہ او ترک جھدہ او وجد قدر الفرض مما لا لثغ فیہ

ھٰذا ھو الصحیح المختار فی حکم الالثغ وکذا من لا یقدر علی التلفظ بحرف من الحروف او لا یقدر علی اخراج الفاء الا بتکرار۔ لہٰذا جو شخص رحمٰن کو رحمان۔ رحیم کو رہیم۔ صراط کو سراط۔ انعمت کو انامت پڑھے اس کا یہی حکم ہے جو ذکر کیا گیا، کذا فی رد المحتار۔

ترتیل کے چند معانی مفسرین نے بیان کئے ہیں، ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا یعنی پڑھنے میں جلدی نہ کرنا، اور تمام حروف و حرکات کو واضح کر کے پڑھنا۔ تفسیر جمل حاشیہ جلالین میں خطیب سے نقل کیا ہے ای اقرأہ بترتیل وتؤدۃ وتبیین حروف واشباع حرکات بحیث یتمکن السامع من عدھا۔ صاوی میں ہے والمعنی اقرأہ بترتیل وتؤدۃ وسکینۃ ووقار۔ جلدی پڑھنا اگر اس طرح ہے کہ حروف والفاظ کھا جاتا ہو۔ جب تو اسکے پیچھے نماز ہوگی ہی نہیں، کہ اسکی خود نماز صحیح نہیں امام کیسے ہو سکتا ہے۔ اور اگر حروف کے حقوق ادا کرتا ہے تو اس کو امام بنا سکتے ہیں۔ فتاویٰ عالمگیری میں ہے۔ قال الامام اذا کان امامہ لحانا لا باس بان یترک صحبتہ ویطوف۔ وکذلک اذا کان غیرہ اخف قرأۃ واحسن صوتا۔ نیز اسی میں ہے لا ینبغی للقوم ان یقدموا فی التراویح الخوشخوان ولکن یقدموا الدرستخوان۔ نیز اسی میں ہے ویکرہ الاسراع فی القرأۃ وفی اداء الارکان کذا فی السراجیۃ وکلما رتل فھو حسن کذا فی فتاویٰ قاضیخان۔ امامت کے شرائط اور دیگر مسائل کی تفصیل بہار شریعت میں دیکھ کر معلوم کی جائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۹۷) از محلہ ناگوری سلاوٹان جودھپور مرسلہ سید ریاض الحسن صاحب ۱۳؍ شعبان المعظم ۱۳۵۷ھ

کیا ارشاد ہے علمائے اہلسنت کا مسائل ذیل کے متعلق:۔

(۱) ایک لڑکا حافظ قرآن جو ختم شعبان المعظم تک ۱۳۵۷ھ کو گیارہ سال نو ماہ چھبیس دن کا ہو جائے گا، اس کے پیچھے نماز فرض و تراویح جائز ہے یا نہیں۔ نیز لڑکا و لڑکی کس عمر میں بالغ ہوتے ہیں۔ بینوا توجروا

(۲) مراہق کے پیچھے نماز فرض و تراویح کا کیا حکم ہے۔ نیز لڑکا لڑکی کس عمر میں مراہق ہوتے ہیں۔ بینوا توجروا

الجواب (۱) لڑکے کا بلوغ کم سے کم بارہ سال کی عمر میں ہوتا ہے اور لڑکی کا بلوغ کم سے کم نو سال کی عمر میں، اس کے پیچھے نہ نماز فرض جائز ہے نہ تراویح نہ نوافل کیونکہ یہ لڑکا یقیناً نابالغ ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

ج (۲) مراہق وہ لڑکا ہے جو اقل عمر بلوغ کو پہنچ گیا، مراہق میں دونوں احتمال ہیں، یہ بھی احتمال ہے کہ وہ بالغ ہو اور یہ بھی کہ نابالغ ہو، اگر مراہق اپنے کو بالغ کہتا ہو اور ظاہر حال اسکی تکذیب نہ کرتا ہو تو اسکے قول کو مان کر بلوغ کا حکم دیا جائے

یعنی اس صورت میں کہ اس عمر کے دوسرے لڑکے بالغ ہوگئے ہوں۔ درمختار میں ہے وادنیٰ مدتہ لہ اثنتا عشرۃ سنۃ ولہا تسع سنین فان راھقا بان بلغا ھذا السن فقالا بلغنا صدقا ان لم یکذبہما الظاہر۔ ردالمحتار میں ہے وان کان مراھقا ویعلم ان مثلہ لا یحتلم لا تجوز تسمیۃ ولا یقبل قولہ لانہ یکذب ظاہرا وتبین بہذا ان بعد اثنتی عشرۃ سنۃ اذا کان بحال لا یحتلم مثلہ اذا اقر بالبلوغ لا یقبل۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۹۸) از خانقاہ سراجیہ برکت آباد محلہ برکت پورہ مقام مالیگاؤں ضلع ناسک مرسلہ عبدالرحمٰن صاحب

۱۸ ربیع الآخر ۱۳۵۹ھ

(۱) جمعہ کی نماز جن پر واجب نہیں، مثلاً مسافر یا نابینا، امام مسجد کی موجودگی اور امام کی مرضی واجازت سے نماز جمعہ پڑھادیا تو نماز جمعہ ہوگی یا نہیں، اور امام کو کوئی عذر نہیں ہے۔

(۲) مسجد کا امام ہے وہ کلام پاک اس طرح پڑھتا ہے کہ کہیں مد ادا کرتا ہے کہیں نہیں، اور جہاں مد نہیں ہے وہاں مد کی طرح پڑھتا ہے۔ ایسے امام کی نماز ہوئی یا نہیں اور اس کے پیچھے نماز کیسے ہوتی ہے، ہم نے سُنا ہے ایک عالم فاضل اور بزرگ سے کہ قرآن شریف سے جان کر ایک حرف کا گھٹادینا کفر ہے۔ اور فتاویٰ مجموعہ مولانا عبدالحی لکھنوی میں یہی بات لکھی ہوئی میں نے دیکھا، جو آپ کی تحقیق میں ہو، خلاصہ تحریر فرمائیں۔

(۳) مسجد میں ایک اجنبی آیا وہ امامت کررہا ہے یا کرنے جارہا ہے، اس کا عقیدہ سنّی ہے یا نہیں، اسکے سنّی یا وہابی معلوم کرنے کا کیا طریقہ ہے، لاعلمی کی وجہ سے اسکی اقتدا درست ہے یا نہیں۔

الجواب (۱)۔ اگر امام کی اجازت سے اس نے نماز جمعہ پڑھائی، نماز ہوگئی۔ درمختار میں ہے ولا یصلح للامامۃ فیہا من صلح لغیرہا فجازت لمسافر وعبد ومریض وتنعقد الجمعۃ بہم ای بحضورہم۔ واللہ تعالیٰ اعلم

ج (۲) قرآن مجید میں کسی حرف کو بڑھانا یا کم کرنا اگر بالقصد ہو تو تحریف وکفر ہے۔ مگر مد کرنے یا نہ کرنے میں نہ حرف کی کی زیادتی ہے نہ کمی ہے، بلکہ حرف کی ادا میں آواز کا کم یا زیادہ ہونا ہے، یعنی جو آواز جلد ختم کرنا تھا دیر میں ختم کی، یا دیر تک چاہیے تھی جلدی ختم کردی۔ اس طرح پڑھنا اگرچہ غلطی میں شمار ہے مگر اس سے کفر کا حکم نہیں دیا جائے گا بلکہ نماز فاسد ہونیکا بھی حکم نہیں دیا جائے گا۔ فتاویٰ عالمگیری میں ہے واما ترک المد ان کان لا یغیر المعنی بان قرأ اولئک بلا مد وانا اعطینٰک بدون المد، لا تفسد وان کان یغیر بان قرأ سواء علیہم بترک المد۔ وکذا فی قولہ دعاء ونداء، المختار انہا

لا تفسد کما فی ترک التشدید ھکذا فی الخلاصۃ ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

(۳) جب اس کا بدمذہب ہونا معلوم نہیں ہے تو اقتدا کر سکتے ہیں[عہ]۔ کسی شخص کا بدمذہب ہونا جب ہی معلوم ہو سکتا ہے کہ اس سے کوئی ایسی بات پائی جائے جس سے عقیدہ کا حال معلوم ہوتا ہے ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۹۹) آمدہ از طعواللہ ضلع گورداس پور براستہ قادیان مغلان مرسلہ سید عبد العزیز بخاری و سید عبد الغفور نقوی صاحبان

(۱) جس طعام پر اللہ تعالیٰ کا کلام پاک پڑھا گیا ہے، اگر اس کو کوئی حرام سمجھے اور خنزیر کے برابر کہے تو کیا ایسا شخص مسلمانوں کا امام ہو سکتا ہے ۔

(۲) کیا ایسے شخص کے ساتھ یا پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے ۔

الجواب (۱) ۔ ہرگز نہیں اسکے پیچھے نماز ناجائز بلکہ باطل محض ہے ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

(۲) ۔ اس کے ساتھ نماز نہ پڑھی جائے حدیث میں ہے ولا تصلوا معھم اور اس کے پیچھے نماز پڑھنا اپنی نماز کو باطل و برباد کرنا ہے ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۰۰) از شیش گڈھ ضلع بریلی مرسلہ عبد اللطیف صاحب ۔

جو شخص پیچھے بند السٹر نیچا کوٹ پہن کر نماز پڑھے یا پڑھائے تو اسکی نماز ناجائز ہے یا امام ہونا جائز ہے، یا سیاہ خضاب کر کے امامت کرے تو امامت اسکی ناجائز ہے ۔ ؟

الجواب ۔ اگر وہ کوٹ اس قسم کا ہے جو کفار اور فجار کی خاص وضع میں شمار کیا جاتا ہو تو اس کو پہننے کر احتراز چاہئے، خصوصاً نماز میں وہ بھی حالت امامت میں، سیاہ خضاب کی احادیث میں ممانعت آئی ہے، فرمایا غیروا الشیب واجتنبوا السواد۔ اگر سیاہ خضاب کا عادی ہو تو اس کی امامت مکروہ تحریمی ہے ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۰۱) مرسلہ محمد یعقوب صاحب بنارس محلہ کمن گڑھا ۲۱ ر ذی الحجہ ۶۶ھ

[عہ] یہ حکم اس بنا پر ہے کہ اصل اسلام اور سنی ہونا ہے ۔ اسلئے جبتک بدعقیدگی کی کوئی بات ظاہر نہ ہو سنی مسلمان ہی مانیں گے ۔ تقاضائے احتیاط یہ ہے کہ کسی اجنبی کو امام نہ بنایا جائے ۔ اسلئے کہ اگر یہ واقعی بدمذہب ہے اور بعد میں پتہ چلا تو نمازوں کو پھر پڑھنا پڑے گا ۔ نیز ہر کسی کو امام بنانا کیا ضرور اگر کوئی سنی ہی مگر قرآن مجید صحیح نہیں پڑھتا یا ارکان صحیح نہیں ادا کرتا یا وضو صحیح نہیں کرتا تو اسکے پیچھے نماز درست نہیں ۔ اسلئے امام اسی کو بنایا جائے جس کا عقیدہ معلوم ہو، یہ بھی معلوم ہو کہ نہ عقیدے میں خرابی ہے اور نہ اور کوئی ایسی خرابی ہے جسکی وجہ سے اسکی اقتدا میں خلل پڑ سکتا ہے ۔ یہ بنظر احتیاط ہے ورنہ اصل حکم وہی ہے جو فتوی میں مذکور ہے ۔ واللہ تعالیٰ اعلم ۔ امجدی

زید ولد الزنا ہے اور بعد بلوغ زنا بالجبر میں مبتلا بھی ہوا مگر اب زید مولوی کی صورت میں ہے اور کچھ علم دین بھی حاصل کر لیا ہے۔ لہٰذا ایسی صورت میں زید امامت کے لائق ہے یا نہیں۔ اور اگر نماز پڑھادے تو نماز درست ہے یا نہیں، دلیل قوی کے ہمراہ مرحمت فرمائیں۔ بینوا توجروا

الجواب - ولد الزنا کی امامت کے متعلق فقہائے کرام نے فرمایا کہ اس کی امامت مکروہ ہے اور اس کی وجہ یہ بتائی کہ اس کو علم سیکھنے کا موقع نہیں ملتا، کیونکہ اس کا کوئی باپ نہیں، جو اس کو تعلیم میں مشغول کرے اور جبکہ وہ شخص باوجود ولد الزنا ہونے کے علم حاصل کر چکا تو اسکی امامت میں کراہت نہیں مگر چونکہ زنا کے ساتھ متہم ہے تو جب تک تائب نہ ہو اسے امام نہ بنانا چاہیئے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۰۲) مسئولہ عبد الغفور سکریٹری صاحب انجمن اشاعت الحق بازار سدانند بنارس ۸ ربیع الاول

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں جو شخص افیون کا عادی ہو اسکو امام بنانا کیسا ہے اور اس کے پیچھے نماز کیسی ہے اور اس نے نماز پڑھادی تو اس کا مسجد میں اعلان کر دینا کہ ان کے پیچھے نماز نہ ہوئی دہرائی جائے تاکہ افیون کھانے سے بچے کیسا ہے۔

(۲) تمباکو پان وغیرہ میں کھانے والے کو امام بنانا کیسا ہے اور اس کے پیچھے نماز کیسی ہوگی۔

(۳) ایک شخص عالم دین امامت کرتا ہے اگر کسی وقت ان کو پانچ منٹ وضو کرنے میں یا رفع حاجت کی وجہ سے یا کسی اور ضرورت سے دیر ہوگئی اور وقت میں کافی گنجائش ہو تو ان کا انتظار کیا جائے یا نہیں۔

(۴) جو لوگ نماز کے وقت میں وسعت ہوتے ہوئے عالم دین کی موجودگی میں صرف پانچ منٹ کی تاخیر کی وجہ سے ایسے شخص کو امام بناتے ہیں جو نماز کے مسائل سے پوری طرح واقف نہ ہو، قرآن پاک صحیح نہ پڑھتا ہو، اسکو نماز پڑھانا اور پڑھوانا کیسا ہے۔

(۵) افیون کھانے والا یہ عذر کرے کہ ہم دوا کھاتے ہیں تو اس کا یہ عذر مقبول ہوگا یا نہیں۔ بینوا توجروا

الجواب - افیون کھانا ناجائز و گناہ ہے حدیث میں اس کی ممانعت آئی ہے نھی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عن کل مسکر و مفتر۔ مگر کسی دوا میں اتنی قلیل کہ اس کا اثر ظاہر نہ ہو اور حد تفتیر تک نہ پہونچے، جبکہ کھانے والا اس کے کھانے کی عادت کرے تو یہ فسق وکبیرہ ہے اور اعلان کے ساتھ ہو تو وہ فاسق معلن۔ اسکو امام بنانا ناجائز اور

اور اس کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی واجب الاعادہ، ایسی صورت میں اگر اعلان کر دیا گیا تاکہ لوگ اپنی نماز کو لوٹالیں، اور اس کو امام نہ بنائیں تو یہ اعلان جائز ہے، بلکہ اچھا اور مستحسن کہ مقصود اصلاح نماز ہے ـــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

(۲) ج تمبا کو کھانا یا پینا جائز ہے جبکہ اتنی زیادہ مقدار میں نہ کھائے جو حد تغیر کو پہنچے یا اس حقہ نہ پیئے جس سے غشی آجائے یا حواس میں فتور پیدا ہو اس کو امام بنانے میں کوئی حرج نہیں ـــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

(۳) ج امام معین کا انتظار کیا جائے گا بلکہ اگر اسکے بغیر آئے ہوئے کسی دوسرے نے جماعت قائم کر دی اور وہ آکر اس جماعت میں شریک نہ ہوا تو یہ جماعت ، جماعت اولیٰ نہیں۔ جماعت اولیٰ وہی ہوگی جسکو امام معین قائم کرے گا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

(۴) ج جو مسائل نماز سے واقف نہیں، اور قرآن مجید صحیح نہیں پڑھتا ہے اسکو امام بنانا درست ہی نہیں، بلکہ اسکے پیچھے نماز نہ ہوگی جبکہ اس نے حروف کی ادا میں ایسی غلطی کی ہو، جس سے معنیٰ فاسد ہوتے ہوں۔ وقت کی قلت اور کثرت کا سوال اس وقت کیا جاسکتا ہے جبکہ اس کی نماز جائز و درست ہو، عالم دین جب وہاں کا امام معین ہو تو کسی دوسرے کو اگرچہ یہ دوسرا اعلم و افضل ہی نا جائز ہو بغیر اس امام معین کی اجازت کے اس افضل کو بھی امام بنانا منع ہے، نہ کہ ایسے کو جو مسائل نماز سے واقف نہیں اور قرآن مجید بھی صحیح نہ پڑھتا ہو۔ حدیث میں ارشاد ہوا لا یؤمن الرجل فی سلطانہ ولا یقعد فی بیتہ علیٰ تکرمتہ الا باذنہ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

(۵) ج جب کسی معجون یا گولیوں میں افیون کی ایک قلیل مقدار شامل کی گئی کہ ایک خوراک میں اتنی قلیل ہوگی جس سے افیون کے یہ ظاہری اثرات مترتب نہ ہوں تو اس دوا کا کھانا جائز ہے، مگر اس کو افیون کھانا نہیں کہا جاتا، اور جب منفرد ہی کھائی جائے تو ناجائز ہے[۱]، اگرچہ دوا کے طور پر ہو ـــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۰۳) مسئولہ مولوی احسان علی طالب علم مدرسہ اہلسنت ۱۳ رجادی الاولیٰ سنہ ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین مسائل ذیل میں :-

(۱) طاق داندر محراب کے مقتدی کھڑا ہو کر نماز پڑھ سکتا ہے، جا ہے جگہ اور ہو یا نہیں، فی ذر دو دو یا تین تین کھڑے ہوں، اور پیچھے مکمل صف ہو، جائز ہے یا نہیں، عیدین وغیرہ میں۔

(۲) دو آدمی ایک ساتھ نماز پڑھتے ہوں، اگر اُسی کے ساتھ تیسرا مل جائے تو بعدہٗ پھر جو تھا مل جائے تو ان دونوں صورتوں میں نماز ہوگی یا نہیں، اگر آگے امام کے بڑھ جانے کی جگہ نہ ہو، اور مقتدی اس قابل نہ ہو کہ پیچھے لے آئے، تو

[۱] جب کہ اتنی ہو کہ اس سے حواس میں فتور پیدا ہو جائے ۔۔ تنہا افیون کھانے والے حواس میں فتور پیدا کرنے کیلئے کھاتے ہیں، اور ادنیٰ مقدار میں مزید کھاتے ہیں کہ فتور حواس پیدا ہو اسلئے یہ حکم تحریر فرمایا، واللہ تعالیٰ اعلم ۔ امجدی

اس چوتھے کو پیچھے تنہا کھڑا ہونا چاہئے یا نہیں۔

الجواب (۱) ۔ اگر محراب اتنی وسیع ہو کہ اسمیں امام کے پیچھے ایک صف ہو سکتی ہے، اور امام محراب میں کھڑا ہوا تو مقتدی بھی محراب میں کھڑے ہوں گے تو نہ امام کا تنہا محراب میں کھڑا ہونا بے ضرورت مکروہ ہے۔ اور ضرورت ہو کہ آدمیوں کی کثرت ہے، اور محراب کے اندر امام کھڑا ہوگا تو گنجائش نکل آئیگی، ایسی صورت میں امام کے تنہا کھڑے ہونے میں بھی کراہت نہیں، درمختار میں ہے فلو قاموا على الرفوف والامام على الارض او في المحراب لضيق المكان لم يكره كما لو كان معه بعض القوم في الاصح وبه جرت العادة في جوامع المسلمين ۔ ردالمحتار میں ہے قوله فلو قاموا الخ تفريع على عدم الكراهة عند العذر في جمعة وعيد. قال في المعراج وذكر شيخ الاسلام انما يكره هذا اذا لم يكن من عذر اما اذا كان فلا يكره كما في الجمعة اذا كان القوم على الرف وبعضهم على الارض لضيق المكان۔ وحكى الحلواني عن ابي الليث لا يكره قيام الامام في الطاق عند الضرورة بان ضاق المسجد على القوم اھ قوله كما لو كان الخ محترز قوله وانفراد الامام على الدكان۔ قال في البحر قيد بالانفراد لانه لو كان بعض القوم مع الامام فقيل يكره. والاصح لا. وبه جرت العادة في جوامع المسلمين في اغلب الامصار كذا في المحيط اھ وظاهره انه لا يكره ولو بلا عذر والدكان داخل فيما قبله تامل. اور بلا ضرورت مقتدیوں کو دروں میں کھڑا ہونا مکروہ ہے کہ قطع صف ہے، اور قطع صف ممنوع، حدیث میں ارشاد فرمایا، من وصل صفا وصله الله ومن قطع صفا قطعه الله

ج (۲) جب ایک مقتدی ہے تو امام کے برابر داہنی جانب کھڑا ہو، پھر جب دوسرا شامل ہوا تو امام آگے بڑھ جائے، یا مقتدی پیچھے ہٹ جائے، اور اگر یہ بھی امام کے برابر کھڑا ہو گیا، تو نماز مکروہ تنزیہی ہوئی، اور اگر قعدہ اخیرہ میں یہ دوسرا مقتدی شامل ہونا چاہتا ہے، تو بائیں جانب بیٹھ جائے، کہ نہ امام آگے بڑھ سکتا ہے، نہ مقتدی پیچھے ہٹ سکتا ہے، اور اگر تیسرا مقتدی اور شامل ہونا چاہتا ہے، اور امام کے داہنے بائیں دو مقتدی ہیں، اور یہ بھی برابر میں کھڑا ہوا، تو مکروہ تحریمی ہے بلکہ اگر امام نہ آگے بڑھے نہ مقتدی پیچھے ہٹیں، تو یہ تنہا پیچھے کھڑا ہو جائے، کہ مجبوری ہے۔ درمختار میں ہے ويقف الواحد محاذيا ليمين امامه على المذهب فلو وقف عن يساره كره اتفاقا والزائد يقف خلفه فلو توسط اثنين كره تنزيها وتحريما لو اكثر۔ طحطاوی علی الدر میں ہے كره تحريما لو اكثر لترك الواجب دل على ذالك قوله في الهداية في وجه كراهة امامة النساء لانها لا تخلو عن ارتكاب محرم وهو قيام الامام وسط الصف ۔ ردالمحتار میں ہے اذا اقتدى بامام فجاء اخر

تنزیہی کما فی النہار۔ امجدی

واللہ تعالیٰ اعلم

بتقدم الامام موضع سجودہ۔ کذا فی مختارات النوازل۔ وفی القہستانی عن الجلابی ان المقتدی یتأخر عن الیمین الی خلف اذا جاء آخر اھ۔ وفی الفتح ولو اقتدی واحد بآخر فجاء ثالث یجذب المقتدی بعد التکبیر ولو جذب التکبیر لا یضرہ وقیل یتقدم الامام اھ ومقتضاہ ان الثالث یقتدی متأخرا ومقتضی القول بتقدم الامام انہ یقوم بجنب المقتدی الاول والذی یظھر انہ ینبغی للمقتدی التأخر اذا جاء ثالث فان تأخر والاجذبہ الثالث ان لم یخش افساد صلاتہ فان اقتدی عن یسار الامام یشیر الیھما بالتأخر وھو اولیٰ من تقدمہ لانہ متبوع ولان الاصطفاف خلف الامام من فعل المقتدین لا الامام فالاولیٰ ثباتہ فی مکانہ وتأخر المقتدی ویؤیدہ مافی الفتح عن صحیح مسلم قال جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سرت مع النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی غزوۃ فقام یصلی فجئت حتی قمت عن یسارہ فاخذ بیدہ فادارنی عن یمینہ فجاء ابن صخر حتی قام عن یسارہ فاخذ بیدیہ جمیعاً فدفعنا حتی اقامنا خلفہ اھ۔ وھذا کلہ عند الامکان والا تعین الممکن۔ والظاھر ایضاً ان ھذا اذا لم یکن فی القعدۃ الاخیرۃ والا اقتدی الثالث عن یسار الامام لا تقدم ولا تأخر۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۰۴) مسئولہ مولوی امام بخش طالب علم درجہ اولیٰ مدرسہ اہلسنت ۱۵ جمادی الاولیٰ ۱۳۳۷ھ

(۱) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ نماز فجر کا وقت موجود ہے، اور لوگ جماعت کے منتظر ہیں ایک شخص نے اس خیال سے کہ جماعت ہونے تک نماز کا وقت نہ رہیگا، تنہا فرض پڑھ لیا، اس کے بعد جماعت کھڑی ہوئی، وہ شخص جماعت میں شریک ہو سکتا ہے یا نہیں۔

(۲) مسجد میں دوڑ کر جماعت میں شریک ہونا کیسا ہے۔

الجواب (۱) جب اس نے فرض پڑھ لئے، تو اب جماعت میں شامل ہونا جائز نہیں، کہ اب جو پڑھے گا نفل ہے اور نماز فجر کے بعد نفل ناجائز۔ درمختار میں ہے وکذا الحکم من کراھۃ نفل بعد طلوع فجر سوی سنتہ، بلکہ حکم یہ ہے کہ یہ شخص مسجد سے چلا جائے، اگرچہ اقامت ہو چکی ہو، کہ جماعت میں شریک ہونا بھی ناجائز ہے، اور بیٹھے رہنا ایسے وقت ٹھہرنا بھی ناجائز۔ درمختار میں ہے من صلی الفجر والعصر والمغرب فیخرج مطلقا وان اقیمت لکراھۃ النفل بعد الاولیین وفی المغرب احد المحظورین، البتیراء او مخالفۃ الامام بالاتمام وفی النھر ینبغی ان یجب خروجہ

لان کراھۃ مکثہ بلاصلوۃ اشد ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

(۲) دوڑ کر نہ چلے، اگرچہ رکعت جاتی رہنے کا خیال ہو، اب جو ملے پڑھ لے اور جتنی رکعتیں فوت ہوگئیں انھیں بعد میں پڑھ کے پوری کرلے، حدیث میں ارشاد فرمایا اذا اقیمت الصلوۃ فلا تأتون تسعون وأتوھا تمشون وعلیکم السکینۃ فما ادرکتم فصلوا وما فاتکم فاتموا (رواہ البخاری ومسلم عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ) وفی روایۃ المسلم، فان احدکم اذا یعمد الی الصلوۃ فھو فی صلاۃ جب نماز قائم ہوجائے تو دوڑ کر نہ آؤ، بلکہ چل کر آؤ اور اطمینان اپنے اوپر لازم رکھو، جو امام کے ساتھ ملجائے پڑھ لو اور جو جاتی رہے اُسے پوری کرلو کہ جب کوئی شخص نماز کا قصد کرتا ہے تو وہ نماز میں ہے ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۰۵) مرسلہ مولوی عبدالکریم صاحب از چتور گڑھ علاقہ اودیپور میواڑ ۵ رجمادی الاخریٰ ۱۳۴۲ھ

اگلی صف میں تین چار مرد کھڑے ہیں، اور لڑکے پوری صف کے ہیں، اور جماعت ختم ہونے تک اور مرد آکر ملنے والے ہیں، ایسی صورت میں کیا کرنا چاہئے، اگر لڑکے صف اول کو پورا کرتے ہیں تو پیچھے مردوں کو آکر کھڑا ہونا پڑتا ہے، اور جگہ خالی چھوڑتے ہیں تو لڑکوں کے آگے یا صف چیر کر مردوں کو آنا پڑتا ہے، ورنہ اگلی صف میں جگہ چھوڑ کر مردوں کو لڑکوں کے پیچھے صف لگانا پڑتا ہے، کیا کرے۔

الجواب:- لڑکے اپنی دوسری صف لگائیں اور بعد میں آنے والے مرد صف چیر کر یا کنارے کچھ جگہ ہو تو اُدھر سے آکر صف اول میں شامل ہوں، اگرچہ بچوں کے آگے سے گذرنا پڑے، لان الصف الاول لاحق فیہ للصبیان وسترۃ الامام سترۃ لمن خلفہ ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۰۶) مسئولہ جناب ثابت علی صاحب از ٹانڈہ (فیض آباد) ۱۸ رصفر المظفر ۱۳۴۲ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین دریں مسائل بینوا بسند الکتاب وتوجروا عند اللہ بغیر حساب

(۱) محراب کی کیا تعریف ہے۔

(۲) امام جماعت اولیٰ مسجد کے صحن میں محراب کے سامنے نماز پڑھاتا ہے، نماز مکروہ ہوتی ہے یا نہیں۔

(۳) بعد جماعت امام کو کس طرف ہٹ کر سنت ادا کرنی چاہئے۔

(۴) ایک مسجد میں تین شخص آئے ایک امام بنا، دو مقتدی، اور محراب کے نزدیک نماز ادا کئے بعدہ بتیس آدمی

مع امام راتب آئے اب اس امام کو محراب کے نزدیک یا محراب کے سامنے دور ہوکر نماز پڑھنا چاہئے یا نہیں۔

الجواب (۱) حقیقۃ محراب وسطِ مسجد کا نام ہے، اور یہ طاق معروف چونکہ وسط میں بنایا جاتا ہے اس لئے اُس کو محراب کہتے ہیں، مبسوط پھر معراج پھر ردالمحتار میں ہے السنۃ ان یقوم فی المحراب لیعتدل الطرفان۔ اور حدیث میں ارشاد ہوا توسطوا الامام وسدوا الخلل۔ امام کو بیچ میں رکھو اور کشادگی کو بند کرو! اس ارشاد کی تعمیل اصل مقصود ہے۔ درمختار میں ہے ویقف وسطاً لہٰذا مسجد کے جس حصہ میں اندر یا باہر نماز ہو امام ایسی جگہ کھڑا ہو کہ وسط صف کے محاذی ہو کہ ارشاد حدیث پر عمل ہو۔　　واللہ تعالیٰ اعلم

(۲) صحن مسجد مسجد صیفی ہے، اگر جماعت صحن میں قائم ہو تو اُسی ارشاد حدیث و فقہ پر عمل کرے۔ کہ وسط صف کے محاذی کھڑا ہو، عالمگیری میں ہے وینبغی للامام ان یقف بازاء الوسط فان وقف فی میمنۃ الوسط او فی میسرتہ فقد اساء لمخالفۃ السنۃ، ھکذا فی التبیین۔ اگر وسط صف محراب معروف کے محاذی ہو، تو وہی جگہ ہے ورنہ اندرونی محراب کی محاذات نہیں لیجائیگی، کہ وسط میں قیام نہ ہوگا، اور وسط میں قیام نہ ہوگا تو کراہت ہے ورنہ نہیں، اور کراہت بھی اسی صورت میں ہے، کہ امام راتب جماعت کثیرہ کے ساتھ نماز پڑھاتا ہو، کہ وسط مسجد میں اگر کھڑا نہ ہو تو صف کے وسط میں نہیں ہوگا کہ اُسی صورت میں ترک سنت ہے، ورنہ کراہت کی کوئی وجہ نہیں، ردالمحتار میں ہے والظاھر ان ھٰذا فی الامام الراتب لجماعۃ کثیرۃ لئلا یلزم عدم قیامہ فی الوسط فلو لم یلزم ذالک لایکرہ تامل اھ اقول ولعلہ اشارۃ الی ان الامام لو لم یقف فی الوسط لقلۃ الجماعۃ ثم بعد الشروع اجتمع الناس وکمل الصف فلزم عدم توسط الامام وھو مکروہ وخلاف السنۃ ففی ھٰذہ الصورۃ وان لم یکن الکراھۃ فی الحال لکن یلزم فی المآل۔　　واللہ تعالیٰ اعلم

(۳) سلام کے بعد امام کو چاہئے کہ اپنی جگہ سے ہٹ کر سنت یا نفل پڑھے داہنے بائیں آگے پیچھے جو چاہے اختیار کرے، درمختار میں ہے ویکرہ للامام التنفل فی مکانہ۔ عالمگیری میں ہے ولا یتطوع فی مکان الفریضۃ ولکن ینحرف یمنۃ ویسرۃ او یتاخر وان شاء رجع الی بیتہ یتطوع فیہ۔　　واللہ تعالیٰ اعلم

(۴) مسجد محلہ میں اگر کچھ لوگ امام راتب سے پہلے جماعت کرکے پڑھ گئے، تو اُن کی جماعت، جماعت اولیٰ نہیں، جماعت اولیٰ یہ ہے جو امام راتب پڑھائیگا، اور اس صورت میں محراب سے ہٹ کر امام کو کھڑے ہونے کی کوئی وجہ نہیں، بلکہ محراب

میں کھڑا ہو یعنی وسط میں کما ھو مفھوم کلام العلامۃ الشامی المار ـــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۰۷) مسئولہ سید فرزند علی صاحب محلہ ملوکپور بریلی ۱۰ رجادی الاولیٰ ۱۳۴۳ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ جو کوئی صف پوری ہونے کے بعد آئے تو وہ کسی دوسرے کو کیسے اپنا شریک کرے گا نیت باندھ کر یا بغیر نیت باندھے ہوئے۔ بینوا توجروا

الجواب - جب صف پوری ہونے کے بعد کوئی شخص آیا تو انتظار کرے، اگر کوئی دوسرا آجائے، تو دونوں صف کے پیچھے کھڑے ہو جائیں، اور اگر کوئی دوسرا نہ آیا، یہانتک کہ رکوع کا وقت آگیا، تو جماعت میں سے اس شخص کو کھینچنے کا اشارہ کرے جسے اس مسئلہ کا علم اسکے خیال میں ہو، وہ پیچھے ہٹ جائے تو اس کے ساتھ کھڑا ہو، ورنہ تنہا کھڑا ہو جائے، ناواقف کو نہ کھینچے کہ وہ اپنی نماز کھو بیٹھے گا، ردالمحتار میں ہے ان وجد فی الصف فرجۃ سدھا والا انتظر حتی یجیٔ اٰخر فیقفان خلفہ وان لم یجیٔ حتی رکع الامام یختار اعلم الناس بھٰذہ المسئلۃ فیجذبہ ویقفان خلفہ ولو لم یجد عالما لما یقف خلف الصف بحذاء الامام للضرورۃ اور اگر کسی کو پیچھے ہٹنے کا اشارہ کیا تو تکبیر تحریمہ سے قبل اور بعد دونوں صورتیں جائز ہیں، فتاویٰ عالمگیری ص۹۳ میں ہے قام عن یمین الامام فجاء ثالث وجذب المؤتم الیٰ نفسہ قبل ان یکبر للافتتاح حکی عن الشیخ الامام ابی بکر طرخان انہ لاتفسد صلاۃ المؤتم جذبہ الثالث الی نفسہ قبل التکبیر او بعدہ کذا فی المحیط وفی الفتاوی العتابیۃ ھو الصحیح کذا فی التاتارخانیۃ ـــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۰۸) مسئولہ مولوی آفتاب الدین متعلم مدرسہ اہلسنت والجماعت بریلی شریف ۲۵ جمادی الاولیٰ ۱۳۴۳ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ سجدۂ سہو کے تشہد میں اقتدا صحیح ہے یا نہیں، مع دلائل ارشاد فرمائیں۔

الجواب - اقتدا صحیح ہے کہ ابھی تک وہ اُسی نماز میں ہے خارج نہیں ہوا، بلکہ وہ مصلی جسپر سجدۂ سہو واجب ہوا، اگر بقصد خروج من الصلوٰۃ سلام پھیر دے جب بھی بالکل نماز سے خارج نہ ہوا، بلکہ اس کا خروج موقوف ہے اگر سجدہ سہو کر لیا، نماز میں آگیا ورنہ باہر ہو گیا جبکہ کوئی منافی صادر ہوا ہو، اور پہلی صورت میں اگر کسی نے اس کی اقتدا کی تو صحیح ہے، درمختار میں ہے سلام من علیہ سجود سھو یخرجہ من الصلوٰۃ خروجا موقوفا ان سجد عاد الیھا والا لا وعلی ھٰذا فیصح الاقتداء بہ، نیز اُسی میں ہے ویسجد للسھو ولو مع سلامہ ناویا للقطع لان نیۃ تغییر المشروع لغو مالم یتحول عن القبلۃ او یتکلم ـــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۰۹) مرسلہ رضا حسن صاحب از موضع چھپیا ڈاکخانہ اوترلہ ضلع گونڈہ ۲۴ ذی الحجہ ۱۳۴۲ھ

حنفیوں کی جماعت میں اگر وہابی غیر مقلد شریک ہو کر نماز پڑھیں تو کیا حنفیوں کی نماز میں کوئی نقصان تو نہیں ہوگا

الجواب ۔ غیر مقلدین پر بوجوہ کثیرہ کفر لازم، اس کا بیان کوکبہ شہابیہ و رسالہ النہی الاکید میں دیکھئے۔ لہٰذا ان کا جماعت اہلسنت میں شامل ہونا قطع صف ہوگا اور یہ مکروہ۔ وہو تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۱۰) مرسلہ مولوی عبد العزیز خانصاحب از ذکریا اسٹریٹ کلکتہ ۲ محرم الحرام ۱۳۴۳ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ نماز عید میں پچاس قدم آگے اور پچاس قدم پیچھے ایک ہی وقت میں دو جماعتیں ہو سکتی ہیں یا نہیں۔ ایک امام معین ہو دوسرا غیر معین۔ بینوا توجروا

الجواب ۔ نماز عید کے لئے بھی امام شرط ہے جس طرح جمعہ کیلئے اور امام سلطان اسلام ہوگا یا اس کا نائب یا قاضی اور جہاں یہ نہ ہوں تو عام لوگوں نے جس کو امام مقرر کر لیا ہو، وہ نماز پڑھائیگا۔ صورت مسئولہ میں جبکہ امام معین موجود ہے پھر دوسرے امام کو قائم کرنے کی کوئی ضرورت نہیں، لہٰذا امام معین نے جو پڑھایا ہے وہی صحیح ہے اور دوسری جماعت ناجائز [عہ] واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۱۱) مسئولہ حافظ علی احمد خاں صاحب بریلی محلہ جسولی، ربیع الآخر ۱۳۴۳ھ۔

نماز مغرب کے علاوہ اور وقتوں کی نماز میں مقتدی وضو کرتے رہ جاتے ہیں، روزمرہ کے نمازی، اس حالت میں امام کو دس پانچ منٹ تک توقف کرنا کہ وضو کرنے والے بھی شریک جماعت ہو جائیں، اور تکبیر اولیٰ میں شریک ہو جائیں جائز ہے یا نہیں۔

الجواب ۔ اس انتظار میں کچھ حرج نہیں کہ اعانت علی البر ہے قال اللہ تعالیٰ تعاونوا علی البر والتقویٰ۔ غنیہ میں ہے وینبغی للمؤذن ان ینتظر الناس وان علم بضعیف مستعجل اقام له، ہاں رئیس کا اسکی ریاست کیوجہ سے انتظار نہ کرے، اسی میں ہے ولا ینتظر رئیس المحلة لان فیه ریاء وایذاء لغیرہ۔ مگر لوگوں کو چاہئے کہ خواہ مخواہ دیر نہ کریں جس کی وجہ سے اور نمازیوں پر گرانی ہو، اگر اتفاقاً دیر ہو جائے تو اور بات ہے، مگر بعض لوگ قصداً آنے میں دیر کرتے ہیں، ان کا مقصود تکبیر اولیٰ ملنا ہوتا تو دیر نہ کرتے، بلکہ یہ سمجھتے ہیں کہ پہلے جائیں گے تو دیر تک رہنا پڑیگا ایسوں کے لئے دیر کرنا کچھ مفید نہیں، بلکہ جتنی تاخیر کیجائے، یہ دیر میں آنا زیادہ کر دیں گے، کہ جلد نماز سے فارغ ہو کر چلدیں

عہ اس معنی کر کہ وہ سرے سے ہوگی ہی نہیں۔ اذا فات الشرط فات المشروط۔ ان لوگوں کے سر نماز عید کے چھوڑنے کا وبال ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ امجدی

الیسوں کے لئے تاخیر کچھ مفید نہیں کہ یہ جلد آنا اختیار نہ کریں گے، اور مقتدیوں پر انتظار گراں ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۱۲) مسئولہ حاجی ایوب صاحب از ٹمرنی ضلع ہوشنگ آباد ۲۰ رجادی الاولیٰ ۱۳۳۹ھ۔

نماز کا اعادہ کرنے والے کے پیچھے اقتدا درست ہے یا نہیں۔

الجواب ۔ اگر اعادہ نماز بربنائے ترک واجب ہے یعنی نماز مکروہ تحریمی ہوئی ہے، تو نیا مقتدی فرض پڑھنے والا اس کے ساتھ شریک نہیں ہوسکتا، کہ امام کا فرض ادا ہوچکا ہے، مگر چونکہ ناقص طور پر ادا ہوا اس لئے اس نقصان کو دفع کرنے کے لئے اعادہ کرتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۱۳) از کلکتہ ذکریا اسٹریٹ ۲۳ مرسلہ مولوی عبد العزیز خاں صاحب۔

(۱) فرض کے نماز کے بعد تجارتی ضرورت سے بغیر امام کے ہمراہ دعا مانگے چلا آنا کیسا ہے، کیونکہ دعا میں شامل ہونے سے لوگ سنتیں شروع کردیتے ہیں اور نکلنے کے لئے جگہ نہیں ملتی۔

الجواب ۔ امام کے ساتھ دعا میں شریک ہونا کچھ ضرور نہیں مگر بہتر ہے کہ جماعت کے ساتھ دعا کی جائے، کہ بنسبت تنہائی کے قبول ہونے کی زیادہ امید ہے اگر ضرورت ہو تو مختصر دعا کے بعد چلا جائے ختم دعا تک انتظار کی حاجت نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۱۴) از مارواڑ کوہامن سیٹی مرسلہ محمد عبد الشکور صاحب ۲۹ رجادی الاخریٰ ۱۳۴۲ھ

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم ط ۔ نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم ط

امّا بعد ۔ ما تقولون ایها العلماء الکرام فی ان المولوی امیر علی صاحب المرحوم المغفور مترجم الهدایة والفتاوی العالمگیریة کتب فی ترجمة الهدایة التی سماها بعین الهدایة فی ص ۳۳ ان اعادة الصلوٰة مکملة للصلوٰة التی ادّیت مع الکراهیة التحریمیة ولایجوز اقتداء الذی لم یکن مع الامام ابتدأ فما الوجه لعدم صحة الصلوٰة للمقتدی الجدید بینوا دلائله وبراهینه من کتب الحدیث والفقه الحنفی بیانا شافیا جزاکم الله تعالیٰ خیر الجزاء ۔

الجواب ۔ اعلم ان الاقتداء هو ربط صلوٰته بصلوٰة الامام فلابد له من ان تکون صلوٰة الامام متحدة بصلوٰة المقتدی بان تکون صلاتهما واحدة او تکون صلوٰة الامام متضمنة لصلوٰة المقتدی کاقتداء المتنفل بالمفترض فان الفرض مقید والنفل مطلق داخل فی المقیّد واذا عرفت هذا فاعلم ان الذی صلی الفرض مع ترک الواجب

فقد ادّی فرضہ لکن بترک الواجب صارت صلوٰتہ ناقصۃ ووجب علیہ الاعادۃ لجبر النقصان فلما استغل بالاعادۃ فھو لیس بمفترض لان الفرض سقط من ذمتہ بل ھو یتمّ ویکمّل الفرض ومن لم یصل الفرض یؤدّی فرضہ فلو اقتدیٰ بہ یلزم التغایر بین صلاتھما ولم یوجد معنی الاقتدیٰ ای الربط وایضا یلزم بناء الاقوی علی الاضعف وھو لا یجوز۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۱۵) از قصبہ فتح کھلڈا ضلع بلڈانہ سی پی مرسلہ محمد اسلم خاں ۱۲ رجب ۱۳۴۶ھ

ایک ہی مسجد میں ایک منبر پر جمعہ وعید کی دوسری جماعت ایک ہی امام یا کسی دوسرے سے ہو سکتی ہے یا نہیں

الجواب ۔ ایک مسجد میں جمعہ یا عید کی متعدد جماعتیں نہیں ہو سکتیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۱۶) از کچامن سٹی مارواڑ مرسلہ جناب محمد عبدالشکور صاحب ۱۴ رجب المرجب ۱۳۴۶ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین مسئلہ ہٰذا میں ہجڑا مرد ہے یا عورت، اگر مرد ہے تو اسکو نماز میں مردوں کی پہلی یا دوسری یا تیسری صف میں کھڑے ہونے میں کیا قباحت ہے اور اس کے مرنے پر مرد کی نماز جنازہ پڑھی جائے یا عورت کی حالانکہ درمختار کی عبارت سے یہ مرد ثابت ہوتا ہے، کتاب الحظر کے اخیر میں والخصی والمجبوب والمخنث الی الاجنبیۃ کالفحل الخ اس کو واضح طور پر حدیث اور فقہ کی کتابوں سے بیان فرمائیں۔ بینوا توجروا الیٰ یوم الحساب۔

الجواب ۔ جب ہجڑا مرد ہے اس کو عورت کیوں کر کہہ سکتے ہیں، جماعت میں یہ مردوں ہی کی صف میں کھڑا ہوگا، صف میں کھڑا ہونے سے منع نہیں کیا جاسکتا، رہا جنازہ اس میں مرد عورت کا کچھ فرق نہیں نہ یہ ضرور ہے کہ ۳ مرد ہو یا عورت اور اگر کوئی تخصیص کرنا ہی چاہے، تو اسے مرد تصور کرے کہ وہ مرد ہے، نیز جنازہ کی جو مشہور ومعروف متداول دعا ہے، وہ مرد عورت دونوں کے لئے یکساں ہے، پھر اس کے لئے بھی تخصیص کی حاجت نہیں ہاں اگر وہ دعائیں پڑھنا چاہے جن میں مذکر ومؤنث کے ضمائر کا اختلاف ہے، یا ہجڑا بچہ ہے تو ان صورتوں میں ان کے لئے مذکر کے صیغے پڑھے جائیں، درمختار کی صحیح عبارت یہ ہے والخصی والمجبوب والمخنث فی النظر الی الاجنبیۃ کالفحل یعنی عورت اجنبیہ کے جن مواضع کی طرف دیگر مردوں کو نظر کرنا حرام ہے انھیں بھی حرام کیونکہ ان میں بھی شہوت موجود ہوتی ہے جماع پر قادر ہوتے ہیں لہٰذا ان کو غیر اولی الاربہ میں داخل کر کے معاملہ نظر میں عورت کے حکم میں نہیں شمار کر سکتے، یہ مسئلہ عامہ کتب فقہ میں یونہی ہے اور یہی صحیح ہے اور جن علماء نے فحل کے حکم میں نہیں لیا ہے وہ صرف مسئلہ نظر الی الاجنبیۃ کے بارے میں لیتے ہیں باقی صف میں قیام کے

۳ مرد یا عورت کی خصوصیت نیت کی، بلکہ مطلق نیت نماز جنازہ کافی ہے

متعلق کسی نے بھی مردسے انھیں خارج نہیں کیا مخنث کے بارے میں ایک حدیث صحیح جس کو امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اپنے صحیح میں روایت کیاہے، یہ ہے عن ام سلمۃ ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان عندھا و فی البیت مخنث فقال المخنث لاخی ام سلمۃ عبد اللہ بن ابی امیۃ ان فتح اللہ لکما الطائف غدًا ادلک علی ابنتہ غیلان فانہا تقبل باربع وتدبر بثمان فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لاید خلن ھٰذا علیکم۔ مجبوب یا خصی کے متعلق مجھے اس وقت کوئی حدیث یاد نہیں اور ان کا حکم بھی وہی ہے جو مخنث کا ہے۔[عہ] ـــــــــــــــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۱۷) از بنارس محلہ کچی باغ مرسلہ نور الحق ولد منشی حاجی محمد حسن صاحب ۹ محرم الحرام ۴۷ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مسئلہ مندرجہ ذیل میں

کہ فتاویٰ رضویہ جلد دوم ص۴۹۹ میں بحوالہ شرح نقایہ لکھا ہے کہ درجہ بدلا ہوا ہونا خلاف سنت ہے مگر اس میں یہ عبارت نہیں ملتی لہٰذا اگر یہ مسئلہ کسی اور کتاب میں یا اسی کتاب میں لکھا ہو تو عبارت سے مطلع فرمایئے، بعض لوگ کہتے ہیں کہ کل مسجد ایک درجہ ہے، یہ صحیح ہے یا غلط۔

الجواب۔ امام ومقتدی کا مکان واحد ہونا شرط صحت اقتدا ہے یعنی اگر امام ایک مکان میں ہو اور مقتدی دوسرے میں تو اقتدا ہی صحیح نہیں، مسجد مکان واحد ہے اگر اسکے ایک حصہ میں امام ہو اور دوسرے میں مقتدی تو اسکو حقیقۃً اختلاف نہیں کہا جاسکتا اور نہ یہ مانع صحت اقتدا ہے مگر یہ کلام جواز وعدم جواز کے متعلق ہے، رہا یہ کہ ایسا کرنے میں کراہت بھی ہے یا نہیں اس سے اس کو تعلق نہیں کہ حکم صحت اقتدا سے یہ لازم نہیں کہ کراہت بھی نہ ہو۔ جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ کل مسجد ایک درجہ ہے اگر اس کا مطلب یہ ہے کہ مکان واحد ہے اس کے ہر حصہ میں اقتدا ہوسکتی ہے تو یہ صحیح ہے، اور یہ مطلب ہو کہ اگر امام ایک درجہ میں ہو اور تمام مقتدی دوسرے درجہ میں تو اس میں کراہت بھی نہیں کہ یہ درجات کا اختلاف اصلاً معتبر نہیں، تو غلط ہے کہ اگرچہ یہ حقیقۃً اختلاف مکان نہیں کہ مانع اقتدا ہو مگر اختلاف مکان سے اس کو مشابہت ہے اور یہ سبب کراہت ہے ہدایہ میں ہے ویکرہ ان یقوم فی الطاق لانہ یشبہ صنیع اھل الکتاب من حیث تخصیص الامام بالمکان محراب مسجد اگرچہ اسی حصۂ مسجد میں ہے پھر اسکو تخصیص مکان قرار دیکر مکروہ فرمایا تو اگر بالکل درجہ ہی بدلا ہو تو بدرجۂ اولیٰ تخصیص مکان ہوگی اور یہ صورت بھی مکروہ ہوگی، کفایہ شرح ہدایہ میں قال شمس الائمۃ رحمہ اللہ تعالیٰ وفیہ طریقان احدھما انہ

عہ مرقاۃ شرح مشکوٰۃ میں حدیث مذکور کے تحت ہے، ھٰذا یدل علی منع المخنث والخصی والمجبوب من الدخول علی النساء۔ واللہ تعالیٰ اعلم ۱۲ امجدی

اذا دخل الطاق صار ممتازا عن القوم فی المکان لانہ فی معنی بیت آخر وذالک صنیع اھل الکتاب والتشبہ بھم مکروہ والوجہ الثانی ماحکی عن الفقیہ ابی جعفر رحمہ اللہ تعالیٰ لانہ یشتبہ علی من عن یمینہ وعن یسارہ حالہ وقال شمس الائمۃ السرخسی رحمہ اللہ تعالیٰ من اختار الطریقۃ الاخیرۃ لم یکرہ عند علم الاشتباہ وان کان بمقام الامام فی الطاق بان کان علی جانبی الطاق فرجۃ ومن اختار الطریقۃ الاولیٰ قال یکرہ فی الوجھین جمیعا وقال ھذا ھو الوجہ۔ عنایہ میں ہے وانما اختار المصنف الوجہ الاول لانہ مطرد بخلاف الثانی اور امام بن ہمام رحمہ اللہ تعالیٰ مجرد محراب میں کھڑا ہونا سبب کراہت نہیں کہتے بلکہ اسوقت مکروہ کہتے ہیں جب وہ جگہ بلند ہو، مگر صاحب بحر نے اس پر اعتراض کر دیا کہ ظاہر الروایۃ میں مطلقا محراب میں کھڑا ہونا مکروہ ہے اور جو وجہ صاحب فتح نے بیان کی تھی، اس پر صاحب بحر نے وار کر دیا اور ظاہر یہی ہے کہ محرر المذہب سیدنا امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ جب اسکو مطلقاً ذکر فرماتے ہیں تو اسکی ایسی وجہ قرار دینا کہ بعض صورت میں کراہت ہو اور بعض صورت میں نہیں، صحیح نہیں۔ نیز انھوں نے یہاں جامع صغیر میں دو مسئلے بیان فرمائے ایک محراب میں کھڑا ہونا دوسرا بلند جگہ کھڑا ہونا، تو اگر صاحب فتح کی توجیہ صحیح مانی جائے تو لازم ہے کہ مسئلہ محراب کا ذکر بے فائدہ ہو کہ وجہ کراہت محراب نہ ہوئی بلکہ بلندی اور بلندی کا مسئلہ جب خود مذکور ہے تو محراب کے ذکر کی کیا حاجت، لہٰذا محراب میں کھڑے ہونے کی علت کراہت وہی امتیاز و تخصیص من حیث المکان ہے۔ صرح محمد فی الجامع الصغیر بالکراھۃ ولم یفصل فاختلف المشائخ فی سببھا فقیل کونہ یصیر ممتازا عنھم فی المکان لان المحراب فی معنی بیت آخر وذالک صنیع اھل الکتاب واقتصر علیہ فی الھدایہ واختارہ الامام السرخسی وقال انہ الاوجہ وقیل اشتباہ حالہ علی من فی یمینہ ویسارہ فعلی الاول یکرہ مطلقا وعلی الثانی لایکرہ عند علم الاشتباہ وایدالثانی فی الفتح بان امتیاز الامام مطلوب وتقدمہ واجب وغایتہ اتفاق الملتین فی ذالک وارتضاہ فی الحلیۃ وایدہ لکن نازعہ فی البحر بان مقتضی ظاہر الروایۃ الکراھۃ مطلقا وبان امتیاز الامام المطلوب حاصل بتقدمہ بلا وقوف فی مکان آخر ولھذا قال فی الولوالجیۃ وغیرھا اذا لم یضق المسجد عن خلف الامام لاینبغی لہ ذالک لانہ یشبہ تباین المکانین انتھی یعنی وحقیقۃ اختلاف المکان تمنع الجواز فشبھۃ الاختلاف توجب الکراھۃ والمحراب وان کان من المسجد فصورتہ وھیئتہ اقتضت شبھۃ الاختلاف اھ ملخصاً قلت ای لان المحراب انما بنی علامۃ لمحل قیام الامام لیکون قیامہ وسط الصف کما ھو السنۃ لا لان یقوم فی داخلہ فھو وان کان من بقاع المسجد لکن اشبہ مکانا آخر

مردو المحتار

فادرث الکراھۃ ۔ تبئین الحقائق میں ہے دانما کرہ لمافیہ من التشبہ باھل الکتاب من حیث تخصیص الامام بالمکان وحدہ وھذا لان المحراب یشبہ اختلاف المکانین خلاصہ یہ کہ قیام امام اندرون محراب مکروہ ہے اور وجہ کراہت بنا بر قول منصور یہ ہے کہ محراب اگرچہ مسجد ہے مگر اختلاف مکان سے اسے مشابہت ہے لہٰذا اسمیں کھڑا ہونا مشابہ اہل کتاب ہوا اور یہ مکروہ اور اگر درجہ بدلا ہو تو اس میں بھی یہی علت موجود تو خلاف سنت ہونا ظاہر یہاں شرح نقایہ موجود نہیں[عہ] مگر فہم مسئلہ کے لئے یہ عبارات کافی ہیں ، واللہ الموفق سواء السبیل وھو حسبی ونعم الوکیل ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۱۸) از ہوڑہ بالو تالاب مرسلہ جناب غلام نبی و محمد خدا دین ۶ ربیع الاول شریف ۴۷ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین ان مسائل میں کہ جذامی یا سفید داغ کو جماعت میں شامل ہونے سے کوئی حرج تو نہیں حکم کیا ہے ۔

الجواب ۔ جذامی یا سفید داغ والے کو مسجد میں آنا مکروہ ہے اور اگر آجائیں اور جماعت میں شامل ہوں ، تو نماز میں کوئی خرابی نہیں ، ردالمحتار احکام مسجد میں ہے والمجذوم والابرص اولیٰ بالالحاق ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۱۹) کھانسی یعنی دمہ والا جو منٹ منٹ پر آتی ہے جس کی وجہ سے قرارت سننا مقتدیوں کیلئے دشوار ہو ایسے شخص کو جماعت میں شامل کیا جاسکتا ہے ۔

الجواب ۔ کھانسی یا دمہ والے کو جماعت میں شامل ہونے سے روکنا ۔ اس کا کوئی جزئیہ نظر فقیر سے نہیں گذرا

واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۲۰) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ زید کے دروازے پر مسجد ہے اور وہ بلا وجہ جماعت ترک کرتا ہے اور مکان میں نماز پڑھ لیتا ہے ، اسکی نماز ہوتی ہے یا نہیں ، شرع شریف کا کیا حکم ہے ۔

الجواب ۔ جماعت واجب ہے اور اس کا ترک بلا وجہ شرعی گناہ خصوصاً ایسے شخص کے لئے کہ مسجد دروازہ پر ہے اسے مسجد ترک کرنا بہت معیوب ہے ایک حدیث میں آیا ہے لاصلوٰۃ لجار المسجد الا فی المسجد کہ ایسے کی نماز کامل نہیں ، مکان میں نماز ہوجاتی ہے باطل نہیں ہوتی ، مگر ترک جماعت کا گناہ ہوتا ہے ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

عہ فتاویٰ رضویہ جلد دوم ص۴۹۹ پر یہ ہے :- امام اور جملہ مقتدیوں کا درجہ بدلا ہوا ہونا خلاف سنت ہے کما فی شرح النقایہ ۔ شرح نقایہ دو ہے ، ایک برجندی کی دوسرے ملا علی قاری کی ۔ برجندی یہاں بھی نہیں ، ملا علی قاری کی شرح ہے ۔ اسمیں یہ ہے کہ (وکرہ تخصیص الامام بمکان) بان یکون الامام علی مکان مرتفع والقوم تحتہ وقدر بقامۃ الرجل وقیل بذراع وقیل بما یقع بہ الامتیاز وکذا یکرہ ان یکون الامام وحدہ قائما فی المحراب لان ذالک یشبہ فعل اھل الکتاب حیث یخصون امامھم بمکان علی حدۃ ۔ اس سے یہ حکم صاف واضح ہے کہ امام تنہا ایک درجہ میں ہو اور کل مقتدی دوسرے درجے میں ہوں تو کراہت ہے ۔ مگر غالباً اعلیٰحضرت قدس سرہٗ نے شرح نقایہ سے برجندی مراد لیا ہے ، اسلئے کہ ھذا الاطلاق ہی متبادر ہے ۔ واللہ تعالیٰ اعلم ۔ الامجدی

مسئلہ (۲۲۱) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ مسجد میں اس قدر آدمی ہیں کہ گنجائش باقی نہیں ایسی حالت میں در میں جماعت کھڑی ہو سکتی ہے یا نہیں۔ در جب خارج مسجد سمجھا جاتا ہے تو جب تک مسجد بھر نہ جائے در میں نہیں کھڑے ہو سکتے اور بلا وجہ امام در میں کھڑا ہو کر نماز پڑھائے تو نماز ہوگی یا نہیں۔

الجواب۔ دروں میں کھڑے نہ ہوں کہ مکروہ ہے ہاں اگر مصلیوں کی کثرت ہے کہ مسجد بھر گئی اور آدمی باقی ہیں تو دروں میں کھڑے ہوں کہ یہ کھڑا ہونا بضرورت ہے اور مواضع ضرورت مستثنٰی ہیں در خارج مسجد نہیں ہے اسمیں کھڑا ہونا اس وجہ سے مکروہ و ممنوع ہے کہ صف قطع ہوتی ہے اور یہ ممنوع ہے۔ امام کو در میں کھڑا ہونا خلاف سنت ہے اور نماز ہو جائیگی۔ ——— واللہ تعالٰی اعلم

مسئلہ (۲۲۲) از جے پور بیرون اجمیری دروازہ متصل مدرسہ تعلیم الاسلام مرسلہ حکیم عبد الناصر صاحب قادری ۸ جمادی الثانی ۳۹ھ ہجری

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص باوجود عالم ہونے کے قصداً اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ میں (ص) کے کسرہ کو فتحہ سے بدل دیتا ہے اور صراط الذین میں (ص) کے کسرہ کو ضمہ سے تبدیل کر دیتا ہے اور اسکو مضموم پڑھتا ہے، دریافت کرنے پر جواب دیتا ہے کہ میں (ص) اصل مخرج سے نکالنا چاہتا ہوں اور جو لوگ (ص) کو اصل مخرج سے ادا کرنے پر قادر نہیں، بالکسر پڑھتے ہیں، حالانکہ شخص مذکور تجوید سے نا واقف ہے۔ اسی طرح وہ عالم دین ہونے کے باوجود جماعت ثانیہ کو ناجائز بتاتا ہے حالانکہ مسجد شارع عام پر ہے اور دلیل میں علمائے دیوبند کا فتوٰی پیش کرتا ہے۔ کیا جماعت ثانیہ قطعاً منع ہے، اور ایسی مسجد میں جو شارع پر واقع ہو اور لوگ ہر وقت آتے جاتے رہتے ہوں

الجواب۔ بالقصد قرآن مجید کو غلط پڑھنا تبدیل کلمات اللہ ہے اور یہ حرام و سخت حرام بلکہ کفر ہے اور اس کا یہ کہنا کہ جو لوگ اصلی مخرج سے ادا کرنے پر قادر نہیں بالکسر پڑھتے ہیں بالکل غلط ہے۔ اس کا تو یہ مطلب ہوا کہ (ص) کو کسرہ پڑھا جا سکتا نہیں۔ لہٰذا یہ کسرہ غلط ہے تو قرارت متواترہ کو غلط بتاتا ہے اور یہ نرا جہل اور بددینی ہے مسجد محلہ[عہ] میں اذان و اقامت کے ساتھ جماعتِ ثانیہ کرنا مکروہ ہے اور راستہ کی مسجد میں یا جس مسجد میں امام و موذن مقرر نہ ہوں انمیں کراہت نہیں۔ درمختار میں ہے ویکرہ تکرار الجماعۃ باذان و اقامۃ فی مسجد محلۃ لا فی مسجد طریق او مسجد لا امام لہ ولا مؤذن۔ شارع عام

عہ اس مسئلہ کی مکمل تحقیق اور کامل توضیح اعلیٰحضرت امام احمد رضا قدس سرہ کے رسالہ "القطوف الدانیۃ عن احسن الجماعۃ الثانیۃ" میں ملاحظہ کریں۔ امجدی

کی مسجد جہاں لوگ ہر وقت آتے جاتے رہتے ہیں، اسمیں جماعت ثانیہ ہرگز مکروہ نہیں، بلکہ اس مسجد میں جماعت ثانیہ اذان و اقامت کے ساتھ جائز بلکہ افضل ہے، بلکہ مسجد محلہ میں بھی اگر بغیر اذان و اقامت جماعت ثانیہ ہیأت اولیٰ بدلکر قائم کیجائے تو کراہت نہیں، رد المحتار میں ہے، ویکرہ تکرار الجماعۃ فی مسجد محلۃ باذان واقامۃ الا اذا صلی بھا فیہ اولا غیر اھلہ واھلہ لکن بمخافتۃ الاذان ولوکرر اھلہ بدونہما اوکان مسجد طریق جاز اجماعاً کما فی مسجد لیس لہ امام ولا مؤذن ویصلی الناس فیہ فوجا فوجا فان الافضل ان یصلی کل فریق باذان واقامۃ علی حدۃ کما فی امالی قاضیخان نحوہ فی الدرر والمراد بمسجد المحلۃ مالہ امام وجماعۃ معلومون کما فی الدرر وغیرھا قال فی المنبع التقیید بالمسجد المختص بالمحلۃ احتراز من الشارع وبالاذان الثانی احتراز عما اذا صلی فی مسجد المحلۃ جماعۃ بغیر اذان حیث یباح اجماعاً اھ۔ دیوبندیوں کا فتویٰ قابل اعتبار نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۲۳) زید مسجد کے نزدیک رہتا ہے اور پنجوقتہ بلاناغہ اذان سنتا ہے مگر مسجد میں آکر فرضوں کو جماعت سے ادا نہیں کرتا بلکہ گھر میں پڑھتا ہے اور نہ کوئی شرعی عذر رکھتا ہے، اس کے لئے کیا حکم ہے۔

الجواب - مسجد میں فرض پڑھنا سنت اور جماعت واجب بلا وجہ شرعی ان کو ترک کرنے والا گنہگار۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۲۴) فجر ہی کی سنتوں کا یہ حکم ہے کہ اس صف پر نہ پڑھی جائے جس پر جماعت پڑھی جاتی ہو یا ہر سنت کا۔

الجواب - یہ حکم نہ فجر کی سنت کا ہے نہ دوسری سنتوں کا صف پر سنت پڑھ سکتے ہیں، ہاں جب جماعت کھڑی ہوجائے، اور گمان غالب ہو کر سنت پڑھکر جماعت میں شریک ہوسکتا ہے، تو فجر کی سنت دوسری جگہ علٰحدہ پڑھکر جماعت میں شامل ہو اور دوسری نمازوں میں سنت پڑھنے کی اجازت نہیں نہ اس جگہ نہ علٰحدہ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۲۵) مقتدی امام کے پیچھے نیت کرکے کھڑا ہوا جب مقتدی بیٹھنے لگا امام نے سلام پھیر دیا۔ مقتدی شامل جماعت ہوا یا نہیں۔ بینوا توجروا

الجواب - بیٹھنے سے قبل سلام پھیر دیا تو شامل جماعت نہ ہوا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ - (۲۲۶) محمد حبیب حسین صاحب و محفوظ الکریم بانکی پور دریاپور ۱۳ رجادی الاولیٰ ۵۷ سنہ

مقتدی اور امام کے لئے حَیَّ عَلَی الْفَلَاح پر کھڑا ہوجانا اور قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃ پر تحریمہ باندھ لینا ہر وقت

مستحب اور ضروری ہے یا کسی تعذر مثلاً صف بندی کی درستگی کی بنا پر ضروری اور مستحب نہیں۔ بینوا توجروا

الجواب۔ فقہائے کرام نے یہ حکم امام و مقتدی کے لئے مطلقاً بیان کیا ہے، اس قسم کی کوئی تقیید نہیں کی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اسمیں اور تسویہ صف میں کوئی منافات نہیں ہے اور بڑے بڑے شہروں اور بڑی مسجدوں میں بھی دیکھا جاتا ہے کہ اس حکم پر عمل کرنا تسویہ صف کے لئے مانع نہیں ہے۔ میں نے خود کلکتہ کی بڑی مسجد میں بارہا دیکھا ہے مقتدیوں کو چاہیے کہ پہلے سے درست ہو کر بیٹھیں، کہ دونوں حکموں پر عمل ہو۔ ہاں اگر تسویہ صف نہ ہوا ہو تو اسکی اہمیت کا لحاظ کرتے ہوئے تسویہ صف کیا جائے[1] اور اسکو ہرگز ترک نہ کیا جائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۲۷) مسئولہ مولوی عبدالکریم صاحب جیوڑی اراد پور میر توڑ مدرسہ اسلامیہ ۱۱ رجمادی الاولیٰ ۱۳۴۰ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ مسبوق جو قعدہ اخیرہ میں شامل ہوا، اور تشہد پورا کرنے سے قبل امام نے سلام پھیر دیا، تو تشہد پورا کرکے اُٹھے یا فوراً اور تشہد پورا کرنے کی کیا دلیل ہے، کتاب کے جزئیہ کی تصریح چاہیے۔ بینوا توجروا

الجواب۔ پورا تشہد پڑھ کے اُٹھے کہ ہر قعدہ بقدر تشہد اور قعدہ میں پورا تشہد واجب، تو اب واجب ہونیکے بعد کونسا مسقط پایا گیا کہ ساقط ہو، قعدۂ اولیٰ میں باوجود اس کے کہ مقارنت امام واجب تھی، مگر چونکہ دوسرے واجب کے معارض ہوئی، ساقط ہوئی، حالانکہ قعدہ اولیٰ کا وجوب خود مختلف فیہ ہے۔ اگرچہ اصح وجوب ہے، پھر بھی تشہد پورا کرنیکا حکم ہے، تو قعدۂ اخیرہ کہ فرض ہے اور فرائض میں امام کی متابعت واجب، لہٰذا یہ قعدہ اگرچہ بذاتہ اسپر نہ تھا، مگر متابعت امام سے واجب ہوگیا، اور ہر قعدہ میں تشہد واجب جیسا کہ کتب فقہ سے ظاہر، تو بغیر تشہد پورا کئے اٹھنا ترک واجب ہوگا کما ہو الظاہر۔ اور قعدہ اخیرہ میں تو فوراً اٹھنا سنت بھی نہیں، اگرچہ تشہد پڑھ چکا ہو، بلکہ مستحب یہ ہے کہ تاخیر کرے کہ ممکن ہے کہ امام کو سہو ہوا ہو، اور سجدہ سہو کرے، اور جب یہ ہے تو بغیر تشہد پورا کئے کیونکر اٹھنا جائز ہوگا۔ مسئلہ بہت واضح ہے، مگر آپ جزئیہ چاہتے ہیں، لہٰذا جزئیہ نقل کرتا ہوں:۔

شلبیہ علی الزیلعی میں ہے قال الفقیہ ابو اللیث فی النوازل اذا ترک الامام التشہد وقام او سلم فی اٰخر الصلوٰۃ المختار عندی انہ یتم تشہدہ وان لم یفعل اجزأہ . ورأیت فی موضع اٰخر المسبوق اذا فرغ الامام من قرأۃ التشہد ولم یفرغ ہو قیل یتم التشہد وقیل لا یتم لانہ انما یأتی بالتشہد ہٰہنا متابعۃ للامام وقد انقطعت المتابعۃ بسلام

---

[1] یعنی اقامت کے بعد، یہ مطلب نہیں کہ اثنائے اقامت میں کھڑے ہو کر صف درست کریں۔ امام کو چاہیے کہ صف سیدھی ہونے کا انتظار کرے۔ قد قامت الصلوٰۃ پر نماز شروع کرنے کا حکم استحبابی نہیں، یہ اجازت جواز کے درجے میں ہے۔ مستحب یہی ہے کہ اقامت پوری ہونیکے بعد نماز شروع کی جائے[2] ش

[2] ش موطا امام محمد میں ہے۔

الامام وقد قیل یتم لانه بمنزلة ذکر واحد فلو قطعه تبطل بخلاف تسبیحات الرکوع والسجود لان کل تسبیحة ذکر علی حدة اھ درمختار میں ہے بخلاف سلامه قبل تمام المؤتم التشهد فانه لایتابعه بل یتمه لوجوبه ولو لم یتم جاز۔ ردالمحتار میں ہے وشمل باطلاقه مالو اقتدیٰ به فی اثناء التشهد الاول او الاخیر فحین قعد قام امامه او سلم ومقتضاه انه یتم التشهد ثم یقوم ولم ارہ صریحا ثم رأیته فی الذخیرة ناقلا عن ابی اللیث المختار عندی انه یتم التشهد وان لم یفعل اجزأه اھ ولله الحمد۔ رہا یہ امر کہ جائز اور اجزأہ سے یہ دھوکا نہ ہو، کہ پڑھ لینا اولیٰ بہتر ہے، نہیں، نہیں، بلکہ یہ جواز مع کراہۃ التحریم ہے جیسا کہ ہم اوپر بیان کر آئے، کہ تشہد واجب ہے، تو اس کا ترک مفسد نماز نہیں، بلکہ نماز مکروہ تحریمی ہوگی، اور جواز بایں معنیٰ محاورہ فقہاء میں شائع، کما لایخفیٰ علی من تتبع کلماتهم، ردالمحتار میں اسی کی شرح میں فرمایا جاز ای صح مع کراهة التحریم کما افادہ ح پھر علامہ طحطاوی وغیرہ نے جو اس پر اعتراض کیا تھا، اس کا جواب دیا، اور آخر میں فرمایا قولهم لایتابعه یدل علی بقاء وجوب الاتمام وسقوط المتابعة تاکد ماشرح فیه علی مایعرض بعدہ وکذا ماقدمناہ عن الظهیریه وحینئذ فقولهم ولو لم یتم جاز معناہ صح مع الکراهة التحریمیة ویدل علیه ایضا تعلیلهم لوجوب التشهد اذ لو کانت المتابعة واجبة ایضا لم یصح التعلیل کما قدمناہ فتدبر وانا اقول وبالله التوفیق وان لم یکن الجواز مع کراهة التحریم فلا یکون الجواز لان فی القعدة الاولیٰ متابعة الامام واجبة وقد حکم الفقیه ابواللیث باتمام التشهد وترک المتابعة فبای وجه تسقط المتابعة ان لم یکن الاتمام واجبا ومعلوم ان السنن تترک وتسقط اذا عارضت المتابعة فکیف یعم الاتمام اذا لم یکن واجبا ——— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۲۸) مسئولہ آفتاب الدین طالب علم مدرسہ اہلسنت ۲۴ رجمادی الاخریٰ ۱۳۴۰ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ امام تشہد پڑھ رہا تھا اس صورت میں ایک شخص اگر حالت قیام میں اقتدا کر کے بیٹھنے کے لئے دونوں زانو زمین پر رکھا ہی تھا، کہ امام نے سلام پھیر دیا، اس شخص کی اقتدا درست ہوئی یا نہیں۔

الجواب ۔ اگر فوراً بلاتوقف امام نے سلام پھیر دیا تو اقتدا صحیح نہ ہوئی، کہ اقتدا کے لئے کسی جزء نماز میں مشارکت ضرور ہے۔ ردالمحتار میں ہے انها اتباع الامام فی جزء من صلاته ——— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۲۹) از قصبہ فتح کھلڈا ضلع بلڈانہ سی پی مرسلہ محمد اسلم خاں ۱۲ رجب ۱۳۴۶ھ۔

تنہا آدمی یا مسبوق اپنی باقی نماز جہر سے پڑھے یا آہستہ۔

الجواب - منفرد آدمی جہر سے پڑھ سکتا ہے بلکہ اولیٰ ہے کہ اگر دوسرا شخص آگیا تو اس کے ساتھ شریک ہو جائیگا اور دونوں کو جماعت کا ثواب ملے گا۔ مسبوق جہر سے نہ پڑھے کہ دوسروں کو دھوکا ہوگا اور اسے منفرد سمجھ کر شریک ہو جائینگے۔

مسئلہ (۲۲۹) از چوری پٹی دیناج پور مرسلہ جناب حاجی شیخ عظیم اللہ انصاری صاحب کیراف شیخ فصیح اللہ عاشق علی انصاری ۵ رصفر المظفر ۱۳۴۸ھ ہجری

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ مسبوق نے چار رکعت والی فریضہ نماز کی آخری رکعت میں شرکت کی دریں صورت امام کے سلام پھیرنے کے بعد جو تین رکعت نماز اسے ادا کرنی ہے ان میں کے رکعتوں میں بعد سورہ فاتحہ سورہ ضم کریگا، موافق حکم خدا ورسول واضح طریق پر بیان فرمائیں۔

الجواب - ان تین میں سے دو پہلی میں ضم سورہ واجب ہے اور ان میں کی پہلی کے بعد قعدہ کرے کہ قعدہ دو رکعت پر ہوتا ہے اور اسکی دو رکعتیں ہو چکیں، فتاویٰ عالمگیری میں ہے انه یقضی اول صلاته فی حق القرأة و اٰخرها فی حق التشهد حتی لوادرك ركعة من المغرب قضى ركعتين و فصل بقعدة فيكون بثلث قعدات وقرأ فی كل فاتحة وسورة ولو ترك القرأة فی احدهما فسدت ولوادرك ركعة من الرباعية فعليه ان يقضی ركعة يقرأ فيها الفاتحة والسورة ويتشهد ويقضی ركعة اخرى كذلك ولا يتشهد - واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۳۰) اگر مسبوق امام کو رکوع میں پائے تو کس طرح تکبیر تحریمہ کہکر رکوع ادا کرے اور اگر رکوع فوت ہونے کا خوف ہو تو کس طرح امام کی متابعت کی جائے۔

الجواب - اگر امام کو رکوع میں پایا تو سیدھا کھڑا ہونے کی حالت میں تکبیر تحریمہ کہے پھر دوسری مرتبہ اللہ اکبر کہتا ہوا رکوع میں جائے اگر تکبیر تحریمہ کہتا ہوا رکوع میں چلا گیا یعنی تکبیر اس وقت ختم ہوئی کہ حد رکوع تک پہنچ گیا ہے کہ ہاتھ بڑھائے تو گھٹنوں تک پہنچ جائیں تو نماز جاتی رہی پھر سے ادا کرے کذا فی المختار وغیرہ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۳۱) مرسلہ عزیزی مولوی غلام یزدانی سلمہٗ از جد چھوٹا رواڑ ۵ رصفر ۱۳۵۹ھ

فرض نماز میں نقصان آیا اور نماز اعادہ کی گئی اس نماز میں وہ شخص شریک ہو سکتا ہے یا نہیں جس نے فرض نہیں پڑھا یعنی نیا مقتدی شامل ہو سکتا ہے یا نہیں اور یہ نماز خالی پڑھی جائیگی یا اسکی سب رکعتیں بھری پڑھی جائیں، اور جہری

نماز ہو اور جماعت کے ساتھ اعادہ کیا جائے تو جہر کیا جائے یا نہیں۔

سوال (۲) - نماز عیدین میں جس مسبوق کی ایک رکعت چھوٹ گئی وہ جب اپنی پڑھے گا تو پہلے تکبیر کہے گا یا قرأت کرے گا، علامہ شامی کی عبارت سے اس امر کی ترجیح ہو رہی ہے کہ پہلے قرارت کرے گا۔ کلیہ مشہورہ اس امر کا مقتضی ہے کہ پہلے تکبیرات کہی جائیں اگرچہ صحابہ سے اس کی تائید ثابت نہیں لیکن تائید اور قول کا نہ ہونے سے نفی کا ثبوت نہیں ہوتا اور توالی تکبیرات میں مجھے کوئی قباحت متصور نہیں ہوتی، البتہ علامہ شامی نے نفی کی تائید میں حضرت مولیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول پیش فرمایا ہے جس سے یہی اولیٰ معلوم ہوتا ہے کہ پہلے تکبیر کہی جائے، مگر حضور نے بہار شریعت میں اس مسئلے کو مجمل ذکر فرمایا ہے کہ جب وہ اپنی پڑھنے کھڑا ہو کہے، جس سے یہ پتہ نہیں چلتا کہ قرارت کے بعد کہے بلکہ اس امر کا ترشح ہوتا ہے کہ پہلے کہے، تو دریافت طلب یہ ہے کہ حضور کے خیال مبارک میں کون صورت راجح ہے۔

الجواب (۱) - مفترض اس شخص کی اقتدا نہیں کر سکتا جو بوجہ نقصان نماز کا اعادہ کر رہا ہے خواہ یہ اعادہ واجب ہو یا مندوب۔ شق دوم میں وجہ ظاہر ہے کہ امام متنفل ہے اور مقتدی مفترض۔ مفترض متنفل کی اقتدا نہیں کر سکتا۔ صورت اولیٰ کہ اعادہ واجب ہے، یہ بھی اسوقت ہے کہ جب اصل فرض اس کے ذمہ سے ساقط ہو چکا ہو، ترک واجب یا فعل کراہت تحریم کی وجہ سے اسے اعادہ کا حکم ہوا۔ تو یہ شخص مفترض نہیں کہ فرض پڑھ چکا کہ یہ اعادہ جبر نقصان کے لئے ہے نہ کہ ادائے فرض کے لئے ورنہ اُسے اعادہ نہ کہتے بلکہ ادا کرنا کہا جاتا۔ تو جب یہ شخص فرض نہیں ادا کرتا ہے بلکہ فرض کی تکمیل کر رہا ہے تو مفترض اقتدا نہیں کر سکتا کہ اقتدا کے لئے اتحادِ نماز شرط ہے، درمختار میں ہے واتحادمکانهما وصلاتهما۔ ردالمحتار میں ہے

قال فی البحر والاتحاد ان یمکنه الدخول فی صلاته بنیة صلاة الامام فتکون الامام متضمنة لصلوٰة المقتدی اھ فدخل اقتداء المتنفل بالمفترض لان من لا فرض علیه لو نوی صلاة الامام المفترض صحت نفلاً و لان النفل مطلق والفرض ، والمطلق جزء المقید فلا یغایره کما فی شرح المنیه۔ اعادہ میں نماز اسی طرح پڑھی جائیگی جس طرح فرض پڑھتے ہیں یعنی دو خالی دو بھری اور جہری ہو تو جہر کے ساتھ، سری ہو تو سراً کہ یہ نماز نفل نہیں بلکہ اسی فرض کی تکمیل ہے

واللہ تعالیٰ اعلم

ج (۲) - نماز عیدین میں جسکی پہلی رکعت جاتی رہی وہ جب اسکو ادا کرے تو بہتر یہی ہے کہ پہلے قرارت کرے بعد میں تکبیرات کہے، کلیہ اس امر کو مقتضی نہیں کہ پہلے تکبیر کہی جائے۔ پہلی رکعت میں تکبیرات کا تقدم اس وجہ سے تھا کہ تکبیر تحریمہ سے اسکا الحاق

بہ نسبت تکبیر رکوع کے اولیٰ تھا، بحر الرائق میں ہے فی الرکعۃ الاولیٰ تخللت الزوائد بین تکبیرۃ الافتتاح وتکبیرۃ الرکوع فوجب الضم الی احدھما والضم الی تکبیرۃ الافتتاح اولی لانھا سابقۃ وفی الرکعۃ الثانیۃ الاصل فیہ تکبیرۃ الرکوع لاغیرہ فوجب الضم الیھا ضرورۃ کذا فی المحیط ۔ اس عبارت سے بھی یہ ثابت کہ بعد میں کہے کیونکہ مسبوق کی اس رکعت میں تکبیر افتتاح ہی نہیں دراصل اس رکعت میں تکبیر رکوع ہے لہٰذا اسی کے ساتھ ضم کیجائے ۔ جب قیاس اس امر کو مقتضی ہے کہ قرارت کے بعد کہی جائیں تو اس کے ترک کے لئے صحابۂ کرام کا قول یا فعل درکار تھا اور جب یہ موجود نہیں بلکہ حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کا قول قیاس ہی کا مؤید ہے تو اس پر عمل کیا جائے گا اور علامہ شامی اور ائمہ کی عبارت کا مطلب واضح ہوگیا دوسری وجہ یہ بھی ہے کہ دونوں رکعتوں کی قرارت میں موالات مندوب ہے، عامۂ متون میں ہے دیوالی بین القرأتین اور موالات بین التکبیرات خلاف اجماع ہے۔ غنیہ ذوی الاحکام میں ہے ان البداءۃ بالتکبیرات تؤدی الی الموالات بین التکبیرات وھو خلاف الاجماع اسی وجہ سے صاحب درمختار نے قرارت کو مقدم کرنے کی یہی وجہ لکھی دلو سبق برکعۃ یقرأ ثم یکبر لئلا یتوالی التکبیر ۔ اور بحر الرائق میں بھی یہی کہا کہ یصیر موالیا بین التکبیرات اور علامہ شرنبلالی نے تکبیرات کو مؤخر کرنے کو ظاہر الروایۃ کہا اور مقدم کرنے کو نوادر کی روایت بتایا اور ظاہر ہے کہ ظاہر الروایۃ کو نوادر پر مقدم و ترجیح ہے ان کی عبارت غنیہ میں یہ ہے دیوالی بین القرأتین اقول الا ان یکون مسبوقا برکعۃ ویری رأی ابن مسعود فیقرأ اولا ثم یکبر تکبیرات العید وفی النوادر یکبر اولا (الی ان قال) وجہ الظاہر الخ وھو تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۳۲) مسئولہ یاد علی صاحب وارثی مہنداول ضلع بستی ۷ محرم ۶۷ھ۔

زید ظہر کے وقت جماعت میں اسوقت شامل ہوا جبکہ امام پہلی رکعت پڑھ چکا تھا یعنی دوسری رکعت میں شامل ہوا اب امام قعدہ اخیرہ میں تشہد و درود و دعا ماثورہ پڑھکر سلام پھیرے تو زید اسوقت صرف تشہد پڑھکر بیٹھا ہے یا امام کی اقتدا کرے یعنی درود شریف و دعا ماثورہ یہ بھی پڑھے اور جب امام دوسری جانب سلام پھیرے اسوقت اٹھکر اپنی پہلی رکعت جو چھوٹ گئی تھی پوری کرے، جواب بحوالہ کتب ہو۔

الجواب - مسبوق یعنی جسکی کوئی رکعت چھوٹ گئی ہے وہ امام کے ساتھ قعدہ اخیرہ میں درود و دعا نہ پڑھے کہ وہ خود جب اپنی پڑھے گا تو قعدہ اخیرہ میں یہ چیزیں ادا کرے گا، اور یہ قعدہ اسکی نماز کا اخیر قعدہ نہیں ۔ عالمگیری میں ہے وان المسبوق ببعض الرکعات یتابع الامام فی التشھد الاخیر واذا اتم التشھد لا یشتغل بما بعد من الدعوات

یعنی مسبوق تشہد سے فارغ ہونے کے بعد تشہد کے بعد کی چیزوں میں مشغول نہ ہو۔ رہا یہ کہ امام کے قعدہ اخیرہ میں مسبوق کیا کرے۔ اس میں فقہاء کے متعدد اقوال ہیں۔ بعض یہ فرماتے ہیں کہ ٹھہر ٹھہر کر تشہد کے الفاظ ادا کرے کہ امام کے درود و دعا سے فارغ ہونے تک یہ اپنا تشہد ختم کرے۔ اور بعض فقہاء یہ فرماتے ہیں کہ مسبوق اپنے تشہد سے فارغ ہونے کے بعد کلمۂ شہادت یعنی اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ کی تکرار کرے یہانتک کہ امام سلام پھیر دے۔ اور بعض فقہاء یہ بھی فرماتے ہیں کہ سکوت کرے، درمختار میں ہے واما المسبوق فیترسل لیفرغ عند سلام امامه وقیل یتم وقیل یکرر کلمة الشهادة۔ فتاویٰ عالمگیری میں ہے عن ابن شجاع انه یکرر التشهد ای قوله اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وهو المختار کذا فی الغیاثیة والصحیح ان المسبوق یترسل فی التشهد حتی یفرغ عند سلام الامام کذا فی الوجیز للکردری وفتاوی قاضیخاں وهکذا فی الخلاصة وفتح القدیر اور بہتر یہ معلوم ہوتا ہے کہ ٹھہر ٹھہر کر مسبوق تشہد پڑھے اور باوجود اس کے امام کے فارغ ہونے سے پہلے اگر تشہد سے فارغ ہو گیا تو کلمۂ شہادت کی تکرار کرے کہ ترسل سے مقصد یہی تھا کہ یہ بیکار نہ رہے۔ واللّٰہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۳۳) از جودھپور مارواڑ مرسلہ محمد حسین صاحب امام مسجد ۱۱ر شعبان ۵۰ھ۔

اگر امام مقیم درمیان نماز میں بے وضو ہو جائے اور کسی مسافر کو خلیفہ کر دے تو وہ مسافر امام قصر کریگا یا نہیں۔

الجواب ۔ مسافر نے جب مقیم کی اقتدا کر لی تو اب اسے چار رکعت پڑھنا فرض ہے، امام اگر اُسے خلیفہ بنائے جب بھی چار ہی پڑھے۔ واللّٰہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۳۴) مسئولہ محمد اسد اللّٰہ طالب علم مدرسہ منظر اسلام بریلی شریف ۱۰ر جمادی الاخریٰ سنہ ۱۳۴۹ھ

اگر نماز میں جنت کی یاد سے یا نار کی یاد سے بآواز بلند کوہ کاہ کرے، تو فقہاء کے نزدیک نماز جائز ہے یا نہیں؟ اور اگر اس صورت میں نماز کی جگہ سے ہٹ جائے تو جائز ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا!

الجواب ۔ ذکر جنت و نار پر اگر گریہ طاری ہوا اور آہ اُف وغیرہما الفاظ زبان سے نکل گئے، تو نماز فاسد نہ ہوگی، اور اگر ایک دو قدم ایسی حالت میں آگے یا پیچھے ہٹ گیا، جب بھی حرج نہیں، درمختار میں ہے لا لذکر جنة او نار، ردالمحتار میں ہے لان الانین ونحوه اذا کان بذکرهما صار کانه قال اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الْجَنَّةَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ النَّارِ ولو صرح به لا تفسد صلاته۔ واللّٰہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۳۵) ۱۲ر شعبان ۱۳۴۱ھ۔ کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ میں کہ امام کو نماز فرض بالجہر میں سہو ہونیکی حالت میں مقتدی کو قرأت میں صحیح اصلاح دینا جائز ہے یا نہیں، ونیز لقمہ دینے کی صورت میں کس کی نماز باطل ہوگی۔ بینوا توجروا

الجواب - مقتدی نے امام کو صحیح لقمہ دیا، اور امام نے لے لیا تو نہ مقتدی کی نماز فاسد ہوگی، نہ امام کی، درمختار میں ہے بخلاف فتحہ علی امامہ فانہ لا یفسد مطلقاً لفاتح و آخذ بکل حال ہاں اگر امام نے قرأت میں غلطی کی تو فوراً لقمہ نہ دے انتظار کرے کہ امام خود ہی صحیح کرلے یا دوسری جگہ کی آیت پڑھکر نماز کی تکمیل کرلے، جبکہ اُس آیت کو اس کے ساتھ ملانے میں معنی فاسد نہ ہوں، یا تین آیت کی قدر پڑھ چکا ہے تو لقمہ کی حاجت نہیں امام رکوع کردے، ہاں اگر غلطی اس قسم کی ہے، جس سے معنی فاسد ہوتے ہیں، اور نماز فاسد ہوتی ہے، تو لقمہ دیدے اگرچہ تین یا زیادہ پڑھ چکا ہو، ردالمحتار میں ہے یکرہ ان یفتح من ساعتہ کما یکرہ للامام ان یلجئہ الیہ بل ینتقل الی اٰیۃ اخریٰ لا یلزم من وصلہا ما یفسد الصلاۃ او الی سورۃ اخریٰ او یرکع اذا قرء قدر الفرض کما جزم بہ الزیلعی وغیرہ وفی روایۃ قدر المستحب کما رجحہ الکمال بانہ الظاہر من الدلیل واقرہ فی البحر والنہر ونازعہ فی شرح المنیۃ ورجح قدر الواجب بشدۃ تاکدہ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۳۶) مسئولہ حافظ بنے صاحب از نینی تال یکم ذیقعدہ ۱۳۴۱ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ زید حافظ کلام اللہ ہے، رمضان المبارک میں عشاء مع تراویح پڑھکر فارغ ہوگیا، ایک دوسری جگہ نماز تراویح ہورہی ہے، زید نفل کی نیت سے جماعت میں شریک ہوگیا، جماعت کے حافظ کو متشابہ لگا، زید نے بتایا کیا ایسی صورت میں نماز میں نماز میں قصور آگیا۔ بینوا توجروا۔

الجواب - جبکہ زید نے نماز میں شرکت کرلی تو لقمہ بھی دے سکتا ہے، لقمہ دینے کے لئے امام کے ساتھ نماز میں شریک ہونا شرط ہے، یہ شرط نہیں کہ جس قسم کی امام کی نماز ہو اسی قسم کی مقتدی کی بھی ہو، درمختار میں ہے بخلاف فتحہ علی امامہ فانہ لا یفسد مطلقاً لفاتح و آخذ بکل حال۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۳۷) از مقام کوسال پورہ مارواڑ مرسلہ مولا بخش صاحب امام مسجد ڈاکخانہ گوڑیہ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل میں کہ عورت لہنگا پہنکر نماز پڑھے یہ درست ہے یا نہیں

الجواب - لہنگے سے بھی نماز ہوجائیگی جبکہ ستر ہوجاتا ہو مگر یہ ہندوؤں کا لباس ہے مسلمان عورتیں اس سے

اجتناب کریں نماز وبیرون نماز پائجامہ پہننے کی عادت رکھیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۳۸) از کوسال پورہ ملک مارواڑ ڈاکخانہ گوڑیہ مرسلہ پیرزادہ سید مولابخش صاحب ۳ ذی الحجہ ۱۳۴۳ھ

۱۔ فتویٰ جناب کا ملا کل حالات مندرجہ بالا سے مطلع ہوا مگر آپ نے ہم کو ایک شک میں ڈالدیا وہ یہ کہ لہنگا پہنکر سے نماز ہوجاتی ہے ہم کو شک ہے کہ لہنگا سے نماز کیونکر ہوجاتی ہے کیا لہنگا سنت ہے یا فرض یا واجب ہے اگر اس خیال سے کہ آدمی تہبند سے نماز پڑھتے ہیں ویسا ہی لہنگا ہوتا ہے تو تہبند کو مانا گیا ہے کہ سنت ہے اور خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تہبند باندھا تھا تو کیا بھلا لہنگا بھی بی بی صاحبہ نے پہنا تھا اگر شاید پہنا ہی ہوگا تو نیچے پائجامہ ہوگا اگر لہنگا جائز ہے تو علمائے دین کیوں منع فرماتے ہیں جب عورت لہنگا پہنے تو مرد دھوتی پہن کر نماز پڑھے تو کیا حرج ہے۔

۲۔ اول تو لباس ہندو کا ہے، دوسرے حدیث میں آیا ہے کہ جو شخص دنیا میں جس لباس سے ہوگا وہ شخص قیامت کے دن بھی اسی لباس سے اٹھے گا جب لہنگے اور دھوتی میں کوئی حرج نہیں ہے تو پھر کیوں علمائے دین منع کرتے ہیں اور کیا وجہ ہے کہ علمائے دین خود اپنی بیویوں کو لہنگا نہیں پہناتے اور خود بھی دھوتی کیوں نہیں باندھتے اسکا خلاصہ تشریح سے فرمادیں مختصر سے کم سمجھ میں آئے گا اور حوالہ کتاب کا بھی فرمادیں کہ کس کتاب میں لکھا ہے کہ لہنگا سے نماز ہوجاتی ہے۔

۳۔ نماز تو ہر حالت میں جائز ہے لہنگا بھی نہیں ہو اور دھوتی بھی نہیں ہو تو لنگوٹی لگا کر نماز پڑھیں تو بھی نماز ہوجائے گی میرا خاص مطلب یہ ہے کہ لہنگا پہننے سے ثواب یا عذاب کچھ ہے یا نہیں۔ اس کی ضرورت ہے۔

الجواب - آپ نے مسئلہ کو غور سے نہ دیکھا ورنہ یہ سوالات پیدا نہ ہوتے نماز کے لئے ستر عورت فرض ہے جب ستر عورت ہوجائے نماز ہوجائے گی مگر چونکہ یہ کفار کا لباس ہے اس لئے ممنوع ہے اور حکم ہے کہ اس سے اجتناب و پرہیز کریں اور جب اجتناب کا حکم دیا گیا تو خود ہی معلوم ہوگیا کہ اوس کا پہننا گناہ ہے[عہ]۔ واللہ تعالیٰ اعلم

عہ یہ تشبہ بالکفار ہوا۔ حدیث میں ہے من تشبہ بقوم فھو منھم۔ اور جب لہنگا پہننا گناہ ہوا تو اگر چہ اسے پہنکر نماز ہوجاتی ہے یعنی فرض ساقط ہوجاتا مگر نماز مکروہ تحریمی و واجب الاعادہ ہونا چاہیے جیسا کہ ریشمی کپڑے پہنکر نماز پڑھنے کا حکم ہے۔ فتاویٰ رضویہ جلد سوم صفحہ ۴۴۸ پر ہے — فی الواقع ریشمین کپڑا پہنکر نماز مکروہ تحریمی ہے کہ اسے اتار کر پھر پڑھنا واجب۔ کما ھو معلوم من الفقہ فی غیر ما موضع۔ شرح مقدمہ غزنویہ پھر فتاویٰ الغرویہ میں ہے۔ تکرہ الصلوٰۃ فی ثوب الحریر وعلیہ لانہ محرم علیہ لبسہ فی غیر الصلوٰۃ ففیہا اولی فان صلی فیہا صحت صلاتہ لان النھی لا یختص بالصلوٰۃ انتھی اول وقولہ وعلیہ ایضاً بتنی علی قولھما من حرمۃ افتراش الحریر والا فھو جائز عند الامام الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ لان المحرم لبسہ لا اسائۃ وجوہ

مسئلہ (۲۳۹) از بڑودہ مرسلہ حاجی عثمان ابن ابوبکر ۱۱ ربیع الاول شریف ۳۳ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ اگر آدمی فرض نماز میں ہو اور حضور اسے یاد فرمائیں فوراً جواب دے اور حاضر خدمت ہو اور یہ شخص کتنی ہی دیر تک حضور سے کلام کرے بدستور نماز میں ہے اس سے نماز میں کوئی خلل نہیں آتا، کیا یہ بات صحیح ہے۔ بینوا توجروا۔

الجواب۔ نماز میں اگر کوئی شخص مشغول ہو اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام یاد فرمائیں تو جواب دینا واجب ہے، صحیح بخاری شریف میں ابوسعید بن معلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں کنت اصلی فمر بی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فدعانی فلم اٰتہ حتی صلیت ثم اتیت فقال ما منعک ان تاتی الم یقل اللہ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِیْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ (الحدیث) یعنی میں نماز پڑھتا تھا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے اور مجھے بلایا اور میں حاضر نہیں ہوا جب پڑھ چکا تو حاضر ہوا ارشاد فرمایا کیوں نہ آیا کیا اللہ تعالیٰ نے یہ نہیں فرمایا کہ اے ایمان والو اللہ اور رسول کو جواب دو جب وہ تمہیں بلائیں یعنی اس حکم میں کوئی قید نہیں لہٰذا نماز وبیرون نماز ہر حالت میں اجابت واجب ہے، رہا نماز کا فاسد نہ ہونا اس کے متعلق امام بدرالدین محمود عینی شرح صحیح بخاری میں فرماتے ہیں قال صاحب التوضیح وصرح اصحابنا فقالوا من خصائصہ لنبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ لو دعی انسانا وھو فی الصلوٰۃ وجب علیہ الاجابۃ ولا یبطل صلاتہ ـــــــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۴۰) از بریلی بہاری پور مرسلہ سید ایوب علی صاحب یکم ذی الحجہ ۴۴ھ۔

جس مکان میں آئینے قد آدم چار طرف لگے ہوں اُس مکان میں نماز ہوجائے گی یا نہیں۔

الجواب۔ آئینہ سامنے ہو تو نماز میں کراہت نہیں کہ سبب کراہت تصویر ہے اور وہ یہاں موجود نہیں اور اگر اسے تصویر کا حکم دیں تو آئینہ کا رکھنا بھی مثل تصویر ناجائز ہوجائے حالانکہ بالاجماع جائز ہے، اور حقیقت امر یہ ہے کہ وہاں تصویر ہوتی ہی نہیں بلکہ خطوط شعاعی آئینہ کی صقالت کی وجہ سے لوٹ کر چہرہ پر آتے ہیں گویا یہ شخص خود اپنے کو دیکھتا ہے نہ یہ کہ آئینہ میں اسکی صورت چھپتی ہو۔ ـــــــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۴۱) از سکندر پور ضلع بلیا مرسلہ مولوی عبدالعظیم صاحب ۸ ربیع جمادی الاولیٰ ۱۳۴۶ھ۔

(بقیہ ص۱۸۳) الانتفاع کمافی ردالمحتار وغیرہ نعم تکرہ الصلوٰۃ علیہ وان جاز افتراشہ لان الصلوٰۃ لیست موضع الترفۃ وھذا الکرہ تنزیہ واللہ تعالیٰ اعلم۔ امجدی

نماز میں قرآن عظیم دیکھ کر پڑھنا عبادت علی العبادت ہونے کے سبب مفسد نماز ہے یا نہیں۔

الجواب ۔ اگرچہ مصحف شریف کی طرف نظر کرنا عبادت ہے مگر اسمیں دیکھ کر پڑھنا خارج سے تعلم ہے، اور یہ منافی نماز، جیسے زبان سے حالت نماز میں امر بالمعروف یا نہی عن المنکر کرنے سے نماز فاسد ہوجائیگی، اگرچہ یہ دونوں عبادت ہیں مگر چونکہ منافی نماز ہیں، لہٰذا نماز فاسد، یونہی کسی کو سلام کرنا، یا سلام کا جواب دینا وغیرہ وغیرہ ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۴۲) از ٹیٹا گڈھ ۲۴ پرگنہ مرسلہ جناب شیخ رحمت حسین و پیر محمد صاحبان ۳۰ رجب ۱۳۴۶ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ چند اشخاص ایک جگہ نماز ادا کر رہے ہوں اور ایک شخص آگے امام ہوکر نماز پڑھاتا ہو اتفاق سے امام کے سامنے سے ایک کتا یا ایک عورت چلی گئی، مقتدیوں میں سے ایک نے بآواز بلند نیت توڑ کر کہا کہ امام صاحب نیت توڑ دیجئے سامنے سے کتا یا عورت چلی گئی اور وہ شخص علٰحدہ جاکر نماز پڑھنے لگا لیکن امام اور بقیہ مقتدیوں نے نماز پوری کی، لہٰذا ان میں سے کن کن کی نماز ہوئی اور جس نے علٰحدہ جاکر نماز پڑھی اس پر کفارہ ہے یا نہیں۔

الجواب ۔ مصلی کے آگے سے گذرنا گناہ ہے، حدیث میں ہے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لو یعلم المار بین یدی المصلی ماذا علیہ لکان ان یقف اربعین خیراً لہ من ان یمر بین یدیہ اگر نمازی کے آگے سے گذرنے والے کو معلوم ہوتا کہ اس پر کیا گناہ ہے تو چالیس برس تک کھڑا رہنے کو گذرنے سے بہتر جانتا رواہ البخاری ومسلم عن ابی جہیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ ۔ کعب احبار کہتے ہیں لو یعلم المار بین یدی المصلی ماذا علیہ لکان ان یخسف بہ خیراً لہ من ان یمر بین یدیہ اگر نمازی کے آگے سے گذرنے والے کو معلوم ہوتا کہ اسپر کیا گناہ ہے تو زمین میں دھنسا دیئے جانے کو گذرنے سے بہتر جانتا مگر آگے سے کوئی چیز گذر جائے تو مصلی کی نماز باطل نہیں ہوتی نہ عورت یا کتے کے آنے سے نماز باطل ہوتی ہے۔ حدیث شریف میں ہے لا یقطع الصلوٰۃ شیئ وادرؤا ما استطعتم فانما ھو شیطان کسی چیز کے گذرنے سے نماز نہیں جاتی اور جہاں تک ہوسکے اسے دفع کرو کہ وہ شیطان کا کام کرتا ہے رواہ ابو داؤد عن ابی سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ ابو داؤد و النسائی نے فضل بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی وہ کہتے ہیں اتانا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ونحن فی بادیۃ لنا ومعہ عباس فصلی بالصحراء لیس بین یدیہ سترۃ وحمارۃ لنا وکلبۃ تعبثان بین یدیہ فما بال بذالک ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور ہم اپنے گاؤں میں تھے اور حضور کے ہمراہ حضرت عباس بھی تھے حضور نے صحرا میں نماز پڑھی اور سامنے کوئی

سترہ بھی نہ تھا اور ہماری گدھی اور کتیاں حضور کے سامنے کھیل رہی تھیں مگر حضور نے اسکی کچھ پرواہ نہ کی صحیحین میں عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی، کہتے ہیں اقبلت راکبا علی اتان وانا یومئذ قد ناھزت الاحتلام ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی بالناس بمنیٰ الی غیر جدار فمررت بین یدی بعض الصف فنزلت وارسلت الاتان ترتع ودخلت الصف فلم ینکر ذالک علی احد میں گدھی پر سوار ہوکر آیا اور اسوقت میں قریب بلوغ تھا اور صف کے بعض حصہ سے گذر گیا پھر میں اترا اور گدھی کو چھوڑ دیا وہ چرنے لگی اور میں صف میں داخل ہوگیا کسی نے مجھ پر انکار نہ کیا۔ نیز صحیح بخاری ومسلم میں ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی، کہتی ہیں کنت انام بین یدی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ورجلای فی قبلتہ فاذا سجد غمزنی فقبضت رجلی واذا قام بسطتھما قالت والبیوت یومئذ لیس فیھا مصابیح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے اور میں حضور کے سامنے سوئی ہوتی تھی اور میرے پاؤں حضور کے قبلہ میں ہوتے سجدہ کرنا چاہتے اشارہ فرماتے میں سمیٹ لیتی اور جب سجدہ سے اٹھتے میں پاؤں پھیلا لیتی اور اس وقت مکانوں میں چراغ نہیں ہوتے تھے نیز انھیں سے بخاری شریف میں مروی کہتی ہیں۔ فقد رأیت النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یصلی وانی علی السریر بینہ وبین القبلۃ مضطجعۃ فتبدو لی الحاجۃ فاکرہ ان اجلس فاوذی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فانسل من عند رجلیہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، نماز پڑھتے ہوتے اور حضور اور قبلہ کے درمیان میں لیٹی ہوتی تھی پھر اگر کوئی حاجت پیش آتی میں بیٹھنا پسند نہ کرتی تھی کہ حضور کو تکلیف ہوگی حضور کے پاؤں اقدس کی جانب سے سرک جاتی تھی، ان روایات حدیث سے معلوم ہوا کہ عورت یا کتے کا گذرنا قاطع نماز نہیں ہے، درمختار میں ہے لا یفسدھا مرور مار بین یدیہ مطلقا ولو امرأۃ اوکلبا۔ تو جب نماز نہیں باطل ہوئی تو اس کو قصداً نماز توڑنا اور جماعت کے خلاف اپنی الگ پڑھنا ناجائز تھا لاعلمی میں اُس نے ایسا کیا۔ ممکن ہے اسکو کسی نے ایسا ہی بتادیا ہو، صحیح مسئلہ بتادیا جائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۴۳) از ہردہ ضلع ہوشنگ آباد مرسلہ حاجی عبداللطیف صاحب ۲۲ ذیقعدہ ۴۶ھ۔

(۱) امام کو علاوہ قرارت کے کسی رکن میں سہو مثلاً کھڑا ہونا چاہئے تھا بیٹھ گیا، بیٹھنا تھا کھڑا ہوگیا تو مقتدی تسبیح یا تکبیر کہکر متنبہ کرسکتا ہے یا نہیں، اگر نہیں تو کرنے پر مقتدی کی نماز فاسد ہوگی یا نہیں۔

(۲) جو مقتدی سجدے میں بلا عذر کسی پاؤں کی ایک انگلی کا بھی پیٹ زمین سے نہ لگاتا ہو تو اسکی نماز باطل ہوگی یا نہیں

عہ اس شخص کی بھی نماز ہوگئی، اس پر کوئی گناہ نہیں واللہ تعالیٰ اعلم۔ امجدی

اگر ہوگی تو ایسا مقتدی امام کو لقمہ دے اور امام لقمہ لے تو خارج نماز کا لقمہ لینا ہوا تو اس صورت میں تمام کی نماز فاسد ہوگی یا نہیں۔

الجواب (۱) ۔ مقتدی کو ایسے موقعہ پر جبکہ امام کو متوجہ کرنا ہو سبحٰن اللہ یا اللہ اکبر کہنا جائز ہے جس سے امام کو خیال ہوجائے اور نماز کو درست کرے صحیح بخاری شریف وغیرہ کی حدیث ہے مالی رأیتکم اکثرتم التصفیق من نابہ شیٔ فی صلاتہ فلیسبح فانہ اذا سبح التفت الیہ وانما التصفیق للنساء اس صورت میں نماز فاسد ہونا درکنار مکروہ بھی نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

ج (۲) سجدہ میں ایک انگلی کا پیٹ لگانا ضرور ہے ورنہ سجدہ نہ ہوگا، درمختار میں ہے وضع اصبع واحدۃ منھما شرط نیز اسی میں ہے دیفترض وضع اصابع القدمین ولو واحدۃ نحو القبلۃ والالم یجز والناس عنہ غافلون اور جب سجدہ نہ ہوا نماز نہ ہوئی مگر یہ شخص نماز سے باہر نہیں ہوا ہے جب تک سلام کلام منافی صلوٰۃ کوئی عمل نہ کرے اسوقت تک نماز ہی میں ہے کہ اگر صحیح طور پر اس کے بعد سجدہ کرے نماز ہوجائیگی یعنی فرض ادا ہوجائے گا لہٰذا اگر ایسا شخص امام کو لقمہ دے اور امام لے تو یہ خارج نماز کا لقمہ دینا نہیں اور لقمہ لینے سے امام کی نماز فاسد نہ ہوگی۔ واللہ اعلم

مسئلہ (۲۴۴) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ زید اپنی ہمشیرہ یا ماں یا بیوی کے برابر کھڑا ہوکر نماز پڑھے تو نماز ہوگی یا نہیں۔

الجواب ۔ اگر نماز میں تحریمۃً واداءً اشتراک ہوا اور تمام وہ شرائط جو اس صورت میں نماز فاسد ہونیکے لئے ہیں پائے جائیں تو نماز فاسد ہوجائے گی، عورت کا زوجہ ہونا یا محارم سے ہونا اس باب میں کوئی اثر نہیں رکھتا درمختار میں ہے اذا حاذتہ امرأۃ ولو امۃ اس کے تحت میں ردالمحتار میں فرمایا ولا وجہ[1] للمبالغۃ بالأ.. مۃ ولعلھا ولو امۃ بھاء الضمیر[2] وعبارتہ فی الخزائن ولو محرمہ او زوجتہ وخرج بہ الامرد اھ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۴۵) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ زید کہتا ہے کہ اگر فرض نماز میں تین آیت صحیح ہو، اور باقی آیتوں میں زیر و زبر کی غلطی ہوجائے تو نماز ہوجاتی ہے۔

الجواب ۔ جس غلطی سے فساد معنی ہو اس سے نماز فاسد ہوجائیگی۔ اور جس سے معنی فاسد نہ ہوں، نماز فاسد

---

[1] اقول الوجہ وجیہ ھو ان الاختلاط بالامۃ اکثر من غیرھا فلعل متوھما یتوھم ان لا یفسد الصلاۃ لھذا فاتھا ظا ازالۃ ھذا التوھم قال ولو بالامۃ واللہ تعالیٰ اعلم۔ امجدی

نہ ہوگی دونوں صورتیں تین آیت سے قبل ہوں یا بعد اسمیں فرق نہیں۔ دونوں کا ایک حکم ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۴۶) از پالی مارواڑ علاقہ جودھپور مرسلہ جناب عبدالرحمٰن صاحب ۹ رجمادی الاولیٰ ۱۳۴۹ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ قرارت کو راگنی کے ساتھ پڑھنا اور قرارت میں بہت ٹھہرنا کیا حکم رکھتا ہے۔ اور غلط پڑھتا ہے، امام ہے۔

الجواب ۔ راگنی سے پڑھنے کے یہ معنی کہ راگ بنانے میں حروف کم وبیش کرتا ہے یہ حرام ہے اور معنی فاسد ہونے کی صورت میں نماز بھی فاسد ہے اور اگر راگنی کا یہ مطلب ہے کہ آواز بنا کر پڑھتا ہے کہ پڑھنے سننے میں اچھا معلوم ہو تو حرج نہیں بلکہ بہتر ہے غلط پڑھنے میں معنی فاسد ہوں تو نماز نہ ہوئی ورنہ ہو جائے گی جبکہ قصداً نہ ہو۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۴۷) مرسلہ سید ضیر الدین صاحب از الہ آباد ۲۰ جمادی الاخریٰ ۱۳۴۹ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ اگر نیچے دھوتی کھونسی ہو مگر ڈھیلی ہو نماز ہو گی یا نہیں۔ اور ایسی حالت میں جب کوئی مسلمان دھوتی پہنے ہو یا دھوتی کے کچھ کھولے ہوئے جبکہ کچھ تنگ ہو، نماز پڑھی تو نماز ہوئی یا نہیں۔

الجواب ۔ اگر دھوتی ایسی بندھی ہے کہ ایک ران کی چوتھائی کھلی ہوئی ہے، یا دونوں میں اتنی کھلی ہے کہ مجموعہ چوتھائی کی قدر ہے اور اسی حالت میں نماز شروع کر دی یا اثنائے نماز میں بقدر تین تسبیح یہ مقدار کھلی رہی جب تو نماز ہی بالکل نہ ہوئی۔ اور اگر ایسا نہیں بلکہ اس طرح بندھی کہ ستر ڈھکا ہوا ہے۔ تو نماز مکروہ تحریمی ہوئی کہ کفِ ثوب ہے حدیث میں ہے ولا اکف ثوبا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۴۸) از پورنیہ سید باڑہ مرسلہ جناب مولوی شمس العالم صاحب ۱۳ رجب ۵۰ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین مسئلہ ذیل میں کہ مقتدی نے مسافر کی اقتدا کی امام نے چار رکعت پڑھی مقتدی نے بھی ساتھ دیا۔ مقتدی کی نماز ہوئی یا نہیں۔

الجواب ۔ مقتدی مقیم نے اگر چار رکعتی فرض میں امام مسافر کی متابعت کی تو مقتدی کی فرض نماز جاتی رہی، کہ امام ان رکعتوں میں متنفل ہے۔ اور وہ مقتدی مفترض اور مفترض متنفل کی اقتدا نہیں کر سکتا۔ درمختار وغیرہ میں ہے۔ ولا یصح اقتداء مفترض لمتنفل۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱) (۲۴۹) فرض نماز میں امام بھولا اور مقتدی نے لقمہ دیا۔ فرض ہوا یا نہیں۔ اور اگر لقمہ نہ دیا اور امام غلط پڑھتا چلا گیا تو فرض ہوا یا نہیں۔

مسئلہ (۲) (۲۵۰) فرض میں امام نے مقتدی کا لقمہ نہ لیا اور رکوع میں چلا گیا تو مقتدی کی نماز ہوئی یا نہیں۔

الجواب (۱) - فرض میں بھی لقمہ دینا جائز ہے لقمہ دینے والے اور سننے والے دونوں کی نماز درست ہے۔ اور اگر امام نے لقمہ نہ لیا اور غلطی ایسی ہے جس سے معنیٰ فاسد ہوتے ہیں تو کسی کی نماز [عہ] نہ ہوئی اور اگر ایسی غلطی نہیں ہے کہ معنیٰ فاسد ہوں تو نماز ہوگئی وہو تعالیٰ اعلم

ج ۲ امام غلط پڑھکر رکوع میں چلا گیا اور مقتدی کا لقمہ نہیں لیا جب بھی وہی حکم ہے [عہ] وہو تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۵۱) انگریزی بوٹ جوتے پر اگر مسح جائز ہے تو اس کے واسطے نماز کا کیا حکم ہے کہ وہ اتار کر پڑھ سکتے ہیں یا پہنے ہوئے ہی پڑھ سکتے ہیں۔ اور خاص ضرورت کے وقت یا عام حالت میں پڑھ سکتے ہیں۔

الجواب - انگریزی بوٹ جوتے پر مسح جائز ہے جبکہ وہ ایسے ہوں کہ ان سے ٹخنے چھپے ہوں کہ ان پر موزہ کی تعریف صادق آتی ہے رہا یہ امر کہ ان کو پہنکر نماز جائز ہے یا نہیں اگر ان کے پنجے اتنے نرم ہوں کہ سجدہ میں انگلیاں قبلہ رو ہو سکتی ہوں اور دبتی ہوں تو نماز ہو جائیگی اور اگر انگلیاں بالکل کھڑی رہتی ہوں تو سجدہ نہ ہوگا اور نماز بھی نہ ہوگی کہ سجدہ میں ایک انگلی کا پیٹ لگنا شرط و فرض ہے اور اگر بعد مسح وہ جوتا اتار دیا تو مسح جاتا رہا پاؤں دھونا فرض ہوگا یہ حکم نفس نماز کا ہے مگر جوتا پہن کر مسجد میں جانا بہرحال مکروہ ہے کذا فی العالمگیریہ۔ وہو تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۵۲) پاخانہ پھرنے کے بعد ڈھیلوں سے استنجا کر لیا اور پانی سے استنجا کرنا بھول گیا اور نماز پڑھ لی تو نماز ہوئی یا نہیں۔ بینوا توجروا ــــ اگر ڈھیلوں سے استنجا کرنے کے بعد پاخانہ کے مقام کو ہاتھ سے نہ دیکھا کہ تری ہے یا نہیں اس صورت میں بغیر پانی سے استنجا کئے نماز پڑھ لی، ہوئی یا نہیں۔ یونہی پیشاب کرنے کے بعد ڈھیلے سے استنجا کر لیا اور پانی سے نہیں کیا اور نماز پڑھ لی، تو نماز ہوئی یا نہیں۔

الجواب - اگر مخرج سے نجاست متجاوز نہ ہو تو پانی سے استنجا مستحب ہے اور درہم سے کم متجاوز ہو تو سنت اور بقدر درہم متجاوز ہو تو واجب۔ پہلی صورت میں نماز میں بالکل حرج نہیں۔ دوسری میں خلاف سنت، تیسری میں واجب الاعادہ اور درہم سے زیادہ ہو تو ہوگی ہی نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۵۳) مسئولہ مولوی شفاء الرحمٰن طالب علم مدرسہ اہلسنت بریلی ۲۰ رجادی الاولیٰ ۱۳۴۰ھ

تاڑ کے پتے کی بنی ہوئی چٹائی پر نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں، بینوا بالکتاب توجروا یوم الحساب

عہ لقمہ دینے والے کی بھی ہوگئی۔ واللہ تعالیٰ اعلم

عہ اسی تفصیل کے ساتھ کہ غلطی اگر ایسی ہے کہ معنیٰ فاسد ہوگئے تو سب کی نماز گئی۔ اور اگر ایسی غلطی نہیں تو سب کی ہوگئی، واللہ تعالیٰ اعلم امجدی

الجواب ۔ تاڑی بلاشک حرام ہے، کہ اسمیں نشہ ہوتا ہے۔ اس کے پتے کی چٹائی میں کچھ مضائقہ نہیں جس طرح انگور جائز اور شراب حرام۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۵۴) مرسلہ سید غلام جیلانی صاحب سلمہٗ، صدر مدرس مدرسہ اسلامیہ میرٹھ، ۷ ربیع الآخر ۱۳۵۵ھ

آلہ مکبر الصوت امام کے سامنے رکھا جائے، تاکہ جملہ مقتدیوں کو امام کی قرأت وغیرہ تکبیرات کا حال معلوم ہو، جائز ہے یا نہیں اگر نہیں تو کس دلیل سے۔

الجواب ۔ اس کے ناجوازی کی وجہ ابتک ذہن میں نہیں آئی ہے۔ بعضوں نے اسے تعلیم من الخارج قرار دیا ہے مگر فقیر کے نزدیک یہ غلط ہے، اسکو تعلیم من الخارج اسوقت کہہ سکتے ہیں کہ یہ آلہ خود بخود بولتا، اور وہ آواز اسی کی آواز ہوتی، مگر ایسا نہیں، بلکہ یہ آواز حقیقتہً اس قاری کی آواز ہے کہ اگر آلہ نہ ہوتا تو تھوڑی دور پہونچ کر ہوا میں منتشر ہوجاتی، اس آلہ نے اُسے دور تک پہونچایا جس طرح ٹیلیفون پر بات کرنیوالے کی آواز سیکڑوں کوس پہونچتی ہے جو حقیقتہً اسی کی آواز ہوتی ہے، ٹیلیفون کی آواز نہیں ہوتی، ٹیلیفون وہاں تک پہونچانے کے لئے واسطہ ہے، اسی طرح یہ آلہ مکبر الصوت امام کی آواز پہونچانے کا ذریعہ ہے۔ اور آواز وہی ہے جو امام کے منہ سے نکلی۔ لہٰذا تعلیم من الخارج قرار دیکر نماز کو فاسد قرار دینا غلط ہے، مگر نماز میں یہ جدت اچھی نہیں معلوم ہوتی جو طریقہ سلف صالحین کا ہے اس سے عدول اچھا نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۵۵) مسئولہ محمد اسمٰعیل ولد الغوسا ہو ٹانکی ڈنکن روڈ لاموری دربار ہوٹل بمبئی ۲۷ ے۔

بمبئی کے اندر مسجدوں میں ریڈیو سے خطبہ سنایا جاتا ہے جماعت بھی ہوتی ہے جائز ہے یا نہیں۔

الجواب ۔ آلہ مکبر الصوت سے خطبہ سننے میں حرج نہیں مگر اسکی آواز پر رکوع سجود کرنا مفسد نماز ہے۔[۵] واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۵۶) مرسلہ محمد اسمٰعیل ولد الغوسا ہو ولا دو ٹانکی ڈنکن روڈ لاموری دربار ہوٹل بمبئی ۲۷ ے

لوگ کہتے ہیں کہ ریڈیو سے خطبہ سننا آپ کے مولانا نے کونسی دلیل سے ثابت کیا ہے بیان فرمادیں۔

---

۵ پہلا فتویٰ خود بتارہا ہے کہ اس وقت تک لاؤڈ اسپیکر کی حقیقت اچھی طرح منکشف نہ تھی۔ اور جب اسکی حقیقت واضح ہوگئی تو یہ فتویٰ دیا فساد صلاۃ کی وجہ تلقن من الخارج ہے۔ اسلئے کہ لاؤڈ اسپیکر کی ساخت کے ماہرین کا کہنا ہے کہ لاؤڈ اسپیکر متکلم کی آواز کے مثل دوسری آواز پیدا کرتا ہے۔ تو نمازیوں کو جو آواز سنائی دے رہی ہے وہ لاؤڈ اسپیکر کی آواز ہے۔ اور اگر اسے صحیح نہ مانا جائے تو بھی کم از کم اتنا ضرور ہے کہ ہارن سے نکلنے والی آواز میں خارج کا مکمل عمل و دخل ہے نظیرًا صدی (آواز بازگشت) کو فرمایا کہ لا نعلمها کا ۃ ولیس بقراءۃ (غنیہ طحطاوی علی المراقی) صرف اسی بنا پر کہ صدی میں اگرچہ بعینہ آواز متکلم سنائی دیتی ہے مگر اس میں خارج کا عمل و دخل ہے اگرچہ اضطراری اور بہت قلیل۔ خارج کے اس اضطراری و قلیل دخل نے بعینہٖ متکلم کی آواز کو محاکاۃ کی حکم میں کردیا۔ تو لاؤڈ اسپیکر میں بالقصد والاختیار خارج کا اثر ہے۔ اور وہ بھی بہت زائد تو ہارن سے جو تکبیر سنائی دے رہی ہے وہ تکبیر نہیں محاکاۃ ہے اسلئے اس پر انتقالات کرنا تلقن من الخارج اور بلاشبہہ مفسد صلاۃ ہے، من شاء التفصیل فلیرجع الی فتاوٰینا واللہ تعالیٰ اعلم۔ امجدی

مخدومی مقدمی مکرمی جناب مولٰنا صاحب دیوبندی عـہ یہ کہتے ہیں کہ ہمارے مولٰنا اشرف علی تھانوی نے لکھا ہے نماز اور خطبہ سب ریڈیو سے سننا پڑھنا ناجائز ہے۔ آپ کے مولٰنا صاحب امجد علی کونسی دلیل سے ریڈیو سے خطبہ سننا جائز کیا کچھ خلاصہ جواب نہ دیا۔ حضور اسی واسطے میں نے دوبارہ سوال لکھا ہے ان لوگوں نے مجھے بہت حیران کر رکھا ہے۔

الجواب - جمعہ کے لئے خطبہ شرط ہے مگر یہ ضروری نہیں کہ تمام حاضرین جمعہ خطبہ سنیں۔ اگر جماعت کثیر ہے اور امام کا خطبہ دور والوں نے نہیں سنا جب بھی نماز ہو جائے گی، یہ نہیں کہ جنھوں نے خطبہ نہ سنا اور ان تک آواز نہ پہونچی ان کی نماز نہ ہو عـہ لہٰذا اگر آلہ مکبر الصوت لگایا گیا اور دور والوں کو اس آلہ کے ذریعہ سے آواز آئی تو زیادہ سے زیادہ یہی کہا جا سکتا ہے کہ انھوں نے امام سے خطبہ نہیں سنا اور ہم نے بیان کر دیا کہ جس نے خطبہ نہیں سنا اسکی بھی نماز ہو جائے گی۔ جو لوگ ناجائز بتاتے ہیں ان کو ناجائز ہونے کی دلیل بیان کرنی چاہئے؛ اسے ہم سے دلیل مانگنے کی کوئی وجہ نہیں۔ آپ ان سے پوچھے کہ جس نے امام کی آواز نہ سنی اور آلہ کے ذریعہ سے اس کے کان میں آواز آئی اس کا جمعہ کیوں نہیں ہوگا۔ واللہ تعالٰی اعلم

مسئلہ (۲۵۷) از شہر کہنہ بریلی محلہ ربڑی ٹولہ مرسلہ احمد یار خاں۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین کہ زید کہتا ہے کہ ایک شخص نے عمر بھر نماز پڑھی اور پڑھیگا۔ اور اس نے ایک وقت کی نماز قصداً ترک کر دی تو اسکی عمر بھر کی نمازیں اکارت ہو جائیں گی اور کوئی نماز قبول نہ ہوگی۔ اسکی تشریح فرما دیجائے۔ بینوا توجروا

الجواب - ایک وقت کی قصداً نماز ترک کرنا بھی گناہ کبیرہ ہے مگر میری نظر میں کوئی ایسی حدیث نہیں جس کا یہ مضمون ہو کہ اسکی ساری نمازیں اکارت اور برباد ہو گئیں۔ واللہ تعالٰی اعلم

مسئلہ (۲۵۸) مرسلہ مولوی غلام رشید صاحب از ناگپور مومن پور ۱۵ ذی الحجہ ۶۶ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ سورہ زلزال کی دو آخری آیتیں یعنی فَمَنْ يَّعْمَلْ الایہ اور وَمَنْ يَّعْمَلْ الایہ کو کسی نے ترتیب بدلکر نیاناً ہر دو میں سے مقدم کو مؤخر اور مؤخر کو مقدم کر دیا تو ایسی شکل میں

عـہ صرف تھانوی صاحب ہی نہیں۔ مولوی حسین احمد ٹانڈوی اور مفتی محمد شفیع صاحب دیوبندی کا بھی یہی فتویٰ ہے، ملاحظہ کریں۔ فتاویٰ دار العلوم دیوبند جلد پنجم ص۱۹۵ تا نہایت ص۲۰۰۔ امجدی

عـہ اور نہ وہ خطبہ سننے کے ثواب سے محروم ہوں گے۔ حصول ثواب کے لئے حضور کافی ہے اگرچہ دوری کی وجہ سے خطیب کی آواز نہ سنائی دیتی ہو۔ واللہ تعالٰے اعلم۔ امجدی

نماز ہوئی یا نہیں، اور ترتیب میں اس قسم کی غلطی موجب فساد ہے یا نہیں، جواب میں ہر دو آیتوں کا بالاختصار تعین کر دیا جائے تاکہ معاند مجادل کے لئے کسی قسم کا سہارا لینے کی گنجائش باقی نہ رہ جائے۔

الجواب - سورہ زلزال کی پچھلی دونوں آیتیں اگر سہواً خلاف ترتیب پڑھ دی گئیں یعنی پہلی جگہ شرا یرہ پڑھا اور بعد میں خیرا یرہ پڑھا تو نماز فاسد نہ ہوگی عہ، کہ اس صورت میں معنی کا فساد نہیں لازم آتا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۵۴) مرسلہ جناب عبد اللطیف خاں صاحب دوکاندار روبرو ڈال رحیم خانصاحب محلہ چھٹی ٹولہ اٹاوہ یوپی ۷ رشوال ۶۷ھ ہجری

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ عیدگاہ میں نماز یا خطبہ عید کے لئے محراب میں یا منبر پر مکبر دفون آلہ کبر الصوت لاؤڈ اسپیکر لگانا جائز ہے یا نہیں لگانے والا شرعی مجرم ہے یا مستحق ثواب۔ امام عید کا الہ مذکور پر نماز پڑھنا یا منبر پہ اپنے منہ کے سامنے لگاکر خطبہ پڑھنا جائز ہے یا نہیں، اگر ناجائز ہے تو ایسا کرنے والوں کے لئے کیا حکم ہے

الجواب - خطبہ کی حالت میں آلہ مکبر الصوت لگانے میں کوئی حرج نہیں مگر نماز کی حالت میں امام کا اس آلہ کو استعمال کرنا درست نہیں اس آلہ کے ذریعہ سے جن لوگوں نے تکبیرات کی آواز سنکر رکوع و سجود کیا ان کی نمازیں نہیں ہوئیں واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۵۵) مرسلہ عبد اللطیف خاں دوکاندار روبرو ڈال رحیم خانصاحب محلہ چھٹی اٹاوہ یوپی، رشوال ۶۷ھ

عیدگاہ میں بدنظمی کی وجہ سے صدہا اشخاص کی نماز میں امام کی نماز سے اختلاف ہوا، وہ یوں کہ جب امام نے سلام پھیرا تو مقتدیاں رکوع و سجود میں تھے کوئی قیام میں تھا۔ ان حضرات نے تکبیرات زوائد و انتقال کی آواز بوجہ بدنظمی نہ سنی تھیں تو ایسی صورت میں ان حضرات کی نماز ہوئی یا نہیں اس بدنظمی کا متولی ہی سبب واحد ہے جس نے مکبر مقرر نہ کئے۔

الجواب - امام کے سلام پھیرنے کے وقت جو لوگ رکوع و سجود میں تھے اگر انھوں نے بعد کے ارکان و واجبات نماز پورے کرکے سلام پھیر دیا تو ان کی نمازیں ہوگئیں اور اگر امام کے سلام پھیرتے ہی ان لوگوں نے اپنی نمازیں قطع کردیں تو ان کی نمازیں نہیں ہوئیں، مکبر مقرر کرنا متولی کے فرائض میں نہیں، اگر متولی نے نہیں مقرر کیا تھا تو مقتدیوں میں خود ہی لوگوں کو چاہئے تھا کہ جب امام کی آواز نہیں پہنچتی ہے تو متعدد لوگ تکبیرات کہتے کہ سب لوگوں کو امام کا حال معلوم ہوتا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۵۶) مرسلہ حافظ عبد المجید خانصاحب از ضلع اعظم گڈھ ڈاکخانہ ندوہ سرائے موضع حسنہ ۹ محرم ۱۳۷۱ھ

عہ اور نماز میں کراہت بھی نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم امجدی

اگر بوقت فجر یا ظہر یا عصر یا نیز کسی وقت اگر امام سنت نہ پڑھے بغیر سنت پڑھے نماز پڑھائے جبکہ وقت تنگ ہو تو امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک نماز ہوگی یا نہیں۔

الجواب ۔ اگر وقت تنگ ہے کہ سنت میں مشغول ہوگا تو وقت جاتا رہے گا اور نماز قضا ہو جائیگی تو اس حالت میں لازم ہے، سنت ترک کر کے فرض نماز ادا کرے، اور اگر اتنا وقت ہے کہ سنت پڑھکر فرض وقت کے اندر پڑھ لیگا تو سنت مؤکدہ کو ترک نہ کرے، ردالمحتار میں ہے السنۃ المؤکدۃ قریبۃ من الواجب فی لحوق الاثم کما فی البحر ویستوجب تارکہا التضلیل واللوم کما فی التحریر ای علی سبیل الاصرار بلا عذر کما فی شرحہ ـــــــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۵۷) مسئولہ علی بخش صاحب ، ۱۱ رجادی الاخریٰ ۱۳۴۱ھ

ہرن کے چمڑے پر نماز پڑھتے ہیں، سجدہ اُس چمڑے کے دم کی حصہ کے طرف کرنا چاہئے یا سر کے حصہ کی طرف۔ بینوا توجروا

الجواب ۔ اختیار ہے، سر کے حصہ کی طرف سجدہ ہو، یا اس کا عکس ـــــــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۵۸) مرسلہ عبدالعزیز صاحب از ٹانڈہ ضلع فیض آباد ۲۵ ذی الحجہ ۱۳۴۱ھ ۔

شریعت کا کیا ارشاد ہے کہ تہبند کے نیچے لنگوٹ باندھکر نماز پڑھنا کیسا ہے۔

الجواب ۔ لنگوٹ باندھکر نماز پڑھنا بلا کراہت جائز ہے[ع] ـــــــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۵۹) مسئولہ حافظ علی احمد صاحب از جسولی بریلی ۲۶ ذی الحجہ ۱۳۴۱ھ ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ کل کپڑے موجود ہونے یا نہ ہونے کی صورت میں نیم آستین کی بنڈی یا بنیائن پہنکر نماز پڑھنا کیسا ہے، جبکہ کہنیاں کھلی ہوں۔

الجواب ۔ جس کے پاس کپڑے موجود ہوں اور صرف نیم آستین یا بنیائن پہنکر نماز پڑھتا ہے، تو کراہت تنزیہی ہے اور کپڑے موجود نہیں تو کراہت بھی نہیں، معاف ہے، اور اگر کرتے یا اچکن کی آستین چڑھا کر نماز پڑھتا ہے تو نماز مکروہ تحریمی ہے، درمختار میں ہے وکرہ کفہ ای رفعہ ولو لتراب کمشمر کم او ذیل وصلاتہ فی ثیاب بذلۃ یلبسہا فی بیتہ ومہنتہ ای خدمۃ ان لہ غیرھا والالا ـــــــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

ع لنگوٹ میں اگرچہ کپڑا موڑا جاتا ہے اور گھرلیا جاتا ہے، مگر یہ کف ثوب نہیں۔ کف ثوب غیر معتاد طریقے پر کپڑے کے گھرنے اور موڑنے کو کہتے ہیں۔ کما فی الرضویہ صـ ۴۳۶ ج ۳ ۔ واللہ تعالیٰ اعلم امجدی

مسئلہ (٢٦٠) مرسلہ حافظ سید محمد اکرام الدین صاحب امام مسجد از محلہ ڈھوری محال بنارس ۲۶ ربیع الاول

(١) کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں امام مسجد کے دالان کے دَر میں کھڑا ہو اور مقتدی برآمدہ میں۔ اور وہ دالان برآمدہ سے آٹھ انگل اونچائی پر ہے تو کیا ایسی صورت میں امام کی اقتدا درست ہے۔

(٢) امام کے پاس مصلیٰ ہے اور مقتدی کے پاس کچھ نہیں، تو کیا اس حال میں امام کی اقتدا صحیح ہے۔

(٣) امام مسجد کے دالان کے در میں ہو اور مقتدی باہر ہوں تو کیا حکم ہے۔

(٤) جو کوئی موزے پر پائتابہ پہنے ہوئے مثل نعلین کے ہو وہ نماز کے وقت کیا کرے اور اسکی اقتدا کیسی ہے۔

الجواب (١) امام کا در میں کھڑا ہونا مکروہ ہے، ردالمحتار میں ہے والاصح ماروی عن ابی حنیفۃ انہ قال اکرہ ان یقوم بین الساریتین اور امام کا بلند جگہ کھڑا ہونا بھی مکروہ ہے، جبکہ بلندی حد امتیاز کو ہو، اور ڈھائی انگل یا چھ انگل کی مقدار ضرور اتنی ہے کہ دور سے امتیاز ہو جائے گا۔ تنویر الابصار بیان مکروہات میں ہے وانفراد الامام علی الدکان۔ درمختار میں بحوالہ فتح اسکی مقدار بقدر امتیاز فرمائی اور اسی کو اوجہ کہا، اور بدائع میں اسی کو ظاہر الروایۃ فرمایا، اور حلیہ میں اسی کو ترجیح دی۔ درمختار میں ہے وقیل مایقع بہ الامتیاز وھو الاوجہ ذکرہ الکمال وغیرہ ردالمحتار میں ہے وھو ظاہر الروایۃ کما فی البدائع قال فی البحر والحاصل ان التصحیح قد اختلف والاولی العمل بظاہر الروایۃ واطلاق الحدیث اھ وکذا رجحہ فی الحلیۃ　واللہ تعالیٰ اعلم

(٢) اگر امام جانماز وغیرہ پر ہو تو یہ ضروری نہیں کہ مقتدی کے پاس جانماز ہو اسمیں اصلاً عدم جواز بلکہ کراہت بھی نہیں۔ وھو اعلم

(٣) اقتدا صحیح ہے مگر کراہت ہے جیسا کہ جواب سوال اول میں مذکور ہوا۔　واللہ تعالیٰ اعلم

(٤) موزہ پہنکر نماز پڑھنے میں اصلاً کوئی حرج نہیں، اور چمڑے کے موزوں پر مسح کرنے کی اجازت ہے۔ اور ایک دن رات مقیم اور تین دن تین راتیں مسافر ان پر مسح کر سکتا ہے تو اگر نماز کے وقت اُتارنا ضروری ہو تو مسح کیونکر کر سکتا ہے کہ موزہ اُتارنے سے مسح جاتا رہتا کما ھو مصرح فی کتب الفقہ۔　واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (٢٦١) مسئولہ　از　شہر بریلی　٢٩ ذی الحجہ ۴۲ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ امام صاحب نماز کے وقت عمامہ نہیں باندھتے عذر فرماتے ہیں کہ میرا سر گھومتا ہے، اور مقتدیوں میں ایک صاحب باندھتے ہیں۔ ایسی حالت میں نماز صحیح ہے یا مکروہ۔

الجواب ۔ اگر مقتدی کے سر پر عمامہ ہے امام کے نہیں تو اسکی وجہ سے نماز میں کوئی کراہت نہیں، اور مقتدی کو نماز باعمامہ کا ثواب ملے گا ——— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۶۲) مسئولہ حافظ علی احمد صاحب　از بریلی محلہ جسولی ۷ ربیع الآخر ۱۳۴۳ھ۔

مقتدیوں کو امام کی تابعداری سے جماعت میں امام سے پہلے سجدہ یا رکوع میں جانا جائز ہے یا ناجائز۔

الجواب ۔ امام سے پہلے رکوع یا سجدہ میں جانا ناجائز و گناہ ہے اور نماز مکروہ پھر جبکہ یہ رکوع و سجود میں تھا اور امام بھی آگیا کہ شرکت امام کے ساتھ ہوگئی تو نماز بکراہت ادا ہوگئی، اور اگر امام کے آنے سے پہلے اُس نے سر اٹھایا تو وہ رکوع یا سجدہ جاتا رہا، بعد سلام امام یہ مقتدی ایک رکعت اور پڑھے، ورنہ نماز نہ ہوگی کما ھو مذکور فی کتب الفقہ حدیث میں ہے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں ایھا الناس انی امامکم فلا تسبقونی بالرکوع ولا بالسجود ولا بالقیام ولا بالانصراف فانی اراکم امامی و من خلفی رواہ مسلم عن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ نیز فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الذی یرفع راسہ ویخفضہ قبل الامام فانما ناصیتہ بید الشیطان۔ جو امام سے پہلے اپنا سر اُٹھاتا یا جھکاتا ہے۔ اسکی چوٹی شیطان کے ہاتھ میں ہوتی ہے ——— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۶۳) از بنارس کچی باغ مرسلہ نور الحق ولد منشی حاجی محمد حسن صاحب ۹ محرم الحرام ۱۳۴۷ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مسئلہ مندرجہ ذیل میں کہ بہار شریعت جلد سوم ص۱۳۷ میں ہے کہ امام کا تنہا بلند جگہ کھڑا ہونا مکروہ ہے، بلندی کی مقدار یہ ہے کہ دیکھنے میں جسکی اونچائی ظاہر امتیاز ہو پھر یہ بلندی اگر قلیل ہے تو کراہت تنزیہیہ ورنہ کراہت بظاہر تحریم۔ سوال یہ ہے کہ قلیل و کثیر کی مقدار معتبر و مفتی بہ کیا ہے۔ بینوا توجروا

الجواب ۔ بلند مقام پر امام کو تنہا کھڑا ہونا مکروہ ہے، یہ امر کہ کس حد کی بلندی سے کراہت ہوتی ہے اسمیں تین قول ہیں، ایک یہ کہ قامت انسان سے متجاوز ہو تو کراہت ہے، دوم بقدر ذراع، سوم بقدر امتیاز۔ قول اول امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ سے منقول اور امام ابی یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ سے مروی بلکہ امام ابی یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ یہ فرماتے ہیں کہ قامت سے کم میں کراہت نہیں۔ تو اس سے معلوم ہوتا ہے کہ قامت کی قدر ہو تو مکروہ۔ لہٰذا اسکو قول رابع قرار دے سکتے ہیں، قول دوم کو اکثر نے اختیار کیا اور اسپر اعتماد کیا اور قول سوم اطلاق حدیث کے مطابق ہے اور یہی ظاہر الروایۃ ہے۔ چونکہ اس مسئلہ میں تصحیحات مختلف ہیں لہٰذا ظاہر الروایۃ کو ترجیح دیجائیگی۔ ابوداؤد میں یہ حدیث

ہے کہ عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ مدائن میں نماز پڑھانے کے لئے بلند جگہ کھڑے ہوگئے اور تمام مقتدی نیچے تھے حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اُن کا ہاتھ پکڑ کر نیچے اُتار لائے، نماز سے فارغ ہونے کے بعد حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا الم تسمع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول اذا امّ الرجل القوم فلا یقم فی مکان ارفع من مقامھم او نحو ذالک فقال عمار لذلک اتبعتک حین اخذت علی یدی کیا تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نہیں سُنا کہ جب قوم کا امام ہو تو اُن سے اونچی جگہ نہ کھڑا ہو عمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جواب دیا اسی وجہ سے میں نے اتباع کیا جب تم نے میرا ہاتھ پکڑ کر کھینچا۔ فتح القدیر میں ہے واختلف فی مقدار الارتفاع الذی تتعلق بہ الکراھۃ فقیل قدر القامۃ وقیل ما یقع بہ الامتیاز وقیل ذراع کالسترۃ وھو المختار والوجہ اوجھیۃ الثانی لان الموجب وھو شبھۃ الازدراء یتحقق فیہ غیر مقتصر علی قدر الذراع۔ درمختار میں ہے وقدر الارتفاع بذراع ولاباس بمادونہ وقیل مایقع بہ الامتیاز وھو الاوجہ ذکرہ الکمال وغیرہ۔ ردالمحتار میں ہے قولہ وقیل الخ وھو ظاھر الروایۃ کما فی البدائع قال فی البحر والحاصل ان التصحیح قد اختلف والاولی العمل بظاھر الروایۃ واطلاق الحدیث اھ وکذا رجحہ فی الحلیۃ جب یہی ظاہر الروایۃ ہے اور یہی اطلاق حدیث کا مقتضیٰ اور پھر اسی میں احتیاط بھی ہے تو اس پر عمل کرنا چاہیے۔ اس روایت میں صرف امتیاز کو مقدار کراہت بتایا گیا ہے تو اسکی تحدید پیمانہ کے ساتھ نہیں کی جاسکتی بلکہ وہ مقدار قلیل بھی کہ بظاہر ممتاز ہو کراہت کے لئے کافی ہے مثلاً تین چار انگل کی بلندی بھی قابل امتیاز ہے یہ بھی مکروہ ہوگی۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۳۶۳) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ زید کہتا ہے کہ قالین یا دری جو اکثر ہندؤں کے یہاں سے منگنی آتی ہے، اگرچہ خشک ہو اور اس کا نجس ہونا بھی ثابت نہ ہو تو بھی اُسپر نماز نہیں ہوسکتی، اس کے علاوہ بھی اگر اور کوئی کپڑا ہو یا تخت و زمین ہو اور بالکل خشک ہو جماعت قائم ہے امام آگے نہیں بڑھ سکتا ہے، مقتدی پیچھے ہٹ سکتے ہیں، اور پیچھے کپڑا یا قالین جو بچھا ہے وہ خشک ہے اس کا نجس ہونا معلوم نہیں ہے۔ اور اگر مقتدی پیچھے نہ ہٹے تو امام کے داہنے بائیں پانچ چھ آدمی ہوجاتے ہیں۔ اگر ایسی حالت میں محض اسی خیال سے کہ قالین نجس ہوگا مقتدی نہ ہٹے اور امام کے برابر تین آدمی داہنی طرف اور دو آدمی بائیں طرف کھڑے ہوگئے۔ ایسی حالت میں نماز ہوئی یا نہیں۔ اور بتانے پر نماز نہ دُہرائی گئی تو نماز اور نمازیوں کے متعلق شرع شریف کا کیا حکم ہے۔ مکرر یہ کہ کسی چیز پر شبہہ کرنا کہ یہ نجس ہوگی، جائز ہے یا نہیں۔

الجواب ۔ اشیائے طاہرہ میں نجاست چونکہ عارضی ہے لہٰذا جبتک کسی چیز کا نجس ہونا معلوم نہ ہو نجس نہیں قرار دے سکتے۔ کافر یا مشرک کے یہاں کی کوئی چیز ہونا اُس کے نجاست کے لئے مستلزم نہیں، ہاں اگر معلوم ہے کہ یہ چیز نجس ہے کہ اُس نے خود دیکھا ہے یا معتبر خبر سے نجس ہونا ثابت ہوا تو بیشک نجس ہے مگر خواہ مخواہ یہ سمجھ لینا کہ نجس ہوگی عند الشرع معتبر نہیں، اور اگر اسکی نجاست میں شک ہے تو بھی نجس نہیں کہہ سکتے، ایسی چیز کا دھونا بہتر ہوگا اور اُسکے بغیر نماز پڑھی جب بھی ہوجائیگی۔ درمختار میں ہے مایخرج من دار الحرب کسنجاب ان علم دبغه بطاهر فطاهر او بنجس فنجس وان شك فغسله افضل، ردالمحتار میں ہے لان الاخذ بما هو الوثيقة فى موضع الشك افضل اذا لم يؤد الى الحرج ومن ههنا قالوا لاباس بلبس ثياب اهل الذمة والصلوٰة فيها الا الازار والسراويل فانه يكره الصلوٰة فيهما لقربهما من موضع الحدث وتجوز لان الاصل الطهارة وللتوارث بين المسلمين فى الصلوٰة بثياب الغنائم قبل الغسل وتمامه فى الحلية زمین اگر نجس ہو خشک ہوکر پاک ہوجاتی ہے مگر کپڑا یا تخت یا قالین نجس ہوجائیں تو خشک ہونے سے پاک نہ ہوں گے بلکہ پاک کرنے کی ضرورت ہوگی، یہ اُسوقت ہے جب نجس ہو ورنہ صرف یہ وہم کہ ناپاک ہوگا قابلِ اعتبار نہیں نہ اس بنا پر نجاست کا حکم دیں گے۔

دو مقتدی ہو تو امام کے پیچھے کھڑے ہوں اُن کو امام کے برابر کھڑا ہونا مکروہ تنزیہی ہے، اور دو سے زائد ہوں تو ان کے لئے امام کے پیچھے کھڑا ہونا واجب ہے اور امام کے برابر کھڑا ہونا مکروہ تحریمی، اگر آگے جگہ ہو تو امام بڑھ جائے، ورنہ مقتدی پیچھے ہٹ جائیں، درمختار میں ہے والزائد يقف خلفه فلو توسط اثنين كره تنزيها وتحريما لو اكثر۔ ردالمحتار میں ہے افاد ان تقدم الامام امام الصف واجب كما افاده فى الهداية والفتح۔ اور جب نماز مکروہ تحریمی ہوئی تو اعادہ واجب۔ درمختار میں ہے كل صلوٰة اديت مع كراهة التحريم تجب اعادتها ۔　　واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۶۵) از بانس بریلی شریف ڈاکخانہ انبریٹ نگر ساکن صالح نگر مرسلہ جناب کفایت حسین صاحب

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید دریافت کرتا ہے کہ ہاتھ میں گھڑی لگاکر نماز پڑھنا یا امامت کرنا کیسا ہے۔

الجواب ۔ اگر گھڑی چمڑے کے تسمہ یا فیتہ سے بندھی ہو تو باندھکر نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں اور اگر کسی دھات سونے چاندی پیتل وغیرہ سے بندھی ہے تو نماز مکروہ ہوگی اُسے اُتار کر نماز پڑھنی چاہئے ۔　　واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۶۶) از موضع برمھولی ڈاکخانہ مائنگ ضلع سلطان پور مرسلہ جناب خدا بخش صاحب۔
کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ منبر شریف پر ٹوپی رومال شیروانی چادر وغیرہ رکھ کے الگ نماز پڑھنا خلاف ادب ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا

الجواب ۔ منبر پر ٹوپی وغیرہ رکھنے میں حرج نہیں مگر برہنہ سر نماز پڑھنا اگر بقصد عجز وانکسار نہ ہو تو مکروہ ہے یونہی ہر وقت کے پہننے کے کپڑوں میں جس کو ثیاب بذلہ کہتے ہیں نماز پڑھنا جبکہ دوسرے اچھے کپڑے موجود ہوں مکروہ ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۶۷) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ زید بوڑھا ہے ایک سجدہ کرنے کے بعد اچھے طریقہ پر بیٹھ نہیں سکتا جب تک پالتھی مار کر نہ بیٹھے لہٰذا وہ پہلے سجدہ ہی کے بعد جھکا رہتا ہے دوسرے سجدے میں بیٹھ سیدھی کرتا ہے، ایسی حالت میں نماز ہوئی یا نہیں، لیکن اگر چاہے تو کر سکتا ہے البتہ امام کا ساتھ دینا مشکل ہوگا نیز تنہا بھی اگر اسطریقہ سے پڑھے تو نماز ہوگی یا نہیں۔

الجواب ۔ پہلے سجدہ سے اٹھنے کے بعد جبتک سیدھا بیٹھ نہ لے دوسرے سجدے میں نہ جائے حدیث ہے کہ جبتک اطمینان سے بیٹھ نہ جائے دوسرا سجدہ نہ کرے بغیر اطمینان کے ساتھ بیٹھنے کے بعد جو نماز پڑھتا ہے گنہگار ہوتا ہے اور نماز مکروہ تحریمی واجب الاعادہ ہوتی ہے اور امام کا ساتھ نہ دے سکے تو نہ دے مگر سیدھا ضرور بیٹھے کہ امام کی معیت کے لئے واجبات نہیں ترک کئے جائیں گے ـــــــــــــــــــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۶۸) از ڈیسہ ریاست پالن پور مرسلہ جناب محمد عمر صاحب پیش امام مسجد صدر بازار ۱۷ ربیع الاول ۱۳۳۷ھ
کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ پیش امام کو ٹوپی پہنکر امامت کرنا حرام ہے یا مکروہ تحریمی یا مکروہ تنزیہی۔ اور امام کے لئے کسی مخصوص ٹوپی کی ضرورت ہے یا ہر ٹوپی کا ایک ہی حکم ہے۔

الجواب ۔ صرف ٹوپی پہن کر امامت کرنا نہ حرام ہے نہ مکروہ تحریمی نہ مکروہ تنزیہی البتہ ٹوپی پر عمامہ باندھنا زیادہ ثواب ہے۔ اور جو نماز عمامہ کے ساتھ پڑھی جائے وہ اُس نماز سے افضل ہے جو بغیر عمامہ پڑھی گئی۔ اور اس حکم میں امام ومقتدی دونوں کا ایک حکم ہے۔ امام کے لئے عمامہ کی خصوصیت نہیں نہ یہ کہ امام کے لئے زیادہ تاکید ہو مقتدیوں کے لئے کم ہر قسم کی ٹوپی جائز ہے مگر جو ٹوپی کفار وفساق کی علامت ہو اسکو نہ پہننا چاہیئے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۶۹) صف اول میں جگہ ہوتے ہوئے دوسری صف میں نماز ادا کی، نماز ہوئی یا نہیں۔

الجواب - صف اول میں جگہ ہوتے ہوئے دوسری صف میں کھڑا ہونا مکروہ ممنوع ہے، حدیث میں فرمایا ولا تعلا - درمختار میں ہے کرہ کقیامہ فی صف خلف صف فیہ فرجۃ - ردالمحتار میں ہے ھل الکراھۃ فیہ تنزیھیۃ او تحریمیۃ ویرشد الی الثانی قولہ علیہ الصلوٰۃ والسلام ومن قطعہ قطعہ اللہ ــــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۷۰) از کھنڈوہ امام باڑہ قصبان کاملان محلہ املی پورہ مرسلہ ولد امیر علی صاحب ۱۱ رجادی الثانی ۱۳۵۴ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین مسائل ذیل میں کہ :-

نماز میں امامت کی حالت میں اکثر دیکھا گیا ہے کہ ٹوپی پر ایک چھوٹا سا کپڑا لپیٹ لیا جاتا ہے، اسکی کیا اصلیت ہے۔

الجواب - تین پیچ اگر اس کپڑے سے لپیٹے جائیں تو عمامہ کے حکم میں ہے ورنہ کچھ نہیں۔[عہ] وہو تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۷۱) عام رواج ہے کہ لوگ جس وقت مسجد میں نماز پڑھنے آتے ہیں، تو پہلے صف میں بیٹھ جاتے ہیں، بعد کو نیت باندھتے ہیں، یہ درست ہے یا نہیں، یا واجبات سے ہے - بینوا توجروا

الجواب - آتے کے ساتھ اگر وقت مکروہ نہ ہو تو بیٹھنے سے قبل دو رکعت تحیۃ المسجد پڑھے، اگر بیٹھ جانا پھر کھڑا ہونا اگر کسی وجہ سے نہ ہو تو محض لغو ہے[عہ] ــــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۷۲) از رانی کھیت مرسلہ مولوی قاری جلیل الدین صاحب الہ آبادی ۲۴ ربیع الاول ۱۳۵۷ھ

امام کو کسی غلطی پر سُبْحَانَ اللّٰہِ کے بجائے اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہکر آگاہ کیا تو مقتدی کا یہ فعل کیسا ہے مقتدی کے نماز میں کوئی قصور تو نہیں واقع ہوتا۔

الجواب - کوئی حرج نہیں ــــــــ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۷۳) از بہار پور معماران مرسلہ محمد رضا ۸ رصفر ــــــــ ۶۶ سنہ ہجری۔

شروانی کے بٹن کھول کر امام کو نماز جماعت پڑھانا درست ہے یا نہیں اور مقتدیوں کی نماز میں کوئی حرج

عہ بعض جگہ دیکھا گیا ہے کہ ٹوپی کے کنارے کپڑا لپیٹ لیتے ہیں اور پوری ٹوپی کھلی رہتی ہے - یہ اعتجار ہے - اس طرح نماز پڑھنا مکروہ تحریمی واجب الاعادہ ہے - نور الایضاح اور اس کی شرح مراقی الفلاح میں ہے - ویکرہ الاعتجار وھو شد الراس بالمندیل او تکویر عمامتہ علی راسہ وترک وسطہا مکشوفا۔ اس کے تحت طحطاوی میں ہے ای لف العمامۃ حول الراس وابداء الھامۃ - فقولہ وترک وسطہا راجع الی تفسیر الشرح ایضاً۔ المراد انہ مکشوف من العمامۃ لامکشوف اصلا لانہ فعل ما لا یفعل واللہ تعالیٰ اعلم

عہ لغو ہونے کے ساتھ ساتھ اسمیں ایک نقص بھی ہے، اگر بغیر بیٹھے سنت پڑھ لیگا تو یہ سنت تحیۃ المسجد کے قائم مقام ہو جائیگی۔ اور بیٹھ گیا تو محروم رہا واللہ تعالیٰ اعلم　امجدی

تو واقع نہیں ہوا۔

مسئلہ (۲) ۔ امام کو کندھے پر چادر اوڑھکر نماز پڑھانا کیسا ہے اور سر سے اوڑھکر پڑھنا کیسا ہے اور مقتدیوں کی نماز ہو جائے گی یا نہیں۔

الجواب (۱) ۔ شروانی کے اگر تمام بٹن کھول کر نماز پڑھی تو نماز میں کراہت ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

ج (۲) چادر اوڑھنے میں بہتر یہ ہے کہ سر سے اوڑھے اس طرح سے اوڑھنا مطابق سنت ہے اور کندھے سے اگر اوڑھی جب بھی نماز ہو جائے گی، نماز میں کراہت نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۷۴) بنارس ۱۵ر جمادی الاولیٰ ۱۳۶۷ھ ہجری

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مسئلہ ذیل میں کہ امام سائبان کے اندر ہو اور مقتدی باہر ہو اس حالت میں نماز کیسی ہوگی۔

الجواب ۔ اگر صرف تنہا امام ہی سائبان کے اندر ہو اور سب مقتدی باہر ہوں تو اس صورت میں کراہت لازم آئیگی۔ ؁

مسئلہ (۲۷۵) بنارس ۱۵ جمادی الاولیٰ ۱۳۶۷ھ ہجری

فجر و ظہر میں کوئی بلا سنت پڑھے نماز پڑھا سکتا ہے یا نہیں اگر پڑھائے تو ایسی حالت میں نماز کیسی ہوگی۔

الجواب ۔ اگر اتنا وقت باقی ہے کہ سنت پڑھ لینے کے بعد فرض ادا کریگا تو سنتوں کے پڑھنے کے بعد نماز پڑھائے، فجر کی سنت کا تاکد بہت زیادہ ہے یہاں تک کہ قریب بوجوب ہے بلکہ بعض فقہا اسکے وجوب کے قائل ہیں اگر سنت فجر بغیر پڑھے ہوئے امامت کرے تو اس کا ترک لازم آئیگا کہ اب اسکی قضا بھی نہیں۔ اور بلاشبہ بغیر عذر سنت فجر کا ترک اساءت ہے اور ظہر کی سنتیں اگرچہ بعد فرض پڑھ لیگا مگر بلا عذر اُسکو اسکی جگہ سے ہٹانا بھی بُرا ہے کہ سنت قبلیہ میں اصل سنت یہی ہے کہ وہ فرض سے قبل پڑھی جائے جماعت قائم ہو چکنے کے بعد مقتدی کا جماعت میں مشغول ہونا اور سنت کا موخر کرنا عذر شرعی کی وجہ سے ہے مگر بلا وجہ امام کا موخر کرنا سنت کے خلاف ہے ——— واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۷۶) مسئولہ عبدالمجید صاحب از آگرہ ضلع شاہ آباد ۱۶ر شوال ۱۳۴۱ھ

؁ نقایہ کے باب مکروہات الصلوٰۃ میں ہے وتخصیص الامام بمکان۔ اور ظاہر ہے کہ صورت مذکورہ میں امام کی ایک مکان کے ساتھ تخصیص ہو گئی۔ فتاویٰ رضویہ جلد سوم ۴۱۵ میں ہے۔ علماء تصریح فرماتے ہیں کہ امام کے لئے تخصیص مکان کی کراہت میں یہ صورت بھی داخل ہے کہ مثلاً وہ مکان مسقف میں ہو اور مقتدی صحن میں۔ شرح نقایہ میں ہے واما ان یکون فی صفۃ وھو فی وسط الدار مثلا کما فی الجواھر ولما ان یقوم فی المسجد والامام فی طاق یتخذ فی المحراب واللہ تعالیٰ اعلم امجدی

اگر کوئی شخص رمضان میں عشاء کی نماز مکان میں اکیلا پڑھے تو وہ شخص وتر جماعت کے ساتھ پڑھ سکتا ہے یا نہیں۔

الجواب ۔ جو شخص نماز عشا رمضان میں تنہا پڑھے، وہ جماعت میں شریک نہ ہو، اُسے چاہیے کہ وتر بھی تنہا پڑھے، ردالمحتار میں ہے اذا لم یصلی الفرض معہ لا یتبعہ فی الوتر۔ وہو تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۷۷) مرسلہ سید حسن اشرف صاحب از پرانی بستی ضلع بستی ۱۹ جمادی الاولیٰ ۴۲ھ۔

اگر کوئی شخص خواندہ دعائے قنوت کے بجائے تین بار سورہ اخلاص شریف پڑھے تو کیا حکم ہے۔ اسکی نماز ہوگی یا نہیں۔

الجواب ۔ دعائے قنوت وتر میں واجب ہے، اور قنوت صرف وہی نہیں جو اس نام سے مشہور ہے، اس دعا کا پڑھنا سنت ہے، اور اگر کوئی دوسری دعا پڑھی جب بھی ادا ہو گیا۔ درمختار بیان واجبات نماز میں ہے وقرأۃ قنوت الوتر وھو مطلق الدعاء۔ ردالمحتار میں ہے القنوت الواجب یحصل بای دعاء کان فی النھر واما خصوص اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُکَ فسنۃ فقط حتی لو اتی بغیرہ جاز اجماعا۔ نیز ردالمحتار باب الوتر میں ہے وذکر فی البحر عن الکرخی ان القنوت لیس فیہ دعاء موقت لانہ روی عن الصحابۃ ادعیۃ مختلفۃ ولان الموقت من الدعاء یذہب برقۃ القلب وذکر الاسبیجابی انہ ظاہر الروایۃ ۔ اور اگر کوئی دعا یاد نہ ہو تو تین بار اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ کہے قالہ الامام ابو اللیث ذکرہ فی ردالمحتار اور سورۂ اخلاص ذکر خالص ہے، اسکے پڑھنے واجب ادا نہ ہوگا کہ واجب دعا ہے، اور چونکہ قصداً ترک واجب ہوا لہٰذا نماز واجب الاعادہ ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۷۸) مسئولہ مستری نبی بخش از بریلی محلہ نیلگران ۸ ربیع الاول شریف۔ سنہ ۴۳ ہجری

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ سُبْحٰنَ الْمَلِکِ الْقُدُّوْسِ بعد وتر کہنا جائز ہے یا نہیں، اور اگر ہے تو کس ترکیب سے۔ اور فضیلت کیا ہے اور اگر زور سے کہنے کا حکم ہے تو نمازی کی نماز میں خلل تو نہیں پڑتا ہے۔

الجواب ۔ بعد سلام وتر سُبْحٰنَ الْمَلِکِ الْقُدُّوْسِ تین بار کہنا سنت ہے، دو بار آہستہ اور تیسری بار جہر کے ساتھ، مگر نہ اس قدر جہر سے کہ لوگوں کی نماز میں خلل آئے، اور قدوس کے داد کو تیسری بار میں دراز کرے یعنی مد پڑھے۔ حدیث میں ہے کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا سلم فی الوتر قال سُبْحٰنَ الْمَلِکِ الْقُدُّوْسِ ثلث مرات یطیل وفی روایۃ للنسائی عن عبدالرحمن بن ابزی عن ابیہ کان یقول اذا سلم سُبْحٰنَ الْمَلِکِ الْقُدُّوْسِ ثلثا ویرفع صوتہ فی الثالثۃ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۷۹) از نانپارہ مرسلہ مولٰی عبداللہ صاحب ۲۸ ذیقعدہ ۱۳۴۴ھ

تہجد گذار رمضان شریف میں بعد تراویح کے وتر واجب جماعت سے ادا کر سکتا ہے یا نہیں۔

الجواب - جس کو یہ بھروسہ ہو کہ آخر شب میں اُٹھ جائے گا اُسے وتر آخر شب میں تہجد کے بعد پڑھنا بہتر ہے ورنہ اول شب ہی میں سونے سے پہلے پڑھ لے رمضان وغیر رمضان کا کچھ فرق نہیں، رمضان میں بھی آخر شب میں پڑھنا بہتر ہے اور تراویح کے بعد ہی پڑھ لیا جب بھی جائز ہے، درمختار میں ہے یستحب تاخیر الوتر الی اٰخر اللیل لواثق بالانتباہ والا فقبل النوم - واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۸۰) وتر کی نماز میں تیسری رکعت میں بعد سورہ فاتحہ و سورہ اخلاص پڑھنے کے دونوں ہاتھ بالکل نیچے زانو تک چھوڑ کر بعد اٹھا کر کانوں تک لیجا کر باندھے یا فقط ناف کے اوپر ہی سے اٹھا کر کانوں تک پہنچا کر پھر ناف پر باندھے۔

الجواب - ہاتھ لٹکانا ثابت نہیں بلکہ ہاتھ کھول کر کانوں تک لیجائیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۸۱) مرسلہ محمد حسین صاحب امام مسجد لوہاران جودھپور خاص ۱۱ محرم الحرام ۱۳۵۰ھ

کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین کہ وتر کی تین رکعتیں ہی پڑھنا مستقل ہیں یا ایک پڑھنا بھی جائز اور دو پڑھنا بھی درست، اس مسئلہ کی کیا صورت ہے صحیح طور سے کس طرح سمجھا جائے۔

الجواب - وتر کی تین ہی رکعتیں ہیں احادیث اس باب میں کثیر ہیں، صحیح بخاری شریف کی ایک حدیث پر اکتفا کرتا ہوں ابو سلمہ بن عبدالرحمٰن نے ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے سوال کیا کہ کیف کانت صلوٰۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی رمضان فقالت ما کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یزید فی رمضان ولا فی غیرہ علی احدی عشرۃ رکعۃ یصلی اربعا فلا تسأل عن حسنهن وطولهن ثم یصلی اربعا فلا تسأل عن حسنهن وطولهن ثم یصلی ثلثا قالت عائشۃ فقلت یا رسول اللہ اتنام قبل ان توتر فقال یا عائشۃ ان عینی تنامان ولا ینام قلبی۔ رمضان میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نماز کیسی ہوا کرتی تھی، ام المومنین نے فرمایا کہ رمضان اور غیر رمضان میں گیارہ رکعت سے زیادہ نہ ہوتی۔ چار رکعت پڑھتے یہ نہ پوچھو کہ وہ کتنی اچھی ہوتیں اور کتنی لمبی ہوتیں پھر چار پڑھتے نہ پوچھو کہ وہ کیسی اچھی ہوتیں اور کتنی لمبی ہوتیں پھر ان کے بعد تین رکعت پڑھتے ام المومنین کہتی ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ حضور وتر سے پہلے سوجاتے ہیں ارشاد فرمایا اے عائشہ میری آنکھیں سوتی ہیں اور میرا دل نہیں سوتا، غیر مقلدین اس حدیث سے تراویح کی آٹھ رکعتیں ہونے پر استدلال کرتے ہیں حالانکہ حدیث کے الفاظ بتاتے ہیں کہ یہ وہ نماز ہے جو رمضان وغیر رمضان دونوں

میں پڑھی جاتی ہے یعنی نماز تہجد تراویح کو رمضان کے ساتھ خصوصیت ہے تراویح غیر رمضان میں کہاں پڑھی جاتی ہے تراویح کی آٹھ رکعات پر حدیث دلالت بھی نہیں کرتی مگر اس باب میں تراویح کے آٹھ رکعت ہونے میں یہ حدیث غیر مقلدین کے نزدیک قابل اعتبار د حجت ہے اور آٹھ کے بعد تین رکعتوں کا وتر ہونا اس حدیث سے صاف اور واضح طور پر سمجھا جاتا ہے اس امر میں حدیث صحیح بخاری قابل اعتبار نہیں (یعنی غیر مقلدین کے نزدیک) وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۸۲) مرسلہ ملا محمد اسمٰعیل سنجان ضلع تھانہ ۱۸ ربیع الاول ۶۱ھ۔

وتر واجب تین رکعت ہے دو رکعت مع سورت اور تیسری رکعت میں الحمد اور قُلْ ھُوَ اللّٰہ شریف پڑھ کر کان تک ہاتھ اٹھانے کی کیا وجہ ہے۔

الجواب - تکبیر قنوت میں ہاتھ اٹھانے کی یہ وجہ ہے کہ حدیث میں ایسا ہی آیا ہے۔ٰؐ واللہ تعالیٰ اعلم

رسالہ

التحقیق الکامل فی حکم قنوت النوازل

مسئلہ (۲۸۳) مسئولہ مولوی محمد صدیق صاحب صدر مدرس مدرسہ عربیہ مالیگاوں ضلع ناسک ۱۵ ذی الحجہ سنہ ۱۳۶۶ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ بلا و مصیبت کے زمانہ میں علماء حنفیہ نے جو نماز فجر میں قنوت پڑھنے کی اجازت تحریر فرمائی ہے یہ قنوت قبل الرکوع ہے یا بعد الرکوع ہے، علامہ شامی علیہ الرحمہ نے بعد الرکوع ہونے کو اظہر بتایا مگر بہار شریعت میں اس قنوت کا قبل الرکوع پڑھنا تحریر فرمایا ہے۔ نیز اعلٰحضرت قدس سرہ العزیز نے بھی ملفوظ جلد دوم صفحہ ۹۳ میں فرمایا، طریقہ اس کا یہ ہے کہ دوسری رکعت میں الحمد سورت کے بعد اللہ اکبر کہہ کر دعائے قنوت

ؐ عبادات توقیفیہ ہیں۔ شرع سے جیسے ثابت ہو ویسے ہی ادا کرنا لازم ہے، عقل کو اسمیں دخل نہیں، ویسے یہاں کہا جا سکتا ہے کہ وتر کی اخیر رکعت میں ابتداءً قرآن مجید پڑھا جاتا ہے اور بعد میں دعائے قنوت، ان دونوں کے مابین امتیاز و فصل کو ظاہر کرنے کے لئے تکبیر و رفع یدین کا حکم ہے۔
واللہ تعالےٰ اعلم

پڑھے اور مقتدی آہستہ آہستہ دعا مانگے یا آمین کہیں اس مسئلہ کو بالتفصیل بیان کیا جائے تاکہ اطمینان ہو۔

(۲) یہ دعا نماز فجر میں ہاتھ باندھ کر پڑھی جائے یا دعا کے وقت ہاتھ چھوڑ دے۔

(۳) یہ دعائے قنوت جہر کے ساتھ پڑھی جائے یا آہستہ۔

(۴) امام جہر سے پڑھے یا آہستہ۔ بینوا توجروا۔

الجواب اللھم ھدایۃ الحق والصواب۔ دعائے قنوت میں ہم حنفیہ وشافعیہ کے مابین چند اختلافات ہیں۔ اول یہ کہ یہ دعا قبل رکوع ہے یا بعد رکوع۔ دوسرے یہ کہ وتر میں قنوت آیا پورے سال میں ہے یا صرف ماہ رمضان کے نصف اخیر میں۔ سوم یہ کہ وتر کے غیر میں دعائے قنوت پڑھ سکتا ہے یا نہیں۔ وتر میں عاقنوت کا قبل رکوع ہونا ظاہر ہے۔ ابن ماجہ نے ابی ابن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یوتر ویقنت قبل الرکوع۔ اور نسائی کی روایت انھیں سے یہ ہے کان یوتر بثلث یقرأ فی الاولیٰ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّکَ الْاَعْلٰی وفی الثانیۃ قُلْ یٰاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ وفی الثالثۃ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ویقنت قبل الرکوع۔ نیز خطیب نے عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قنت فی الوتر قبل الرکوع۔ اور ابونعیم نے حلیہ میں ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی اوتر النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بثلث وقنت فیھا قبل الرکوع اور طبرانی نے اوسط میں ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ کان یوتر بثلث رکعات ویجعل القنوت قبل الرکوع۔ ان احادیث سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ دعائے قنوت کا محل قبل رکوع ہے۔ مگر یہ سب احادیث نماز وتر کے بارے میں ہیں کہ نماز وتر میں دعائے قنوت کا محل قبل رکوع ہے۔ بعض شافعیہ قنوت بعد الرکوع پر حدیث انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے استدلال کیا جس کو ابن ماجہ نے اپنی سنن میں روایت کیا انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قنت بعد الرکوع۔ مگر ان کا یہ استدلال صحیح نہیں۔ کیونکہ خود انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے صحیح بخاری شریف میں عاصم احول نے روایت کی سألت انسا عن القنوت فی الصلاۃ قال نعم فقلت اکان قبل الرکوع او بعدہ قال قبلہ قلت فان فلانا اخبرنی عنک انک قلت بعدہ قال کذب انما قنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعد الرکوع شھرا۔ بعد رکوع نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا قنوت پڑھنا صرف ایک مہینہ تک تھا اس کے بعد ترک فرمادیا جیسا کہ کلمہ حصر انما اس پر دلالت کرتا ہے بلکہ خود انھیں سے یہ بھی مروی ہوا ثم ترکہ۔ اس حدیث کو نسائی نے قتادہ سے اور ابوداؤد نے انس ابن سیرین سے یہ دونوں انس ابن مالک سے روایت کرتے ہیں

یہ روایت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ساکت ہے کہ یہ قنوت (جو بعد رکوع تھا) نماز فجر میں تھا یا نماز وتر میں، اگر نماز وتر میں تھا جب تو یہ امر صاف ظاہر ہوگیا کہ نماز وتر میں قنوت بعد الرکوع صرف ایک ہی مہینہ حضور نے پڑھا دبس۔ اور اگر یہ قنوت نماز فجر میں تھا اور روایتوں سے ایسا ہی ظاہر ہوتا بھی ہے تو اس سے وتر میں قنوت بعد الرکوع پر استدلال ساقط۔ علامہ سید احمد طحطاوی رحمۃ اللہ علیہ حاشیہ درمختار میں ایک حدیث نقل فرماتے ہیں قال انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ قنت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی الصبح بعد الرکوع یدعو علی احیاء من العرب رعل وذکوان وعصیۃ حین قتلوا القراء وھم سبعون او ثمانون رجلا ثم ترکہ ظھر علیھم۔ بلکہ خود صحیح بخاری شریف میں ہے کہ ابن سیرین نے انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی جس میں نماز فجر کی تصریح ہے سئل انس بن مالک اقنت النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی الصبح قال نعم فقیل اوقنت قبل الرکوع قال بعدہ یسیرًا۔ قنوت فجر کے متعلق ائمہ حنفیہ کے دو قول ہیں، ایک یہ کہ یہ حدیث منسوخ ہے[عـہ] جیسا کہ بدائع الصنائع میں مذکور ہے روی ابن مسعود وجماعۃ من الصحابۃ رضی اللہ تعالیٰ عنھم ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قنت فی صلوٰۃ الفجر شھرًا کان یدعو فی قنوتہ علی رعل وذکوان وکان یقول اللّٰھم اشدد وطاءتک علی مضر واجعلھا علیھم سنین کسنی یوسف ثم ترکہ فکان منسوخا دل علیہ انہ روی انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان یقنت فی صلوٰۃ المغرب کما فی صلوٰۃ الفجر وذالک منسوخ بالاجماع وقال عثمان النھدی صلیت خلف ابی بکر وخلف عمر کذالک فلم ار احدًا یقنت فی صلوٰۃ الفجر۔ اور فتاویٰ قاضیخاں میں فرمایا ولو صلی خلف من یقنت فی صلوٰۃ الفجر لا یقنت لان القنوت فی صلوٰۃ الفجر منسوخ۔ اور ہدایہ میں بھی امام اعظم و امام محمد رحمہما اللہ تعالیٰ کی دلیل عدم متابعت فی القنوت میں ذکر فرمایا لھما انہ منسوخ۔ تنویر الابصار میں ہے ویاتی الماموم قنوت الوتر لا الفجر۔ اس کے تحت میں درمختار میں فرمایا لانہ منسوخ اسی طرح کتب کثیرہ متداولہ مشہورہ میں اس کی منسوخیت کی تصریح پائی جاتی ہے، بلکہ اسی وجہ سے اکثر متون میں یہی فرمایا ولا یقنت فی غیرہ اسمیں نازلہ وغیرہ کی کوئی تخصیص نہیں کیگئی۔ اور دوسرا قول جو اکثر شراح کی عبارات سے ظاہر ہے، وہ یہ ہے کہ قنوت فجر نازلہ کے لئے تھا اور اس کا ترک فرمانا بر بنائے رفع علت تھا لہٰذا جب کبھی پھر نازلہ ہو تو قنوت پڑھا جائے گا، چنانچہ ابو جعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں انما لا یقنت عندنا فی صلوٰۃ الفجر من غیر بلیۃ اما لو وقعت بلیۃ فلا باس بہ بلکہ خلفاء راشدین اور دیگر کبار صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے بھی فجر میں نازلہ کی صورت میں قنوت ثابت ہے لہٰذا حضرت انس

[عـہ] اور اس کے نسخ پر حدیث کے اس ارشاد "ثم ترکہا" پر استدلال کرتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم امجدی

رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ فرمانا کہ حضور نے ترک کر دیا، یا حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ترک فرمانے کی تصریح سے مراد قنوت فجر کا منسوخ ہونا نہیں، بلکہ مصیبت شدیدہ کی صورت میں پڑھا اور جب وہ مصیبت جاتی رہی پڑھنے کی علت نہ ہونے کی وجہ سے چھوڑ دیا۔ حنفیہ کے دونوں قولوں میں یہ تطبیق دی جاتی ہے کہ جو فجر میں قنوت کا انکار کرتے ہیں انکی مراد مداومت سے انکار ہے۔ اور اگر صورت نازلہ میں پڑھا جائے اس کی ممانعت نہیں اور اس کے منسوخ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ نازلہ نہ ہونے کی صورت میں منسوخ ہے نہ یہ کہ عدم نازلہ کی صورت میں بھی یعنی عموم حکم منسوخ ہے، نہ کہ نفس حکم منسوخ کہ اور بعض ائمہ نے یہ بھی فرمایا کہ جن روایتوں میں نماز فجر میں قنوت کا ذکر آیا ہے وہاں قنوت سے مراد طول قیام ہے کہ اس لفظ کے یہ معنی بھی ہیں بلکہ ایک حدیث میں ارشاد فرمایا افضل الصلوٰۃ طول القنوت۔ اور چونکہ نماز فجر تمام نمازوں سے لمبی ہوتی ہے، اسی وجہ سے اسمیں قنوت کا ذکر آیا حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ایک روایت یہ بھی ہے کان رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم لایقنت الا اذا دعا لقوم اودعا علی قوم۔ اس سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ نازلہ کی صورت میں حضور نے فجر کی نماز میں قنوت پڑھا، مگر اس قنوت کا بعد الرکوع ہونا صرف ایک مہینہ تک رہا، کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بہت سی روایتوں سے نماز فجر میں قنوت پڑھنا جہاں ثابت ہوتا ہے وہاں یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ قنوت قبل الرکوع ہے بعد الرکوع صرف ایک مہینہ تک تھا، اس کے بعد ترک فرمادیا اور جب کہ حنفیہ اس قنوت کو قنوت نازلہ پر حمل کرتے ہیں۔ تو حدیث قنوت نوازل سے یہی ثابت کی کہ نازلہ کی صورت میں بھی قنوت قبل الرکوع پڑھا جائے گا اس وجہ سے امام ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ نے جہاں قنوت کا قبل الرکوع ہونا ثابت فرمایا اور نماز فجر میں قنوت سے انکار کیا۔ حدیث قنوت نوازل پر محمول فرمایا جس کا ظاہر یہی ہے کہ نماز فجر میں بھی قنوت قبل الرکوع ہے۔ علامہ سید احمد طحطاوی رحمۃ اللہ علیہ حاشیہ درمختار میں بعد ذکر قول امام طحاوی فرماتے ہیں وظاھرہ انہ لوقنت فی الفجر لبلیۃ انہ یقنت قبل الرکوع ابوالسعود عن الحموی۔ اور یہی قنوت قبل الرکوع من حیث الدلیل ظاہر اور یہی قول قوی معلوم ہوتا ہے۔ علامہ سید احمد طحطاوی رحمۃ اللہ علیہ نے جو تخییر کو اختیار فرمایا اور حاشیہ درمختار میں یہ ذکر کیا قلت وقد ورد فعلہ قبلہ وبہ قال الامام مالک وبعدہ وبہ قال الامام الشافعی فمقتضی النظر التخییر۔ اقول بلاشبہہ بعد الرکوع بھی قنوت وارد ہوا مگر وہ ایک مہینہ سے زیادہ متجاوز نہ ہوا جیسا کہ عبداللہ ابن مسعود وانس رضی اللہ تعالیٰ عنہما وغیرہم کے ارشادات سے ثابت۔ اور باوجود اس تصریح کے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قنوت فجر کا بیان فرمانا اور اس کا قبل الرکوع ہونا اس امر کو واضح کرتا ہے کہ نازلہ کی صورت میں بھی قنوت بعد الرکوع نہیں۔

رہا امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا بعد الرکوع قنوت کا قول کرنا وہ مطلقاً ہے نازلہ ہو یا غیر نازلہ فجر ہو یا وتر سب میں وہ بعد الرکوع کے قائل ہیں۔ اگر ان کا یہ قول موجب تخییر ہو تو وتر میں بھی حنفیہ کو قنوت میں تخییر چاہئے اور اگر یہ اختلاف ائمہ تخییر کا سبب بن جایا کرے تو صرف قنوتِ نازلہ ہی کی کیا تخصیص بکثرت مسائل وہ ہیں جن میں مابین مجتہدین اختلاف پائے جاتے ہیں۔ ان سب میں یہ کہدینا صحیح ہو جایا کرے تو چاہئے کہ سب میں یہی تخییر کا قول کر دیا جائے۔ اور اس کا مقتضائے نظر بنا کر ترجیح کا دروازہ بند کر دیا جائے اور علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ نے ردالمحتار وحاشیہ بحر الرائق میں قنوت بعد الرکوع ہونے کو ظاہر تر تحریر فرمایا اور ردالمحتار کی عبارت یہ ہے هل القنوت هٰذا قبل الركوع او بعده لم اره والذى يظهر لى ان المقتدى يتابع امامه الا اذا جهر فيؤمن وانه يقنت بعد الركوع لا قبله بدليل ان ما استدل به الشافعى على قنوت الفجر وفيه التصريح بالقنوت بعد الركوع حمله علماؤنا على القنوت للنازلة ثم رأيت الشرنبلالى فى مراقى الفلاح صرح بانه بعده واستظهر الحموى انه قبله والاظهر ما قلناه[عہ]۔ علامہ شامی کا یہ فرمانا کہ شافعیہ نے جن حدیثوں سے استدلال کیا ان کو ہمارے علماء نے نازلہ پر حمل کیا اس سے قنوت نازلہ کا بعد الرکوع ہونا ظاہر تر معلوم ہوتا ہے یہ قول قابل نظر ہے کہ ہمارے علماء نے قنوت کے قبل الرکوع ہونے پر احادیث سے استدلال فرمایا اور شافعیہ کے استدلال کی جو حدیثیں تھیں ان کے متعلق یہ فرمایا کہ یہ صرف ایک مہینے تک کے لئے ہوا اس کے بعد نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ترک فرمایا، جیسا کہ عبد اللہ ابن مسعود وانس ابن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے ارشادات سے ظاہر ہے امام ابن ہمام نے فتح القدیر میں اور امام ملک العلماء ابو مسعود کاشانی نے بدائع الصنائع میں قنوت بعد الرکوع کا انکار فرمایا اور قبل الرکوع ہونے کو ثابت کیا اور اس کو نازلہ کے ساتھ خاص نہیں رکھا، ہاں ہمارے علماء نے قنوتِ فجر کی اجازت کو ضرور نازلہ پر محمول کیا ہے جس کا یہ مقصد ہے کہ احادیث میں جو قنوتِ فجر کا ذکر آیا ہے اس سے مراد قنوت نازلہ فی الفجر ہے نہ یہ کہ بعد الرکوع ہونا بھی در صورت نازلہ ہے۔ بلکہ ہمارے علماء کے نزدیک قومہ یعنی رکوع سے کھڑے ہونے کے بعد قنوت کا محل ہی نہیں، اسی وجہ سے اس صورت میں کہ کوئی شخص بغیر قنوت پڑھے ہوئے رکوع میں چلا جائے تو اس کے لئے یہ درست نہیں کہ رکوع سے اٹھنے کے بعد اس نے قنوت پڑھ لیا جیسا کہ امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ سے غیر روایۃ الاصول میں مروی ہے تو ان کے نزدیک وہ رکوع منتقض

عہ فقیر نے بہار شریعت میں بصورت نازلہ نماز فجر میں قنوت کا قبل رکوع ہونا تحریر کیا مگر اس میں حوالہ شرنبلالی کا دیا اس مسئلہ کی تحریر کے وقت یہ معلوم ہوا کہ شرنبلالی بعد الرکوع کے قائل ہیں۔ اصل مسودہ بہار شریعت کا نکلوا کر دیکھا گیا اس میں پہلے یہ عبارت لکھی ہوئی تھی کہ قنوت نازلہ بعد الرکوع ہے اور شرنبلالی کا حوالہ اعلیٰحضرت قدس سرہٗ نے بعد الرکوع قلم زد کرا دیا اور بجائے اس کے قبل رکوع بنایا مگر غلطی سے شرنبلالی کا جو حوالہ تحریر تھا وہ قلم زد نہیں ہوا۔ لہذا لوگوں کو چاہئے کہ بہار شریعت میں شرنبلالی کو قلم زد کر کے اس کی جگہ پر حموی لکھ لیں ۱۲ منہ مدفیوضہ

ہوگیا قنوت پڑھنے کے بعد پھر رکوع کرے، بدائع الصنائع جلد اول ص۲۷۳ میں ہے واما حکم القنوت اذا فات عن محلہ فنقول اذا نسی القنوت حتی رکع ثم تذکر بعد ما رفع راسہ من الرکوع لا یعود ویسقط عنہ القنوت وان کان فی الرکوع فکذلک فی ظاہر الروایۃ وروی عن ابی یوسف فی غیر روایۃ الاصول انہ یعود الی القنوت لان لہ شبھا بالقرأۃ فیعود کما لو ترک الفاتحۃ او السورۃ ولو تذکر فی الرکوع او بعد ما رفع راسہ منہ انہ ترک الفاتحۃ او السورۃ یعود وینتقض رکوعہ کذا ھھنا اور بحر الرائق جلد دوم ص۴۲ میں بھی اسی بدائع الصنائع کا حوالہ دیتے ہوئے اس مسئلہ کا ذکر فرمایا بلکہ اس پر اتنا اور اضافہ کیا وجھہ فی الخانیۃ یعنی اس ظاہر الروایۃ کو کہ اب اس پر سے قنوت ساقط ہوگیا امام قاضیخاں نے صحیح بتایا۔ فتاویٰ عالمگیری میں ذکر فرمایا لو نسی القنوت فتذکر فی الرکوع فالصحیح انہ لا یقنت فی الرکوع ولا یعود الی القیام ھکذا فی التتارخانیۃ فان عاد الی القیام وقنت ولم یعد الرکوع لم تفسد صلوتہ کذا فی البحر الرائق واما اذا رفع راسہ من الرکوع ثم تذکر فانہ لا یعود الی قرأۃ ما نسی بالاتفاق کذا فی المضمرات۔ اور درمختار میں ہے ولو نسیہ ای القنوت ثم تذکرہ فی الرکوع لا یقنت فیہ لفوات محلہ ولا یعود الی القیام علی الاصح لان فیہ رفض الفرض للواجب فان عاد الیہ وقنت ولم یعد الرکوع لم تفسد صلوتہ لکون رکوعہ بعد قرأۃ تامۃ وسجد للسہو قنت اولا لزوالہ عن محلہ۔ یہ چند عبارتیں نہایت کافی و وافی ہیں۔ دوسری عبارتیں لکھنے کی ضرورت نہیں درمختار کا یہ لفظ لفوات محلہ صاف ظاہر کر رہا ہے کہ محل قنوت، قیام ہے نہ کہ قومہ کہ اگر قومہ بھی محلِ قنوت ہوتا تو رکوع میں چلے جانے سے محل کا فوت ہونا لازم نہیں آتا اور قیام ہی محل قنوت ہے اس کو امام ابن ہمام نے فتح القدیر میں نہایت واضح دلائل سے ثابت فرمایا۔ نیز یہ کہ اگر حنفی نے شافعی کے پیچھے نماز فجر میں اقتدا کی اور امام نے رکوع کے بعد اپنے مذہب کے مطابق قنوت پڑھا تو اس حنفی کے لئے اس صورت میں امام کی متابعت میں قنوت پڑھنا نہیں رہا یہ کہ مقتدی حنفی چپکا کھڑا رہے یا بیٹھ جائے، اسمیں مختلف اقوال ہیں۔ صحیح یہ ہے کہ ہاتھ چھوڑ کر خاموش کھڑا رہے، بکثرت کتب میں یہ مسئلہ مذکور ہے اور اس موقعہ پر کسی کتاب میں نہیں فرمایا کہ اگر نازلہ کا زمانہ ہو تو یہ مقتدی حنفی بھی امام کے پیچھے قنوت نازلہ پڑھے، لہذا معلوم ہوا کہ اگر یہ قنوت نازلہ بعد الرکوع ہوتا جس کو علامہ شامی نے اظہر بتایا تخیر ہوئی جس کو علامہ سید احمد طحطاوی نے ذکر فرمایا تو ضرور اس موقعہ پر علماء تصریحاً فرماتے اور

۵ امام ابن ہمام نے غیر مبہم نہایت واضح الفاظ میں تصریح فرمائی. ولما ترجح ذالک خرج مابعد الرکوع من کونہ محلا للقنوت۔ چند سطر بعد پر دھلا یحقق خروج القومۃ عن المحلیۃ بالکلیۃ۔ جب قنوت کا قبل رکوع ہونا راجح ہو چکا تو بعد الرکوع قنوت کا محل نہ رہا۔ یہ ثابت کرتا ہے کہ قومہ قنوت کا قطعاً محل نہیں ـــ فتاوی رضویہ جلد سوم ص۵۰۰ پر ہے اقول بل الاحق بالقبول ماقال السید الحموی لقول الفتح ولما ترجح ـــ ص۵۰۱ پر ہے اور ہمارے نزدیک بعد رکوع قنوت کا محل ہی نہیں. قبل رکوع چاہئے ـــ ص۵۰۸ پر ہے تحقیق یہ ہے کہ فجر کی دوسری رکعت میں بعد قرارت قبل رکوع نا ہو ——— علاوہ ازیں اور جگہوں پر بھی ہے ـ

اس محل پر اس مسئلہ کو علی الاطلاق نہ بیان کرتے بلکہ خود علامہ سید احمد طحطاوی و علامہ سید ابن عابدین شامی بھی جو تخییر یا بعد الرکوع کو اظہر کہتے ہیں وہ بھی اس موقع پر خاموش گذر جاتے ہیں نازلہ کی تخصیص نہیں فرماتے۔ ہدایہ میں ہے فان قنت الامام فی صلوۃ الفجر یسکت من خلفہ عند ابی حنیفۃ ومحمد رحمہما اللہ تعالیٰ وقال ابو یوسف رحمہ اللہ یتابعہ لانہ تبع لامامہ والقنوت مجتہد فیہ ولہما انہ منسوخ لامتابعۃ فیہ ثم قیل یقف قائما لیتابعہ فیما تجب متابعتہ وقیل یقعد تحقیقا للمخالفۃ لان الساکت شریک الداعی والاول اظہر۔ فتاویٰ خانیہ برحاشیہ عالمگیری ص۲۲۵ میں ہے ولو صلی خلف من یقنت فی صلوۃ الفجر لا یقنت لان القنوت فی صلوۃ الفجر منسوخ وقال ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ یقنت — بحر الرائق جلد دوم ص۴۵ میں ہے قولہ لا الفجر ای لا یتبع المؤتم الامام القانت فی صلوۃ الفجر وھذا عند ابی حنیفۃ ومحمد وقال ابو یوسف یتابعہ لانہ تبع لامامہ والقنوت مجتہد فیہ لہما انہ منسوخ نصار کما لو کبر خمسا فی الجنازۃ حیث لا یتابعہ فی الخامسۃ اذا لم یتابعہ فقیل یقعد تحقیقا للمخالفۃ لان الساکت شریک الداعی بدلیل مشارکۃ الامام فی القرأۃ واذا قعد فقدت المشارکۃ (الیٰ ان قال فی الھدایۃ) علامہ شامی کا یہ فرمانا کہ قنوت فجر میں جو حدیثیں وارد ہوئیں، ان کو ہمارے علماء نے نوازل پر محمول کیا ہے۔ اور نوازل کی حدیثوں میں قنوت بعد الرکوع آیا ہے، یہ علی الاطلاق صحیح نہیں، قنوت نازلہ کی بعض حدیثیں وہ ہیں جن میں قنوت کا قبل رکوع ہونا مذکور ہے۔ انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی قنوت فجر کی حدیث کے راوی ہیں، اور وہ رکوع کے بعد زیادہ سے زیادہ ایک ماہ قنوت پڑھنا بیان کرتے ہیں، پھر اس کا ترک فرمانا ذکر کرتے ہیں۔ اور بعض حدیثوں میں اس ایک ماہ کے سوا قبل الرکوع قنوت کا ہونا بیان کرتے ہیں۔ اس قنوت کو بھی ہمارے علماء نے نازلہ ہی پر محمول کیا ہے۔

اور امام ابو جعفر طحاوی عبد الرحمٰن ابن ابزی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی ان عمر قنت فی صلوۃ الغداۃ قبل الرکوع بالسورتین۔ نیز وہی طارق بن شہاب سے راوی قال صلیت خلف عمر صلوۃ الصبح فلما فرغ من القرأۃ فی الرکعۃ الثانیۃ کبر ثم قنت ثم کبر فرکع اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ قنوت نازلہ ہی کی صورت میں تھا، جس کو امام ابو جعفر طحاوی علیہ الرحمۃ نے شرح معانی الآثار میں بیان کیا ہے، نیز امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ نے ابو عبد الرحمٰن سے وہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی انہ کان یقنت فی صلوۃ الصبح قبل الرکوع یعنی حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نماز صبح میں رکوع سے قبل قنوت پڑھتے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بھی یہ قنوت نازلہ و جنگ ہی کی وجہ سے تھا۔ پس جب کہ ہمارا مذہب قنوت قبل الرکوع کا ہے

تو درصورت نازلہ نماز صبح میں بھی اگر یہ قنوت پڑھا جائے تو اس کو قبل الرکوع ہی ہونا چاہیئے ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

الجواب ۔ دعائے قنوت نازلہ کی صورت میں بھی ہاتھ باندھے ہوئے پڑھی جائے جس طرح قنوت وتر ہاتھ باندھکر پڑھتے ہیں کہ ہاتھ باندھنے یا چھوڑنے کے متعلق کتب فقہ میں یہ قاعدہ کلیہ ذکر فرمایا ہے کہ جس قیام میں ذکر طویل مسنون ہو اس میں ہاتھ باندھ لیا جائے اور جہاں ایسا نہ ہو وہاں ارسال کرے ۔ اسی وجہ سے نماز عید میں پہلی تکبیر کے بعد چونکہ ثنا پڑھی جاتی ہے لہذا ہاتھ باندھ لئے جاتے ہیں ۔ اور اس کے بعد کی تکبیروں میں نیز رکعت ثانیہ کی تمام تکبیرات زوائد میں ہاتھ چھوڑ دیئے جاتے ہیں ۔ ہدایہ میں فرمایا ثم الاعتماد سنة القيام عند ابى حنيفة وابى يوسف رحمهما الله تعالىٰ حتى لا يرسل حالة الثناء والاصل ان كل قيام فيه ذكر مسنون يعتمد فيه ومالا فلا هو الصحيح فيعتمد فى حالة القنوت وصلٰوة الجنازة ويرسل فى القومة وبين تكبيرات الاعياد ۔ درمختار میں ہے وهو سنة قيام له قرار فيه ذكر مسنون فيضع حالة الثناء وفى القنوت وتكبيرات الجنازة لا فى قيام بين ركوع وسجود لعدم القرار ولا بين تكبيرات العيد لعدم الذكر ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

الجواب ۔ دعائے قنوت[عہ] کو جہر کے ساتھ یا آہستہ پڑھنے میں علمائے حنفیہ کے مختلف اقوال ہیں ۔ مختار یہی ہے کہ آہستہ پڑھی جائے کہ آداب دعا میں اخفا مناسب تر ہے ۔ ہدایہ میں اخفا ہی کو مختار فرمایا ۔ اور محیط میں اس کو اصح بتایا ۔ بدائع الصنائع جلد اول صہ ۲۷۳ میں ہے واما صفة القنوت من الجهر والمخافتة (الى ان قال) والختيار مشائخنا بما وراء النهر الاخفاء فى دعاء القنوت فى حق الامام والقوم جميعا لقوله تعالىٰ ادْعُوا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً وقول النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم خير الدعاء الخفى ۔ بحر الرائق جلد دوم صہ ۴۳ میں ہے ولم يبين المصنف القنوت بالمخافتة للاختلاف فيه قال فى الذخيرة واستحسنوا الجهر فى بلاد العجم للامام ليتعلموا كما جهر عمر رضى الله تعالىٰ عنه بالثناء حين قدم عليه وفد العراق ۔ ونص فى الهداية على ان المختار المخافتة وفى المحيط على انه الاصح وفى البدائع واختيار مشائخنا ۔ درمختار میں ہے ويقنت فيه مخافتا على الاصح مطلقا ولو اماما لحديث خير الدعاء الخفى ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

عہ۲ اس کا جواب عہ۳ میں دیکھ لیا جائے ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۸۳) مسئولہ متعلمین مدرسہ اشرفیہ مصباح العلوم مبارکپور ضلع اعظم گڈھ ۔

عہ اگرچہ یہ تفصیل وتر کے قنوت کے بارے میں ہے ، مگر یہی حکم قنوت نازلہ کے لئے بھی ہے ، کیونکہ جیسے وہ دعا ہے یہ بھی دعا ہے ۔ وتر کے قنوت کے اخفار کی علت ، دعا ہی ناہے ۔ اور یہ بھی دعا لہذا اسے بھی سراً ہی پڑھیں گے ۔ واللہ تعالیٰ اعلم امجدی

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ نوازل کی صورت میں حنفیہ کے نزدیک فرض نمازوں میں قنوت پڑھنا جائز ہے یا نہیں اور یہ قنوت صرف جہری نمازوں میں ہے یا جہری اور سری دونوں میں اور سب جہری نمازوں میں جائز ہے یا صرف فجر ہی میں حدیث و فقہ سے جو تحقیق قول ہو تحریر کیا جائے، کتابوں کے صفحات اور عربی عبارتوں کے ترجمے بھی ضرور تحریر کر دیئے جائیں۔ بینوا توجروا

الجواب - الحمد للہ علی الذات معظیم الصفات والصلوۃ والسلام علی سید الکائنات محمد المصطفیٰ صاحب الآیات البینات وعلی آلہ واصحابہ المختصین بالخصائص والکرامات۔

اما بعد! حضرت امام اعظم اور ان کے صاحبین امام ابو یوسف و امام محمد رحمہم اللہ تعالیٰ سے کتب میں نازلہ و حادثہ کی صورت میں قنوت پڑھنے کی کوئی روایت نظر فقیر سے نہیں گذری عامہ متون میں یہ تصریح ہے کہ ولا یقنت فی غیرہ یعنی نماز وتر کے غیر میں قنوت نہ پڑھا جائے مگر بکثرت احادیث سے نماز فجر میں قنوت پڑھنا ثابت ہے بلکہ بعض حدیثوں میں نماز مغرب یا عشاء میں بھی قنوت پڑھنا آیا ہے لہذا پہلے ہم ان حدیثوں کو ذکر کرتے ہیں جن میں وتر کے سوا فرض نمازوں میں قنوت کا ذکر ہے اس کے بعد ائمہ حنفیہ کے اس بارے میں جو کچھ ارشادات ہیں بیان کئے جائیں گے۔ فرائض میں قنوت پڑھنے کے متعلق حضرت انس اور ابوہریرہ و عبداللہ بن عمر و عبدالرحمن بن ابی بکر اور عبداللہ بن مسعود و براء بن عازب و خفاف بن ایماء و عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے حدیثیں مروی ہیں۔

حدیث (۱) صحیح بخاری شریف جلد اول ص۱۳۶ میں ابو ابن محمد ابن سیرین سے روایت کی قال سئل انس بن مالک اقنت النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی الصبح قال نعم فقیل اوقنت قبل الرکوع قال بعد الرکوع یسیرا یعنی انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سوال کیا گیا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز صبح میں قنوت پڑھا ہے فرمایا ہاں کہ پوچھا گیا کیا قبل الرکوع قنوت پڑھا فرمایا رکوع کے بعد چند روز تک۔ اس حدیث کو مسلم نے اپنے صحیح میں اور نسائی نے سنن میں بھی روایت کیا۔ بعض شراح نے یسیرا کے یہ معنی بیان کئے کہ رکوع سے تھوڑے زمانے کے بعد یعنی اعتدال تام کے بعد اور بعض نے یہ معنی بیان کیا کہ چند دنوں تک قنوت پڑھا ہے۔ عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری شریف جلد سوم ص۲۱۰ میں ہے قال الکرمانی ای زمانا یسیرا ای قلیلا و ہو بعد الاعتدال التام وقال الطرقی اراد یسیرا من الزمان لا یسیرا من القنوت لان ادنی القیام یسمی قنوتا فاستحال ان یوصف بالحقارۃ۔ مگر صحیح یہ ہے کہ یسیرا سے مراد یہ ہے کہ یہ قنوت پڑھنا بعد الرکوع

صرف چند دنوں تھا جیسا کہ عبدالواحد نے عاصم سے اور وہ انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس حدیث کی روایت کی ہے اسمیں اس
لفظ کی جگہ شهرا کا لفظ واقع ہوا ہے یعنی قنوت بعد الرکوع صرف ایک مہینہ تک تھا، چنانچہ امام بخاری نے اپنی صحیح میں اسی ص۱۳۶
پر عاصم کی روایت ان لفظوں کے ساتھ ذکر کی ہے قال سئلت انس بن مالك عن القنوت فقال قد كان القنوت قلت قبل
الركوع او بعده قال قبله قال فان فلانا اخبرني عنك انك قلت بعد الركوع قال كذب انما قنت رسول الله صلى الله تعالىٰ
عليه وسلم بعد الركوع شهرا اراه كان بعث قوما يقال لهم القراء زهاء سبعين رجلا الى قوم من المشركين دون اولئك و
كان بينهم وبين رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم عهد فقنت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يدعو عليهم میں نے
انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے قنوت کے متعلق سوال کیا انھوں نے فرمایا قنوت پڑھا ہوا ہے میں نے پوچھا کہ رکوع سے قبل
یا بعد انھوں نے فرمایا کہ رکوع سے قبل، میں نے کہا کہ فلاں شخص نے آپ ہی سے یہ روایت کی ہے کہ آپ نے رکوع کے بعد قنوت پڑھنا بتایا
ہے، فرمایا اس نے غلط کہا، حضور نے رکوع کے بعد صرف ایک ہی مہینہ قنوت پڑھا ہے، راوی حدیث نے بیان کیا کہ میرا گمان یہ ہے
کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک جماعت کو جن کو قرار کہا جاتا تھا جو قریب ستر آدمی کے تھے مشرکین کی ایک قوم کی طرف بھیجا تھا
یہ قوم ان کے سوا تھی جن کی ہلاکت کی حضور نے دعا فرمائی ان کے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مابین معاہدہ ہو چکا تھا
حضور نے قنوت پڑھا اور اس میں ان کی ہلاکت کی دعا کی، نیز امام بخاری نے ثابت بن یزید سے وہ انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت
کی جو صحیح بخاری جلد اول ص۴۳۹ میں ہے کہ اس میں بھی قنت شهرا بعد الركوع واقع ہوا۔ نیز ابو مجلز کی انس ابن مالک رضی اللہ تعالیٰ
عنہ سے روایت بایں لفظ صحیح بخاری شریف میں مذکور ہے کہ عن انس بن مالك قال قنت رسول الله صلى الله عليه وسلم
شهرا يدعو على رعل وذكوان یعنی انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ یہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہینہ
تک قنوت پڑھا اس میں رعل وذکوان کی ہلاکت کی دعا فرماتے تھے۔ انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ان دونوں روایتوں میں يسيرا
کی جگہ شهرا کا لفظ واقع ہوا ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ پہلی حدیث میں یسیرا کا یہی مطلب ہے کہ کچھ دنوں نماز صبح میں بعد الرکوع
قنوت پڑھا ہوا ہے نہ کہ رکوع کے کچھ بعد یا تھوڑی دیر تک قنوت پڑھنا تھا۔ الاحادیث یفسر بعضها بعضا ایک حدیث دوسری حدیث
کی تفسیر ہوا کرتی ہے جب اس معنی کی دوسری روایتوں میں ہمیں یہ تصریح مل رہی ہے تو دوسرے معنوں کی طرف عدول کرنیکی کچھ
حاجت نہیں بلکہ انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سوا دوسرے صحابۂ کرام مثلاً حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث
سے بھی یہی ثابت ہوتا ہے کہ ایک ماہ تک رکوع کے بعد قنوت پڑھا ہے رہا یہ کہ عاصم اور ابو مجلز کی روایت میں صبح کا ذکر نہیں تو اسکی

نسبت یہ کہا جائے گا کہ محمد بن سیرین کی زیادت ہے اور ثقہ کی زیادت مقبول ہوا کرتی ہے بلکہ ابو داؤد نے محمد بن سیرین سے اسی حدیث انس کو بایں لفظ روایت کیا عن انس بن مالک ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قنت شھراً ثم ترکہ. ایک احتمال یہ بھی پیدا ہوتا ہے کہ اس روایت میں بھی لفظ شھراً ہی تھا مگر نساخ کی تصحیف سے بجائے شھراً کے یسیراً ہو گیا اور کتابت میں اس قسم کی تصحیفات کا ہو جانا کچھ مستبعد نہیں مگر تصحیف کا قول کرنے کی ہمیں کچھ حاجت نہیں روایت بالمعنی کا دروازہ بہت وسیع ہے کسی نے شھراً کہا اور کسی نے یسیراً کہا بلکہ بعض روایتوں میں عشرین یوما اور بعض میں ثلاثین صباحاً واقع ہوا، عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری جلد سوم ص۴۱۹ میں فرمایا (ان ھذا الحدیث روی عن انس من وجوہ خلاف ذالک فروی اسحٰق بن عبد اللہ بن ابی طلحۃ عنہ انہ قال قنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثلاثین صباحا یدعو علی رعل وذکوان وعصیۃ وروی قتادۃ عنہ نحوا من ذالک وروی عنہ حمید ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انما قنت عشرین یوما وروی عنہ عاصم انہ قنت شھراً وانہ قبل الرکوع) اور اسی حدیث انس رضی اللہ عنہ کو امام بخاری نے اپنی صحیح جلد اول ص۱۳۶ میں محمد بن فضیل سے وہ عاصم احول سے روایت کرتے ہیں (عن انس قال قنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شھرا حین قتل القراء فما رأیت رسول اللہ علیہ وسلم حزن حزنا قط منہ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب قرا شہید کئے گئے ایک مہینہ تک قنوت پڑھا میں نے حضور کو اس سے زیادہ غمگین کبھی نہیں دیکھا اس روایت میں بھی بجائے یسیرا کے لفظ شھراً واقع ہوا، نیز امام بخاری نے صحیح بخاری جلد دوم ص۵۸۶ میں حدیث انس کو بروایت عبد الواحد عاصم احول سے ذکر کیا (قال سألت انس ابن مالک عن القنوت فی الصلوٰۃ فقال نعم فقلت کان قبل الرکوع او بعدہ قال قبلہ قلت فان فلانا اخبرنی عنک انک قلت بعدہ قال کذب انما قنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعد الرکوع شھراً انہ کان بعث قوما یقال لھم القراء وھم سبعون رجلا الی ناس من المشرکین وبینھم وبین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عھد قبلھم فظھر ھؤلاء الذین کان بینھم وبین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عھد فقنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعد الرکوع شھرا یدعو علیھم) میں نے انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نماز میں قنوت سے متعلق سوال کیا انھوں نے فرمایا ہاں میں نے عرض کیا رکوع سے پہلے ہوا یا بعد میں فرمایا رکوع سے قبل میں نے کہا فلاں آپ ہی سے روایت کرتے ہوئے مجھے خبر دی ہے کہ آپ نے رکوع کے بعد قنوت کا ہونا بیان فرمایا ہے، حضرت انس نے فرمایا اس نے غلط کہا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رکوع کے بعد صرف ایک مہینہ قنوت پڑھا ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ لوگوں کو جن کو قرا کہا جاتا تھا اور

وہ ستر اشخاص تھے مشرکین کے کچھ لوگوں کی طرف بھیجا تھا اور ان کے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مابین معاہدہ تھا یہ کفار جن سے معاہدہ تھا قُرّار پر غالب آئے تو حضور نے رکوع کے بعد ایک مہینہ قنوت پڑھا جن میں ان کفار کی ہلاکت کی دعا کرتے تھے اور ص۵۸۶ بھی میں حدیث انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کئی طریقوں سے ذکر فرمایا۔ عبدالعزیز نے انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی (قال بعث النبی صلی اللہ علیہ وسلم سبعین رجلا لحاجة یقال لهم القراء فعرض لهم حیان من بنی سلیم رعل و ذکوان عند بئر یقال لها بئر معونة فقال القوم واللہ ما ایاکم اردنا انما نحن مجتازون فی حاجة للنبی صلی اللہ علیہ وسلم فقتلوهم فدعا النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی صلاة الغداة وذالك بدء القنوت وما كنا نقنت قال عبدالعزیز وسال رجل انسا عن القنوت ابعد الركوع اوعند فراغ من القراءة قال لا بل عند فراغ من القراءة) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ستر اصحاب کو جنھیں قرار کہا جاتا تھا ایک کام کے لئے بھیجا تھا دو قبیلے بنی سلیم کے جن کو رعل و ذکوان کہا جاتا تھا وہ اُن قرار کے مقابلے کے لئے ایک کنویں کے پاس جس کو بئر معونہ کہا جاتا تھا پیش آئے تو قوم یعنی قرار نے ان سے یہ کہا ہم نے تم سے لڑنے کا ارادہ نہیں کیا ہے ہم تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک کام کے لئے یہاں سے گزر رہے ہیں ان لوگوں نے ان قرار کو شہید کر ڈالا اس پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہینہ تک نماز فجر میں انکی ہلاکت کی دعا کی اور یہیں سے قنوت کی ابتدا ہوئی اس سے پہلے ہم بھی قنوت نہیں پڑھتے تھے، عبدالعزیز کہتے ہیں کہ انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ایک شخص نے یہ سوال کیا کہ قنوت رکوع کے بعد ہے یا قرارت سے فارغ ہونے کے وقت، انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رکوع کے بعد نہیں بلکہ قرارت سے فارغ ہونے کے وقت، ان دونوں روایتوں میں بھی لفظ شہرًا واقع ہوا بلکہ عبدالعزیز کی روایت میں یہ لفظ دو جگہ واقع ہوا ہے اور عبدالعزیز کی روایت میں قنوت بعد الرکوع ہونے کا مطلقًا ذکر نہیں، امام بخاری نے ہشام سے اور وہ قتادہ سے حدیث انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو روایت کیا (قال قنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شهرا بعد الركوع یدعو علی احیاء من العرب) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک مہینہ تک رکوع کے بعد قنوت پڑھا جس میں عرب کے چند قبائل کی ہلاکت کی دعا کرتے، اس روایت میں نماز فجر کا ذکر نہیں اور لفظ شہرًا واقع ہوا ہے پھر دوسری روایت سعید کی قتادہ سے وہ انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ذکر کی (ان رعلا و ذکوان وعصية وبنی لحیان استمدوا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم علی عدو فامدهم بسبعین رجلا من الانصار کنا نسمیهم القراء فی زمانهم کانوا یحتطبون بالنهار ویصلون باللیل حتی کانوا ببئر معونة قتلوهم وغدروا بهم فبلغ النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقنت شهرا یدعو فی الصبح علی احیاء من احیاء العرب علی رعل وذکوان وعصية وبنی لحیان

رعل و ذکوان اور عصیۃ اور بنی لحیان نے اپنے دشمنوں پر غلبہ پانے کے لئے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مدد مانگی تھی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی مدد کے لئے ستر انصاریوں کو بھیجا تھا جن کو ہم لوگ اپنے زمانہ کے قراء کہتے تھے وہ لوگ دن میں جنگل سے لکڑیاں لاتے تھے اور رات میں نماز پڑھتے تھے، جب وہ بئر معونہ میں پہونچے تو ان کفار نے انھیں قتل کر ڈالا اور عہد شکنی کی، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر پہونچی تو ایک مہینہ تک صبح کی نماز میں قنوت پڑھا جس میں عرب کے قبائل میں سے چند قبائل کی ہلاکت کی دعا فرماتے رعل اور ذکوان اور عصیۃ اور بنی لحیان کی۔ اس روایت میں نماز صبح کا ذکر ہے اور لفظ شھرا بھی واقع ہوا ہے اس کے بعد ایک دوسری روایت اسحق ابن عبد اللہ ابن ابی طلحہ سے حدیث انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ذکر کی جس میں ثلثین صباحا کا لفظ واقع ہوا۔

بالجملہ صحیح بخاری میں یہ حدیث انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ طرق کثیرہ سے مروی ہے جن میں کے چند طریقے ذکر کر دیئے گئے۔ ان سے معلوم ہوتا ہے کہ قنوت فجر بعد الرکوع صرف چند دنوں تک حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھا جن کی مقدار زیادہ سے زیادہ تیس دن ہے لہٰذا جس روایت میں یسیراً واقع ہوا ہے یا تو وہ تصحیف نساخ ہے یا روایت بالمعنیٰ ہے۔ بہرحال کرمانی کا یہ قول کہ رکوع کے کچھ بعد یعنی اعتدال تام کے بعد قنوت پڑھا جس سے شاید وہ اپنے اس مذہب کی تائید کرنا چاہتے ہیں کہ یہ قنوت بعد الرکوع منسوخ نہیں بلکہ اب بھی پڑھا جائے گا۔ ان روایتوں سے یہ قول کرمانی رد اور ساقط ہوتا ہے یسیراً کے یہی معنیٰ ہیں کہ یہ قنوت صرف چند دنوں کے لئے تھا جس پر بعض روایتوں میں کلمۂ اِنَّمَا دلالت کرتا ہے۔

تنبیہ۔ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیثیں تمام کتب صحاح میں اور شرح معانی الآثار وغیرہا میں مذکور ہیں مگر ہم نے ان روایتوں کے ذکر میں صرف صحیح بخاری شریف پر اکتفا کیا اور اسی کو کافی سمجھا۔ یہاں تک حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے قنوت کے بارے میں جتنی روایتیں مذکور ہوئیں ان میں بہت سی وہ ہیں جن میں نماز فجر کا ذکر ہے اور بعض میں نماز فجر کا ذکر نہیں مگر قتادہ کی ایک روایت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ بھی ہے (قال کان القنوت فی الفجر والمغرب) یعنی قنوت کا پڑھنا فجر اور مغرب میں ہوا ہے اس روایت کو امام بخاری نے اپنی صحیح جلد اول ص۱۱۰ و ۱۳۶ میں اور امام ابو جعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ نے شرح معانی الآثار جلد اول ص۱۴۳ میں ذکر فرمایا۔

حدیث (۲) صحیح بخاری جلد اول ص۱۱۰ میں ابو سلمہ کی روایت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے (قال لاقربن صلوٰۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم فکان ابو هريرة يقنت فی الركعة الاخرة من صلوٰة الظهر وصلوٰة العشاء وصلوٰة الصبح

بعد ما یقول سمع اللہ لمن حمدہ فیدعو للمؤمنین ویلعن الکفار) ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نماز قریب کرتا ہوں یعنی پڑھ کر تمھیں دکھاتا ہوں تو وہ نماز ظہر اور نماز عشاء اور نماز فجر میں قنوت پڑھتے تھے سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ کہنے کے بعد اس قنوت میں مومنین کے لئے دعا کرتے اور کفار پر لعنت کرتے بعض شراح نے بیان کیا کہ اس حدیث میں مرفوع صرف اتنا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قنوت پڑھا رہا یہ کہ سب نمازوں میں قنوت پڑھنا یہ ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر موقوف ہے یعنی انھیں کا فعل ہے نہ یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ان سب نمازوں میں قنوت پڑھنا ثابت ہے مگر ظاہر یہ ہے کہ یہ موقوف نہیں بلکہ کل مرفوع ہے علامہ عینی نے عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری جلد سوم ص۱۳۵ میں فرمایا (قیل المرفوع من ھذا الحدیث وجود القنوت لا وقوعہ فی الصلوٰۃ المذکورۃ فانہ موقوف علی ابی ھریرۃ والظاھر ان جمیعہ مرفوع یدل علیہ لاقربن صلوٰۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم وفی روایۃ مسلم لاقربن لکم صلوٰۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم) حدیث ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مسلم نے اپنی صحیح میں اور ابوداؤد اور نسائی نے اپنی سنن میں اور امام ابوجعفر طحاوی نے شرح معانی الآثار میں ذکر کیا مگر امام ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ کی کسی روایت میں ظہر کا ذکر نہیں حدیث ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو امام بخاری نے کتاب التفسیر ص۶۵۵ میں ان لفظوں کے ساتھ ذکر کیا (ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا اراد ان یدعو علی احد او یدعو لاحد قنت بعد الرکوع فربما قال سمع اللہ لمن حمدہ اللھم ربنا لک الحمد اللھم انج الولید بن الولید وسلمۃ بن ھشام وعیاش بن ابی ربیعۃ اللھم اشدد وطأتک علی مضر واجعلھا علیھم سنین کسنی یوسف یجھر بذلک وکان یقول فی بعض صلوٰتہ فی صلوٰۃ الفجر اللھم العن فلانا وفلانا لاحیاء من العرب حتی انزل اللہ لیس لک من الامر شیئ) الآیۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی قوم کی ہلاکت کی یا کسی قوم کے فائدہ کیلئے دعا کرنے کا ارادہ کرتے تو رکوع کے بعد قنوت پڑھتے بسا اوقات سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ کہنے کے بعد یہ فرماتے اے اللہ ولید بن ولید اور سلمہ بن ہشام اور عیاش بن ابی ربیعہ کو نجات دے۔ اے اللہ مضر پر سخت گرفت کر اور ان پر ایسی قحط سالیاں کر جیسی یوسف علیہ السلام کے زمانے میں ہوئی اس کو جہر کے ساتھ کہتے اور کبھی اپنی نماز فجر میں یہ کہتے اے اللہ فلاں اور فلاں پر لعنت کر عرب کے چند قبائل کے لئے یہاں تک کہ آیۂ کریمہ لَیْسَ لَکَ مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ نازل ہوئی صحیح مسلم شریف جلد اول ص۲۳۷ میں ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث بروایت یحییٰ بن ابی کثیر عن ابی سلمہ اس طرح ہے (ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قنت بعد الرکعۃ فی صلوٰۃ شھرا اذا قال سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ یقول فی قنوت اَللّٰھُمَّ انج الولید بن الولید اَللّٰھُمَّ انج سلمۃ بن ھشام اللھم انج عیاش بن ابی ربیعۃ اَللّٰھُمَّ انج المستضعفین من المؤمنین اَللّٰھُمَّ اشدد وطأتک علی مضر اَللّٰھُمَّ اجعلھا علیھم سنین کسنی

یوسف قال ابوھریرۃ ثم رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ترک الدعاء بعد فقلت اری رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قد ترک دعاء لھم قال فقیل وما تراھم قد قدموا) نبی صلی اللہ علیہ وسلم رکوع کے بعد ایک مہینہ قنوت پڑھا سمع اللہ لمن حمدہ کہنے کے بعد اپنے قنوت میں یہ کہتے رہے اے اللہ ولید بن ولید اور سلمہ بن ہشام اور عیاش بن ابی ربیعہ اور کمزور مسلمانوں کو نجات دے اے اللہ مضر پر اپنی پکڑ سخت کر اور ان پر قحط سالیاں کر جیسی یوسف علیہ السلام کے زمانے میں قحط سالیاں ہوئیں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ پھر میں نے رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ بعد میں دعا فرمانا ترک کر دیا میں نے یہ کہا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھتا ہوں کہ ان کے لئے دعا ترک کر دی اس کے جواب میں کسی نے کہا تم نہیں دیکھتے کہ وہ لوگ (جن کے لئے دعا فرماتے تھے) آگئے شرح معانی الآثار میں اس طرح ہے (قال ابوھریرۃ فاصبح ذات یوم فلم یدع لھم فذکرت ذالک فقال اوما تراھم قد قدموا) یعنی ایک دن صبح کو حضور نے دعا نہیں کی میں نے اس کو ذکر کیا تو ارشاد فرمایا کیا نہیں دیکھتے ہو کہ وہ لوگ آگئے یعنی جس کام کے لئے دعا تھی وہ پورا ہوگیا اب حاجت باقی نہ رہی، نیز صحیح مسلم شریف جلد اول میں اسی صفحہ پہ ہے کہ سعید بن المسیب و ابوسلمہ بن عبد الرحمٰن نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی (کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یقول حین یفرغ من صلوٰۃ الفجر من القرأۃ ویکبر ویرفع راسہ سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ رَبَّنَا وَلَکَ الْحَمْدُ ثم یقول وھو قائم اللھم انج الولید بن الولید وسلمۃ بن ھشام وعیاش بن ربیعہ والمستضعفین من المؤمنین اللھم اشدد وطأتک علی مضر واجعلھا علیھم کسنی یوسف اللھم العن لحیان ورعلا وذکوان وعصیۃ عصت اللہ ورسولہ ثم بلغنا انہ ترک ذالک لما انزل لَیْسَ لَکَ مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ اَوْ یَتُوْبَ عَلَیْھِمْ اَوْ یُعَذِّبَھُمْ فَاِنَّھُمْ ظٰلِمُوْنَ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز فجر کی قرات سے جب فارغ ہوتے اور تکبیر کہتے اور سر اٹھاتے سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ رَبَّنَا وَلَکَ الْحَمْدُ کہنے کے بعد حالت قیام میں یہ کہتے اے اللہ ولید بن ولید اور سلمہ بن ہشام اور عیاش بن ابی ربیعہ اور کمزور مومنین کو نجات دے اے اللہ مضر پر اپنی پکڑ سخت کر اور ان پر یوسف علیہ الصلوٰۃ والسلام کے زمانے جیسی قحط سالیاں کر لحیان اور رعل اور ذکوان اور عصیہ پر لعنت کر جنھوں نے اللہ اور رسول کی نافرمانی کی (زہری کہتے ہیں) کہ پھر ہم کو یہ خبر پہونچی کہ جب آیت کریمہ لَیْسَ لَکَ مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ الآیہ نازل ہوئی تو حضور نے اس کو ترک فرما دیا بلغنا سے آخر تک زہری کا قول ہے جیسا کہ امام ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ نے شرح معانی الآثار جلد اول ص۱۴۳ پر زہری تک سند ذکر کرنے کے بعد فرمایا ہے (ثم قال فیہ ثم قد بلغنا انہ ترک ذالک حین انزل علیہ لَیْسَ لَکَ مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ الآیہ فصار ذکر نزول ھذہ الآیۃ الذی کان بہ النسخ من کلام الزھری لا مما رواہ عن سعید وابی سلمۃ عن

ابی ھریرۃ حدیث (۳) امام بخاری نے اپنی صحیح جلد دوم ص۵۸۲ میں سالم سے وہ اپنے والد عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی (انہ سمع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا رفع راسہ من الرکوع من الرکعۃ الآخرۃ من الفجر یقول اللھم العن فلانا وفلانا وفلانا بعد ما یقول سمع اللہ لمن حمدہ ربنا ولک الحمد فانزل اللہ لَیْسَ لَکَ مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ الی قولہ فَاِنَّھُمْ ظٰلِمُوْنَ) عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سنا جبکہ حضور فجر کی پچھلی رکعت میں رکوع سے سر اٹھاتے سمع اللہ لمن حمدہ ربنا ولک الحمد کہنے کے بعد یہ کہتے اے اللہ فلاں اور فلاں اور فلاں پر لعنت کر تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت کریمہ لَیْسَ لَکَ مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ کو فَاِنَّھُمْ ظٰلِمُوْنَ تک نازل فرمایا یہ روایت زہری کی ہے اور اسی کے مثل امام بخاری نے کتاب التفسیر ص۶۵۵ میں بھی زہری کی یہ روایت ذکر کی ہے اور کتاب الاعتصام ص۱۰۹۱ میں اور نسائی ج۱ ص۱۶۴ میں جو روایت مذکور ہے اس میں فلانا وفلانا کے بعد من المنفقین کا لفظ زیادہ کیا ایسا ہی امام ابوجعفر طحاوی نے بھی شرح معانی الآثار جلد اول ص۱۴۲ پر ذکر کیا اور حنظلہ ابن ابی سفین کی روایت سالم عن ابیہ سے یہ ہے (کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یدعو علی صفوان بن امیۃ وسہیل بن عمرو والحارث بن ھشام فنزلت لَیْسَ لَکَ مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ الی قولہ فَاِنَّھُمْ ظٰلِمُوْنَ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صفوان ابن امیہ اور سہیل بن عمرو اور حارث بن ہشام کی ہلاکت کی دعا کرتے اس پر یہ آیت نازل ہوئی (لَیْسَ لَکَ مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ الی قولہ فَاِنَّھُمْ ظٰلِمُوْنَ)

حدیث (۴) صحیح مسلم شریف جلد اول ص۲۳۷ وسنن ترمذی ونسائی وابوداؤد وبیہقی ومسند امام احمد وشرح معانی الآثار میں براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے مروی واللفظ لمسلم ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یقنت فی الصبح والمغرب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صبح اور مغرب میں قنوت پڑھتے تھے، ترمذی نے اس حدیث کی روایت کے بعد یہ کہا (حدیث البراء حدیث حسن صحیح واختلف اھل العلم فی القنوت فی صلوٰۃ الفجر فرای بعض اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرھم القنوت فی صلوٰۃ الفجر وھو قول الشافعی وقال احمد واسحاق لا یقنت فی الفجر الا عند نازلۃ تنزل بالمسلمین فاذا نزلت نازلۃ فللامام ان یدعو لجیوش المسلمین) یہ حدیث حسن صحیح ہے نماز فجر میں قنوت کے بارے میں اہل علم نے اختلاف کیا۔ بعض اہل علم صحابہ وغیرہم نماز فجر میں قنوت کے قائل ہیں اور یہی امام شافعی کا قول ہے اور احمد اور اسحاق یہ فرماتے ہیں جب تک نازلہ نہ ہو فجر میں قنوت نہ پڑھے جب کوئی نازلہ پیدا ہو تو امام (امیر المومنین) کے لئے یہ جائز ہے کہ وہ مسلمانوں کے لشکر کے لئے دعا کرے۔ ابن جوزی نے کہا کہ امام احمد نے یہ فرمایا لا یروی عن النبی صلے اللہ علیہ وسلم انہ قنت فی المغرب الا فی ھذا الحدیث۔ یعنی نماز مغرب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

سے قنوت پڑھنا صرف اسی حدیث میں مروی ہوا، مگر ہم اوپر ذکر کر آئے ہیں کہ مغرب میں قنوت حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی مروی ہے جس کو امام بخاری اور امام ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہما نے ذکر کیا۔

حدیث (۵) صحیح مسلم شریف جلد اول صفحہ ۲۳۷ میں خفاف ابن ایماء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی صلوٰۃ اللھم العن بنی لحیان ورعلا وذکوان وعصیۃ عصوا اللہ ورسولہ غفار غفر اللہ لہا واسلم سالمھا اللہ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز میں یہ کہا اے اللہ لعنت کر بنی لحیان اور رعل اور ذکوان اور عصیہ پر جنھوں نے اللہ ورسول کی نافرمانی کی غفار کی اللہ مغفرت فرمائے اور اسلم کو اللہ سلامت رکھے اور مسلم کی دوسری روایت میں یہ ہے کہ حضور نے رکوع سے سر اٹھا کر یہ فرمایا خفاف بن ایماء رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اس حدیث کو امام ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی متعدد طریقوں سے شرح معانی الآثار جلد اول صفحہ ۱۴۲ میں ذکر فرمایا ہے۔

حدیث (۶) امام ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ شرح معانی الآثار جلد اول صفحہ ۱۴۳ میں عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی قال قنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثلثین یوما رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تیس دن تک قنوت پڑھا، اس حدیث کو بزار نے اپنی مسند میں اور طبرانی نے معجم میں اور عبدالرزاق نے اپنے مصنّف میں بھی روایت کیا ہے۔

حدیث (۷) امام ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ شرح معانی الآثار جلد اول صفحہ ۱۴۲ میں عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا رفع راسہ من الرکعۃ الآخرۃ قال اللھم انج ثم ذکر مثل حدیث ابی ہریرۃ۔ اور ان کی روایت میں اتنا زیادہ ہے فانزل اللہ عزوجل لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ قال فما دعا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بدعاء علی احد یعنی اس آیت کریمہ کے نزول کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر کسی کی ہلاکت کی دعا نہیں کی۔

حدیث (۸) ابوداؤد نے عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی قال قنت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شھرا متتابعا فی الظھر والعصر والمغرب والعشاء وصلوٰۃ الصبح اذا قال سمع اللہ لمن حمدہ من الرکعۃ الآخرۃ یدعو علی احیاء من بنی سلیم علی رعل وذکوان وعصیۃ ویؤمن من خلفہ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر و عصر و مغرب و عشاء و نماز صبح میں ایک ماہ تک پے درپے قنوت پڑھا اس میں بنی سلیم کے چند قبائل رعل و ذکوان و عصیہ کی ہلاکت کی دعا کرتے اور مقتدی آمین کہتے، نماز میں قنوت سے متعلق یہ احادیث ذکر کی گئیں ان میں بعض حدیثوں میں یہ تصریح بھی مذکور ہے کہ آیت کریمہ لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ کے نزول کے بعد پھر حضور نے دعا نہیں کی اور بعض حدیثیں اس سے ساکت ہیں۔

ائمہ مجتہدین قنوت کے بارے میں مختلف ہیں، امام شافعی کا مذہب یہ ہے کہ ہمیشہ نماز فجر میں قنوت پڑھا جائیگا یہاں تک کہ شافعیہ اس کے ترک پر سجدۂ سہو کے قائل ہیں جیساکہ نووی شرح صحیح مسلم صـ۲۳۷ میں فرماتے ہیں لو ترك القنوت فی الصبح سجد للسهو علامہ عینی نے قنوت فجر کے بارے میں صحابہ وائمہ مجتہدین کے مذاہب کے بیان میں یہ تحریر فرمایا وهو مذهب ابن سيرين وابن ابی ليلیٰ والشافعی واحمد واسحٰق يقولون القنوت فی الفجر بعد الركوع وحكاه ابن المنذر عن ابی بكر الصديق وعمر وعثمان وعلی رضی الله تعالیٰ عنهم فی قول فجر میں قنوت پڑھنا ابن سیرین وابن ابی لیلیٰ وامام شافعی وامام احمد واسحاق کا مذہب ہے یہ لوگ رکوع کے بعد قنوت کے قائل ہیں اور ابن منذر اس کو ابوبکر صدیق وعثمان وعلی رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے حکایت کرتے ہیں کہ ان کا بھی ایک قول یہ ہے بہت سے صحابہ کرام وائمہ مجتہدین قنوت فجر کے قائل نہیں ہیں امام اعظم ابوحنیفہ اور ان کے صاحبین کا یہی مذہب ہے۔ علامہ عینی عمدۃ القاری میں فرماتے ہیں عند ابی حنيفة القنوت فی الوتر خاصة قبل الركوع وحكی ابن المنذر عن عمر وعلی وابن مسعود وابی موسیٰ الاشعری وبراء بن عازب وابن عمر وابن عباس وانس وعمر ابن عبد العزيز وعبيدة السلمانی وحميد الطويل وعبد الله بن المبارك امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک قنوت خاصکر وتر میں ہے اور رکوع سے پہلے ہے ابن منذر نے حضرت عمر وحضرت علی وابن مسعود وابوموسیٰ اشعری وبراء بن عازب وابن عمر وابن عباس وانس وعمر بن عبد العزیز وعبیدۃ السلمانی وحمید الطویل وعبداللہ ابن مبارک رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کرتے ہیں قال لم يقنت النبی صلی الله عليه وسلم الا شهرا ولم يقنت قبله ولا بعده۔ دوسری روایت یہ ہے قال قنت رسول الله صلی الله عليه وسلم شهرا يدعو علی عصية وذكوان فلما ظهر عليهم ترك القنوت یعنی حضور نے صرف ایک مہینہ تک قنوت پڑھا نہ اس کے قبل پڑھا نہ اس کے بعد پڑھا اور ان کفار پر غالب آنے کے بعد قنوت پڑھنا ترک فرمادیا اور خود عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی قنوت نہیں پڑھا کرتے تھے۔

نیز عبداللہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے بھی فرمایا ما رأيت احدا يفعله۔ میں نے کسی کو قنوت پڑھتے نہیں دیکھا یعنی ہمیشہ اور حضرت ابومالک اشجعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں قلت لابی يا ابت انك قد صليت خلف رسول الله صلی الله عليه وسلم وخلف ابی بكر وخلف عمر وخلف عثمان وخلف علی ههنا بالكوفة قريبا من خمس سنين افكانوا يقنتون فی الفجر فقال ای بنی محدث میں نے اپنے والد سے دریافت کیا آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھی ہے اور حضرت ابوبکر وحضرت عمر وحضرت عثمان کے پیچھے اور حضرت علی کے پیچھے یہیں کوفہ میں تقریباً پانچ برس کیا یہ حضرات قنوت پڑھتے تھے اور انھوں نے کہا اے میرے بیٹے یہ بدعت ہے۔

اس حدیث کو امام ابوجعفر طحاوی نے شرح معانی الآثار میں اور ابوداؤد کے سوا اصحاب سنن نے اور بیہقی و ابن حبان نے روایت کیا ہے۔ راویان حدیث قنوت میں صرف حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ وہ ہیں جو قنوت فجر کے قائل ہیں جیسا کہ اعرج سے مروی ہے کہ کان ابوھریرۃ یقنت فی الصبح۔ لہٰذا ان کو قنوت کے منسوخ ہونے کا یا تو علم ہی نہیں ہوا اس لئے وہ اسپر مداومت کرتے تھے جیسا کہ شرح معانی الآثار میں ہے یحتمل ان یکون نزول ھٰذہ الآیۃ لم یکن ابوھریرۃ علمہ فکان یعمل علی ماکان علم من فعل رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم وقنوتہ الی ان مات لان الحجۃ لم تثبت عندہ بخلاف ذالک یعنی قنوت پر ابوہریرہ کے مداومت کرنے میں احتمال ہے کہ ان کو اس آیت کے نزول کی خبر ہی نہ ہوئی، لہٰذا جو کچھ بھی انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کرتے دیکھا تھا اپنے انتقال تک اسی پر عمل کیا کیونکہ اس کے خلاف کی ان کے نزدیک دلیل ثابت نہیں ہوئی یا یہ کہا جائے کہ حضرت ابوہریرہ کا قنوت یہ قنوت معروف نہ تھا جو بعد الرکوع کیا جاتا ہے بلکہ وہ کسی قوم کے لئے دعا یا بددعا کرنا تھا جیسا کہ ابن حبان نے اپنی صحیح میں ان سے روایت کیا قال کان رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم لا یقنت فی صلوۃ الفجر الا ان یدعو لقوم او علیٰ قوم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز فجر میں قنوت نہیں پڑھتے تھے مگر جب کہ کسی قوم کے لئے دعا کرنا ہوتا۔

چنانچہ ان کی ایک حدیث جو اوپر مذکور ہو چکی ہے اُس میں یہ مذکور ہے کہ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دعا نہیں کی میں نے اس کو حضور سے ذکر کیا تو ارشاد فرمایا اوما تراھم قد قدموا کہ جن کے لئے دعا کی جاتی تھی وہ تو آگئے اب قنوت کی حاجت باقی نہیں رہی اور انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ جن سے حدیث قنوت بطرق کثیرہ مروی ہے (جن کا ذکر اوپر ہو چکا ہے)

ان کی حدیثوں سے بھی صرف اتنا ثابت کہ بیس روز یا ایک مہینہ یا چند دنوں یہ قنوت تھا بلکہ ان کی ایک روایت میں یہ بھی آیا ہے کہ (ثم ترکہ) اس کو نسائی نے قتادہ سے اور ابوداؤد نے انس ابن سیرین سے روایت کیا جس کا ظاہر یہ ہے کہ ایک مہینہ کے بعد حضور نے قنوت پڑھنا ترک فرما دیا اور کسی کام کو کرنے کے بعد ترک کر دینا بظاہر دلیل نسخ ہے پھر انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بعض روایتوں سے جو یہ مفہوم ہوتا ہے کہ بعد الرکوع اگرچہ قنوت نہیں ہے مگر نماز فجر میں قنوت ہے تو اس کے متعلق یہ کہا جائیگا کہ یا تو قنوت سے مراد طول قیام ہے یا مطلق دعا کہ قنوت کا استعمال ان معانی میں بھی ہوتا ہے یا بصورت نازلہ قبل رکوع قنوت پڑھنا ہے جس کو ہم نے اپنے فتاویٰ میں ثابت کیا ہے کہ قنوت نازلہ بھی قبل رکوع ہے نہ کہ بعد رکوع ہاں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ایک روایت یہ بھی آئی ہے جس کو امام ابوجعفر نے شرح معانی الآثار میں اور دار قطنی نے سنن میں اور اسحاق ابن راہویہ نے مسند میں اور عبد الرزاق نے مصنف میں ذکر کیا۔

ربیع ابن انس کہتے ہیں کہ میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا کسی نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف ایک مہینہ قنوت پڑھا تو حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ فرمایا مازال رسول اللہ علیہ وسلم یقنت فی صلوٰۃ الغداۃ حتی فارق الدنیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ نماز فجر میں قنوت پڑھتے رہے یہاں تک کہ دنیا سے تشریف لے گئے۔

اول تو یہ روایت تمام ان روایتوں کے مخالف ہے جو حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے باسانید صحیحہ مروی ہیں، پھر یہ کہ اس روایت کو ابوجعفر رازی نے ربیع ابن انس سے روایت کیا ہے اور ناقدین نے ان کی روایتوں پر بہت کچھ کلام کیا ہے، لہٰذا یہ روایت اس قابل نہیں کہ اس کو حجت بنایا جاسکے۔ قال ابن المدینی کان یخلط وقال ابن معین کان یخطی وقال احمد لیس بالقوی وقال ابو زرعۃ کان یھم کثیرا وقال ابن حبان کان ینفرد بالمناکیر عن المشاھیر وقال الفلاس سیئ الحفظ ابن مدینی نے کہا کہ ان کی روایتوں میں خلط ہوتا ہے اور یحییٰ ابن معین کہتے ہیں یہ غلطیاں کیا کرتے تھے امام احمد نے کہا یہ قوی نہیں ہے اور ابوزرعہ نے کہا ان کو وہم بہت ہوتا تھا اور ابن حبان نے کہا یہ مشاہیر سے منکر روایتیں تنہا روایت کیا کرتے تھے اور فلاس نے کہا ان کا حافظہ کمزور تھا۔

اتنی شدید جرحوں کے بعد ان کی روایت کیونکر قابل اعتماد ہوسکتی ہے اور اس میں تمام وہ تاویلیں ہوں گی جو اوپر ہم حضرت ابوہریرہ کی حدیث میں بیان کر آئے ہیں تاکہ خود حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایتوں میں باہم مناقضہ نہ رہے اور حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ تو قنوت کے متعلق صاف فرماتے ہیں لم یقنت قبلہ ولا بعدہ اور خود وہ نماز فجر میں قنوت نہیں پڑھا کرتے تھے جیسا کہ علقمہ نے جو ان کے ایک شاگرد جلیل ہیں فرمایا وکان ابن مسعود لایقنت فی صلوٰۃ الغداۃ۔ اور اسود کہ یہ بھی حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے شاگرد جلیل ہیں فرماتے ہیں کان ابن مسعود لایقنت فی شیئ من الصلوٰۃ الا الوتر فانہ کان یقنت قبل الرکوع۔ یعنی عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ وتر کے سوا کسی نماز میں قنوت نہیں پڑھا کرتے تھے وتر میں رکوع سے پہلے قنوت پڑھا کرتے تھے حضرت عبداللہ بن عمر اور عبدالرحمن بن ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہم جہاں وہ قنوت فجر کی روایت کرتے ہیں اسی کے ساتھ ہی ساتھ یہ بھی روایت کرتے ہیں فانزل اللہ لَیْسَ لَکَ مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ الآیۃ جس سے قنوت فجر کا منسوخ ہونا ثابت ہوتا ہے بلکہ عبدالرحمن ابن ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما اس کے بعد یہ بھی فرماتے ہیں فما دعا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بدعاء علیٰ احد اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کی ہلاکت کی دعا نہیں کی۔

اور حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ قنوت پڑھنے والے پر انکار فرمایا کرتے تھے اور یہ فرمایا ما احفظہ عن احد من اصحابی۔ اور خفاف بن ایماء رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث میں اسی قنوت کا ذکر ہے جس کو عبداللہ بن عمر اور عبدالرحمن بن ابی بکر

رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے ذکر کیا ہے اور ان دونوں حضرات نے اس کا نسخ بیان کیا ہے لہٰذا ان کی روایت میں اگرچہ ذکر نسخ نہیں ہے مگر یہ بھی منسوخ ہی ہے اور براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت میں فجر کے ساتھ مغرب کا بھی ذکر ہے اور مغرب میں قنوت بالاجماع منسوخ ہے جیسا کہ امام طحاوی فرماتے ہیں ففی اجماع مخالفنا لنا علی ان ما کان یفعله فی المغرب من ذالك منسوخ لیس لاحد فعله ان یفعله دلیل علی ان ما کان یفعله فی الفجر ایضاً کذالك ۔ پس ثابت ہوا کہ جس طرح قنوت مغرب منسوخ ہے قنوت فجر بھی منسوخ ہے۔

یہاں تک کلام احادیث قنوت کے متعلق تھا، اب ہم بعض صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کے اقوال واعمال جو قنوت کے بارے میں وارد ہیں ذکر کرتے ہیں، اوپر ہم ابو مالک اشجعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے والد کی حدیث ذکر کر چکے انھوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھی او رحضور نے قنوت نہیں پڑھا اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پیچھے نماز پڑھی انھوں نے قنوت نہیں پڑھا اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پیچھے نماز پڑھی انھوں نے قنوت نہیں پڑھا اور حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پیچھے نماز پڑھی انھوں نے قنوت نہیں پڑھا اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پیچھے نماز پڑھی انھوں نے قنوت نہیں پڑھا اور انھوں نے اس کو محدث اور بدعت بتایا۔

امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی مسند میں روایت کی عن حماد عن ابراهیم عن علقمة قال ما قنت ابوبکر ولا عمر ولا عثمان ولا قنت علی حتی حارب اهل الشام فکان یقنت علقمہ کہتے ہیں کہ نہ ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قنوت پڑھا اور نہ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قنوت پڑھا اور نہ عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قنوت پڑھا اور نہ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قنوت پڑھا یہاں تک کہ جب ان کا اہل شام سے محاربہ ہوا تو قنوت پڑھنے لگے۔

امام ابن ہمام نے فتح القدیر جلد اول ص۳۰۹ میں نقل کیا وقد روی عن الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنه انه قنت عند محاربة الصحابة مسیلمة وعند محاربة اهل الکتاب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہوا کہ انھوں نے مسیلمہ کذاب اور اہل کتاب کی جنگ کے وقت قنوت پڑھا ہے حضرت امیر المومنین عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے قنوت پڑھنے کے متعلق مختلف آثار مروی ہیں:-

عبید بن عمیر کہتے ہیں صلیت خلف عمر صلوٰۃ الغداۃ فقنت فیها بعد الرکوع ۔ ایسا ہی عبد الرحمٰن ابن ابزی نے بھی بیان کیا مگر ان کی ایک دوسری روایت یہ بھی ہے ان عمر قنت فی صلوٰۃ الغداۃ قبل الرکوع کہ نماز صبح میں عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قبل رکوع قنوت پڑھا حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے بھی نماز صبح میں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قنوت پڑھنا بیان کیا ان کی روایت

میں قبل رکوع یا بعد رکوع کا ذکر نہیں۔ ابورافع کہتے ہیں صلیت خلف عمر بن الخطاب صلوٰۃ الصبح فقرأ بالاحزاب فسمعت قنوتہ وانا فی اٰخر الصفوف میں نے عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پیچھے نماز صبح پڑھی انھوں نے اس میں سورۂ احزاب پڑھی پھر میں نے ان کا قنوت سُنا اور میں پچھلی صف میں تھا طارق بن شہاب کہتے ہیں صلیت خلف عمر صلوٰۃ الصبح فلما فرغ من القرأۃ فی الرکعۃ الثانیۃ کبر ثم قنت ثم کبر فرکع یعنی حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پیچھے میں نے صبح کی نماز پڑھی دوسری رکعت میں جب قرارت سے فارغ ہوئے تکبیر کہی پھر قنوت پڑھا پھر تکبیر کہی اور رکوع کیا۔

سعید بن مسیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قنوت پڑھنا بیان کیا۔ اسود کہتے ہیں ان عمر کان لا یقنت فی صلوٰۃ الصبح عمر رضی اللہ تعالیٰ نماز صبح میں قنوت نہیں پڑھتے تھے۔ نیز اسود و عمر بن میمون کہتے ہیں صلینا خلف عمر الفجر فلم یقنت ہم نے عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پیچھے نماز فجر پڑھی انھوں نے قنوت نہیں پڑھا، علقمہ و مسروق کہتے ہیں کنا نصلی خلف عمر الفجر فلم یقنت ہم عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پیچھے نماز فجر پڑھا کرتے تھے انھوں نے قنوت نہیں پڑھا۔

امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی مسند میں روایت کی عن حماد عن ابراھیم عن الاسود قال صحبت ابن الخطاب سنین فلم ارہ قانتا فی صلوٰۃ الفجر یعنی اسود فرماتے ہیں کہ میں برسوں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحبت میں رہا ان کو نماز فجر میں قنوت پڑھتے ہوئے نہیں دیکھا۔ اور ابن جریر طبری نے تہذیب میں اسود سے روایت کی قال صلیت مع عمر فی السفر والحضر ما لا احصی فکان لا یقنت فی الصبح میں نے عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ سفر و حضر میں بیشمار مرتبہ نمازیں پڑھیں وہ فجر میں قنوت نہیں پڑھتے تھے۔

ان روایتوں سے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قنوت کے بارے میں مختلف عمل ثابت ہوتا ہے قنوت پڑھنا بھی اور نہ پڑھنا بھی معلوم ہوتا ہے کہ کبھی پڑھتے تھے اور کبھی نہیں، اس اختلاف عمل کی کیا وجہ ہے اس کو اسود نے بیان کیا کان عمر اذا حارب قنت واذا لم یحارب لم یقنت کہ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب جہاد کرتے قنوت پڑھتے اور جس زمانے میں جہاد نہ ہوتا قنوت نہ پڑھتے۔

معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نزدیک آیت کریمہ لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ عدم محاربہ کی صورت میں قنوت فجر کی ناسخ ہے اور محاربہ کی صورت میں قنوت فجر منسوخ نہیں، ابوعبدالرحمن نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ روایت کی کہ وہ نماز فجر میں رکوع سے پہلے قنوت پڑھا کرتے تھے اور عبداللہ ابن معقل نے یہ کہا کہ حضرت علی و ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہما نماز فجر میں قنوت پڑھا کرتے تھے اور ابراہیم نے فرمایا کہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فجر میں قنوت نہیں پڑھتے تھے سب سے پہلے اس نماز میں قنوت حضرت علی نے پڑھا، نیز ابراہیم نے کہا انما کان علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ یقنت فیہا ھھنا لانہ

کان محاربا فکان یدعو علیٰ اعدائہ فی القنوت فی الفجر والمغرب حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نماز فجر میں یہاں اس لئے قنوت پڑھتے تھے کہ وہ محارب تھے فجر اور مغرب میں قنوت کے اندر اپنے دشمنوں کی ہلاکت کی دعا کرتے تھے۔

اس سے معلوم ہوا کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قنوت پڑھنا جنگ کی وجہ سے تھا حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا عمل ہم اوپر ذکر کر آئے کہ وہ فجر میں قنوت نہیں پڑھا کرتے تھے اور ابو رجاء نے عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی قال صلیت معہ الفجر فقنت قبل الرکعۃ میں نے ابن عباس کے ساتھ نماز فجر پڑھی انھوں نے رکوع سے قبل قنوت پڑھا۔

سعید بن جبیر کہتے ہیں صلیت خلف ابن عمر وابن عباس فکانا لا یقنتان فی صلوٰۃ الصبح میں نے ابن عمر و ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے پیچھے نماز صبح پڑھی وہ دونوں حضرات نماز صبح میں قنوت نہیں پڑھتے تھے، نیز انھیں سے مروی ان ابن عباس کان لا یقنت فی صلوٰۃ الفجر کہ ابن عباس نماز فجر میں قنوت نہیں پڑھتے تھے۔ عمران بن حارث کہتے ہیں صلیت خلف ابن عباس فی دارہ الصبح فلم یقنت قبل الرکوع ولا بعدہ میں نے ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے پیچھے ان کے گھر میں صبح کی نماز پڑھی انھوں نے نہ رکوع سے پہلے قنوت پڑھا نہ بعد میں۔ ابو رجاء نے جو حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا قنوت پڑھنا بیان کیا یہ اس وقت کا واقعہ ہے جب ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بصرہ میں حضرت علی کی طرف سے والی تھے اور سعید بن جبیر نے جو ان کا قنوت نہ پڑھنا بیان کیا یہ بعد کا واقعہ ہے کہ جب حضرت ابن عباس مکہ میں تھے جس کا حاصل یہ ہوا کہ محاربہ کی صورت میں انھوں نے قنوت پڑھا اور عدم محاربہ کی صورت میں نہیں اور علقمہ بن قیس کہتے ہیں کہ لقیت ابا الدرداء بالشام فسألتہ عن القنوت فلم یعرفہ میں نے ابو الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے شام میں ملاقات کی ان سے قنوت کے متعلق سوال کیا تو انھوں نے اُس کو نہیں پہچانا یعنی اُن کے نزدیک قنوت پڑھنا ثابت نہیں تھا۔

نافع نے ابن عمر سے روایت کی کان لا یقنت فی شیئ من الصلوات کہ وہ کسی نماز میں قنوت نہیں پڑھتے تھے۔ عمرو بن دینار فرماتے ہیں کان عبداللہ بن الزبیر یصلی بنا الصبح بمکۃ فلا یقنت عبداللہ بن زبیر مکہ میں ہم کو نماز فجر پڑھاتے تھے اور قنوت نہیں پڑھتے تھے حالانکہ یہ وہ زمانہ تھا جبکہ وہ خلیفہ ہوئے تھے اور اُن کے زمانے میں مخالفین سے لڑائیاں بھی ہوئی تھیں۔

صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے یہ آثار جو ذکر کئے گئے، ان میں کے اکثر آثار وہ ہیں جن کو امام ابو جعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ نے شرح معانی الآثار جلد اول باب القنوت میں ذکر کیا ہے اور بعض کو امام مالک نے مؤطا میں اور بیہقی نے سُنن میں اور عبدالرزاق نے مصنَّف میں روایت کیا ہے۔

پس صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین میں سے بعض حضرات تو وہ ہیں جو اس قنوت کے بالکل قائل نہیں نازلہ اور غیر نازلہ کسی حالت میں بھی وہ قنوت پڑھنے کے قائل نہیں، اور بعض حضرات وہ ہیں کہ نازلہ کی حالت میں اس کا پڑھنا روا رکھتے ہیں۔

قدمار حنفیہ کے اقوال سے بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ قنوت مطلقاً منسوخ ہے خواہ نازلہ میں ہو یا غیر نازلہ میں غیر نازلہ کی وہ تخصیص نہیں کرتے، متون کی عبارت ہم اوپر لکھ چکے کہ وتر کے غیر میں قنوت نہیں، صاحب ہدایہ امام اعظم و امام محمد رحمۃ اللہ علیہما کی دلیل میں ایک مقام پر فرماتے ہیں لہما انہ منسوخ۔ اور بحر الرائق میں ہے لہما انہ منسوخ۔ اور فتاویٰ خانیہ میں ہے لان القنوت فی صلوٰۃ الفجر منسوخ۔

اسی طرح اس کا نسخ بکثرت کتابوں میں مذکور ہے امام ابو جعفر طحاوی شرح معانی الآثار میں قنوت سے متعلق تمام حدیثوں پر کلام کرنے کے بعد فرماتے ہیں ثبت بما ذکرنا انہ لا ینبغی القنوت فی الفجر فی حال حرب ولا فی غیرہ قیاسا ونظرا علی ما ذکرنا من ذالک وھذا قول ابی حنیفۃ ومحمد وابی یوسف رحمہم اللہ تعالیٰ جو کچھ ہم نے ذکر کیا اس سے ثابت ہوا کہ فجر میں قنوت نہ لڑائی کے وقت میں پڑھنا چاہئے اور نہ اس کے غیر میں یہی مقتضائے قیاس ونظر ہے اور ابو حنیفہ و محمد و ابو یوسف کا یہی قول ہے۔

اس عبارت میں تصریح ہے کہ حرب غیر حرب کسی حالت میں قنوت نہ پڑھنا چاہئے مگر جب ہم شراح کے کلام کی طرف نظر کرتے ہیں تو ان کے کلام سے یہ پتہ چلتا ہے کہ ائمہ حنفیہ کے نزدیک صرف وہی قنوت منسوخ ہے جو علی الدوام نماز فجر میں بعض مجتہدین پڑھنے کے قائل ہیں خواہ وہ بعد رکوع پڑھتے ہوں جیسا کہ شافعیہ کا مذہب ہے یا قبل رکوع جیسا کہ مالکیہ کا مذہب ہے بلکہ خود امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ کا ایک کلام جو آئندہ ذکر کیا جائے گا۔

اس سے ثابت ہوتا ہے کہ نازلہ کی صورت میں نماز فجر میں قنوت پڑھنا جائز ہے اس میں کوئی حرج نہیں: امام ابن ہمام رضی اللہ تعالیٰ عنہ فتح القدیر جلد اول صفحہ ۳۰۹ میں بعض صحابہ کرام کے حالت جنگ میں قنوت کا ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں الا ان ھذا ینشئ لنا ان القنوت للنازلۃ مستمر لم ینسخ وبہ قال جماعۃ من اھل الحدیث وحملوا علیہ حدیث ابی جعفر عن انس مازال یقنت حتی فارق الدنیا ای عند النوازل وما ذکرنا من اخبار الخلفاء یفید تقررہ لفعلھم ذالک بعدہ صلی اللہ علیہ وسلم وما ذکرناہ من حدیث ابی مالک وابی ھریرۃ وانس وباقی اخبار الصحابۃ لا یعارضہ بل انما تفید نفی سنیتہ راتبا فی الفجر سوی حادثۃ ابی حمزۃ حیث قال لم یقنت قبلہ ولا بعدہ ولذا احادیث ابی حنیفۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ وعجب کون بقاء القنوت مجتھدا وذالک ان ھذا الحدیث لم یؤثر عنہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من قولہ ان لا قنوت فی نازلۃ بعد ھذہ بل مجرد العدم

بعدھا فیتجہ الاجتھاد بان یظن ان ذالک انما ھو لعدم وقوع نازلۃ - بعدھا یستدعی القنوت فتکون شرعیۃ مستمرۃ وھو محمل قنوت من قنت من الصحابۃ بعد وفاتہ صلی اللہ علیہ وسلم وبان یظن رفع الشرعیۃ نظراً الی سبب ترکہ صلی اللہ علیہ وسلم وھو انہ لما نزل قولہ تعالیٰ لَیْسَ لَکَ مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ ترک واللہ سبحانہ واعلم۔

یہاں سے ہم کو یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ نازلہ کے لئے قنوت مستمر ہے منسوخ نہیں ہوا اسی کو محدثین کی ایک جماعت نے کہا اور انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وہ حدیث کہ حضور ہمیشہ قنوت پڑھتے تھے یہاں تک کہ دنیا سے تشریف لے گئے یعنی نوازل کے وقت میں اور ہم نے جو خلفائے راشدین کی حدیثیں ذکر کی ہیں وہ بھی اس قنوت کے تقرر پر دلالت کرتی ہیں کہ انھوں نے حضور کے بعد اس کو کیا ہے اور وہ جو ہم نے ابو مالک اور ابو ہریرہ اور انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اور باقی صحابہ کی حدیثیں ذکر کیں وہ اس کے معارض نہیں بلکہ اس سے صرف یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ فجر میں ہمیشہ یہ چیز سنت نہیں سوا حدیث ابی حمزہ کے کہ انھوں نے کہا کہ اس کے پہلے بھی قنوت نہیں پڑھا اور بعد میں بھی نہیں پڑھا اور ایسا ہی ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث ہے، لہٰذا ضرور ہے کہ قنوت کا نوازل میں پڑھنا ایک مجتہد فیہ مسئلہ ہے اور یہ یوں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے یہ منقول نہیں کہ اس کے بعد نازلہ میں قنوت نہیں بلکہ اس کے بعد محض قنوت نہ پڑھنا مروی ہے۔

لہٰذا اب یہ اجتہاد ہو سکتا ہے کہ گمان کیا جائے کہ اس واقعہ کے بعد کوئی نازلہ نہ پایا گیا جس کی وجہ سے قنوت پڑھا جاتا، لہٰذا اس کی مشروعیت مستمر ہوئی اور جن صحابہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد قنوت پڑھا ان کے قنوت کا یہی محمل ہے اور یہ بھی گمان کیا جا سکتا ہے کہ اس کی مشروعیت ہی اُٹھ گئی جب کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ترک کا سبب یہ قرار دیا جائے کہ جب آیت کریمہ لَیْسَ لَکَ مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ نازل ہوئی حضور نے ترک فرما دیا۔

بحر الرائق جلد دوم ص۴۴ میں ہے وفی شرح النقایۃ معزیا الی الغایۃ وان نزل بالمسلمین نازلۃ قنت الامام فی صلوٰۃ الجھر یعنی اگر مسلمانوں کو کوئی حادثہ پیش آئے تو جہری نمازوں میں امام قنوت پڑھے۔ علامہ شامی نے منحۃ الخالق میں ابراہیم حلبی کا قول نقل کیا کہ وہ فتح القدیر کی عبارت کا خلاصہ فرماتے ہوئے لکھتے ہیں فتکون شرعیۃ مستمرۃ وھو محمل قنوت من قنت من الصحابۃ بعد وفاتہ صلی اللہ علیہ وسلم وھو مذھبنا وعلیہ الجمھور قال الحافظ ابو جعفر الطحاوی انما لا یقنت عندنا فی صلوٰۃ الفجر من غیر بلیۃ فاذا وقعت فتنۃ او بلیۃ فلا باس بہ فعلہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعنی نازلہ کے وقت میں قنوت پڑھنے کی مشروعیت باقی ہے یہی ہمارا اور جمہور کا مذہب ہے امام حافظ ابو جعفر طحاوی نے فرمایا کہ ہمارے نزدیک

نمازِ فجر میں بغیر مصیبت کے قنوت پڑھنا نہیں اور جب فتنہ یا بلا واقع ہو تو اس میں حرج نہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو کیا ہے۔ اس کے بعد علامہ شامی فرماتے ہیں ومقتضی هذا ان القنوت لنازلة خاص بالفجر ويخالفه ماذكره المؤلف معزيا الى الغاية من قوله فی صلوٰة الجهر ولعله محرف عن الفجر وقد رأيت بهذا اللفظ فی حواشی مسكين وكذا فی الاشباه وكذا فی شرح الشيخ اسمٰعيل لكنه عزاه الى غاية البيان ولم اجد المسئلة فيها فلعله اشتبه عليه غاية السروجی بغاية البيان ولكن نقل عن البناية من نصه اذا وقعت نازلة قنت الامام فی الصلوٰة الجهرية وقال الطحاوی لا يقنت عندنا فی صلوٰة الفجر فی غير بلية واما اذا وقعت فلا باس به اھ

امام حلبی کے اس قول کا مقتضا یہ ہے کہ قنوت نازلہ فجر کے ساتھ خاص ہے اور صاحب بحر نے غایۃ کی طرف نسبت کرکے فی صلوٰۃ الجھر جو فرمایا شاید یہ لفظ فجر کی تحریف ہے اور میں نے حواشی مسکین میں اسی لفظ کو پایا یعنی فی صلوٰۃ الفجر ایسا ہی اشباہ میں ہے اور شیخ اسمٰعیل نے شرح میں بھی ایسا ہی کہا لیکن انھوں نے اس کو غایۃ البیان کی طرف منسوب کیا اور میں نے غایۃ البیان میں اس مسئلہ کو نہیں پایا شاید شیخ اسمٰعیل کو غایۃ البیان اور غایۃ السروجی میں اشتباہ واقع ہو گیا لیکن بنایہ سے انھوں نے یہ نقل کیا کہ جب کوئی نازلہ واقع ہو تو جہری نماز میں امام قنوت پڑھے اور امام طحاوی نے فرمایا ہمارے نزدیک نماز فجر میں بغیر مصیبت کے قنوت نہیں اور جب مصیبت ہو تو حرج نہیں۔

امام طحاوی کی عبارت سے بھی یہی پتہ چلتا ہے کہ نماز فجر کے غیر میں قنوت نہیں۔ علامہ شبلی حاشیہ تبیین میں فرماتے ہیں ان نزل بالمسلمين نازلة قنت الامام فی صلوٰة الفجر وبه قال الثوری واحمد وقال الحافظ ابوجعفر الطحاوی انما لا يقنت عندنا فی صلوٰة الفجر من غير بلية فان وقعت فتنة او بلية فلا باس به فعله رسول الله صلی الله عليه وسلم وذكره السيد الشريف صاحب النافع فی مجموعه اگر مسلمان پر کوئی حادثہ پیش آئے تو امام نماز فجر میں قنوت پڑھے اسی کو سفیان ثوری اور امام احمد نے فرمایا حافظ ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہمارے نزدیک نماز فجر میں قنوت پڑھنا بغیر مصیبت نہیں ہے اگر فتنہ یا بلا ہو تو قنوت پڑھنے میں حرج نہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو کیا ہے اور سید شریف صاحب نافع نے اس کو اپنے مجموعہ میں ذکر فرمایا اسی طرح علامہ سید احمد طحطاوی نے حاشیہ درمختار جلد اول ص۲۸۳ میں امام ابوجعفر طحاوی کا قول نقل فرماکر یہ کہا وظاهره انه لو قنت فی الفجر لبلية انه يقنت قبل الركوع ابو السعود عن الحموی قلت قد ورد فعله قبله وبعده وبقبله قال الامام مالك وبعده وبه قال الامام الشافعی فمقتضی النظر التخيير وذكر الشرنبلالی انه يقنت بعد الركوع اس کا ظاہر یہ ہے کہ اگر فجر میں بلا کی وجہ سے

قنوت پڑھے تو رکوع سے پہلے پڑھے اس کو ابوالسعود نے حموی سے نقل کیا۔

میں یہ کہتا ہوں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فعل رکوع سے پہلے قنوت پڑھنا بھی وارد ہوا اس کو امام مالک نے کہا اور رکوع کے بعد بھی وارد ہوا اس کو امام شافعی نے کہا لہٰذا مقتضائے نظر یہ ہے کہ پہلے یا پیچھے پڑھنے میں اختیار ہے، اور شرنبلالی نے یہ ذکر کیا کہ رکوع کے بعد قنوت پڑھے ہم نے ایک فتویٰ میں اس قنوت کو قبل رکوع ہونے کو ثابت کیا۔ من شاء الاطلاع فلیرجع الیہا۔

درمختار میں فرمایا لایقنت لغیرہ الا لنازلۃ فیقنت الامام فی الجھریۃ وقیل فی الکل۔ وتر کے سوا کسی نماز میں بے قنوت نہ پڑھے مگر کسی حادثہ کی وجہ سے امام جہری نمازوں میں قنوت پڑھ سکتا ہے۔ اور بعضوں نے کہا کہ سب نمازوں میں۔

علامہ سید احمد طحطاوی اس کی شرح میں صـ۲۸۲ پر فرماتے ہیں قولہ فیقنت الامام فی الجھریۃ نقلہ فی البحر عن شرح النقایۃ بالعزو الی الغایۃ ولکن انقلہ الشرنبلالی عن الغایۃ بلفظ الجھر کما فی البحر والذی فی ابی السعود عن الشرح المذکور ان نزل بالمسلمین نازلۃ قنت الامام فی صلوٰۃ الفجر وھو المتبادر من قول الطحاوی انما لایقنت عندنا فی صلوٰۃ الفجر فی غیر بلیۃ اما اذا وقعت بلیۃ فلا باس ویدل لذلک ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قنت لبلیۃ فی صلوٰۃ الفجر فقط والذی یظھر لی ان قولہ فی البحر ان نزل بالمسلمین نازلۃ قنت الامام فی صلوٰۃ الجھر، تحریف من النساخ وصوابہ الفجر۔ اس کو بحر میں شرح نقایہ سے غایہ کی طرف نسبت کرکے نقل کیا اور ایسا ہی شرنبلالی نے لفظ جہر جیسا کہ بحر میں ہے غایہ سے نقل کیا اور ابوالسعود نے شرح مذکور سے یہ نقل کیا کہ اگر مسلمانوں کو کوئی حادثہ پیش آئے تو امام نماز فجر میں قنوت پڑھے اور امام طحاوی کے قول سے بھی یہی متبادر ہے کہ ہمارے نزدیک بغیر بلا نماز فجر میں قنوت پڑھنا نہیں ہے لیکن اگر کوئی بلا ہو تو حرج نہیں، اور اس پر دلیل یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بلا کی وجہ سے صرف نماز فجر میں قنوت پڑھا۔

جو کچھ مجھے ظاہر ہو رہا ہے یہ ہے کہ بحر میں جو لفظ جہر واقع ہوا ہے وہ تحریف کاتبین ہے صحیح یہ کہ بجائے لفظ جہر کے فجر ہو، بلکہ علامہ سید احمد طحطاوی نے حاشیہ مراقی الفلاح میں بحر کی یہ عبارت نقل کی ہے الذی فی البحر عن الشمنی فی شرح النقایۃ معزیًا للغایۃ اذا نزل بالمسلمین نازلۃ قنت فی صلوٰۃ الفجر وھو قول الثوری واحمد۔ اس عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ بحر کے اس نسخہ میں جو ان کے پاس اس وقت تھا لفظ فجر واقع ہے۔ پھر اس کے بعد علامہ سید احمد طحطاوی نے حاشیہ درمختار میں فرمایا قال العلامۃ نوح بعد کلام قدمہ فعلی ھذا لایکون القنوت فی صلوٰۃ الفجر عند وقوع النوازل منسوخًا بل یکون امرًا مستمرًا ثابتًا ویدل علیہ قنوت من قنت من الصحابۃ بعدہٗ صلی اللہ علیہ وسلم فیکون المراد بالنسخ نسخ عموم الحکم لانسخ نفس الحکم علامہ نوح نے

کہاان سب باتوں کو دیکھتے ہوئے نماز فجر میں نازلہ واقع ہونے کے وقت قنوت منسوخ نہیں ہے بلکہ یہ ایک امر مستمر ثابت ہے اور اس پر دلیل یہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد صحابہ میں سے بہت سے لوگ وہ ہیں جنھوں نے قنوت پڑھا لہٰذا نسخ سے مراد حکم کے عام ہونے کا نسخ ہے یعنی ہمیشہ قنوت پڑھنا نہ یہ کہ نفس قنوت ہی منسوخ ہے۔

اس کے بعد بحر فرمایا قال فی الملتقط قال الطحاوی انما لا یقنت عندنا فی صلوٰۃ الفجر فی غیر بلیۃ فان وقعت فتنۃ او بلیۃ فلا باس بہ وقال بعض الفضلاء وھو مذھبنا وعلیہ الجمھور۔ ملتقط میں امام ابوجعفر طحاوی کا قول نقل کرکے فرمایا بعض فضلاء نے فرمایا یہ ہمارا مذہب ہے اور اسی پر جمہور ہیں۔

ان سب عبارات سے معلوم ہوا کہ حنفیہ کے نزدیک قول محقق یہ ہے کہ نازلہ کی صورت میں صرف نماز فجر میں قنوت پڑھا جائے فجر کے سوا کسی دوسری نماز میں قنوت پڑھنا اگرچہ وہ جہری نماز ہو اہل تحقیق کے نزدیک نہیں اور بحر میں جو لفظ فی صلوٰۃ الجہر آیا ہے وہ لکھنے والوں کی تحریف ہے جس کو علامہ سید ابن عابدین شامی نے منحۃ الخالق حاشیہ بحر الرائق میں اور علامہ سید احمد طحطاوی نے حاشیہ درمختار میں فرمایا بلکہ علامہ شامی نے رد المحتار حاشیہ درمختار جلد اول ص۲۳۵ میں یہی عبارتیں جن کو علامہ سید احمد طحطاوی نے نقل فرمایا ہے نقل فرمانے کے بعد یہ کہا ویؤیدہ مافی شرح المنیۃ حیث قال بعد کلام فتکون شرعیتہ ای شرعیۃ القنوت فی النوازل مستمرۃ وھو محمل قنوت من قنت من الصحابۃ بعد وفاتہ علیہ الصلوٰۃ والسلام وھو مذھبنا وعلیہ الجمھور قال الحافظ ابوجعفر الطحاوی انما لا یقنت عندنا فی صلوٰۃ الفجر من غیر بلیۃ فان وقعت فتنۃ او بلیۃ فلا باس بہ فعلہ رسول اللہ علیہ وسلم واما القنوت فی الصلوات کلھا للنوازل فلم یقل بہ الا الشافعی وکانھم حملوا ماروی عنہ علیہ الصلوٰۃ والسلام انہ قنت فی الظھر والعشاء کما فی مسلم وانہ قنت فی المغرب ایضا کما فی البخاری علی النسخ لعدم ورود المواظبۃ والتکرار الواردین فی الفجر عنہ علیہ الصلوٰۃ والسلام اھ وھو صریح فی ان قنوت النازلۃ عندنا مختص لصلوٰۃ الفجر دون غیرھا من الصلوات الجھریۃ او السریۃ ومفادہ ان قولھم بان القنوت فی الفجر منسوخ نسخ عموم الحکم لا نسخ اصلہ کما نبہ علیہ نوح آفندی اس کی تائید اس سے ہوتی ہے جو شرح منیہ میں ہے انھوں نے ایک کلام کے بعد یہ فرمایا کہ نوازل میں قنوت کی مشروعیت مستمر ہے اور جن صحابہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد قنوت پڑھا اس کا محمل یہی ہے اور یہ ہمارا مذہب ہے اور اسی پر جمہور ہیں اور تمام نمازوں میں نوازل کے لئے قنوت کا قول صرف امام شافعی نے کیا ہے ہمارے علماء نے ظہر و مغرب و عشاء میں قنوت پڑھنا جو بعض حدیثوں میں وارد ہوا ہے اس کو نسخ پر محمول کیا کیونکہ مداومت اور تکرار جیسا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نماز فجر

میں وارد ہیں ان نمازوں میں وارد نہیں اور یہ کلام صریح ہے کہ قنوت نوازل نماز فجر کے ساتھ خاص ہے اس کے سوا جہری یا سری نمازوں میں نہیں اس کلام کا مفاد یہ ہے کہ ہمارے فقہاء کا یہ قول کہ نماز فجر میں قنوت منسوخ ہے اس کے معنی یہ ہیں کہ حکم کا عموم منسوخ ہے نہ یہ کہ نفس حکم منسوخ ہے۔

نیز علامہ شامی قول درمختار وقیل فی الکل کے تحت فرماتے ہیں قد علمت ان ھذا المقیل بہ الا الشافعی وعزاہ فی البحر الی جمہور اھل الحدیث فکان ینبغی عزوہ الیھم لئلا یوھم انہ قول فی المذھب تمہیں معلوم ہو چکا ہے کہ سب نمازوں میں قنوت پڑھنا صرف امام شافعی کا مذہب ہے، اور بحر میں اس کو جمہور محدثین کی طرف منسوب کیا تو اس کو انھیں کی طرف نسبت کرنا چاہئے کہ کہیں یہ وہم نہ پیدا ہو کہ یہ بھی ہمارے مذہب کا ایک قول ہے۔

علامہ سید احمد طحطاوی حاشیہ مراقی الفلاح ص۲۱۶ میں فرماتے ہیں واما القنوت فی الصلوات کلھا عند النوازل فلم یقل بہ الا الشافعی ولیس مذھبنا کما صرح بہ العلامۃ نوح نوازل کی وجہ سے تمام نمازوں میں قنوت پڑھنا صرف امام شافعی کا مذہب ہے، اور ہمارا مذہب نہیں جیسا کہ علامہ نوح نے اس کی تصریح کی۔

فقہائے کرام وعلمائے اعلام کی ان عبارات مرقومہ بالا سے بہت واضح طور پر یہ واضح ہو گیا کہ نازلہ کے وقت نماز فجر میں قنوت پڑھنا جائز ہے اور اس زمانہ میں جب ہندوستان میں چاروں طرف سے مسلمانوں پر مصائب وآلام کی بارش ہو رہی ہے اگر ائمہ مساجد نماز فجر میں رکوع سے پہلے اور قرارت کے بعد دعائے قنوت پڑھیں تو کوئی حرج نہیں اور اس قنوت میں وہ دعا جو قنوت وتر میں پڑھی جاتی ہے پڑھی جایا کرے جیسا کہ امام ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت عمر رضی اللہ تعالٰی عنہ سے شرح معانی الآثار میں روایت کیا عن عبید بن عمر قال صلیت خلف عمر صلوۃ الغداۃ فقنت فیھا بعد الرکوع وقال فی قنوتہ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُکَ الخ یعنی حضرت عمر رضی اللہ تعالٰی عنہ نے نماز فجر میں قنوت میں اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُکَ آخر تک پڑھا اور اس دعائے قنوت مشہور و ماثور کے بعد یہ دعا بھی پڑھے جو حضرت عمر رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَاَلِّفْ بَیْنَ قُلُوْبِھِمْ وَاَصْلِحْ ذَاتَ بَیْنِھِمْ وَانْصُرْھُمْ عَلٰی عَدُوِّکَ وَعَدُوِّھِمْ اَللّٰھُمَّ الْعَنِ الْکَفَرَۃَ وَالْمُشْرِکِیْنَ الَّذِیْنَ یُکَذِّبُوْنَ رُسُلَکَ وَیُقَاتِلُوْنَ اَوْلِیَاءَکَ اَللّٰھُمَّ خَالِفْ بَیْنَ کَلِمَتِھِمْ وَزَلْزِلْ اَقْدَامَھُمْ وَاَنْزِلْ عَلَیْھِمْ بَاْسَکَ الَّذِیْ لَا یُرَدُّ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِیْنَ۔ اس کا ترجمہ یہ ہے "اے اللہ میری اور تمام مومنین اور مومنات و مسلمین اور مسلمات کی مغفرت فرما اور اُن کے دلوں میں اُلفت پیدا فرما اور اُن کے آپس کی حالت درست کر دے اور ان کی

اپنے اور اُن کے دشمنوں پر مدد کر، اے اللہ کفار و مشرکین پر لعنت کر جو تیرے رسولوں کو جھٹلاتے ہیں اور تیرے دوستوں سے لڑتے ہیں، اے اللہ ان کی بات میں مخالفت ڈال دے اور اُن کے قدموں کو متزلزل کر دے اور اُن پر اپنا وہ عذاب بھیج جو قوم مجرمین سے واپس نہیں ہوتا"۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اس دعائے منقول میں لفظ کفرۃ اھل الکتاب ہے مگر مناسبت حال کی وجہ سے ہم نے لفظ الکفرۃ والمشرکین لکھا، ھٰذَا مَا تَبَیَّنَ لِیْ　　واللہ تعالیٰ اعلم

بحمدہ تعالیٰ قنوت نازلہ کا یہ مسئلہ اور اس کے پہلے قنوت کا بصورت نازلہ قبل رکوع ہونے کا مسئلہ یہ دونوں ملکر ایک رسالہ کی قدر ہو گئے اس کا نام "التحقیق الکامل فی حکم قنوت النوازل" رکھا گیا فقیر اپنی جسمانی کمزوریوں اور خصوصیت کے ساتھ ضعف بصر کی مجبوریوں سے اس قابل نہیں کہ وہ محقق اور مُدلّل فتویٰ تحریر کرے مگر محض اللہ عزوجل کا فضل و کرم تھا جو ایسا فتویٰ ایسی حالت میں اس نے تحریر کرا دیا اس فتویٰ کی تحریر میں عزیزی مولوی محمد شریف الحق سلمہ[عہ] سے بہت مدد ملی اور حاشیہ شرح معانی الآثار[عہ] جو پہلے کسی زمانہ میں فقیر نے تحریر کیا ہے اگرچہ وہ صرف نصف جلد اول تک لکھا گیا مگر قنوت کی بحث اس میں موجود ہے اس وجہ سے اُس حاشیہ سے بھی اس فتویٰ میں بہت کچھ مدد ملی۔

اللہ تعالیٰ اس عاجز کی سعی کو قبول فرمائے اور اس سے مسلمانوں کو فائدہ و نفع پہنچائے، آمین ـــ وَاٰخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ وَاَفْضَلِ رُسُلِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

عہ طحاوی شریف کا یہ حاشیہ عربی زبان میں ہے جو دادوں ضلع علی گڑھ کے زمانہ قیام میں لکھا گیا تھا فقہ و حدیث میں مصنف علیہ الرحمۃ کی اہم ترین علمی یادگار ہے عنقریب دائرۃ المعارف الامجدیہ کے زیر اہتمام شائع ہونے والا ہے۔
کلیمی

عہ موصوف کی ولادت باسعادت مدینۃ العلماء گھوسی میں ہوئی خانوادہ امجدیہ سے آپ کا تعلق ہے۔ محدث اعظم پاکستان و حضور حافظ ملت علیہما الرحمۃ والرضوان و دیگر اساتذۂ وقت سے علوم عقلیہ و نقلیہ کی تکمیل کی۔ حضرت فقیہ اعظم ہند سے بھی آپ کو فقہ و افتاء میں شرف تلمذ حاصل ہے۔ رسائل رضویہ پر گہری نظر رکھتے ہیں۔ اب تک تیس ہزار فتاویٰ تحریر فرما چکے ہیں۔ اکابر علماء نے نائب مفتی اعظم ہند و عمدۃ المحققین کے خطابات سے نوازا ہے۔ ان دنوں مادر علمی الجامعۃ الاشرفیہ مبارکپور میں صدر مفتی کی حیثیت سے فتویٰ نویسی کا فریضہ انجام دے رہے ہیں۔ زیر نظر فتاویٰ پر آپ ہی کی علمی و تحقیقی تعلیق ہے۔ کلیمی

مسئلہ (۲۸۹) مرسلہ حکیم ابومحمد عبدالرزاق صاحب آردی امام مسجد از ہوڑہ محلہ کرستان پاڑہ، ۲۰ صفر ۱۳۴۳ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ جن نماز پنجگانہ کے بعد نفلیں پڑھی جاتی ہیں ایا اُن کو التزاماً بیٹھ کر پڑھنا چاہئے یا کھڑے ہو کر پڑھنا افضل ہے زید بلاعذر بیٹھ کر پڑھنا افضل بتاتا ہے، عمر کہتا ہے اگر کوئی عذر کھڑے ہونے سے مانع ہو تو مضائقہ نہیں، مگر زید اپنے قول بلا دلیل شرعی پر اصرار کرتا ہے کیا کوئی حدیث سوائے بعد وتر کے ہے اگر ہو تو ارقام فرمائیے، اور بلا دلیل شرعی اصرار کرنا کیسا ہے۔

سـ۲ـ یہاں علی العموم لوگوں کا اعتقاد ہے کہ جب نماز کے لئے مسجد میں جائے تو وضو کر کے بیٹھ جائے، اس کے بعد کھڑے ہو کر نماز کی نیت کرے، اور اس اعتقاد میں لوگ ایسے پختہ ہیں کہ واجب اور فرض کی طرح اس کے ترک کو گناہ سمجھتے ہیں، بلکہ منع کرنے والوں کو برا کہتے ہیں، تو کیا کہیں اس کا ثبوت ہے۔

الجواب (۱) بغیر عذر نماز نفل کھڑے ہو کر پڑھنا افضل ہے، اور بیٹھ کر پڑھنا جائز، بیٹھ کر پڑھنے میں آدھا ثواب ملے گا، حدیث صحیح میں ارشاد ہوا صلوٰۃ الرجل قاعداً نصف الصلوٰۃ یہ حکم تمام نوافل مطلقہ کا ہے، بعد وتر جو نوافل پڑھے جاتے ہیں اُنکا بھی کھڑے ہو کر پڑھنا افضل ہے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا بیٹھ کر پڑھنا حضور کے خصائص سے ہے، لہٰذا اس حدیث سے استدلال صحیح نہیں خود حدیث کے الفاظ سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ حضور کے لئے ہے، دوسرے کے لئے نہیں، صحیح مسلم شریف میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی، حدثت ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال صلوٰۃ الرجل قاعداً نصف الصلوٰۃ قال فاتیتہ فوجدتہ یصلی جالساً فوضعت یدی علی راسہ فقال مالک یاعبداللہ بن عمر قلت حدثت یارسول اللہ انک قلت صلوٰۃ الرجل قاعداً علی نصف الصلوٰۃ وانت تصلی قاعداً قال اجل ولکنی لست کاحد منکم۔ حدیث کا پچھلا جملہ کہ میں تم جیسا نہیں، اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ اس حکم میں حضور داخل نہیں، اور یہ حضور کے خصائص سے ہے اسی لئے شیخ محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں :-

"یعنی ھٰذا الذی ذکرت ان صلوٰۃ الرجل قاعداً علی نصف صلوٰتہ حکم غیری من الامۃ واما انا فخارج عن ھٰذا الحکم ویقبل ربی عنی قاعداً مقدار صلاتی قائماً او ذالک من خصائصی لما اختص بہ من عنایۃ التوجہ والحضور والمعرفۃ والقرب فلا تقیسونی علی احد ولا تقیسوا احداً علیّ"۔

در مختار میں ہے ویتنفل مع قدرتہ علی القیام قاعداً اجر غیر النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ تعالیٰ علیہ وسلم

علی النصف الا بعذر ۔ رد المحتار میں ہے اما النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فمن خصائصہ ان نافلتہ قاعدًا مع القدرۃ علی القیام کنافلتہ قائمًا ۔

بالجملہ زید کا بیٹھکر پڑھنا قابل الزام نہیں کہ اس میں کچھ گناہ نہیں صرف ترک افضل ہے مگر اس کا یہ کہنا کہ افضل بیٹھکر پڑھنا ہے، غلط وجہالت ہے ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

ج (۲) بیٹھنے کی کچھ ضرورت نہیں مسجد میں پہنچکر اگر فوراً نماز پڑھنا چاہیں پڑھیں، اور وقت مکروہ نہ ہو، تو تحیۃ الوضو یا تحیۃ المسجد پڑھیں، بلکہ تحیۃ المسجد میں بہتر یہ ہے کہ قبل جلوس ہو اگرچہ جلوس سے ساقط نہ ہوگی ۔ حدیث میں ہے اذا دخل احدکم المسجد فلا یجلس حتی یصلی رکعتین ۔ رد المحتار میں ہے والظاہر ان دخولہ بنیۃ صلوٰۃ الفرض لامام اومنفرد اوبنیۃ الاقتداء ینوب عنہا اذا اصلی عقب دخولہ والا لزم فعلہا بعد الجلوس وہو خلاف الاولیٰ کما یاتی فلوکان دخولہ بنیۃ الفرض مثلا لکن بعد زمان یؤمر بہا قبل جلوسہ ۔ مراقی الفلاح میں ہے سن تحیۃ المسجد برکعتین قبل الجلوس ۔ نیز تحیت کی شان ہی یہ ہے کہ ابتدا ہو نہ یہ کہ بیٹھنے کے بعد ادا کی جائے ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۹۰) محمد حبیب حسین صاحب محفوظ الکریم بانکی پور دریا پور ۱۳ رجادی الاولیٰ ۱۳۵۶ھ

نوافل کا کھڑے ہو کر پڑھنا تو یقیناً بیٹھکر پڑھنے سے زیادہ ثواب رکھتا ہے ۔ لیکن کسی وقت کے نفل کو بیٹھکر پڑھنے میں کھڑے ہو کر پڑھنے جیسا ثواب ملتا ہے یا نہیں ۔ بینوا توجروا

الجواب ۔ بلا عذر نفل بیٹھکر پڑھنے میں وہ ثواب نہیں جو کھڑے ہو کر پڑھنے کا ہے ۔ اور اس حکم میں تمام نوافل کا اشتراک ہے ۔ بعض لوگوں نے وتر کے بعد کے نفل کا اس حکم سے استثنار کیا ہے ۔ مگر یہ صحیح نہیں ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۹۱) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلے میں کہ زید نے فرض عشار کے بعد دو رکعت سنت پڑھنے کی نیت کی بجائے سلام پھیرنے کے کھڑا ہو گیا یہ خیال کر کے کہ دو رکعت نفل اور پڑھنا ہے وہ بھی اس میں شامل ہو جائیگی ایسی حالت میں نماز سنت و نفل دونوں ہوئیں یا نہیں ۔

الجواب ۔ بہتر یہ ہے کہ دو رکعت پر سلام پھیر دے اگر سلام نہ پھیرا اور دو رکعتیں اور ملالیں جب بھی نماز ہو گئی۔ ہ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۹۲) مرسلہ مولوی سرفراز احمد صاحب از مرزاپور یکم ذی الحجہ ۴۲ھ

ہ یعنی سنت مؤکدہ اور نفل دونوں ادا ہو گئی ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ نماز تراویح دو دو رکعت بیک سلام مسنون ومفتیٰ بہ ہے یا کہ چار چار اور آٹھ آٹھ رکعت بیک سلام باجماعت، احمد نماز تراویح کو دو دو رکعت بیک سلام ادا کرنا مسنون ومفتیٰ بہ قرار دیتا ہے اور اپنے قول کی تائید میں عبارت فتاویٰ عالمگیری ھی خمس ترویحات کل ترویحة اربع رکعات بتسلیمتین اور فتاویٰ قاضیخاں یصلی اھل کل مسجد فی مسجدھم کل لیلة سوی الوتر عشرین رکعة خمس ترویحات بعشر تسلیمات یسلم فی کل رکعتین۔ اور علامہ طحطاوی کی عبارت جو شرح میں ہے ھی عشرون رکعة بعشر تسلیمات وھو المتوارث پیش کرتا ہے مگر اس کے برخلاف زید چار چار اور آٹھ آٹھ رکعت بیک سلام ادا کرنا مسنون بتلاتا ہے اور اسی پر عمل کرانے کی کوشش کرتا ہے اور اپنے فعل کی تائید میں منیۃ المصلی کی یہ عبارت فصل فی النوافل ھی جمع نافلة وھی فی اللغة الزیادة وفی الشرع العبادة التی لیست بفرض ولا واجب فھی العبادة الزائدة علی ماھو لازم فتعم السنن المؤکدة والمستحبة والتطوعات غیر الموقتة اور عبارت والزیادة علی ثمان رکعات لیلا واربع رکعات نهارا مکروھة بالاجماع وساقه ثم الافضل فی صلوة اللیل والنهار اربع رکعات بتحریمة واحدة عنده وقالا فی اللیل رکعتان والزیادة الخ پیش کرتا ہے۔

اب دریافت طلب یہ ہے کہ زید کا استدلال قابل تسلیم ہے یا احمد کا۔ جواب مشرح بحوالہ کتب مرحمت ہو۔ بینوا توجروا

الجواب۔ تراویح میں سنت یہ ہے کہ ہر دو رکعت پر سلام پھیرا جائے، کتب معتبرہ مذہب میں اسی کی تصریح ہے اور اسی پر عمل امت ہے۔ ہدایہ میں ہے یستحب ان یجتمع الناس فی شهر رمضان بعد العشاء فیصلی بهم امامهم خمس ترویحات کل ترویحة بتسلیمتین ذکر لفظ الاستحباب والاصح انها سنة۔ تنویر الابصار میں ہے وھی عشرون رکعة بعشر تسلیمات۔ درر وغرر میں ہے وھی خمس ترویحات لکل تسلیمتان فتکون التسلیمات عشرا۔ حاشیہ شرنبلالی میں ہے کذا فی الهدایة والکافی ان السنة فیها عشر تسلیمات وقال فی البحر انه المتوارث۔ جب کافی امام شہید میں کہ یہ جامع کتب ظاہر الروایہ ہے، اس کی سنیت کی تصریح ہے اور بحر میں اس کو متوارث فرمایا پھر اب زیادہ تصریحات کی کیا حاجت۔

خیر بعض عبارت اور سنئے:۔ بحر الرائق کی عبارت یہ ہے والمراد بالعشرین ان تکون بعشر تسلیمات کما ھو المتوارث یسلم علی راس کل رکعتین۔ امام ملک العلماء ابو بکر بن مسعود کاشانی رحمۃ اللہ تعالیٰ بدائع الصنائع میں سنن تراویح بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں ومنها ان یصلی کل رکعتین بتسلیمة علحدة۔ امام شمس الائمہ سرخسی رحمۃ اللہ تعالیٰ مبسوط میں فرماتے ہیں الفصل الثامن فی الزیادة علی قدر المسنون وھو رکعتان بتسلیمة۔

ان ائمہ مذہب کی تصریحات جلیلہ وجلیہ کے بعد اب مسئلہ بالکل واضح وروشن ہوگیا کہ قول احمد صحیح ودرست ہے، اور زید کی مؤید ایک روایت بھی نہیں، بلکہ چار رکعت پر اگر کسی نے سلام پھیرا تو یہ البتہ مسئلہ مختلف فیہا ہے۔ بعض مشائخ حنفیہ فرماتے ہیں کہ یہ دو ہی رکعتیں ہیں اور بعض نے فرمایا چار ہوئیں، اگرچہ صحیح قول ثانی ہے، مگر زید نے جو صورت سنت قرار دی اس کا سنت ہونا درکنار، بعض فرماتے ہیں کہ دو ہی رکعتیں ہوئیں، اور وجہ یہ بیان فرماتے ہیں کہ اس نے سنت متوارثہ کو خلاف کیا، بدائع میں فرمایا ولوصلی ترویحۃ بتسلیمۃ واحدۃ وقعد فی الثانیۃ قدر التشہد لاشک انہ یجوز علی اصل اصحابنا ان صلوات کثیرۃ تتأدی بتحریمۃ واحدۃ بناء علی ان التحریمۃ شرط ولیست برکن عند نا خلافا للشافعی لکن حتلف المشائخ انہ ھل یجوز عن تسلیمتین او لا یجوز الا عن تسلیمۃ واحدۃ قال بعضھم لا یجوز الا عن تسلیمۃ واحدۃ لانہ خالف السنۃ المتوارثۃ بترک التسلیمۃ والتحریمۃ والثناء والتعوذ والتسمیۃ فلا یجوز الا عن تسلیمۃ واحدۃ وقال عامتھم انہ یجوز عن تسلیمتین وھو الصحیح۔

مبسوط میں ہے لایخلو اما یقعد علی راس الشفع الاول او لا یقعد فان قعد ففیہ خلاف والاصح انہ یجوز عن التسلیمتین اور زید نے تو چار چار پر بھی اقتصار نہ کیا بلکہ آٹھ آٹھ پڑھنا سنت بتاتا ہے، حالانکہ اس میں امام وصاحبین کا خلاف ہے صاحبین کے نزدیک چار ہی ہوں گی۔ مبسوط میں ہے فان صلے ست رکعات او ثمان رکعات وقعد علی راس کل شفع اختلف فیہ المتقدمون والمتأخرون فالمتقدمون اختلفوا فیما بینھم قال بعضھم المسألۃ علی الخلاف عند ابی یوسف ومحمد رحمھما اللہ تعالٰی یقع عن العدد المستحب ھو اربع رکعات لان الزیادۃ علی الاربع غیر مستحب فی التطوع۔

اور لطف یہ ہے کہ جس عبارت سے سند لایا اس میں آٹھ کا افضل ہونا بھی نہیں نہ کہ سنت ہونا اور زید کا عبارت منیہ سے استدلال یہ صحیح نہیں۔ یہ حکم کہ صاحب منیہ نے بیان فرمایا نوافل مطلقہ کا ہے سُنن اس میں داخل نہیں اگرچہ سُنن پر بھی نفل کا اطلاق آتا ہے مگر بعض احکام میں نفل مطلق سے جُدا ہیں سنت فجر وبعد ظہر ومغرب عشاء کیا چار چار اور آٹھ آٹھ رکعت پڑھی جائینگی معلوم ہوا کہ وہ حکم ہر نفل کا نہیں۔

دیکھئے خود صاحب منیہ تراویح کی نیت میں احتیاط یہ بتلاتے ہیں کہ تراویح وصلاۃ اللیل وغیرہما کی نیت کرے مطلق نفل یا نماز کی نیت سے بعض مشائخ کے نزدیک تراویح ادا نہ ہوگی۔ والاحتیاط فی النیۃ فیھا ان ینوی التراویح او قیام اللیل او سنۃ الوقت لان المشائخ قد اختلفوا فی اداء السنۃ بنیۃ مطلق النفل قال بعض المتقدمین لا یجوز ذالک وان نوی التراویح

صلوۃ مطلقۃ قالوا الاصح انہ لایجوز۔ اور اگر کتب کی طرف مراجعت کیجئے تو بہت سے احکام میں سنت و نفل مطلق کے درمیان فرق معلوم ہوگا۔

اب خاص اسی استدلال کی طرف توجہ کیجئے علما کیا فرماتے ہیں، غنیہ شرح منیہ میں اس قول کی شرح یوں فرماتے ہیں الافضل فی صلوۃ اللیل والنہار من التطوع المطلق من حیث الکیفیۃ کصلاۃ الضحیٰ والتہجد ونحوہما اربع رکعات بتحریمۃ واحدۃ وسلام واحد۔ بلکہ خود منیہ ہی کو اگر دیکھا ہوتا تو نفل مطلق کا یہ حکم تراویح میں جاری نہ کرتا۔

اسی میں ہے دان استراح علی خمس تسلیمات قال بعضہم لاباس بہ وقال اکثر المشائخ لا یستحب۔ کہئے یہ اکثر مشائخ غیر مستحب کس کو کہتے ہیں اگر چار چار رکعت پر سلام پھیرا تو بیس ہو گئیں۔ اب استراحت کیوں غیر مستحب ہے، اور آٹھ آٹھ پر سلام پھیرا تو چالیس ہوئیں، یہ کیونکر۔ پھر اسی منیہ میں ہے واذا شکوا انہم صلوا تسع تسلیمات او عشر تسلیمات نفیہ اختلاف والصحیح انہم یصلون بتسلیمۃ اخریٰ فرادیٰ۔ پھر نو اور دس سلام میں کب شک ہوگا جب دو دو پر سلام پھیریں گے یا چار چار اور آٹھ آٹھ پر۔ بات وہی ہے کہ تراویح کے احکام خاصہ تراویح میں دیکھئے نوافل مطلقہ کے تمام احکام اس میں جاری نہ ہوں گے۔ بدائع میں ہے فاما التراویح فانما تؤدیٰ مثنیٰ مثنیٰ لانہا تؤدیٰ بجماعۃ فتؤدیٰ علیٰ وجہ السہولۃ والیسر لما فیہم من المریض وذی الحاجۃ ولاکلام فیہ وانما الکلام فیما اذا کان وحدہ۔ تبیین الحقائق شرح کنز الدقائق تحت قول متن والافضل فیہما رباع مذکور ہے ولا یمکن الاعتبار بالتراویح لانہ یؤدی بجماعۃ فیراعی فیہ جہۃ التخفیف تیسیرا۔ بحر الرائق میں محیط سے ہے وانما اخترنا فی التراویح مثنیٰ مثنیٰ لانہا تؤدی بالجماعۃ واداؤھا علی الناس مثنیٰ مثنیٰ اخف وایسر۔ صاحبین کے نزدیک صلوۃ اللیل دو دو رکعت افضل ہے اور اس کی دلیل میں تراویح کو پیش کرتے ہیں۔ صاحب ہدایہ نے امام اعظم کی طرف سے یہ جواب دیا والتراویح تؤدی بجماعۃ فیراعی فیہا جہۃ التیسیر۔ امام ابن ہمام رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں فان الاجماع علی الفصل فیہا۔ تو ظاہر کہ قول زید اجماع کے خلاف ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۹۳) از ناندیر مرسلہ مولوی عبداللہ صاحب ۲۸ ذی قعدہ ۴۳ھ

تراویح کی نماز میں بعد چار رکعت تسبیح کا پڑھنا جائز ہے یا نہیں یا اس کی ممانعت ہے۔

الجواب تراویح میں ہر چار رکعت کے بعد چار رکعت کی قدر توقف کرے اور اس میں اسے اختیار ہے کہ تلاوت کرے یا تسبیح پڑھے یا تنہا نماز پڑھے یا چپکے رہے اور ظاہر ہے کہ چپکے رہنے سے تسبیح وغیرہ پڑھنا بہتر ہے۔ درمختار میں ہے یجلس ندبا بین کل اربعۃ بقدرھا

ویجزون بین تسبیح وقرأۃ وسکوت وصلاۃ فرادیٰ ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۹۴) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ تراویح میں صرف پہلی مرتبہ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ پڑھے بقیہ انیس [۱۹] رکعتوں میں نہ پڑھے ۔

الجواب ۔ ہر دو رکعت پر سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ بھی پڑھے اور تعوذ و تسمیہ بھی پڑھے البتہ اگر مقتدیوں پر گراں ہو تو قعدۂ اخیرہ میں دعا ترک کر دے اور درود میں اختصار کر کے صرف اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ کہے مگر ثنا و تعوذ و تسمیہ ترک نہ کرے ۔ درمختار میں ہے ویاتی الامام والقوم بالثناء فی کل شفع ویزید الامام علی التشہد الا ان یمل القوم فیاتی بالصلوٰۃ ویکتفی باللّٰھم صل علی محمد لانہ فرض عند الشافعی ویترک الدعوات ویجتنب المنکرات ھذرمۃ القرأۃ وترک تعوذ و تسمیۃ وطمانیۃ وتسبیح واستراحۃ ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۹۵) نماز تراویح میں ہر ترویحہ کے دعا وغیرہ سے فارغ ہو کر کھڑے ہوتے وقت صلوٰۃ بر محمد صلی اللہ علیہ وسلم باواز بلند کہنا کیسا ہے ۔

الجواب ۔ ترویحہ میں ذکر و دعا و درود شریف و قراءت قرآن و سکوت سب جائز ہے ۔ اٹھتے وقت بھی درود شریف کی ممانعت نہیں ، اور غالباً بلند آواز سے کہنا بغرض تذکیر ہوگا کہ دوسرے لوگ اسے سنکر درود شریف پڑھیں اور اگر یہ مقصود نہ بھی ہو تو اگر جہر سے پڑھنا باعث تشویش نمازیاں نہ ہو تو حرج نہیں ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۹۶) [۱] ناچیز اپنے یہاں سہ روزہ شبینہ کرتا ہے یعنی نماز تراویح کے تین یوم میں پورا کلام پاک ختم کیا جاتا ہے قرآن پڑھنے والے تیس حفاظ ہوتے ہیں ، ہر ایک حافظ کو ایک ایک پارہ پڑھنا پڑتا ہے ، جو دو رکعت پر مکمل ہوتا ہے ۔ عرصہ تین سال سے نہایت کامیابی کے ساتھ یہ شبینہ ہوتا چلا آرہا ہے ۔

اس سال یہ معلوم ہوا کہ اکثر حفاظ صاحبان دیگر مساجد کے امام ہیں ، جو تراویح مع وتر ختم کر کے آتے ہیں ، اور یہاں دو رکعت نفل کی نیت کر کے تراویح پڑھاتے ہیں ۔ تو کیا یہ تراویح صحیح ہوگی ، اور علم ہو جانے پر مقتدیوں کو نماز تراویح لوٹانا ہوگی یا انکی نماز صحیح ہوگئی ؟

[۲] جو امام برائے شبینہ دو رکعت ہی تراویح پڑھائے ، تو کیا یہ صورت جائز ہے ، یا ۱۸ رکعت تراویح پڑھا کر وتر پڑھے نہ پڑھائے بلکہ شبینہ میں شریک ہو کر بقیہ نماز مکمل کرے ۔

[۳] جو حافظ یا عالم کسی جامع مسجد کا امام ہو اور لوگوں پر یہ خیالات ظاہر کرے کہ نماز تراویح صحیح معنوں میں نفل ہے ، بلکہ ہر سنت

بھی نفل ہے اس لئے بجائے بیس رکعت تراویح کے بائیس یا چوبیس رکعت بھی پڑھے تو کوئی حرج نہیں۔ تو ایسا شخص کس عقیدہ کا سمجھا جائے گا۔ اور کیا تراویح کو نفل مان کر کمی بیشی کرنے کا کسی حدیث سے ثابت ہے۔

مسئلہ (۳) نماز تراویح میں کس عمر کا لڑکا قرآن سنا سکتا ہے اور امامت کر سکتا ہے۔

مسئلہ (۴) ایک اعتراض ہے کہ شبینہ سہ روزہ دراصل شبینہ نہیں ہے کیونکہ اس کو ایک شب میں ہونا چاہئے یہ بعد کا ایجاد کیا ہوا ہے اس لئے یہ بدعت ہے۔ بینوا توجروا

الجواب (۱) - جب امام نے نماز تراویح پڑھ لی ہے، تو اب اس کو بہ نیت امامت دوسری جگہ تراویح پڑھانا مکروہ ہے مگر مقتدیوں کی نماز بلا کراہت درست ہے، اُن کو اپنی نماز لوٹانے کی کچھ حاجت نہیں۔ محیط پھر تاتارخانیہ پھر ردالمحتار میں ہے ذکر القاضی الامام ابو علی النسفی فیمن صلی العشاء والتراویح والوتر فی منزلہ ثم ام قوما اٰخرین فی التراویح ونوی الامامۃ کرہ لہ ذالک للماموین ولو لم ینو الامامۃ وشرع فی الصلاۃ فاقتدی الناس بہ لم یکرہ لواحد منہا اھ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

ج (۲) تراویح کے متعلق کہ اس کا وقت کب ہے تین قول ہیں، ان میں ایک قول یہ بھی ہے کہ اس کا وقت مابین نماز عشاء و وتر ہے۔ اس قول کی بنا پر وتر کے بعد تراویح نہیں پڑھی جا سکتی ہے۔ ردالمحتار میں ہے الثانی انہ ما بین العشاء والوتر وصححہ فی الخلاصۃ ورجحہ فی غایۃ البیان بانہ الماثور المتوارث مگر قول جمہور یہ ہے کہ اس کا وقت بعد نماز عشاء ہے خواہ وتر کے پہلے پڑھے یا بعد یعنی مثلاً اگر مقتدی کی کچھ رکعتیں باقی ہیں اور امام نے تراویح ختم کرکے وتر شروع کر دیا تو وتر کی جماعت میں شریک ہو جائے اور تراویح کی باقی رکعتیں بعد میں پڑھ لے۔ درمختار میں ہے ووقتہا بعد صلوٰۃ العشاء قبل الوتر وبعدہ فی الاصح فلو فاتہ بعضہا وقام الامام الی الوتر اوتر معہ ثم صلی مافاتہ۔ اس قول کی بنا پر وتر کے بعد تراویح پڑھی جا سکتی ہے مگر یہ حکم کہ وتر کی جماعت میں شریک ہو جانا بہتر ہے مقتدی کے لئے تھا کہ اگر وہ تراویح پڑھتا ہے تو وتر کی جماعت ہو جاتی ہے اور صورت سوال اس سے علیحدہ ہے کہ امام بلاوجہ تراویح کی دو رکعت چھوڑ کر وتر پڑھاتا ہے حالانکہ وتر کا آخر میں ہونا بہتر تھا۔

لہٰذا صورت مستفسرہ میں بنا بر قول جمہور اگرچہ وتر کے بعد تراویح کی نماز ہو سکتی ہے مگر امام کو یہی چاہئے کہ وتر کی افضلیت تاخیر کو ترک نہ کرے اور تراویح پوری کرنے کے بعد وتر پڑھے کہ اس میں خلاف سے بچنا بھی ہے اور بلاوجہ وتر کی تقدیم بھی نہ ہوگی، مگر ایک بات قابل ذکر یہ بھی ہے کہ جو شخص دو جگہ تراویح پڑھائے اس کے لئے یہ چاہئے کہ دوسری جگہ کے لئے پورا ترویحہ یعنی چار رکعت باقی رکھے مثلاً ایک جگہ آٹھ دوسری جگہ بارہ یا ایک جگہ سولہ دوسری جگہ کے لئے پورا ترویحہ یعنی چار اور اگر ایک جگہ اٹھارہ دوسری جگہ دو پڑھیں

تو مستحب کے خلاف ہے۔ عالمگیری میں ہے والافضل ان یصلی التراویح بامام واحد فان صلوھا بامامین فالمستحب ان یکون انصراف کل واحد علی کمال الترویحۃ فان انصرف علی تسلیمۃ لا یستحب ذالک فی الصحیح۔ واللہ تعالیٰ اعلم

ج (۳)۔ نفل کے دو اطلاق ہیں، کبھی فرض و واجب کے مقابل میں یہ لفظ بولا جاتا ہے، اس معنیٰ کے لحاظ سے سنت مؤکدہ وغیر مؤکدہ سب کو نفل کہتے ہیں۔ اور اسی کے لحاظ سے فقہاء اپنی کتابوں میں باب الوتر والنوافل لکھتے ہیں اور اس باب میں سنن مؤکدہ کو بھی ذکر کرتے ہیں۔ اور کبھی فرض و واجب و سنت کے مقابل میں آتا ہے۔

امام کا یہ کہنا کہ نماز تراویح نفل ہے اس پر کوئی اعتراض نہیں، کہ اس کا یہ مقصد نہیں کہ تراویح سنت نہیں کیونکہ خود ہی کہتا ہے کہ ہر سنت نفل ہے تو تراویح کی سنیت کا انکار نہ ہوا مگر اس کا یہ کہنا کہ بیس کی جگہ چوبیس پڑھے یعنی اس میں کمی بیشی کر سکتا ہے کہ بیس کے بعد جو رکعتیں پڑھی جائیں گی وہ بھی سنت ہونگی یہ غلط ہے بلکہ بیس کے بعد جو کچھ پڑھے گا وہ نفل خالص ہوگی تراویح میں داخل نہ ہوگی، اسی وجہ سے بیس کے بعد تداعی کے ساتھ جماعت کرنا مکروہ ہے۔ عالمگیری میں ہے امام یصلی التراویح فی مسجدین فی کل مسجد علی الکمال لا یجوز کذا فی محیط السرخسی۔ نیز اسی میں ہے ولو صلی التراویح ثم ارادوا ان یصلوا ثانیا یصلون فرادی کذا فی التتارخانیہ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

ج (۴)۔ بالغین کے امام کا بالغ ہونا شرط ہے۔ رد المحتار میں ہے وشروط الامامۃ للرجال الاصحاء ستۃ اشیاء الاسلام والبلوغ والعقل والذکورۃ والقراءۃ والسلامۃ من الاعذار۔ لہٰذا نابالغ لڑکا تراویح میں بالغین کا امام نہیں ہو سکتا۔ درمختار میں ہے فلا یصح اقتداء رجل بامرأۃ وصبی مطلقا ولو فی جنازۃ ونفل علی الاصح۔ ہدایہ میں ہے والمختار انہ لا یجوز فی الصلوات کلھا۔ فتاویٰ عالمگیری میں ہے۔ وھو الاصح ھکذا فی المحیط وھو قول العامۃ وھو ظاھر الروایۃ ھکذا فی البحر الرائق۔ واللہ تعالیٰ اعلم

ج (۵)۔ عام طور پر جو اس زمانہ میں شبینہ پڑھا جاتا ہے کہ ایک رات میں پورا قرآن مجید ختم کرتے ہیں، اس پڑھنے کی نوعیت ایسی ہوتی ہے، کہ جلدبازی میں حروف تو حروف الفاظ تک کھا جاتے ہیں۔ قرآن مجید کو صحیح طور پر نہیں پڑھتے اور سامعین میں کوئی لیٹا ہے کوئی چائے نوشی میں ہے کچھ ایسی لغویت ہوتی ہے جس کی وجہ سے علماء نے اس کے عدم جواز کا حکم دیا ہے اور ایک رات میں پورا قرآن پڑھنا خواص کے لئے تھا، عوام کے لئے یہ حکم ہے کہ کم از کم تین رات میں ختم کرنا چاہئے۔

حدیث میں ارشاد ہوا لم یفقہ من قرأ القرآن فی اقل من ثلث جس نے تین رات سے کم میں قرآن پڑھا وہ سمجھا نہیں

رواہ الترمذی وابوداؤد والدارمی عن عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔ لمعات حاشیہ مشکوٰۃ میں ہے ظاہر المنع من ختم القرآن فی اقل من ہذہ المدۃ ولکنھم قالوا قد اختلف عادات السلف فی مدۃ الختم فمنھم من کان یختم فی کل شھر ختمۃ والآخرون فی کل عشرۃ فی اسبوع الی اربع واکثرون فی یوم ولیلۃ وجماعۃ ثلث ختمات فی یوم ولیلۃ وختم بعض ثمانی ختمات فی یوم ولیلۃ والحق ان ذالک تختلف باختلاف الاشخاص۔

اس زمانہ کی حالت کو دیکھتے ہوئے بمقتضائے حدیث کم ازکم تین راتوں میں ختم کرنا مناسب ہے، شبینہ شرعی لفظ نہیں ہے کہ قرآن مجید کا ایک رات میں پڑھنا سنت اور اس سے زیادہ میں پڑھنا سنت سے مزاحم ہوکر بدعت ہوجائے بلکہ یہ طریقہ اس سے بہت زیادہ اچھا ہے جو ایک رات میں قرآن مجید ختم کیا جاسکتا ہے اس کو اس کا مخالف بتاکر بدعت کہنا سخت غلطی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۹۷) از واریدیا ڈاکخانہ کینا ڈضلع بہرائچ مرسلہ جناب سید شہاب الدین وسید ظہیر الدین ۱۵ جمادی الاخریٰ ۱۳۵۱ھ

(۱) کیا فرماتے ہیں علمائے دین ان مسائل میں کہ بہار شریعت حصہ چہارم تراویح کے بیان صفحہ ۳۰ پر لکھا ہے ایک بار بسم اللہ شریف جہر سے پڑھنا سنت ہے، اور ہر سورت کی ابتدا میں آہستہ پڑھنا مستحب ہے۔

(۲) متاخرین نے ختم تراویح میں تین بار قُلْ ھُوَ اللہُ اَحَدٌ پڑھنا مستحب کہا ہے اور بہتر یہ ہے کہ ختم کے دن پچھلی رکعت میں الٓمّٓ سے مُفْلِحُوْنَ تک پڑھے۔

الجواب - تسمیہ قرآن مجید کی ایک آیت ہے جو فصل سور کے لئے نازل کی گئی، یہ نہ فاتحہ کا جزء ہے نہ کسی دوسری سورت کا، البتہ سورہ نمل میں اس کا جزء ہے مگر وہ پوری آیت نہیں بلکہ جزء آیت ہے۔ درمختار میں ہے وھی اٰیۃ واحدۃ من القرآن کلہ نزلت للفصل بین السور فانی النمل بعض اٰیۃ اجماعاً ولیست من الفاتحۃ ولا من کل سورۃ۔

پس جبکہ یہ ایک آیت ہے اور تراویح میں ختم سنت ہے اور جب جماعت سے ہو تو جہر بھی پورے قرآن کا ہوتا کہ مقتدی بھی پورا قرآن نماز میں سن لیں۔ لہٰذا ایک بار اس کا جہر مسنون ہوا، اور چونکہ اوائل سور میں جو تسمیہ ہے اسمیں اختلاف ہے کہ جزء سورت ہے یا نہیں۔ اگرچہ ہمارا مذہب یہی ہے کہ جزء نہیں۔ تاہم خلاف سے بچنے کے لئے پڑھنا بہتر ہے، تاکہ خلاف سے خروج ہو، اور اس میں اپنے مذہب کی مخالفت بھی نہیں کیونکہ ہمارے یہاں کراہت اس میں نہیں ہے، اگرچہ سنت بھی

نہیں ہے۔ درمختار میں ہے لا تسن بین الفاتحة والسورة مطلقاً ولو سرية ولا تكره اتفاقاً اس وجہ سے مستحب کہا اور آہستہ میں وجہ یہ ہے کہ عوام دھوکے میں نہ پڑیں کہ یہ جزء سورت ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

ج (۲)۔ سورۂ اخلاص چونکہ ثلث قرآن کے برابر ثواب رکھتی ہے اس لئے اس کو تین بار پڑھنا مستحب بتایا کہ پورے قرآن کا ثواب حاصل ہوجائے اور ختم کے روز آخر رکعت میں مفلحون تک پڑھے۔ درمختار میں ہے ویكره الفصل بسورة قصيرة وان يقرأ منكوساً الا اذا ختم فيقرأ من البقرة۔

ردالمحتار میں ہے قال فی شرح المنية وفی الولوالجية من يختم القرآن م بالفاتحة وشيء من سورة البقرة لان النبی عليه الصلاة والسلام قال خير الناس الحال المرتحل ای الخاتم المفتتح۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۹۸) از دائرہ شاہ بریر رحمۃ اللہ علیہ ہمت گنج الہ آباد مرسلہ سید محمد صاحب جعفری معروف محی الدین

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ سورہ والضحیٰ سے آخر قرآن تک جو اللہ اکبر یا لا الہ الا اللہ کہتا آیا ہے۔ تراویح میں بھی اس کو کہہ سکتا ہے یا نہیں۔ دوسرے بسم اللہ نہر سورہ کے اول میں تراویح میں بالجہر پڑھنا جائز یا نہیں۔ موافق روایت حفص کے جو روایت ہندوستان میں رائج ہے۔ بسم اللہ پڑھنا ہر سورہ کے اول میں ضروری ہے وہ جزء سمجھتے ہیں تو اسی صورت میں بسم اللہ نہ پڑھا جائے تو ان کی روایت کے مطابق قرآن پورا ہوتا ہے یا نہیں۔ اگر بالسر پڑھا جائے تو سننے والوں کا قرآن کیسے پورا ہوگا۔ دونوں مسئلوں کو بحوالہ کتب تحریر فرمائیں۔ بینوا توجروا

الجواب۔ تراویح اور دوسری نمازوں میں اس کو نہ پڑھا جائے خصوصاً تراویح میں جبکہ ایک رکعت میں متعدد سورتیں پڑھی جائیں گی اگر درمیان میں ان جملوں کو کہا گیا تو سامعین کو اشتباہ ہوگا۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم قرآن پاک کی ایک آیت ہے جو اس لئے نازل کی گئی ہے کہ اوائل سور میں فصل کے لئے لکھی جائے۔

ہمارے امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مذہب میں یہ کسی سورت کا جز نہیں ہے سوائے سورۂ نمل کے کہ اس کا جز اور بعض آیت ہے۔ لہٰذا نماز تراویح میں امام کسی ایک سورت کے اول میں اس کو جہر سے پڑھ دے تا کہ سامعین سن لیں اور ان کا ختم پورا ہوجائے ہر سورت کے اول میں جہر سے نہ پڑھے۔ صحیح مسلم شریف میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم وابابکر وعمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما كانوا يفتتحون الصلوٰة بالحمد لله رب العالمين نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور ابوبکر و عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نماز الحمد للہ رب العالمین سے شروع کرتے تھے یعنی قرأت میں جہر یہاں سے شروع ہوتا ہے۔ پس جبکہ

م فی الصلوٰة اذا ختم من المعوذتين فی الركعة الاولى يركع ثم يقرأ فی الثانية۔

سورۂ فاتحہ میں بسم اللہ جہر سے نہیں پڑھی جائیگی تو دوسری جگہ بھی نہیں مگر تمیم ختم کے لئے کسی ایک سورت کے اول میں بالجہر پڑھنا کافی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۹۹) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ عمرو کہتا ہے کہ نماز تہجد بلا سوئے ہوئے نہیں ہوگی۔ اور زید کہتا ہے کہ جاگنے پر بھی نصف اللیل کے بعد ہو جائیگی۔ اور یہ بھی واضح کرنا ضروری ہے کہ اس کا وقت کب سے شروع ہوتا ہے۔

الجواب - نماز عشاء پڑھکر سونے کے بعد جب اٹھے تہجد کا وقت ہے، اور یہ وقت طلوع فجر تک ہے۔ اور بہتر وقت بعد نصف شب ہے۔ اور اگر سویا نہ ہو تو تہجد نہیں، اگرچہ جو نفل پڑھے جائیں، صلوٰۃ اللیل انھیں شامل کہ صلوٰۃ اللیل تہجد سے عام ہے۔ ردالمحتار میں ہے وقد ذکر القاضی حسین من الشافعیۃ انہ فی الاصطلاح التطوع بعد النوم وایّد بمافی معجم الطبرانی من حدیث الحجاج بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال یحسب احدکم اذا قام من اللیل یصلی حتیٰ یصبح انہ قد تہجد انما التہجد المرء یصلی الصلاۃ بعد رقدۃ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۳۰۰) از قصبہ سورون ضلع ایٹہ محلہ مسلمانان مرسلہ محمد محفوظ اللہ قانون گو ۲۴ شعبان ۳۶ھ

اس قصبہ میں ایسا عمل رہا ہے کہ شب برأت میں نوافل وغیرہ پڑھکر تہجد کی نماز با جماعت ادا کی جاتی رہی ہے، لیکن کتب فقہ میں نوافل کی جماعت کا اہتمام و تین آدمیوں سے زیادہ شریک جماعت ہونا مکروہ لکھا۔ پس یہ جماعت تہجد شرعاً مناسب ہے یا ناجائز۔ امید کہ بحوالہ کتب و احادیث مبارکہ جواب مرتب فرمائیں گے، تاکہ اختلاف دور ہو اور سنت کے موافق عمل رہو۔

الجواب - نماز نفل جماعت کے ساتھ علیٰ سبیل التداعی مکروہ ہے۔ اور تداعی کے یہ معنی ہیں کہ تین سے زیادہ مقتدی ہوں۔ اور تین مقتدی ہوں اس میں اختلاف ہے، بعض کے نزدیک یہ بھی مکروہ ہے۔ درمختار میں ہے ولا یصلی الوتر ولا التطوع بجماعۃ خارج رمضان ای یکرہ ذالک لو علیٰ سبیل التداعی بان یقتدی اربعۃ بواحد کما فی الدرر ولا خلاف فی صحۃ الاقتداء اذ لا مانع نہر و فی الاشباہ عن البزازیۃ یکرہ الاقتداء فی صلاۃ رغائب و براۃ و قدر۔ ردالمحتار میں ہے والنفل بالجماعۃ غیر مستحب لانہ لم تفعلہ الصحابۃ فی غیر رمضان۔ وہو تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۳۰۱) مرسلہ سید ضمیر الدین صاحب از الہ آباد محلہ دارا گنج ۲۰ رجادی الاخریٰ ۳۶ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ اوّابین کی نیت کی اور صرف دو رکعت کی نیت کی، دوسری رکعت میں بجائے سلام پھیرنے کے کھڑے ہو گئے: اور اسی حالت میں پھر دو رکعت کی نیت کر لی اور بجائے دو رکعت کے چار رکعت کر بعد سلام پھیرا۔ کوئی نقص تو نہیں، اور پھر بعد میں دو رکعت اور پڑھ لی۔

الجواب - کچھ حرج نہیں، بلکہ صلوٰۃ الاوابین میں علماء کے دو قول ہیں ایک یہ کہ دو دو رکعت پر سلام پھیرا جائے دوسرا یہ کہ چار ایک تحریمہ کے ساتھ اور دو الگ، مگر یہ ضرور ہے کہ دو رکعت پر قعدہ کیا ہو، اور تشہد بھی پڑھا ہو۔ وہو تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۳۰۲) مسئولہ حبیب اللہ صاحب ساکن بدھولیا ضلع بریلی ۱۹ ذیقعدہ ۱۳۴۱ھ

اس مسئلہ میں علمائے دین کیا فرماتے ہیں کہ یہاں ایک پرانی مسجد ہے جس میں ایک ملا نماز پڑھاتے تھے، ایک مرتبہ ان کی بکری ایک کاشتکار کے کھیت میں پڑی، کاشتکار اور ملا میں لڑائی ہو گئی۔ اس وجہ سے ملا نے عید کے دن نماز عید الفطر اور خطبہ پڑھا کر لوگوں سے کہدیا کہ اب مجھ سے نماز اور میت کا کام نہیں اُٹھے گا، اور اس کی وجہ سے ایک نئی مسجد قرار کر لی ہے، اسمیں وہ لوگ نماز پڑھتے ہیں، اور پرانی مسجد انھیں لوگوں سے زیادہ آباد تھی۔ اب وہ ویران ہو گئی اور ہو جائیگی، اور جس جگہ نئی مسجد قرار دی ہے، وہ ایک کاشتکار کی زمین ہے، اور اس نے اجازت نہیں دی ہے۔ اگر درمیان نزاع اس کاشتکار سے کوئی قصور ہوا ہو تو ہم لوگ معافی مانگنے کے لئے تیار ہیں، حالانکہ یہ ایک چھوٹی سی بستی ہے۔ ایسی صورت میں پرانی مسجد چھوڑ کر دوسری جگہ نماز پڑھنا کیسا ہے۔

الجواب - امام کی بکری کاشتکار کے کھیت میں پڑی، اور باہم نزاع ہوئی تو اس کی وجہ سے امامت و نماز میت سے دست برداری کی کوئی وجہ نہیں، اگر کاشتکار نے امام پر زیادتی کی ہے، تو معافی مانگے۔ اور اگر امام کا مقصد یہ ہو کہ میرے جانور لوگوں کے کھیت کھاتے رہیں، کوئی کچھ نہ کہے ورنہ میں نماز جنازہ نہیں پڑھاؤں گا اور نہ امامت کروں گا۔ تو یہ سخت ظلم ہے، اور عجب یہ کہ یہاں نماز پڑھانی چھوڑی تو دوسری جگہ نماز پڑھانی شروع کر دی، اور جماعت میں تفریق اور مسجد کو ویران کرنا چاہا اور مسجد چھوڑ کر کھیت میں پڑھی۔

قرآن مجید میں ہے اِنَّمَا یَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰہِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ مسجدیں وہی آباد کرتے ہیں جو اللہ اور پچھلے دن پر ایمان لائے۔ بیان سائل سے معلوم ہوا کہ نئی مسجد سے مراد وہ کھیت ہے ابھی تک کوئی مسجد نہیں بنی ہے، لہٰذا امام کو چاہئے کہ بلا وجہ شرعی نہ مسجد ترک کرے نہ جماعت میں تفریق کرے اور اسی پرانی مسجد میں نماز پڑھے کہ ایک تو آجکل یونہی نماز میں لوگ سستی کرتے ہیں

پھر اس تفریق سے اور کمی کا امکان ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۳۰۳) مسئولہ محمد حسین صاحب مراد آبادی از اجمیر شریف ۵ر شعبان المعظم ۴۲ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ انگریزی حکومت میں ہر مذہب کے لوگوں کو مذہبی آزادی حاصل ہے، ہندو اپنے مذہبی وغیر مذہبی تقریبات میں عام راستہ پر باجا بجاتے ہوئے نکلتے ہیں، جس کے شور سے مسلمانوں کی نماز کو سخت نقصان ہوتا ہے، ایسی صورت میں شریعت مطہرہ کا کیا حکم، کیا مسلمانوں کو خود اپنے طور پر اس باجہ کے روکنے کا حق ہے، یا کیا طریقہ ہونا چاہیے، جس سے نمازی اس نقصان سے محفوظ رہ سکیں۔ بینوا توجروا

الجواب ۔ مسجد کے قریب خصوصاً وقت نماز جبکہ مسلمان نماز میں مشغول ہوں باجا بجانا ضرور مسلمانوں کی دل آزاری وتشویش نمازیاں ہے، مسلمانوں کو چاہیے کہ منع کریں اور روکدیں، اگر کفار نہ مانیں اور فتنہ وفساد پر آمادہ ہوں تو حکومت سے چارہ جوئی کریں۔ باجا تو باجا نمازی کے پاس باتیں کرنی کہ اس کا دل پریشان ہو اور خیال بٹے منع ہے۔

حدیث میں ہے نہیت ان اصلی الی النیام والمتحدثین رد المحتار میں ہے هو محمول علی ما اذا كانت لهم اصوات يخاف منها التغليط او الشغل وفی النائمين اذا خاف ظهور شيئ يضحكه ۔ بلکہ ذکر جہر سے اگر نمازیوں کے خیال پریشان ہوں تو منع کیا جائیگا

مسئلہ (۳۰۴) مرسلہ محمد حسین صاحب امام مسجد لوہاراں جودھپور مارواڑ ۱۴ر شعبان المعظم ۴۲ھ

ایک شخص مسجد میں اور مسجد کے اعلیٰ درجہ کے اندر سوتا ہے، اور کھانا پینا اٹھنا بیٹھنا سب مسجد کے اندر ہے، اور پھر برسوں سے تو کیا ایسا رہنا مسجد میں جائز ہو سکتا ہے یا نہیں۔

الجواب ۔ مسجد میں کھانا پینا سونا غیر معتکف[عہ] کو جائز نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۳۰۵) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ زید بابت نماز جمعہ کے محلہ کی مسجد کو افضل بتاتا ہے اور کہتا ہے کہ محلہ کی مسجد کا حق بھی زیادہ ہے اور عمرو بہ نسبت محلہ کی مسجد کے جامع مسجد وعیدگاہ کو ترجیح دیتا ہے اور کہتا ہے کہ جامع مسجد وعیدگاہ میں پڑھنا افضل ہے۔

الجواب ۔ نماز جمعہ کے لئے مسجد جامع، مسجد محلہ سے افضل ہے، اور نماز عید کے لئے عیدگاہ سب سے بہتر، کہ نماز جمعہ وعید شعائر اسلام سے ہے، اور جتنا اجتماع زیادہ ہوگا اسی قدر اس کا شعار ہونا زیادہ ظاہر ہوگا، اور نظر کفار میں

عہ معتکف کو جائز ہے، اگرچہ یہ اعتکاف نفل ہو اگرچہ تھوڑی دیر کے لئے ہو۔ رد المحتار میں ہے واذا اراد ذالك ينبغي ان ينوي الاعتكاف فيدخل ويذكر الله تعالى بقدر ما نوى او يصلي ثم يفعل ماشاء ۔ واللہ تعالیٰ اعلم امجدی

اسلام و مسلمین کی ہیبت دکھائی دیگی ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۳۰۶) مرسلہ مولوی محمد بہار الدین صاحب سکندر پور ڈاکخانہ کرنڈا ضلع غازیپور ۲ ر ذیقعدہ ۴۲ھ

یہ دو جملے خطبہ علمی میں ہیں " پاس کی مسجد میں ستائیس کا پاوے ثواب : پانسو کا مسجد جامع میں گر پڑھے نماز " اخیر کے جملہ میں دو شخصوں کے درمیان سخت نزاع ہے، ایک شخص کہتا ہے پانسو سے مراد پانسو مسجد کا ہے، دوسرا شخص کہتا ہے کہ نہیں بلکہ پانسو رکعت مراد ہیں ۔ ان دونوں اقوال میں کس کا قول درست و صحیح ہے، آپ مختصر بھی تحریر فرمائینگے تو فیصلہ ہو جائے گا۔

الجواب ۔ شعر کا مطلب صاف ہے کہ مسجد جامع میں ایک نماز پڑھے تو پانسو کا ثواب پائے، اور مسجد محلہ میں ایک نماز مثل ستائیس کے ہے، مگر حدیث میں پچیس نماز کے مثل ثواب ہے، البتہ نماز جماعت کے بارے میں ایک روایت[عہ] ہے کہ وہ تنہا پڑھنے سے ستائیس درجہ افضل ہے ۔ ممکن ہے مسجد محلہ کے بارے میں بھی کوئی روایت ستائیس کی ہو جو اس وقت نظر فقیر میں نہیں، مسجد کے بارے میں ابن ماجہ کی یہ حدیث ہے[عہ] صلوٰۃ الرجل فی بیتہ بصلاۃ و صلاتہ فی مسجد القبائل بخمس و عشرین صلاۃ و صلاتہ فی المسجد الذی یجمع فیہ بخمسمأۃ صلاۃ و صلاتہ فی المسجد الاقصی بخمسین الف صلاۃ و صلاتہ فی مسجدی بخمسین الف صلاۃ و صلاتہ فی المسجد الحرام بمائۃ الف صلاۃ ۔ وھو تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۳۰۷) مسئولہ حافظ علی احمد خانصاحب از محلہ جسولی بریلی، ر ربیع الآخر ۴۳ھ

مسجد کے اندر مقتدیوں کو آپسیں روزانہ دل لگی مذاق کرنا جائز ہے یا نہیں ۔

الجواب ۔ مسجد میں مباح و جائز باتیں بھی منع ہیں اور نیکیوں کو کھا جاتی ہیں، جبکہ کسی مصلحت شرعیہ کے لئے نہ ہوں ۔ فتح القدیر میں ہے الکلام المباح فیہ مکروہ یاکل الحسنات ۔ رد المحتار میں مدارک سے ہے الحدیث فی المسجد یاکل الحسنات کما تاکل البھیمۃ الحشیش ۔ مسجد میں بات نیکیوں کو ایسے کھاتی ہے، جیسے چوپایہ گھاس کو کھا جاتا ہے، یہانتک کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اگر اپنی گمی ہوئی چیز کو مسجد میں لوگوں سے دریافت کرے، تو اس سے یہ کہو کہ خدا تیری چیز واپس نہ کرے، کہ مسجدیں اس لئے نہیں بنیں ۔ رواہ مسلم عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من سمع رجلاً ینشد ضالتہ فی المسجد فلیقل لا ردھا اللہ علیک فان المساجد لم تبن لھذا جب اتنی بات کے لئے شارع علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہ حکم ہے، تو دل لگی مذاق کہ اکثر بیہودہ و فحش پر مشتمل ہوتا ہے، کیونکر ممنوع

عہ گھر میں نماز پڑھنا ایک نماز ہے اور محلے کی مسجد میں پچیس ۔ اور جامع مسجد میں پانسو ۔ اور مسجد اقصیٰ میں پچاس ہزار ۔ اور میری مسجد میں پچاس ہزار ۔ اور مسجد حرام میں ایک لاکھ ۔

پڑھنا گھر میں اور بازار میں پڑھنے کی بہ نسبت پچیس حصہ زیادہ ہے اور نسائی میں انہیں سے مروی ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا صلوٰۃ الجماعۃ تعدل خمسا و عشرین جزءا اسی میں اسی کے قبل ام المومنین حضرت صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ پچیس درجہ اور خود نسائی و ترمذی میں ایک روایت سیدنا و ابن سیدنا ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے یہ ہے صلوٰۃ الجماعۃ تفضل علی صلوٰۃ الفذ بسبع و عشرین درجۃ ۔ امجدی ۔

دنا جائز نہ ہوگا۔ ان لوگوں کو حدیث کا وہی ارشاد سنانا چاہئے، فان المساجد لم تبن لھذا، یعنی مسجدیں اس لئے نہیں بنائی گئیں واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۳۰۸) جس جگہ آدمی نماز پڑھتے ہوں وہاں قرآن شریف باآواز بلند پڑھنا کیسا ہے۔

الجواب ۔ جب لوگ نماز پڑھ رہے ہیں تو وہاں بلند آواز سے تلاوت کرنے میں اُن کے خیالات منتشر ہوں گے بلکہ بعض مرتبہ ایسی صورت میں سہو ہو جاتا ہے، قرأت میں غلطی ہو جاتی ہے اُسے چاہئےعہ کہ آہستہ پڑھے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۳۰۹) مسجد کے اندر جماعت تراویح ہو رہی ہے، اور اس میں اتنی جگہ ہے کہ تین چار جماعتیں ہو سکتی ہیں، لیکن کچھ لوگ گرمی کی وجہ سے مسجد کی چھت پر پڑھیں تو جائز ہے یا مکروہ، اگر مکروہ ہے تو تنزیہی ہے یا تحریمی۔

الجواب ۔ مسجد کی چھت پر بلاضرورت چڑھنا مکروہ ہے۔ اور جب جگہ نیچے موجود ہے، تو نیچے ہی نماز پڑھی جائے۔ ردالمحتار میں ہے ثم رأیت القھستانی نقل عن مفید کراھۃ الصعود علی سطح المسجد اھ ویلزم کراھۃ الصلوٰۃ ایضًا فوقہ فلیتأمل۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۳۱۰) مرسلہ مولوی آفتاب الدین صاحب بنگالی امجدی متعلم دارالعلوم معینیہ عثمانیہ اجمیر شریف

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ہذا میں کہ بعد نماز جمعہ مسجد میں بیٹھکر پندرہ بیس آدمی کا درمیانی آواز سے درود شریف پڑھنا جائز ہے یا نہیں، قائل کہتا ہے کہ یہ بدعت سیئہ ہے، قائل کا یہ بھی دعویٰ ہے کہ قرآن و درود شریف مسجد میں مطلقاً پڑھنا ناجائز ہے چونکہ مسجد برائے ادائے صلوٰۃ موضوع ہے اور درود شریف اور تلاوت نماز میں نہیں ہے۔ لہٰذا مسجد میں تلاوت قرآن شریف و درود شریف پڑھنا جائز نہیں، بدعت سیئہ ہے اگر باوجود جواز کے کوئی شخص بدعت سیئہ کہے تو ایسے قائل قول ہذا کے شریعت مطہرہ کیا حکم رکھتی ہے اور قائل ہذا کے پیچھے نماز جائز ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا

الجواب ۔ بلاشبہہ مسجد میں تلاوت قرآن مجید اور درود شریف پڑھنا جائز و مستحسن احادیث سے اس کا جواز ثابت اور جوا سے بدعت کہے خود بدعتی ہے ہاں اگر لوگ نماز میں مشغول ہوں تو اتنی بلند آواز سے نہ پڑھے کہ نمازیوں کو انتشار خاطر ہو حدیثیں اس بابت میں بکثرت ہیں بعض ذکر کی جاتی ہیں، صحیح مسلم شریف میں عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی:۔ کہتے ہیں کہ ہم صفہ میں تھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے اور فرمایا ایکم یحب ان یغدو کل یوم الی بطحان

عہ جس جگہ اگرچہ مسجد ہی کیوں نہ ہو لوگ نماز پڑھ رہے ہوں یا ذکر میں مشغول ہوں۔ یا کسی کام میں معروف ہوں وہاں بلند آواز سے قرآن مجید پڑھنا جائز نہیں حتی کہ جہاں کوئی سوتا ہو وہاں بھی بلند آواز سے تلاوت منع ہے۔ ردالمحتار میں ہے فی الفتح عن الخلاصۃ رجل یکتب الفقہ وبجنبہ رجل یقرء القرآن فلا یمکن استماع القرآن فالاثم علی القاری وعلی ھذا لو قرأ علی السطح والناس نیام یأثم اھ ای لانہ یکون سببًا لاعراضھم عن استماعھم ولانہ یوذیھم بایقاظھم ۔ غنیہ میں ہے یجب علی القاری احترامہ بان لا یقرأ فی الاسواق ومواضع الاشتغال فاذا قرءہ فیھا یکون الاثم علیہ دون اھل الاشتغال دفعا للحرج

واللہ تعالیٰ اعلم

او العقیق فیاتی بناقتین کوماوین فی غیر اثم ولا قطع رحم فقلنا یارسول اللہ کلنا نحب ذالک قال افلا یغدو احدکم الی المسجد فیعلم او یقرأ اٰیتین من کتاب اللہ خیر لہ من ناقتین وثلث خیر لہ من ثلث واربع خیر لہ من اربع ومن اعدادھن من الابل) تم میں کون پسند کرتا ہے کہ صبح کو بطحان یا عقیق کو جائے اور دو بڑے کوہان والی اونٹنیاں لائے اس طرح کہ گناہ ہو نہ قطع رحم ہم نے عرض کی اسے تو ہم سب پسند کرتے ہیں فرمایا تو صبح کو مسجد میں کیوں نہیں جاتا کہ کتاب اللہ کی دو آیتیں سیکھے یا پڑھے یہ دو اونٹنیوں سے بہتر ہے و تین تین سے بہتر چار چار سے بہتر و علیٰ ہذا القیاس قرآن مجید اور درود شریف بھی اذکار الٰہی سے ہیں آیات و احادیث سے ان کا ذکر ہونا ثابت اور مسجد میں ذکر کرنا حدیث سے ثابت بلکہ اگر مجمع کے ساتھ ذکر ہو تو اللہ عزوجل ان ذاکرین کے ساتھ ملائکہ پر مباہاۃ فرماتا ہے، صحیح مسلم شریف میں ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی (قال خرج معاویۃ علی حلقۃ فی المسجد فقال ما اجلسکم قالوا اجلسنا نذکر اللہ قال اللہ ما اجلسکم الا ذالک قالوا اللہ ما اجلسنا غیرہ قال اما انی لم استحلفکم تہمۃ لکم وما کان احد بمنزلتی من رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اقل عنہ حدیثا منی وان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خرج علی حلقۃ من اصحابہ فقال ما اجلسکم ھٰھنا قالوا اجلسنا نذکر اللہ ونحمدہ علی ما ھدانا للاسلام ومن بہ علینا قال آللہ ما اجلسکم الا ذالک قالوا اللہ ما اجلسنا الا ذالک قال اما انی لم استحلفکم تہمۃ لکم ولکنہ اتانی جبریل فاخبرنی ان اللہ عزوجل یباھی بکم الملائکۃ)

ایک روایت میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں (من جاء مسجدی ھٰذا لم یأتہ الا لخیر یتعلمہ او یعلمہ فھو بمنزلۃ المجاھد فی سبیل اللہ ومن جاء لغیر ذالک فھو بمنزلۃ الرجل ینظر الی متاع غیرہ) جو میری مسجد میں صرف اسی لئے آئے کہ خیر سیکھے یا سکھائے وہ بمنزلہ اس کے ہے جو اللہ کی راہ میں جہاد کرتا ہے اور جو اس کے غیر کے لئے آیا وہ بمنزلہ اس کے ہے جو دوسرے کے متاع کی طرف دیکھتا ہے رواہ ابن ماجہ والبیہقی عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

مسجد میں مطلقاً تلاوت قرآن شریف و درود شریف سے منع کرنا حرام ہے اللہ عزوجل فرماتا ہے (وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰهِ اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ) اس سے بڑھکر ظالم کون جو اللہ کی مسجدوں کو اس کا نام ذکر کئے جانے سے روکے، خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب مسجد میں جاتے درود شریف پڑھتے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے مروی کان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا دخل المسجد صلی علی محمد وسلم۔ [عہ]

عہ رواہ الترمذی واحمد وابن ماجۃ عن فاطمۃ بنت الحسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ واللہ تعالیٰ اعلم امجدی

ملا علی قاری رحمۃ اللہ الباری اس حدیث شریف کی شرح میں کہ اگر کوئی گم شدہ چیز مسجد میں ڈھونڈتا ہو تو یہ کہا جائے کہ اللہ تعالیٰ تیری چیز واپس نہ کرے مسجدیں اس لئے نہیں بنائی گئیں، فرماتے ہیں: بل لذکر اللہ تعالیٰ وتلاوۃ القرآن والوعظ غنیہ شرح منیہ میں ہے فالحاصل ان المساجد بنیت باعمال الاٰخرۃ ما لیس فیہ توھم اھانتھا وتلویثھا مما ینبغی التنظیف منہ ولم تبن لاعمال الدنیا ولو لم یکن فیہ لوث واھانۃ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۳۱۱) از قصبہ سانگود راجکوٹہ راجپوتانہ مرسلہ الف خاں صاحب دوکاندار ۸ ربیع الآخر ۱۳۴۶ھ

مسجد کی چھت پر نماز پڑھنا ناجائز ہے یہ حکم عام مسجدوں کے لئے ہے یا خاص مکہ معظمہ کے لئے۔

الجواب - مسجد کی چھت پر چڑھنا فقہا نے مکروہ بتایا، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر ضرورت نہ ہو تو نماز بھی مکروہ ہے مگر جو مسجدیں دو منزلہ بنائی جاتی ہیں اس حکم سے مستثنیٰ رہیں گی کہ اس کی بنا ہی اس غرض سے ہوئی۔ رد المحتار میں ہے رأیت القھستانی نقل عن المفید کراھۃ الصعود علی سطح المسجد اھ ویلزمہ کراھۃ الصلوٰۃ ایضا فوقہ فلیتامل۔ وہو تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۳۱۲) از کھنڈوہ ضلع نمار مرسلہ جناب حاجی عبد اللطیف صاحب ۱۹ شعبان المعظم ۱۳۴۷ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ یہاں ایک مسجد ہے اسکی جنوب کی سمت دوسری جگہ مسجد کے واسطے لی گئی ہے تو وہ جگہ ابھی مسجد میں ملائی نہیں گئی کہ اس جگہ میں صحن وغیرہ یا حوض جیسے محلہ والوں کی رائے ہوگی کیا جائیگا ابھی مسجد تنگ پڑتی ہے تو مسجد کی جنوبی دیوار میں دروازہ کر کے خریدی ہوئی جگہ صف سے ملا دی جائے تو اس نئی جگہ میں کھڑے ہونے والے کو یا نئی جگہ میں اکیلا نماز پڑھنے والے کو مسجد میں نماز پڑھنے کا ثواب ملیگا یا خارج مسجد کا کہ گھر میں پڑھنے والے کے مثل ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ نئی جگہ کشادگی کے واسطے فی الحال نماز پڑھنے کے لئے ملانے سے کیا وسط مسجد محراب امام کے لئے دوسری مقرر کی جائے یا پہلے والی وسط کافی ہے۔ بینوا توجروا

الجواب - وہ جگہ جو مسجد میں اضافہ کرنے کے لئے خریدی گئی ہے جبتک اُسے مسجد نہ کردیں مسجد نہیں ہے اسمیں نماز پڑھنے سے اگرچہ مسجد کا ثواب نہ ملے گا مگر اتنی بڑی جماعت سے نماز پڑھنے کا ثواب ہے اور گھر میں پڑھنے سے یہ بات کہاں حاصل ہوگی، مسجد کرنے کے لئے وہاں عمارت بنانا ضروری نہیں بلکہ اتنا کہدینا کہ ہم نے اسے مسجد کردیا کافی ہے یا اُسمیں ایک بار جماعت کیساتھ یا ایک شخص کا نماز پڑھ لینا بھی ضرور ہے علی اختلاف الاقوال مگر جب مسجد کردیجائیگی تو اس کے بعد اسمیں حوض وغیرہ نہیں بنایا جاسکتا۔ لہٰذا لوگوں کو چاہئے کہ مشورہ کر کے حوض وغیرہ و دیگر ضروریات کے لئے جگہ متعین کر کے باقی کو مسجد کردیں تاکہ اسمیں نماز پڑھنے

والے مسجد کا ثواب پائیں بعد مسجد کر دینے کے امام ایسی جگہ کھڑا ہو کہ دونوں جانب سے فاصلہ برابر ہو یعنی جنوب کی طرف ہٹ کر
ردالمحتار میں ہے لوکان المسجد الصیفی بجنب الشتوی وامتلأ المسجد یقوم الامام فی جانب الحائط لیستوی القوم من جانبیہ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۳۱۳) از مرادآباد محلہ اصالتپورہ سوداگر ظروف مرسلہ جناب سید کار وعلی صاحب ۲۱ ذیقعدہ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس صورت میں کہ ہمارے گاؤں میں تین قومیں ہیں سید پٹھان ترک سب ڈھائی تین سو مسلمان ہوں گے جن میں کل چالیس پچاس آدمی روزہ نماز کے پابند ہوں گے۔

یہاں ایک مسجد پوری مدت سے بنی ہوئی ہے اور اس مسجد کے نام کچھ اراضی ریاست کی طرف سے وقف ہے جو شخص اس مسجد میں امامت کرتا ہے وہ اس اراضی کی آمدنی کچھ تو مسجد میں صرف کرتا ہے کچھ خود اپنے صرف میں کرتا ہے، یہاں کے کل مسلمان نمازیں اور جمعہ اس ہی مسجد میں پڑھتے تھے، ترک مسلمانوں نے بوجہ ضد اور سید پٹھانوں سے جھگڑا کر کے اپنی ایک مسجد جدا بنالی ہے اور سب ترک مسلمان جدید مسجد میں نمازیں اور جمعہ پڑھنے لگے۔ ایک سید صاحب مسجد قدیمی میں امامت کرتے ہیں اردو اور قرآن پاک ناظرہ پڑھے ہوئے چند مسائل ضروریہ سے واقف ان کی بیوی پردہ میں رہتی ہیں اور جدید مسجد میں ایک ترک صاحب امامت کرتے ہیں، معمولی اردو اور قرآن شریف ناظرہ پڑھے ہوئے کچھ مسائل سے واقف مگر ان کی بیوی اور عورتیں بے پردہ پھرتی ہیں ہر نامحرم کے سامنے آتی جاتی ہیں کوئی پردہ کی قید نہیں ہے اور خود بھی نماز کے پابند نہیں ہیں۔ پس ایسی صورت میں چند باتیں ذیل کی دریافت طلب ہیں:۔

ع۱ جو مسجد مسلمانوں نے مسلمانوں کی ضد سے بنائی ہو اس میں نماز جائز ہے یا نہیں۔

ع۲ جس شخص کی بیوی بے پردہ پھرے اور نماز کا پابند بھی نہ ہو وہ لائق امامت ہے یا نہیں، اگر نہیں ہے تو ایسے شخص کے پیچھے جو نمازیں پڑھی ہیں وہ نمازیں ہوئیں۔ یا نہیں۔

ع۳ صورت مذکورہ بالا میں سید صاحب لائق امامت ہیں یا ترک صاحب جو جدید مسجد میں امامت کرتے ہیں اور ہم لوگ کس کے پیچھے نماز پڑھیں۔

ع۴ نمازیں اور جمعہ ایک قدیمی مسجد میں پڑھیں یا دونوں مسجدوں میں اس گاؤں میں مردہ کے لئے کفن نہیں ملتا ہے۔

الجواب (۱)۔ اگر واقعی اس مسجد کے بنانے سے محض یہی مقصود ہے کہ پہلی مسجد ویران ہو جائے اور اس کو ضرر پہنچ جائے تو یہ مسجد ضرار ہے اور مسجد ضرار مسجد نہیں مگر مسلمان کی طرف ایسا خیال بہت مستبعد ہے مسلمان کی نسبت یہی خیال کیا جائے گا کہ اس نے

اللہ تعالیٰ کے لئے مسجد بنائی تا وقتیکہ اس کی نیت کا حال معلوم نہ ہو مسجد ضرار کا حکم نہ دیں گے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

ج (۲) بی بی اگر بے پردہ پھرتی ہو اور شوہر باوجود قدرت اُسے منع نہ کرتا ہو تو یہ بھی فاسق ہے اور اس کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی اور اگر شوہر تا حد قدرت اُسے روکتا ہو مگر وہ نہیں مانتی تو شوہر گنہ گار نہیں، اور اگر وہ شخص پابند نماز نہ ہو تو بلا شبہہ فاسق ہے اور اُسے امام بنانا ناجائز اور اس کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی واجب الاعادہ۔ ردالمحتار میں ہے فی تقدیمہ تعظیمہ وقد وجب علیھم اھانتہ شرعًا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

ج (۳) امام مسجد دوم کی نسبت جواب نمبر ۲ میں گذرا اور امام مسجد اول میں اگر شرائط امامت پائے جاتے ہوں مسائل طہارت و نماز سے واقف ہوں اور فسق و فجور سے بچتے ہوں تو اُن کی امامت میں کیا کلام ہو سکتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

ج (۴) گاؤں میں جمعہ فرض نہیں اور نمازیں مسجد اول میں پڑھیں کیونکہ سوال سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ مسجد جدید کا امام لائق امامت نہیں[عہ]۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۱۳۱۴) از کچی باغ بنارس مرسلہ جناب بشیر اللہ و سمیع اللہ صاحبان ۳ رجادی الاخری ۱۳۴۶ھ

عرض یہ ہے کہ جناب نے بہار شریعت ۱۳۴۳ھ میں فرمایا ہے کہ مسجد میں سوال کرنا حرام ہے اور سائل کو دینا بھی منع۔ نیز بہار شریعت صفحہ، جلدہ میں ہے کہ بعض علماء فرماتے ہیں کہ مسجد کے سائل کو اگر ایک پیسہ دیا تو ستر پیسے اور خیرات کرے کہ اس ایک پیسے کا کفارہ ہو۔ لیکن صاحب موضح القرآن اس آیت کریمہ اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوا الَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ وَیُؤْتُوْنَ الزَّکٰوۃَ وَھُمْ رٰکِعُوْنَ۔ پارہ لَا یُحِبُّ اللّٰہُ ع ۱۱ کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ یہ آیت حضرت علی مرتضیٰ کے شان میں ہے۔ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن حجرہ مبارک سے مسجد میں آئے تو بعضوں کو دیکھا رکوع میں ہیں اور بعضوں کو دیکھا کہ وہ کھڑے ہیں۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک سائل کو دیکھا اور فرمایا کسی نے تجھکو کچھ دیا۔ سائل نے سونے یا روپے کی انگوٹھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دکھلائی۔ اور حضرت علی مرتضیٰ کی طرف اشارہ کیا کہ اس رکوع کرنے والے نے رکوع میں دی ہے۔

عہ سوال اول کے جواب سے ظاہر ہے کہ اگر ان لوگوں کی نیت دوسری مسجد بنانے سے پہلی مسجد کو ویران کرنا نہیں تو یہ مسجد، مسجد ضرار نہیں ــ اور اگر ان لوگوں نے یہ مسجد نماز پڑھنے کے لئے خاص اللہ عز و جل ہی کے لئے بنائی اگرچہ اس کا باعث باہمی رنجش ہوئی کہ آپسی رنجش کی وجہ سے اکٹھا ہونا مناسب نہیں جانا ــ اور نماز بے سجدہ ادا کرنی نہ چاہی۔ تو یہ دوسری مسجد نماز ادا کرنے ہی کے لئے بنی اس کے مسجد ہونے اور اس میں نماز کا باعث ثواب ہونے میں کوئی شبہہ نہیں لانہ وقعہ صدر عن اھلہ فی محلہ علی وجھہ۔ اشباہ میں ہے لاھل المحلۃ جعل المسجد الواحد مسجدین والاولی ان یکون لکل طائفۃ مؤذن۔ اس صورت میں کہ اس کا امام امامت کے لائق نہیں تو بھی اس مسجد کو آباد رکھنا فرض۔ لہٰذا ان پر فرض ہے کہ کسی صالح متدین لائق امامت شخص کو امام بنائیں اور اس میں با جماعت نماز پڑھیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

۱۲ مجدی

اب عرض یہ ہے کہ تفسیر سے صاف واضح ہوتا ہے کہ حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کا مسجد میں انگوٹھی دینا (اور وہ بھی رکوع میں) باعثِ مدح خالق ہے اگر سائل کو مسجد میں دینا منع ہے تو آیتِ قرآن اس فعل کو موقع مدح میں کیوں ذکر کر رہی ہے۔ اور جب مسجد میں سائل کو دینا بحکم آیتِ مذکورہ باعثِ مدح خالق ہے تو علماء اس فعل کو ممنوع کیوں فرماتے ہیں۔ بینوا توجروا۔

الجواب ۔ مسجد میں سوال کرنے کے متعلق علمائے حنفیہ کے دو قول ہیں۔ ایک یہ کہ مطلقاً ناجائز۔ دوسرا یہ کہ چار شرطوں کے ساتھ جائز ہے اور یہ شرطیں نہ ہوں تو ناجائز۔ شرطِ اول یہ کہ مصلّی کے آگے سے نہ گذرے۔ دوم یہ کہ لوگوں کی گردنیں نہ پھلانگے۔ سوم یہ کہ الحاف کے ساتھ سوال نہ ہو۔ چہارم یہ کہ ضرورت کے لئے سوال کرتا ہو۔ قول دوم کو بزازیہ ونہر وغیرہما میں اختیار فرمایا۔ اور صاحب درمختار نے بھی کتاب الحظر میں اسی قول کو ذکر کیا۔

ردالمحتار میں ہے قال فی النہر والمختار ان السائل ان کان لا یمر بین یدی المصلی ولا یتخطی الرقاب ولا یسأل الناس الحافاً بل لامر لا بد منہ فلا باس بالسوال والاعطاء اھ ومثلہ فی البزازیۃ وفیہا ولا یجوز الاعطاء اذا لم یکونوا علی تلک الصفۃ المذکورۃ قال الامام ابونصر العیاضی ارجوان یغفر اللہ تعالیٰ لمن یخرجہم من المسجد وعن الامام خلف ابن ایوب لو کنت قاضیاً لم اقبل شہادۃ من یتصدق علیہم اھ وسیأتی فی باب المصرف انہ لا یحل ان یسئل شیئاً من لہ قوت یومہ بالفعل او بالقوۃ کالصحیح المکتسب ویأثم معطیہ ان علم بحالہ لاعانتہ علی الحرام۔

خلاصہ یہ ہے کہ سائل میں اگر وہ شرائط نہ پائے جائیں تو سوال بھی جائز نہیں اور دینا بھی ناجائز۔ امام ابونصر عیاضی فرماتے ہیں کہ جو ان کو مسجد سے نکال دے میں امید کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت فرمائے گا اور امام خلف ابن ایوب فرماتے ہیں کہ اگر میں قاضی ہوتا تو ان لوگوں کی شہادت قبول نہیں کرتا جو ایسے سائل کو دیتے ہیں اور باب المصرف میں ذکر کیا جائے گا کہ جس کے پاس اس دن کے کھانے کے لائق ہو یا وہ اس کے کمانے پر قادر ہو مثلاً تندرست جو کما سکتا ہو اسے سوال حلال نہیں اور دینے والا اگر اس کے حال پر مطلع ہو کر دیگا تو وہ بھی گنہ گار ہوگا، کہ حرام پر اعانت کرتا ہے ــــ اور قول اول کو صاحب درمختار نے کتاب الصلوٰۃ میں ذکر فرما کر قولِ دوم لفظ قیل سے تعبیر کیا، عبارت یہ ہے ویحرم فیہ السوال ویکرہ الاعطاء مطلقاً وقیل اور اسی قول اول کو غنیہ میں احوط فرمایا اس کی عبارت یہ ہے وعلم ما تقدم حرمۃ السوال فی المسجد لانہ کانشاد الضالۃ والبیع ونحوہ وکراہیۃ الاعطاء لانہ یحمل علی السوال وقیل لا اذا لم یتخط الناس ولم یمر بین یدی مصل ۔ والاول احوط۔

نیز ملا علی قاری علیہ رحمۃ الباری مرقاۃ شرح مشکوٰۃ میں فرماتے ہیں :ـــ

ویدخل فی ھذا کل امر لم یبن لہ المسجد من البیع والشراء ونحو ذالك وکان بعض السلف لایری ان یتصدق علی السائل المعترض فی المسجد۔ اس کے بعد اسی صفحہ میں یہ قول ذکر کیا کہ سائل کو دینے میں حرج نہیں کیونکہ حدیث میں ہے کہ حضور نے فرمایا ھل احد منکم اطعم الیوم مسکینا فقال ابوبکر دخلت المسجد فاذا انا بسائل فوجدت کسرۃ خبز فی ید عبد الرحمٰن فاخذتھا فدفعتھا الیہ یعنی کسی نے آج مسکین کو کھانا کھلایا ہے، حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا میں مسجد میں داخل ہوا ناگاہ مجھے ایک سائل ملا اور میں نے عبد الرحمٰن کے ہاتھ میں روٹی کا ٹکڑا دیکھا اس سے لیکر سائل کو دے دیا۔

پس اس سے معلوم ہوا کہ سائل کو مسجد میں دینا جائز ہے۔ اس استدلال کے جواب میں ملا علی قاری فرماتے ہیں قلت لا دلالۃ فی الحدیث علی انہ کان سائلا وانما الکلام فیہ وقد قال بعض السلف لایحل اعطائہ فیہ لما فی بعض الاٰثار ینادی یوم القیٰمۃ لیقم بغیض اللہ فیقوم سؤال المسجد۔ یعنی اس حدیث سے یہ ثابت نہیں کہ وہ سائل تھا اور کلام سائل میں ہے اور بعض سلف فرماتے ہیں کہ مسجد میں سائل کو دینا حلال نہیں اس لیے کہ بعض احادیث میں آیا ہے کہ روز قیامت منادی کی جائیگی "جو شخص اللہ کے نزدیک مبغوض ہے کھڑا ہو جائے تو مسجد کا سائل کھڑا ہو جائے گا۔

اقول۔ اس استدلال کا یہ بھی جواب دیا جاسکتا ہے کہ دَخَلْتُ سے مراد ارادہ دخول ہے یعنی میں مسجد میں داخل ہونا چاہتا تھا کہ مجھے ایک سائل ملا اور ارادہ فعل کو فعل سے تعبیر کیا جاتا ہے جیسا کہ اِذَا قُمْتُمْ اِلَی الصَّلٰوۃِ سے ارادہ قیام مراد ہے۔ پس اس تقدیر پر یہ واقعہ مسجد کا نہ ہوا اور استدلال صحیح نہ ہوا۔ اگر یہ شبہہ کیا جائے کہ حدیث مذکورہ بالا میں تصریح ہے فاذا انا بسائل، پھر ملا علی قاری کا یہ کہنا لادلالۃ فی الحدیث علی انہ کان سائلا صحیح نہیں، تو اس کا جواب یہ ہے کہ حدیث سے صرف اتنا معلوم ہوا کہ وہ سائل تھا۔ رہا یہ کہ اس نے مسجد میں سوال بھی کیا ہو، یہ ثابت نہیں اور کلام اسی میں ہے کہ جو سائل مسجد میں سوال کرے اُسے دینا حلال نہیں نہ یہ کہ بلا سوال بھی اُسے دینا حلال نہیں اور دونوں میں فرق ظاہر ہے۔

پھر ملا علی قاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے یہ قول ذکر کیا کہ بعض صورتوں میں جائز ہے اور بعض میں ناجائز وفصل بعضھم بین من یؤذی بالمرور ونحوہ فیکرہ اعطائہ لانہ اعانۃ لہ علی ممنوع وبین من لایؤذی فیستحب اعطائہ لان السؤال کانوا یسئلون علی عھد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی المسجد حتی یروی ان علیا کرم اللہ تعالیٰ وجھہ تصدق بخاتمہ وھو فی الرکوع فمدحہ اللہ بقولہ یؤتون الزکوٰۃ وھم راکعون۔ یعنی جو سائل لوگوں کو اذیت دیتا ہے مثلاً نمازی کے آگے سے گذرتا ہے یا اس کے مثل کچھ اور حرکت کرتا ہے، اُسے دینا مکروہ ہے، کہ ممنوع پر اعانت ہے۔ اور جو ایسا نہیں کرتا اُسے دینا بہتر ہے

کہ حضور کے زمانے میں لوگ مسجد میں سوال کرتے تھے جب تو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رکوع میں اپنی انگوٹھی دے دی تھی۔ جس پر اللہ نے ان کی مدح فرمائی۔

اس قول کا جواب ملا علی قاری اس طرح تحریر فرماتے ہیں اور یہی استفسار کا جواب بھی ہے :- وفیہ انہ لیس فی الحدیث ولا الآیۃ ان اعطاء علی کان فی المسجد یعنی حدیث وآیت، کسی سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مسجد میں دیا تھا۔ **اقول** اور اگر فرض بھی کیا جائے کہ مسجد میں دیا تھا تو یہ ثابت نہیں کہ اس نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مسجد میں سوال کیا تھا اگر حدیث سے ثابت ہوتا ہے تو صرف اتنا کہ اس نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سوال کیا تھا اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دیا تھا اور یہ امر کہ اس نے مسجد میں سوال کیا تھا اس کے متعلق کوئی حدیث نظر سے نہ گذری، اور ملا علی قاری کا یہ فرمانا کہ حدیث سے مسجد میں سوال ثابت نہیں، صاف بتاتا ہے کہ ان کے پیش نظر بھی کوئی ایسی حدیث نہیں ہے، جس سے مسجد میں سوال کی اجازت ثابت ہو۔ تفسیر بیضاوی شریف میں شانِ نزول کو اس طرح نقل کیا وانما نزلت فی علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ حین سألہ سائل وھو راکع فی صلوٰتہ فطرح لہ خاتمہ۔

اس سے بس اتنا معلوم ہوا کہ سائل کے سوال پر دیا نہ یہ کہ مسجد میں سوال کیا تھا اور اسے دیا بلکہ خود قاضی بیضاوی کا اس شانِ نزول کے متعلق کہنا۔ وان صح، بتاتا ہے کہ اس روایت کی صحت میں بھی انھیں کلام ہے اس لئے آیت میں رکوع کے معنی خشوع وخضوع کے لیتے ہیں، یعنی خشوع وخضوع کے ساتھ نماز پڑھتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں۔ اور یہ معنی کہ رکوع میں زکوٰۃ دیتے ہیں، اس کو بصیغۂ تمریض قیل سے تعبیر کرتے ہیں۔

رہا یہ کہ استفسار میں جو موضح القرآن کی عبارت نقل کی گئی ہے اس سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ وہ سائل تھا اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اُسے دیا تھا، پس اگر یہ مضمون حدیث صحیح سے ثابت ہو تو کہا جائیگا کہ سائل کو دیا اس کے یہ معنیٰ ہرگز نہیں کہ اس نے مسجد میں سوال بھی کیا ہو جیسا کہ فاذا انا بسائل سے ثابت نہیں کہ اس نے مسجد میں سوال کیا تھا ویسا ہی یہاں بھی یہ ثابت نہیں کہ اس نے مسجد میں سوال کیا۔ اور اس عبارت سے یہ بھی ثابت نہیں کہ مسجد میں دیا۔

لہٰذا اس عبارت موضح القرآن سے مسجد میں سوال کی اجازت ثابت نہیں کہ مسجد میں دیا، اس لئے بہار شریعت حصہ سوم میں یہ لفظ ہے کہ اس سائل کو دینا بھی منع ہے۔ مستفتی سے لفظ (اس) لکھنے سے رہ گیا جس کا یہ مطلب ہو گیا کہ چاہے مسجد میں سوال کرے یا نہ کرے سائل کو مسجد میں دینا منع ہے حالانکہ مطلب یہ تھا کہ مسجد میں سوال کرے تو دینا منع ہے۔ اور اسی کے لئے لفظ اِس بڑھایا گیا تھا

اس عبارت موضح القرآن کے قریب قریب ایک حدیث علامہ خفاجی نے نقل فرمائی ہے۔ وہ یہ ہے[1]

نہ مناکحت کریں گے اور نہ ہم سے بات چیت کریں گے اور یہ امر ہم پر شاق ہے۔ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارا ولی اللہ و رسول ہیں پھر نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مسجد کی طرف نکلے اور کسی کو قیام میں اور کسی کو رکوع میں پایا اور ایک سائل کو ملاحظہ فرمایا، اس سے فرمایا کسی نے تجھے کچھ دیا اس نے عرض کی ہاں چاندی کی ایک انگوٹھی ملی ہے، فرمایا کس نے دی اس نے کہا اس قیام کرنے والے نے اور ہاتھ سے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف اشارہ کیا حضور نے فرمایا کس حالت میں دی اس نے کہا حالت رکوع میں، اس پر حضور نے تکبیر کہی پھر اس آیت کی تلاوت فرمائی۔

پس اس روایت سے معلوم ہوا کہ جب حضور نے سائل سے دریافت کیا تھا، اس وقت حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قیام میں تھے رکوع میں نہ تھے اگرچہ دینا رکوع میں تھا، مگر موضح القرآن کے اس لفظ سے کہ اس رکوع کرنے والے نے دی، یہ شبہہ پیدا ہوتا ہے کہ اسی وقت دی ہے جبکہ اسی رکوع میں تھے اور یہ رکوع مسجد میں تھا لہٰذا مسجد میں دینا ثابت ہوا اگرچہ فقط یہ لفظ اس ثبوت کے لئے کافی نہیں مگر توہم پیدا ہوتا ہے اور جبکہ علامہ خفاجی نے جو روایت حاکم وغیرہ سے نقل کی اسمیں اس وقت حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قائم ہونا مذکور ہے تو یہ توہم بہت بعید ہو گیا۔

ملا علی قاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اس بحث کے آخر میں دونوں مقولوں میں یہ فیصلہ کیا ہے کہ والظاہر ان الخلاف خلاف عصر و زمان لا اختلاف السائلین۔ یعنی علماء میں یہ اختلاف زمانہ کے اختلاف پر مبنی ہے کہ قرون اولیٰ میں سائلین آداب مسجد کی مراعات کرتے تھے اور ضرورت پر سوال کرتے تھے اور اس طرح سوال نہ کرتے تھے کہ ممنوع ہو۔ اور اس زمانہ کے سائلین ایسے نہیں اگر ان کو اجازت دیدی جائے تو کسی امر کی پرواہ نہ کریں گے، اور جائز و ناجائز کا خیال نہ رکھیں گے اس لئے ان کے لئے حکم یہی ہے کہ سوال سے روک دیئے جائیں وکم من شیئ یختلف باختلاف الزمان۔

پس چونکہ صاحب غنیہ نے مطلق ممانعت کو احوط فرمایا اور ملا علی قاری نے اس اختلاف کو اختلاف زمانہ پر محمول کیا لہٰذا فقیر نے اسی قول کو اختیار کیا اور اسی کو بہار شریعت میں ذکر کیا۔ واللہ تعالیٰ اعلم وعلمہ اتم واحکم۔

مسئلہ (٣١٥) از رائی کھیت جامع مسجد مرسلہ قاری خلیل الدین احمد صاحب ١٥ ر جمادی الاخریٰ ١٣٤٣ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین مندرجہ ذیل امور میں :-

وہ مساجد جن کی تعمیر روافض یا وہابی یا قادیانی یا علاوہ ان کے کسی طائفہ ضالہ نے کی ہو ان پر احکامِ مساجد جاری ہو سکتے

[1] ... صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقالوا یا رسول اللہ ان منازلنا بعیدۃ ولیس لنا مجلس نتحدث ... ہذا المجلس وان قومنا لما رأونا آمنا باللہ ورسولہ ... فقام ... خرج الی المسجد والناس بین قائم وراکع فبصر بسائل فقال ہل اعطاک احد شیئا فقال نعم خاتم من فضۃ فقال من اعطاکہ فقال ذالک القائم ...

ہیں یا نہیں۔

س (۲) مقامی لوگ مدارس مساجد کے اندر اور تعلیم قرآن مجید فرقانِ حمید اور تعلیم دینیہ کو احترام مساجد کے خلاف تصور کرتے ہوئے مانع تعلیم الٰہی ہیں اور مساجد کے اندر تعلیم کو جدید امر اور بدعت اور بے حرمتی مساجد شمار کرتے ہیں۔

دریافت طلب یہ امر ہے کہ آیا یہ تعلیم جدید ہے۔ اور قرونِ اولیٰ میں مساجد کے اندر تعلیم دینیہ والٰہیہ نہیں ہوئی یا فی زمانہ ہو رہی ہے دلائل و براہین سے مطلع فرمائیں۔

الجواب (۱)۔ وہ گمراہ فرقے جن کی گمراہی حد کفر تک پہنچ چکی ہے جیسے قادیانی وہابی روافضِ زمانہ ان کی بنائی ہوئی مسجد شرعاً مسجد نہیں[عہ]۔ قال اللہ تعالیٰ اِنَّمَا یَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰہِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

ج (۲) مسجد کے اندر علم دین کی تعلیم جائز اور اس کے جواز پر قرآن وحدیث شاہد قال اللہ تعالیٰ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰہِ اَنْ یُّذْکَرَ فِیْہَا اسْمُہٗ وَسَعٰی فِیْ خَرَابِہَا۔ حدیث میں ہے خرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ونحن فی الصفۃ فقال ایکم یحب ان یغدو کل یوم الی بطحان او العقیق فیاتی بناقتین کوماوین فی غیر اثم ولا قطع رحم فقلنا یارسول اللہ کلنا نحب ذالک قال افلا یغدو احدکم الی المسجد فیعلم او یقرأ آیتین من کتاب اللہ خیر لہ من ناقتین وثلث خیر لہ من ثلث واربع خیر لہ من اربع ومن اعدادھن من الابل رواہ مسلم عن عقبۃ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فی نفسہ تعلیم سے مسجد کی کوئی بے حرمتی نہیں ہے تعلیم کو احترام کے خلاف کہنا غلط ہے۔ البتہ اگر پڑھنے والے یا پڑھانے والے مسجد کی بے حرمتی کرتے ہوں تو ان کو اس سے منع کیا جائے اور روکا جائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۳۱۶) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں زید حالت اعتکاف میں کسی عذر کی وجہ سے مسجد کے اندر چارپائی بچھا کر لیٹتا ہے یہ فعل از روئے شرع کیسا ہے۔

الجواب۔ مسجد میں چارپائی پر لیٹنا اور سونا عرف نے ادب کے خلاف قرار دیا ہے اور ایسے امور میں شرع مطہر نے عرف کا لحاظ کیا ہے اور اس کے نظائر کتب فقہ میں کثیر ہیں لہٰذا بلا عذر ایسا نہ کرے اور عذر ہو تو الضرورات تبیح المحظورات کی ہی بنا پر اجازت ہے مگر زید کو چاہیے کہ جن اوقات میں لوگ مسجد کے اندر آتے جاتے ہوں ان اوقات میں چارپائی کو علیحدہ کر دے تاکہ تنفیر عوام اور منازعت نہ واقع ہو کہ اس میں لوگوں کو مبتلا کرنا بہت سخت ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

عہ مسجد ہونے کے لئے زمین کا وقف ہونا شرط ہے۔ اور کافر وہ بھی مرتد کا مسجد کے لئے وقف درست نہیں بلکہ مرتد کا کسی کار خیر کے لئے وقف، وقف نہیں اسلئے ان فرقوں کی بنوائی مسجد، مسجد نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم امجدی

مسئلہ ۱۷۱ ؛ مرسلہ جناب حاجی محمد عظیم اللہ صاحب از چوڑی پٹی دیناج پور ۳ صفر المظفر ۱۳۴۹ھ
کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ جامع مسجد میں دو آئینے ایک سامنے اور ایک داہنی جانب متصل منبر لگے ہیں جن کی لمبائی اور چوڑائی ایک ایک فٹ ہے۔ ان کے نیچے سے فانوس کی ایک شاخ بھی نکلی ہے جو جلنے کے کام نہیں آتی محض زیبائش کے لئے ہے۔ نیز آئینے میں مصلیوں کا چہرہ بصورت قیام بخوبی نظر آتا ہے۔ پس صورت مسئولہ میں کیا حکم ہے آیا مسجد میں ایسا کرنا درست ہے یا نہیں اگر یہ ناجائز ثابت ہو تو ان کو پیچھے کر دینے یا اس پر کپڑا ڈالنے میں کوئی حرج تو نہیں ؟ بینوا توجروا ۔

الجواب ۔ آئینہ میں جو صورت نظر آتی ہے یہ تصویر کے حکم میں نہیں ورنہ جس طرح تصویر کا رکھنا حرام ہے اس کا رکھنا بھی حرام ہوتا اور تصویر کے تمام احکام اس کے لئے بھی ثابت ہوتے مگر ایسا نہیں ہے تو معلوم ہوا کہ آئینہ کی صورت تصویر نہیں۔ لہذا اگر مصلی کے آگے آئینہ ہو تو نماز مکروہ تحریمی نہیں ہوگی ۔ اگرچہ نمازی کو اپنی صورت نظر آئے کہ آئینہ میں حقیقۃً صورت منتقش نہیں ہوتی بلکہ آئینہ کی صقالت کی وجہ سے خطوط شعاعی منعکس ہوتے ہیں اور واپس آکر خود اس دیکھنے پر پڑتے ہیں اور یہ اپنے کو دیکھنے لگتا ہے اور سمجھتا ہے کہ آئینہ میں میری صورت ہے جسے میں دیکھتا ہوں حالانکہ صورت کو نہیں بلکہ اپنے کو دیکھتا ہے اس پر دلیل یہ ہے کہ آئینہ میں داہنے کو بائیں اور بائیں کو داہنا دیکھتا ہے ۔ لہذا ایسی جگہ نماز پڑھنا ممنوع نہیں جہاں انعکاس شعاع کے باعث کوئی چیز نظر آئے ۔ یہ حکم نفس آئینہ کا ہے کہ مصلی کے آگے ہونے میں نماز مکروہ تحریمی نہیں رہا مسجد کی دیوار قبلہ میں آئینہ نصب کرنا جس میں مصلی کو اپنی صورت نظر آتی ہے ۔ مکروہ ہے کہ اس سے نمازی کا دل بٹتا ہے اور خشوع میں کمی آتی ہے اور ایسی چیز دیوار قبلہ میں نہیں ہونی چاہئے درمختار میں ہے ولا باس بنقشہ خلا محرابہ فانہ یکرہ لانہ یلہی المصلی و یکرہ التکلف بدقائق النقوش ونحوہا خصوصًا فی جدار القبلۃ قالہ الحلبی وفی حظر المجتبی وقیل یکرہ فی المحراب دون السقف والمؤخر ۔ انتہی وظاہرہ ان المراد بالمحراب جدار القبلۃ لہذا وہاں سے آئینہ جدا کر دیا جائے یا اس پر کپڑا ڈال دیا جائے کہ نماز میں خشوع جاتے رہنے کا سبب نہ رہے ۔ واللہ تعالٰی اعلم

عہ نمازی کے آگے تصویر ہونے سے نماز میں کراہت کا سبب یہ ہے کہ بت پرستی کے مشابہ ہے ۔ اور پرستش تصویر کی ہوتی ہے آئینے میں جو صورت نظر آئے اس کی کوئی پرستش نہیں کرتا ۔ اس لئے اس کے مکروہ ہونے کی کوئی وجہ نہیں ۔ واللہ تعالٰی اعلم ۔ امجدی

مسئلہ ۱۸ ؎ مرسلہ جناب قاضی عبد الحمید و قاضی عنایت احمد صاحبان جامع مسجد قاضیانہ از جودھ پور مارواڑ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین، اس مسئلہ میں کہ ترکی ٹوپی سے امامت جائز ہے یا نہیں جو شخص تارک جماعت ہے اس کی نماز ہوگی یا نہیں یعنی ادھر تو جماعت ہو رہی ہے ادھر وہ اپنی الگ نماز پڑھے بعد میں زور زور سے وظیفہ پڑھتا ہے جماعت ہو رہی ہے منع کرنے سے نہیں مانتا۔ ایسے شخص کے واسطے کیا حکم ہے۔ مسجد میں بیٹھ کر دنیا کی باتیں کرنا مسلمانوں کی غیبت کرنا علماء دین کی شان میں گالیاں دینا، قرآن پاک کی نقل کرنا۔ ان سب کے بارے میں کیا حکم صادر ہے۔؟

الجواب: ترکی ٹوپی آجکل عام طور پر مسلمانوں میں رائج ہے صلحاء و متقی و فساق سب ہی پہنتے ہیں۔ لہٰذا اس کا پہننا بھی جائز ہے اور پہن کر نماز پڑھنے میں بھی کوئی ممانعت نہیں بغیر جماعت بھی نماز ہو جاتی ہے مگر بلا وجہ شرعی ترک جماعت کا گناہ اس پر ہے اور یہ اور زیادہ برا ہے کہ جماعت ہو رہی ہے اور وہ شخص اپنی الگ پڑھتا ہے پھر مزید یہ کہ وقت جماعت زور زور سے وظیفہ پڑھ کر مصلیوں کو پریشان کرتا ہے ایسے شخص کو مسجد سے نکال دینا چاہئے۔ مسجد کے اندر دنیا کی باتیں کرنا ناجائز ہے۔ ایک روایت میں ہے کہ نیکیوں کو اس طرح کھاتی ہے جس طرح آگ لکڑی کو۔ غیبت یا گالی دینا خصوصاً علماء دین کو حرام اور سخت حرام ہے اور مسجد میں ایسی باتیں اور زیادہ حرام۔ قرآن پاک کی نقل کرنے سے کیا مراد ہے۔ اگر قرآن مجید کے ساتھ استہزا کرتا ہے تو یہ یقیناً کفر ہے اور اگر کسی کے پڑھنے کی نقل کرتا ہے اور مقصود اس شخص سے استہزا کرنا ہے جب بھی ناجائز ہے بالجملہ مسجد ان کاموں کے لئے نہیں ہے اولاً ایسے شخص کو منع کیا جائے، نہ مانے تو مسجد سے روکا جائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۱۹ ؎ از الہ آباد محلہ محتشم گنج مرسلہ باشندگان محتشم گنج ۲ جمادی الاولیٰ ۴۹ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ہمارے محلہ میں مولوی عیسیٰ صاحب جو اپنے کو مولوی اشرف علی صاحب تھانوی کے پیر و اور خلیفہ بتاتے ہیں بعرصہ سات سال سے ایک مکان بنا کر مقیم ہیں۔ یہ مولوی صاحب مذکور فاتحہ، میلاد شریف، گیارہویں شریف وغیرہ کو بدعت و ناجائز و گمراہی بتلاتے ہیں۔ عرس اولیاء اللہ کو بدعت و حرام قرار دیتے ہیں۔ انبیاء و اولیاء سے مدد مانگنے کو شرک بتلاتے ہیں۔ اذان میں نام رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سن کر انگوٹھے چومنے کو بدعت کہتے ہیں۔ یا رسول اللہ اور یا محمد کہنے کو شرک کہتے

ہیں۔عبادت و ریاضت کے ذریعہ رسول اقدس کے برابر ہوسکنے کو ممکن سمجھتے ہیں۔جماعت ثانی کو بھی ایک مسجد میں ناجائز کہتے ہیں۔اور اگر کوئی شخص مسجد ہدایت خاں مرحوم میں (جس میں وہ امامت کرتے ہیں) دوسری جماعت کرنا چاہتا ہے تو نہایت سختی سے مخالفت کرتے ہیں اور جماعت ثانی نہیں ہونے دیتے۔اور اسی قسم کی بہت سی باتیں جو عقائد اہلسنت کے خلاف ہیں۔تبلیغ فرمایا کرتے ہیں۔اور مولوی صاحب مذکور سات سال سے برابر اپنے عقائد کی تبلیغ فرمارہے ہیں اور اکثر اپنے ہم خیال علماء مثلاً مولوی عبدالمجید صاحب پھلواری وغیرہ کو بلاکر جلسہ وعظ وغیرہ کیا کرتے ہیں۔اور مولوی صاحب مذکو نے سات سال کے اندر ہمارے محلہ کے سات،آٹھ سنی لوگوں کو اپنا ہم عقیدہ اور ہم خیال بنالیا ہے اور اب انھیں کے ذریعہ نہایت کوشش کے ساتھ لوگوں کو اپنا ہم عقیدہ بنانا چاہتے ہیں۔اور مولوی عیسٰی صاحب کا اس مسجد محلہ میں اثر ہے اور خود پیش امام بھی ہے۔حتیٰ کہ متولی مسجد بھی انھیں ہم عقیدہ ہے اور مولوی صاحب مذکور ہر نماز کے بعد اپنے خیالات فاسدہ کی تلقین کرتے ہیں۔اور سنیوں کو وہاں جانے سے سنیوں کے عقائد خراب ہوجانے کا اندیشہ اور جنگ وفساد کا خوف ہے۔لہٰذا یہ مذکورہ بالا باتوں کا لحاظ کرتے ہوئے اور جھگڑے اور فساد کو روکنے اور اپنے کو ان کے اندر جذب ہونے سے باز رکھنے کی غرض سے ہم لوگوں نے علیحدہ جماعت قائم کرلی ہے۔اور ایک زمین جو وسط محلہ میں واقع ہے اور امام باڑہ کے نام سے موسوم ہے۔اور منتظم حال کے بزرگوں کی ہے،نماز پڑھنا شروع کردیا ہے۔اس جماعت میں ۹۵ فیصدی مسلمانان نماز پڑھتے ہیں۔اور روزانہ ۶۰۔۷۰ آدمیوں کی جماعت ہوجاتی ہے۔وہ چاہتے ہیں کہ یہ جگہ باقاعدہ مسجد بنادی جائے اور سب نے (الا مولوی عیسٰی صاحب کی جماعت کے) امام باڑے کو مسجد سے بدلنے کی اجازت دے دی ہے اور امام باڑے کے منتظم نے اپنی دوسری زمین تعزیہ داری کے لئے علیحدہ مخصوص کردی ہے جیسا کہ اس کے بزرگوں نے کیا تھا یعنی وہ خود بھی تعزیہ داری کرتے تھے اور محلہ کے لوگ بھی اسمیں شریک ہوجاتے تھے۔لہٰذا حسب ذیل باتیں دریافت طلب ہیں؟

الف:۔ موجودہ امام باڑہ کی زمین پر واقعات حاضرہ کے لحاظ سے نماز باجماعت پڑھنا جائز ہے یا نہیں ؟

ب:۔ امام باڑہ پر نماز پڑھنے والوں کو جن کی جماعت مولوی عیسٰی صاحب کی جماعت سے ۶ گنہ زیادہ ہے،ہوتی ہے۔جماعت کا ثواب حاصل ہوتا ہے یا نہیں؟

ج:۔ محلہ کے امام باڑے کو جس کی رضامندی ۹۵ فیصدی حضرات نے دے دی ہے مسجد بنالینا شرعاً جائز ہے یا نہیں

الجواب:۔ مولوی اشرف علی تھانوی نے اپنی کتاب حفظ الایمان میں صاف اور کھلے لفظوں میں رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین کی ہے جس کی بنا پر اکابر علماء ہندوستان وعلماء حرمین طیبین نے بالاتفاق اس کی تکفیر کی۔ اور یہ فرمایا کہ جو اس کے قول پر مطلع ہو کر اسے کافر نہ مانے خود کافر ہے۔ اس کے معتقدین جو اس کے قول پر مطلع ہیں ان کا بھی وہی حکم ہے اور ایسوں کے پیچھے نماز باطل محض ہے بلکہ ان کے پاس بھی نہ جانا چاہئے۔ حدیث میں ہے ایاکم وایاھم لا یضلونکم ولا یفتنونکم۔ تم اپنے کو ان سے دور رکھو اور ان کو اپنے سے دور کرو کہیں وہ تمہیں گمراہ نہ کریں وہ تمہیں فتنہ میں نہ ڈال دیں۔ اور جب کہ وہ شخص وہابیہ کے عقائد باطلہ کی ترویج وتبلیغ کرتا ہے۔ اور وہاں جانے میں فتنہ بھی ہے اور نہ بھی ہوتا تو اس کی گمراہ گری کیا کم فتنہ ہے ایسی صورت میں مسلمانوں کو وہاں ہرگز نہ جانا چاہئے۔ اور اہل محلہ کے مسلمانوں نے جو دوسری جگہ جماعت کا انتظام کرلیا ہے بہت اچھا کیا ان کو یہی کرنا چاہئے تھا بیشک ان کو انشاء اللہ تعالیٰ جماعت کا ثواب ملے گا۔ اور اس کا بھی ثواب ملے گا کہ وہابی کے پیچھے نماز پڑھنے سے باز آئے اور اپنی نمازوں کو خراب نہ کیا۔ اگرچہ ان کی جماعت چھ گنا تو کیا اس کے برابر بھی مصلی نہ ہوں۔ امام باڑہ کی زمین جس کی ملک ہو اس کی اجازت سے مسجد بنا سکتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۳۴۲ از ہوڑہ پنچ تلاب صدر بخشی لائن محمد اسلام میاں کی باڑی مرسلہ عبدالکریم صاحب ۲۳ محرم الحرام سنہ ھ

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک مسجد جانب دریا واقع تھی جو سیلاب میں غرق آب ہو کر شہید ہو گئی حتی کہ اس کا کوئی اثر بھی باقی نہ رہا اب پانی نشیب کی طرف لوٹ جانے کے بعد دریا کے کنارے کھودنے پر اینٹیں نکل پڑی ہیں تو کیا ان اینٹوں کو دوسری مسجد میں لگایا جا سکتا ہے یا نہیں۔؟

الجواب:۔ اگر وہ زمین جہاں مسجد تھی اس قابل ہے کہ وہاں دوبارہ مسجد بنائی جا سکتی ہے تو وہ اینٹیں پھر اسی مسجد میں لگائی جائیں۔ اور اگر زمین مسجد بنانے کے کام کی نہ رہی تو یہ اینٹیں دوسری مسجد میں لگا دی جائیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ ۳۴۳ (الف) احکام شریعت حصہ اول میں اعلیٰحضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مسجد کبیر کی حد ساڑھے چون ۵۴ ½ گز درج کیا ہے۔ لیکن اسی میں اگاڑی مسجد خوارزم کا مسجد کبیر ہونا بھی درج ہے جو سولہ ہزار ستون پر ہے۔ نیز عرفان شریعت مصنفہ اعلیٰحضرت بریلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں سینتالیس اڑتالیس گز کی مسجد کو مسجد کبیر لکھا ہے علاوہ ازیں رسالہ رکن الدین میں پچیس گز کی مسجد کو شامی کے حوالہ سے مسجد کبیر بتلایا ہے۔ لہٰذا ان اقوال مختلفہ میں کون سا قول راجح ہے۔ (ب) مذکورہ بالا صورتوں میں گزوں کا حساب طول میں ہے یا عرض میں یا مکسر ہے۔

الجواب :- (الف) اس قسم کے سوالات آپ بھیجیں تو کتاب کے صفحات بھی لکھ دیا کریں تاکہ جواب تحریر کرنے میں کتابوں کی تلاش میں وقت صرف نہ ہو ورنہ جب تک اتنا وقت نہ ملے کتابوں کی ورق گردانی کی جائے جواب کیسے لکھا جائے۔ مسجد کبیر کے متعلق دو قول ہیں ایک یہ کہ چالیس ذراع ہے تو کبیر ہے اور اس سے کم ہو تو صغیر۔ دوسرا قول یہ ہے کہ جامع خوارزم کبیر ہے۔ اور اس سے چھوٹی مسجدیں سب صغیر احکام شریعت میں ساڑھے چودن ۵۴ ½ کو جو کبیر لکھا ہے وہ خود اعلیٰحضرت کی رائے نہیں ہے۔ بلکہ علامہ شامی نے بھی اس کی مقدار چالیس گز لکھی ہے اس کے متعلق یہ بیان کیا کہ یہاں گز سے گز مساحت مراد لینا چاہیے اور اس کی مقدار بیان کر کے یہ تحریر فرمایا کہ اس زعم علامہ پر الخ جس کا صاف مطلب یہ ہے کہ علامہ شامی کے اس قول کو لیا جائے اور گز سے گز مساحت مراد لیا جائے تو ساڑھے چودن کبیر ہے پھر آگے چل کر اسے رد کر دیا کہ یہ علامہ کو جواہر الفتاویٰ کی عبارت سے شبہہ گذرا ورنہ جواہر الفتاویٰ میں مسجد صغیر وکبیر کی یہ مقدار نہیں لکھی ہے بلکہ دار صغیر وکبیر کی یہ مقدار ہے۔ احکام شریعت کی اس عبارت میں کوئی تناقض نہیں بلکہ آخر میں صاف طور پر مذکور ہے کہ جامع خوارزم کی مثل مسجد کبیر ہے اور اس کو اختیار فرمایا اور اس کے بیان کو اپنے فتاویٰ پر محوّل کیا۔ البتہ عرفان شریعت میں ۴۷،۴۸ گز لکھا ہے۔ بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ یہ تحدید ہے حقیقتاً تحدید نہیں۔ ممکن ہے کہ اصل سوال میں اتنی بڑی مسجد کے متعلق سائل نے دریافت کیا ہو اور علامہ شامی والا قول آسانی کے لئے اختیار فرما کر اسے بڑی مسجد فرما دیا کہ جب چالیس ذرع کبیر ہے تو سینتالیس اڑتالیس بدرجۂ اولیٰ کبیر ہو گی۔ لہٰذا یہ کوئی تیسرا قول نہیں۔ مگر مجھے جہاں تک علم ہے اعلیٰحضرت کا قولِ مختار وہی ہے جو احکام شریعت میں ذکر فرمایا اور کئی بار میں نے خود دریافت کیا جواب میں یہی فرمایا کہ مسجد خوارزم کبیر ہے اور اس سے چھوٹی صغیر ہے۔ شامی میں وہی عبارت ہے جو اعلیٰحضرت نے نقل فرمائی پچیس گز شامی میں ہے۔ میں نے نہیں دیکھا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

ؔ فتاویٰ رضویہ جلد سوم ۵۹۶ پر ہے ان دونوں شکلوں میں مسجد کبیر سے ایک ہی مراد ہے۔ یعنی عدد درجہ عظیم و وسیع مسجد۔ جیسی جامع خوارزم کہ سولہ ہزار ستون پر تھی یا جامع قدس شریف کہ تین مسجدوں کا مجموعہ ہے باقی تمام مساجد جس طرح عادۃً بلاد میں ہوتی ہیں سب ان دونوں حکموں میں تحد ہیں۔ اگرچہ طول وعرض میں سو سو گز ہوں۔ یہ امر نص صریح ہے کہ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قدس سرہ کا مختار یہی ہے۔ مسجد کبیر سے مراد بہت بڑی مسجد مثل مسجد قدس اور مسجد خوارزم مراد ہے۔ اس کی حد یہ چالیس یا ساٹھ گز سے نہیں۔ پھر اس کی تصریح فرمائی کہ قہستانی میں جواہر کے حوالہ سے جو ساٹھ یا چالیس گز سے تعین مذکور ہے وہ مسجد کے لئے نہیں گھر کے لئے ہے۔ یعنی اگر کوئی گھر ساٹھ یا چالیس گز کا ہے تو وہ کبیر ہے۔ اور صحرا کے حکم میں ہے۔ اور اس سے کم ہے تو مسجد صغیر کے حکم میں ہے۔ اسے شامی کے حاشیہ سے نقل فرماتے ہیں وحاصلہ ان الدار الکبیرۃ کالصحراء والصغیرۃ کالمسجد وان المختار فی تقدیر الکبیرۃ اربعون ذراعا پوری تحقیق کے لئے فتاویٰ رضویہ کی یہ جگہ ملاحظہ کریں۔

الجواب: (ب) قہستانی نے نکسر لکھا ہے مگر کسر لینے میں مسجد کبیر کی مقدار بہت کم ہو جائے گی۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

مسئلہ ۱۲۶۵ از مقام بالو اکاٹھیا واڑ مرسلہ جناب حاجی غنی صاحب سورٹ ٹوڑ کا ٹھکانہ حاجی داؤد ۲۵ ربیع الآخر ۱۳۵۹ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ یہاں ایک مسجد ہے جہاں ایک صاحب مدعی علم ہیں جو مسجد میں شطرنجیاں، دریاں اور غالیچہ بچھانا منع کرتے ہیں اور ناجائز کہتے ہیں اور کہتے ہیں کہ بہ نسبت شطرنجیوں اور دریوں کے چٹائیوں پر نماز پڑھنا بدرجہا افضل ہے۔ ایک غالی مسجد کا سڑگیا بچھانے نہیں دیا۔ مسجد کی تمام شطرنجیاں وغیرہ رکھ دیا ہے۔ کسی کی مجال نہیں ہے کہ جمعہ وغیرہ کو بچھا دے۔ امام کے لئے ایک قیمتی مصلی تھا۔ اس کو بھی نکال دیا۔ کیا زینت و نظافت اور شان و شوکت کے واسطے خصوصاً روز جمعہ جو سید الایام ہے شطرنجیوں وغیرہ کا بچھانا افضل ہے یا چٹائیوں پر نماز پڑھنا افضل ہے۔

الجواب: یہ کہنا کہ دری یا غالیچہ پر نماز ناجائز ہے محض غلط ہے کہ نماز کے لئے چٹائی ہونا ضرور نہیں اور کسی کتاب میں اس کا ذکر نہیں۔ بلکہ کپڑے کی قسم سے کسی چیز کو بچھا کر نماز کا جائز ہونا کتب فقہ میں مذکور ہے۔ اور ظاہر ہے کہ دری بھی اسی قبیل سے ہے۔ صحیح بخاری شریف میں ہے باب الصلاۃ علی الفراش وصلی انس بن مالک علی فراشہ وقال انس کنا نصلی مع النبی صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم فیسجد احدنا علی ثوبہ۔ البتہ بہتر یہ ہے کہ زمین پر نماز پڑھے اس کے بعد چٹائی کا مرتبہ ہے۔ اس کے بعد دری اور کپڑے پر پڑھنے کا۔ لہٰذا دری پر نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

مسئلہ ۱۲۶۶ مرسلہ خادم العلماء خلیل الرحمٰن مہتمم مدرسہ مظہر العلوم کچی باغ بنارس۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ چند اشخاص پیشہ کناسی کرتے ہیں اور کفار کے گھروں کے بول و براز صاف کرتے ہیں اور کفار کی تقریبات میں شہنائی بجاتے ہیں یہی ان کا ذریعہ معاش ہے جبکہ ان لوگوں کو منع کیا گیا کہ یہ پیشہ شہنائی حرام ہے اس سے باز آجاؤ اور مساجد میں آکر صفوں میں کھڑے ہو کر نماز پڑھنا چاہتے ہیں۔ حالانکہ پیشہ کناسی پر بھی ملازمت ملتی ہے۔ لہٰذا ایسے لوگوں کو مسجد میں آکر لوٹے سے پانی بھر کر وضو کرنا۔ اور صفوں میں مل کر نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں۔ کچھ لوگ یہ کہتے ہیں کہ تم لوگ پیشہ کناسی سے اپنی زندگی بسر کرو۔ یا کوئی دوسرا پیشہ اختیار کرو۔ تو ہم لوگ تمہاری اعانت کریں گے۔ اور تمہارے خورد و نوش کا انتظام بھی کر دیں گے تاکہ مسلمانوں میں کوئی مخالفت نہ پیدا ہو۔ مگر جو لوگ ان کو ورغلائے ہوئے ہیں کہ تم جو پیشہ بھی اختیار کرو مسجد میں آنے اور نماز پڑھنے سے مانع نہیں۔ لہٰذا ایسے شخص کے لئے از روئے شرع کیا حکم ہے۔ بینوا بالکتاب توجروا بالصواب

الجواب: بول و براز صاف کرنے کا پیشہ نا جائز بھی ہے اور نہایت درجہ کی دنائت ہے حدیث صحیح میں ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دو قبروں پر گذر فرمایا اس وقت ارشاد فرمایا یعذبان وما یعذبان فی کبیر اما احدھما فیمشی بالنمیمۃ واما الآخر فلا یستنزہ من البول ان دونوں کو عذاب ہو رہا ہے اور کسی ایسی وجہ سے عذاب نہیں ہو رہا ہے جس سے بچنا دشوار ہو۔ ان میں ایک چغلخور ہے اور دوسرا پیشاب سے بچتا نہ تھا۔ دوسری حدیث میں ارشاد ہوا استنزھوا من البول پیشاب سے بچو ظاہر ہے کہ پیشاب سے بے احتیاطی کرنا اور اس کی چھینٹوں سے اجتناب نہ کرنا جب سبب عذاب ہے تو ان کا بالقصد اپنے کو بول و براز سے آلودہ کرنا کہاں تک ممنوع و قبیح ہوگا خصوصًا کا فروں کی ایسی خدمت انجام دینا نہایت سخت معیوب و مذموم ہے مسلمانوں کو روا نہیں کہ اپنے کو کفار کے سامنے ذلیل صورت میں پیش کریں۔ خصوصًا ایسی حالت ـــــ مسجد کا دروازہ ہر مسلمان کے لئے کھلا ہوا ہے جب کہ گندگی کے ساتھ نہ آئے تو اسے مسجد سے نہیں منع کیا جا سکتا۔ اگر وہ پاک و صاف ہو کر مسجد میں آئیں تو آسکتے ہیں۔ مگر جب کہ وہ بول و براز سے آلودہ ہونا اپنا پیشہ قرار دے چکے ہیں۔ تو اگر چہ بظاہر ان کے ہاتھ میں نجاست لگی ہونا معلوم نہیں مگر یہ اطمینان بھی نہیں کہ ہاتھ پاک ہیں۔ لہٰذا مسلمانوں کو ان کے لوٹے چھونے سے ضرور کراہت پیدا ہوگی۔ اور ان کو چاہئے کہ اس سے بچیں اور مسلمانوں کو تشویش میں نہ ڈالیں۔ ان لوگوں پر لازم ہے کہ یہ نا جائز پیشہ ترک کریں۔ اور کوئی دوسرا جائز کام اختیار کریں خصوصًا ایسی حالت میں کہ دوسرے مسلمان ان کی خیر خواہی کی طرف متوجہ ہیں ان کی اعانت کے لئے تیار ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۳۷۴) جمعہ مسجد میں ایک رکعت پڑھنے کا جو ثواب ہے یہ صرف فرضوں کا ہے یا سنت اور نفل سب کا۔ یوں ہی غیر جمعہ مسجد میں۔ بینوا توجروا۔

الجواب: نوافل گھر میں پڑھنا سب سے بہتر ہے مگر جو نفل مسجد کے ساتھ مخصوص ہو جیسے تحیۃ المسجد یا مسجد میں پڑھنا اس کے متعلق آیا ہو۔ جیسے نماز سفر و واپسی سفر سنتیں مسجد میں پڑھ سکتے ہیں مگر بہ نسبت گھر کے زیادہ ثواب نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۳۷۵) مسجد میں داخل ہوتے وقت اور نکلتے وقت السلام علیکم کہنا چاہئے یا نہیں خواہ کوئی جواب دے یا نہ دے کیونکہ جو مشغول نماز و اذکار ہوں گے وہ جواب نہ دیں گے اور جو خالی ہوں گے جواب دیں گے۔ بینوا توجروا۔

الجواب: حاضرین پر سلام کرنا ہو تو اس وقت کرے جب وہ جواب دے سکتے ہوں یعنی نماز و وظیفہ میں مشغول نہ ہوں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۲۷۶) از بنارس مورخہ ۱۹ جمادی الاولیٰ ۱۳۵۳ھ

علمائے دین اس مسئلہ میں کیا فرماتے ہیں۔ چند خاندان خاندانی مسلمان حلال خوروں کے ہیں وہ بچوں کے ختنے کراتے ہیں۔ اسلامی طریقہ پر اپنا نکاح کرتے ہیں۔ مردوں پر نماز جنازہ پڑھتے ہیں۔ ان کو مسلمانوں کے گورستان میں دفن کرتے ہیں۔ ذبیحہ کھاتے ہیں، مردار سے بچتے ہیں۔ ان حلال خوروں کی دو عورتیں مہاراجہ کے محل میں پاخانہ کماتی اور ایک عورت مسلمانوں کے یہاں یہ کام کرتی ہے۔ مردوں میں ایک بھی جھاڑو دینے یا پاخانہ کمانے کا پیشہ نہیں کرتا۔ مرد شہنائی بجاتے اور بانس کے پنکھے وغیرہ بناتے ہیں ان کے مسلمانوں کے ساتھ کھانے پینے کا کوئی معاملہ درپیش نہیں ہے۔ وہ وضع ترک کرکے جمعہ و جماعت اور عیدین کی ادائیگی کے لئے مسجدوں میں جانا چاہتے ہیں۔ علمائے بنارس مثلاً جناب مولانا محمد ابراہیم صاحب خطیب جامع عالمگیری، جناب مولانا محمد یوسف عباس صاحب صدر المدرسین مدرسہ مطلع العلوم مولانا عبد الرحیم صاحب کچی باغ، مولانا عزیز احمد صاحب نائب مہتمم مدرسہ مطلع العلوم، مولانا محمد یحییٰ صاحب، مولانا نہال الدین صاحب، مولانا حکیم عبد الغفار صاحب امام مسجد چوک، مولانا حکیم محمد محسن صاحب رسول پورہ علوی پورہ شاگرد حضرت مولانا ظفر الدین صاحب فاضل بہاری اور ایک مستقل فتویٰ کچھوچھہ شریف سے بھی صادر ہو چکا ہے جس کے راقم مولانا عبد الرشید صاحب نجوری اور مصدق حضرت مولانا شاہ سید محمد اشرف صاحب ہیں بستی کی ایک مسجد کے مصلی جن میں ہر طبقہ کے لوگ شامل ہیں۔ اس مسجد میں مذکورہ حلال خوروں کے ساتھ نماز پڑھتے ہیں۔ مولانا محمد ابراہیم صاحب خطیب جامع عالمگیری، مولانا محمد یوسف عباس صاحب اور متعدد علماء مہتروں کا بیان لے چکے ہیں۔ ان کے ساتھ مسجد میں نماز پڑھ چکے ہیں۔ ان کو مسجدوں میں نماز پڑھنے کا حکم دے چکے ہیں۔

باوجود ان تمام باتوں کے کچھ مسلمان ان کے داخلہ مسجد کے خلاف ہیں۔ اس لئے از روئے شرع شریف مطلع فرمائیے کہ علمائے کرام کا فتویٰ اور طرز عمل درست ہے یا مخالف مسلمانوں کا اختلاف اور طرز عمل یعنی شریعت کے حکم کے مطابق مذکورہ حلال خوروں کو جمعہ و جماعت اور عیدین کے لئے مسجدوں میں آنے دینا چاہئے یا روکنا چاہئے۔ فقط۔

الجواب:۔ اس معاملہ کے متعلق یہاں متعدد بار سوالات آئے اور جوابات دیئے گئے۔ سوالات میں قدرے اختلاف تھے اور ظاہر ہے کہ جیسا سوال ہوگا اسی کے موافق جواب ہوگا۔ مگر اتنا ہر جواب میں لکھ دیا گیا ہے کہ اگر وہ پاک صاف ہو کر مسجد میں آئیں تو آسکتے ہیں۔ مسجد سے بلا وجہ شرعی کسی کو نہیں منع کیا جاسکتا۔ مسجد عبادت کی جگہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ہر بندہ جس کو شریعت مطہرہ

نے یہاں آنے کی اجازت دی ہے۔ آسکتا ہے۔ یہاں قومیت کی کوئی تفریق نہیں۔ البتہ نجاست وگندگی و بدبو سے مسجد کو محفوظ رکھنا ضروری چیز ہے کہ یہ احترام مسجد کے خلاف ہے۔ لہٰذا جب کوئی مسلم طہارت ونظافت کے ساتھ مسجد میں نماز پڑھنے آئے (اور وہ ان لوگوں میں سے نہ ہو جن کو فقہائے کرام نے تحت نہی لا یقربن داخل کیا ہے۔ مثلاً صحابۂ کرام یا ائمہ عظام کی شان میں گستاخیاں کرنے والے) تو اس کو مسجد سے نہیں روکا جاسکتا۔ اور وہ جماعت میں شریک ہوسکتا ہے۔ چونکہ اس وقت جو سوال آیا ہے اس میں یہ تصریح ہے کہ مرد نہ پاخانہ کماتے ہیں، نہ جھاڑو دینے کا پیشہ کرتے ہیں بلکہ ان کے کام دوسرے ہیں۔ صرف بعض عورتیں وہ کام کرتی ہیں اور وضو بھی وہ گھر سے کر کے آتے ہیں پس اس صورت میں بلاشبہ مسجد میں آنے کے حق دار ہیں اور جمعہ وجماعت میں شریک ہوسکتے ہیں۔ یہ نیک کام ہیں۔ ان سے ہرگز ان کو منع نہیں کیا جاسکتا۔ البتہ ان کو یہ ضرور ہدایت کی جائے کہ ان کے یہاں کی جو عورتیں یہ ناجائز پیشے کرتی ہیں ان کو ترک کریں۔ اور شہنائی بجانا بھی حرام ہے اس سے وہ خود باز رہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۳۲۸) نماز میں جائے نماز پر اپنا رومال رکھنا چاہئے یا نہیں اور جوتا ولکڑی وغیرہ مسجد میں لانا درست ہے یا نہیں، بخوف حفاظت۔

الجواب: جائے نماز پر رومال رکھنے میں کوئی ہرج نہیں۔ مسجد میں جوتا یا لکڑی لانے میں ہرج نہیں۔ مگر جوتے سامنے یا مصلی کے دائیں جانب نہ رکھیں اور اگر سامنے رکھے تو اسے رومال وغیرہ سے چھپادے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۳۲۹) مسئولہ عبد الرؤف ساکن پیلی بھیت محلہ شہر محمد۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین وشرع متین اس مسئلہ میں کہ نابالغ لڑکے کا نماز کے واسطے مسجد میں آنا حرام ہے یا نہیں، جب کہ وہ پنجگانہ نمازی ہے۔

مسئلہ جماعت کے ساتھ مل کر نماز پڑھنا واجب ہے یا نہیں۔ جب کہ اس کی عمر ۱۲ سال ہے اور کلام پاک پڑھ چکا ہے اور روزانہ کلام پاک کی تلاوت کرتا ہے۔ کپڑے وغیرہ سے ہر وقت پاک وصاف رہتا ہے۔ مذہب حنفی اہلسنت وجماعت ہے اور اس لڑکے سے یہ بھی کہا گیا ہے کہ مسجد کے لوٹے سے وضو مت کرو۔ گھر سے وضو کر کے آؤ۔ ایسے عمر والے لڑکے کو اور ایسے پاک وصاف پنجگانہ نمازی کو گھر سے وضو کرنا چاہئے۔ یا مسجد میں۔ اگر وہ مسجد میں وضو کرتا ہے تو واجب ہے یا نہیں۔

مسئلہ (۳۳۱) ان اشخاص کے واسطے احکام شرعیہ کیا ہیں جنھوں نے اس لڑکے کو مسجد میں آنے سے منع کیا۔ اور یہ کہا کہ تمہارا مسجد میں آنا حرام ہے اور تم مسجد میں مت آؤ اور اس کے دل کو صدمہ پہنچایا۔

الجواب: اتنا بڑا نابالغ لڑکا جو نماز پڑھنا جانتا ہو جیسا کہ سوال میں مذکور ہے مسجد میں آئے گا اور جماعت سے نماز پڑھے گا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس سے آج تک مسلمانوں کا اسی پر عمل ہے۔ وہ صحابہ کرام جو زمانۂ اقدس میں نابالغ تھے مثلاً عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما جماعت میں شریک ہوتے تھے بخاری شریف وغیرہ کی حدیثیں اس کی شاہد ہیں۔ فقہا تمام کتابوں میں تصریح فرماتے ہیں کہ نابالغ لڑکے مردوں کے پیچھے کھڑے ہوں اور تنہا ہو تو مردوں کی صف میں بھی کھڑا ہو سکتا ہے۔ اس مسئلہ میں مسجد کا استثنا کسی کتاب میں نہیں۔ البتہ اتنا چھوٹا بچہ جس سے مسجد کے ناپاک ہونے کا گمان ہے اس کو مسجد میں نہ لے جانا چاہئے۔ حدیث میں ہے کہ جنبوا مساجدکم صبیانکم ومجانینکم مگر ایسے بچے نماز کے لئے نہیں جاتے ہیں جو نماز پڑھنے کے قابل ہیں۔ ان کو مسجدوں سے روکنا ناجائز ہے اور ایسے بچوں کو مسجد میں آنا حرام بتانا شریعت پر افترا ہے ایسے قائل پر توبہ کرنا فرض ہے۔ وضو ہر شخص کو گھر سے کرکے آنا بہتر ہے اور مسجد میں جو جگہ وضو کے لئے ہے وہاں بھی وضو کرنا جائز ہے وہ نابالغ لڑکا بھی وہاں وضو کر سکتا ہے۔ بلا وجہ منع نہیں کر سکتے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۳۳۲) مرسلہ سید محمد زین الدین صاحب علوی خطیب الف کی مسجد احمد آباد ۵ ذیقعدہ ۱۳۵۴ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ مسجد میں دنیوی معاملات کی بابت تقریریں کرنا یا مشورہ یا گفتگو کرنا دو آدمی ہوں یا جماعت کثیر۔ ان پر شرع شریف کا کیا حکم ہے۔ نیز آداب مسجد کیا ہیں مفصّل بحوالۂ کتب واصل عبارت ارسال فرما کر مشکور فرمائیں۔

آداب مسجد بہت ہیں ان کی تفصیل درکار ہو تو ہماری کتاب بہار شریعت حصہ سوم دیکھنا چاہئے۔

دنیا کی بات کرنا مسجد میں منع ہے بیہقی نے شعب الایمان میں حسن سے مرسلاً روایت کی کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یأتی علی الناس زمان یکون حدیثھم فی مساجدھم فی امر دنیاھم فلا تجالسوھم فلیس للہ فیھم حاجۃ۔ ایک وہ زمانہ آئے گا کہ لوگ دنیا کی بات مسجد میں کریں گے تم لوگ ان کے ساتھ نہ بیٹھنا ایسے لوگوں کی اللہ تعالیٰ کو کچھ پرواہ نہیں امام مالک رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ مؤطا میں روایت کرتے ہیں بنی عمر رحبتہ فی ناحیۃ المسجد تسمی البطیحاء وقال من کان یرید ان یلغط او ینشد شعرا او یرفع صوتہ فلیخرج الی ھذہ الرحبۃ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مسجد کے قریب

میں ایک چبوترہ سابنوادیا تھا۔ اور فرمادیا کہ جس کو بے کار باتیں کرنی ہو یا شعر پڑھنا ہو یا آواز بلند کرنا ہو وہ اس چبوترہ پر چلا جائے۔ یہ دونوں حدیثیں مشکوٰۃ شریف میں موجود ہیں۔ امام ابن الہمام نے فتح القدیر میں فرمایا و الکلام المباح فیہ مکروہ یاکل الحسنات مسجد میں مباح گفتگو بھی منع ہے ایسا کلام نیکیوں کو برباد کردیتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ مرسلہ کچھو خاں ٹیچر الزواں ڈاکخانہ ضلع رائے بریلی۔

کیا فرماتے ہیں علماء و مفتیان شرع متین اس مسئلے میں کہ یہ شعر جو ذیل میں تحریر ہے اس کو مسجد میں لگانا چاہیئے اور یہ شعر صحیح ہے یا غلط۔ بے نمازی کیسا ہے شعر یہ ہے:۔

شیطان ہزار درجہ بہتر زبے نماز کو سجدہ پیش آدم وایں پیش حق نکرد

اس کا خلاصہ جواب باصواب عنایت کیا جاوے۔ بینوا توجروا۔

الجواب:۔ نماز کو قصداً چھوڑنا بہت سخت گناہ اور گناہ کبیرہ ہے اور بے نمازی فاسق ہے مگر صحیح یہ ہے کہ وہ کافر نہیں ہے یہی امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مذہب ہے اور شیطان یعین قطعاً یقیناً کافر ہے قرآن مجید کی نص قطعی ہے کہ، کان من الکافرین۔ بے نمازی اگرچہ نماز نہیں پڑھتا مگر اس کی فرضیت سے انکار نہیں کرتا۔ اور شیطان نے حکم الٰہی سے انکار کیا اور اسے غلط بتایا۔ لہٰذا بے نمازی کو شیطان کے برابر بھی نہیں کہا جاسکتا نہ کہ اس سے ہزار درجہ بدتر یہ شعر صحیح نہیں۔ اور اس کو مسجد میں نہ لگایا جائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ مرسلہ عبدالرحمٰن صاحب خانقاہ برکاتیہ مالیگاؤں ناسک ۲۰ جمادی الآخرہ۔

۱۹ ربیع الاول کو جو استفتاء آپ کو روانہ کیا گیا وہ آپ کو ملا یا نہیں۔ اگر ملا ہے تو کب تک جواب آئے گا۔ مرض برص اور مرض جذامی سے شادی بیاہ، لڑکا لڑکی دینا لینا، ان سے خلط ملط رکھنا، ان کے ہاتھ کا بھرا ہوا پانی اور ان کے ساتھ کھانا پینا، ان کا جوٹھا کھانا، اور ان کے بدن سے بدن ملانا اور ان کو مسجد میں آنے دینے سے اور صف کے اندر کھڑے ہونے سے روکنا وغیرہ شرعاً درست ہے یا نہیں، شرعاً کیسا ہے۔ زید مفتی کہتا ہے کہ ایسے لوگوں سے اگر صف کے اندر داخل ہوں تو نماز مکروہ تحریمی ہوتی ہے۔ زید کا کہنا آپ کی تحقیق میں صحیح ہے یا غلط۔

آپ کا بھیجا ہوا استفتاء طاہر میں اپنی بے فرصتی اور کمزوری کی وجہ سے اس کا جواب نہیں لکھ سکا۔ اب اسی کارڈ کے ساتھ اس کو بھی لکھ کر روانہ کرتا ہوں۔ کارڈ اور وہ لفافہ دونوں ایک ساتھ ڈاک میں روانہ ہوں گے۔

مجذوم یا ابرص سے میل جول اس کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا کھانا پینا ناجائز نہیں۔ خود حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے مجذوم کے ساتھ کھانا تناول فرمایا، اور فرمایا کل ثقۃ باللہ ہاں جو لوگ کمزور عقائد کے ہوں جن کو ان کے ساتھ مخالطت سے یہ خیال پیدا ہونے کا اندیشہ ہو کہ یہ بھی مبتلا ہو جائیں گے۔ ایسوں کے لئے بطور سد ذرائع بدعقیدگی یہ بھی فرمایا گیا ہے فر من المجذوم کما تفر من الاسد اور اسی قبیل سے ان کو مسجد میں آنے سے روکا جائے گا کہ ان کے آنے سے بعض مصلیوں کو پریشانی ہوگی۔ رد المحتار میں ہے والمجذوم والابرص اولی بالالحاق مگر یہ لوگ اگر شریک جماعت ہو گئے تو نماز میں کراہت اور وہ بھی تحریمی کہنا غلط ہے۔ کراہت تحریم کی کوئی وجہ نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۳۳۵) از قصبہ میر گنج پٹیا ضلع بریلی مرسلہ جناب عبد الغفور صاحب انصاری۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید نے مسجد کی اینٹیں ناپاک جگہ پائخانہ میں لگائیں اور مسجد میں حقہ بھر کر پیتا اور پلاتا ہے۔ لہٰذا شریعت مطہرہ کا کیا حکم ہے۔ بینوا توجروا۔

الجواب: مسجد کی اینٹوں کو پائخانہ میں نہیں لگانا چاہئے۔ علماء و مشائخ نے فرمایا کہ مسجد کا کوڑا نجاست کی جگہ نہ پھینکا جائے۔ جب کوڑے کے متعلق شریعت میں یہ ادب تحریر فرمایا گیا تو اینٹوں کو خاص پاخانہ میں لگانا کیونکر ٹھیک ہو سکتا ہے۔ یہ اس صورت میں ہے کہ وہ اینٹیں مسجد کی دیوار یا فرش میں لگی ہوئی تھیں۔ اور اگر مسجد کی اینٹوں سے یہ مراد ہے کہ مسجد کی ملک تھیں اور اس شخص نے ان کو خرید کر پاخانہ میں لگایا تو کوئی حرج نہیں۔ مسجد میں حقہ پینا نہیں چاہئے۔ خصوصاً وہ حقہ جس میں بدبو ہوتی ہے۔ اس سے ملائکہ کو ایذا ہوتی ہے۔ حدیث شریف میں ارشاد فرمایا من اکل من ھذہ الشجرۃ الخبیثۃ فلا یقربن مسجدنا۔ کچا لہسن اور پیاز کھا کر مسجد میں آنے کی ممانعت فرمائی اور یہ فرمایا فان الملئکۃ تتاذی مما یتاذی بہ الانس کہ جس چیز سے انسان کو اذیت ہوتی ہے ملائکہ کو بھی اس سے تکلیف ہوتی ہے لہٰذا حقہ پینے والے کے منہ میں اگر بدبو ہو تو جب تک اسے زائل نہ کرے مسجد میں داخل ہونے کی اسے اجازت نہیں۔ پس خاص اندرون مسجد حقہ پینے کی کیونکر اجازت دی جا سکتی ہے خصوصاً ایسی صورت میں کہ اہل عرف کے نزدیک یہ چیز احترام مسجد کے خلاف ہے جس طرح کہ پہلے زمانے میں مسجدوں کے اندر لوگ جوتے پہن کر آیا کرتے تھے مگر متاخرین کے عرف نے اس کو خلاف ادب قرار دیا۔ عالمگیری میں جوتا پہن کر مسجد میں آنے کو مکروہ فرمایا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۳۳۶) مرسلہ جناب عبد الغفور صاحب سکریٹری انجمن اشاعت الحق بنارس، ۸ رجمادی الاولیٰ ۱۳۶۷ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ مسجد میں علم دین کی تعلیم دینا جائز ہے یا نہیں۔ بعض لوگ جو یہ حدیث سنا دیا کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضور کا رومال مسجد میں چھوٹ گیا دوبارہ جب آپ لینے کے لئے تشریف لے گئے تو خداوند قدوس نے فرمایا کہ اے میرے پیارے حبیب کیا مسجد کسی عبداللہ کا گھر ہے۔ یہ حدیث سنا کر بعض عوام کہتے ہیں کہ علم کی تعلیم بھی مسجد میں ناجائز ہے یہ حدیث موضوع ہے یا نہیں۔

مسجد میں علم دین کی تعلیم جائز ہے حضور اقدس صلے اللہ تعالے علیہ وسلم کے زمانہ پاک میں مسجد نبوی میں علم دین کی تعلیم دی جاتی تھی۔ اور اس وقت سے لے کر اب تک دونوں حرم محترم میں علم دین کی تعلیم بلا نکیر جاری ہے۔ حدیثوں سے اس کا جواز ثابت ہے۔ صحیح مسلم شریف میں عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالے عنہ سے روایت ہے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالے علیہ وسلم تشریف لائے اور ہم صفہ میں تھے۔ ارشاد فرمایا ایکم یحب ان یغدو کل یوم الی بطحان او العقیق فیاتی بناقتین کوماوین فی غیر اثم ولا قطع رحم فقلنا یا رسول اللہ کلنا نحب ذلک قال افلا یغدو احدکم الی المسجد فیعلم او یقرأ آیتین من کتاب اللہ خیر لہ من ناقتین وثلث خیر لہ من ثلث واربع خیر لہ من اربع ومن اعدادھن من الابل۔

یہ حدیث جو سوال میں مذکور ہے میری نظر سے نہیں گذری۔ بظاہر یہ موضوع معلوم ہوتی ہے اس لئے کہ اگر کسی کی کوئی چیز مسجد میں چھوٹ جائے تو اس کے لینے کے لئے ضرور آدمی جا سکتا ہے اور اپنی چیز مسجد سے لا سکتا ہے۔ یہ نہیں کہ اگر مسجد میں کوئی چیز رہ جائے تو اب اس کو وہاں سے لانا ممنوع ہے۔ یہ البتہ ہے کہ مسجد میں اپنی گمی ہوئی چیز کو پکار پکار کر لوگوں سے دریافت کرنا ممنوع ہے۔ اور حدیث میں اس کی ممانعت آئی۔ صحیح مسلم شریف میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالے عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالے علیہ وسلم فرماتے ہیں من سمع رجلا ینشد ضالۃ فی المسجد فلیقل لا ردھا اللہ علیک فان المساجد لم تبن لھذا جو شخص کسی کو مسجد میں اپنی گمی ہوئی چیز کو پکارتا ہوا سنے یہ کہے کہ اللہ اس کو تجھ پر واپس نہ کرے کہ مسجدیں اس لئے نہیں بنائی گئیں۔ بالجملہ مسجد میں تعلیم جائز ہے مگر پڑھنے والوں اور پڑھانے والوں کو مسجد کا احترام ملحوظ رکھنا ضروری ہے۔ واللہ تعالے اعلم۔

باب قضاء الفوائت

مسئلہ (۳۳۷) مرسلہ جناب محمد رمضان صاحب از آبو روڈ مھراری راجپوتانہ ۲۲ جمادی الآخر ۱۳۴۰ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ اگر جماعت کی وجہ سے ظہر کی چار رکعت سنت چھوٹ جائے تو کب پڑھے زید رسالہ رکن دین کا حوالہ دیتے ہوئے یہ کہتا ہے کہ فتوی اسی پر ہے کہ فرض کے بعد فوراً پڑھے۔ بکر کہتا ہے کہ صورت مذکورہ میں، فرض کے بعد کی سنتوں کے بعد پڑھنا چاہئے اگر ایسا نہ کرے گا تو ترتیب جاتی رہے گی۔ بہتر یہی ہے کہ بعد کی سنتوں کے بعد پڑھے۔ اور میں رسالہ رکن دین کو نہیں مانتا جب تک علمائے اہلسنت تصدیق نہ کر دیں کہ اس کے کل مسائل حنفی مذہب کے مطابق ہیں۔ کیونکہ آجکل لوگوں نے مسائل ملا دیئے ہیں جس طرح اسلام کی پہلی، دوسری، تیسری کتابیں ہیں۔ لہٰذا حقیقت حال سے مطلع فرمائیں

بینوا توجروا۔

الجواب:- ظہر کے قبل کی سنتیں جب کہ جماعت کی وجہ سے فوت ہو جائیں تو فرض کے بعد پڑھی جائیں گی۔ رہا یہ امر کہ پہلے یہ پڑھی جائیں یا سنت بعدیہ۔ اس میں روایتیں مختلف آئیں۔ اور بہتر یہ ہے کہ پہلے بعد والی پڑھ لیں۔ پھر چار قبل والی پڑھیں کہ قبلیہ تو بہر حال اپنی جگہ پر نہ رہیں پھر بعدیہ کو کیوں بلا وجہ اپنی جگہ سے ہٹائیں گے۔ نیز حدیث سے بھی یہی ثابت۔ امام ابن ہمام علیہ الرحمہ فتح القدیر میں فرماتے ہیں والاولی تقدیم الرکعتین لان الاربع فاتت عن الموضوع المسنون فلا تفوت الرکعتان ایضا عن موضعہما قصدا بلا ضرورۃ وقد روی عن عائشۃ انہ علیہ الصلوۃ والسلام اذا فاتتہ الاربع قبل الظہر قضاہا بعد الرکعتین قال الترمذی حدیث غریب ولذا اتفقوا علی تقضائہا کذالک۔ رد المحتار میں ہے قال فی الامداد وفی فتاوی العتابی انہ المختار وفی مبسوط شیخ الاسلام انہ الاصح لحدیث عائشۃ انہ علیہ الصلوۃ والسلام کان اذا فاتتہ الاربع قبل الظہر یصلیہن بعد الرکعتین وہو قول ابی حنیفۃ وکذا فی جامع قاضیخاں۔ وہو تعالی اعلم۔

مسئلہ (۳۳۸) مسئولہ عبد الکریم از ضلع دربھنگہ ڈاکخانہ کمتول موضع بلیا۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مسئلہ ذیل میں زید کہتا ہے جس کو سنت فجر نہ ملی ہو وہ فرض کے بعد فوراً ادا کرے۔ اس لئے کہ اکثر خطرات درپیش ہوتی رہتی ہیں۔ ممکن ہے فوت ہو جائے اور عمرو کہتا ہے کہ طلوع آفتاب کے

بعد پڑھے اسلئے کہ اس سے قبل کوئی نماز نہیں۔ بینوا توجروا۔

الجواب:۔ فجر کے فرض پڑھے اور سنتیں نہ پڑھیں تو اب بعد فرض قبل طلوع آفتاب نہیں پڑھ سکتا، اگرچہ آفتاب طلوع ہونے میں دیر ہو۔ ہاں بعد بلندی آفتاب اگر چاہے تو پڑھ لے بہتر ہے، مگر اب سنت موکدہ نہ رہیں اور زید کا قول صحیح نہیں۔ اگر ضروریات کی وجہ سے بعد بلندی آفتاب نہ پڑھ سکا تو اس پر کوئی گناہ نہیں۔ نہ سنت کا مطالبہ۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

مسئلہ (۳۳۹) کسی پر ایک دن کی نماز قضا باقی رہ گئی ہو تو بعد وفات پانچ وقتوں کا فدیہ نصف نصف صاع گیہوں دینا چاہئے، یا وتر سمیت چھ وقتوں کا۔

الجواب:۔ ہر روز کی چھ نمازوں کا فدیہ دینا چاہئے پانچ فرض اور ایک وتر کا۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

مسئلہ (۳۴۰) مسئولہ حاجی ایوب صاحب۔ از ٹمرنی ضلع ہوشنگ آباد۔

زمانہ ناواقفیت میں جو نمازیں پڑھی گئیں ان میں واجب ترک ہوتا رہا مثلاً قومہ نہ کرنا یا حالت سجود میں زمین سے دونوں پاؤں کے تین تین انگلیوں کے پیٹ نہ لگانا۔ توان نمازوں کا اعادہ واجب ہے یا نہیں۔

اسی طرح جو شخص فرض ترک کرتا رہا مثلاً پہلے وہ قرارۃ غلط کرتا ہو بعد میں اس نے تصحیح کرلی تو کیا گذشتہ نمازوں کی قضا فرض ہے۔ بینوا توجروا۔

الجواب:۔ جو نمازیں اس طرح پڑھیں کہ واجب ترک ہوا۔ ان کا اعادہ کرے۔ درمختار میں ہے کل صلوٰۃ ادیت مع کراھۃ التحریم تجب اعادتھا اور فرض ترک کیا تو نماز ہوئی ہی نہیں۔ فرض ذمہ پر باقی ہے۔ اور نہ جاننا عذر نہیں۔ اور قرارۃ اگر غلط پڑھتا تھا اور صحیح پڑھنے کی کوشش برابر کرتا رہا تو اس زمانہ کی نمازیں ہوگئیں اور اگر نہ صحیح پڑھا نہ پوری کوشش کی تو نہ ہوئیں۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

مسئلہ (۳۴۱) از قصبہ فتح کھلاڑا ضلع بلڈانہ سی پی مرسلہ محمد اسلم خاں۔ ۱۲ رجب ۴۶ھ

وقت کی نماز ادا کرنے کے بعد قضا یاد آئی تو کیا کرے۔

الجواب:۔ ادا کرنے کے بعد قضا یاد آئی تو کوئی حرج نہیں اور درمیان میں یاد آئے اور وقت میں گنجائش ہو تو صاحب ترتیب کی نماز جاتی رہے گی۔ اور صاحب ترتیب نہ ہو تو اس میں بھی حرج نہیں۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

عہ صاحب ترتیب وہ شخص ہے جس کے ذمہ پانچ وقت سے زائد نمازیں نہ ہوں۔ واللہ تعالےٰ اعلم ۱۲ امجدی۔

وقتی نماز ادا کرنے کے بعد قضا نماز یاد آئی تو کوئی حرج نہیں

مسئلہ (۳۴۲) از موضع برھولی ڈاکخانہ مانگ ضلع سلطانپور مرسلہ جناب خدابخش صاحب۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ کسی شخص سے ایک وقت کی نماز قضا ہوگئی دوسرے وقت بھول کر وقتی سنت بغیر قضا پڑھے ہوئے شروع کر دی۔ اثناء نماز میں یاد آیا کہ اس سے پہلے وقت کی نماز قضا ہے تو کیا وہ فاسد ہوگئی یا صرف فرض ہی ہوتا ہے اور وہ ایک پڑھا ہے تو دو کرلے یا تین رکعت پڑھا ہے تو چار کرلے۔ یا نماز سنت میں قضا نماز کے سبب سے کچھ اثر نہیں ہوتا صرف فرض پر ہی ہوتا ہے اور وہ نماز نفل ہوتی ہے یا نہیں یا جتنی کی نیت کی ہے اتنی پوری کرلے یا شفعہ پوری کرکے نماز سے نکل جائے۔

الجواب:۔ صاحب ترتیب کے لئے لازم ہے کہ اگر وقت میں گنجائش ہو تو پہلے قضا پڑھے اسکے بعد وقتی ادا کرے۔ اور وقت میں گنجائش ہو اور یاد بھی ہو تو وقتی پڑھنا جائز نہیں۔ یوں ہی اگر اثنار نماز میں یاد آجائے تو وقتی جاتی رہی قضا پڑھکر وقتی کو بعد میں پھر پڑھے۔ مگر سنت وقت میں اگر مشغول ہونے کے بعد قضا یاد آئی تو سنت فاسد نہ ہوگی۔ سنت پوری کرکے قضا پڑھے پھر وقتی پڑھے۔ خلاصہ یہ کہ قضا و سنت میں ترتیب واجب نہیں۔ درمختار میں ہے۔ الترتیب[عہ] بین الفروض الخمسة والوتر اداء وقضاء لازم۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ (۳۴۳) از پنجاب مرسلہ جناب میاں دین محمد صاحب نوشابی ۲۵ ذی الحجہ ۱۳۴۸ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین زادہم اللہ شرفا وتعظیما مسئلہ ذیل میں۔

ماہ رمضان المبارک اخیر جمعہ کو قضائے عمری[ملہ] یعنی پانچ وقت فجر وظہر وعصر، مغرب وعشاء کی نمازیں بطور قضا پڑھنا اور یہ خیال کرنا کہ ماسبق کی فوت شدہ نمازیں ساقط ہوگئیں، کیسا ہے یا محض اس روز نوافل پڑھنا بغرض عبادت وفضیلت جمیع

عہ وجہ استدلال یہ ہے کہ کتب فقہ میں مفہوم مخالف معتبر ہے۔ جب ترتیب فرائض اور وتر کے ساتھ خاص ہے تو اس سے معلوم ہوا کہ سنتوں میں ترتیب نہیں۔ واللہ تعالٰی اعلم۔ امجدی ملہ اس قضائے عمری کے ثبوت میں ایک حدیث پیش کی جاتی ہے من قضی صلاة من الفرائض فی آخر جمعة من رمضان کان ذالک جابرا لکل صلاة فائتة فی عمرہ الی سبعین سنة۔ یہ حدیث باطل محض موضوع ہے۔ ملا علی قاری موضوعات کبیر میں فرماتے ہیں باطل قطعا لانہ مناقض للاجماع علی ان شیئا من العبادات لا تقوم مقام فائتة سنوات۔ یہ حدیث قطعا باطل ہے۔ اس لئے کہ یہ اس اجماع امت کے مناقض ہے کہ کوئی عبادت سالہا سال کی فوت شدہ کے قائم مقام نہیں ہوسکتی۔ **اقول** نیز یہ حدیث مناقض ہے اس صحیح حدیث کے جو صحیحین وغیرہ میں انس بن مالک رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا من نسی صلاة فلیصلہا اذا ذکر ہا لا کفارة لہا الا ذالک۔ جو کسی نماز کو بھول جائے (نہ پڑھی ہو) تو جب یاد آئے پڑھ لے۔ اس کے علاوہ اس کا اور کوئی کفارہ نہیں۔ بناء علیہ علامہ عبد الباقی زرقانی شرح مواہب میں فرماتے ہیں اقبح من ذالک ما اعتید فی بعض البلاد من صلاة الجمعة

(بقیہ اگلے صفحہ پر)

الجواب: جتنی نمازیں قضا ہوئی ہوں ہر ایک نماز کی جگہ ایک ایک نماز پڑھنا فرض ہے۔ مثلاً اگر پچاس وقت کی نماز ظہر نہیں پڑھی ہے تو قضا میں پچاس ظہر پڑھنا فرض ہے۔ یہ نہیں ہو سکتا کہ فقط ایک ظہر سے کل ظہر کی قضا ادا ہو جائے۔ اس لئے کہ قضا کے معنی تسلیم مثل الواجب ہیں اور ظاہر ہے کہ پچاس نمازوں کی مثل ایک نماز نہیں۔ درمختار میں قضاء کی یہ تعریف مذکور ہے والقضاء فعل الواجب بعد وقتہ تو ایک نماز پڑھنے میں ایک واجب کا فعل ہوا تو ایک ہی کی قضاء ہوئی عمر بھر کی تمام قضاؤں کے عوض میں ایک نماز نہیں ہو سکتی۔ اس تعریف کی بنا پر بھی جتنے واجبات ذمہ میں ہوں سب جب تک نہ پڑھے جائیں سب کی قضا نہ ہوگی۔ فتاویٰ عالمگیری میں ہے کل صلوٰۃ فاتت عن الوقت بعد وجوبھا فیہ یلزمہ قضاءھا۔ لہٰذا یہ خیال محض لغو ہے۔ کہ ایک نماز سے عمر بھر کی نمازوں کی قضا ادا ہو جائے گی اور قضائے عمری کی نیت سے جو نماز پڑھی ہے وہ عمر بھر کی قضاؤں کے قائم مقام تو ہوئی نہیں مگر اس سے ایک نماز بھی ذمہ سے ساقط ہوئی یا نہیں اگر اس کے ذمہ متعدد قضا نمازیں ہیں، اور قضاء عمری میں یہ نیت ہے کہ عمر بھر کی مثلاً ظہر کی قضا نمازیں پڑھتا ہوں کسی خاص دن کے ظہر کی نیت نہ کی تو اس نیت سے پڑھنے میں ایک وقت کی بھی قضا نہ ہوئی کہ قضا میں تعیین نماز کی نیت شرط ہے۔ مثلاً فلاں دن کی فلاں نماز۔ اور مطلق ظہر میں چونکہ تعیین و تخصیص نہیں۔ لہٰذا فرض ذمہ سے ساقط نہیں۔ درمختار میں ولا بد من التعیین عند النیۃ بفرض انہ ظہر او عصر قرنہ بالیوم او الوقت اولا ھو الاصح ولو الفرض قضاء ولکنہ یعین ظہر یوم کذا علی المعتمد۔ اسی واسطے فقہا فرماتے ہیں جس کے ذمہ متعدد نمازیں ہوں اور دن یاد نہ ہوں وہ قضا میں یہ نیت کرے کہ سب سے پہلی یا سب میں پچھلی فلاں نماز جو میرے ذمہ ہے وہ پڑھتا ہوں کہ اس صورت میں تعیین و تخصیص ہو گئی۔ ہر نماز میں یہی نیت کرے کہ جو پڑھ چکا اب اس کے بعد والی سب میں پہلی یا پچھلی ایک ہی ہوگی۔ درمختار میں ہے والاسھل نیۃ اول ظہر علیہ او اٰخر ظہر پھر اگر اس نے تعیین کر بھی لی اور یہ نماز جماعت سے ہو تو ہو سکتا ہے کہ امام نے جس خاص دن کی نماز کی نیت کی، اس خاص نماز کی نیت اس نے نہیں کی ہے۔ مثلاً اس روز کی نماز اس کے ذمہ باقی ہی نہیں، یا ہے مگر اس نے اس کی نیت نہیں کی بلکہ اس نے دوسرے دن کی نماز کی نیت کی ہے تو اگرچہ اس نے خاص نماز کی نیت کی مگر چونکہ اقتدا کے لئے اتحاد نماز شرط ہے اور یہ شرط مفقود

بقیہ ۲۷۲ ۔ فی ھذہ الجمعۃ عقب صلٰوتھا زاعمین انھا تکفر صلوات العام او العمر المتروکۃ حرام بوجوہ لا تخفی۔ اس سے مراد یہ ہے کہ بعض جگہ عادت ہے کہ اس جمعہ (جمعۃ الوداع) کو نماز جمعہ کے بعد پانچوں نمازیں پڑھتے ہیں۔ یہ گمان کر کے کہ سال بھر یا عمر بھر کی چھوڑی ہوئی نمازوں کا کفارہ ہے۔ یہ حرام ہے متعدد وجوہ سے جو ظاہر ہیں۔ یہ وجوہ اصل فتوے میں مفصل موجود ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ امجدی۔

لہٰذا اس کی نماز نہ ہوئی۔ درمختار شرائط اقتدا میں ہے واتحاد مکانھما (وصلاتھما) نور الایضاح میں ہے وان لا یکون مصلیا فرضا غیر فرضہ بالجملہ یہ بہت نادر ہو گا کہ قضاء عمری میں امام اور تمام مقتدیوں نے ایک ہی دن کی نماز کی نیت باندھی ہو اور جب ایسا نہ ہو تو یہ نماز نفل ہو گی جس کو جماعت سے ادا کرتے ہیں اور نماز نفل باجماعت تداعی کے ساتھ پڑھنا مکروہ ہے اور تداعی کے معنی یہ ہیں کہ چار یا چار سے زیادہ مقتدی ہوں۔ درمختار میں ہے یکرہ ذلک لو علی سبیل التداعی بان یقتدی اربعۃ بواحد اسی واسطے فقہائے کرام صلاۃ الرغائب کہ رجب کی پہلی شب جمعہ میں نوافل باجماعت پڑھتے ہیں مکروہ کہتے ہیں یوہیں شب برات یا شب قدر میں نوافل باجماعت تداعی کے ساتھ پڑھنا مکروہ ہے۔ درمختار میں ہے یکرہ الاقتداء فی صلاۃ الرغائب براءۃ وقدر۔ رد المحتار میں حموی سے ہے وقد صنف العلماء کتبا فی انکارھا وذمھا وتسفیہ فاعلھا ولا یغتر بکثرۃ الفاعلین لھا فی کثیر من الامصار۔ البتہ یہ متبرک راتیں ہیں۔ ان میں کثرت عبادت مرغوب ہے تنہا نوافل پڑھیں اور جماعت سے پڑھیں تو چار مقتدی نہ ہوں یا دیگر امور خیر کریں، تلاوت قرآن مجید، درود شریف، ذکر الٰہی، وعظ و تذکیر وغیرہ۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

باب سجود السہو

مسئلہ (۴۴۳) مرسلہ مولوی قادر بخش صاحب از چوہڑکوٹ تحصیل بارکھان بلوچستان غرہ جمادی الاولی ۱۳۴۶ھ

چوں مقتدی در پس امام سہواً ترک واجب کرد، وسجدہ سہو را نکرد، بنا براین کہ فقہائے کرام فرمودہ:۔ لا سہو علی المقتدی ایا بسبب ترک واجب ونقصان، کہ بوجہ ترک لازم شدہ است اعادہ نماز بر مقتدی لازم یا نہ

الجواب:۔ چوں از مقتدی سہواً ترک واجب واقع شد، نہ بر وے سجدہ سہو واجب است، نہ اعادہ نماز اعادہ در آں صورت واجب است کہ عمداً ترک واجب کند، یا او از جانب شرع بسجدہ سہو مامور بود ونکند، خواہ نکردن از سہو بود، یا بالقصد یا واجب بود مگر بسبب عدم صلاحیت وقت ساقط شد۔ وایں جا یسے از اسباب اعادہ متحقق نہ شدہ۔ در عامہ متون مذکور است ویجب علی المقتدی بسہو امامہ لا بسہوہ اھ ثم قال فی النہر ثم مقتضی کلامھم انہ یعید مالثبوت الکراہۃ مع تعذر الجابر اھ واقرہ العلامۃ ابن عابدین اقول

وهو سهو منه اما اولاً فلان العلامة الشامی نفسه صرح فیما اذا اسقط سجود السهو بلا صنعه لا یلزم علیه الاعادة فکیف یحکم بوجوب الاعادة فی هذه الصورة مع انه لم یجب علیه اصلاً وثانیاً هذا لیس بمقتضیٰ کلامهم فانهم لم یصرحوا بثبوت السهو حتی فی هذه الصورة حتی یلزم الاعادة. وثالثاً صرح فی رد المحتار فی واجبات الصلوٰة تحت قول الشارح تعاد وجوبا فی العمد والسهو ان لم یسجد له وینبغی تقیید وجوب الاعادة بما اذا لم یکن الترک لعذر کالامی او من اسلم فی آخر الوقت قبل ان یتعلم الفاتحة فلا تلزمه الاعادة اھ وانت تعلم انه فی هذه الصورة معذور وعذره معتبر شرعاً وبهذا السبب لم یجب علیه السجود فلیس علیه الاعادة وقال فی واجبات الصلوٰة لو قرأ خلفه ما ذکره تحریماً ولا تفسد فی الاصح کما قیل باب الامامة ولا یلزمه سجود سهو لو قرأ سهواً فلانه لا سهو علی المقتدی وهل یلزم المعتقد الاعادة تحرر و تبعاً لوجوبها فعلم ان الاعادة علی المقتدی فی صورة العمد لا فی صورة السهو وایضاً قال فی باب سجود السهو والظاهر ان المقتدی تجب علیه الاعادة وربما انکان استوفی بفعل العمد تقرر النقصان بلا جابر من غیر عذر اھ فعلم ان تقرر النقصان بلا جابر ان کان لعذر وفی السنن عن امیر المومنین عمر بن الخطاب رضی الله تعالی عنه قال رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم لیس علی من خلف الامام سهو فان سها فعلیه وعلی من خلفه. فیه نفی السهو عن المقتدی والظاهر ان النفی نفی الحکم لا نفی الوقوع کما دلت علیه کلمة علی فمعنی الحدیث ان سهو المقتدی لیس له حکم ای لیس علیه السجود ولا الاعادة وایضاً قال الامام ملک العلماء فی البدائع المقتدی اذا سها فی صلٰوته فلا سهو علیه اھ ومعنی هذا الکلام کما عرفت انه لیس علیه السجود ولا الاعادة ـ وایضاً قال الامام ابو جعفر الطحاوی فی شرح معانی الآثار فی مسئلة اقتداء المفترض بالمتنفل اما حکمه بطریق النظر فانا قد رأینا صلٰوة المامومین مضمنة بصلٰوة امامهم بصحتها وفسادها یوجب ذلک النظر الصحیح ـ من ذلک انا رأینا الامام اذا سها وجب علی من خلفه لسهوه ما وجب علیه ولو سهوا هم ولم یسه هو لم یجب علیهم ما یجب علی الامام اذا سها اھ ولا یخفی علیک ان الامام اذا سها یجب علیه السجود فاذا لم یسجد یجب علیه الاعادة وتری ان هذا الامام الهمام ینفی عن المقتدی ما یجب علی الامام فی السهو فانتفی لازمان السجود والاعادة وایضاً قال بعد هذا الکلام ثبت ان المامومین یجب علیهم حکم السهو بسهو الامام وینتفی عنهم حکم السهو بانتفائه عن الامام اھ وهذا اصرح من الاول لان حکم سهو المقتدی منتف عن الامام فاذا انتفی عن الامام فقد انتفی

مر الحکم علیه الاعادة ومعنا الذی ذکره رواه الدار قطنی والسنن والبیهقی

عن المقتدی فی ذا انتفی الحکم راسا فکما لا یجب السجود لا یجب علیہ الاعادۃ وان اردت اصح من ھذا سمعہ
فاعلم ان الامام شمس الائمۃ السرخسی قال فی المبسوط سھو المقتدی متعطل اھ وقال الامام ملک العلماء فی
البدائع لان سھوہ سھو المقتدی وسھو المقتدی متعطل اھ وایضا قال لانہ مقتد وسھو المقتدی باطل اھ
فاذا کان سھوہ متعطلا وباطلا فکیف یلزمہ الاعادۃ لانا اذا حکمنا بالاعادۃ فلم یتعطل ولم یبطل فقد
عرفت بحمد اللہ تعالی ان صرائح نصوصھم تحکم بعدم الاعادۃ علی خلاف ما قال صاحب النہر ان مقتضی کلامھم
انہ یعید لان الاعادۃ لیس مقتضی کلامھم بل یخالف تصریحا تم وللہ الحمد۔ واللہ تعالی اعلم۔

مسئلہ (۳۴۵) مسئولہ مولوی احسان علی صاحب طالب العلم مدرسہ اہلسنت بریلی ۱۲ جمادی الاولی ۱۳۴۰ھ

امام اگر نماز جہری میں آہستہ پڑھ جائے تو سجدہ سہو ہوگا یا نہیں۔

الجواب:- سجدہ سہو واجب ہوگا جب کہ ایک آیت کے قدر پڑھ لیا ہو۔ لترک الواجب۔ یہ اس صورت میں ہے، کہ سہواً ایسا ہوا اور قصداً ایسا کیا تو اعادہ واجب کہ سجدہ سہو اسی وقت کافی ہوتا ہے جب سہواً ترک واجب ہوا اور قصداً ترک واجب میں سجدہ سہو نقصان کو پورا نہیں کرسکتا۔ والمسئلۃ مصرحۃ بہا فی الدر وغیرہ من الاسفار الغر والامر بین لا یحتاج الی البیان فان ھذہ السجدۃ تسمی بسجدۃ السھو واذا ترک الواجب عمدا لم یوجد السھو فکیف یسجد لہ لانہ متفرع علی السھو۔ واللہ تعالی اعلم۔

مسئلہ (۳۴۶) مسئولہ حاجی عبد اللطیف ایوب صاحب ساکن ٹرنی ضلع ہوشنگ آباد ۱۰ر شوال ۱۳۴۱ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ بحالت نماز سجدہ میں دونوں پاؤں کی تین تین انگلیاں کے پیٹ زمین سے لگانا واجب ہے جیسا کہ بہار شریعت میں ہے۔ لیکن اگر چھ سے کم انگلیاں لگے تو اس ترک واجب پر سجدہ سہو کرنا چاہئے یا نہیں نیز ایک انگوٹھا یا دو تین انگلیوں کا سرا زمین سے لگے تو کیا حکم ہے۔

الجواب:- واجبات نماز سے ہر واجب کے ترک کا یہی حکم ہے کہ اگر سہواً ہو تو سجدہ سہو واجب، اور اگر سجدہ سہو نہ کیا، یا قصداً واجب کو ترک کیا تو نماز کا اعادہ واجب ہے۔ درمختار میں ہے وتعاد وجوبا فی العمد والسھو ان لم یسجد لہ نیز اسی میں ہے یجب لہ بعد سلام بترک واجب سھوا فلا سجود فی العمد اور ایک انگلی بھی اگر زمین پر نہ لگائی تو نماز ہی نہ ہوئی، کہ ایک انگلی کا پیٹ لگانا شرط ہے۔ درمختار میں ہے۔ وضع اصبع واحدۃ منھا شرط۔ واللہ تعالی اعلم۔

مسئلہ (۳۴۷) مسئولہ حافظ حسین الدین صاحب محلہ ملوکپور بریلی شریف۔ ۹ جمادی الاولیٰ ۱۳۶۲ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ اگر امام کو قرارت میں سہو ہوا اور مقتدی لقمہ دے تو امام لقمہ قبول کرے گا یا نہیں۔ اگر قبول کرے تو سجدہ سہو کرے گا یا نہیں اگر سجدۂ سہو نہ کیا تو نماز ہوگی یا نہیں۔

الجواب:۔ قرارت میں اگر ایسی غلطی ہوئی جس سے نماز فاسد ہوتی ہے جب تو اصلاح نماز کے لئے لقمہ ضرور ہے اور اگر ایسی غلطی نہیں جب بھی صحیح لقمہ دے سکتا ہے۔ اور امام لے سکتا ہے۔ اگرچہ تین آئتیں پڑھ چکا ہو۔ اور اس صورت میں سجدۂ سہو نہیں۔ سجدہ سہو اوس صورت میں ہے کہ ترک واجب سہواً ہوا ہو، درمختار میں ہے بخلاف فتحہ علی امامہ فانہ لا یفسد مطلقا لفاتح و آخذ بکل حال۔ رد المحتار میں ہے سواء قرأ الامام قدر ما تجوز بہ الصلوٰۃ ام لا انتقل الی آیۃ اخری ام لا تکرر الفتح ام لا ہو الاصح نہر۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۳۴۸) مرسلہ دل محمد صاحب حامدی رضوی از شہر بوڑہ محلہ پھانسی تلہ ۱۳ شعبان ۱۳۶۲ھ

نماز تراویح میں امام کو کسی نے لقمہ دیا تو امام کو سجدۂ سہو کرنا چاہئے یا نہیں؟

(۳۴۹) نماز پنجگانہ میں امام سے کوئی آیت یا لفظ چھوٹ جائے تو پھر اوپر سے پڑھے اور سجدہ سہو نہ کرے نماز ہو جائے گی۔

الجواب:۔ نماز تراویح میں امام سے غلطی ہوئی اور کسی نے صحیح لقمہ دیا تو سجدہ سہو واجب نہیں۔ وہو تعالیٰ اعلم۔

آیت یا لفظ چھوٹ گئے اور یاد آگئے تو اسے پڑھ لینا چاہئے اور سجدۂ سہو اس صورت میں بھی نہیں۔ سجدۂ سہو اس وقت واجب ہوتا ہے کہ کوئی واجب نماز بھول کر ترک ہو جائے۔ وہو تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۳۵۰، ۳۵۱)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مسائل ذیل میں۔

۔ امام نے قرارت میں تقدیم و تاخیر کی ہے تو نماز کا اعادہ ضروری ہے یا نہیں۔

۔ امام نے نماز میں تین آئتیں پڑھلی ہیں۔ اس کے بعد ایک آیت چھوڑ دی تو اس وقت لقمہ دینا جائز ہے یا نہیں اور نماز لوٹانا ہوگی یا نہیں۔

الجواب:۔ سورتوں کو باترتیب پڑھنا۔ واجب ہے۔ درمختار میں ہے دیکرہ ان یقرأ منکوسا۔ رد المحتار

میں ہے بان یقرأ فی الثانیۃ سورۃ اعلی مما قرأ فی الاولی لان ترتیب السور فی القراءۃ من واجبات التلاوۃ۔ مگر چوں کہ یہ واجبات تلاوت سے ہے واجبات نماز سے نہیں۔ لہٰذا نماز واجب الاعادہ نہ ہوگی کہ اعادہ نماز کا وجوب ترک و واجبات صلاۃ میں ہے۔ ہاں قصداً ایسا کرے تو گنہگار ہوگا اور سہواً ہوا تو کراہت نہیں، بلکہ شروع کر دینے کے بعد یاد آیا تو اب اسے نہ چھوڑے۔ درمختار میں ہے قرأ فی الاولی الکٰفرون وفی الثانیۃ الم تر او تبت ثم ذکر یتم ردالمحتار میں فرمایا افاد ان التنکیس انما یکرہ اذا کان عن قصد فلو سہوا فلا کما فی شرح المنیۃ۔ اگر یہ واجبات نماز سے ہوتا تو سہواً ترک ہونے پر سجدۂ سہو لازم ہوتا مگر لازم نہیں تو اعادہ بھی واجب نہیں کہ اعادہ کا حکم اوسی میں ہے۔ نیز اسی ردالمحتار میں ہے فلو قرأ منکوسا اثم لکن لا یلزمہ سجود السہو لان ذٰلک من واجبات القراءۃ لا من واجبات الصلوٰۃ کما ذکرہ فی البحر فی باب السہو۔ واللہ تعالیٰ اعلم

الجواب ۲: امام سے غلطی ہوئی تو مقتدی لقمہ دے سکتا ہے۔ تین آیت کے پہلے ہو یا بعد۔ بلکہ اگر وہ غلطی مفسد نماز ہے تو بتانا ضرور ہے۔ ورنہ نماز جاتی رہے گی۔ اور پہلی صورت میں نماز لوٹانے کی ضرورت نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۳۵۲) از سکندر پور ضلع بلیا مرسلہ جناب حکیم احمد حسین صاحب۔

دریافت طلب یہ امر ہے کہ دونوں سجدوں کے درمیان جلسہ میں بعض حضرات یہ دعا پڑھا کرتے ہیں اللّٰھم اغفرلی وارحمنی واھدنی وارزقنی۔ مگر جناب نے اس کو بہار شریعت میں نہیں لکھا ہے۔ بلکہ شاید دونوں سجدوں کے درمیان محض سبحان اللہ ایک بار کہنے تک کا وقفہ لکھا ہے اگر اس سے زیادہ دیر ہوگئی تو سجدۂ سہو واجب ہو جاتا ہے۔ اگر فرصت ہو تو براہ کرم دو کلمہ تحریر ہو۔

الجواب: قومہ اور جلسہ میں بقدر ایک تسبیح کے وقفہ سنت ہے۔ اور امام ابن ہمام کے نزدیک واجب اور امام ابو یوسف کے نزدیک فرض۔ درمختار بیان واجبات میں ہے وتعدیل الارکان ای تسکین الجوارح قدر تسبیحۃ فی الرکوع والسجود وکذا فی الرفع منھما علی ما اختارہ الکمال وعند الثانی الاربعۃ فرض اور امام احمد بن حنبل کے نزدیک اللّٰھم اغفرلی کہنا فرض ہے اور ہمارے مذہب میں فرائض نماز کے قومہ جلسہ میں کوئی ذکر مسنون نہیں اگر اللّٰھم اغفرلی کہہ لیا جائے تو کراہت بھی نہیں بلکہ نظر بقواعد مذہب مستحب ہونا چاہئے۔ تو جب اپنے مذہب میں کوئی چیز ممنوع نہ ہو اور دوسرے مذہب میں فرض و واجب ہو تو ایسی چیز پر عمل کرنا اختلاف سے بچنے کی وجہ سے اولیٰ ہے۔ درمختار میں ہے۔ ولیس بینھما (ای بین السجدتین) ذکر مسنون وکذا لیس بعد رفعہ من الرکوع دعاء الی المذھب وما ورد محمول علی النفل۔ اور ردالمحتار میں ہے

قال ابو یوسف سألت الامام أیقول الرجل اذا رفع رأسہ من الرکوع والسجود اللّٰھم اغفرلی قال یقول ربنا لک الحمد وسکت
ولقد احسن فی الجواب اذ لم ینہ عن الاستغفار۔ نہر وغیرہ **اقول** بل فیہ اشارۃ الی انہ غیر مکروہ اذ لو کان مکروھا
لنہی عنہ کما ینہی عن القراءۃ فی الرکوع والسجود وعدم کونہ مسنونا لاینافی الجواز کالتسمیۃ بین الفاتحۃ والسورۃ بل ینبغی
ان یندب الدعاء بالمغفرۃ بین السجدتین خروجا من خلاف الامام احمد لابطالہ الصلوۃ بترکہ عامدا ولم ار من صرح
بذلک عندنا لکن صرحوا باستحباب مراعاۃ الخلاف۔ نیز اسی میں ہے ثم الحمل المذکور (علی النوافل) صرح بہ
المشائخ فی الوارد فی الرکوع والسجود وصرح بہ فی الحلیۃ فی الوارد فی القومۃ والجلسۃ وقال علی انہ ان ثبت
فی المکتوبۃ فلیکن فی حالۃ الانفراد او الجماعۃ والماموم محصورون لایتثقلون بذلک کما نص علیہ الشافعیۃ
ولاضرر فی التزامہ وان لم یصرح بہ مشائخنا فان القواعد الشرعیۃ لاتنبو عنہ جو دعا سوال میں مذکور ہے یہ
حدیث ابوداؤد میں بین السجدتین وارد ہے اور اس میں ' وارحمنی ' کے بعد ' عافنی ' بھی ہے۔ بالجملہ صورت مذکورہ میں سجدۂ
سہو واجب نہیں کہ مکروہ ہونا ثابت نہیں۔ وھو تعالٰی اعلم۔

مسئلہ (۳۵۳) از قصبہ فتح کھلا ضلع بلڈانہ سی پی، مرسلہ محمد اسلم خاں ۱۲ رجب ۱۳۴۶ھ

قرأت میں نماز کے اندر کسی نے کوئی کلمہ دو بار، یا سہ بار، دہرا دیا تو کیا سجدہ سہو کرے گا یا درمیان قرأت
میں کوئی لفظ یا آیت چھوڑ دی تو کیا حکم ہے۔

الجواب:۔ اگر غلطی سے دہرایا یا شبہ پڑ گیا تو نماز میں حرج نہیں اور قصداً دہرایا اور معنی فاسد ہوگئے تو نماز جاتی رہی
جیسے رب رب العالمین ورنہ ہوگئی جیسے الرحمٰن الرحیم کی تکرار ہر جگہ صحت معنی و فساد معنی کا اعتبار ہے معنی فاسد
ہونے کی صورت میں نماز فاسد، ورنہ ہو جاتی ہے۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ (۳۵۴) از رنگون مرسلہ جناب ایس ایم علی حسین صاحب ۱۲ ذی الحجہ ۱۳۴۶ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین کہ اگر امام نماز جمعہ کے اندر نیت باندھ کر بعد تکبیر تحریمہ کے
بجائے سورۂ فاتحہ بھول سے پہلے یسبح للہ بآواز بلند پڑھے اور پھر یاد آجانے پر سورۂ فاتحہ کے ساتھ سورۂ مذکور کو یعنی یسبح
للہ ما فی السموات پڑھ کر دونوں رکعتیں باقاعدہ ادا کرے تو کیا ان صورتوں میں امام کو سجدۂ سہو لازم آئے گا یا نہیں بینوا توجروا

الجواب:۔ فقط اتنا پڑھنے پر سجدۂ سہو واجب نہیں۔ ہاں اگر ایک آیت پڑھ لیتا تو سجدۂ سہو واجب ہو جاتا۔ اور بعض

ائمہ نے فرمایا ہے کہ ایک حرف کا پڑھنا بھی موجب سجدہ سہو ہے عالمگیری میں ہے ومن سہا عن فاتحۃ الکتاب فی الاولیٰ او فی الثانیۃ وتذکر بعد ما قرأ بعض السورۃ یعود فیقرأ بالفاتحۃ ثم بالسورۃ قال الفقیہ ابو اللیث یلزمہ سجود السہو وان کان قرأ حرفا۔ مگر صحیح یہ ہے کہ حرف سے مراد وہ مقدار ہے جس سے ایک رکن ادا ہو جاتا ہے یعنی ایک آیت اور اس سے کم میں سجدۂ سہو واجب نہیں۔ رد المحتار میں ہے قالوا لو قرأ حرفا من السورۃ ساھیا ثم تذکر یقرأ الفاتحۃ ثم السورۃ ویلزمہ سجود السھو بحر۔ وھل المراد بالحرف حقیقۃ او الکلمۃ یراجع ثم رأیت فی سھو البحر قال بعد ما مر وتقدم فی فتح القدیر ان یکون مقدار ما یتادی بہ رکن اھ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۳۵۵) مسئولہ مولوی سید رشید الدین صاحب بریلوی۔ ۲۱ صفر ۴۷ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل میں۔

کیا ادائے سجدہ سہو کی حنفیہ کے نزدیک چار صورتیں حسب ذیل ہیں یا نہیں۔

اول۔ طریقہ عام یعنی صرف التحیات پڑھ کر اور ایک طرف (داہنے) سلام پھیر کر دو سجدہ سہو کر کے دوبارہ التحیات پڑھ کر درود شریف اور دعا بھی پڑھے اور دونوں طرف سلام پھیر دے۔ دوسرا۔ طریقہ یہ ہے کہ اول التحیات اور درود شریف اور دعا سب پڑھ کر حسب سابق صرف داہنی طرف سلام پھیر کر سجود سہو کر کے دوبارہ صرف التحیات پڑھ کر دونوں طرف سلام پھیر دے۔ تیسرا طریقہ یہ کہ اول میں التحیات اور درود اور دعا سب پڑھ کر ایک طرف سلام پھیر کر سجدہ سہو کرے اور دوبارہ بھی سب التحیات درود و دعا پڑھے اور پھر دونوں طرف سلام پھیرے۔ چنانچہ اس تیسری صورت کے متعلق مولوی رکن الدین صاحب الوری رسالہ رکن الدین میں لکھتے ہیں۔ بحوالہ فتاویٰ عالمگیری۔

سوال: پہلے قعدہ میں سجدہ سہو سے پہلے درود اور دعا بھی پڑھے یا صرف تشہد ہی پڑھ کر ایک طرف سلام پھیر دے۔

جواب: دونوں ہی قعدوں میں درود اور دعا پڑھنا زیادہ احتیاط رکھتا ہے۔ نیز یاد پڑتا ہے کہ بہار شریعت میں بھی یہ صورت مرقوم ہے۔ یہاں کتاب مذکورہ موجود نہیں۔ اس صورتِ ثالثہ کے متعلق زید کا کہنا یہ ہے کہ حنفیہ کے نزدیک یہ مسئلہ اور اوپر کی دونوں صورتیں سب جائز ہیں۔ مگر بکر یہ کہتا ہے کہ یہ تیسری صورت صرف شافعیوں کے نزدیک ہے حنفیوں کے نزدیک جائز نہیں یعنی یہ مسئلہ شافعیوں کا ہے حنفیوں کو اس پر عمل کرنا درست نہیں۔ **چوتھی صورت** جو مختلف فیہ اور ضعیف ہے وہ یہ ہے کہ دونوں طرف سلام پھیر کر پھر سجدہ سہو کرے اور پھر التحیات اور درود و دعا پڑھ کر پھر دونوں

طرف سلام پھیرے۔ خاص کر تیسری صورت میں قول زید کا صحیح ہے یا بکر کا۔

الجواب: سجدہ سہو میں چند اختلافات ہیں۔ حنفیہ کے نزدیک سلام کے بعد ہے اور شافعیہ کے نزدیک قبل سلام ہے اور امام مالک کے نزدیک اگر کسی کمی کے سبب سجدہ ہے تو قبل سلام ہے اور زیادتی کے سبب ہے تو بعد سلام۔

چنانچہ ترمذی شریف میں یہ اختلافات مذکور ہیں۔ حنفیہ میں پھر اختلاف ہے آیا ایک سلام کے بعد سجدہ ہونا چاہئے یا دو سلام کے بعد، قول جمہور یہ ہے کہ ایک سلام کے بعد ہونا چاہئے اور کافی میں اسی کو صواب فرمایا۔ اور امام شمس الائمہ اور امام صدر الاسلام نے دو سلام کو اختیار فرمایا۔ اور ہدایہ میں اس قول کی تصحیح کی جو ایک سلام کہتے ہیں۔ ان میں پھر اختلاف ہے کہ آیا داہنی طرف سلام پھیرنا چاہئے، یا سامنے کو، امام فخر الاسلام قائل ہیں کہ سامنے کو سلام کرے اور باقی ائمہ داہنی طرف کہتے ہیں۔ یہی راجح ہے۔ اور اسی پر عمل ہے۔ درمختار میں ہے بعد سلام واحد عن یمینہ فقط لانہ المعھود وبہ یحصل التحلیل وھو الاصح بحر عن المجتبیٰ سوال میں تین صورتیں جو پہلے تحریر کی ہیں سب درست ہیں ان میں سے کوئی صورت مکروہ بھی نہیں ہے۔ اور یہ سب مذہب حنفی کے مطابق ہیں صورت سوم کو مذہب شافعیہ بتانا اور یہ کہنا کہ حنفی کو اس پر عمل درست نہیں ہے بالکل غلط ہے۔ امام شافعی رحمۃ اللہ تعالی علیہ سجدہ کو قبل سلام کہتے ہیں اور اس صورت میں سجدہ بعد سلام ہے پھر ان کا مذہب کیسے ہو سکتا ہے۔ درود و دعا کے بارے میں اختلاف ہے کہ سجدہ سہو سے پہلے جو قعدہ ہے اس میں ہونا بہتر ہے یا اس قعدہ میں جو سجدہ کے بعد ہے۔ فتاویٰ امام قاضیخاں میں ہے من علیہ سھو یصلی علی النبی علیہ الصلوٰۃ والسلام فی القعدۃ الاولی فی قول ابی حنیفۃ وابی یوسف رحمہما اللہ تعالی وفی قول محمد رحمہ اللہ فی القعدۃ الثانیۃ والاحوط ان یصلی فی القعدتین۔ یعنی امام اعظم، اور ابو یوسف رحمہما اللہ تعالی کا قول یہ ہے کہ سجدہ سے پہلے جو قعدہ ہے اس میں درود پڑھے اور امام محمد کا قول یہ ہے کہ بعد کے قعدہ میں اور زیادہ احتیاط یہ ہے کہ دونوں میں پڑھے۔ درمختار میں ہے قیل فیھما احتیاطاً احتیاط یہ ہے کہ دونوں میں ہو، اور وجہ احتیاط یہ ہے کہ جو پہلے قعدہ میں پڑھنے کو فرماتے ہیں وہ دوسرے میں پڑھنے کو منع نہیں کرتے۔ اور جو دوسرے میں کہتے ہیں وہ پہلے میں منع نہیں کرتے۔ لہٰذا دونوں میں پڑھیں تاکہ اختلاف سے بچیں۔ اور خلاف سے بچنا بلاشبہ احوط ہے اور جہاں اسکی صورت نکلتی ہے وہاں اس کو اختیار کرتے ہیں۔ اسکی نظیر مسائل فقہیہ میں کثیر ہے۔ واللہ تعالی اعلم وعلمہ جل مجدہ اتم واحکم

مسئلہ (۳۵۶)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ مغرب کے وقت قرأت جہری کے بجائے قرأت سری شروع کیا

الحمد شریف کے بعد یاد آیا کہ قرات جہری کرنا چاہئے۔ چنانچہ امام نے پھر الحمد شریف کا اعادہ کیا یعنی جہر کے ساتھ پڑھا۔ ایسی صورت میں کیا حکم ہے۔

الجواب:۔ امام کو چاہئے کہ سورۂ فاتحہ جب پڑھ چکا تو اب اس کا اعادہ نہ کرے بلکہ اب سورۃ کو جہر سے پڑھے اور ختم نماز پر سجدہ سہو کرے کہ جہر سے پڑھنا امام پر واجب تھا اور یہ واجب امام سے سہواً ترک ہوا۔ اور فاتحہ کی تکرار ترک واجب ہے کہ فاتحہ اور سورۃ کے درمیان فصل طویل جائز نہیں البتہ چونکہ جہر واجب تھا اور سہواً اس نے آہستہ پڑھا لہٰذا سجدہ سہو کرے ردالمحتار میں ہے لعل وجھہ ان فیہ التحرز عن تکرار الفاتحۃ فی رکعۃ و تاخیر الواجب عن محلہ وھو موجب سجود السہو فکان مکروھا وھو اسھل من لزوم الجمع بین الجھر والاسرار فی رکعۃ نیز اسی میں شرح منیہ سے منقول ہے ان الامام لو سھا فخافت بالفاتحۃ فی الجھریۃ ثم تذکر یجھر بالسورۃ ولا یعید ولو خافت بآیۃ او اکثرھا ولا یعید۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۳۵۷)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ زید نے فرض کی نیت کی اور دیر تک خاموش رہا تھوڑی دیر بعد اس کو یاد آیا تو الحمد شریف زور سے شروع کیا تو ایسی حالت میں سجدہ سہو ہوگا یا نہیں۔

الجواب:۔ اگر زید ثنا وغیرہ کے بعد سوچتا رہا کہ کیا پڑھوں اور اتنا وقفہ اس تفکر میں ہوا کہ ایک رکن ادا کر لیتا۔ یعنی تین بار سبحان اللہ کہنے کے برابر وقفہ کیا تو سجدہ سہو واجب ہے۔ ردالمحتار میں ہے شرالا صل فی التفکر انہ ان منعہ عن اداء رکن کقراءۃ آیۃ او ثلث ھکذا فی نسخۃ رد المحتار التی عندنا ولعل فیہ سقطا والصواب ثلث تسبیحات او رکوع او سجود او عن اداء واجب کالقعود یلزمہ السہو لاستلزام ذلک ترک الواجب وھو الاتیان بالرکن او الواجب فی محلہ۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۳۵۸) کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید نماز پڑھا تا تھا سورہ فاتحہ

ع ۱ ور اگر سوچتا نہ رہا بلکہ آہستہ آہستہ سورہ فاتحہ پڑھتا رہا۔ پھر بلند آواز سے پڑھنا شروع کیا۔ تو اگر سورۂ فاتحہ کا اکثر حصہ پڑھ لیا تھا پھر شروع سے پڑھنا شروع کیا تو بھی سجدۂ سہو واجب کہ یہ اکثر سورۂ فاتحہ کی تکرار ہوئی اور یہ موجب سجدہ سہو ہے اگر دونوں دفعہ بلا قصد سہواً ہوا ہو اور اگر بالقصد تھا کی تو اعادہ واجب۔ اور اگر سورہ فاتحہ کا اکثر حصہ نہیں پڑھا تھا تو نہ سجدہ سہو ہے نہ اعادہ۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ (امجدی)

پڑھ کر سورۂ یٰسین شروع کر دیا۔ اور وخشی الرحمٰن بالغیب پڑھ کر فبشرہ بمغفرۃ واجر کریم چھوڑ دی اور انا نحن نحی الموتی شروع کر دیا اور سجدۂ سہو کیا نہ نماز دہرائی۔ تو کیا اس صورت میں نماز درست ہوئی یا نہیں۔

مسئلہ (۳۵۹) بکر نماز پڑھا رہا تھا۔ سورۂ فاتحہ پڑھ کر انی وجہت وجہی للذی فطر السموات والارض حنیفا وما انا من المشرکین کو دو مرتبہ پڑھ کر رکوع کیا۔ اور سجدۂ سہو نہیں کیا تو نماز ہوئی یا نہیں۔ خالد کہتا ہے سورۂ فاتحہ یا سورۂ فاتحہ کے بعد تین آیتوں کا پڑھنا، یا التحیات کا پڑھنا یہ تینوں واجب ہیں۔ ان تینوں میں سے جو بھی دو مرتبہ پڑھا گیا، اور سجدہ سہو نہیں کیا گیا تو تاخیر رکن ہوئی اور تاخیر رکن کی وجہ سے سجدہ سہو واجب ہے۔ اس لئے نماز کا اعادہ واجب ہے ایا خالد کا کہنا صحیح ہے یا نہیں۔ شرعاً کیا حکم ہے تحریر فرمائیے۔ بینوا توجروا۔

الجواب ا:۔ نماز صحیح ہے اس صورت میں سجدۂ سہو واجب نہ تھا۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

الجواب ب:۔ نماز ہو گئی۔ تین چھوٹی آیتیں یا ایک آیت تین کے برابر پڑھنا بعد فاتحہ واجب ہے اور یہ آیت جو اس نے پڑھی تین آیت کے برابر ہے۔ اس صورت میں سجدہ سہو واجب نہیں۔ آیت کی تکرار سے سجدۂ سہو واجب نہیں ہوتا۔ البتہ سورۂ فاتحہ کی تکرار سے سجدہ سہو واجب ہوتا ہے۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

مسئلہ (۳۶۰) مرسلہ محمد اسماعیل سنجان ضلع تھانہ ۸ ربیع الاول ۶۱ھ

پہلی رکعت میں قل ہو اللہ اور دوسری میں تبت پڑھی سجدہ سہو کرنا ہے یا نہیں۔

الجواب:۔ قصداً ایسا کرنا کہ پہلی میں سورۂ اخلاص دوسری رکعت میں تبت پڑھنا منع ہے اور بھول کر ایسا ہو تو کوئی حرج نہیں اور سجدہ سہو بہر صورت واجب نہیں۔ وہو تعالےٰ اعلم

مسئلہ (۳۶۱) ریاست بیکانیر مرسلہ صوفی یوسف شاہ صاحب وارثی۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ امام قراءت کرتا ہوا بھول جائے اور مقتدی لقمہ دے تو امام پر سجدہ سہو لازم ہے یا نہیں۔ بغیر سجدہ سہو کئے ہوئے سلام پھیر دے تو نماز ہوئی یا نہیں۔

الجواب:۔ اگر مقتدی نے صحیح لقمہ دیا اور امام نے لیا تو نہ لقمہ دینے والے کی نماز میں کوئی خرابی آئی نہ امام کی نماز میں۔ اور نہ باقی مقتدیوں کی نماز میں اس صورت میں سجدہ سہو واجب نہیں بلکہ سجدہ سہو کرنا بھی نہیں چاہئے۔ کہ یہ اسکی جگہ نہیں۔ سجدۂ سہو واجب کے ترک کرنے پر واجب ہوتا ہے۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

باب صلوٰۃ المسافر

مسئلہ (۳۶۲) مسئولہ مولوی واعظ الدین صاحب طالب علم مدرسہ منظر اسلام بریلی ۸ رجب ۱۳۴۲ھ

ماقولکم دام فضلکم فی ہذہ المسئلہ کہ شخصے از وطن اصلی بمسافت سفر نکاح کردہ باز وجہ خود بوطن مذکور آمدہ زینت و تعیش میکند لیکن میاں ہر سال بقصد سفر از وطن اصلی بموضع تاہل رفتہ بمکان خسر چند روز فقط بہماں سکونت میکند۔ بعد ازاں زوجش را بمکان خسر نہادہ در اطراف وجوانب آں دو یا سہ ماہ سفر می کند۔ وبعد اختتام سفر باز وجہ خود بوطن اصلی آمدہ زینت و تعیش می کند۔ پس برشخص مذکور بموضع تاہل واطراف وجوانب آں قصر لازم است یا نہ۔

الجواب: اگر بمکان خسر یا بموضع دیگر نیت اقامت پانزدہ یوم کند مقیم خواہد شد و اتمام صلاۃ بروے لازم ورنہ مسافر ست وقصر واجب۔ اگرچہ بارادہ امروز فردا مدت دراز بگذرد۔ در درمختار مذکور ست حتی ینوی اقامۃ نصف شہر بموضع واحد صالح لہا فیقصران نوی الاقامۃ فی اقل منہ او دخل بلدۃ ولم ینوہا ولو بقی سنین۔ ملتقطا۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ (۳۶۳)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ زید نے سفر میں قصر کیا۔ اگرچہ اطمینان تھا لیکن سنت نہیں پڑھی۔ زید کہتا ہے کہ سنت پڑھ لیں تو ثواب ہے۔ اگر سنت قطعی نہ پڑھیں تو کوئی گناہ بھی نہیں ہے اگرچہ اطمینان ہو از روئے شرع کیا حکم ہے۔

الجواب: اگر سفر میں اطمینان نہ ہو جب تو سنتوں کے ترک میں کوئی قباحت ہی نہیں اور اطمینان ہو جب بھی سنن کا تاکد جو حضر میں ہے وہ سفر میں نہیں رہتا کہ سفر خود ہی قائم مقام مشقت کے ہے۔ درمختار میں ہے ویاتی المسافر بالسنن ان کان فی حال امن وقرار والا بان کان فی خوف وفرار لا یاتی بہا ہو المختار لانہ ترک لعذر۔ اور یہ حکم سنت فجر کے غیر کا ہے اور سنت فجر چونکہ قریب بوجوب ہے لہذا سفر کی وجہ سے اس کے ترک کی اجازت نہیں اور بعض ائمہ کا یہ قول بھی ہے کہ مغرب کی سنتیں بھی ترک نہ کرے کیونکہ حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے سفر و حضر کہیں بھی ان کو ترک نہیں کیا ہے۔ واللہ تعالٰی اعلم

باب الجمعۃ

مسئلہ (۳۶۴) مسئولہ مولوی محمد حسن صاحب طالبعلم درجہ دوم مدرسہ اہلسنت ۲۸ ربیع الاول ۱۳۴۲ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ زید ایک ایسے گاؤں میں گیا، یا وہیں کا رہنے والا ہے۔ جہاں جمعہ پڑھا جاتا ہے مگر شرعاً باطل و ناجائز ہے۔ لوگوں نے اس کو بااصرار امام بنایا۔ اگر یہ مسجد میں نہ جائے گھر میں ظہر پڑھے تو لوگ بدگمان ہوں گے اور برا جانیں گے اور مسئلہ ظاہر کرے تو فساد پر آمادہ ہوں گے۔ یا اگر جمعہ نہ پڑھیں تو ظہر بھی چھوڑ بیٹھیں گے آٹھ روز میں ایک روز مسجد کی صورت دیکھ لیتے ہیں یہ بھی نہ رہے گا ایسی حالت میں زید نے اس خیال سے کہ ان لوگوں کا جمعہ تو بہرحال نہیں ہوتا اگر میں جمعہ کی نیت کروں تو شرعاً گناہ بھی لازم آئے گا۔ میں اپنے عمل کو کیوں باطل ٹھہراؤں۔ نفل کی نیت کرکے دو رکعت پڑھا دی اور خطبہ بہ نیت وعظ پڑھا پھر بعد کو ظہر پڑھ لی۔ کیا شرعاً زید پر کوئی الزام ہے؟

الجواب:۔ جس گاؤں کے لوگ جمعہ پڑھتے ہیں انھیں منع نہ کیا جائے مگر خود پڑھنا، یا امامت کرنا، اور مسئلہ شرعیہ کو چھپانا کیونکر روا ہو سکتا ہے۔ بلکہ یہ شخص اگر عالم ہے اور جمعہ کی امامت کرتا ہے۔ اگرچہ بہ نیت نفل تو عوام کے خیالات کی اور تائید کرتا ہے لہذا ایسی صورت میں اچھے پیرایہ میں عوام کو سمجھائے کہ فساد کی نوبت نہ آئے اور لوگوں کی بدگمانی کے خیال سے ناجائز کام کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ کیونکہ نفل نماز جماعت سے تداعی کے ساتھ پڑھنا بھی ناجائز ہے۔ کما ہو مصرح فی الکتب، بلکہ جمعہ پڑھنا بھی اسی وجہ سے منع ہے کہ جمعہ تو ہوگا نہیں بلکہ یہ نماز نفل ہوگی اور نفل جماعت سے منع ہے۔ درمختار میں ہے صلوۃ العید فی القری تکرہ تحریماً ای لانہ اشتغال بما لا یصح لان المصر شرط الصحۃ۔ ردالمحتار میں ہے قولہ صلوۃ العید ومثلہ الجمعۃ قولہ بما لا یصح ای علی انہ عید والا فہو نفل مکروہ لادائہ بالجماعۃ۔ اور جب یہ شخص مسئلہ شرعیہ بیان کر دے گا تو بدگمانی کی کوئی وجہ نہیں کہ بدگمانی تو یہی تھی کہ نماز جمعہ کا تارک ہے اور مسئلہ کہنے کے بعد یہ الزام جاتا رہا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۳۶۵) مسئولہ مولوی احسان علی طالبعلم مدرسہ اہلسنت ۱۳ جمادی الاولیٰ ۱۳۴۳ھ

سامعین خطبہ کو درود شریف پڑھنا چاہئے یا نہیں۔ جب کہ خطبہ کے اندر حضور کا اسم مبارک لیا جائے۔ ایسے ہی اگر آیۃ یاایھا الذین آمنوا صلوا علیہ الخ خطبہ میں آئے تو خطیب درود شریف پڑھے یا نہیں؟

الجواب:۔ خطبہ کے وقت کلام ونماز ناجائز۔ متون میں ہے اذا خرج الامام فلا صلوٰۃ ولا کلام جب اسم پاک سنے یا آیۂ صلاۃ خطیب پڑھے تو سننے والا دل میں درود شریف پڑھ سکتا ہے زبان سے اس وقت نہ پڑھے۔ بحرالرائق میں ہے اما وقت الخطبۃ فالکلام مکروہ تحریما ولو کان امرا بمعروف او تسبیحا او غیرہ کما صرح بہ فی الخلاصۃ نیز اوسی میں ہے والصواب ان یصلی فی نفسہ کما فی فتح القدیر۔ ھدایہ میں ہے الا ان یقراء الخطیب قولہ تعالٰی یا ایھا الذین آمنوا صلوا علیہ الایۃ فیصلی السامع فی نفسہ۔ درمختار میں ہے والصواب انہ یصلی علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم عند سماع اسمہ فی نفسہ یہ حکم سامعین کے لئے ہے، رہا خطیب اوس کے لئے حکم یہ ہے کہ درود پڑھے لعدم المانع۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ (۳۶۶) مسئولہ جناب خدا دین صاحب معرفت حکیم عبدالرزاق صاحب از ہوڑہ محلہ کرستان پاڑہ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ ہوڑہ سے دو میل کے فاصلہ پر مقام للوا میں ایک ریلوے کارخانہ ہے جس میں تقریبا چودہ پندرہ ہزار آدمی کام کرتے ہیں۔ کارخانہ میں کوئی مسجد نہیں ہے۔ لیکن نماز پنجگانہ کے لئے کوئی روک ٹوک نہیں ہے جہاں جو چاہے پڑھ سکتا ہے اور نماز جمعہ کثیر جماعت سے ایک خالی میدان میں پڑھ لی جاتی ہے۔ جس کے لئے حکام کارخانہ کی طرف سے کوئی ممانعت نہیں ہے بلکہ درخواست دے کر اذن بھی حاصل کر لیا گیا ہے۔ تو کیا ایسے مقام پر نماز جمعہ جائز ہے۔ زید کہتا ہے یہاں جمعہ جائز نہیں کیوں کہ اذن عام نہیں بلکہ صرف کارخانہ کے عملہ کے لئے اذن ہے۔ عمرو کہتا ہے اذن عام نہ سہی تاہم جماعت کثیر ہے لہٰذا جمعہ جائز ہے۔ نیز کارخانہ میں نماز پنجگانہ کے لئے وقت نہیں ملتا کیونکہ صبح سات بجے حاضری ہے اور ۴½ بجے فرصت گویا کہ صرف ظہر کا وقت ملتا ہے جس کے متعلق حکام کا اذن ہے کہ اسی وقت میں ناشتہ بھی کرو اور نماز بھی پڑھو۔ جب کہ دونوں کام نہیں ہو سکتے ہیں اس لئے لوگ جداگانہ مختلف اوقات پاکر نماز پڑھا کرتے ہیں تو کیا ہم لوگ نماز جمعہ ادا کر سکتے ہیں یا بعد ادائیگی جمعہ ظہر احتیاطی پڑھ لیا کریں۔

الجواب:۔ جمعہ ادا کرنے کے لئے اذن عام شرط ہے۔ اور اذن عام کے یہ معنی ہیں کہ جس مسلمان کا دل چاہے وہاں جائے کوئی روک ٹوک نہ ہو اور جب کارخانہ کے آدمیوں کے سوا اوروں کی ممانعت ہے تو اذن عام نہ ہوا۔ لہٰذا ایسی جگہ جمعہ نہیں ہو سکتا۔ درمختار میں ہے والسابع الاذن العام من الامام وھو یحصل بفتح ابواب الجامع للواردین فلو دخل امیر حصنا او قصرہ واغلق بابہ وصلی باصحابہ لم تنعقد ولو فتحہ واذن للناس بالدخول جاز وکرہ جمعہ کی ساتویں شرط اذن عام ہے۔ اور وہ یوں ہو سکتا ہے کہ جامع مسجد کے دروازے آنے جانے والوں کے لئے کھول دیئے جائیں لہٰذا اگر کوئی امیر قلعہ

میں یا اپنے محل میں داخل ہوا۔ اور اس کے دروازے بند کر کے اپنے ساتھیوں کے ساتھ نماز جمعہ پڑھی تو جمعہ نہیں ہوا۔ اور اگر دروازہ کھول دیا اور لوگوں کو وہاں آنے کی اجازت دیدی تو جمعہ جائز ہو جائے گا مگر مکروہ ہے۔

اور ظہر احتیاطی پڑھنے سے ترک جمعہ کا گناہ ساقط نہ ہوگا۔ بلکہ ان لوگوں پر فرض ہے کہ کارخانہ سے باہر جا کر جمعہ پڑھیں۔ نماز کے لئے کارخانہ کے افسر سے اجازت لینے کی کچھ ضرورت نہیں۔ اور حتی الوسع کوشش کریں کہ باجماعت نماز ادا کریں کہ جماعت واجب ہے۔ اور اگر افسران کارخانہ نماز سے روکتے ہوں تو ایسی نوکری ہی جائز نہیں۔ جس میں نماز چھوڑنی پڑے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۳۶۷) از دھوراجی کاٹھیاوار مرسلہ حاجی عبداللطیف ایوب صاحب۔ ۲ صفر ۱۳۴۴ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلے میں کہ خطیب خطبہ پڑھنے میں لکڑی ہاتھ میں رکھتے ہیں یہ کام سنت ہے یا مستحب ہے۔؟

الجواب:۔ خطبہ کے وقت عصا وغیرہ ہاتھ میں لینے کے بارے میں فقہا کے اقوال بہت مختلف ہیں[ع] ایک قول یہ ہے کہ جو شہر تلوار سے یعنی لڑکر فتح کیا گیا ہو وہاں تلوار وغیرہ ہاتھ میں لے کر خطبہ پڑھا جائے اور جو بطور صلح فتح ہوا ہو وہاں نہیں۔ درمختار میں ہے یخطب الامام بسیف فی بلدۃ فتحت بہ کمکۃ والا کالمدینۃ وفی الحاوی القدسی اذا فرغ المؤذن قام الامام والسیف فی یسارہ وھو متکی علیہ وفی الخلاصۃ ویکرہ ان یتکی علی قوس او عصا اور حدیث میں بھی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا بر وقت خطبہ قوس یا عصا دست مبارک میں لینا آیا ہے۔ لہٰذا قول کراہت صحیح نہیں معلوم ہوتا۔ اعلیٰ حضرت قبلہ قدس سرہ کا یہ عمل تھا کہ پہلے جب قوت تھی بغیر عصا خطبہ پڑھا کرتے تھے اور آخر عمر شریف میں جب ضعف کا غلبہ ہوا تو عصا پر ٹیک لگاتے۔ اور فقیر نے ایک بار دریافت بھی کیا تھا تو فرمایا کہ سنت ہونا ثابت نہیں۔ وھو تعالیٰ اعلم۔

مگر مکروہ ہے اور ایک قول یہ ہے کہ

مسئلہ (۳۶۸) مرسلہ قائم میاں رضوی ابن قاضی خاں میاں از گونڈل کاٹھیاواڑ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام و مفتیان ذوی الاحترام اس امر میں کہ خطبہ جمعہ کے لئے منبر کتنی سیڑھیوں کا ہونا چاہئے۔ زید کہتا ہے کہ تین سیڑھیوں کا منبر وہابیوں کا منبر ہے۔ منبر کے لئے چار سیڑھی کا ہونا ضروری ہے۔ وقت اذان خطبہ

[ع] فتاوی رضویہ جلد سوم ص۶۶۲ پر ہے خطبہ میں عصا ہاتھ میں لینا بعض علماء نے سنت لکھا ہے۔ بعض نے مکروہ۔ اور ظاہر ہے کہ اگر سنت بھی ہو تو کوئی سنت مؤکدہ نہیں۔ تو بنظر اختلاف اس سے بچنا ہی بہتر ہے۔ مگر جب کوئی عذر ہو۔ وذلک لان الفعل اذا تردد بین السنۃ والکراھۃ کان ترکہ اولی

خطیب چوتھی سیڑھی پر جلوس فرمائے اور تیسری پر کھڑا ہو کر خطبہ پڑھے۔ براہ مہربانی مع حوالہ کتب معتبرہ حنفیہ تصریح فرمادیں۔ آیا زید کا کہنا صحیح ہے یا غلط۔

الجواب: منبر کے لئے شریعت مطہرہ نے سیڑھیوں کی تعداد مقرر نہیں کی کہ اس گنتی کا پورا کرنا ضروری ہو۔ کم و بیش ناجائز ہو بلکہ جماعت کی کثرت وغیرہ کا خیال کر کے جتنی سیڑھیوں کو چاہیں بنائیں۔ زید کا کہنا بالکل غلط ہے کسی کتاب میں یہ نہیں ہے کہ چار سیڑھیاں ضروری یا مسنون ہیں۔ نہ تین سیڑھیاں وہابیہ کے خصائص سے ہے کہ اجتناب کا حکم دیا جائے جو امر شریعت میں مطلق ہوا سے مقید کرنا اصول حنفیہ کے خلاف ہے جیسا کہ کتب اصول حنفیہ میں مذکور ہے۔ زید سے دلیل کا مطالبہ کیا جائے اور وہ ہرگز کسی کتاب سے یہ قول نہیں دکھا سکتا کہ چار ہونا ضرور ہے اس سے اس کی غلطی معلوم ہو جائے گی۔ بلکہ صحیح مسلم شریف میں منبر نبوی علی صاحبہ الصلوٰۃ والسلام کے متعلق ایک طویل حدیث سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے اس میں یہ لفظ بھی ہیں فعمل ھٰذہ الثلاث درجات ثم امر بھا رسول اللّٰہ تعالیٰ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم فوضعت ھٰذا الموضع اس شخص نے یہ تین زینوں کا منبر بنایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حکم سے اس جگہ رکھا گیا۔ امام نووی اس حدیث کے تحت میں فرماتے ہیں فیہ تصریح بان منبر رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم کان ثلاث درجات۔ اس حدیث میں تصریح ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا منبر تین زینوں کا تھا۔ لہٰذا تین سیڑھیوں کے منبر پر نہ اعتراض ہو سکتا ہے نہ اسے خلاف سنت کہا جا سکتا ہے واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۳۶۹) از بنارس گھی باغ مرسلہ جناب مولوی محمد خلیل الرحمٰن صاحب ۴ ربیع الاول ۱۳۵۲ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین کہ بنارس محلہ صدر بازار چھاؤنی میں دو مسجدیں ہیں ایک کلاں دوسری خرد قدیم۔ ان دونوں میں جمعہ ہوتا ہے آٹھ ماہ کے قریب ہوا کہ ایک مولانا صاحب آئے اور اتحاد کے متعلق نہایت

عہ فتاوی رضویہ جلد سوم صفحہ ۱ پر ہے۔ منبر اقدس کے تین زینے تھے۔ علاوہ اوپر کے تختے کے جس پر بیٹھتے۔ وقد وقع ذکرھن فی غیر ما حدیث۔ لحدیث سعید من ذکر عندہ النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم فلم یصل علیہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ رد المحتار میں ہے منبرہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم کان ثلث درج غیر المسماۃ بالمستراح حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم درجہ بالا پر خطبہ فرمایا کرتے۔ صدیق اکبر نے دوسرے پر پڑھا۔ فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تیسرے پر جب زمانہ ذو النورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا آیا پھر اول پر خطبہ فرمایا سبب پوچھا گیا فرمایا اگر دوسرے پر پڑھتا لوگ گمان کرتے کہ میں صدیق کا ہمسر ہوں اور تیسرے پر وہم ہوتا کہ فاروق کے برابر ہوں۔ لہٰذا وہاں پڑھا جہاں یہ احتمال متصور ہی نہیں۔ اصل سنت اول درجہ پر قیام ہے جو صدیق اکبر نے کیا یہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ادب کی وجہ سے تھا اھ فاروق اعظم نے کیا یہ صدیق اکبر کے ادب کی بنا پر تھا۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہما بلندی منبر سے اصل مقصود یہ ہے کہ سب حاضرین خطیب کو دیکھیں اور اس کی آواز سنیں جہاں یہ حاجت بسبب کثرت حضار و دوری صفوف تین زینوں میں پوری نہ ہو تو زینے زیادہ کرنے کا خود ہی اختیار ہے۔ اور بہتر عدد طاق کی رعایۃ۔ فان اللّٰہ وتر یحب الوتر۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

پرجوش تقریر فرمائی اور انجمن قائم کیا اور ساتھ ہی دونوں ساجد کے جمعوں کے متعلق بیان فرمایا کہ اگر جمعہ ایک ہی مسجد میں پڑھا جائے تو مناسب ہوگا۔ لہٰذا بموجب ارشاد مولینا ممدوح مسجد خرد کے چند مصلیوں سے استدعا کی گئی کہ جمعہ ایک ہی جگہ مسجد کلاں میں ہو۔ چنانچہ آٹھ ماہ تک جمعہ مسجد کلاں ہی میں ہوتا رہا مگر اس وقت مسجد خرد کے چند مصلیوں نے جمعہ کی بابت ایک استفتاء ایک دوسرے مولانا صاحب سے کیا جو بغرض ملاحظہ منسلک ہے اب دو گذشتہ جمعہ سے چند نفوس نے جن کو ایک جگہ مسجد کلاں میں جمعہ ہونے پر اعتراض اور آپس میں نفاق ہونے کا خیال پیدا ہوا تھا مسجد خرد میں نماز جمعہ پڑھوا دی اور اکثر لوگوں سے یہ کہدیا کہ مسجد خرد قدیم ہے۔ اور اس کی افضلیت بموجب استفتاء منسلکہ زیادہ ہے اس وجہ سے نماز جمعہ اسی مسجد میں ہونی چاہئے۔

(۱) جس وقت نماز جمعہ مسجد کلاں میں قائم ہوئی اس وقت کثرت رائے مسلمانوں کی اس مسجد کے متعلق زیادہ تھی اور اب بھی زیادہ ہے۔

(۲) اگر مسلمانان صدر بازار اور مسلمانان بیرونجات مجتمع ہو کر نماز جمعہ مسجد خرد میں پڑھیں تو فی الواقع اس قدر اس میں گنجائش نہیں ہے جس قدر مسجد کلاں میں (۳) مسجد کلاں شاہراہ عام کے قریب واقع ہے مسجد خرد شاہراہ عام سے دور ہے اور مسجد کلاں کو تعمیر ہوئے تخمینا سو برس ہوئے ہوں گے۔

(۴) فاصلہ درمیان ہر دو مساجد تخمینا ۲۰۰ قدم ہے۔

(۵) اذان ایک مسجد کی دوسری مسجد میں بخوبی سنائی دیتی ہے۔

(۶) ان مسلمانوں کے واسطے جنہوں نے مسلمانوں کے متحدہ جماعت و شوکت اسلام کو نماز جمعہ کے پردہ میں نقصان پہنچایا ہے اور خصوصًا ایسے وقت میں جب اتحاد اور اتفاق کی نہایت ضرورت ہے بحکم خدا و رسول کیا حکم ہے۔

(۷) کیا نماز جمعہ ایک جگہ ہونے کے متعلق کثرتِ رائے کی ضرورت ہے۔

الجواب:۔ ایک شہر میں متعدد جگہ جمعہ قائم کرنے میں علماء کا اختلاف ہے بعض جائز کہتے ہیں اور بعض کے نزدیک ناجائز جو جائز کہتے ہیں ان میں متعدد اقوال ہیں کوئی مطلقا تعدد کو جائز کہتا ہے اور کسی کے نزدیک یہ شرط ہے کہ وہ شہر بڑا ہو اور کسی کے نزدیک یہ شرط ہے کہ بیچ شہر میں دریا ہو ایک جمعہ اس طرف ہو دوسرا دوسری طرف۔ اور بعض نے کچھ اور شرطیں بھی ذکر کیں مگر ان میں مفتی بہ اور قول راجح یہ ہے کہ مطلقا تعدد جائز ہے۔ دُرمختار میں ہے تؤدی فی مصر واحد بمواضع کثیرۃ مطلقا علی المذھب وعلیہ الفتوی شرح المجمع للعینی وامامۃ فتح القدیر دفعا للحرج۔ ردالمحتار میں ہے قولہ مطلقا ای سواء

كان المصر كبيرا اولا و سواء فصل بين جانبيه نهر كبير كبغداد اولا و سواء قطع الجسر او بقى متصلا و سواء كان التعدد فى مسجدين او اكثر هكذا يفاد من الفتح ومقتضاه انه لا يلزم ان يكون التعدد بقدر الحاجة كما يدل عليه كلام السرخسى ـ قوله على المذهب فقد ذكر الامام السرخسى ان الصحيح من مذهب ابى حنيفة جواز اقامتها فى مصر واحد فى مسجدين واكثر وبه ناخذ لاطلاق لا جمعة الا فى مصر شرط المصر فقط

مگر جمعہ چونکہ شعائرِ اسلام سے ہے اور مسلمانوں کے اجتماع عظیم سے ایک خاص کیفیت پیدا ہوتی ہے جو تفرق میں نہیں۔ لہٰذا جہاں تک تعداد جمعہ میں کمی ہو مسلمانوں کا مجمع کثیر ہوگا اور اس سے اسلام کی شوکت زیادہ ظاہر ہوگی اور کفار پر اس کا رعب پڑے گا۔ ان امور کو لحاظ رکھتے ہوئے مناسب یہی معلوم ہوتا ہے کہ ایک جگہ جمعہ ہونا بہ نسبت تعدد کے بہتر ہے اور جب ان دو مسجدوں میں ایک بڑی اور ایک چھوٹی ہے اور سب کے اجتماع کے بعد چھوٹی مسجد میں گنجائش بھی نہ ہوگی تو بڑی مسجد کو ترجیح دی جائے گی کیونکہ اگر چھوٹی مسجد کو اختیار کیا اور سب مسلمان اس میں نہ آسکے تو مجبوراً یا مسجد کی توسیع کرنی چاہیئے یا دوسری مسجد میں منتقل کرنا پڑے گا یا بقیہ لوگ دوسرا جمعہ قائم کریں گے اور اسی تعدد کو دور کرنا تھا پھر ایسی مسجد کیوں نہ اختیار کریں جس میں کوئی دقت نہ ہو اور بڑی مسجد میں چونکہ پیشتر سے جمعہ ہوتا آیا ہے اگرچہ چھوٹی میں بھی جمعہ پہلے سے قائم ہے مگر زیادہ مناسب بڑی معلوم ہوتی ہے کہ چھوٹی اختیار کرنے میں پھر بوجہ عدم گنجائش تعدد سے سابقہ پڑے گا۔ اور اگر چھوٹی مسجد کے مصلی نہ مانیں اور دو جگہ قائم کرنے پر اڑ جائیں اور ایک جگہ جمعہ ہونے میں نفاق و شقاق بڑھنا مظنون ہو تو انھیں بڑی مسجد میں آنے پر مجبور نہ کیا جائے کہ جب جمعہ متعدد جائز ہے صرف اولیٰ یہ تھا کہ ایک جگہ ہوتا اور ایک جگہ ہونے میں فساد کی صورت نمودار ہوتی ہے تو اولیٰ کرنے کے لئے حرام کا ارتکاب جائز نہیں جو لوگ تفریق بین المسلمین کرتے ہیں وہ سخت کبیرہ کے مرتکب ہیں۔ ایسے لوگوں کو توبہ کرنی چاہئے۔ اور یہ کوشش کرنی چاہئے کہ اہل اسلام میں اتحاد و محبت پیدا ہو۔ جمعہ ایک ہونے کے لئے کثرت رائے کی ضرورت نہیں مگر سب لوگ اتفاق کے ساتھ ایک کام کریں تو زیادہ بہتر ہوگا اور جب لوگ مخالفت کرتے ہوں تو ایک مستحب حاصل کرنے کے لئے ان کو مجبور نہ کیا جائے۔ اگر وہ لوگ یہاں آکر نہ پڑھیں تو ان سے تعرض نہ کیا جائے اور خواہ مخواہ دشمنی اور مخالفت پیدا نہ ہونے دیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۳۷۰) مرسلہ عبد الرحمٰن از بھیش پور اٹریا ضلع بریلی۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ موضع بدھولیا و بھیش پور اٹریا۔ یا اور دیگر دیہات و قریہ جات

میں جمعہ جائز و درست ہے یا نہیں۔ موضع مذکورہ محلہ قلعہ بریلی سے ۲ میل جانب غرب واقع ہے جہاں شہر بریلی کی اذان کی آواز نہیں آتی ہے۔

الجواب: دیہات میں جمعہ ناجائز ہے کہ جمعہ کے لئے مصر یا فناء مصر شرط ہے۔ مگر جو لوگ پڑھتے ہوں انہیں منع نہ کیا جائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۲۷۱) مسئولہ ۲ رجب ۱۳۴۲ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و ہادیان صراط مستقیم کہ زید نے خطبہ جمعہ شروع کیا اور کسی قدر خطبۂ اولیٰ پڑھنے کے بعد نصف گھنٹہ زبان اردو میں تقریر کی اس کے بعد بقیہ خطبۂ اولیٰ پڑھا اور قعود کیا اور خطبۂ ثانی پڑھنے کے بعد نماز پڑھائی شریعت کے رو سے زید کا یہ فعل جائز ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا بالدلائل۔

الجواب: خطبہ میں غیر عربی کا خلط خلاف سنت متوارثہ ہے اور اتنا دراز خطبہ پڑھنا بھی مکروہ ہے درمختار میں ہے وتکرہ زیادتهما علی قدر سورة من طوال المفصل۔ قہستانی میں ہے وزیادة التطویل مکروہ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۲۷۲) مسئولہ غلام رسول بخار محلہ سرام پورہ بریلی ۳ رجب ۱۳۴۲ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و شرع متین کہ کہاں جمعہ جائز ہے اور امام اعظم شرح وقایہ میں کیا فرماتے ہیں اور کس قول پر فتویٰ ہے جو معتبر کتابوں میں درج ہو، درج فرما دیں۔ اور بعد جماعت جمعہ جو سنتیں پڑھی جاتی ہیں ان کے بعد چار فرض پڑھنا جائز ہے یا نہیں۔

الجواب: جمعہ کی صحت کے لئے مصر یا فنائے مصر شرط ہے گاؤں میں جمعہ جائز نہیں۔ یہی مذہب امیر المومنین علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کا ہے۔ وہ فرماتے ہیں لا جمعة ولا تشریق ولا فطر ولا اضحی الا فی مصر جامع او مدینة عظیمة۔ اور یہی مذہب حذیفہ وعطا و حسن و ابراہیم نخعی و مجاہد ابن سیرین و سفیان ثوری و سحنون رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا ہے۔ اور امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہی مذہب۔ امام ابن ہمام رحمۃ اللہ تعالیٰ فتح القدیر میں فرماتے ہیں وقال ابو حنیفہ المصر کل بلدة فیها سکک واسواق وبها رساتیق ووال ینصف المظلوم من الظالم وعالم یرجع الیہ

ے از روئے روایت و از روئے درایت ہر طرح مصر کی تعریف راجح ہے۔ اور مالا یسع اهله اکبر مساجده مرجوح۔ بلکہ عند المحقق غیر صحیح۔ جیسا کہ اصل فتویٰ میں اس کی تھوڑی سی تفصیل ہے۔ اور پوری تفصیلی تحقیق دیکھنی ہو تو فتاویٰ رضویہ جلد سوم کا باب الجمعہ مطالعہ کریں۔ مگر حضرت مفتی اعظم ہند مولانا مصطفیٰ رضا خاں صاحب مدظلہ فرمایا کرتے (بقیہ اگلے صفحہ پر)

فی الحوادث نیز صحابہ کرام رضی اللہ تعالٰی عنہم نے جب ملک فتح کئے تو شہروں ہی میں جمعہ قائم فرمایا۔ کبھی کسی گاؤں میں جمعہ قائم نہیں فرمایا اگر گاؤں میں قائم کیا ہوتا تو منقول ہوتا۔ اور فتح القدیر میں ہے ولهذا لم ينقل عن الصحابة انهم حين فتح البلاد اشتغلوا بنصب المنابر والجمع الا في الامصار دون القرى ولو كان لنقل ولو آحاد ا مصر کی تعریف جو امام اعظم سے منقول ہے جو اوپر مذکور ہوئی وہ ہرگز کسی گاؤں پر صادق نہیں آتی۔ لہٰذا گاؤں میں جمعہ ناجائز۔ اور وہ دوسری روایت جو شرح وقایہ میں مذکور وہ نہایت ضعیف ہے۔ اور ہدایہ میں فرمایا کہ امام ابو یوسف رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ کی ایک روایت ہے۔ اور اول کی نسبت فرمایا فهو الظاهر۔ عنایہ میں ہے والاول اختيار الكرخي وهو ظاهر الرواية وعليه اكثر الفقهاء اور درمختار میں اسی کو ظاہر المذہب کہا۔ جب یہی ظاہر الروایہ ہے اور اسی پر اکثر فقہاء ہیں تو اس سے عدول کی کوئی وجہ نہیں۔ اور شرح وقایہ میں جو روایۃ اولیٰ پر اعتراض کیا ہے کہ چونکہ اب سستی آگئی اور احکام شرعیہ کا اجراء نہیں لہٰذا وہ تعریف نہیں لی جائے گی۔ اس سے اُن کا مقصد بھی یہ نہ تھا

(بقیہ گذشتہ صفحہ کا) کہ یہ معرفی اصطلاحی حد نہیں بلکہ علامات ہیں۔ فقہاء نے مصر اور غیر مصر میں اپنے اپنے عہد میں جو باتیں مابہ الامتیاز کی دیکھیں تحریر فرمائیں۔ یہی بات خادم کو بھلا لگا۔ اس دور میں آمد و رفت کی سہولتیں بہت کم تھیں آبادی کے نظم و نسق کو برقرار رکھنے کے لئے ہر بڑی آبادی میں حاکم ہوتے تھے۔ اب چونکہ آمد و رفت کی بہت سہولت ہے اس لئے حکام ضلع کے صدر مقام یا زیادہ سے زیادہ پرگنوں میں ہوتے ہیں بعض ایسی بھی آبادیاں ہیں جو ضلع کے صدر مقام سے بڑی ہیں مگر وہاں کوئی حاکم نہیں۔ مثلاً ہمارا ضلع اعظم گڑھ میں مئو خود صدر مقام سے بہت بڑا ہے مگر وہاں تحصیل بھی نہیں۔ اس کی تحصیل محمد آباد ہے خود مبارکپور کی تحصیل محمد آباد ہے۔ حالانکہ مبارکپور، محمد آباد سے بڑی بستی ہے جبکہ اسی ضلع کی ایک تحصیل سگڑی دیہات میں ہے۔ اب علماء کے لئے لمحۂ فکریہ ہے کہ کیا مبارکپور اور مئو میں جمعہ جائز نہیں جب کہ وہاں کوئی حاکم نہیں۔ حالانکہ مبارکپور کے اصل حال سے واقفیت کے باوجود تمام علماء نے مبارکپور میں جمعہ پڑھا اور پڑھایا۔ حالانکہ روایت اولیٰ پر یہاں جمعہ صحیح نہیں۔ اسلئے ضروری ہے کہ اس زمانے میں روایت ثانیہ پر جسے صاحب شرح وقایہ و درمختار وغیرہ نے اختیار فرمایا عمل کی اجازت ہونی چاہئے۔ غالباً اسی نکتہ کے پیش نظر خود اعلیٰ حضرت قدس سرہ نے روایت ثانیہ کی مکمل تزئیف و تضعیف کے باوجود فتاوی رضویہ جلد سوم صفحہ پر فرمایا "ہاں ایک روایت نادرہ امام ابو یوسف رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ سے یہ آئی ہے کہ جس آبادی میں اتنے مسلمان مرد عاقل بالغ ایسے تندرست جن پر جمعہ فرض ہو سکے آباد ہوں کہ اگر وہ وہاں کی بڑی سے بڑی مسجد میں جمع ہوں تو نہ سما سکیں یہاں تک کہ انہیں جمعہ کے لئے مسجد جامع بنانی پڑے وہ صحت جمعہ کے لئے شہر سمجھی جائے گی۔ امام اکمل الدین بابرتی عنایہ شرح ہدایہ میں فرماتے ہیں (وعنه) ای عن ابی یوسف (انهم اذا اجتمعوا) ای اجتمع من تجب عليهم الجمعة لا كل من يسكن في ذلك الموضع من الصبيان والنساء والعبيد قال ابن شجاع احسن ما قيل فيه اذا كان اهلها بحيث لو اجتمعوا في اكبر مساجدهم لم يسعهم ذلك حتى احتاجوا الى بناء مسجد آخر للجمعة الخ جس گاؤں میں یہ حالت پائی جائے اس میں اس روایت نادرہ کی بنا پر جمعہ و عیدین ہو سکتے ہیں۔ اگرچہ اصل مذہب کے خلاف ہے۔ مگر اسے بھی ایک جماعت متاخرین نے اختیار فرمایا۔ عرف عام میں آبادی کی چار قسمیں ہیں، شہر، قصبہ، گاؤں، خانہ بدوشوں کے ڈیرے۔ یہ چوتھی باب جمعہ میں گاؤں کے حکم میں ہے۔ روایت اولیٰ کی بنا پر باب جمعہ میں شہر و قصبہ ایک حکم میں ہے۔ مصر دونوں کو شامل ہے اگر عرف عام میں قصبہ و شہر میں فرق ہے۔ مثلاً مبارکپور عرف عام میں قصبہ ہے مگر اس روایت کی رو سے قصبہ نہیں۔ لہٰذا اب یا تو روایت نادرہ ثانیہ کو اختیار کیا جائے یا حضرت مفتی اعظم ہند کی تنقیح پر یہ کہا جائے کہ شہر و قصبہ میں جمعہ جائز ہے گاؤں میں ناجائز۔ اور شہر و قصبہ سے کیا مراد ہے اسے مسلمانوں کے عرف پر محمول کر دیا جائے۔ اور عرف میں ضلع کے صدر مقام کو جہاں وہ بڑے حکام جو ہر طرح کے دیوانی فوجداری مقدمات کا فیصلہ کرتے ہوں رہتے ہوں شہر کہتے ہیں اور
(بقیہ اگلے صفحہ پر)

کہ جمعہ میں اتنی تعمیم کی جائے کہ ہر گوردہ میں جاری کیا جائے بلکہ اس سے ان کا مقصود یہ تھا کہ اب احکام جاری نہیں۔ لہٰذا ایسی تعریف کی جا
کہ شہروں پر مصر کی تعریف صادق آئے اور جمعہ ناجائز نہ ہو جائے۔ حالانکہ علمائے کرام بیان فرماتے ہیں۔ صدر الشریعۃ کا وہ اعتراض
تعریف اول پر وارد ہی نہیں کہ تنفیذ سے مراد قدرت علی التنفیذ ہے نہ تنفیذ بالفعل۔ لہٰذا اصح وہی تعریف اول ہے۔ جو صاحب
ہدایہ نے ذکر فرمائی۔ درمختار میں ہے۔ انہ کل موضع لہ امیر وقاض یقدر علی اقامۃ الحدود۔ ردالمحتار میں ہے وفی
التعبیر بیقدر رد علی صدر الشریعۃ۔ غنیہ شرح منیہ میں ہے والحد الصحیح ما اختارہ صاحب الہدایۃ انہ الذی
لہ امیر وقاض ینفذ الاحکام ویقیم الحدود وتزییف صدر الشریعۃ لہ عند اعتذارہ عن صاحب الوقایۃ حیث
اختار الحد المتقدم ذکرہ بظہور التوانی فی احکام الشرع سیما فی اقامۃ الحدود فی الامصار مزیف بان المراد
القدرۃ علی اقامۃ الحدود علی ما صرح بہ فی تحفۃ الفقہاء عن ابی حنیفۃ رضی اللہ تعالٰی عنہ انہ بلدۃ کبیرۃ
فیہا سکک واسواق ولہا رساتیق وفیہا وال یقدر علی انصاف المظلوم من الظالم بحشمتہ وعلمہ او علم
غیرہ یرجع الناس الیہ فی ما یقع من الحوادث وہذا ہو الاصح الخ اور وہ تعریف جس کو صاحب وقایہ نے
اختیار کیا اگر وہ صحیح مانی جائے تو مکہ معظمہ اور مدینہ طیبہ مصر ہونے سے خارج ہو جائیں گے حالانکہ بالاجماع ان میں جمعہ جائز
ہے۔ غنیہ میں ہے والفصل فی ذلک ان مکۃ والمدینۃ مصران تقام بہما الجمعۃ من زمنہ علیہ الصلوٰۃ والسلام
الی الیوم فکل موضع کان مثل احدہما فہو مصر وکل تفسیر لا یصدق علی احدہما فہو غیر معتبر حتی
التعریف الذی اختارہ جماعۃ من المتاخرین کصاحب المختار والوقایۃ وغیرہما وہو ما لو اجتمع اہلہ
فی اکبر مساجدہ لا یسعہم فانہ منقوض بہما اذ مسجد کل منہما یسع اہلہ وزیادۃ اور ظہر احتیاطی خواص
کے لئے ہے عوام کے لئے نہیں۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ (۳۰۳) مرسلہ مولوی غلام جیلانی صاحب از ستواس ریاست اندور ۲۶ صفر ۴۳ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں۔ ایک پختہ نمازی جمعہ ترک کرتا ہے اس طرح کہ دوسرے گاؤں

(بقیہ صفحہ گذشتہ) جہاں میونسپلٹی یا ٹاؤن ایریا یا نوٹی فائیڈ ایریا ہو اگرچہ وہاں کوئی حاکم نہ رہتا ہو اسے قصبہ کہتے ہیں لہٰذا جہاں تحصیل پرگنہ بھی نہ ہو مگر کم از کم ٹاؤن ایریا
یا نوٹی فائیڈ ایریا ہو وہاں صحت جمعہ کا حکم ہونا چاہئے۔ ہذا ما عندی والعلم بالحق عند ربی لعل اللہ یحدث بعد ذلک امرا۔ وہو تعالٰی اعلم۔ امجدی
عدد وہ بھی ہر جگہ نہیں جہاں صحت جمعہ کے شرائط کے تحقق میں شک ہو کما ہو مصرح فی غیر ما کتاب۔ واللہ تعالٰی اعلم۔ امجدی۔

میں چلا جاتا ہے اور نماز پنجگانہ الگ گھر پر پڑھتا ہے اور وہ حنفی المذہب بھی ہے اور پیش امام پاس ہے تو اس کی کیا سزا ہے۔ بینوا توجروا

الجواب: اگر وہ ایسی جگہ ہے جہاں جمعہ فرض ہوتا ہے اور بعد زوال وہاں سے ایسی جگہ چلا گیا جہاں جمعہ فرض نہیں تو گنہگار ہے اور تارک جمعہ پر احادیث میں سخت وعیدیں آئیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں لینتھین اقوام عن ودعھم الجمعات اولیختمن اللہ علی قلوبھم ثم لیکونن من الغافلین لوگ جمعہ ترک کرنے سے باز آئیں گے یا ان کے دلوں پر اللہ تعالیٰ مہر کر دے گا پھر وہ غافلین سے ہو جائیں گے۔ رواہ مسلم عن ابن عمر و ابی ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔ اور فرمایا من ترک ثلث جمع تھاونا بھا طبع اللہ علی قلبہ جو سستی سے تین جمعے چھوڑے، اللہ تعالیٰ اس کے دل پر مہر کر دے گا۔ رواہ ابو داؤد والترمذی والنسائی وابن ماجہ والدارمی ومالک واحمد اور اگر اس وجہ سے جمعہ نہیں پڑھتا کہ وہاں جمعہ فرض نہیں۔ یا قبل زوال کسی وجہ سے گاؤں میں چلا جاتا ہے تو کچھ الزام نہیں جماعت سے نماز پڑھنا واجب ہے بلا عذر شرعی اس کا ترک گناہ، اور جب برابر تارک ہے تو فاسق۔ عالمگیری میں ہے وفی الغایۃ قال عامۃ مشائخنا انھا واجبۃ وفی المفید وتسمیتھا سنۃ لوجوبھا بالسنۃ وفی البدائع تجب علی الرجال العقلاء البالغین الاحرار والقادرین علی الصلوۃ بالجماعۃ من غیر حرج درمختار میں ہے وقیل واجبۃ وعلیہ العامۃ ای عامۃ مشائخنا وبہ جزم فی التحفۃ وغیرھا قال فی البحر وھو الراجح عند اھل المذھب۔ تارک جماعت کی سزا ضرب و حبس ہے مجمع الانہر میں ہے واذا ترک واحد ضرب وحبس۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۳۷۴) عرب کے علاوہ کسی دوسری زبان میں خطبہ پڑھا جائے تو کیا حکم ہے۔ نماز جمعہ میں کوئی خلل تو نہیں واقع ہوگا۔

الجواب: خطبہ غیر زبان عربی میں پڑھنا یا اوس میں غیر عربی کا خلط خلاف سنت متوارثہ ہے۔ مگر نماز جمعہ ہو جائے گی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۳۷۵) از الہ آباد مرسلہ سید ضمیر الحسن صاحب رضوی۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ جس مسجد میں امام چاہیں جمعہ قائم کر سکتے ہیں یا نہیں۔ اگر کسی مسجد میں عرصہ پندرہ بیس سال سے جمعہ ہوتا ہو تو اس کو قائم رکھنا چاہیے اور وہاں نماز پڑھنے سے جمعہ کا ثواب ملے گا یا نہیں۔

الجواب: تعدد نماز جمعہ میں قول امام محمد رحمۃ اللہ علیہ پر فتویٰ ہے کہ ایک شہر میں متعدد جمع قائم کر سکتے ہیں۔ مگر

اقامت جمعہ کے لئے سلطان یا قاضی کی ضرورت ہے اور یہاں یہ موجود نہیں۔ لہٰذا احکام شرعیہ جاری کرنے کے لئے اوس شہر کا سب سے بڑا عالم فقیہ قائم مقام قاضی ہے کہ وہ جمعہ قائم کرے یا بوجہ مجبوری عوام نے جمعہ کے لئے جسے امام بنا دیا وہ اقامت جمعہ کرے۔ لہٰذا بلا ضرورت عوام بطور خود جمعہ نہ قائم کریں۔ اور جس مسجد میں مدتوں سے جمعہ ہوتا آیا ہے اوسے بند کرنے کی ضرورت نہیں۔ مگر ہر مسجد میں جمعہ کرنا جمعہ کے اہتمام شان میں کمی کرنا ہے کہ جمعہ جامع جماعات ہے اور شوکت اسلام اس سے ظاہر ہوتی ہے اور ہر مسجد میں ہونے سے وہ بات اور اجتماع کہاں جو اس طرح نہ کرنے میں ہے۔ درمختار میں ہے۔ وتؤدی فی مصر واحد بمواضع کثیرۃ مطلقا علی المذھب وعلیہ الفتوی شرح المجمع للعینی وامامۃ فتح القدیر دفعا للحرج۔ نیز اوسی میں ہے ونصب العامۃ الخطیب غیر معتبر مع وجود من ذکر واما مع عدمھم فیجوز للضرورۃ۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب وعندہ ام الکتاب۔

مسئلہ (۳۷۶)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ خطبہ کے وقت اذان ثانی کے بعد ہاتھ اوٹھا کر دعا مانگنا چاہئے یا نہیں۔ اگر دعا مانگنے کا حکم ہے تو صرف مقتدیوں کے لئے یا امام بھی مانگ سکتا ہے۔ جواب قرآن وحدیث سے ہونا چاہئے۔

الجواب:۔ مقتدیوں کو نہ چاہئے۔ ہدایہ میں ہے کہ حدیث میں ہے اذا خرج الامام فلا صلاۃ ولا کلام۔ جب امام خطبہ کے لئے نکلا تو نہ نماز ہے نہ کلام۔ ایک حدیث میں ہے۔ من اغتسل یوم الجمعۃ ولبس من احسن ثیابہ ومس من طیب ان کان عندہ ثم اتی الجمعۃ فلم یتخط اعناق الناس ثم صلی ما کتب اللہ لہ ثم انصت اذا خرج امامہ حتی یفرغ من صلاتہ کانت کفارۃ لما بینھا وبین جمعۃ التی قبلھا۔ جس نے جمعہ کے دن غسل کیا اور اچھے کپڑے جو اوس کے پاس ہیں پہنے اور خوشبو اگر ہو تو لگائی پھر نماز جمعہ کو آیا اور لوگوں کی گردنیں نہ پھلانگیں پھر جو مقدر ہو نماز پڑھی اور امام جب نکلا تو چپ رہا یہاں تک کہ نماز سے فارغ ہو تو اس کے لئے اس جمعہ اور اگلے جمعہ کے درمیان کے گناہوں کا کفارہ ہے۔ رواہ ابو داؤد عن ابی سعید وابی ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔ جب خروج امام کے بعد لوگوں کو سکوت کا حکم دیا گیا تو اس وقت دعا وغیرہ میں مشغول نہ ہونا چاہئے [۵]۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۳۷۷) از رانی کھیت مسجد جامع ضلع الموڑہ۔ مرسلہ مولوی قاری جلیل الدین صاحب ۱۰ ذیقعدہ ۱۳۴۷ھ

---

[۵] یہ حکم مقتدیوں کے لئے ہے۔ خطیب دعا نہ مانگے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ امجدی۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین کہ امام بعد ختم خطبہ جمعہ بیٹھ جاتا ہے اور مقتدی بھی بیٹھے ہوئے ہوتے ہیں جس وقت مؤذن یعنی مکبر حی علی الفلاح کہتا ہے تو امام و مقتدی سب اٹھ جاتے ہیں۔ آیا یہ بیٹھنا بعد ختم خطبہ جمعہ درست ہے یا نہیں۔ اور امام کا بعد ختم خطبہ جمعہ بیٹھنا ایک تکلیف سے بھی ہے۔ وہ یہ کہ قبل خطبہ گھنٹہ سوا گھنٹہ تقریر کرتا ہے بعد ختم تقریر فوراً خطبہ شروع کرتا ہے۔ کبھی کبھی زیادہ تکان ہو جاتی ہے۔ جب بعد ختم خطبہ جمعہ بیٹھ جاتا ہے اور جس وقت مکبر حی علی الفلاح کہتا ہے اس وقت اٹھتا ہے۔ یہ شرعاً کیسا ہے۔

الجواب: سنت یہ ہے کہ امام و قوم اس وقت کھڑے ہوں جب مکبر حی علی الفلاح کہے۔ تمام کتب مذہب متون و شروح و فتاوی میں اسکی تصریح ہے۔ وقایہ و کنز و طحطاوی علی المراقی و جامع الرموز و بدائع و در مختار و فتاوی عالمگیری وغیرہا کتب میں اس کی تصریح علی اختلاف القولین موجود ہے۔ فقیر نے اپنے فتاوی میں اس مسئلہ کو مفصل تحریر کیا ہے مگر امام جمعہ جو پہلے ہی سے کھڑا ہے اس کا بیٹھ جانا حدیث و فقہ سے ثابت نہیں۔ مگر جبکہ یہ بیٹھنا بوجہ عذر ہے تو اس کی کراہت کی بھی کوئی وجہ نہیں واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۳۷۸) از رنگون نمبر ۳۳-۳، ۷ اسٹریٹ مرسلہ جناب سید قاسم صاحب۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک موضع ہے جہاں کے مسلمانوں کے مکان ساٹھ ستر ہیں مگر وہاں نہ دھوبی ہے نہ حجام، اور نہ بازار ہے اور نہ دیگر قوم ہے اور نہ کچھ۔ لہٰذا ایسے مقام میں جمعہ اور عیدین کی نماز درست ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا۔

الجواب: جمعہ و عیدین کے لئے مصر شرط ہے اور مصر کی تعریف میں اختلاف ہے۔ اصح یہ ہے کہ مصر وہ جگہ ہے جہاں متعدد کوچے اور بازار ہوں اور وہاں کوئی ایسا حاکم ہو جو مظلوم کا انصاف ظالم سے کرسکے۔ رد المحتار میں ہے۔ عن ابی حنیفۃ انہ بلدۃ کبیرۃ فیہا سکک و اسواق و لہا رساتیق و فیہا وال یقدر علی انصاف المظلوم من الظالم بحشمتہ و علمہ او علم غیرہ یرجع الناس الیہ فیما یقع من الحوادث۔ لہٰذا بنا بر مذہب مختار و ظاہر الروایۃ گاؤں میں نماز جمعہ و عیدین جائز نہیں۔ مگر چونکہ یہ مسئلہ مختلف فیہا ہے۔ لہٰذا جو لوگ پڑھتے ہوں اور پیشتر سے وہاں رائج ہو ان کو منع نہ کیا جائے۔ البتہ اہل علم نہ خود پڑھیں نہ دوسروں کو حکم دیں۔ نہ نیا جمعہ قائم کریں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۳۷۹) از ناگپور سیتی محلہ تالاب، مرسلہ محمد سراج الدین صاحب مدرس تحصیل اردو اسکول۔

م ... ہو جاتا ہے خلاصہ یہ کہ اس امام کو کسی تکلیف یا اس تکلیف بوجہ ختم خطبہ بیٹھ جاتا ہے۔

وڈسر ایک ایسا مقام ہے جہاں مسلمانوں کی آبادی پچیس مکانوں کی ہے جن میں ۲۵ یا ۳۰ اشخاص رہتے ہیں اور وہاں ایک مسجد ہے جس میں پنجگانہ نماز اور نماز جمعہ بھی ہوتی ہے کیا ایسی مسجد میں اتنی تعداد میں انعقاد جمعہ صحیح ہے یا نہیں۔

مسئلہ (۳۸۰) وڈسر اسٹیشن سے وڈسر کی بستی دو میل کے فاصلے پر واقع ہے۔ اسٹیشن پر چند اصحاب لکڑی کی ٹھیکیداری کے سلسلے میں رہتے ہیں جن کی تعداد ۷، ۸ یا ۱۰ نفر ہوگی۔ ۱۰ یا ۱۲ یا اس سے کم و بیش باہر کے مسافر یا قرب وجوار کے رہنے والے جمع ہو جاتے ہیں۔ اس لئے ایک فرش بچھا کر اسٹیشن پر بھی ایک صاحب جمعہ پڑھا دیا کرتے ہیں اور ایسی صورت میں جو من وعن عرض کی گئی اسٹیشن پر جمعہ فرض ہے یا نہیں۔ ایک عالم صاحب نے یہاں ادائے جمعہ کو ناجائز قرار دیا ہے بلکہ حرام فرمایا ہے لہذا صحیح جواب سے رہنمائی فرمائیں تاکہ آپس کا اختلاف دور ہو۔

مسئلہ (۳۸۱) کسی قصبہ میں دو، چار مسلمان رہتے ہوں اور دس، بیس آدمی دیگر مواضعات سے جو آس پاس رہتے ہوں دس، پانچ مواضعات سے آکر جمع ہوں اور نماز جمعہ ادا کریں۔ آیا جمعہ ہوگا یا نہیں۔

الجواب ۱: تمام کتب فقہ حنفی میں تصریح ہے کہ ادائے نماز جمعہ کے لئے مصر یا فنائے مصر شرط ہے یعنی گاؤں میں جمعہ ادا نہیں کیا جاسکتا۔ مصر کی صحیح تعریف یہ ہے کہ وہاں کوئی ایسا حاکم ہو جو مظلوم کا انصاف ظالم سے لے سکتا ہو لہذا گاؤں میں جمعہ نہیں پڑھا جاسکتا کہ وہ مصر نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

الجواب ۲: جب وہ اسٹیشن نہ مصر ہے نہ فنائے مصر تو وہاں نماز جمعہ جائز نہیں ان لوگوں پر ظہر پڑھنا فرض ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

الجواب ۳: قصبہ مصر ہے وہاں ایسا حاکم ہوتا ہے جو مصر کے لئے شرط ہے اور بازار وغیرہ سب کچھ قصبہ میں ہوتے ہیں لہذا قصبہ میں نماز جمعہ پڑھی جائے۔ البتہ جمعہ کے لئے جماعت شرط ہے جو امام کے علاوہ تین آدمیوں سے ہو جائیگی۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۳۸۲) از مقام پیپلیا مارڈ وار اسٹیشن گڑیا خرادی مرسلہ جناب عبدالکریم شمس الدین۔

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ ہمارے گاؤں میں ایک مسجد ہے اور اس گاؤں میں ہندو مسلمان ملا کر کل تین سو گھر ہیں جس میں دو سو نوے ہندوؤں کے ہیں اور دس مسلمانوں کے۔ اور اس گاؤں میں بازار اور گلی کوچے بھی ہیں

ع‍ ایسا حاکم ہونے کے ساتھ ساتھ ایسی آبادی ہونی ضروری ہے کہ وہاں ایسا مستقل بازار ہو جس میں روزمرہ کی ضروریات ملتی ہوں اور وہاں متعدد کوچے گلیاں ہوں اس سے دیہات متعلق ہوں۔ اس کو بر بنائے شہرت ترک فرمایا۔ یا یہ کہ اس آبادی کے بارے میں معلوم رہا ہو کہ ایسی ہے جس شرط کے بارے میں معلوم نہ تھا اسے ذکر فرمایا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ امجدی۔

مگر حکومت نہیں اور یہاں پر پانچ چھ سال سے نماز جمعہ وعیدین پڑھی جاتی ہے۔ نیز یہاں کی مسجد بھی چھوٹی ہے۔ دس، گیارہ آدمیوں سے ایک صف ہوتی ہے اس سے زیادہ ایک صف میں آدمی نہیں آتے یعنی اس مسجد میں کل تیس پینتیس آدمی نماز پڑھ سکتے ہیں اور اس گاؤں میں کل چودہ، پندرہ مسلمان ہیں۔ مگر نماز جمعہ وعیدین کے لئے قریب گاؤں کے چند آدمی آجاتے ہیں جس سے کل بیس، اکیس کی تعداد ہو جاتی ہے۔

الجواب:۔ ایسے گاؤں میں جمعہ جائز نہیں۔ وہاں والوں کو ظہر پڑھنا چاہئے جمعہ کے شرائط میں سے ایک شرط مصر یا فنائے مصر ہے اور مصر کی معتبر تعریف درمختار نے یہ کی وظاھر المذھب انہ کل موضع لہ امیر وقاض یقدر علی اقامۃ الحدود وظاہر مذہب یہ ہے کہ مصر وہ جگہ جہاں امیر وقاضی ہو جو حدود قائم کرنے پر قادر ہو اگرچہ قائم نہ کرے۔ ردالمحتار میں ہے قال فی شرح المنیۃ والحد الصحیح ما اختارہ صاحب الھدایۃ انہ الذی لہ امیر وقاض ینفذ الاحکام ویقیم الحدود اس کے بعد فرمایا الی ان قال والقدرۃ علی اقامتھا علی ما صرح بہ فی التحفۃ عن ابی حنیفۃ رحمہ اللہ تعالٰی انہ بلدۃ کبیرۃ فیھا سکک واسواق ولھا رساتیق وفیھا وال یقدر علی انصاف المظلوم من الظالم بحشمتہ وعلمہ او علم غیرہ یرجع الناس الیہ فیما یقع من الحوادث وھذا ھو الاصح اھ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ (۳۸۳) مرسلہ سید ضمیر الدین صاحب از الہ آباد محلہ دارا گنج ۲۰ جمادی الاخری ۱۳۴۹ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ جب جمعہ کا خطبہ ہوتا ہے اس وقت خاموش بیٹھا رہنا چاہئے۔ یا جیسا کہ لوگ پنکھا وغیرہ جھلتے ہیں یہ جائز ہے یا نہیں۔ اس کے بابت کیا حکم ہے۔

الجواب:۔ امام جب خطبہ کو نکلا اسی وقت سے نماز وکلام سب چیزیں ممنوع ہو جاتی ہیں۔ اذا خرج الامام فلا صلوٰۃ ولا کلام اس وقت پنکھا جھلنا بھی منع ہے۔ حدیث میں فرمایا من مس الحصیٰ فقد لغیٰ جس نے خطبہ کے وقت کنکری چھوئی اس نے لغو کام کیا۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ (۳۸۴) از بریلی محلہ صالح نگر۔ مرسلہ جناب کفایت حسین صاحب ۹ شعبان ۱۳۴۹ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ خطبۂ جمعہ دو ہوتے ہیں۔ یہ دونوں فرض ہیں یا واجب، یا سنت۔ دیگر دونوں خطبوں کے درمیان بیٹھنا فرض ہے یا واجب یا سنت اور کیوں بیٹھا جاتا ہے کوئی عقلی نقلی دلیل ہو تو بیان فرمائیں۔ نیز دونوں خطبوں کے درمیان کتنا بیٹھنا چاہئے۔ اور کیا پڑھنا چاہئے۔

مسئلہ (۳۸۵) جیسے عربی میں خطبہ پڑھا جاتا ہے اسی طرح اردو کے کچھ اشعار پڑھے جاتے ہیں تو کیا اس اردو خطبہ کو عربی کے مقابل سمجھا جائے گا۔ مثلاً سنت پڑھنا، کلام و سلام کرنا اور کوئی کام کرنا۔ اس رواج میں کوئی گناہ تو نہیں کیونکہ اب تک کوئی دلیل شرعی نہیں ملی۔

الجواب: جمعہ کے لئے مطلقاً خطبہ فرض ہے اور وہ فقط پہلے خطبہ بلکہ الحمد للہ کہنے سے ادا ہو جاتا ہے اور دو خطبہ ہونا سنت ہے اور دونوں خطبوں کے درمیان بیٹھنا سنت ہے احادیث سے بھی ثابت ہے اور اس لئے بھی بیٹھنا ہے کہ اگر نہ بیٹھا تو دو خطبے نہ ہوں گے جب کہ دونوں میں فصل نہ ہوا اور بیچ میں سکوت طویل کر کے فصل کیا تو کھڑا رہنا بیکار ہے کہ کھڑا رہنا خطبے کے لئے تھا نہ کہ سکوت کے لئے۔ درمختار میں ہے والرابع الخطبة وكفت تحميدة او تهليلة او تسبيحة ويسن خطبتان بجلسة بينهما دونوں خطبوں کے درمیان اگر خطیب چاہے تو کچھ پڑھ سکتا ہے یا دعا کر سکتا ہے مقتدیوں کے لئے جائز نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

الجواب ۲: خطبہ کے لئے سنت یہ ہے کہ عربی میں ہو۔ اردو میں پڑھنا سنت کے خلاف ہے مگر جو کچھ اردو میں پڑھا وہ بھی خطبہ کا جز ہے۔ لہٰذا اس کا سننا بھی ضروری ہے اور جب تک خطبہ ہو رہا ہے سلام و کلام وغیرہ منع ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۳۸۶)

بعد نماز جمعہ ظہر کا فرض پڑھنا چاہئے یا صرف چھ رکعت سنت۔

الجواب: شہر یا قصبہ میں جہاں جمعہ جائز ہے وہاں عوام کو احتیاطی ظہر کا حکم نہیں دیا جائے گا۔ ردالمحتار میں ہے قال المقدسی نحن لا نأمر بذلك امثال هٰذه العوام بل علیه الخواص ولو بالنسبة اليهم واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۳۸۷) از ضلع چوبیس پرگنہ گوری پور مرسلہ مولوی عبد العظیم صاحب ۱ ربیع الثانی ۱۳۳۸ھ
کیا نماز جمعہ قیام عند حی علی الفلاح کے حکم سے مستثنیٰ ہے اگر عام نمازوں کی طرح جمعہ کا حکم ہے تو امام حی علی الفلاح تک کھڑا رہ سکتا ہے یا نہیں۔

الجواب: امام جمعہ جو کھڑا ہوا ہے کھڑا رہ سکتا ہے اسکو بیٹھ جانے کی ضرورت نہیں اور مقتدی بیٹھے میں بیٹھے رہیں

واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۳۸۸) از پورنیہ کشنگنج بازار سوداگر پٹی مرسلہ امام جامع مسجد ۸ ذیقعدہ ۶۳ھ

جمعہ کے خطبہ میں اردو ترجمہ کر کے عوام الناس کو سنانا جائز ہے یا نہیں۔

مسئلہ (۳۸۹) خطبہ کے اندر بعد تلاوت قرآن مجید بغرض اشاعت وہدایت اردو میں وعظ وتقریر جائز ہے یا نہیں۔

مسئلہ (۳۹۰) اگر امام خطبہ پڑھتے ہوئے ہدایت وتبلیغ وفضائل وآداب جمعہ ودیگر مسائل صلوٰۃ اردو میں بیان کرتا ہو خواہ تقریری یا تحریری میں تو عین خطبہ پڑھنے کے دوران دوسرے اشخاص کو روکنا یعنی منع کرنا جائز ہے یا نہیں۔ باوجودیکہ صحیح طور پر خطبہ یا تقریر کرتا ہو۔ روکنے والے پر شریعت کی کوئی حد ہے یا نہیں دونوں میں کون زیادہ مجرم ہوئے۔

الجواب ۱:۔ خطبہ جمعہ کا ہو یا عیدین کا اس میں غیر عربی کا خلط کرنا سنت متوارثہ کے خلاف ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

الجواب ۲:۔ یہ بھی خلاف سنت متوارثہ ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

الجواب ۳:۔ اثناء خطبہ میں بات چیت کرنا منع ہے حدیث میں ارشاد ہوا من قال لصاحبہ انصت والامام یخطب فقد لغا۔ اردو کو خطبہ میں شامل کرنا اگرچہ خلاف سنت تھا مگر اثناء خطبہ میں سامعین کو بولنے کی اجازت نہ تھی اگر منع کرتا تھا تو بعد میں خطیب سے کہدیا جاتا کہ آئندہ ایسا نہ کرے نہ کہ اثناء خطبہ میں روک ٹوک کرنا یہ زیادہ قبیح ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۳۹۱) مرسلہ محمد اکرام الدین صاحب از یمن جماعت منتظم جامع مسجد تردڑا متبع اہلسنت وجماعت قصبہ تردڑا، ۲۷ر ذی الحجہ ۵۸ھ

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ سیرت کمیٹی جو پٹی لاہور پنجاب میں قائم ہوئی ہے اس کے خیالات کیسے ہیں۔ کیا اپنے عقاید اہلسنت وجماعت کے موافق ہیں یا خلاف ارقام فرمائیں۔ اور اسی سیرت کمیٹی کے علماء وارکین نے ایک جدید خطبۃ الجمعہ اردو میں نکالا ہے کہ جس کا نام ایمان رکھا ہے۔ آیا وہ خطبہ بوقت جمعہ از روئے شریعت واز روئے اہلسنت وجماعت تاجدار مدینہ سردار دو عالم محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وصحابہ کرام وتابعین وائمہ کرام وامام عظام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین اہلسنت وجماعت کے منبر پر کھڑے ہو کر پڑھنا بلا کراہت جائز ودرست ہے یا نہیں مفصل طور پر اس کا جواب بحوالہ کتب قرآن عظیم واحادیث کریمہ وفقہیہ کے ارقام فرمایا جاوے عین نوازش ہوگی۔ دریں حالیکہ اراکین سیرت کمیٹی اس خطبہ مذکورہ کو پڑھوانے میں بوقت جمعہ بہت تاکید کرتے ہیں اور زور

دیتے ہیں بلکہ مجبور کرتے ہیں ایسی حالت میں اپنے علماء اہلسنت وجماعت کا کیا حکم ہے۔

الجواب: سیرت کمیٹی جن لوگوں نے قائم کی وہ وہابی خیال کے لوگ ہیں اگرچہ اب اس کا رواج ہندوستان کے بہت سے شہروں میں ہوگیا اور اہلسنت بھی اس میں کافی حصہ لیتے ہیں اور اس کے جلسے کراتے ہیں پنجاب کی سیرت کمیٹی نے بعض رسائل بھی شائع کئے ہیں جو اس مقصد سے شائع ہوئے کہ ان کو جلسوں میں پڑھ کر مسلمانوں کو سنایا جائے۔ میں نے ایک رسالہ دیکھا تھا جس میں شان رسالت میں ناملائم اور رکیک الفاظ استعمال کئے ہیں۔ غیر عربی میں خطبہ پڑھنا خلاف سنت متوارثہ ہے زمانہ سلف میں بھی عموماً عجم میں سب لوگ عربی نہیں جانتے تھے اکثر وہی لوگ تھے جو اس سے ناواقف تھے پھر بھی خطبہ عربی ہی میں پڑھا جاتا تھا۔ لہٰذا اسی کی پیروی کرنی چاہئے۔ جو لوگ اصرار یا مجبور کرتے ہیں ان کی زیادتی ہے انھیں اس سے باز آنا چاہئے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۳۹۲) از پور بندر سنگنج بازار سوداگر پٹی مرسلہ امام جامع مسجد ۸ ذیقعدہ ۱۳۴۶ھ

خطبہ پڑھنے کے بعد اگر امام صف کی درستگی کے لئے کچھ کلام کریں اور صف درست کریں کہ نماز میں کچھ وقفہ ہو جائے تو کیا حکم ہے امام ایسا کریں یا نہ کریں۔ بینوا توجروا۔

الجواب: خطبہ کے بعد امام درستگی صف کے متعلق ہدایت کرسکتا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صف قائم ہونے کے بعد ایک شخص کو دیکھا کہ اس کا سینہ صف سے باہر نکلا ہوا ہے ارشاد فرمایا لا تختلفوا فتختلف قلوبکم واللہ تعالیٰ اعلم

باب العیدین

مسئلہ (۳۹۳) از جگدل ضلع چوبیس پرگنہ مرسلہ عبدالوحید صاحب، ۷ محرم الحرام ۱۳۴۶ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ذیل کے مسئلہ میں کہ

مسلمانوں نے بہ نیت قربانی کوئی زمین خریدی اور اس میں قربانی ہونے بھی لگی لیکن اب چند دنوں سے چند مسلمانوں نے اسے عیدگاہ بھی مقرر کرلی اور نماز عید بھی ہونے لگی کیا اس میں نماز پڑھنا جائز ہے۔

الجواب: اس جگہ عیدین کی نماز جائز ہے قربانی کو عیدگاہ سے مناسبت بھی ہے کیونکہ حضور صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے عیدگاہ میں قربانی فرمائی ہے۔ صحیح بخاری شریف میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یذبح وینحر بالمصلّٰی۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ (۳۹۴) از موضع برھولی ڈاکخانہ مانگ ضلع سلطانپور مرسلہ جناب خدابخش صاحب۔

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل میں

نماز عیدین میں بعد نماز دوگانہ دعا مانگا جائے یا بعد خطبہ سنت طریقہ کیا ہے۔ بینوا توجروا۔

الجواب: بعد خطبہ دعا مانگنا بہتر ہے۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ (۳۹۵) از جیت پور کاٹھیاواڑ نگینہ مسجد مرسلہ جناب عبدالقادر میاں احمد میاں صاحب پیش امام ۲۱ ذی الحجہ سنہ ۴۹ھ

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید مسجد کا پیش امام ہے اور عید الفطر کی نماز مع چند اشخاص کے مسجد میں پڑھائی جب کہ عیدگاہ بھی موجود ہو اور کوئی عذر بھی نہ ہو۔ ایسی حالت میں مسجد میں نماز عید پڑھنا اور پڑھانا کیسا ہے۔ بہار شریعت حصہ چہارم صفحہ ۱۰۳ میں لکھا ہے کہ گاؤں میں عیدین کی نماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہے (درمختار) اس پر زید اعتراض کرتا ہے۔ علاوہ ازیں کتاب غایۃ الاوطار ترجمہ اردو درمختار جلد اول صفحہ ۳۸۴ سطر بارہ میں بھی لکھا ہے کہ گاؤں میں نماز عید پڑھنا مکروہ تحریمی ہے۔ زید کہتا ہے کہ نماز عیدین شہر میں پڑھنا جائز ہے تو شہر کس کو کہتے ہیں۔ کیونکہ جیت پور ۴۸ رسل کی مسافت میں نہیں ہے اور نہ پچاس ہزار یا ساٹھ ہزار مسلمانوں کی بستی ہے اور نہ آٹھ دس مسجدیں ہیں اور نہ نمازیوں کا اس قدر ہجوم ہوتا ہے جس سے کچھ خدشہ پیدا ہو۔ علاوہ اس کے عیدگاہ میں ہمیشہ ہر سال نماز ہوا کرتی ہے اور امام بھی سنی حنفی ہیں۔ پانی وغیرہ کا بھی معقول انتظام ہے اور عیدگاہ دور بھی نہیں ہے۔

الجواب: بہار شریعت کا یہ مسئلہ کہ گاؤں میں نماز عید ناجائز ہے بالکل صحیح ودرست ہے۔ یہی امام اعظم رضی اللہ تعالٰی عنہ کا مذہب ہے اور خود امام اعظم رضی اللہ تعالٰی عنہ کا یہ ارشاد ہے اس کو غلط بتانا اس امام کی غلطی اور بے علمی ہے اگر وہ مذہب سے واقف ہوتا تو ہرگز ایسا نہ کہتا۔ حضرت علی رضی اللہ تعالٰی عنہ کا ارشاد ہے لاجمعۃ ولا اضحی ولا تشریق الا فی مصر جامع۔ اور شہر فقہاء کی اصطلاح میں اسے کہتے ہیں جہاں کوئی حاکم ہو

جو مظلوم کا ظالم سے انصاف لینے پر قادر ہو اور وہاں بازار اور متعدد کوچے ہوں اور اس کے متعلق دیہات ہوں اور ایسا نہ ہو تو اسے گاؤں کہیں گے۔ میرا خیال ہے کہ جیت پور گاؤں نہیں ہے بلکہ شہر ہے۔ البتہ کاٹھیا وار والے شہر کو بھی گاؤں کہتے ہیں۔ اس وجہ سے دھوکا ہوا ہے اگر میرا خیال صحیح ہے اور جیت پور شہر ہے تو اس میں جمعہ و عید سب جائز ہے۔ رہا یہ امر کہ عید گاہ کو چھوڑ کر مسجد میں عید کی نماز پڑھنا بلا وجہ شرعی ہے تو خلاف سنت ہے کہ جب عید گاہ کا امام سنی ہے اور شرائط امامت کا جامع ہے تو عید گاہ ہی میں نماز پڑھنا سنت کے مطابق ہے کہ نماز عید شعائر اسلام سے ہے اور تمام مسلمانوں کا مجتمع ہو کر وہاں نماز ادا کرنا اسلامی شوکت ہے اور مسجدوں میں نماز ادا کرنے سے وہ شوکت اسلام ظاہر نہیں ہوگی جو اجتماع میں ہے اور اس زمانے میں اس کی بہت ضرورت ہے کہ اسلام کی شوکت دکھائی جائے۔ لہٰذا زید کو سمجھایا جائے کہ بلا وجہ جماعت مسلمین میں تفریق پیدا کرنے سے احتراز کرے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۳۹۶) از ضلع پورنیہ ڈاکخانہ بائسی ہاٹ موضع ہر نتو ڑ مرسلہ فرزند علی صاحب۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین مسائل ذیل میں کہ عید کی نماز کے بعد قبل خطبہ یا بعد خطبہ دعا کے لئے ہاتھ اٹھانا اور ہاتھ پھیلائے ہوئے بارگاہ الوہیت میں دنیا و آخرت کی ہر ذلت و رسوائی سے بچنے اور دونوں جہاں میں بہتری اور خوبی پانے کے لئے عرض کرنا شرعاً جائز ہے یا ناجائز۔ اور دعاء مذکورہ کے سبب سے رحمت الٰہی نازل ہونے کی امید ہے یا مصیبت۔ اور بلا آنے کا خوف علمائے اہلسنت و جماعت کا دعاء مذکورہ کے بارے میں کیا عمل ہے اور سنیوں کو کیا کرنا چاہئے۔ جواب قرآن پاک اور حدیث شریف اور حنفی فقہ کی معتبر کتابوں سے حوالہ کے ساتھ عنایت کیجئے۔ اللہ تعالیٰ آپ حضرات کی مہربانیوں کا سایہ ہمیشہ ہم لوگوں پر قائم رکھے آمین

الجواب:- دعا اللہ تعالیٰ کو بہت محبوب ہے اور دعاء عبادت کا مغز ہے حدیث میں ارشاد ہوا ہے الدعاء مخ العبادۃ رواہ الترمذی عن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نیز حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا لیس شئ اکرم علی اللہ من الدعاء اللہ تعالیٰ کے نزدیک دعا سے زیادہ کوئی چیز بہتر نہیں رواہ الترمذی و ابن ماجہ عن ابی ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور بیشک دنیا و آخرت کی ہر مصیبت کو دور کرنے والی ہے اور ہر ذلت و رسوائی سے بچانے والی ہے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں ان الدعاء ینفع مما نزل و مما

لم ینزل فعلیکم عباد اللہ بالدعاء جو مصیبت نازل ہو چکی اور جو ابھی نہیں نازل ہوئی دونوں میں دعا نفع دیتی ہے رواہ الترمذی عن ابن عمر و احمد عن معاذ بن جبل رضی اللہ تعالٰی عنہم ان احادیث مذکورہ سے دعا کے منافع و فوائد بخوبی معلوم ہوتے ہیں نماز عید کہ سال بھر میں ایک بار ہوتی ہے اور وہ دن مسلمانوں کی خوشی اور مسرت کا دن ہے مگر مسرت اور شادمانی میں اسلام کا اصلی فریضہ خدا کی یاد ہے اس سے غفلت نہ ہونی چاہئے بلکہ جس طرح مصیبت میں خدا کو یاد کرنا ضروری ہے اسی طرح فرحت و سرور میں اس کی یاد ضروری ہے اور یہ بھی اس کے حضور تضرع اور دعا کا وقت ہے۔ ایسے وقت میں دعا اللہ تعالٰی کو زیادہ پسند ہے یہانتک کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے زمانہ مبارک میں جب کہ عورتیں نماز جماعت میں شریک ہوا کرتی تھیں اور عید گاہ کو نماز عید پڑھنے جایا کرتی ہیں۔ اس وقت حیض والیوں کو بھی حکم صادر فرمایا گیا کہ وہ بھی حاضر ہوں۔ مگر نماز کی جگہ سے الگ رہیں و تعتزل الحیض المصلے اور یہ حکم ہوا کہ خیر اور دعاء مسلمین میں وہ بھی شرکت کریں۔ صحیح بخاری شریف وغیرہ کی حدیث ام عطیہ رضی اللہ تعالٰی عنہا سے ہے ولیشھدن الخیر و دعوۃ المسلمین[ع] اگر یہ دعا کا خاص موقع نہ ہوتا تو یہاں ایسی عورتوں کو کیوں طلب فرمایا جاتا جو نماز نہیں پڑھ سکتی ہیں۔ مگر جب فرما دیا گیا کہ اگرچہ نماز میں شرکت نہ کر سکیں مگر دعا میں تو شرکت کر سکتی ہیں تو معلوم ہوا کہ یہ وقت خصوصیت کے ساتھ دعا کا ہے جب ثابت ہو گیا کہ نماز عید کے بعد بھی دعا ہے تو اس دعا میں بھی ہاتھ اٹھانا مستحب ہے کہ ہاتھ اٹھانا دعا کے آداب میں سے ہے اذا سالتم اللہ فاسئلوہ ببطون اکفکم ولا تسالوہ بظھورھا۔ اور دوسری روایت

ع مشکوٰۃ شریف میں اس حدیث کے الفاظ کریمہ یہ ہیں فیشھدن جماعۃ المسلمین و دعوتھم تو یہ سب مسلمانوں کے مجمع اور دعا میں شریک ہوں اس روایت نے تشریح کر دی کہ بخاری کی روایت میں جو لفظ خیر وارد ہے اس سے مجمع میں حاضری مراد ہے۔ یہ حکم حیض والیوں کو بھی ہے اور حیض والی کو نماز پڑھنا منع۔ لہٰذا متعین ہو گیا کہ دعوۃ المسلمین سے مراد دعا ہے۔ بعد نماز عید دعا مسنون ہے اور حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے ثابت ہے۔ اس پر احادیث کے علاوہ دیگر احادیث بھی دلیل ہیں۔ اس موضوع پر اعلیٰ حضرت قدس سرہ کا ایک رسالہ ہے سرور العید السعید فی حل الدعاء بعد العید اس میں سند متصل کے ساتھ ثقہ راویوں سے یہ نقل فرمایا قال کانت الصلوٰۃ فی العیدین قبل الخطبۃ ثم یقف الامام علی راحلتہ بعد الصلوٰۃ فیدعو و یصلی بغیر اذان و اقامۃ۔ امام المجتہدین امام اجل تابعی ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ نے فرمایا نماز عیدین خطبے سے پہلے ہوتی تھی پھر امام اپنے راحلہ پر وقوف کر کے نماز کے بعد دعا مانگتا اور نماز بے اذان و اقامت ہوتی تھی۔ یہ روایت امام محمد رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ نے کتاب الآثار میں نقل فرما کر مقرر رکھی۔ ان کی عادت ہے کہ جو اثر اپنے مذہب کے خلاف ہوتا ہے اسے مقرر نہیں رکھتے۔ لہٰذا اس اثر کی صحیح مستند اور عند الاحناف معمول ہونے میں کوئی شبہ نہیں ثابت ہو گیا کہ عہد تابعین میں نماز عیدین کے بعد دعا کا معمول تھا اور یہی احناف کا مسلک ہے۔ اسی رسالہ مبارکہ میں ابو الشیخ و ابن حبان حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہ سے حدیث نقل فرمائی کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا کہ روز عید اللہ عزوجل فرماتا ہے یا عبادی سلونی فوعزتی و جلالی لا تسالونی الیوم شیئا فی جمعکم لآخرتکم الا اعطیتکم ولا لدنیاکم الا نظرت لکم اے میرے بندو مانگو مجھ

میں یہ بھی ہے فاذا فرغتم فامسحوا بہا وجوھکم یعنی دعا کرو تو اس طرح کرو کہ تمہاری ہتھیلیاں آسمان کی طرف ہوں پشت دست آسمان کی طرف نہ ہو اور جب دعا کر چکو تو ہاتھوں کو منھ پر پھیر لیا کرو۔ رواہ ابوداؤد عن مالک بن یسار و ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔ دوسری حدیث میں ہے کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا رفع یدیہ فی الدعاء لم یحطہما حتی یمسح بہما وجہہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب دعا کے لئے ہاتھ اٹھاتے تو جب تک منھ پر پھیر نہ لیتے نیچے نہ کرتے رواہ الترمذی عن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یرفع یدیہ فی الدعاء حتی یری بیاض ابطیہ دعا میں حضور ہاتھوں کو اتنا بلند فرماتے کہ بغلوں کی سپیدی دکھائی دیتی اور سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی کان یجعل اصبعیہ حذاء منکبیہ ویدعو حضور دعا کے وقت انگلیوں کو شانوں کے مقابل کر دیتے تھے اور عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی المسألۃ ان ترفع یدیک حذو منکبیک او نحوہما سوال کی صورت یہ ہے کہ ہاتھوں کو شانوں کے مقابل کر دے یا ان کے قریب۔ لمعات میں ہے: ای ادب السوال ان ترفع یدیک حذاء منکبیک لان العادۃ فی من طلب شیئا ان یبسط یدیہ الی کف الی المدعو لہ یعنی سوال کا طریقہ یہ ہے کہ ہاتھوں کو شانوں کے مقابل کرے کہ عادت یہ ہے کہ جب کوئی کسی سے کچھ مانگتا ہے تو اس کی طرف ہاتھ پھیلا دیتا ہے۔ ان احادیث سے معلوم ہوا کہ دعا کا یہ طریقہ ہے اور اس میں اپنی عاجزی و بیکسی کا اظہار ہے کہ جس طرح باطن میں توجہ و انابۃ الی اللہ ہونی چاہئے۔ اسی طرح ظاہر میں بھی سائل اور مانگنے والے کی صورت ہونی چاہئے کہ یہ اقرب الی اللہ اجابۃ ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۳۹۷) مسئولہ محمد کامل صاحب بنارس یکم محرم الحرام ۱۳۶۱ھ

اصول حنفیہ کے اعتبار سے سوائے تکبیر تشریق کے اور کون سا ذکر بالجہر مشروع ہے اور تکبیر تشریق پر لا الہ الا اللہ کا مقدم کرنا کیسا ہے۔

الجواب:- ذکر جہر صحیح مقصد کے لئے جائز ہے تکبیر تشریق پر اذکار کو مقدم نہ کرے۔ فتاویٰ عالمگیری میں ہے و ینبغی ان یکبر متصلا بالسلام۔ واللہ تعالیٰ اعلم

(بقیہ صفحہ کا) میری عزت و جلال کی قسم کہ آج اس مجمع میں جو چیز اپنی آخرت کے لئے مانگو گے تمہیں عطا فرماؤں گا۔ اور جو کچھ دنیا کا سوال کرو گے اس میں تمہارے لئے نظر کروں گا یعنی اگر وہ چیز بندے کے لئے بہتر ہے تو دوں گا ورنہ اس سے بلا دور فرماؤں گا یا آخرت میں دوں گا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ امجدی

مسئلہ (۳۹۸) مرسلہ مولوی غلام جیلانی صاحب صدر مدرس مدرسہ اسلامیہ اندر کوٹ میرٹھ ۱۰ محرم ۱۳۶۱ھ

سیدی دامت برکاتہم۔ احناف کے نزدیک خطبہ عیدین سننا واجب ہے چنانچہ درمختار وغیرہ میں تصریح فرمائی گئی ہے لیکن ابن ماجہ، النسائی، ابوداؤد باب العیدین میں ایک حدیث ہے جس میں مذکور ہے کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے ارشاد فرمایا کہ جو چاہے سنے اور جو چاہے چلا جائے اس کا جواب کیا ہے۔

الجواب:- اولاً یہ حدیث مرسل ہے جیسا کہ ائمہ حدیث نے اس کی تصریح کی ہے اور خود ابوداؤد نے بھی اس کو مرسل ہی بتایا ہے۔ ثانیاً یہاں دو چیزیں ہیں ایک بوقت خطبہ حاضر رہنا۔ دوم جو حاضر ہوں ان کو خطبہ کا استماع یعنی وقت خطبہ ایسی چیزیں نہ کرنا جو منافی استماع ہوں۔ مثلاً سلام و کلام اور کھانا، پینا وغیرہ۔ فقہاء نے جس کے وجوب کی تصریح فرمائی ہے وہ استماع ہے اور حدیث میں جس کی رخصت ہے وہ وہاں سے چلے جانے کی ہے فلا منافاۃ۔ لہٰذا جو چاہے جا سکتا ہے مگر جو موجود رہے گا اس کے لئے استماع واجب ہے۔ ھٰذا ما عندی والعلم عند ربی۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۳۹۹) مرسلہ مولوی غلام رشید صاحب صاحب سلمہ از ناگپور مومن پورہ ۱۵ ذی الحجہ ۱۳۶۶ھ

نماز عید میں دوسری رکعت میں امام تکبیر زوائد بھول گیا اور رکوع کے بعد سجدہ میں اسے یاد آیا۔ اس نے اسی وقت قیام کی طرف عود کیا۔ اور تکبیرات کو پورا کیا ایسی شکل میں نماز ہوئی یا نہیں۔

الجواب:- امام رکعت ثانیہ میں تکبیرات زوائد بھول گیا اور رکوع میں اسے یاد آیا جب بھی اس کے لئے قیام کی طرف عود کرنے کی اجازت نہیں۔ یہی ظاہر الروایۃ ہے۔ درمختار میں ہے لو رکع الامام قبل ان یکبر فان الامام یکبر فی الرکوع ولا یعود الی القیام لیکبر فی ظاہر الروایۃ جب رکوع سے قیام کی طرف عود کی اجازت نہیں تو سجدہ سے عود کرنا بدرجہ اولیٰ نہ چاہئے رہا یہ کہ نماز فاسد ہوئی یا نہیں درمختار میں عود من الرکوع کی نسبت لکھا فلو عاد ینبغی الفساد اور اس کی علت یہ بیان کی جاتی ہے کہ اس میں رفض فرض ہے مگر قوی من حیث الدلیل یہ ہے کہ رکوع سے قیام کی طرف عود سے نماز فاسد نہیں ہوگی بلکہ قیام میں تکبیرات کہنے کے بعد پھر رکوع کرے کہ روایت نوادر جیسا کہ ردالمحتار میں ہے۔ یہ ہے یعود الی القیام ویکبر ویعید الرکوع دون القراءۃ اور صحیح یہ ہے کہ نماز فاسد نہیں جیسا کہ قیام سے قعدہ اولیٰ کی طرف عود کرنے میں۔ ردالمحتار میں ہے قولہ فلو عاد ینبغی الفساد تبع فیہ صاحب النہر وقد علمت ان العود روایۃ النوادر علی انہ یقال علیہ ما قال ابن الہمام فی ترجیح القول

بعدم الفساد فیما لو عاد الی القعود الاول بعد ما استتم قائما بان فیہ رفض الفرض لاجل ما لیس بفرض وھو وان لم یجل خموبالصحۃ لا یحل پس اگر سجدہ سے قیام کی طرف عود کیا اور تکبیرات کہیں تو پھر رکوع کر کے سجدہ میں جائے ۔ وھو تعالیٰ اعلم ۔

باب الجنائز

مسئلہ (۴۰۰) مولوی حافظ شیر محمد صاحب مدرس عربی سکول خانپور ریاست بہاولپور ۲۳ ربیع الاول ۱۳۴۷ھ

ایک کنجری اس جگہ فوت ہو گئی ہے طوائف چکلہ میں سے تھی بعض مولویوں نے جنازہ پڑھا ہے اور بعض نہیں گئے قل خوانی کا کھانا بھی کھایا ہے بحوالہ کتب تحریر فرمائیں کہ جنازہ ایسی عورت کا پڑھنا عند الشرع جائز ہے یا نہیں ۔ بینوا توجروا ۔

الجواب :- نماز جنازہ ہر مسلمان کی پڑھنا فرض کفایہ ہے ۔ اگرچہ وہ کتنا ہی گنہگار ہو ۔ تنویر الابصار میں ہے وھی فرض علی کل مسلم مات ۔ صرف بعض کا فقہا نے استثناء فرمایا ہے ۔ اور زانی و زانیہ اون میں نہیں ۔ ہاں اگر بعض خواص خود نہ پڑھیں کہ دوسروں کو عبرت ہو تو اس میں بھی کچھ حرج نہیں ۔ عورت غامدیہ جو زنا میں مبتلا ہو گئی تھیں ۔ اور ان پر حد رجم قائم کی گئی تھی ان کے بارے میں صحیح مسلم شریف کتاب النکاح میں بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی کہ ثم امر بھا فصلی علیہا ۔ رجم کے بعد نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حکم فرمایا پھر اون کے جنازہ کی نماز پڑھی گئی ۔ اور اس کے فاتحہ کے کھانے کا یہ حکم ہے ، کہ اگر حلال اور طیب مال سے کھانا پکوا کر ایصال ثواب کیا گیا تو اس کے کھانے میں حرج نہیں ، وہ لوگ کھا سکتے ہیں جن کو اس قسم کا کھانا جائز ہے مگر جب کہ وہ عورت بازار کی بیٹھنے والی تھی تو ایسی جگہ کھانے کے لئے جانا بھی اگرچہ وہ کھانا جائز ہو شرعا مذموم ہے ۔ واللہ تعالیٰ اعلم ۔

ع ۔ ان لوگوں کی نماز جنازہ نہیں ۔ (۱) باغی ۔ جو امام برحق پر ناحق خروج کرے ۔ اور بغاوت کی حالت میں مارا گیا (۲) ڈاکو جب کہ ڈاکہ ڈالنے کی حالت میں مارا جائے ۔ (۳) جو لوگ ناحق پاسداری میں لڑیں اور اسی حالت میں مارے جائیں (۴) جو لوگ ناحق پاسداری میں لڑنے والے کا تماشا دیکھ رہے ہوں اور ان کو پتھر یا تیر یا گولی وغیرہ لگی اور مر گئے ۔ (۵) جو کسی مسلمان کا گلا گھونٹ کر مار ڈالے ۔ اس گلا گھونٹنے والے کی نماز جنازہ نہیں اور جو کہ گلا گھونٹنے سے مرا ہے اس کی نماز جنازہ ہے (۶) جو لوگ رات میں ہتھیار لے کر لوٹ مار کریں اور اسی حالت میں مارے جائیں ۔ (۷) جس نے اپنے باپ یا ماں کو مار ڈالا ہو اس بدنصیب کی نماز جنازہ نہیں (۸) جو کسی مسلمان کا مال چھین رہا تھا اور اسی حالت میں مارا گیا ۔ واللہ تعالیٰ اعلم ۔

مسئلہ (۱۰۴) مسئولہ مولوی عبدالجبار صاحب طالبعلم مدرسہ منظر اسلام بریلی ۳ شعبان ۱۳۴۳ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ

اگر ولی میت نے امام جمعہ کے علاوہ اور کوئی دیندار پرہیزگار کو نماز جنازہ کی اجازت دے تو نماز صحیح ہوگی یا نہیں۔

مسئلہ (۲۰۴) ولی میت کی اجازت کے بغیر امام جمعہ نماز جنازہ پڑھ سکتا ہے یا نہیں اگر پڑھا دے تو ولی میت نماز لوٹا سکتا ہے یا نہیں۔

مسئلہ (۳۰۴) اگر میت کا لڑکا محلہ کا سردار ہو اور مسجد کا متولی بھی تو امام جمعہ کے علاوہ اور کسی کو نماز جنازہ پڑھانے کی اجازت دے سکتا ہے یا نہیں۔

مسئلہ (۴۰۴) اگر کوئی شخص حالت زندگی میں امام موصوف پر ناراض ہوا اور بعد وفات اور کسی شخص کے ذریعہ سے نماز پڑھوانے کی وصیت کرے تو وصیت جاری ہوگی یا نہیں۔

الجواب: اگر صاحب حق کے سوا دوسرے عاقل بالغ نے نماز پڑھا دی جب بھی نماز جنازہ ہو جائے گی یعنی فرض ساقط ہو جائے گا۔ درمختار میں ہے دسقوط فرضها بواحد۔ ردالمحتار میں ہے ای بشخص واحد رجلا کان او امرأۃ مگر جب کہ نماز جنازہ کے وقت امام جمعہ حاضر ہو تو ولی یا امام حیّ سے زیادہ حق اسی امام جمعہ کا ہے غنیہ میں ہے الاولی بالامامة فیها السلطان ثم القاضی ثم امام الجمعة ثم امام الحی ثم الولی علی ترتیب الارث۔ اور ایسے وقت کہ ولی سے افضل واحق موجود ہے تو ولی کو یہ نہ چاہیے کہ دوسرے سے پڑھوادے یا خود پڑھادے بلکہ وہی امام جمعہ ہی پڑھائے۔ مگر دوسرے نے پڑھا دی جب بھی نماز ہوگی۔ اوسی غنیہ میں ہے لان یأذن لغیرہ اذ انتهی الحق الیہ اور اس صورت میں ابھی ولی تک حق امامت پہنچا ہی نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

الجواب: امام جمعہ کو ولی سے اجازت لینے کی کچھ ضرورت نہیں۔ ضرورت جب ہوتی کہ یہ خود صاحب حق نہ ہوتا اور اوپر معلوم ہو چکا کہ امام جمعہ ولی پر مقدم ہے اور امام جمعہ پڑھادے گا تو ولی نماز کا اعادہ نہیں کر سکتا۔ ولی نماز کو دوبارہ اس وقت پڑھ سکتا ہے کہ بغیر اجازت ولی کسی ایسے نے نماز پڑھائی جو ولی پر مقدم نہ تھا اور خود ولی نماز میں شریک نہ ہوا غنیہ میں ہے ولیس لغیر المذکورین ان یتقدم بلا اذن فان تقدم فللولی ان یعید ان شاء

درمختار میں ہے فان صلی غیرہ ای الولی ممن لیس لہ حق التقدم علی الولی ولم یتابعہ الولی اعاد الولی ولو علی قبرہ ان شاء لاجل حقہ لا لاسقاط الفرض ولذا قلنا لیس لمن صلی علیہا ان یعید مع الولی لان تکرارہا غیر مشروع والا ای وان صلی من لہ حق التقدم کقاض او نائبہ او امام الحی او من لیس لہ حق التقدم وتابعہ الولی لا یعید لانہم اولی بالصلٰوۃ منہ۔ واللہ تعالٰی اعلم

الجواب: سردار محلہ یا متولی مسجد ہونے سے نماز جنازہ کا حق نہیں ملتا اس کے لئے سوائے حق ولایت مسجد کوئی دوسرا حق نہیں۔ اور امام جمعہ کے ہوتے ہوئے دوسرے کو اجازت دینے کا اسے حق نہیں۔ کما تقدم۔ واللہ تعالٰی اعلم

الجواب: امام سے ناراض ہونا اگر کسی ایسی خرابی کے باعث تھا جو امام میں تھی تو امام کو ولی پر ترجیح نہیں کہ امام کو ترجیح کی وجہ یہ ہے کہ جب اس شخص نے اپنی زندگی میں اسے امام بنایا اور اس پر راضی رہا تو بعد موت نماز جنازہ کا بھی وہی امام ہوگا۔ ردالمحتار میں ہے وانما کان اولی لان المیت رضی بالصلٰوۃ خلفہ فی حال حیاتہ فینبغی ان یصلی علیہ بعد وفاتہ اور یہاں زندگی میں رضا موجود نہیں لہٰذا تقدیم کی وجہ نہیں۔ اسی میں غنیہ سے ہے فعلی ھذا لو علم انہ کان غیر راض بہ حال حیاتہ ینبغی ان لا یستحب تقدیمہ اور اگر امام پر ناراضی بلا وجہ شرعی ہو تو اس ناراضی کا کچھ اثر نہیں ردالمحتار میں عبارت غنیہ کے بعد فرمایا قلت ھذا اسلم ان کان عدم رضاہ بہ لوجہ صحیح والا فلا۔ نماز جنازہ کی وصیت باطل ہے یعنی صاحب حق کے سوا دوسرے کو نماز پڑھانے کی وصیت کرگیا تو اس وصیت سے حق دار کا حق نہ جائے گا۔ درمختار میں ہے والفتوی علی بطلان الوصیۃ بغسلہ والصلٰوۃ علیہ ردالمحتار میں ہے عزاہ فی الھندیۃ الی المضمرات ای لو اوصی بان یصلی علیہ غیر من لہ حق التقدم او بان یغسلہ فلان لا یلزم تنفیذ وصیتہ ولا یبطل حق الولی بذالک وکذا تبطل لو اوصی بان یکفن فی ثوب کذا او یدفن فی موضع کذا کما عزاہ الی المحیط وذکر فی شرح درالبحار ان تعلیل تقدیم امام الحی بما مر من ان المیت رضیہ فی حیاتہ یعلم ان الموصی یقدم امام الحی لاختیارہ لہ وصیا الا ان المذکور فی المنتقی ان ھذہ الوصیۃ باطلۃ اھ ملخصا واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ (۴۰۵) مرسلہ اسمٰعیل صالح محمد از رانا واو ضلع کاٹھیا وار ۲۴ ذی الحجہ ۱۳۴۱ھ

جنازے کے آگے مولود شریف پڑھنا چلتے وقت جائز ہے یا نہیں۔

الجواب: جنازہ کے ساتھ نعت شریف پڑھنا جائز ہے والمسئلۃ مکملۃ فی الفتاوی الرضویۃ واللہ تعالٰی اعلم

مسئلہ (۴۰۶) مسئولہ احمد علی محلہ نالہ بریلی ۱۶ ربیع الآخر ۴۲ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ چند شخصوں نے ایک مرد حنفی کی نماز جنازہ پڑھی اور گیارہویں شریف کا کھانا کھایا۔ اس کھانا کھانے اور نماز جنازہ کی لوگوں سے معافی منگائی گئی۔ ایسے لوگوں کی نسبت شرع کا کیا حکم ہے۔

الجواب:۔ مسلمان میت کی نماز فرض کفایہ ہے جن لوگوں نے نماز جنازہ پڑھی فرض ادا کیا۔ معافی مانگنا کسی گناہ وجرم کے سبب ہوتا ہے۔ جن لوگوں نے معافی منگوائی بلکہ جنھوں نے معافی مانگی سب مجرم ہیں سب پر توبہ فرض ہے یونہی گیارہویں شریف کا کھانا مباح وحلال تھا۔ اس سے بھی معافی مانگنے یا منگوانے کی کوئی وجہ نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۴۰۷) مرسلہ سید حسن اشرف صاحب از ضلع بستی محلہ پورانی بستی ۱۹ جمادی الاولیٰ ۴۲ھ

زید اپنی بی بی کے جنازہ کو کندھا دے سکتا ہے یا نہیں۔

الجواب:۔ عورت کے بدن کو بلاحائل ہاتھ لگانا منع ہے کہ مرنے کے بعد وہ تعلق قطع ہوگیا۔ اب وہ مثل اجنبیہ ہے کہ بلاحائل چھو نہیں سکتا۔ مگر دیکھنے کی اجازت ہے۔ درمختار میں ہے ویمنع زوجها من غسلها ومسها لا من النظر الیها علی الاصح اور یہ جو عام لوگوں میں مشہور ہے کہ جنازہ کو شوہر کندھا نہیں دے سکتا محض غلط ہے۔ کہ یہ تو مطلقاً ایک مسلمان کا دوسرے مسلمان پر حق ہے۔ شرع نے اس پر کسی قسم کی تخصیص نہ کی۔ پھر غیروں کا تو اجازت ہو اور شوہر کو روکا جائے عجب ہے کہ اگر تعلق منقطع ہونا سبب ہو تو اوروں سے بھی تعلق نہیں۔ آخر وجہ فرق کیا ہے کہ اوروں کو اجازت اور شوہر کو ممانعت۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۰۸) مسئولہ مولوی حکیم عبدالرحیم صاحب از احمد آباد گجرات ۲۳ شوال ۴۲ھ

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین ان مسائل میں کہ ہمارے یہاں ایک قاضی صاحب ہیں جو نماز جمعہ وعیدین پڑھاتے ہیں۔ اور نماز جنازہ بھی۔ ہوا یہ کہ ہمارے قصبہ میں ایک معمار کا انتقال ہوا جس کا نام رجو تھا اور ایک عورت کا انتقال ہوا جس کا نام بڑی بی بی تھا۔ قاضی صاحب نے ان دونوں کی نماز جنازہ نہیں پڑھائی۔ رجو کرایا نمازی تھا۔ اور بڑی بی بی سید گھانسی میاں صاحب قادری مرحوم ومغفور کی مریدہ تھی۔ اور بڑی بی بی کی میت میں قاضی صاحب نے یہ حکم دیا کہ کوئی مرد یا عورت اس کی میت میں شریک نہ ہو اور جو شریک ہوگا اس کو جماعت سے خارج کیا جائے گا۔ اس

کے بعد قاضی صاحب نے اس عورت کو جس نے غسل دی تھی اور سید پیر و میاں ابن گھانسی میاں جس نے نماز جنازہ پڑھائی تھی جماعت سے نکال دیا اور بیر پیارے کے جنازہ کی نماز بھی قاضی صاحب نے نہیں پڑھائی جب کہ یہ نمازی تھا اور سید باوان میاں قادری مرحوم و مغفور کا مرید تھا۔ یہ کام جو قاضی صاحب کر رہے ہیں کیا شرع کے موافق ہے یا مخالف یہی قاضی صاحب ہمارے قصبہ میں نکاح بھی پڑھاتے ہیں اب ہم لوگ ان کو اپنا پیشوا مانیں یا اس منصب پر کسی دوسرے کو قائم کریں۔

مسئلہ (۴۰۹) قاضی صاحب مذکور نے ملک گلاب، ملک امام و ملک عباس ان تینوں کو بلایا۔ ان تینوں کے قبضہ میں ایک مکان ہے جس کے یہ تینوں مالک ہیں۔ قاضی صاحب یہ چاہتے ہیں کہ مسجد کے مال وقف سے اکاون روپیہ دے کر یہ مکان لے لیں۔ اور بعد تعمیر اس مکان کو قابل کرایہ بنا دیا جائے اور مسجد کی ضروریات میں وہ کرایہ صرف کیا جائے۔ اس کے بعد ان تینوں اشخاص پر جبر کیا کہ یہ مکان مسجد میں دے دو۔ اگر نہ دو گے تو جماعت سے نکال دیں گے ملک گلاب و ملک امام نے انکار کیا تو قاضی صاحب نے ان دونوں کو برادری سے خارج کر دیا۔ اب قاضی صاحب شرع شریف کے موافق ہے یا نہیں۔ بینوا بیانا شافیا، توجروا اجرا وافیا۔

الجواب: ہر مسلمان میت کی نماز فرض کفایہ ہے۔ اگرچہ فاسق و فاجر ہو۔ حدیث شریف میں ہے صلوا علی کل بر وفاجر۔ درمختار میں ہے والصلوٰۃ علیہ فرض کفایۃ بالاجماع فیکفر منکرھا لانہ انکر الاجماع یونہی میت کو غسل دینا بھی واجب ہے۔ عالمگیری میں ہے غسل المیت حق واجب علی الاحیاء بالسنۃ واجماع الامۃ کذا فی النہایۃ بدائع الصنائع میں ہے اما الاول (ای وجوب الغسل) فالدلیل علی وجوبہ النص والاجماع والمعقول اما النص فما روی عن النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم انہ قال للمسلم علی المسلم ست حقوق وذکر من جملتھا ان یغسلہ بعد موتہ الخ۔ بالجملہ جس نے میت کو غسل دیا یا نماز پڑھی۔ اس نے واجب ادا کیا۔ اور کوئی نہ کرتا تو وہاں کے رہنے والے جن کو خبر تھی۔ سب کے سب گنہگار ہوتے اس قاضی جاہل کا نماز جنازہ سے منع کرنا فرض سے روکنا ہے اور جس نے نماز پڑھی اسے جماعت سے خارج کرنا سخت ظلم و بے باکی ہے۔ اور یہ قاضی مناع للخیر ہے۔ ایسا شخص گنہگار مستحق غضب جبار ہے۔ مسلمانوں کو لازم ہے کہ جن کو اس قاضی نے جماعت سے خارج کیا ہے انھیں شامل جماعت کریں اور خود اس قاضی کو جماعت سے خارج کریں اور اس کو اس منصب سے علیحدہ کریں قال اللہ تعالٰی لا تقعد بعد الذکری مع القوم الظلمین۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

الجواب: جبر و تعدی حرام ہے اور مکان نہ دینے پر ان تینوں شخصوں کو جماعت سے خارج کرنا ناجائز۔ قاضی کا یہ حکم بالکل خلاف شرع ہے۔ مسجد اس کی محتاج نہیں کہ لوگوں پر ناجائز دباؤ دے کر ان کے مکانات وغیرہ لئے جائیں اگر وہ خوشی سے نہ دیں تو ان پر کچھ جبر نہیں۔ یہ بھی ان پر قاضی کا ظلم ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۱۰) از شہر کہنہ بریلی۔ ۲۲ محرم ۴۳ھ

نماز جنازہ میں مقتدی و امام کو سبحانک اللہم پڑھنے کے بعد اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم پڑھنا چاہئے یا نہیں

الجواب: نماز جنازہ میں امام و مقتدی کسی پر قرأت[عـه] نہیں۔ لہٰذا صرف سبحانک اللہم پڑھیں مگر یہاں تعالیٰ جدک کے بعد جل ثناؤک بھی ملائیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۱۱) مسئولہ جناب محمد ظہور الحق صاحب مدرس مدرسہ اسلامیہ موضع پچورہ تحصیل کھیر ضلع علی گڑھ ۵ ذی الحجہ ۴۳ھ

جو شخص مذہب اسلام سے واقف نہ ہو اور مدعی اسلام ہو اور اسلامی عقائد و قواعد کے جاننے کی کوشش بھی نہ کرتا ہو بلکہ بعض عقائد اسلامیہ مثل عقد ثانی بیوگان کو قبیح جانتا ہو۔ آیا ایسے شخص سے میل جول، طعام و سلام اور اس کے جنازہ کی نماز جائز ہے یا نہیں۔

الجواب: جو شخص مدعی اسلام ہو اگرچہ اصول اسلام سے واقف نہیں۔ اسے مسلمان ہی قرار دیں گے جب تک ضروریات دین کا انکار اس سے ثابت نہ ہو۔ اگر عقد بیوگان کو حرام جانتا ہو یا اس مسئلہ اسلامیہ کو بری نظر سے دیکھتا ہو اور برا بتاتا ہو تو یہ کفر ہے۔ اور اس صورت میں اس سے میل جول سلام و کلام سب حرام۔ اور اس کے جنازہ کی نماز حرام۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۱۲) مرسلہ مولوی غلام جیلانی صاحب از ستواس ریاست اندور ۶ صفر ۴۳ھ

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص مقتول ملا پندرہ روز کے بعد صرف دو حصے سر کے اور ایک ہاتھ ایک طرف کی پسلیاں ملیں۔ اب اس پر نماز پڑھیں یا نہ۔ پڑھ لیا تو کیا گناہ ہوا۔

الجواب: اگر آدھا جسم مع سر کے ملا تو نماز پڑھی جائے گی۔ اور صورت مسئولہ میں تو صرف کچھ اجزاء سر کے۔ اور ایک ہاتھ اور ایک طرف کی پسلیاں ملی ہیں۔ لہٰذا اس کی نماز جنازہ نہیں۔ عالمگیری میں ہے ولو وجد اکثر البدن او نصفہ مع الراس یغسل ویکفن ویصلی علیہ کذا فی المضمرات واذا یصلی علی الاکثر لم یصلی علی الباقی اذا وجد۔ کذا

عـه اور تعوذ قرأت کے لئے مسنون تھا۔ جب قرأت نہیں تو تعوذ بھی نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ امجدی۔

فی الایضاح وان وجد نصفہ من غیر الراس او وجد نصفہ مشقوقا طولا فانہ لا یغسل ولا یصلی علیہ ویلف فی خرقۃ ویدفن فیہا کذا فی المضمرات ۔ درمختار میں ہے وجد راس آدمی او احد شقیہ لا یغسل ولا یصلی علیہ بل یدفن الا ان یوجد اکثر من نصفہ ولو بلا راس ۔ ردالمحتار میں ہے وکذا یغسل لو وجد النصف مع الراس بحر ۔ واللہ تعالٰی اعلم ۔

مسئلہ (۴۱۳) مسئولہ مولوی حمید حسن متعلم مدرسہ اہلسنت ۲۰ ربیع الآخر ۴۳ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک میت اہل سنت و جماعت کی نماز شیعہ یا غیر مقلد نے پڑھائی ۔ اور اس میں دھوکے سے اہل سنت و جماعت نے نماز پڑھی جو نقشبندیوں کی مسجد کے نمازی تھے ۔ اور وہ لوگ نماز جنازہ پڑھانے والے کو سنی جانتے تھے اور چند لوگ میت کے ہمراہ جنازہ میں تھے جو سنی تھے اور امام کے مذہب کو جانتے تھے لیکن ان لوگوں نے ظاہر نہیں کیا ۔ اس صورت میں قبر پر نماز جنازہ مکرر ہوگی یا نہیں ۔ اور جن جن کو معلوم تھا ان کو تجدید ایمان و تجدید نکاح کرنا چاہئے یا نہیں اور جن لوگوں کو نہیں معلوم تھا ان کے متعلق شرع شریف کا کیا حکم ہے ۔ بینوا توجروا ۔

الجواب : ۔ روافض زمانہ قطعاً کفار مرتدین ہیں کہ قرآن عظیم کو ناقص مانتے اور ائمہ اطہار کو انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام پر فضیلت دیتے ہیں ۔ یا ایسوں کو اپنا پیشوا یا کم از کم مسلمان جانتے ہیں اور وہ دونوں باتیں قطعاً یقیناً بالاجماع کفر ۔ اور جو اس کے قائل کو کافر نہ جانے وہ بھی انھیں کے مثل ۔ من شک فی عذابہ وکفرہ فقد کفر اور وہابیہ غیر مقلدین پر بوجوہ کثیرہ کفر لازم ۔ کما حقق شیخنا المجدد فی رسالۃ الکوکبۃ الشہابیہ وغیرہا ۔ ان کے پیچھے نماز ناجائز و باطل کما ہو مصرح فی رسالتہ النہی الاکید ۔ بالجملہ اس میت کی نماز نہ ہوئی کہ جب امام رافضی تھا یا غیر مقلد تو امام کی نہ ہوئی ۔ اور اقتدا صحیح نہ ہوئی ۔ تو میت کو بغیر نماز دفن کر دیا فرض ہے کہ میت کی قبر پر نماز پڑھی جائے[عہ] اور مقتدیوں میں جسے امام کا حال معلوم نہ تھا اس پر مواخذہ نہیں ۔ اور جسے معلوم تھا اور اقتدا کی تو اسے صالح امامت[عہ] سمجھا ایسے کو تجدید ایمان و تجدید نکاح چاہیے ۔ واللہ تعالٰی اعلم

عہ اس مسئلہ کی پانچ صورتیں ہیں ۔ اول آدھا جسم پورے سر کے ساتھ ملا ۔ دوم سر نہیں ملا مگر جسم کا اکثر حصہ ملا ۔ ان دونوں صورتوں میں نماز جنازہ ہے ۔ سوم سر کے ساتھ آدھے جسم سے کم ملا ۔ چہارم سر نہیں ملا ۔ آدھا یا آدھے سے کم جسم کا حصہ ملا ۔ پنجم آدھے سر کے ساتھ آدھا جسم ملا ۔ ان تین صورتوں میں نماز جنازہ نہیں ۔ واللہ تعالٰی اعلم ۔ امجدی

عہ یہ مسئلہ مقامی ہے یہ معلوم رہا ہوگا کہ ابھی اتنی مدت نہیں گذری ہے کہ میت قبر میں پھٹ گئی ہوگی ۔ ورنہ حکم یہ ہے کہ اگر دفن کئے اتنی مدت گزر چکی ہے کہ قبر میں میت پھٹ گئی ہوگی تو نماز جنازہ ساقط ہے واللہ تعالٰی اعلم ۔ امجدی ۔ عہ صالح امامت سمجھنے کے لئے لازم ہے کہ اسے مسلمان جانا ۔ اور روافض و غیر مقلدین کو مسلمان جاننا کفر ہے ۔ اس لئے ان کو توبہ و تجدید ایمان کا حکم ہے ۔ اور اگر اقتدا کی نیت نہ کی اپنے طور پر بلا اقتدا نماز جنازہ پڑھ لی یا نہ پڑھی یوں ہی بلا نیت نماز کھڑا رہا تو تجدید ایمان و نکاح کا حکم نہیں ۔ واللہ تعالٰی اعلم ۔ امجدی ۔

مسئلہ (۴۱۴) مسئولہ محمد حسین از محلہ سوداگران بریلی۔ ۳ جمادی الاولیٰ ۱۳۳۳ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص مرا جس نے کبھی نماز نہ پڑھی مگر کلمہ گو ضرور تھا۔ اس شخص کی نماز جنازہ کسی نے نہیں پڑھی۔ ان لوگوں کے واسطے کیا حکم ہے۔

مسئلہ (۴۱۵) ایک شخص اور مرا وہ بھی ایسا ہی تھا اس کے جنازہ کو امام نے چالیس قدم گھسیٹا تب اس کی نماز پڑھی تو ان لوگوں کے لئے کیا حکم ہے۔

الجواب: نماز جنازہ فرض کفایہ ہے اس کے لئے میت کا مسلمان ہونا شرط ہے۔ متقی ہونا ضرور نہیں۔ تنویر الابصار میں ہے والصلوٰۃ علیہ فرض کفایۃ وشرطھا اسلام المیت۔ حدیث میں ہے صلوا علیٰ کل بر و فاجر۔ جب کسی نے نہ پڑھی تو وہاں والے جن کو خبر تھی سب گنہگار ہوئے سب پر توبہ فرض ہے۔ اور اگر تین[ع] دن سے زیادہ زمانہ دفن کو نہ ہوا ہو۔ تو قبر پر پڑھی جائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

الجواب: جنازۂ مسلم کو گھسیٹنا ناجائز وگناہ ہے۔ اس نے کبھی نماز نہ پڑھی اس کا گناہ اس پر نہ تھا مسلمان میت کی بے حرمتی کرکے بلا سبب انھوں نے گناہ کیا۔ حدیث میں تو یہاں تک فرمایا دکفوا عن مساویھم اپنے مردوں کی برائیاں بیان کرنے سے زبان روکو۔ تو جب اس کی برائیاں مرنے کے بعد ذکر کرنے سے ممانعت فرمائی تو یہ بے حرمتی کس درجہ شنیع و قبیح ہے۔ پھر گھسیٹنے کے بعد نماز پڑھی تو کیا اس سے وہ پاک ہوگیا۔ نماز ترک کرنے کا اس سے کفارہ ادا ہوگیا جو ایذا پہنچانے کے بعد نماز پڑھی گئی پہلے ہی نماز پڑھ کر کیوں نہ دفن کیا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۱۶) از رانی کھیت جامع مسجد مرسلہ قاری جلیل الدین احمد صاحب ۱۵ جمادی الآخر ۱۳۶۸ھ

نابالغ بچے جن کے ورثاء وہابی شیعہ یا دیگر فرقہ ضالہ میں ان کی نماز جنازہ میں شرکت کرنی یا جنازہ کی معیت میں نقل و حرکت شرعًا کیا حکم رکھتا ہے۔

الجواب: نابالغ سمجھدار ہے تو اس کا اسلام معتبر ہے اور ناسمجھ ہے تو خیر الابوین کا تابع ہے اس میں دیگر ورثاء کا

ع یہ ایک قول کی بنا پر ہے۔ غالبًا عوام کی آسانی کے لئے یہ قول اختیار فرمایا۔ ورنہ صحیح یہ ہے کہ اس کی دنوں سے مقدار نہیں بتائی جا سکتی اصل حکم یہ ہے کہ جب تک اس کا گمان غالب نہ ہو کہ میت پھٹ گئی ہے۔ نماز جنازہ پڑھ سکتے ہیں اور یہ زمین اور موسم اور میت کے لحاظ سے بدل سکتا ہے۔ تر زمین میں جلد پھٹے گا خشک زمین میں دیر میں۔ جاڑے میں دیر میں گرمی میں جلد۔ موٹے آدمی کی لاش جلد پھٹے گی اور دبلے کی دیر میں۔ اس کو خود بہار شریعت میں اور دوسرے آگے والے فتاویٰ میں مفصل ذکر فرمایا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

اعتبار نہیں۔ لہٰذا اگر اس کے والدین کفریہ عقائد رکھتے ہوں اور وہ بچہ نا سمجھ ہو تو جنازہ میں شرکت ناجائز۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۷۱۴) آپ نے بہار شریعت حصہ چہارم ص۱۴۲ میں نماز جنازہ میں میت کے لئے دعا کرنا سنت تحریر فرمایا ہے اور رسالہ رکن الدین میں درمختار کے حوالے سے میت کے لئے دعا کرنا واجب لکھا ہے۔ اور بہشتی گوہر میں بھی یہی ہے۔ لہٰذا مسئلہ کی تحقیق فرما کر جواب دیجئے۔

الجواب:- درمختار باب شروط الصلوٰۃ میں لکھا ہے لانہ الواجب علیہ جس سے ظاہر مفہوم یہ ہوتا ہے کہ نماز جنازہ میں دعا واجب ہے۔ اور بعض علماء کا یہی مذہب بھی ہے۔ مگر خود درمختار باب الجنائز میں دعا کو سنت بتایا اور پہلے قول کو رد کر دیا۔ عبارت یہ ہے وسنتها ثلثة التحمید و الثناء و الدعاء فيها ذكره الزاهدی و ما فهمه الكمال من ان الدعاء ركن و التكبيرة الاولى شرط رده فى البحر بتصريحهم بخلافه اور وہ پہلی عبارت جس سے وجوب سمجھا جاتا ہے اس کی تاویل علامہ شامی نے یہ کی ہے کہ یہاں دعا سے مراد نفس نماز جنازہ ہے کہ وہ خود ہی دعا ہے۔ اس دعا سے مراد وہ دعا نہیں ہے جو نماز جنازہ میں پڑھی جاتی ہے اور جو لوگ دعا کو واجب کہتے ہیں وہ ائمہ کے اس قول سے استدلال کرتے ہیں حقیقتها هى الدعاء ان کا یہ استدلال صحیح نہیں ہے کہ اگر اس عبارت میں دعا سے وہ دعا مراد لی جائے جو نماز جنازہ میں پڑھی جاتی ہے اور یہ جملہ چونکہ حصر کا افادہ کرتا ہے لازم آئے گا کہ تکبیرات رکنیت سے خارج ہو جائیں اور یہ خود ان کے بھی خلاف ہے اس قول میں خود نماز جنازہ ہی کو دعا کہا گیا ہے اور وہ دعا مراد نہیں ہے جس پر نماز جنازہ مشتمل ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

مسئلہ (۷۱۸) از پورنیہ سید باڑہ مرسلہ جناب مولوی شمس العالم صاحب ۱۳ رجب ۱۳۵۰ھ

مجنوں کی نماز جنازہ کی دعا میں کیا پڑھا جائے۔

الجواب:- مجنوں کے لئے نماز جنازہ میں وہ دعا پڑھی جائے جو نابالغ کے جنازہ میں پڑھی جاتی ہے۔ اگر جنون اصلی[ع] ہو تو دعائے مغفرت نہ کی جائے اور عارضی جنون ہو تو دعائے مغفرت بھی کی جائے کہ قبل جنون وہ مکلف تھا۔ درمختار میں ہے و لا يستغفر فيها لصبى و مجنون و معتوه لعدم تكليفهم۔ ردالمحتار میں ہے هذا فى الاصلى اما العارض بعد البلوغ فلا يسقط ذنوبه السابقة۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

ع جنون اصلی سے مراد یہ ہے کہ نابالغی کی حالت ہی سے مجنون ہو یا بلوغ کے ساتھ ساتھ جنون بھی طاری ہوا ہو۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ (امجدی)

مسئلہ (۴۱۹) از مقام گورمٹی ڈاکخانہ انگس ضلع ہوگلی بنگال مرسلہ جناب غلام رسول صاحب ۲۲ ذی الحجہ سنہ ھ
کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ چند مسلمان قصداً ہندوؤں یعنی کافروں کی میت کے ساتھ شریک ہو کر
کافروں کے ساتھ کافروں کے رسوم ادا کرتے ہیں ایسے مسلمانوں پر شریعت طاہرہ کا کیا حکم ہے۔

مسئلہ (۴۲۰) وہی مذکورہ بالا مسلمان مسلمانوں کے جنازہ اور تجہیز و تکفین میں شریک نہیں ہوتے ہیں باوجودیکہ ان کو
خبر ہوتی ہے۔ ان پر کیا حکم ہے۔

مسئلہ (۴۲۱) مذکورہ بالا مسلمان کے ساتھ دوسرے دیندار مسلمان برادرانہ رسوم برتیں گے یا نہیں۔ بینوا توجروا

الجواب:۔ اگر کافر مرجائے تو مسلمان اس وقت کفن و دفن کر سکتا ہے جب کوئی کافر اس کو کفن دفن کرنے والا نہ ہو۔
ایسی صورت میں بغیر مراعات سنت اس کو الگ گڑھے میں دبا دے اور جب کہ اس کے مذہب والے موجود ہوں تو مسلمان
اس کی تجہیز و تکفین نہ کرے اگرچہ وہ کافر اس مسلمان کا قریبی رشتہ دار ہو۔ تنویر الابصار میں ہے۔ ویغسل المسلم ویکفن و
یدفن قریبہ الکافر الاصلی عند الاحتیاج من غیر مراعاۃ السنۃ درمختار میں ہے فیغسلہ غسل الثوب
النجس ویلفہ فی خرقۃ ویلقیہ فی حفرۃ اور صورت مسئولہ میں جب کہ ہندو موجود تو مسلمان کی شرکت کی کوئی حاجت
نہیں بلکہ اس کی شرکت سے لوگوں کی کثرت ہوگی۔ اور اس سے جنازہ کافر کی شان نمایاں ہوگی جس کی ہرگز اجازت نہیں
واللہ تعالیٰ اعلم

الجواب:۔ اگرچہ نماز جنازہ فرض کفایہ ہے کہ بعض نے ادا کر لیا تو دوسرے لوگ بری الذمہ ہیں۔ مگر اس شخص کا
کافروں کے جنازہ میں شریک ہونا اور مسلمانوں کے جنازہ میں نہ شریک ہونا ظاہر کرتا ہے کہ کافروں کی طرف اس کا میلان
ہے۔ اور قرآن کا ارشاد ہے ولا ترکنوا الی الذین ظلموا فتمسکم النار الآیۃ ظالموں کی طرف میلان نہ کرو کہ
تمہیں آگ چھوئے گی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

الجواب:۔ اس شخص سے توبہ کرائیں اگر وہ اپنی ان حرکتوں سے باز نہ آئے تو اسے علیحدہ کر دیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۲۲)
شیرخوار میت یعنی بچہ یا نابالغ میت کو تلقین کرنا چاہیئے یا نہیں۔ بینوا توجروا۔

الجواب:۔ تلقین کی حاجت نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۲۳) مرسلہ مولوی عبد الغنی حنفیہ غوثیہ مسجد بگو منڈی قلی بازار کانپور۔

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ نماز جنازہ میں ہاتھ کھول کر سلام پھیرنا چاہئے یا باندھ کر دونوں طرح جائز ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا۔

الجواب: ہاتھ کھول کر سلام پھیرنا چاہئے یہ خیال کہ تکبیرات میں ہاتھ باندھے رہنا مسنون ہے۔ لہٰذا سلام کے وقت بھی ہاتھ باندھے رہنا چاہئے۔ یہ خیال غلط ہے وہاں ذکر طویل مسنون موجود ہے اس پر قیاس، قیاس مع الفارق ہے فقہاء کرام نے ہاتھ باندھنے اور کھولنے کے لئے جو کلیہ ارشاد فرمایا ہے اس سے استدلال کی ہمیں حاجت[ع] نہیں جب کہ خاص اس بارے میں جزئیہ موجود ہے۔ خلاصۃ الفتویٰ میں ہے ولا[عہ] یعقد بعد التکبیر الرابع لانہ لا یبقیٰ ذکر مسنون حتی یعقد فالصحیح انہ یحل الیدین ثم یسلم تسلیمتین ھکذا فی الذخیرہ۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۲۴) مسئولہ محبت شاہ موضع ڈھنکنی ڈاکخانہ فرید پور ضلع بریلی۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ مسمّی زید گاؤں میں رہتا ہے اور گاؤں میں خواندہ شخص بہت کم ہوتے ہیں۔ زید کا لڑکا فوت ہوگیا اور اس کو فوت ہوئے ایک ماہ ہوگیا ہے اور اس کے جنازے کی نماز نہیں پڑھی گئی۔ زید نے تین یوم تک برابر نماز پڑھوانے کی کوشش کی۔ لیکن نماز پڑھنے والا کوئی نہیں ملا۔ زید چاہتا ہے کہ نماز جنازہ پڑھ دی جائے۔ ایسی صورت میں از روئے شرع شریف نماز ہو سکتی ہے یا نہیں۔

الجواب: نماز جنازہ فرض ہے جو لوگ اس گاؤں میں رہتے ہیں ان پر فرض ہے کہ نماز جنازہ یاد کرلیں اور جب تک دعائیں یاد نہ ہوں اتنا ہی کرلیا کریں کہ جنازہ کے لئے چار بار اللہ اکبر کہہ کر سلام پھیر دیں۔ فرض ادا ہو جائے گا۔ قبر پر نماز جنازہ اس وقت پڑھی جا سکتی ہے جب تک جسم میت کا صحیح و سالم ہونا مظنون ہو۔ اب چونکہ ایک ماہ کا زمانہ گزر گیا۔ وقت نکل گیا۔ وہاں والے سب گنہگار ہوئے۔ توبہ کریں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۲۵) از ضلع بلیا۔ مرسلہ مولوی عبد العظیم صاحب ۲ ربیع الاول ۵۰ھ

غسل میت کے اندر جن صورتوں میں تیمم کرانے کا حکم ہے ان صورتوں میں میت کے بدن کے کپڑے

ع اگرچہ یہ استدلال صحیح ہے مقصود یہ ہے کہ اس زحمت کی ضرورت نہیں کہ اس کلیہ سے استدلال کیا جائے جب کہ صریح جزئیہ موجود ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

عہ چوتھی تکبیر کے بعد ہاتھ نہ باندھے رہے۔ اس لئے کہ اب ذکر مسنون باقی نہ رہا کہ باندھے رہے اس لئے صحیح یہی ہے کہ چوتھی تکبیر کے بعد ہاتھ کھول دے پھر دونوں طرف سلام پھیرے۔ ایسا ہی ذخیرہ میں ہے۔

کس طرح آتارے جائیں اور کفن کس طرح پہنایا جائے کپڑے آتارنے اور کفن پہنانے میں تو بہرحال میت کے بقیہ جسم کو ہاتھ ضرور ہی لگے گا۔ مع حائل ایسا کرنے میں بہت دقت ہے۔ بینوا توجروا۔

الجواب:۔ کپڑے اتارنے یا کفن پہنانے میں اپنے ہاتھ پر کوئی کپڑا لپیٹ لے تاکہ اس کے بدن کو ہاتھ نہ لگے اور اگر عورت کا محرم ہے تو اسے بعض اعضا پر ہاتھ لگانے میں حرج نہیں۔ اسی واسطے تیمم کرانے میں اس کو ہاتھ پر کپڑا لپیٹنے کی کوئی حاجت نہیں کران مواضع کو بلا حائل یہ چھو سکتا ہے۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۲۶) مرسلہ حاجی محمد اسماعیل ولد الفو مقام ملاڈ ضلع تھانہ آفس رد ڈ۔ ۲۲ جمادی الاخریٰ ۱۳۵۹ھ

آج کل ہندوستان میں جو یہ رواج جنازہ کا ہے جیساکہ ہندؤں کی ارتھی۔ کیوں کہ مردہ کو بہت تکلیف ہوتی ہے چونکہ جنازہ کے باہر جو ڈنڈے ہوتے ہیں باہر نکلے ہوئے۔ جس چیز کے اندر میت کو تکلیف ہوتی ہو اس کے اندر لے جانا جائز ہے یا نہیں بیان فرمادیں۔

الجواب:۔ ہندوستان میں عموماً جنازہ کو چارپائی پر لے جاتے ہیں۔ اگر وہاں کسی ایسی چیز پر مردہ کو لے جاتے ہوں جس سے مردہ کو تکلیف ہو تو اس کو چھوڑ دیں اور ایسی چیز پر میت کو لے جائیں کہ تکلیف نہ ہو۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۲۷) مرسلہ عبد الغفور صاحب دفتر انجمن اشاعت الحق بنارس ۲۰ شعبان المعظم ۱۳۶۱ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے اہلسنت وجماعت اس مسئلہ میں۔

نماز پڑھنے مسجد میں گیا کہ جنازہ آگیا نماز جنازہ پڑھی بلا مٹی دیئے واپس ہونا چاہتا ہے تو اولیاء میت سے اجازت لینا چاہئے یا نہیں۔

مسئلہ (۴۲۸) عام استعمالی جوتا پہن کر نماز جنازہ پڑھنے کا کیا حکم ہے۔

الجواب:۔ اگر جنازہ کے ساتھ جانا نہیں چاہتا تو اولیاء میت سے اجازت لے کر واپس چلا آئے یا اولیاء میت خود ہی اذن عام دیدیں کہ جو ساتھ نہ جانا چاہتا ہو وہ واپس جائے۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

الجواب:۔ اگر جوتا پاک ہے تو اس کو پہن کر نماز جنازہ پڑھ سکتا ہے مگر بہتر یہ ہے ایسا نہ کرے کہ اسے دیکھ کر دوسرے لوگ جن کے جوتے ناپاک ہیں وہ بھی پہن کر پڑھنے لگیں گے۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۲۹) از پورنیہ کشن گنج بازار سوداگر پٹی مرسلہ امام جامع مسجد ۸ ذیقعدہ ۱۳۶۱ھ

نماز جنازہ کے کچھ دیر کے بعد جنازہ کے سامنے کھڑے ہو کر دعا یا فاتحہ پڑھنا کیسا ہے۔ اور بعد نماز جنازہ کو فوراً لے جانا بلکہ کچھ دیر کرنا کچھ فاتحہ یا دعا کی غرض سے دونوں ہاتھ اٹھا کر پڑھنا کیسا ہے۔

الجواب: نماز جنازہ کے بعد اگر میت کے لئے دعا کی گئی یا اس کو ایصال ثواب کیا گیا تو کچھ حرج نہیں۔ مگر اسی ہیئت پر رہتے ہوئے جس پر نماز پڑھی تھی۔ ایسا نہ کریں بلکہ صف وغیرہ توڑنے کے بعد اگر دعا وغیرہ کرنا چاہیں تو کر سکتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۴۳۰) مرسلہ جناب قاضی غلام الثقلین صاحب قاضی شہر اٹاوہ ۱۲ محرم ۱۳۳۶ھ

اس وقت جو واقعات بالڈیں اور معضلات میں مسلمان مارے جا رہے ہیں کیا وہ شہید ہوں گے اور ان مقتولین کو کفن کی حاجت ہے اور مغسول ہوں گے؟

الجواب: شہید کی دو قسم ہے۔ ایک وہ جس کو اصطلاح فقہ میں شہید کہا جاتا ہے جس کا حکم یہ ہے کہ نہ غسل دیا جائے۔ اسی طرح خون سمیت دفن کر دیا جائے۔ اور جو کپڑا اس کے جسم پر از جنس کفن ہے ان کو اتارا نہ جائے۔ اس شہادت کے لئے چند شرائط ہیں جب تک وہ شرائط پائے نہ جائیں۔ اصطلاح فقہ میں اس کو شہید نہیں کہا جائے گا۔ اس شہادت کی تعریف اور اس کے شرائط و احکام بہار شریعت حصہ چہارم دیکھ کر معلوم کیجئے۔ دوسرا وہ شہید جس کو اگرچہ اصطلاح فقہ میں شہید نہ کہیں۔ کہ ان شرائط کا جامع نہیں۔ جو شہید فقہی کے لئے ضروری تھیں۔ مگر اس کو بھی شہید کہا جائے گا۔ اگرچہ اس کو غسل و کفن دیا جائے گا۔ مگر شہادت کی فضیلت اس کو حاصل ہے اور شہادت کا ثواب پائے گا جو مسلمان کفار کے ہاتھوں آجکل مقتول ہو رہے ہیں ان میں اکثر وہ ہیں جن کو اصطلاح فقہ کے اعتبار سے بھی یقیناً شہید کہا جائے گا۔ کہ وہ آلہ جارحہ سے ظلماً قتل کئے گئے اور زخمی ہونے کے بعد انہیں دنیا سے کسی قسم کا نفع اٹھانے کا بھی موقع نہ ملا بعضوں کو ایسا موقع ضرور حاصل ہوتا ہے کہ ان کا کچھ علاج ہوتا ہے یا کسی قسم کا نفع وہ اٹھا لیتے ہیں۔ مثلاً انھوں نے کسی دنیوی چیز کی وصیت کی، یا کچھ کھایا پیا، یا معرکہ سے اسے اٹھا لائے۔ تو اگرچہ فقہاء کی اصطلاح میں اسے شہید نہیں کہیں گے۔ مگر یہی شہداء میں شمار ہوگا اس کو بھی شہادت کا ثواب ملے گا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۳۱) مسئولہ ظہور محمد خاں صاحب از شہر کہنہ محلہ کانکر ٹولہ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ زید نے اپنی حیات میں اپنے ورثہ سے وصیت کی کہ مجھ کو خالد وغیرہ زمینداران کے قبرستان میں دفن کرنا چنانچہ زید کے انتقال کے بعد اس کے وارثان نے خالد وغیرہ میں سے بعض سے اجازت لی اور بعض سے نہیں لی اور خالد وغیرہ کی ملکیت میں دفن کر دیا۔

مسئلہ (۴۳۲) زید کے ورثہ نے خالد وغیرہ سب سے اجازت چاہی مگر بعض نے اجازت دی اور بعض نے انکار کیا اور کہا کہ ہمارا عام قبرستان نہیں بلکہ مستثنیٰ ہے اور ہمارے مورث نے اپنے خاندان کی میتوں کی غرض سے علیحدہ چھوڑ رکھا ہے دوسرا قبرستان جو اسی کے برابر ہے وہ ہمارے مورث نے وقف کر دیا ہے۔ اس میں دفن کر دو مگر زید کے وارثان نے مطلق توجہ نہیں کی اور جبراً زید کو بموجب وصیت دفن کر دیا بعض بعض نے پختہ قبریں بنا کر جگہ بھی زیادہ صرف کر لی۔

مسئلہ (۴۳۳) بغیر وصیت زید کے اس کے وارثان نے محض اس خیال سے کہ اول بھی ہمارے بعض عزیز خالد کے مستثنیٰ قبرستان میں دفن ہو چکے ہیں۔ لاپروائی کے ساتھ اپنا استحقاق جان کر بلا دریافت و بلا اجازت خالد وغیرہ کے مستثنیٰ قبرستان میں دفن کر دیا۔ ایسی صورت میں ہر سہ وارثان میت کی نسبت و نیز زید کی نسبت جو اس نے بلا کسی استحقاق کے خالد وغیرہ کے مستثنیٰ قبرستان میں اپنے آپ کو دفن کرنے کی وصیت کی تھی کیا حکم ہے۔

مسئلہ (۴۳۴) وارثان اپنے مورث کی وصیت کے مطابق عملدرآمد کرنا چاہتے ہیں۔ حالانکہ وہ کام جس کی وصیت کی گئی ہے حکم شرعی کے خلاف ہے کیا جائز ہے۔

مسئلہ (۴۳۵) قبرستان کے درختوں کی گیلی لکڑی کاٹنا اور پتے توڑ کر بکریوں کو کھلانا جائز ہے یا ناجائز۔

مسئلہ (۴۳۶) خالد وغیرہ زمیندار ان میں بھی کوئی تضا کر جائے تو تمام مالکین سے اجازت لینی ہوگی۔ یا نہیں۔

الجواب:۔ اگر وہ قبرستان خاص ہے کہ خاص انھیں زمینداروں کے اموات اس میں دفن ہوتے ہیں تو سب شریکوں سے اجازت لینے کی ضرورت ہے۔ صرف بعض سے اجازت ناکافی ہے کہ شرکت ملک میں کوئی شریک دوسرے کے حصہ میں بلا اذن تصرف نہیں کر سکتا۔ درمختار میں ہے وکل من شرکاء الملک اجنبی فی الامتناع عن تصرف مضر فی مال صاحبہ لعدم تضمنھا الوکالۃ۔ اور زید کی وصیت کا کچھ اعتبار نہیں۔ دوسرے کی زمین میں دفن کرنے کی وصیت کا اسے حق نہیں۔ بلکہ حکم یہ ہے کہ عام مسلمین کے قبرستان میں اوسے دفن کریں یہ تو پرائی ملک میں وصیت ہے۔ اگر خود اپنے مکان میں دفن کرنے کی وصیت کی تو ورثہ پر یہ لازم نہیں کہ مکان ہی میں دفن کریں بلکہ مقابر مسلمین میں دفن کرنا افضل ہے۔ فتاویٰ خیریہ میں ہے سئل فی رجل اوصیٰ بان یدفن فی سکنہ ھل علی الورثۃ مراعاۃ وصیتہ ام لا اجاب لیس علیھم مراعاتھا۔ والافضل الدفن فی مقابر المسلمین۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

الجواب ( ) جب کہ بعض نے انکار کیا تو سب کی اجازت نہ ہوئی۔ لہٰذا دفن کرنا جائز نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

الجواب: اس میت کے بعض عزیز کا دفن ہو جانا استحقاق نہیں ثابت کرتا کہ اگر مالکان زمین نے اس ایک کے لئے اجازت دے دی تو صرف اسی کے لئے اجازت ہے نہ کہ اوروں کے لئے بھی۔ اور اگر اوسے بھی اجازت نہ دی تھی بغیر اجازت دفن کر دیا تو یہ دفن کرنا خود ہی ناجائز ہے نہ کہ اس کی وجہ سے اور بھی مستحق ہو جائیں اور ان صورتوں میں کہ بغیر اجازت حاصل کئے دفن کر دیا مالکان زمین کو اختیار ہے کہ زمین برابر کر دیں اور ان کی قبریں کھود ڈالیں۔ درمختار میں ہے لا یخرج منہ بعد اھالۃ التراب الا لحق آدمی کان تکون الارض مغصوبۃ او اخذت بشفعۃ ویخیر المالک بین اخراجہ ومساواتہ بالارض فتاویٰ عالمگیری میں ہے اذا دفن المیت فی ارض غیرہ بغیر اذن مالکھا فالمالک بالخیار ان شاء امر باخراج المیت وان شاء سوی الارض وزرع فیھا۔ یہ تو بالقصد پرائی زمین میں دفن کرنا ہے۔ اگر غلطی سے دوسرے کی زمین میں دفن کر دیا یعنی سمجھے یہ تھے کہ یہ زمین اپنی ہے اور بعد کو ثابت ہوا کہ اپنی نہ تھی تو مالکان زمین مردہ کو نکلوا سکتے ہیں۔ اگرچہ مٹی برابر کر چکے ہوں بلکہ اگرچہ دفن کو عرصہ گذر چکا ہو اور اگر مالکان زمین چاہیں تو باقی رکھیں۔ فتاویٰ خیریہ میں ہے سئل فی قبر رجل غلط فیہ اھل بیتہ فدفنوا لھا برظنا انہ لھم فما الحکم اجاب لاھلہا ان یکلفوا اھلہا بنبش القبر ولاخراجہ منہ بعدت المدۃ او قصرت ولھم الترک ان راؤا ذلک وقد صرحوا بحرمۃ النبش لغیر ضرورۃ وھنا الضرورۃ حق الغیر فاذا اسقطوا حقھم جاز وان کان فیہ اختلاط الرجل بالمرأۃ لمعارضتہ لحرمۃ النبش بعد اسقاط حقھم وھذا استنبط من تعلیلھم لجواز النبش فی الارض المغصوبۃ بحق الغیر وھذا اذا کان المقبر ملکا اما اذا کان فی ارض وقف فلا ینبش مطلقا اور یہ اجازت وعدم اجازت کا لحاظ اس وقت ہے کہ جب وہ زمین خالد وغیرہ زمینداران کی ملک ہو اور اگر مورث اعلیٰ نے اپنی اولاد پر وقف کی ہو اور وقف کا ثبوت ہو تو ان زمینداروں کو اجازت دینے کا بھی حق نہیں کہ خلاف شرط واقف ان کو تصرف کرنا جائز نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

الجواب: اگر وہ کام خلاف شرع ہے تو اس کی وصیت پر عمل کرنا جائز نہیں۔ ولا طاعۃ للمخلوق فی معصیۃ الخالق۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

الجواب: قبرستان کی ترگھاس اور لکڑی توڑنا مکروہ ہے۔ عالمگیری میں ہے ویکرہ قطع الحطب والحشیش من المقبرۃ فان کان یابسا لا باس بہ کذا فی فتاوی قاضیخان۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

الجواب: چونکہ مورث نے اس زمین کو اپنے خاندان کے اموات کے لئے رکھا اور اسی پر اب تک عملدرآمد ہے تو

اب صراحۃً اجازت کی ضرورت نہیں کہ یہ عملدرآمد اور اس پر کسی شریک کا انکار نہ کرنا دلیل اجازت ہے۔ کذا افاضنا شیخنا فی مرض وفاتہ قبل ان یتوفی بیوم۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ (۴۳۷) مرسلہ عبدالعزیز خانصاحب از کلکتہ زکریا اسٹریٹ ۱۲۲، ۱۰ رجمادی الاولیٰ ۱۳۵۱ھ

گذارش ضروری یہ ہے کہ یہاں میمنوں کا ایک خاص قبرستان ہے وہیں عم محترم قدس سرہ العزیز کا مزار شریف ہے زیارت کے لئے عورتیں جاسکتی ہیں یا نہیں۔ اگر جا سکتی ہیں تو کتنی مدت پر۔ اگر عند الشارع کوئی قید نہ ہو تو جب چاہیں جا سکتی ہیں یا نہیں۔ عند الشرع ایا کو: کوئی وقت مثلاً صبح اندھیرے میں یا رات کو بھی موقت ہے یا نہیں۔

الجواب:۔ عورتوں کے لئے زیارت قبور میں اختلاف ہے اور احوط یہ ہے کہ عورتیں زیارت کو نہ جائیں۔ وہو تعالٰی اعلم

مسئلہ (۴۳۸) مرسلہ مولوی حاجی نیرالدین صاحب ضلع پترہ ڈاکخانہ موہن پور موضع لال پور بنگال ۵ رجمادی الاخریٰ ۱۳۵۱ھ

ہمارے بنگال میں اکثر مکانوں میں مردہ دفن کرتے ہیں اور بعض جگہ ایسا بھی ہوتا ہے کہ ایک دو قبریں ہیں اور اس قبر کی جگہ اور اس کے گرداگرد جگہ کی تنگی اور شدت ضرورت کے سبب سے گھر یا پھاٹک وغیرہ بنانے اور قبر و اطراف کی زمین ہموار کرکے صحن مکان بنا کر زراعت وغیرہ سوکھانے کے کام میں لانا چاہتے ہیں اور اس جگہ کے سوا اور کہیں کام کرنے کی گنجائش بھی نہیں۔

اسی صورت میں بعض صاحب قبر کھود کر ہڈی وغیرہ اٹھا کر جمع کرکے ہڈیوں پر نماز جنازہ پڑھ کر دوسری جگہ دفن کرنے کا فتویٰ دیتے ہیں۔ اس صورت میں حکم شرع شریف یہ جگہ بغیر نقل قبر تصرف میں لانا، اور نقل قبر اور ہڈیوں پر نماز جنازہ پڑھنا اور دوسری قبر میں دفن کرنا جائز ہے یا نہیں اگر جائز نہیں تو عدم جواز کی دلیل چاہتے ہیں۔

مسئلہ (۴۳۹) اس صورت کے علاوہ عام شرعی عذر پر نقل قبر جائز ہے یا نہیں اور قبر میں ہڈی وغیرہ باقی نہ رہے تو قبر سے نقل کرکے کیا لے جائے۔ اگر مٹی لے جائے تو اس کی مقدار کیا ہے۔

الجواب:۔ قبر پر اس قسم کا تصرف کرنا کہ اسے ہموار کرکے زراعت وغیرہ سکھانے کے کام میں لانا یا اس پر رہنے کا مکان بنانا حرام ہے کہ اس سے میت کو اذیت پہونچتی ہے۔ اسی وجہ سے قبر پر بیٹھنے کی ممانعت آئی۔ عمارہ بن حزم رضی اللہ تعالٰی عنہ کہتے ہیں رأنی رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم جالسا علی قبر فقال یا صاحب القبر انزل من علی القبر لا تؤذی صاحب القبر ولا یوذیک مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک قبر پر بیٹھے دیکھا۔ ارشاد فرمایا، اے قبر پر

بیٹھنے والے قبر سے اتر، صاحب قبر کو ایذا نہ دے نہ وہ تجھے ایذا دے۔ رواہ الطحاوی فی معانی الآثار والطبرانی فی الکبیر والحاکم وابن مندہ۔ مسلم و ابو داؤد و نسائی و ابن ماجہ ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں لان یجلس احدکم علی جمرۃ فتحرق ثیابہ فتخلص الی جلدہ خیر لہ من ان یجلس علی قبر کسی کا آگ پر بیٹھنا کہ وہ کپڑے جلا کر چمڑے تک پہنچ جائے بہتر ہے بہ نسبت اس کے کہ قبر پر بیٹھے۔ نیز ارشاد فرماتے ہیں لان امشی علی جمرۃ او سیف او اخصف نعلی برجلی احب الی من ان امشی علی قبر البتہ آگ یا تلوار پر چلنا یا پاؤں سے جوتا گانٹھنا مجھے زیادہ پسند ہے اس سے کہ قبر پر چلوں۔ رواہ ابن ماجہ عن عقبۃ ابن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں لان اطاء علی جمرۃ احب الی من ان اطاء علی قبر مسلم بیشک آگ پر پاؤں رکھنا مجھے زیادہ محبوب ہے اس سے کہ کسی مسلمان کی قبر پر پاؤں رکھوں۔ رواہ الطبرانی فی الکبیر۔ اور جب وہ قبر زراعت سو کھانے کے کام میں لائی جائے گی۔ یا اس پر مکان بنایا جائے گا تو اس پر چلنا، پھرنا، لیٹنا، بیٹھنا، پاخانہ پیشاب کرنا جن سے میت کو ایذا ہوگی۔ اور میت کو ایذا پہنچانا حرام۔ عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں اذی المومن فی موتہ کاذاہ فی حیاتہ۔ مسلمان کو بعد موت ایذا دینا ویسا ہی ہے جیسے زندگی میں۔ رواہ ابو بکر بن ابی شیبۃ۔ فتاویٰ عالمگیری میں ہے ویکرہ ان یبنی علی القبر او یقعد او ینام او یطاء علیہ او یقضی حاجۃ الانسان من بول او غائط۔ رد المحتار میں ہے لان المیت یتاذی مما یتاذی بہ الحی یہاں تک کہ قبرستان میں جو نیا راستہ نکالا جائے اس میں چلنا حرام۔ رد المحتار میں ہے نصوا علی ان المرور فی سکۃ حادثۃ فیہا حرام۔ اور قبر کھود کر ہڈی نکالنا اور دوسری جگہ دفن کرنا اور زمین برابر کر کے اپنے کام میں لانا بھی حرام ہے۔ جب کہ قبر کا کھودنا کسی حق انسان کی وجہ سے نہ ہو۔ مثلاً دوسرے کی زمین میں بغیر اجازت مالک دفن کر دیا تو اب مالک قبر کھود سکتا ہے درمختار میں ہے۔ لا یخرج منہ بعد اہالۃ التراب الا لحق آدمی کان تکون الارض مغصوبۃ او اخذت بشفعۃ ویخیر المالک بین اخراجہ و مساواتہ بالارض کما جاز زرعہ والبناء علیہ اذا بلی وصار ترابا زیلعی۔ مراقی الفلاح میں ہے ولا یجوز نقلہ ای المیت بعد دفنہ بان اہیل علیہ التراب واما قبلہ فیخرج بالاجماع بین المدۃ طالت مدۃ دفنہ او قصرت للنہی عن نبشہ والنبش حرام حقا للہ تعالیٰ طحطاوی میں ہے فلو دفن فی بلد ہا بغیر بلدہا وہی لا تتغیر و ارادت نبشہ و نقلہ الی بلدہا لا یباح

لما ذالک فتجویز بعض المتاخرین لا یلتفت الیہ ولا یباح نبشہ بعد الدفن اصلا کذا فی الفتح وغیرہ
غنیہ میں ہے ولا یباح نبشہ بعد الدفن اصلا الا لما تقدم من سقوط مال فیہ او الارض مغصوبۃ اور
ہڈیوں پر نماز پڑھنا بھی ناجائز ہے۔ اگرچہ دفن کے وقت نماز نہ پڑھی گئی ہو۔ عامہ متون میں ہے وان دفن بلا صلاۃ
صلی علی قبرہ مالم یتفسخ تو اگر ہڈیوں پر نماز جائز ہوتی تو مالم یتفسخ کی قید بے کار ہوتی۔ لہذا علامہ سید احمد طحطاوی فرماتے
ہیں فان تفسخ لا یصلی علیہ مطلقا لانہا شرعت علی البدن ولا وجود لہ مع التفسخ اور اگر دفن سے پیشتر
نماز پڑھی جاچکی ہے تو بدرجہ اولیٰ ممنوع کہ سوا ایک صورت کے نماز جنازہ میں تکرار ناجائز ہے۔ درر میں ہے فان
صلی الاولی لا یصلی غیرہ بعدہ لان الفرض یتأدی بالاولی والتنفل بہا غیر مشروع واللہ تعالیٰ اعلم

الجواب: شرعی عذر نقل کے لئے وہی ہے کہ ملک غیر میں مردہ دفن کردیا گیا اور مالک سے اجازت نہ لی گئی یا غصب کئے
ہوئے کپڑے کا کفن دیا گیا۔ باقی دوسرے عذر نامسموع ہیں۔ علامہ طحطاوی حاشیہ مراقی الفلاح میں فرماتے ہیں فی المضمرات
النقل بعد الدفن علی ثلثۃ اوجہ فی وجہ یجوز بالاتفاق وفی وجہ لا یجوز بالاتفاق وفی وجہ اختلاف اما
الاول فہو اذا دفن فی ارض مغصوبۃ او کفن فی ثوب مغصوب ولم یرض صاحبہ الا بنقلہ عن ملکہ
او نزع ثوبہ جاز ان یخرج منہ بالاتفاق واما الثانی فکالام اذا ارادت ان تنظر الی وجہ ولدہا او
نقلہ الی مقبرۃ اخری لا یجوز بالاتفاق واما الثالث اذا غلب الماء علی القبر فقیل یجوز تحویلہ مما
روی ان صالح بن عبید اللہ رؤی فی المنام وہو یقول حولونی عن قبری فقد اذانی الماء ثلثا
فنظروا فاذا شقہ الذی یلی الماء قد اصابہ الماء فافتی ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما بتحویلہ
وقال الفقیہ ابو جعفر یجوز ذالک ایضا ثم رجع ومنع اور جب بغیر ضرورت شرعیہ قبر کا کھودنا ہی جائز نہیں
تو کچھ بھی نقل نہ کریں گے اور جب حق غیر متعلق ہے اور قبر میں[عہ] ہڈی بھی نہ رہی تو مالک زمین اس پر تصرف کرسکتا ہے اور نقل
کی حاجت نہیں جیسا کہ درمختار سے گذرا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

عہ یہ حکم خاص اسی صورت میں ہے کہ جب کسی کی زمین میں بغیر اس کی اجازت کے میت دفن کی گئی ہو لیکن عام قبرستان میں جو قبریں ہیں ان پر قیامت تک نہ عمارت بنانا جائز نہ کھیتی کرنا جائز۔ اگرچہ قبروں کے نشان مٹ چکے ہوں۔ ہڈیاں بھی سڑ گل چکی ہوں۔ عالمگیری کتاب الوقف ص [illegible] پر ہے ومثلہ ما ہو ایضا عن المقبرۃ فی القری اذا اندرست ولم یبق فیہا اثر الموتی لا العظم ولا غیرہ لا یجوز زرعہا واستغلالہا لان لہا حکم المقبرۃ کذا فی المحیط۔ اور اسی عالمگیری کے حوالے سے بہار شریعت حصہ دہم ص [illegible] پر ہے۔ مسلمانوں کا قبرستان ہے جس میں قبر کے نشان بھی مٹ چکے ہیں، ہڈیوں

مسئلہ (۴۴۰) مرسلہ مولوی غلام محی الدین ولد مولوی عبد الرحیم صاحب از احمد آباد گجرات ۴ رجمادی الآخر ۱۳۴۷ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ قبر پر سے پھول وار کے کھانا حلال ہے یا حرام۔ کتابوں کے حوالے سے جواب لکھیں۔ بینوا بیانا شافیا توجروا اجرا وافیا۔

الجواب: پھول جو قبر پر ڈالے گئے جب تک تر ہیں اٹھائے نہ جائیں کہ وہ تسبیح کرتے ہیں اور میت کو اس سے انس ہوتا ہے اور اس کا جی بہلتا ہے۔ مراقی الفلاح میں ہے وکرہ قلع الحشیش الرطب وکذا الشجر من المقبرۃ لانہ مادام رطبا یسبح اللہ تعالٰی فیؤنس المیت وتنزل بذکر اللہ تعالٰی الرحمۃ ولا باس بقلع الیابس منہما ای الحشیش والشجر لزوال المقصود۔ صحیح بخاری و صحیح مسلم میں عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے مروی کہ ایک بار حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم دو قبروں کے قریب سے گزرے ارشاد فرمایا ان دونوں پر عذاب ہو رہا ہے۔ پھر کھجور کی ایک تر شاخ کے دو حصے کئے اور ایک ایک دونوں پر نصب فرما دیا۔ پھر اس کی وجہ یہ بیان فرمائی انی لارجو ان یخفف عنہما مالم ییبسا میں امید کرتا ہوں کہ جب تک خشک نہ ہوں عذاب میں تخفیف ہوگی۔ علامہ سید احمد طحطاوی فرماتے ہیں ای لانہما یسبحان مادام رطبین وبہ تنزل الرحمۃ وفی معنی الجرید مافیہ رطوبۃ من ای شجر کان عذاب میں اس وجہ سے تخفیف ہوگی کہ جب تک وہ تر رہیں گی تسبیح کریں گی اور اس کی وجہ سے رحمت الٰہی نازل ہوگی۔ اور دوسرے درخت کی شاخ وغیرہ بھی اسی کے حکم میں ہے نیز اسی طحطاوی میں شرح مشکوٰۃ سے ہے قد افتی بعض الائمۃ من متاخری اصحابنا بان ما اعتید من وضع الریحان والجرید سنۃ لھذا الحدیث ہمارے متاخرین اصحاب میں بعض ائمہ نے یہ فتویٰ دیا کہ وہ جو عادت ہے کہ قبور پر پھول اور تر شاخیں رکھی جاتی ہیں ان کا رکھنا اسی حدیث کی وجہ سے سنت ہے اور پھول جو قبر پر ڈالے گئے خشک ہونے کے بعد اٹھا سکتے ہیں اور اگر کھائیں تو حرج نہیں۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ (۴۴۱) مسئولہ مولوی محمد یوسف صاحب موضع بنولی ڈاکخانہ سورسنڈ ضلع مظفر پور (بہار) ۲۲ صفر ۱۳۶۲ھ

ایک بستی میں ہیضہ کی بیماری ہو گئی تھی تو لوگوں نے کہا کہ یہاں کفن چور ہو گیا ہے اسی وجہ سے آدمی زیادہ مرتے ہیں چنانچہ لوگوں نے قبریں کھود کھود کر تین چار مُردوں کی لاشوں کو جو پندرہ بیس روز کی مدفون تھیں۔ باہر نکالیں تو دیکھا گیا کہ

حاشیہ: کا بھی پتہ نہیں جب بھی اس کو کھیت بنانا اور اس میں مکان بنانا ناجائز ہے۔ اس مسئلہ کی پوری تفصیل دیکھنی ہو تو اعلیحضرت امام احمد رضا قدس سرہ کا رسالہ مبارکہ اہلاک الوہابیین کا مطالعہ کریں۔ امجدی

ان کی لاشیں ویسی ہی تھیں جیسی دفن کی گئی تھیں بلکہ اس سے بھی زیادہ بدن فربہ اور حسین ہو گیا تھا۔ اس کے بعد لوگوں نے ان لاشوں کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے جس سے خون بھی بہت کافی جاری ہوا۔ دریافت طلب یہ ہے کہ کیوں یہ بات پیدا ہوئی۔ اور مردہ کی لاش کتنے دن تک قبر میں ثابت رہتی ہے۔

الجواب:۔ میت کو دفن کرنے کے بعد پھر قبر کو کھودنا جائز نہیں۔ مگر جب کہ کسی آدمی کے حق کے لئے کھودنا ہو۔ مثلاً زمین مغصوب میں دفن کیا گیا۔ یا دفن کرتے وقت کسی کا مال قبر میں گر پڑا تو ایسی صورت میں قبر کھودنے کی اجازت ہے اور اگر کسی آدمی کا حق اس کے ساتھ متعلق نہ ہو تو کھودنا جائز نہیں۔ یہاں تک کہ اگر بغیر غسل میت کو دفن کر دیا ہو تو نہلانے کے لئے اس کو قبر کھود کر نکالنا درست نہیں۔ درمختار میں ہے ولا یخرج منه بعد اهالة التراب الا لحق آدمی کان تکون الارض مغصوبة۔ ردالمحتار میں ہے قوله الا لحق آدمی احتراز عن حق الله تعالیٰ کما اذا دفن بلا غسل او صلاة او وضع علی غیر یمینه او الی غیر القبلة فانه لا ینبش علیه بعد اهالة التراب. کما مر۔ لهٰذا اس صورت میں جن لوگوں نے قبروں کو کھودا انھوں نے بہت ہی برا کیا اور اس سے بہت زیادہ برا یہ کہ لاشوں کو لوگوں نے ٹکڑے ٹکڑے کیا کہ میت کو ایذا دینا ہے۔* ہیضہ کی بیماری میں جو مرتا ہے وہ شہید ہے۔ صحیح بخاری شریف وغیرہ میں حدیث ہے کہ، ارشاد فرمایا المطعون شهید البطون شهید (الحدیث) ہو سکتا ہے کہ یہ خون نکلنا اسی شہادت کا اثر ہو۔ عموماً اموات کی لاشیں تین دن یا دس دن یا کم بیش میں پھٹ جاتی ہیں۔ اسی وجہ سے اگر کوئی میت بغیر نماز دفن کر دی گئی ہو تو جب تک اس کے پھٹ جانے کا غالب گمان نہ ہو قبر پر نماز جنازہ پڑھنے کا فقہا حکم دیتے ہیں۔ اور تفسخ کی کیا مقدار ہے اس میں اختلافات ہیں اصح یہ ہے کہ اس کی کوئی مقدار نہیں۔ درمختار میں ہے صلّی علی قبره مالم یغلب علی الظن تفسخه من غیر تقدیر وهو الاصح۔ ردالمحتار میں ہے قوله هو الاصح لانه یختلف باختلاف الاوقات حرا وبردا والمیت سمنا وهزالا والامکنة بحر وقیل یقدر بثلاثة ایام وقیل عشرة وقیل شهر ط عن الحموی اور مخصوص اموات کے لئے اس کی کوئی حد نہیں۔ یہاں تک کہ بعض صحابہ کرام کی لاشیں اس[1] زمانہ میں بھی بجنسہٖ ویسی ہی پائی گئیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

* اور کہ میت کو ایذا دینا ویسا ہی حرام ہے جیسا کہ زندوں کو ایذا دینا

---

[1] حدیث میں ہے کسر عظم المیت ککسره حیا۔ مردے کی ہڈی توڑنا ایسا ہی (حرام) ہے جیسے زندے کی۔ ہڈی توڑنا یا لاش کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا دونوں ایک حکم میں ہے کہ ایذا دونوں میں ہے علاوہ ازیں ایک مسلمان میت کی بے حرمتی بھی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم [1] جیسا کہ حضرت زبیر بن عوام حواری رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بعد میں قبر انور سے نکالا گیا تو کفن تک میلا نہ تھا یہ بھی ستر یا اسّی کی بات ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ امجدی۔

مسئلہ (۴۴۲) مسئولہ عبد العزیز خاں از شہر کہنہ بریلی ۲۰ جمادی الاولیٰ ۱۳۳۹ھ

کیا فرماتے ہیں علماء دین و شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک میت کو قبر میں دفن کیا۔ تختے ڈھیلے گے لیکن جب مٹی دی گئی تو اس کی وجہ سے قبر دھنس گئی۔ اب ایسی صورت میں قبر کو فوراً درست کرنے کی غرض سے میت کو قبر سے باہر نکال سکتے ہیں یا نہیں۔ بینوا توجروا۔

الجواب:۔ جب مٹی دے چکے تو اب میت کو نکالنا جائز نہیں۔ درمختار میں ہے ولا یخرج منہ بعد اہالۃ التراب الا لحق آدمی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۴۳) مسئولہ عبد الکریم صاحب ۲۶ صفر ۱۳۵۳ھ

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ بعض عورتیں اپنے محرم کے ہمراہ اتفاقاً پردہ و حجاب کے ساتھ ایک ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کے مزار پاک پر بتعدیل آداب حاضر ہوئیں تو کیا وہ اس فعل سے مرتکب فعل حرام و گنہگار اور حدیث شریف لعن اللہ زائرات القبور کی مصداق ٹھہریں یا نہیں۔ بینوا توجروا۔

الجواب:۔ مذہب صحیح یہ ہے کہ حدیث لعن اللہ زوّارات القبور، منسوخ ہے یہ حکم مقدم ہے اور دوسری حدیث جس میں زیارت قبور کی اجازت ہے وہ متاخر و ناسخ ہے۔ وہ حدیث یہ ہے کنت نھیتکم عن زیارۃ القبور الا فزوروھا اس حدیث میں اگرچہ صیغہ مذکر ہے مگر یہ امر مقرر اور ثابت ہے کہ خطابات شرعیہ میں اگرچہ صیغہ مذکر ہے عورتیں بھی اسمیں داخل ہیں جب تک دلیل شرعی سے رجال کی خصوصیت ثابت نہ ہو اور حدیث النساء شقائق الرجال اس کی کاشف ہے۔ لہذا زیارت قبور سے عورتوں کو مرتکب فعل حرام نہیں کہا جائے گا۔ اگرچہ ہمارے نزدیک اسلم طریقہ یہ ہے کہ عورتوں کو زیارت قبور سے منع کیا جائے کیونکہ ان میں افراط و تفریط کا مادہ غالب ہے اور صورت مسئولہ میں حجاب اور آداب مزار کا پورا لحاظ کیا گیا ہے۔ لہذا حکم میں اور بھی خفت پیدا ہوگئی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۴۴)

مردہ دفن کرنے کے بعد چالیس قدم ہٹ کر قبر سے اذان دینا کیسا ہے قبل دفن اسقاط کیسا ہے۔

الجواب:۔ اذان کہنا درست ہے۔ کذا فی ایذان الاجر۔ اور چالیس قدم ہٹنے کی تخصیص بے کار و بے فائدہ ہے اسقاط[ع]

ع اسقاط سے کیا مراد ہے میں نہیں سمجھ سکا۔ ہو سکتا ہے کہ اس سے مراد ان نمازوں اور روزوں کا کفارہ ادا کرنا ہو جو میت کے ذمہ تھے۔ اگر یہی مراد ہے تو

قبل دفن و بعد دفن دونوں جائز ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۴۵) مسئولہ محمد حسین از محلہ سوداگران بریلی ۳ رجمادی الاولیٰ ۱۳۴۳ھ

قبر پر اذان دینے کو ایک شخص منع کرتا اور بدعت بتاتا ہے اور کہتا ہے کہ کوئی خاص حکم اس کے لئے نہیں ہے۔ نہ کوئی حدیث اس بارے میں ہے۔ اور اگر کوئی ثبوت کافی ہو تو میں اسے ماننے کے لئے طیار ہوں۔

مسئلہ (۴۴۶) ایک موضع کے لوگ قبرستان میں اوپلے تھوپتے ہیں اور جانور باندھتے ہیں۔ اور یہ لوگ اہل ہنود سے ہیں اور وہاں کے مسلمان یہ حالت دیکھتے ہیں اور منع نہیں کرتے ان کے لئے کیا حکم ہے۔

الجواب ۱: قبر پر اذان کہنا بہتر ہے اور دلیل کی حاجت ہو تو رسالہ ایذان الاجر مطالعہ کریں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

الجواب ۲: وہاں کے مسلمان پر لازم ہے کہ مقابر مسلمین کو نجاست سے پاک کریں اور جس طرح ممکن ہو۔ ہندوؤں کو باز رکھیں قبرستان میں جوتا پہن کر جانا تک۔ تو حدیث میں منع فرمایا۔ نہ کہ وہاں کفار کا جانا اور نجاست کے ڈھیر قبروں پر لگانا۔ یہاں تک کہ قبرستان میں جو نیا راستہ نکالا ہو اس پر چلنا منع ہے۔ یونہی وہاں جانوروں کا باندھنا بلکہ لے جانا بھی ممنوع ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۴۷) مسئولہ منشی شوکت علی صاحب از محلہ ذخیرہ بریلی ۲۶ ربیع الاول ۱۳۴۳ھ

کیا حکم ہے علمائے اہلسنت وجماعت کا اس مسئلہ میں کہ بعض لوگ کہتے ہیں کہ اگر مردہ کو زمین کے اندر دفن کر کے زمین کو سپرد کر دیا جائے تو جتنی مدت کو سپرد کیا ہے مردہ ویسا ہی نکلتا ہے ایسا صحیح ہے اور ایسا چاہئے یا نہیں۔

مسئلہ (۴۴۸) بیری کی لکڑی قبر میں کیوں رکھ دیتے ہیں۔

الجواب: یہ بات بالکل خلاف قیاس ہے۔ بغیر ثبوت شرعی قابل اعتبار نہیں۔ ہاں بعض اموات کو زمین نہیں کھاتی۔ اگر وہ میت انہیں میں سے ہے تو ویسا ہی رہنا ممکن۔ مگر ایک مدت تک سپرد کرنے کو اس میں کیا دخل۔ یہ سپرد کرنا جب بھی یہی ہوتا اور مدت گزرنے پر بھی اس کا جسم بدستور رہے گا۔ دفن کرنے کے بعد جنازہ کو قبر سے نکالنا ناجائز و حرام۔ فتاویٰ عالمگیری میں ہے ولاینبغی

بقیہ کا جواب: دونوں ہیں جیسا کہ تحریر فرمایا مگر بہتر یہ ہے کہ جس قدر جلد ہو سکے کفارہ ادا کرے اس لئے قبل دفن زیادہ بہتر ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ امجدی۔

ع۵ سپرد کرنا رافضیوں کا طریقہ ہے۔ اور قطعاً ناجائز و حرام جب کہ مدت سپردگی کے بعد میت کو نکالیں جیسا کہ سپرد کرنے والے کرتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

اخراج المیت من القبر بعد ما دفن ۔ مراقی الفلاح میں ہے ولا یجوز نقلہ بعد دفنہ بالاجماع بین ائمتنا طالت مدۃ دفنہ او قصرت للنہی عن نبشہ والنبش حرام حقا للہ تعالیٰ ۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

الجواب: یہ کسی کتاب میں نظر فقیر سے نہ گذرا کہ اس میں کیا حکمت ہے۔ بلکہ قبر میں اس کے رکھنے کا جزیہ بھی نہ دیکھا۔ غالباً یہ وجہ ہوگی کہ قبر میں تر لکڑی رکھنا سبب تخفیف عذاب و انس میت ہے۔ صحیح حدیث میں ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دو قبروں پر گزر فرمایا۔ انھیں عذاب ہو رہا تھا فرمایا انہما لیعذبان وما یعذبان فی کبیر۔ ان پر عذاب ہو رہا ہے اور کسی بڑی بات میں عذاب نہیں ہوتا جس سے بچنا دشوار ہو اما احدہما فلا یستتر من بولہ واما الاٰخر فیمشی بالنمیمۃ ان میں ایک پیشاب کرتے وقت پردہ نہ کرتا اور دوسرا چغلی کھاتا۔ اس کے بعد ایک شاخ منگا کر اس کے دو ٹکڑے کئے اور ہر ایک قبر پر ایک ایک ٹکڑا رکھدیا اور فرمایا لعلہ یخفف عنہما ما لم ییبسا امید ہے کہ جب تک خشک نہ ہوں ان پر عذاب میں تخفیف ہو۔ اسی حدیث سے قبروں پر پھول ڈالنے کو علما نے مستحسن رکھا۔ اور مقبرہ کی تر گھاس اکھاڑنے کو مکروہ فرمایا۔ مراقی الفلاح میں ہے ویکرہ قلع الحشیش الرطب وکذا الشجر من المقبرۃ لانہ ما دام رطبا یسبح اللہ تعالیٰ فیؤنس المیت وتنزل بذکر اللہ تعالیٰ الرحمۃ ۔ عالمگیری میں ہے ویکرہ قطع الحطب والحشیش من المقبرۃ فان کان یابسا لاباس بہ کذا فی فتاوی قاضیخان۔ طحطاوی علی المراقی میں ہے وقد افتی بعض الائمۃ من متاخری اصحابنا بان ما اعتید من وضع الریحان والجرید سنۃ لہذا الحدیث۔ رد المحتار میں ہے ویقاس علیہ ما اعتید فی زماننا من وضع اغصان الآس ونحوہ۔ بالجملہ تر لکڑی رکھنے کی وجہ تو یہ ہے کہ سبب تخفیف عذاب ہے مگر یہ بیری کی کیوں رکھتے ہیں شاید سدرۃ المنتہی سے مناسبت کی وجہ سے اس کو اختیار کیا ہو۔ اور ہمارے یہاں انار کی بھی رکھتے ہیں اس کی وجہ یہ ہوگی کہ انار جنت کا درخت ہے۔ اگرچہ انار دنیا کو انار جنت سے مشارکت حقیقتاً نہیں مگر مشارکت اسمی تو ہے اور برکت و تفاول کے لئے اتنی مناسبت معتبر ہو سکتی ہے ہذا ما عندی والعلم بالحق عند ربی وہو اعلم بالصواب والیہ المرجع والمآب۔

مسئلہ (۴۴۹) مرسلہ ہاشم بھائی۔ اسٹرانڈ روڈ ۱۲ رنگون ۳ محرم ۱۳۴۳ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ نکیرین قبر کے اندر میت سے لٹاکر سوال کرتے ہیں

یا بیٹھا کر۔ دوسرے یہ کہ ہندوستان میں جو بغلی قبر کھودی جاتی ہے اس میں بغلی کتنی اونچی اور چوڑی ہونی چاہئے۔ اور جو گیلی زمین میں میٹی رکھی جاتی ہے وہ میٹی کتنی چوڑی اور اونچی ہونی چاہئے۔

الجواب: نکیرین مردہ کو بٹھا کر سوال کرتے ہیں۔ صحیح بخاری شریف میں انس رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں ان العبد اذا وضع فی قبرہ وتولی عنہ اصحابہ انہ یسمع قرع نعالھم اذا انصرفوا اتاہ ملکان فیقعدانہ الحدیث لحد کی چوڑائی بقدر نصف قد میت کے ہو اور گہرائی بہتر یہ کہ قد برابر ہو ورنہ سینہ تک یہ نہ ہو تو نصف قد۔ درمختار میں ہے وحفر قبرہ مقدار نصف قامۃ فان زاد فحسن۔ رد المحتار میں ہے او الی حد الصدر وان زاد الی مقدار قامۃ فھو احسن کما فی الذخیرۃ فعلم ان الادنی نصف القامۃ والاعلی القامۃ وما بینھما۔ شرح المنیۃ وھذا حد العمق وفی القھستانی وطولہ علی قدر طول المیت وعرضہ علی قدر نصف طولہ۔ تابوت[ع] یعنی میٹی یہ لحد وشق کا قائم مقام ہے لہٰذا اس کی مقدار بھی یہی ہونی چاہئے۔ واللہ تعالٰی اعلم

مسئلہ (۴۵۰) مرسلہ اسماعیل صالح محمد از رانا داد ضلع کاٹھیا وار۔ ۴ ذی الحجہ ۱۳۴۱ھ

پکی قبر بنانا جائز ہے یا نہیں۔

مسئلہ (۴۵۱) میت کو دفن کرتے وقت جو قبر میں کنکریاں ڈالتے ہیں۔ قرآن شریف کے ختم کی اور[ع] قرآن شریف نہیں پڑھتے تو اس کا کیا حکم ہے۔

الجواب: اوپر سے قبر پختہ بنائیں اور اندر سے خام ہو تو اس میں حرج نہیں۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

الجواب: کچھ کنکریوں پر قرآن مجید پڑھ کر دم کر کے قبر میں بغرض تبرک رکھیں۔ اس میں اصلاً حرج نہیں بلکہ بہتر ہے۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

ع تابوت یعنی لکڑی یا لوہے کے صندوق میں میت کو دفن کرنا منع ہے۔ مگر جہاں قبر کی مٹی گیلی ہو کہ کفن کے گل سڑ جانے کا اندیشہ ہو وہاں اجازت ہے غنیہ میں ہے قال صاحب المنافع اختار واشق فی دیارنا لرخاوۃ الاراضی فیتعذر اللحد فیھا حتی اجاز والآجر ورفوف الخشب واتخاذ التابوت ولو کان من حدید ولیفرش فیہ التراب وطین الطبقۃ العلیا مما یلی المیت ویجعل اللبن الخفیف عن یمین المیت ویسارہ لیصیر بمنزلۃ اللحد ۔ الخ وملتقی الابحر مع کون التابوت فی غیرھا مکروھا فی قول العلماء قاطبۃ تابوت میں مٹی بچھائے اور دائیں بائیں کچی اینٹیں لگا دیں اور ڈھکنے کے نیچے کی طرف مٹی لیس دیں۔ ادنی ہیں خانیہ سے ہے ینبغی ان یفرش فیہ التراب ۔ واللہ تعالٰی۔ ع اس کا مطلب یہ نہیں کہ کنکریوں پر قرآن مجید پڑھ کر دم نہیں کرتے۔ مراد یہ ہے کہ پہلے سے قرآن مجید پڑھ کر کنکریوں پر دم کر کے رکھ رہتے ہیں دفن کے وقت ان کنکریوں کو ڈال دیتے ہیں اس وقت یعنی کنکریاں ڈالتے وقت قرآن مجید نہیں پڑھتے۔ واللہ تعالٰی اعلم۔ الجدی۔

مسئلہ (۴۵۲) مرسلہ غلام احمد پیش امام مسجد اسٹیشن مارواڑ جنکشن ۲۵ ذی الحجہ ۱۳۵۷ھ

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ کسی میت کو بغیر تختہ رکھے صرف مٹی سے دفن کردینا درست ہے یا نہیں۔

الجواب: بغیر تختہ یا کسی ایسی چیز کے جو حائل ہو دفن کرنا درست نہیں۔ مجبوری اگر ہو کہ ایسی چیز دستیاب نہ ہو تو معذور ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۵۳) جو مسلمان حالت نجاست میں فوت ہو تو غسل دینے سے پاک ہوتا ہے یا نجس رہتا ہے۔ روح غسل دینے سے پہلے جدا ہو جاتی ہے۔ لہٰذا روح نجس جاتی ہے یا پاک (یعنی جہاں روح جاتی ہے) بینوا توجروا۔

الجواب: پاک ہو جائے گا۔ روح ناپاک ہوتی ہی نہیں۔ المؤمن لاینجس۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۵۴) میت پاک ہے یا نجس۔ بینوا توجروا۔

الجواب: مسلمان پاک ہے۔ زندہ ہو یا مردہ۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۵۵) بعض فرماتے ہیں کہ میت کو تین غسل دینا چاہئے یہ صحیح ہے یا غلط۔ اور اگر تین غسل دے تو کس طریقہ سے دے۔ بینوا توجروا۔

الجواب: تین مرتبہ ہر جگہ سے پانی بہا یا جانا سنت ہے۔ اور یہ ایک غسل ہے۔ تین غسل دینے کا اگر یہی مطلب ہے تو خیر ورنہ لغو۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۵۶) تہبند باندھے ہوئے قبر میں اترنا چاہئے یا تہبند کا کونہ پیچھے گھرس کر اترنا چاہئے بینوا توجروا میت مرد ہو یا عورت۔

الجواب: میت مرد ہو یا عورت، تہبند باندھ کر اترنا بہر حال درست ہے اور تہبند کا کونہ پیچھے گھرسنا منع ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۵۷) کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ غسل کے وقت میت کا رخ کس طرف ہونا چاہئے۔

مسئلہ (۴۵۸) میت کے غسل کے لئے کون شخص ہو سکتا ہے اور غسل دینے کے صلہ میں اس کے کیا حقوق ہیں اور اس کا ادا کرنا یا نہ کرنا کیسا ہے۔

مسئلہ (۴۵۹) قبرستان میں میت کے دفن کے بعد تکیہ دار کے کیا حقوق ہیں کہ جن کو وارث میت ادا کرے بینوا توجروا۔

الجواب: صحیح یہ ہے کہ جس رخ لٹا کر نہلانے میں آسانی ہو اسی رخ لٹائیں خواہ اس طرح کہ قبلہ کو پاؤں ہوں جس طرح لیٹ کر نماز پڑھنے والا پاؤں کرتا ہے یا جس طرح قبر میں رکھتے ہیں اس طرح لٹائیں۔ فتاویٰ عالمگیری میں ہے وکیفیۃ الوضع عند بعض اصحابنا الوضع طولا کما فی حالۃ المرض اذا اراد الصلوٰۃ بایماء ومنہم من اختار الوضع کما یوضع[ع] فی القبر والاصح انہ یوضع کما تیسر کذا فی الظہیریۃ۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

الجواب: غسل دینے والا میت کا سب سے زیادہ قریبی رشتہ دار ہو وہ اگر غسل دینا نہ جانتا ہو تو کوئی دوسرا شخص متقی پرہیزگار غسل دے۔ مستحب یہ کہ غسل دینے والا کچھ اجرت نہ لے محض ثواب کے لئے نہلائے۔ عالمگیری میں ہے والافضل ان یغسل المیت مجاناً۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

الجواب: تکیہ دار کے شرعاً کچھ حقوق نہیں ہیں اور اگر فقیر سمجھ کر اسے جو کچھ دیں اور ثواب کی نیت سے ہو تو دے سکتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۶۰) از موضع ابراہیم پور ڈاکخانہ سبور ضلع بھاگلپور مرسلہ جناب معز الدین صاحب ۱۳ جمادی الاخرہ ۱۳۵۵ھ
میت کے گھر تین دن تک کھانا نہیں پکنا چاہئے یا صرف ایک دن۔ اگر تین دن تک نہیں پکا تو فعل کیسا ہے۔

الجواب: میت کے گھر والوں کے لئے ایک دن اور رات کا کھانا بھیجا جائے بلکہ انہیں اصرار کر کے کھلایا جائے۔ خود حدیث میں بھی کھانا بھیجے کا امر فرمایا ہے۔ تین دن تک کا کوئی ثبوت نہیں بلکہ جب فقہاء ایک دن کی تصریح فرماتے ہیں تو اس پر اضافہ نہ کیا جائے۔ درمختار میں ہے لا بأس باتخاذ طعام لہم۔ ردالمحتار میں ہے قال فی الفتح و یستحب لجیران اہل المیت والاقرباء الاباعد تہیئۃ طعام لہم یشبعہم یومہم ولیلتہم لقولہ علیہ الصلوٰۃ والسلام اصنعوا لآل جعفر طعاما فقد جاءہم ما یشغلہم حسنہ الترمذی و صححہ الحاکم ولانہ بر ومعروف ویلح علیہم فی الاکل لان الحزن یمنعہم من ذلک فیضعفون اھ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۶۱) مرسلہ قاضی طیب علی صاحب از لاڈنون ماروار ۹ جمادی الاولیٰ ۱۳۴۲ھ
قبر کے اندر کی مٹی قل ہو اللہ پڑھ کر دیویں یا نہیں۔

ع۔ یعنی قبلہ رخ داہنی کروٹ پر۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ امجدی۔

الجواب: قل ہو اللہ پڑھ کر قبر کے اندر رکھنے میں حرج نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۶۲) از قصبہ فتح کھلڈا ضلع بلڈانہ سی پی۔ مرسلہ محمد اسلم خاں ۱۲ رجب ۱۳۴۶ھ

قبرستان میں نماز فرض عین یا فرض کفایہ یعنی نماز جنازہ پڑھنا کیسا ہے جب کہ دائیں بائیں اور سامنے قبریں ہوں۔

الجواب: قبر سامنے ہو تو نماز مکروہ تحریمی۔ اور دہنے بائیں ہو تو حرج نہیں اور نماز جنازہ میں قبر سامنے ہو جب بھی حرج نہیں کہ یہ حقیقۃً نماز نہیں بلکہ دعا ہے۔ رد المحتار میں ہے ولا باس بالصلوٰۃ فیہا اذا کان فیہا موضع اعد للصلوٰۃ ولیس فیہ قبر ولا نجاسۃ کما فی الخانیۃ ولا قبلتہ الی قبر حلیہ۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۶۳) مرسلہ قاسم میاں رضوی ابن قاضی خاں میاں از گونڈل کاٹھیاواڑ۔

جنازہ غائب کا پڑھنے میں حنفی مقتدی شافعی المذہب کی اقتدا کر سکتا ہے یا نہیں۔

الجواب: ہمارے مذہب میں جنازہ غائب کی نماز جائز نہیں۔ کہ نماز جنازہ صحیح ہونے کے لئے میت کا سامنے ہونا ضروری ہے اور جب یہ شرط مفقود ہو تو اشتغال بما لا یعنی ہے اور یہ جائز نہیں۔ درمختار میں ہے۔ وشرطہا ایضا حضورہ ووضعہ امام المصلی وکونہ للقبلۃ فلا تصح علی غائب۔ اور شافعی المذہب کی اقتدا اس وقت جائز ہے جب وہ فرائض و شرائط کی مراعات کرتا ہو یا کم از کم مراعات وعدم مراعات کا علم نہ ہو اور جس وقت معلوم ہو کہ شرط صحت ہمارے طور پر مفقود ہے تو اقتدا جائز نہیں۔ درمختار میں ہے وتکرہ خلف مخالف کشافعی لکن فی وتر البحر ان تیقن المراعاۃ لم یکرہ او عدمہا لم یصح وان شک کرہ۔ رد المحتار میں ہے ای المراعاۃ فی الفرائض من شروط وارکان فی ذلک الصلوٰۃ۔ اور جنازہ غائب میں چونکہ شرط صحت نہیں پائی گئی لہٰذا اقتدا جائز نہ ہوئی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۶۴) مسئولہ محمد کامل صاحب ساکن بریلی محلہ گندہ نالہ ۸ صفر ۱۳۴۱ھ

ع اس سے ظاہر ہے کہ قبر پر نہ جنازہ پڑھنا جائز نہیں خواہ صرف جنازہ قبر پر ہو یا نمازی قبر پر ہوں یا دونوں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

ع بعبارۃ اخری اقتدا اگر ہوگی تو نماز میں۔ اور جب حنفیوں کے نزدیک غائب پر نماز صحیح نہیں تو حنفی کی نماز ہی نہ ہوگی پھر اقتدا کاہے میں ہوگی۔ جب نماز ہوتی تو اقتدا ہوتی جب نماز ہی نہیں تو اقتدا بھی نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ امجدی۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ قبر پر پھول و چادر و مٹھائی وغیرہ چڑھانا درست ہے یا نہیں۔ یعنی پھول ہار وغیرہ قبر پر چڑھانا کیسا ہے اور چادر چڑھانا کیسا ہے اور مٹھائی عوض حدود قبر یعنی احاطہ کے اندر رکھ کر یا جنگلے کے اندر رکھ کر فاتحہ دینا کیسا ہے۔

الجواب:۔ قبر پر ہار پھول چڑھانا جائز ہے بلکہ علماء اسے سنت بتلاتے ہیں کہ جب تک تر رہیں گے تسبیح کریں گے۔ اور ان کی تسبیح سے میت کو انس ہوگا اور اس کا دل بہلے گا۔ اور اگر میت معاذ اللہ عذاب میں مبتلا ہے تو امید ہے کہ جب تک تر رہیں عذاب میں تخفیف ہو۔ صحیح بخاری شریف میں ہے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دو قبروں پر گذرے فرمایا کہ ان دونوں میتوں کو عذاب ہو رہا ہے اور کسی بڑی بات میں عذاب نہیں ہے ان میں کا ایک چغل خور تھا اور دوسرا پیشاب سے بچتا نہیں تھا۔ اس کے بعد کھجور کی ایک تر شاخ کے دو ٹکڑے کئے اور ایک ایک ٹکڑا دونوں قبروں پر نصب فرمایا۔ اور یہ فرمایا انی لا رجو ان یخفف عنھما مالم ییبسا مجھے امید ہے کہ جب تک یہ خشک نہ ہوں عذاب میں تخفیف ہوگی۔ علامہ سید احمد طحطاوی فرماتے ہیں وقد افتی بعض الائمۃ من متاخری اصحابنا ان ما اعتید من وضع الریحان والجرید سنۃ لھذا الحدیث اسی حدیث کی وجہ سے بعض ائمہ متاخرین نے یہ فتویٰ دیا ہے کہ پھول اور تر شاخ قبروں پر جو رکھنے کی عادت ہے وہ سنت ہے۔ علامہ ابن عابدین شامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ رد المحتار میں فرماتے ہیں ویکرہ ایضا قطع النبات الرطب والحشیش من المقبرۃ کما فی البحر والدرر وشرح المنیۃ وعللہ فی الامداد بانہ مادام رطبا یسبح اللہ تعالیٰ فیونس المیت وتنزل بذکرہ الرحمۃ اھ ونحوہ فی الخانیۃ اقول ودلیلہ ما ورد فی الحدیث من وضعہ علیہ الصلوٰۃ والسلام الجریدۃ الخضراء بعد شقھا نصفین علی القبرین الذین یعذبان تعلیلہ بالتخفیف عنھما مالم ییبسا ای یخفف عنھما ببرکۃ تسبیحھما اذ ھو اکمل من تسبیح

عطری ہ ںوغیرہ قبروں پر لے جاکر فاتحہ پڑھنے میں بہ نسبت گھر کے زیادہ ثواب ہے کہ وہاں جاکر فاتحہ پڑھنے میں زیارت قبور بھی ہے اور وہاں درود شریف قرآن مجید وغیرہ پڑھے گا۔ اس سے میت کو انس حاصل ہوگا۔ نیز اس سے رحمت الٰہی کا بھی نزول ہوتا ہے۔ نیز قبر پر جاکر کچھ بھی نہ پڑھے صرف کھڑا یا بیٹھا رہے تو بھی میت کو انس ہوتا ہے۔ شفاء السقام اور شرح الصدور میں ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا انس مایکون المیت فی قبرہ اذا زارہ من کان یحبہ فی دار الدنیا جب میت کا کوئی پیارا اس کی قبر پر زیارت کے لئے آتا ہے تو میت کا دل بہلتا ہے۔ ابن ابی الدنیا کتاب القبور میں اور امام عبدالحق کتاب العاقبہ میں ام المؤمنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راوی کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا مامن رجل یزور قبر اخیہ ویجلس علیہ الا استانس ورد علیہ حتی یقوم جو کوئی شخص اپنے مسلمان بھائی کی قبر کی زیارت کے لئے جاتا ہے اور وہاں بیٹھتا ہے تو میت کا دل اس سے بہلتا ہے وہ اس کی بات کا جواب دیتا ہے۔ صحیح مسلم شریف میں ہے سیدنا عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حالت نزع میں اپنے صاحبزادے عبداللہ رضی اللہ عنہ کو وصیت کی اذا دفنتمونی فشنوا علی التراب شنا ثم اقیموا حول قبری قدر ما ینحر الجزور ویقسم لحمھا حتی استانس بکم واعلم ماذا

الیابس لما فی الخضراء من نوع حیاۃ ویؤخذ من ذلک ومن الحدیث ندب وضع ذلک للاتباع ویقاس علیہ ما اعتید فی زماننا من وضع اغصان الآس ونحوہ وصرح بذلک ایضا جماعۃ من الشافعیۃ وقد ذکر البخاری فی صحیحہ ان بریدۃ بن الحصیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ اوصی بان یجعل فی قبرہ جریدتان اھ ملتقطا یعنی قبروں پر سے سبزہ اور ترگھاس کا کاٹنا مکروہ ہے جیسا کہ بحر درر اور شرح منیہ میں ہے اور اس کی علت امداد میں یہ بیان کی کہ جب تک وہ تر رہے گی تسبیح بھی کرے گی جس سے میت کو انس ہوگا۔ اور اس پر رحمت اترے گی۔ ایسا ہی خانیہ میں بھی ہے میں کہتا ہوں اور دلیل اسکی وہ جو حدیث میں وارد ہوا کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک تر شاخ کو دو ٹکڑے کر کے ان دونوں قبروں پر رکھا جن پر عذاب ہو رہا تھا اور علت یہ بیان فرمائی کہ جب تک یہ خشک نہ ہوں گے ان کے عذاب میں تخفیف ہوگی یعنی انکی تسبیح کی برکت سے دونوں میت سے تخفیف عذاب ہوگی اسلئے کہ "تر" کی تسبیح خشک کی تسبیح سے بڑھ کر ہے کہ 'تر' میں ایک قسم کی حیات ہے اس سے اور حدیث سے اس کے رکھنے کا استحباب ثابت ہوتا ہے۔ اور اسی پر قیاس ہوگا پھول وغیرہ کے رکھنے کا جس کی اس زمانہ میں عادت ہے۔ اور شافعیہ کی ایک جماعت نے اس کی تصریح کی ہے۔ امام بخاری نے اپنی صحیح میں یہ ذکر کیا کہ بریدہ بن خصیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وصیت فرمائی تھی کہ ان کی قبر میں دو شاخیں رکھ دی جائیں۔

قبور اولیاء و علماء و صلحاء پر بغرض اظہار عظمت چادر ڈالنا جائز و محمود ہے کہ جب تک ظاہری تزک و احتشام نہیں دیکھتے۔ ان کی پوری وقعت نظر عوام میں نہیں آتی اور ان کے فیوض و برکات سے مستفید نہیں ہوتے۔ رد المحتار میں کشف القبور علامہ سیدی عبد الغنی نابلسی قدس سرہ القدسی سے ہے ولکن نحن نقول الآن اذا قصد بہ التعظیم فی عیون العامۃ حتی لا یحتقروا صاحب القبر ولجلب الخشوع والادب للغافلین الزائرین فھو جائز لان الاعمال

بقیہ صفحہ کا:- اراجع بدرسل ربی دفن کے وقت بھر پر ٹھہر ٹھہر کر آہستہ آہستہ مٹی ڈالنا اور دفن کے بعد میری قبر کے پاس اتنی دیر ٹھہرے رہنا جتنی دیر میں اونٹ ذبح کر کے اس کا گوشت تقسیم کیا جا سکے۔ تاکہ میں تم سے انس حاصل کر دوں اور جان لوں کہ اپنے رب کے فرستادگان کو کیا جواب دیتا ہوں۔ ان احادیث سے ثابت ہے کہ جب کوئی مسلمان اپنے کسی دینی بھائی کی قبر پر جاتا ہے تو جتنی دیر قبر پر رہتا ہے اس سے میت کا دل بہلتا ہے میت اس سے انس حاصل کرتا ہے خواہ وہاں کچھ پڑھے خواہ نہ پڑھے تو اب ظاہر ہو گیا کہ قبر پر شیرینی وغیرہ لے جا کر فاتحہ پڑھنے میں ایصال ثواب کے ساتھ ساتھ چار مزید فوائد ہیں۔ زیارت قبور، وہاں رہنے سے میت کو انس حاصل ہوگا۔ ذکر قرآن مجید، درود شریف وغیرہ پڑھنے سے اسے انس حاصل ہوگا۔ تلاوت درود خوانی۔ ذکر درود سے نزول رحمت۔ اور گھر پر فاتحہ کرنے سے صرف ایصال ثواب ہوگا اس لئے قبر پر شیرینی وغیرہ لے جا کر فاتحہ پڑھنا بہ نسبت گھر کے زیادہ بہتر ہوا۔ سائل نے اسے چڑھانے سے تعبیر کیا ہے یہ نامناسب ہے اس لفظ کا استعمال سے اجتناب کرے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ امجدی۔

بالنیات وان کان بدعتہ فہو کقولہم بعد طواف الوداع یرجع القہقری حتی یخرج من المسجد اجلالاً للبیت حتی قال فی منہاج السالکین انہ لیس فیہ سنۃ مرویۃ ولا اثر محکی وقد فعلہ اصحابنا اھ کذا فی الکشف عن اصحاب القبور للاستاذ عبد الغنی النابلسی قدس سرہ لیکن ہم یہ کہتے ہیں کہ اس زمانہ میں جب کہ چادر ڈالنے سے مقصود یہ ہوا کہ عام نظروں میں میت کی عظمت پیدا ہو تاکہ صاحب مزار کو نظر حقارت سے نہ دیکھیں اور اس غرض سے کہ زائرین جو غافل ہیں ان کو خشوع اور ادب حاصل ہو، تو چادر ڈالنا جائز ہے کیونکہ اعمال کا مدار نیتوں پر ہے۔ اگرچہ یہ ایک نئی بات ہے مگر یہ ایسا ہی ہے جیسا کہ علماء نے فرمایا کہ طواف وداع کے بعد الٹے پاؤں واپس ہو۔ یہاں تک کہ مسجد حرام سے باہر ہو جائے اس سے مقصود کعبہ معظمہ کی عزت کا اظہار ہے۔ یہاں تک کہ منہاج السالکین میں فرمایا کہ اس بارے میں کوئی سنت اور اثر مروی و مذکور نہیں اور بیشک ہمارے اصحاب نے اس کو کیا ہے۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۶۵) مسئولہ مولوی ۔ ۔ ۔ ۔ متعلم مدرسہ منظر اسلام بریلی، ۱۷ جمادی الاول ۱۳۴۰ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مسئلہ ایصال ثواب میں۔ مُردوں کو ثواب پہونچانا فرض، واجب، سنت یا مستحب ہے۔ اور ثواب کے پہنچانے کا کیا طریقہ ہے اور کس طرح پہونچتا ہے اور کیا پڑھنا چاہئے۔ کھانا پکا کر کس کو کھلایا جائے۔ فقیروں کو یا اہل برادری کو۔ ثواب کا جو طریقہ ہو بتلایا جائے اور برادری طریقہ یہ ہے کہ کھانا پکا کر محلہ در محلہ ایک آدمی کہہ دیتا ہے کہ فلاں شخص کے یہاں سوم یا چہلم کی دعوت ہے پس تمام آدمی غریب ہوں یا امیر کھانے کے لئے جاتے ہیں۔ گویا بدلہ سمجھ کر کھاتے ہیں تو یہ ایصال ثواب ہوا یا نہیں اور وقت متعین کرنا چاہئے یا نہیں فاتحہ کے لئے۔

دوسرا سوال یہ ہے کہ ایک مزدور نے مذکورہ دعوت کے جواب میں کہا تیجہ وغیرہ کا کھانا مسکین و محتاج کو کھلاؤں گا کھانا نہیں چاہتا۔ تو اہل برادری نے اس کا بائیکاٹ کر دیا حقہ، پانی، کھانا، پینا غرض کہ ساری چیزیں بند کر دی تو اس صورت میں کون حق بجانب ہے اور ان دونوں میں کون گنہگار ہے۔ بینوا توجروا۔

الجواب: ایصال ثواب مستحب ہے، اور جو کچھ نیک کام کیا ہو، اور اس کا ثواب کسی کو پہنچانا چاہتا ہو تو یہ دعا کرے کہ الٰہی اسے قبول فرما۔ اور اس کا ثواب فلاں و فلاں کو پہنچا۔ بلکہ بہتر یہ ہے کہ جمیع مومنین و مومنات کو پہونچائے۔ امید کہ سب کو پورا پورا ثواب[عہ] ملے اور اس کے ثواب میں کچھ کمی نہ ہو بلکہ سب کے مجموعے کے برابر ملے۔ رد المحتار میں ہے۔ صرح علماء نا

[عہ] علامہ ابن عابدین شامی رد المحتار میں فرماتے ہیں سئل ابن حجر المکی عما لو قرأ لاھل المقبرۃ الفاتحۃ ھل یقسم الثواب

فی باب الحج عن الغیر بان للانسان ان یجعل ثواب عملہ لغیرہ صلوٰۃ او صوما او صدقۃ او غیرہا کذا فی الھدایۃ بل فی زکاۃ ۔ التاتارخانیہ عن المحیط الافضل لمن یتصدق نفلا ان ینوی لجمیع المومنین والمومنات لانہا تصل الیہم ولا ینقص من اجرہ شئ اھ وھو مذھب اھل السنۃ والجماعۃ ۔ زیلعی میں ہے وفی البحر من صام وصلی او تصدق وجعل ثوابہ لغیرہ من الاموات والاحیاء جاز ویصل ثوابہا الیہم عند اھل السنۃ والجماعۃ کذا فی البدائع ثم قال وبہذا علم انہ لا فرق بین* الفرض والنفل ۔ اور اسے اختیار ہے کہ درود شریف و قرآن مجید جو چاہے پڑھے اور ثواب پہنچائے ۔ عام میت کا کھانا صرف فقرا کو کھلائے ۔ اور اہل برادری میں کچھ لوگ محتاج ہوں تو انھیں بھی کھلائے ۔ اور اپنے رشتہ دار ایسے ہوں تو انھیں کھلانا اوروں سے بہتر ہے اور جو محتاج نہ ہوں انھیں نہ کھلائے بلکہ انھیں کھانا بھی نہ چاہئے ۔ فتح القدیر میں فرمایا دیکھو؀ یکرہ اتخاذ الضیافۃ من الطعام من اھل البیت لانہ شرع فی السرور لا فی الشرور وھی بدعۃ مستقبحۃ روی الامام احمد و ابن ماجہ باسناد صحیح عن جریر بن عبد اللہ قال کنا نعد الاجتماع الی اھل البیت وصنعہم الطعام من النیاحۃ ۔ فاتحہ خوانی کے لئے وقت مقرر کرنے میں کوئی حرج نہیں کہ بغیر تعیین وقت لوگوں کو دقت ہوگی

* ان یکون المجعول لہ میتاً او حیاً والظاہر انہ لا فرق بین

بقیہ صفحہ کا:- بینہم او یصل لکل منہم مثل ثواب ذلک کاملا فاجاب بانہ افتی جمع بالثانی وھو اللائق بسعۃ الفضل ۔ ابن حجر مکی سے پوچھا گیا کہ اگر کسی نے اہل قبرستان کے لئے فاتحہ پڑھا تو یہ ثواب بٹ کر انھیں ملے گا یا ہر ایک کو پورا پورا ملے گا انھوں نے جواب دیا ایک جماعت کا فتویٰ یہی ہے کہ سب کو پورا پورا ملے گا اور اس کے شان وسعت فضل کے یہی لائق ہے اور تقسیم ثواب کا قول ابن تیم بدمذہب کا ہے وہ لائق التفات نہیں ۔ ؀

عہ ہمارے علماء احناف نے باب الحج عن الغیر میں اس کی تصریح کی ہے ۔ کہ انسان کو یہ حق حاصل ہے کہ اپنے عمل کا ثواب دوسرے کو بخش دے ۔ یہ عمل نماز ہو روزہ ہو صدقہ ہو یا اور کچھ ۔ ہدایہ میں بھی یہی ہے بلکہ تتارخانیہ کی کتاب الزکوٰۃ میں محیط سے یہ نقل کیا کہ ایصال ثواب کرنے والے کے لئے افضل یہ ہے کہ تمام مومنین اور مومنات کی نیت کرے ۔ اس لئے کہ ثواب سب کو پہنچے گا اور اس کے ثواب میں کوئی کمی نہ ہوگی ۔ یہی اہل سنت وجماعت کا مذہب ہے عہ البحر الرائق میں ہے کسی نے نماز پڑھی اور روزہ رکھا خیرات کیا اور اس کا ثواب کسی مردے یا زندے کو بخش دیا یہ جائز ہے اور ان کو ثواب ملے گا اہل سنت وجماعت کے نزدیک ۔ بدائع میں بھی ایسے ہی ہے ۔ پھر صاحب بحر نے فرمایا اس سے معلوم ہوا کہ جسے ثواب بخشا گیا وہ زندہ ہو یا مردہ کوئی فرق نہیں ۔ (یعنی مردوں کی طرح زندوں کو بھی ایصال ثواب کیا جا سکتا ہے) اور ظاہر ہے کہ اس سے بھی کوئی فرق نہیں پڑتا کہ جس عمل کا ثواب بخشا گیا وہ نفل یا فرض للعہ اس سے مراد یہ ہے کہ جیسے شادی بیاہ کے موقعوں پر دعوتیں ہوتی ہیں اسی طرح بلانیت ایصال ثواب دعوت کرے ۔ یا جیسے بعض جگہ دستور ہے کہ میت کے کھانے کو برادری اپنا حق سمجھتی ہے ۔ اگر نہ کھلائیں تو عیب لگاتے ہیں یہ ضرور بدعت قبیحہ ہے ۔ لیکن میت کے ایصال ثواب کے لئے کھانا پکوا کر مسلمانوں کو کھلائیں ۔ تو اس میں کوئی حرج نہیں ۔ یہ کھانا اگر عام مسلمین میں سے کسی کے لئے ایصال ثواب کا ہے تو اغنیاء کو کھانا منع اور فقراء کو جائز ۔ اور اگر بزرگان دین کے ایصال ثواب کے لئے تو غنی فقیر سب کو کھانا جائز بلکہ بہ نیت حصول برکت مستحسن ۔ برکت والوں کی طرف جو چیز منسوب ہو اس میں برکت آجاتی ہے مسلمانوں کا معمول ہے کہ اس کھانے کو تبرک جانتے ہیں ۔ اس کی تعظیم کرتے ہیں ۔ اور حدیث میں ہے ما راٰہ المسلمون حسنا فھو عند اللہ حسن ۔ الحمد للہ دین نے

گرید کوئی ضروریات شرع نہیں بلکہ تخصیص عرفی ہے۔ جو شخص مالدار ہے اور ذبیحہ کے کھانے سے انکار کرتا ہے اور کہتا ہے کہ یہ فقیروں کو کھلاؤ میں فقیر نہیں۔ اس نے ٹھیک کہا لوگوں کی زیادتی ہے کہ اسے برادری سے خارج کر دیا جنھوں نے خارج کیا اس سے معافی مانگیں اور برادری میں داخل کریں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۶۶) مسئولہ جناب محمد حنیف صاحب مدرسہ نور الہدیٰ مقام پوکھریرا ڈاکخانہ رائے پور مظفر پور۔ ۲۷ شعبان المعظم ۱۳۴۱ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین ان مسائل ذیل میں کہ

مزارات اولیاء کے اوپر بچھی و مرغ و چادر و مالیدہ وغیرہ چڑھانا جائز ہے یا نہیں۔ اگر جائز ہے تو کس طرح بعض عوام اوپر رکھدیتے ہیں مثل روپیہ پیسہ مالیدہ کے۔

مسئلہ (۴۶۷) ایک بیگہ لنبا چوڑا قبرستان ہے اس کے چوگرد زید اس کی حفاظت کی غرض سے مٹی کا احاطہ دینا چاہتا ہے اور احاطہ کے اندر بعض بعض قبریں بھی پڑتی ہیں۔ آیا اس طرح کا احاطہ دینا جائز ہے یا نہیں۔

الجواب: جانور اگر اللہ عزوجل کا نام لے کر ذبح کریں اور اس کا گوشت پوشت نیک کام میں صرف کر کے اس کا ثواب کسی بزرگ کی روح کو نذر کریں تو اس میں اصلا قباحت نہیں بلکہ فعل حسن ہے۔ اور ما اہل بہ لغیر اللہ سے اس کو کوئی علاقہ نہیں کہ اس سے مراد وقت ذبح غیر خدا کا نام لینا ہے۔ اور قبر پر روپیہ پیسہ مالیدہ وغیرہ رکھنا نہ چاہئے بلکہ اگر وہاں لیجا کر ایصال ثواب و فاتحہ دینا چاہیں تو قریب قبر رکھ کر فاتحہ دلادیں۔ رد المحتار میں ہے قال البزازی و من ظن انہ لایحل

لانہ ذبح لاکرام ابن آدم فیکون اھل بہ لغیر اللہ فقد خالف القرآن والحدیث والعقل فانہ لاریب

بقیہ صفحہ کا۔ بسند صحیح روایت فرمایا صوفیاء کرام کی ایک مجلس سماع میں حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نیاز کی تھیلی رکھی تھی۔ حالت وجد میں ایک صاحب کا پاؤں اوس سے لگ گیا فوراً ان کی ولایت سلب ہوگئی۔ اگر بزرگان دین کی نذر سے نیاز میں کوئی عظمت اور برکت نہیں آتی تو پھر یہ کیوں ہوا۔

ے عارف باللہ ملا احمد جیون قدس سرہ استاذ سلطان محی الدین اورنگزیب عالمگیر تفسیرات احمدیہ میں فرماتے ہیں و من ھھنا علم ان البقرۃ المنذورۃ للاولیاء کما ھو الرسم فی زماننا حلال طیب لانہ لم یذکر اسم غیر اللہ علیھا وقت الذبح وان کانوا ینذرونہا لہ یہاں سے معلوم ہوا کہ وہ گائے جو اولیاء کے منت مانی جاتی ہے جیسا کہ ہمارے زمانے میں طریقہ ہے۔ حلال طیب ہے اس لئے کہ اس پر غیر اللہ کا نام ذبح کے وقت نہیں لیا گیا ہے۔ اگرچہ اولیاء کرام کے لئے منت مانی ہے۔ اس عبارت سے دو باتیں ثابت ہوئیں۔ ایک تو یہ کہ یہ منت مانی کہ یہ جانور فلاں بزرگ کے فاتحہ کے لئے ہے جائز ہے۔ اور اس کا کھانا بھی جائز ہے نیز یہ بھی ثابت ہوا کہ اولیاء کرام کے نیاز کی منت ماننی جائز ہے۔

عہ بزازی نے کہا جس نے گمان کیا کہ یہ حلال نہیں کیونکہ یہ ابن آدم کی تعظیم کے لئے ذبح کیا گیا۔ لہٰذا ما اہل بہ لغیر اللہ میں داخل ہوگیا۔ اس نے قرآن،

ان القصاب یذبح للربح ولو علم انہ نجس لا یذبح فیلزم ھذا الجاھل ان لا یاکل ما ذبحہ القصاب و ما ذبح للولائم والاعراس والعقیقۃ۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

الجواب:۔ اگر احاطہ کی دیوار قبر پر واقع ہو تو ناجائز ہے کہ حدیث میں اس سے ممانعت آئی صحیح مسلم شریف میں جابر رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی نھی رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ان یجصص القبر وان یبنی علیہ وان یقعد علیہ۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ (۴۶۸) مسئولہ فتون ساکن قصبہ ٹھریا موہن پور ضلع بریلی ۸ ؍ ذی الحجہ ۱۳۴۱ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں ایک شخص جذامی تھا۔ وہ فوت ہو گیا۔ اچھے طریقے سے دریا میں اس کو غسل دیا۔ نماز جنازہ پڑھی گئی۔ اور باقاعدہ دفن کر دیا گیا۔ اس کے اوڑھنے بچھانے کے جو کپڑے تھے فقیر نے دریا میں دھو کر لے لیا۔ اور فقیروں نے احتراز کیا۔ تو لوگوں نے اس کا حقہ پانی بند کرنا چاہا۔ ایسی صورت میں وہ کپڑے لینا جائز ہیں یا نہیں۔ اگر ناجائز ہیں تو وہ کپڑے جلا دیئے جائیں یا پھینک دیئے جائیں اگر جائز ہوں تو وہ کپڑے اپنے خرچ میں لائے گا۔ اگر ناجائز ہوں تو معافی چاہتا ہے۔

الجواب:۔ کپڑے لینا جائز ہے، اور انھیں اپنے خرچ میں بھی لا سکتا ہے۔ اتنی بات پر اس کو بند کرنا جائز نہیں۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ (۴۶۹) مرسلہ مولوی محمد امین صاحب ساکن ضلع تھانہ محلہ سوداگران بھیرٹی۔ ۱۶ ؍ ذی الحجہ ۱۳۴۱ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین ان مسائل میں کہ

استمداد بوساطت قبور اولیاء و صلحاء شرع شریف میں جائز ہے یا ناجائز، شرک ہے یا بدعت۔

مسئلہ (۴۷۰) شیرینی و طعام وغیرہ پر فاتحہ خوانی یعنی ایک مرتبہ سورہ فاتحہ و تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر اس شیرینی و طعام وغیرہ کا ثواب ارواح انبیاء و اولیاء و صلحاء و مؤمنین و مومنات وغیرہ کو بخش کر طعام و شیرینی وغیرہ کا کھانا درست

بقیہ صفحہ کا:۔ حدیث اور عقل کی مخالفت کی اس لئے کہ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ قصاب نفع کے لئے ذبح کرتا اگر اسے معلوم ہو جائے کہ نجس ہے تو ذبح نہ کرے تو اس جاہل کو لازم ہے کہ قصاب کا ذبیحہ نہ کھائے۔ یونہی شادیوں عقیقے وغیرہ کی دعوتوں میں جو جانور ذبح ہوں وہ بھی نہ کھائے۔ واللہ تعالٰی اعلم

ہے حرام یا شرک و بدعت بعض دیوبندی کا کہنا ہے کہ وہ چیز حرام ہے ۔

مسئلہ (۱۷۴) بعد جمعہ اکثر حضرات کی عادت ہے کہ قبرستان فاتحہ خوانی کے لئے جاتے ہیں۔ سورۂ فاتحہ و یٰسین شریف و سورۂ اخلاص وغیرہ پڑھ کر اس کا ثواب ارواح مومنین و مومنات کو بخشتے ہیں یہ جائز ہے یا نہیں۔ یا بدعت یا شرک یا گناہ ۔

الجواب :۔ اولیاء و صلحاء کی قبور پر جانا اور ان سے استمداد جائز و مستحسن ۔ اور اکابر کے قول و فعل سے ثابت اور ایسے امور مندوبہ کو شرک و بدعت بنانا وہابیہ کا خاصہ ۔ اور تفصیل رسالہ برکات الامداد میں ہے ۔ واللہ تعالےٰ اعلم ۔

الجواب :۔ ایصال ثواب جائز و مندوب ۔ احادیث سے ثابت ، یہ عجب کہ حلال کھانا قرآن مجید پڑھنے سے حرام ہو گیا ۔ اس کو حرام کہنا شریعت پر افترا کرنا ہے ۔ کس آیت یا حدیث میں ہے کہ جس کھانے پر قرآن عظیم پڑھا جائے وہ حلال بھی ہو تو حرام ہو جاتا ہے ۔ خود وہابیہ کے امام اسمٰعیل دہلوی نے لکھا میت کو ثواب پہنچانا کھانے پر موقوف نہ رکھیں ۔ ہاں میسر ہو تو بہتر ورنہ صرف فاتحہ و قل کا ثواب سب سے اعلیٰ شاہ عبدالعزیز صاحب کے فتاویٰ میں ہے جو کھانا حضرات امام حسن و امام حسین رضی اللہ تعالےٰ عنہما کی نیاز کا ہو تا ہے اور اس پر فاتحہ اور قل اور درود شریف پڑھتے ہیں وہ تبرک ہو جاتا ہے اس کا کھانا بہت اچھا ہے ۔ واللہ تعالےٰ اعلم ۔

الجواب :۔ جائز بلکہ بہتر ہے ، ملا علی قاری علیہ رحمۃ الباری مسلک متقسط میں فرماتے ہیں ومن آداب[عہ] ان یسلم بلفظ السلام علیکم دار قوم مؤمنین وانا ان شاء اللہ بکم لاحقون ونسأل اللہ لنا ولکم العافیۃ ثم یدعو قائما طویلا وان جلس مجلس بعیدا ، سر وقربا بحسب مراتبہم فی حال حیاتہم و یقرأ من القرآن ما تیسر من الفاتحۃ واول البقرۃ الی المفلحون وآیۃ الکرسی و آمن الرسول وسورۃ یٰسین و تبارک الملک وسورۃ التکاثر والاخلاص اثنتی عشرۃ مرۃ او احدی عشرۃ او سبعا او ثلثا ثم یقول اللہم اوصل ثواب ما قرأناہ الی فلان او الیہم ۔ نیز اسی کتاب میں فرماتے ہیں زیارۃ القبور مستحبۃ فی کل السبوع یوما الا ان الافضل

عہ زیارت قبور کے آداب میں سے یہ ہے کہ اس لفظ سے سلام کرے السلام علیکم دار قوم مومنین وانا ان شاء اللہ بکم لاحقون ونسأل اللہ لنا ولکم العافیۃ (سلام تم پر اے مومنین کی بستی والے اور ہم بھی ان شاء اللہ تم سے ملیں گے ۔ اور ہم اللہ تعالےٰ سے اپنے اور تمہارے لئے عافیت کا سوال کرتے ہیں) پھر کھڑے ہو کر دیر تک دعا کرے اور جتنا ہو سکے قرآن مجید پڑھے ۔ سورہ فاتحہ اور مفلحون تک سورۂ بقر کا شروع اور آیۃ الکرسی اور آمن الرسول سے آخر سورہ تک ۔ اور سورہ یٰسین ، سورہ تبارک ، سورہ تکاثر ، اور سورہ اخلاص بارہ بارہ یا گیارہ گیارہ یا سات سات یا تین تین بار ۔ پھر یہ کہے اے اللہ اس کا ثواب فلاں کو پہنچا یا قبرستان کے سب مردوں کو پہنچا ۔

یوم الجمعۃ والسبت والاثنین والخمیس وقد قال محمد بن واسع۔ الموتی یعلمون بزوارھم یوم الجمعۃ ویوما قبلہ ویوما بعدہ فتحصل ان یوم الجمعۃ افضل وان علم الموتی بالزائرین اکمل اور جو کچھ پڑھ کر ایصال ثواب کرے ان تمام اموات کو پورا پورا ثواب ملے گا۔ اور اس کے ثواب میں کچھ کمی نہ ہوگی، بلکہ زیادتی ہوگی۔ درمختار میں ہے ویقرأ یٰسٓ وفی الحدیث من قرأ الاخلاص احد عشر مرۃ ثم وھب اجرھا للاموات اعطی من الاجر بعدد الاموات۔ محیط پھر تتارخانیہ پھر ردالمحتار میں ہے الافضل لمن یتصدق نفلا ان ینوی لجمیع المؤمنین والمؤمنات لانھا تصل الیھم ولا ینقص من اجرہ شیئ نیز ای ردالمحتار میں ہے مثل ابن حجر المکی عما لوقرأ لاھل المقبرۃ الفاتحۃ ھل یقسم الثواب بینھم او یصل لکل منھم مثل ثواب ذلک کاملا اجاب بانہ افتی جمع بالثانی وھو اللائق بسعۃ الفضل۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۷۲) مسئولہ

فاتحہ اور دعا میں کیا فرق ہے اور ان دونوں سے کیا مقصد و البستہ ہے۔

الجواب: فاتحہ نام ہے سورہ فاتحہ اور آیۃ الکرسی و قل وغیرہ پڑھ کر ایصال ثواب کا۔ اور اس سے مقصود یہی ہوتا ہے کہ دوسرے کو ثواب پہنچائے اور خود بھی ثواب پائے۔ اور اپنے ثواب میں اس سے کچھ کمی نہیں ہوتی بلکہ زیادتی ہوتی ہے۔ دنیا یا آخرت کے فلاح و صلاح و بہبودی کا سوال کرنا دعا ہے اور مقصود یہ ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہماری دعا قبول کرلے اور جو ہم مانگتے ہیں وہ عطا فرمائے یا اس سے بہتر۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۷۳) مرسلہ حاجی حکیم سید نعیم الدین صاحب بہاری حال مقام مانی کا چر ضلع دھوبڑی ۱۲ صفر ۱۳۴۲ھ

اولیاء اللہ خواہ عوام الناس کے قبر پر فاتحہ و دعا کس طور سے سنت ہے۔ آیا پورب رخ ہو کر قبر

عہ زیارت قبور ہر ہفتے میں ایک دن مستحب ہے مگر افضل جمعہ کا دن ہے اور سنیچر، پیر اور جمعرات کا۔ محمد بن واسع نے فرمایا مردے اپنی زیارت کرنے والوں کو جمعہ کے دن اور اس کے ایک دن پہلے اور ایک دن اس کے بعد بات جانتے ہیں۔ لہٰذا جمعہ کے دن افضل ہے اور مردوں کا زائرین کے متعلق علم زیادہ کامل ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

عہ سورۂ یٰسین پڑھے اور حدیث میں ہے سورۂ اخلاص کا پڑھنا سنت ہے۔ گیارہ بار پھر اس کا ثواب مردوں کو بخش دے۔ مردوں کی گنتی کے برابر ثواب پائے گا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ امجدی۔

کے سامنے۔ یا قبر کی طرف پشت کرکے قبلہ رو ہوکر۔

الجواب: زیارت[ع] کے آداب میں یہ ہے کہ قبر کی طرف منھ اور قبلہ کی طرف پیٹھ کرکے میت کے مواجہہ میں کھڑا ہو۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۷۴) مسئولہ شاہ قمرالدین صاحب امام مسجد کلاں جامع مدرسہ معینیہ ۲ ربیع الاول شریف ۱۳۴۲ھ

میت کے ایصال ثواب کے لئے قرآن مجید مکان پر کسی کو بٹھا کر پڑھوانا جائز ہے یا نہیں اور اس کے بیٹھنے[ع] کا بدلہ دینا جائز ہے یا نہیں۔ نیز تیسرا، دسواں، بیسواں اور چہلم پر ایصال ثواب کرنا جائز ہے یا نہیں۔ تعلیم قرآن پر اُجرت لینے کا حکم مذہب میں ہے یا نہیں۔

الجواب: ایصال ثواب کے لئے قرآن مجید پڑھوانا جائز ہے۔ مگر یہ ضروری ہے کہ تلاوت کے لئے اسے اجیر نہ کیا ہو کہ تلاوت پر اجرت لینا دینا جائز نہیں۔ کذا فی ردالمحتار۔ اور اگر اس سے پیشتر کہہ دیا جائے کہ اس کام کا معاوضہ ہم کچھ نہ دیں گے۔ پھر بعد میں پڑھنے والے کی خدمت کی جائے تو عین سعادت ہے۔ تعلیم قرآن پر اجرت لینا دینا متاخرین نے جائز کہا اور اب اسی پر فتویٰ ہے۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۷۵) مرسلہ رحمت اللہ صاحب قادری بنارس۔ ۲۴ ربیع الآخر ۴۲ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ مردہ کی روح دنیا میں آتی ہے یا نہیں۔ نیز اولیائے کرام اپنی روح کے ساتھ اصلی جسم میں ہوکر دنیا میں چل پھر سکتے ہیں یا نہیں بحوالہ قرآن وحدیث شریف وفقہ بیان فرمائیں۔

الجواب: مومن کی روح مرنے کے بعد آزاد ہوتی ہے جہاں چاہے جاسکتی ہے۔ حدیث میں ہے اذا مات المومن یخلی سربہ یسرح حیث شاء جب مومن مرتا ہے اس کی راہ کھول دی جاتی ہے۔ جہاں چاہے جائے۔ اور اولیائے کرام کے بکثرت واقعات ایسے ہیں کہ لوگوں نے بعد وفات انھیں ان کی صورتوں میں دیکھا۔ ہوسکتا ہے کہ یہ اصلی جسم ہوں یا ان کے مشابہ۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

ع طحطاوی علی المراقی میں ہے قال فی الاحیاء والمستحب فی زیارۃ القبور ان یقف مستدبر القبلۃ مستقبلا وجہ المیت۔ احیاء میں ہے زیارت قبر میں مستحب یہ ہے کہ قبلہ کی طرف پیٹھ ہو اور میت کی طرف منھ ہو۔ عہ یہ حیلہ بھی درست ہے کہ قاریوں کو گھنٹہ دو گھنٹہ اپنے یہاں روکنے اور ان کے وقت کو مشغول رکھنے کے عوض کی نیت کرکے کچھ دے۔ سے ان تمام باتوں کے لئے حیات الموت فی سماع الاموات کا مطالعہ کریں۔ واللہ تعالےٰ اعلم

مسئلہ (۴۷۶) مسئولہ عابد علی محلہ چھاؤنی اشرف خاں بانکے بریلی ۳۰ جمادی الاولیٰ ۱۳۴۲ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مسئلہ ذیل میں کہ

اکثر لوگ اپنی آمدنی کا کچھ حصہ گیارھویں شریف کے نام کا جمع کرتے ہیں یعنی اگر ایک روپیہ خرچ کیا تو ایک پیسہ یا دو علیٰ ہذا القیاس علیحدہ گیارھویں شریف کے نام پر جمع کرتے ہیں۔ اور ربیع الثانی میں فاتحہ کرتے ہیں۔ اگر اس رقم سے کوئی دوسرا کار خیر انجام دے دیا جائے مثلاً کسی بھوکے غریب کو کھانا کھلا دیا جائے۔ یا کسی غریب رشتہ دار کو کپڑا بنوا دیا جائے۔ یا کسی رشتہ دار کی موت پر صرف دیدی جائے۔ یا کسی غریب عزیز ہمسایہ کی لڑکی کی شادی میں براتیوں کو کھانا دے دیا جائے۔ یا لڑکی کو کپڑا بنا دیا جائے۔ ایا یہ کار خیر اس گیارھویں شریف کے نام کی رقم سے انجام دیا جائیں یا نہیں۔ زید نے کہا کہ میں یہ جانور مرغ یا بکری وغیرہ ذبح کر اس رقم سے فاتحہ کروں گا۔ اس کو مذکورہ بالا باتوں کا اختیار ہے یا نہیں وہ بجائے فاتحہ کے اور کوئی دوسرا کام انجام دے سکتا ہے یا نہیں۔

الجواب: گیارھویں شریف کی نیاز ایصال ثواب کے لئے ہے۔ اور یہ کام بھی ثواب کے ہیں پس ان کاموں میں صرف کرے اور اس کا ثواب حضور کو نذر کرے اور بہتر یہ ہے کہ حسب دستور فاتحہ بھی پڑھے کہ قرآن مجید و درود شریف کا ثواب بھی ملے اس کو بھی حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نذر کرے۔ مرغ یا بکری کی قیمت بھی ان امور خیر میں صرف کرکے ثواب پہنچائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۷۷) مرسلہ سلیمان شکرانی برادرس قادری رضوی از مقام لمبی نیا سالینڈ برٹش سنٹرل افریقہ۔

یہاں پر ہر ماہ مسلمانوں کی گیارھویں شریف پر بطور نیاز کھانا پکتا ہے اور نیاز کا ہر دوکان پر مقرر چندہ تسلیم کیا گیا ہے اور کھانے میں تمام اہل تجارت ہندی مسلم جمع ہوتے ہیں۔ ہندوستان کی طرح۔ اس ملک میں مساکین و فقراء نہیں ہیں۔ اگر اس کھانے کو موقوف کرکے اکٹھا کیا جاوے تو سالانہ ایک معقول رقم بن جاتی ہے۔ اس رقم کو دوسرے ضروری اسلامی کاموں میں لاسکتے ہیں یا نہیں جو یہاں کی ملکی حالت کے پیش نظر لازمی ہے جیسا کہ اس ملک کے اصلی افریقی (نیٹو) جو مسلمان ہیں اور نماز روزہ بھی اکثر ادا کرتے ہیں لیکن تعلیم سے بالکل ناواقف ہیں اور اس ملک کے عیسائی بڑے زور شور سے اپنے مذہب کی تبلیغ و اشاعت کرتے ہیں۔ جنگلات میں جگہ جگہ عیسائی کلیسا قائم کر دیئے ہیں اور جنگلی افریقیوں کو عیسائی مذہب میں داخل کرتے ہیں۔ حالانکہ اسلام بھی اپنی خوبیوں کی وجہ سے آہستہ آہستہ پھیلتا رہا ہے لیکن ان ہمارے غریب مسلم افریقیوں کے مذہبی تعلیم کا کوئی ذریعہ نہیں ہے اور نہ وہ مذہبی فرائض کمل طور پر سمجھتے ہیں نہ ادا کرتے ہیں۔ اب ان لوگوں کی تعلیم و تربیت و تبلیغ و اشاعت اسلام کے

لئے ایک مدرسہ کی اشد ضرورت محسوس ہو رہی ہے اور فی الحال ہندی بیوپاری عمارت مدرسہ و معلم و مدرس کا خرچ برداشت کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں کیونکہ تجارت کا حال بہت خراب ہے ایسی صورت میں گیارہویں کا کھانا موقوف کر کے اس کی رقم مذکورہ کار خیر کے لئے صرف کرنا جائز ہے یا نہیں۔

مسئلہ (۴۷۸) کوئی ہندی یا افریقی مسلم جو کہ غریب بھی ہو اور بیمار بھی ہو اور اس کو امداد کی ضرورت ہو تو متذکرہ رقم سے امداد درست ہے یا نہیں۔

مسئلہ (۴۷۹) اگر مذکورہ صورتوں میں اس رقم کا استعمال جائز ہے تو یہ بھی فرمائیے کہ اس کے علاوہ اور کونسی صورتیں ہیں جہاں اس رقم کا استعمال جائز ہے۔ مسئلہ ( ) کسی غریب نادار اسلامی مسافر جسکا چندہ کرنا معقول ہو اسکی اس رقم سے

مسئلہ (۴۸۰) لیکن واضح ہو کہ مندرجہ بالا سوالات کا حل کرنا قوم کی حالت سے باہر ہے کیونکہ آج کل تجارت کی حالت نہایت خراب ہے۔ یہ خیال نہ فرمائیں کہ اعتقاداً ہم کھانا موقوف کرنا چاہتے ہیں بلکہ ہم لوگ شرع کی تعمیل کرنے پر آمادہ ہیں۔

مسئلہ (۴۸۱) زید نے غوث پاک کی نیاز مانی ہو اور کھانا کھلانے کی نیت بھی ہو تو کیا زید بغیر کھانا پکائے قیمت نیاز ادا کر سکتا ہے اور اس کا استعمال تعلیم و اشاعت میں ہو سکتا ہے۔ اور سو سو رند ؟ میں قیمت دینے پر مقبولیت حاصل ہوگی یا نہیں۔

الجواب:۔ گیارہویں شریف کی نیاز ایصال ثواب کے لئے ہے کہ شیرینی یا کھانے پر سورۂ فاتحہ و قل اور درود شریف وغیرہ پڑھ کر سب کا ثواب حضور غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حضور نذر کرتے ہیں اور یہ نذر کچھ کھانے یا شیرینی ہی کے ساتھ خاص نہیں کہ اس کے سوا ہو نہ سکے بلکہ وہ رقم اگر کسی دوسرے کار خیر میں صرف کی جائے اور اس کا ثواب نذر کیا جائے۔ تو یہ بھی جائز ہے کہ مذہب اہلسنت میں ہر عمل خیر کا ثواب احیاء و اموات کو پہنچایا جا سکتا ہے اور اس کی وجہ سے اپنے ثواب میں کچھ کمی نہیں آتی۔ بلکہ اور زیادتی ہو جاتی ہے۔ درمختار میں ہے فی الاصل ان کل من اتی بعبادۃ ما له جعل ثوابها لغیرہ وان ذکرها عند الفعل لنفسه لظاهر الادلة۔ ردالمحتار میں ہے سواء کانت صلاۃ او صوما او صدقة او قرأۃ او ذکرا او طوافا او حجا او عمرۃ او غیر ذالک من زیارۃ قبور الانبیاء علیهم الصلاۃ والسلام والشهداء والاولیاء والصالحین وتکفین الموتی وجمیع انواع البر کما فی الهندیه ۱ه وقد منا فی الزکاۃ عن التاتر خانیه عن المحیط!

ألا فضل لمن يتصدق نفلا ان ينوى لجميع المؤمنين والمؤمنات لانها تصل اليهم ولا ينقص من اجره شیٔ اھ نیز اسی رد المحتار میں کہ جب ہے من صام او صلى او تصدق وجعل ثوابه لغيره من الاموات والاحياء جاز ويصل ثوابها اليهم عند اهل السنة والجماعة كذا فى البدائع ثم قال وبهذا علم انه لا فرق بين ان يكون المجعول له ميتا او حيا والظاهر انه لا فرق بين ان ينوى به عند الفعل للغير او يفعله لنفسه ثم بعد ذلك يجعل ثوابه لغيره لاطلاق فی کلامهم وانه لا فرق بين الفرض والنفل اھ اور جب کہ مدرسہ کی ضرورت ہے اور اس کے لئے سرمایہ فراہم نہیں ہو سکتا تو رقم مدرسہ میں صرف کی جائے۔ اور اس ثواب کو حضور غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حضور نذر کریں۔ یو ہیں فقراء مساکین کے علاج یا مسلمان میت لاوارث کی تجہیز وتکفین میں صرف کر سکتے ہیں یا تبلیغ واشاعت اسلام میں اس رقم سے امداد کر سکتے ہیں۔ اور جب یہ کام حضور کے ایصال ثواب کے لئے کیا تو گیارہویں کا مقصد حاصل ہو گیا۔ اور دیتے وقت دُرود شریف وفاتحہ وقل وغیرہ پڑھ کر حسب دستور ایصال ثواب کریں تو زیادہ بہتر۔ اور اس رقم سے جو کار خیر کیا جائے اسے حضور کی طرف منسوب کر دیا جائے۔ مثلاً مدرسہ قادریہ یا نذر قادری کہ لوگوں کو معلوم بھی ہو کہ یہ شیٔ حضور کے ایصال ثواب کے لئے ہے اور علاوہ اس رقم کثیر کے جو اس نام سے جمع ہوتی ہے اگر حسب استطاعت دو چار آنہ یا کم وبیش کی شیرینی وغیرہ پر بھی حسب دستور فاتحہ ہو جایا کرے تو نہایت انسب کہ اس میں وہابیت کی بیخ کنی بھی ہے اور عوام یہ نہ سمجھیں کہ گیارہویں بند ہو گئی اور بڑی رقم امور مذکورہ بالا میں صرف ہو۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

الجواب:۔ یہ نذر فقہی نذر نہیں۔ بلکہ براہ ادب بڑوں کی خدمت میں جو چیز پیش کی جاتی ہے۔ اسے نذر کہتے ہیں۔ شاہ عبد العزیز صاحب محدث دہلوی رسالۂ نذور میں فرماتے ہیں۔ نذر کہ اینجا مستعمل می شود نہ بر معنی شرعی است چہ عرف آنست کہ آنچہ پیش بزرگاں می برند۔ نذر ونیاز می گویند۔ یہ رقم بھی امور مذکورہ میں صرف کی جا سکتی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (　　) از پنجاب مرسلہ جناب میاں دین محمد صاحب خوش آبی ۱۵ ذی الحجہ ۱۳۴۶ھ

گیارہ تاریخ کو حسب مقدور کھانا، شیرینی، دودھ وغیرہ پر فاتحہ دے کر اس کا ثواب حضرت سید نا غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روح پر فتوح کو بخشنا جس کو گیارہویں کہا جاتا ہے اس کا کرنا کیسا ہے؟ کیا اس تعیین میں کوئی قباحت ہے؟ بعض لوگ اس کو بدعت کہتے ہیں اور منع کرتے ہیں۔ اس مسئلہ کو مدلل ومفصل بیان فرمائیں۔ اعظم اللہ اجراً عظیما۔

ع بزرگان دین کی نذر ونیاز میں نذر سے مراد شرعی معنی نہیں دعرفی معنی مراد ہے اسلئے کہ عرف یہ ہے کہ بزرگوں کی خدمت میں جو رقم یہ پیش کیا جاتا ہے اسکو نذر ونیاز کہتے ہیں

الجواب: ایصال ثواب شرعاً مندوب ومحبوب ہے احادیث وفقہ سے اس کا جواز ثابت ہے اور گیارھویں کی نیاز بھی اسی ایصال ثواب کی ایک فرد ہے۔ لہٰذا یہ بھی جائز ہے کہ مطلق کے جواز ثابت ہونے کے بعد افراد کا جواز خود ہی ثابت ہے جب تک افراد میں شرعاً قباحت ثابت نہ ہو ناجائز نہیں کہہ سکتے۔ اور یہاں گیارھویں کے عدم جواز کی کوئی دلیل نہیں۔ نہ قرآن میں اس کی ممانعت نہ حدیث میں، نہ اس کے متعلق کوئی اجماع نہ قیاس مجتہد اور جب ناجائز ہونے کی کوئی شرعی دلیل نہیں تو ناجائز کہنا غلط و باطل۔ اور ایصال ثواب کے ثبوت سے اس کا جواز ثابت۔ ایصال ثواب کے متعلق چند احادیث یہ ہیں:۔

حدیث ۱:۔ ابوداؤد ونسائی سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ سے راوی۔ انھوں نے عرض کی یارسول اللہ ان ام سعد ماتت فای الصدقۃ افضل قال الماء فحفر بئرا وقال ھذہ لام سعد یارسول اللہ سعد کی ماں کا انتقال ہوگیا تو کون صدقہ (اس کے لئے کرنا) بہتر ہے۔ ارشاد فرمایا۔ پانی کا صدقہ کرنا۔ کہ وہاں اس کی کمی تھی اور ضرورت تھی۔ انھوں نے ایک کنواں کھدوایا اور کہہ دیا کہ یہ سعد کی ماں کے لئے ہے یعنی اس کا ثواب سعد کی ماں کو پہنچے۔

حدیث ۲:۔ صحیح بخاری ومسلم میں ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا سے مروی کہتی ہیں ان رجلا قال للنبی صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم ان امی افتلتت نفسھا واظنھا لو تکلمت تصدقت فھل لھا اجر ان تصدقت عنھا قال نعم ایک شخص نے حضور سے عرض کی میری ماں دفعۃً مرگئی اور میرا گمان ہے کہ وہ اگر کچھ بولتی تو صدقہ کرتی۔ تو کیا اگر میں اس کی طرف سے صدقہ کروں تو اسے ثواب پہنچے گا ارشاد فرمایا ہاں! اس حدیث کے تحت میں حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہ لمعات میں فرماتے ہیں فی الحدیث دلیل علی ان ثواب الصدقۃ یصل الی المیت وکذا حکم الدعاء ھذا ھو مذھب اھل الحق واختلفوا فی العبادات البدنیۃ کالصلوۃ وتلاوۃ القرآن والمختار نعم قیاسا علی الدعاء اس حدیث میں اس پر دلیل ہے کہ میت کو صدقہ کا ثواب پہنچتا ہے اور دعاء کا بھی یہی حکم ہے اور اہل حق کا یہی مذہب ہے اور عبادت بدنیہ مثلاً نماز وتلاوت قرآن میں اختلاف ہے اور مذہب مختار یہ ہے کہ دعاء پر قیاس کرتے ہوئے یہ کہا جائے کہ ان کا ثواب بھی پہنچتا ہے۔

حدیث ۳:۔ ابوداؤد بروایت عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ راوی ان العاص بن وائل اوصی ان یعتق عنہ مأۃ رقبۃ (وان ھشاما اعتق) فاعتق عنہ ابنہ ھشام خمسین رقبۃ فاراد ابنہ عمرو ان یعتق عنہ الخمسین الباقیۃ فقال حتی اسأل رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم فاتی النبی صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم

فقال یارسول اللہ ان ابی اوصی ان یعتق عنہ مائۃ رقبۃ وان ھشاما اعتق عنہ خمسین وبقیت علیہ خمسون رقبۃ افاعتق عنہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہ لوکان مسلما فاعتقتم عنہ اوتصدقتم عنہ اوحججتم عنہ بلغہ ذلک عاص بن وائل نے وصیت کی تھی کہ اس کی طرف سے سو غلام آزاد کئے جائیں اور اس کے بیٹے ہشام نے پچاس غلام آزاد کر دیے اس کے دوسرے بیٹے عمرو نے باقی پچاس کو آزاد کرنا چاہا تو کہا پہلے میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دریافت کرلوں حضور کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی یارسول اللہ میرے باپ نے سو غلام آزاد کرنے کی وصیت کی تھی اور ہشام نے پچاس آزاد کر دیئے اور پچاس باقی ہیں، کیا میں آزاد کر دوں ارشاد فرمایا اگر وہ مسلمان ہوتا تو تم اس کی طرف سے آزاد کرتے یا صدقہ کرتے یا حج کرتے، اسے پہنچتا۔ لمعات میں حضرت شیخ نے فرمایا قولہ لوکان مسلما دل علی ان الصدقۃ لاتنفع الکافر ولاتنجیہ وعلی المسلم ینفعہ العبادۃ المالیۃ والبدنیۃ یعنی اس سے معلوم ہوا کہ کافر کو نہ صدقہ نفع دے اور نہ اسے نجات دے اور مسلمان کو عبادت مالی اور بدنی دونوں سے نفع پہنچتا ہے۔

حدیث ۴: من قرأ الاخلاص احدعشرۃ مرۃ ثم وھب اجرھا للاموات اعطی من الاجر بعدد الاموات جس نے گیارہ بار سورۂ اخلاص پڑھ کر اس کا ثواب مردوں کو بخشا تو مردوں کی تعداد کے برابر میں پڑھنے والے کو ثواب ملے گا۔ اس حدیث کو درمختار باب الجنائز اور فتح القدیر باب الحج عن الغیر میں نقل کیا۔

حدیث ۵: عن انس انہ سأل رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقال یارسول اللہ انا نتصدق عن موتانا ونحج عنھم وندعولھم فھل یصل ذلک الیھم قال نعم انہ لیصل الیھم وانھم یفرحون بہ کما یفرح احدکم بالطبق اذا اھدی الیہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سوال کیا یارسول اللہ ہم اپنے مردوں کی طرف سے صدقہ کرتے ہیں اور حج کرتے ہیں تو کیا انہیں پہنچتا ہے۔ ارشاد فرمایا: بیشک وہ ان کو پہنچتا ہے اور بیشک وہ اس سے خوش ہوتے ہیں جیسا تم میں سے کسی کے پاس طبق ہدیہ کیا جاتا ہے تو وہ خوش ہوتا ہے۔ اس حدیث کو بھی امام ابن ہمام نے فتح القدیر میں ذکر کیا ہے۔

حدیث ۶: حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دو مینڈھے سینگ والے خوبصورت کی قربانی کی اور اپنے دست مبارک سے ذبح کئے اور فرمایا بسم اللہ اللہ اکبر اللھم ھذا عنی وعمن لم یضح من امتی الٰہی یہ میری طرف سے ہے اور میری امت میں اس کی طرف سے جس نے قربانی نہیں کی۔ رواہ احمد وابوداؤد والترمذی عن جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حدیث ۷: حنش کہتے ہیں میں نے علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دو مینڈھے کی قربانی کرتے دیکھا میں نے اس کا سبب پوچھا تو فرمایا ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اوصانی ان اضحی عنہ فانا اضحی عنہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے وصیت فرمائی ہے کہ میں حضور کی طرف سے قربانی کروں اس لئے میں حضور کی طرف سے قربانی کرتا ہوں۔ رواہ ابو داؤد۔ ان احادیث سے بخوبی ثابت ہے کہ زندوں کے اعمال صدقہ وغیرہ سے اموات کو نفع پہنچتا ہے اور اپنے اعمال کا ثواب پہنچائے تو ثواب پہنچتا ہے۔ اب کتب فقہ کی بعض روایات سنئے۔ بلکہ ان سے پہلے کتب عقائد میں سے شرح عقائد النسفی کی یہ عبارت دیکھئے وفی دعاء الاحیاء للاموات وصدقتھم عنھم نفع لھم خلافاً للمعتزلۃ زندے مردوں کے لئے دعا کریں اور صدقہ کریں تو مردوں کو نفع پہنچتا ہے معتزلہ اس کے مخالف ہیں۔ شرح عقائد کی عبارت سے معلوم ہوا کہ ایصال ثواب کے منکر معتزلہ ہیں۔ اہلسنت کے نزدیک بالاتفاق بلا نکیر مردوں کو ثواب پہنچتا ہے۔ قائلین بدعت دیکھیں کہ ثواب پہنچانا پہنچانا اہلسنت کا مذہب ہے اور اس کا انکار بدعتیوں یعنی معتزلہ کا مذہب ہے۔ ہدایہ میں ہے الاصل فی ھذا الباب ان الانسان لہ ان یجعل ثواب عملہ لغیرہ صلاۃ او صوما او صدقۃ او غیرھا عند اھل السنۃ والجماعۃ لما روی عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انہ ضحی بکبشین املحین احدھما عن نفسہ والاخر عن امتہ ممن اقر بوحدانیۃ اللہ تعالیٰ وشھد لہ بالبلاغ اس باب میں قاعدۂ کلیہ ہے کہ انسان اپنے عمل کا ثواب دوسروں کو دے سکتا ہے روزہ یا نماز یا صدقہ یا کچھ اور۔ اہلسنت کے نزدیک فتح القدیر میں ہے خالف فی جمیع ذلک المعتزلۃ مطلقاً ایصال ثواب کے منکر معتزلہ ہیں۔ بحر الرائق میں ہے من صام او صلی او تصدق وجعل ثوابہ لغیرہ من الاموات والاحیاء جاز ویصل ثوابھا الیھم عند اھل السنۃ والجماعۃ یعنی اہلسنت وجماعت کا مذہب ہے کہ جس نے روزہ رکھا یا نماز پڑھی، یا صدقہ کیا اور اس کا ثواب دوسرے کو مردوں اور زندوں کو پہنچائے تو یہ جائز ہے اور ان کو ثواب پہنچے گا۔ فتاویٰ عالمگیری میں ہے الاصل فی ھذا الباب ان الانسان لہ ان یجعل ثواب عملہ لغیرہ صلاۃ کان او صوما او صدقۃ او غیرھا کالحج وقراءۃ القرآن والاذکار وزیارۃ قبور الانبیاء علیھم الصلوۃ والسلام والشھداء والاولیاء والصالحین وتکفین الموتی وجمیع انواع البر انسان اپنے عمل کا ثواب دوسرے کو پہنچا سکتا ہے۔ نماز ہو یا روزہ، صدقہ ہو یا اس کے علاوہ جیسے حج اور قراءۃ قرآن واذکار اور زیارۃ قبور، انبیاء وشہداء اولیاء وصالحین وتکفین اموات اور ہر قسم کے نیکی کے کام، ایصال ثواب کا جواز تو دوسری چیز ہے ایصال ثواب کرنے میں نسبت،

ایصال ثواب نہ کرنے کے ثواب زیادہ ہے۔ ایصال ثواب نہ کرے تو صرف عمل کا ثواب ملے گا اور ایصال کرنے کی صورت میں تمام مردوں کے برابر اسکو ثواب ملے گا جیسا کہ حدیث سے مستفاد ہے۔ محیط پھر تاتارخانیہ پھر رد المحتار میں ہے الافضل لمن یتصدق نفلا ان ینوی لجمیع المومنین والمومنات لانھا تصل الیھم ولا ینقص من اجرہ شئ جو شخص صدقہ نفل کرنا چاہتا ہے اس کے لئے افضل یہ ہے کہ تمام مومنین و مومنات کی نیت کرلے کہ ان سب کو پہنچے گا اور اس کے اجر میں کچھ کمی نہ ہوگی تو جب اپنا کچھ نقصان نہیں اور دوسروں کا فائدہ ہے تو ظاہر ہے کہ ایسا فائدہ پہنچانا ہر حال میں بہتر ہوگا۔ اگر ایسے فائدہ پہنچانے سے بھی گریز کرے تو یہ نہایت درجہ کے بخل کی دلیل ہے کہ اور جگہ دینے میں تو اپنے پاس سے کوئی چیز کم ہوتی ہے اور یہاں یہ بھی نہیں۔ بحر الرائق میں ہے ان الانسان لہ ان یجعل ثواب عملہ لغیرہ صلاۃ او صوما او صدقۃ او قرأۃ قرآن او ذکر او طوافا او حجا او عمرۃ او غیر ذلک عند اصحابنا للکتاب والسنۃ خلاصہ یہ کہ ہمارے ائمہ کے نزدیک اپنے ہر قسم کے اعمال کا ثواب دوسرے کو پہنچا سکتا ہے۔ اور اس کا ثبوت قرآن و حدیث ہے۔ اس کے بعد صاحب بحر اس کے ثبوت میں چند آیات و احادیث ذکر کرتے ہیں۔ پھر بدائع سے نقل کرتے ہیں من صام او صلی او تصدق وجعل ثوابہ لغیرہ من الاموات والاحیاء جاز ویصل ثوابھا الیھم عند اھل السنۃ والجماعۃ۔ اسی طرح تبیین الحقائق میں فرمایا اور مطلق ایصال ثواب سے انکار کو معتزلہ کا مذہب بتایا اور ان کی دلیل ذکر کر کے اس کے متعدد جواب ذکر کئے اور اہلسنت کے مذہب کو آیات و احادیث سے ثابت کیا بعض احادیث وہی ہیں جو ہم نے پہلے ذکر کیں اور بعض دوسری حدیثیں بھی ذکر کیں ہیں۔ مثلا ان رجلا سال النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فقال کان لی ابوان ابرھما حال حیاتھما فکیف لی ببرھما بعد موتھما فقال لہ علیہ الصلوۃ والسلام ان من البر بعد البر ان تصلی لھما مع صلاتک وان تصوم لھما مع صیامک رواہ الدار قطنی ایک شخص نے نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے سوال کیا اور کہا کہ میرے والدین تھے کہ ان کی زندگی میں ان کے ساتھ نیکی کرتا تھا۔ اب ان کے مرنے کے بعد ان کے ساتھ کس طرح بھلائی کروں۔ ارشاد فرمایا نیکی کے بعد نیکی یہ ہے کہ اپنی نماز کے ساتھ ان کے لئے نماز پڑھ۔ اور اپنے روزہ کے ساتھ ان کے لئے بھی روزہ رکھ۔ **اقول** یہاں ان کے لئے نماز پڑھنے اور روزہ رکھنے کے یہی معنی ہیں کہ نماز روزہ کا ایصال ثواب کیا جائے نہ یہ کی ان کی طرف سے نماز پڑھنا اگرچہ عمل غیر سے اس صورت میں بھی نفع پہنچنا ثابت ہوگا۔ مگر مراد معنی اول ہیں اس لئے کہ ایک حدیث میں آیا ہے لا یصلی احد عن احد ولا یصوم احد عن احد۔ ایک شخص دوسرے کی طرف سے نہ نماز پڑھ سکتا ہے نہ روزہ رکھ سکتا ہے

انکی واسطے حدیث میں لکھا فرمایا عنہما نہیں فرمایا۔ ایک دوسری حدیث یہ ذکر کی عن انس رضی اللہ تعالےٰ عنہ قال قال النبی صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم من دخل المقابر فقرأ سورۃ یٰسین خفف عنھم یومئذ جو قبرستان میں جا کر سورہ یٰسین پڑھے تو اوس دن مردوں سے تخفیف ہوجاتی ہے اسی طرح امام ابن ہمام رحمۃ اللہ تعالےٰ نے اس مسئلہ کو فتح القدیر میں نہایت شرح وبسط کے ساتھ بیان کیا اور مذہب اہلسنت کو آیات واحادیث سے ثابت کیا۔ بالجملہ یہ مسئلہ بحمدہ تعالےٰ اسقدر واضح اور صاف ہوگیا کہ مخالفین میں جو عمل بالحدیث کے مدعی ہیں اگر اپنے دعویٰ میں کچھ بھی سچے ہوں تو ایصال ثواب سے انکار نہ کرینگے یہ تو میں کیسے کہوں کہ حدیث پر عمل کریں اور ایصال ثواب کریں کہ وہ ایسا کر نہیں سکتے مگر کم از کم انکار سے تو باز آئیں۔ یونہیں وہ لوگ جو اپنے کو حنفی کہتے ہیں اور ایصال ثواب سے انکار کرتے ہیں وہ بھی اس سے باز آئیں کہ علاوہ حدیث کے کتب معتبرہ مستندہ حنفیہ کی متعدد عبارتیں پیش کر دی ہیں کہ انکار کی گنجائش باقی نہیں۔ اور غالباً انھیں مجبوریوں کو دیکھتے ہوئے یہ لوگ اپنی طرف سے کچھ باتیں اضافہ کر کے اسے بدعت وناجائز کہتے ہیں ورنہ ان کے متقدمین تو سرے سے ایصال ثواب سے ہی انکار کرتے تھے۔ اور دلیل وہی پیش کرتے تھے جو معتزلہ پیش کرتے تھے۔ مگر جب اہل سنت کے دلائل باہرہ کا جواب نہ ہوسکا تو عدم جواز کا دوسرا پہلو نکالا کبھی کہتے ہیں کھانے پر فاتحہ پڑھنا ناجائز ہے اور کبھی یہ کہ ہاتھ اٹھا کر فاتحہ پڑھکر دعا کرنا، کبھی یہ کہ کھانا سامنے رکھنا، کبھی یہ کہ دن کی تخصیص کرنا۔ غرض ایسی ہی باتیں پیش کرکے ایصال ثواب کو رد کرنا چاہتے ہیں۔ **اقول** قرآن مجید کی قرات وجہ ممانعت ہوجائے یہ عجب بات ہے جب صدقہ اور قراءت قرآن دونوں چیزوں کا ثواب پہنچ سکتا ہے جیسا کہ کتب معتبرہ فقہ سے ثابت ہے۔ عبارات پہلے گذر چکیں تو اگر یہ دونوں کام ایک وقت میں کئے جائیں تو ناجوازی کی کیا وجہ ہے کیا اس وقت قرآن پڑھنا ناجائز ہے یا تصدق ناجائز ہے اور جب دونوں جائز تو ایک ساتھ بھی جائز۔ یونہیں ہاتھ اٹھا کر دعا کرنا بھی سبب ممانعت نہیں ہوسکتا کہ یہ امر فی نفسہ ثابت ہے حدیث میں دعا کے لئے ہاتھ اٹھانا آیا ہے اور علماء نے اسے آداب دعا سے قرار دیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا اذا سألتم اللہ فاسئلوہ ببطون اکفکم ولا تسئلوہ بظھورھا جب خدا سے سوال کرو تو ہتھیلیوں کے پیٹ کو اوپر کرکے سوال کرو، پشتِ دست کو اوپر کرکے سوال نہ کرو۔ رواہ ابوداؤد عن مالک بن یسار رضی اللہ تعالےٰ عنہ۔ اور دوسری روایت ابوداؤد کی ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے ہے سلوا اللہ ببطون اکفکم ولا تسئلوہ بظھورھا فاذا فرغتم فامسحوا بھا وجوھکم اسمیں اتنا مضمون زیادہ فرمایا کہ فارغ ہوکر منھ پر ہاتھ پھیر لو۔ ترمذی نے حضرت عمر رضی

اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کان رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم اذا رفع یدیہ فی الدعاء لم یحطہما
حتی یمسح بہما وجہہ دعا میں جب رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم ہاتھ اوٹھاتے تو جب تک منھ پر پھیر نہ لیتے نیچے نہ کرتے
ترمذی وابو داؤد وبیہقی کی روایت سلمان فارسی رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔
ان ربکم حیی کریم یستحیی من عبدہ اذا رفع یدیہ الیہ ان یردہما صفرا بیشک تمہارا رب حیا وکرم والا ہے
جب کوئی بندہ اوس کی طرف ہاتھ اٹھاتا ہے تو خالی واپس کرنے سے حیا فرماتا ہے بیہقی انس رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے راوی
کان رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم یرفع یدیہ فی الدعاء حتی یری بیاض ابطیہ۔ رسول اللہ
صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم دعا میں اتنا ہاتھ اٹھاتے (یعنی احیانا) کہ بغل مبارک کی سپیدی دکھائی دیتی۔ اور سہل بن سعد
رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے راوی کان یجعل اصبعیہ حذاء منکبیہ یدعو دعا کے وقت حضور دو انگلیوں کو شانوں کے
مقابل کر لیتے اور سائب بن یزید سے راوی، وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں ان النبی صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم
کان اذا دعا فرفع یدیہ مسح وجہہ بیدیہ نبی صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم دعا کے وقت ہاتھ اٹھاتے تو دونوں ہاتھ
چہرۂ مبارک پر پھیر لیتے۔ ابو داؤد نے ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے روایت کی۔ وہ فرماتے ہیں المسألۃ ان ترفع
یدیک حذو منکبیک او نحوہما سوال کہتے اس کو ہیں کہ ہاتھوں کو مونڈھے کے مقابل یا ان کے قریب اٹھائے۔ پس جب
کہ دعا میں ہاتھ اٹھانا حضور کا فعل ہے اور اس طرح دعا کرنے میں امید اجابت ہے کہ اللہ تعالےٰ اس طرح دعا کرنے والے
کو خالی ہاتھ پھیرنے سے حیا فرماتا ہے تو ایصال ثواب کے وقت جو دعا کیجائیگی اوسے بھی ہاتھ اٹھا کر کریں۔ اور یہ کہیں الٰہی
اس کا ثواب فلاں و فلاں اور جمیع مومنین و مومنات کو پہنچا دے مگر جو ایصال ثواب نہیں کرنا چاہتے وہ شاید اس وجہ
سے ہاتھ اٹھانے کو منع کرتے ہوں گے کہ کہیں دعا قبول نہ ہو جائے اور ثواب پہنچ جائے کہ انھیں یہ کب منظور ہے ایسا ہوتا
تو ایچ پیچ سے اسے ناجائز کیوں کہتے یوہیں کھانا سامنے رکھنا ممانعت کی وجہ نہیں ہو سکتا کہ اگر یہ کوئی ناجائز امر ہوتا تو کھانے
کے وقت سامنے کیوں رکھا جاتا۔ مگر یہ تو وہ کہہ سکتا ہے کہ دہنے بائیں یا پیچھے رکھ کر ایصال کرتا ہو۔ اور جو مطلقا ایصال ثواب
کرتا ہی نہ ہو تو ہسکے سوا کیا کہا جا سکتا ہے کہ ایصال ثواب سے روکنے کا یہ ایک حیلہ ہے اور بلا دلیل شرعی ایسی مہمل باتیں
قابل سماعت نہیں۔ شاید یہ کہا جائے کہ کھانا آگے رکھنا اور اس پر کچھ پڑھنا یہ مجموعہ ناجائز ہے اور ایصال ثواب جائز ہے
یہ قول ہی صحیح نہیں کہ کھانا سامنے رکھ کر اس پر پڑھنا حدیث صحیح سے ثابت ہے۔ بخاری ومسلم ودیگر محدثین حضرت انس،

رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ایک حدیث طویل روایت کرتے ہیں جس کا ایک ٹکڑا یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ام سلیم رضی
اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس مع ایک گروہ صحابہ کے جب پہنچے تو فرمایا ھلمی یا ام سلیم ما عندك فاتت بذلك الخبز فامر له
رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ففت وعصرت ام سلیم عكة فادمته ثم قال رسول اللہ
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فیہ ما شاء اللہ ان یقول ثم قال ائذن لعشرة فاذن لهم فاكلوا حتی
شبعوا ثم خرجوا ثم قال ائذن لعشرة ثم لعشرة فاكل القوم كلهم وشبعوا والقوم سبعون او ثمانون
رجلا۔ ام سلیم جو تمہارے پاس ہو لاؤ۔ انھوں نے وہی روٹی (جو حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہاتھ حضور کی خدمت میں بھیجی تھی)
حضور کی خدمت میں پیش کر دی۔ حضور کے ارشاد سے وہ روٹی توڑی گئی۔ ام سلیم نے کپا اوس پر نچوڑ دیا جس میں کچھ روغن تھا وہ
گویا سالن ہو گیا۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جو خدا نے چاہا اس پر پڑھا۔ پھر فرمایا کہ دس شخص کو کھانے کی اجازت دو
ان کو اجازت دی، وہ کھا کر آسودہ ہو گئے پھر فرمایا اور دس شخصوں کو اجازت دو، پھر دس کو اجازت دو۔ غرض سب لوگ کھا کر
آسودہ ہو گئے اور کل آدمی ستر یا اسی تھے۔ دوسری حدیث انھیں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے صحیحین وغیرہما میں مروی۔ ام سلیم
رضی اللہ تعالیٰ عنہا کھجور اور گھی اور پنیر کا ملیدہ بنا کر ایک طشت میں رکھ کر حضرت انس کو دیا کہ اسے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ
وسلم کی خدمت میں لے جاؤ اور عرض کرو کہ میری ماں نے یہ بھیجا ہے اور سلام عرض کیا ہے اور یہ کہا ہے کہ یہ تھوڑی سی چیز ہماری
طرف سے حضور کی خدمت میں حاضر ہے۔ انھوں نے جا کر عرض کر دیا۔ ارشاد فرمایا اسے رکھ دو۔ پھر فرمایا اذھب فادع
لی فلانا وفلانا وفلانا رجالا سماهم وادع لی من لقیت فدعوت من سمی ومن لقیت فرجعت
فاذا البیت غاص باهله قیل لانس عدد كم كانوا قال زهاء ثلث مائة فرأیت النبی صلی اللہ تعالیٰ
علیہ وسلم یضع یده علی تلك الحیسة وتكلم بما شاء اللہ ثم جعل یدعو عشرة عشرة یاكلون
منه ویقول لهم اذكروا اسم اللہ ولیاكل كل رجل مما یلیه قال فاكلوا حتی شبعوا فخرجت طائفة ودخلت
طائفة حتی اكلوا كلهم قال لی یا انس ارفع فرفعت فما ادری حین وضعت كان اكثر ام حین رفعت
انس جاؤ فلاں اور فلاں اور فلاں چند شخصوں کے نام لے کر فرمایا انھیں بلاؤ اور جو تمہیں ملے اوسے بلا لاؤ۔ جن کو نامزد کر دیا
تھا انھیں اور جو ملا اوسے سب کو میں نے دعوت دے دی۔ جب میں واپس ہوا تو دیکھتا ہوں گھر آدمیوں سے بھرا ہوا ہے۔
حضرت انس سے پوچھا گیا کتنے آدمی ہو گئے کہا کہ قریب تین سو کے۔ میں نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ اوس ملیدہ پر

ہاتھ رکھا اور جو خدا نے چاہا پڑھا۔ پھر دس دس شخصوں کو کھانے کے لئے بلایا اور فرمایا کہ اللہ کا نام لو اور اپنے قریب سے کھاؤ سب کھا کر آسودہ ہو گئے۔ پھر ایک گروہ نکلا اور دوسرا داخل ہوا یہاں تک کہ سب نے کھا لیا۔ حضور نے فرمایا کھانا اٹھاؤ میں نے اٹھایا۔ میں نہیں جانتا کہ جب میں نے رکھا تھا اس وقت زیادہ تھا یا جب میں نے اوٹھایا اس وقت زیادہ تھا۔ صحیح مسلم میں ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے مروی قال لما کان یوم غزوۃ تبوک اصاب الناس مجاعۃ فقال عمر یا رسول اللہ ادعھم بفضل ازوادھم ثم ادع اللہ لھم علیھا بالبرکۃ فقال نعم فدعا بنطع فبسط ثم دعا بفضل ازوادھم فجعل الرجل یجیٔ بکف ذرۃ ویجیٔ الآخر بکف تمر ویجیٔ الآخر بکسرۃ حتی اجتمع علی النطع شیٔ یسیر فدعا رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم بالبرکۃ ثم قال خذوا فی اوعیتکم فاخذوا فی اوعیتھم حتی ما ترکوا فی العسکر وعاءً الا ملأوہ قال فاکلوا حتی شبعوا وفضلت فضلۃ فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم اشھد ان لا الٰہ الا اللہ وانی رسول اللہ لا یلقی اللہ بھما عبد غیر شاک فیحجب عن الجنۃ۔ غزوۂ تبوک کے دن لوگوں کو بھوک لگی حضرت عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ لوگوں کے پاس جو کچھ بچا ہوا توشہ ہو اسے منگائیے پھر اس پر اللہ سے برکت کی دعا کیجیے۔ حضور نے فرمایا ہاں ایک چمڑے کا دسترخوان طلب فرما کر بچھا دیا اور بقیہ توشہ طلب فرمایا تو کوئی ایک مٹھی چنا لاتا ہے اور کوئی ایک مٹھی کھجور لاتا ہے اور کوئی روٹی کا ٹکڑا لاتا ہے۔ غرض دسترخوان پر تھوڑی سی چیز جمع ہو گئی۔ اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے برکت کی دعا کی۔ پھر فرمایا اپنے برتنوں میں تم لوگ لے لو، لوگوں نے اپنے اپنے برتنوں میں لے لیا۔ یہاں تک کہ لشکر میں کوئی برتن باقی نہ رہا جسے بھر نہ لیا ہو۔ لوگوں نے آسودہ ہو کر کھایا اور کچھ بچ بھی رہا۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں شہادت دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں اللہ کا رسول ہوں۔ ان دونوں باتوں پر یقین کرتا ہوں جو بندہ خدا سے ملے گا وہ جنت سے روکا نہیں جائے گا۔ تخصیص کو وجہ ممانعت قرار دینے کا معنی اگر یہ ہیں کہ نفس ایصال معرا عن الخصوصیات تو جائز ہے اور خصوصیت نے ناجائز کر دیا۔ یہ کلام بے معنی ہے۔ اسلئے کہ شی من حیث ہو معریٰ عن الخصوصیات صرف ایک ذہنی مرتبہ ہے۔ وہ خارج میں پائی نہیں جاسکتی کہ جو چیز خارج میں موجود ہو گی وہ ضرور مختص ہو کر موجود ہو گی۔ تو جب وہ متحقق ہی نہیں تو وہ نہ جائز ہے نہ ناجائز ہے کہ یہ دونوں فعل مکلف کے صفات ہیں اور افعال مکلفین معرا عن الخصوصیات متحقق نہیں۔ لہٰذا خصوصیت کو ناجائز کہنے کا معنی یہی ہیں کہ ایصال ثواب ہی کو ناجائز کہا جاتا ہے اور اس کے منع کرنے کا یہ ایک حیلہ ہے اور جب ہم ایصال

کو احادیث و کتب فقہ سے جائز ثابت کر چکے اور وہ ضرور کسی وقت خاص میں کسی مکان خاص میں کسی ہیأۃ خاصہ کے ساتھ ہوگا۔ تو جب تک ان میں کی کوئی خصوصیت شرعاً ممنوع نہ قرار پائے تمام خصوصیات کے ساتھ ایصال ثواب جائز ہی رہے گا اور ناجائز کہنے والے پر خصوصیت کی ممانعت ثابت کرنی ہوگی۔ اور اگر خصوصیت کو ممنوع کہنے کا یہ معنی ہیں کہ گیارہویں وغیرہ کی فاتحہ دلانے والے اسے گیارہویں ہی تاریخ کو جائز کہتے ہیں اور دیگر اوقات میں ناجائز جانتے ہیں اور جب مطلق ایصال ثواب جائز ہے تو اسے ایک تاریخ میں جائز کہنا اور دوسری تاریخوں میں ناجائز کہنا خلاف شرع ہے کہ اطلاق شرعی کو اپنی رائے سے مقید کرنا ہے اور یہ ناجائز ہے تو ہم بھی کہتے ہیں کہ ایسی خصوصیت ضرور ممنوع ہے اور ہرگز مسلمانوں کا ایصال ثواب کے متعلق ایسے خیالات نہیں ہیں عام طور پر جہاں تک تجربہ سے ثابت ہے وہ یہی ہے کہ حضور غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی فاتحہ دلانے والے اس قسم کی خصوصیت کے قائل نہیں ہیں وہ لوگ دوسری تاریخوں میں بھی فاتحہ دلاتے ہیں۔

خواہ مخواہ ایک مسلمان کے ساتھ بدظنی کب روا ہے ہاں یہ کہا جاسکتا ہے کہ ہم تو گیارہویں کی فاتحہ اسکو کہتے ہیں جو گیارہویں ہی کے دن ہوتی ہے اور دوسرے دن جو فاتحہ ہوگی وہ گیارہویں کی نہیں ہے مگر اس کو ناجائز کہنے والے نے اتنا بھی نہ سمجھا۔ اولاً یہ کہ فاتحہ کی خصوصیت بھی مذکور کہاں ہے یہ تو نام کی خصوصیت ہے کہ جو فاتحہ گیارہویں تاریخ کو ہوتی ہے اسی کو گیارہویں کہتے ہیں اور یہ بیشک صحیح ہے۔ کیونکہ جو فاتحہ دوسری تاریخوں میں دلائی جائے وہ گیارہویں کی نیاز کیونکر کہی جاسکتی ہے۔ ہاں اگر دیگر ایام کو بھی گیارہ تاریخ کہتے تو اوس کی فاتحہ کو بھی گیارہویں کی فاتحہ کہتے۔ واذلیس فلیس۔ ثانیاً۔ اگر یہ اعتراض درست ہو تو اس فاتحہ کے جواز میں کلام نہ ہوا تسمیہ میں کلام ہوا جس کا مطلب یہ ہوا کہ یہ فاتحہ جائز ہے اور نام صحیح نہیں۔ تو اب بھی ہمارا مدعیٰ ثابت ہوگیا کہ خاص گیارہویں تاریخ میں فاتحہ دلانا جائز ہے جب کہ دوسرے دنوں میں بھی ایصال کو جائز جانتا ہو۔ یہ جواب بربنائے تنزل ہے اور نام کے ناجائز ہونے کی کوئی وجہ نہیں۔ ثالثاً بہت سے عوام حضور غوث اعظم کے نام پر جو فاتحہ دلائی جاتی ہے اس کو مطلقاً گیارہویں کی فاتحہ کہتے ہیں۔ گیارہویں کی فاتحہ کہنے سے ان کا مطلب صرف اتنا ہی ہوتا ہے کہ یہ فاتحہ پیران پیر کی ہے۔ یہ نہیں کہ خاص گیارہویں ہی تاریخ میں یہ دلائی جائے گی۔ یہاں تک کہ دوسری تاریخوں میں بھی جب حضور کے نام کی فاتحہ دلاتے ہیں تو اس کو بھی گیارہویں کی فاتحہ اور گیارہویں کی نیاز بولتے ہیں معلوم ہوا کہ کوئی بھی تخصیص ممنوع کا قائل نہیں اور یہ مانعین کا افترا اور بہتان ہے کہ مسلمان اس میں تخصیص کے قائل ہیں حقیقت الامر یہ ہے کہ اس قسم کی جتنی تخصیصات ہیں عرفی تخصیصات ہیں۔ کوئی اسے شرعی تخصیصات بھی مذکور نہیں جانتا لوگوں نے اپنے مصالح اور آسانی کے لحاظ سے ایسی خصوصیت مقرر کر رکھی ہیں اور اس خصوصیت کے غیر میں بھی

جائز جانتے ہیں اور ایسی خصوصیت میں کوئی قباحت نہیں اور اس میں شک نہیں کہ بایں معنی وقت مقرر کرنے میں جو آسانی ہے وہ مبہم میں نہیں۔ کہ وقت کی پابندی میں جس طرح کام انجام پاجاتا ہے وہ مبہم رکھنے میں نہیں ہوتا کہ مبہم میں یہ ہوتا ہے کہ آج کریں گے کل کریں گے یونہی زمانہ گذر جاتا ہے اور کام انجام نہیں پاتا اور معین کرنے میں ہو جایا کرتا ہے اور یہ ایک حقیقت ہے جس کا انکار نہیں کیا جاسکتا۔ اور تمام منظم کام اسی طرح بخوبی انجام پاتے ہیں اس کو تخصیص شرعی قرار دینا خوش فہمی ہے اور اس تخصیص کے جواز میں اصلاً شک نہیں عام طور پر ہندوستان کی مساجد میں اوقات نماز گھڑیوں سے مقرر ہوتے ہیں کہ اتنے بجکر اتنے منٹ پر فلاں نماز ہوگی تو کیا اس طرح جماعت کرنا ممنوع ہے اس میں بھی فائدہ ہے کہ تمام وہ لوگ جو جماعت کے پابند ہیں وقت پر آجائیں گے اور اگر ایسے اوقات نہ مقرر ہوں تو کبھی جماعت ملے گی کبھی نہیں۔ اور اول وقت سے ہر نماز کے لئے اگر جماعت کا انتظار کرنا پڑے گا۔ اور ظاہر ہے کہ پابندی نہ ہو تو بعض مرتبہ گھنٹوں بیٹھنا پڑے گا اور کاروباری آدمی اتنا وقت نہیں خرچ کرسکتا پھر جماعت ملنے کا کیا اطمینان ہو یونہی مدارس میں اوقات درس، اوقات امتحان، ایام تعلیم، وایام تعطیل وغیرہ تمام انتظامی امور منضبط کئے جاتے ہیں تو کیا ان تخصیصات سے مدرسہ ناجائز اور ان میں پڑھنا بدعت ہے۔ گیارہویں کے ناجائز کہنے والوں کو چاہیے کہ اپنے یہاں سے مدارس اوٹھادیں اور کہیں کہ نفس تعلیم تو جائز ہے اور تخصیصات کہ فلاں وقت سے فلاں وقت تک مدرسہ ہوگا۔ اور فلاں جماعت میں فلاں فلاں کتابیں ہوں گی یہ سب بدعت ہیں۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے زمانہ میں یہ کل تخصیصات موجود نہ تھیں۔ لہٰذہ یہ مدرسہ بدعت اور اس میں تعلیم ناجائز۔ بلکہ تعلیم وہ جائز ہے کہ وقت بھی معین نہ ہو اور کتاب بھی معین نہ ہو اور کسی قاعدہ وضابطہ کے تحت میں نہ ہو۔ کبھی پڑھنے والا صبح کو آجائے اور کبھی دوپہر کو اور کبھی شام کو اور کبھی رات کو اور کسی روز صرف کی کتاب اور کسی روز نحو کی کتاب اور کسی روز منطق کی اور کسی روز فقہ کی، اصول کی احادیث کی، تفسیر کی اور یہ سب بھی کسی سلسلہ اور ترتیب کے ساتھ نہ ہوں ورنہ پھر تخصیص پیدا ہو کر تعلیم ناجائز ہو جائے گی۔ اسی طرح اپنے دیگر امور خانہ داری اور کام وملاقات وسیر وتفریح اور کھانے سونے وغیرہ کسی کے لئے وقت مقرر کرنا جائز نہ ہوگا۔ ان کا جواز شرع سے مطلق ہے اور تخصیص بدعت ہے۔ یہ بدعت بدعت پکارنے والے سب سے پہلے اپنے تمام کاموں سے تخصیصات اوٹھالیں۔ اس کے بعد گیارہویں کو منع کریں۔ اپنے لباس ووضع قطع میں اور ہر امر میں خصوصیت کو روا رکھتے ہیں مگر ایصال ثواب میں خصوصیت آئی اور بدعت کا حکم لگا۔ اس سے تو یہی ثابت ہوتا ہے کہ یہ لوگ ایصال ثواب ہی کو منع کرنا چاہتے ہیں۔ یونہی ان لوگوں کو یہ بھی معلوم نہیں کہ بدعت کسے کہتے ہیں اور بدعت کی کتنی قسمیں ہیں

اور یہ کون سی بدعت ہے۔ بدعت کی پانچ قسمیں ہیں۔ اور وہ کبھی واجب بھی ہوتی ہے۔ ردالمحتار میں ہے قولہ ای صاحب بدعۃ ای محرمۃ والا فقد تکون واجبۃ کنصب الادلۃ للرد علی الفرق الضالۃ وتعلم النحو المفہم للکتاب والسنۃ ومندوبۃ کاحداث نحو رباط ومدرسۃ وکل احسان لم یکن فی الصدر الاول ومکروھۃ کزخرفۃ المساجد ومباحۃ کالتوسع بلذیذ الماکل والمشارب والثیاب کما فی شرح الجامع الصغیر للمناوی عن تہذیب النووی ومثلہ فی الطریقۃ المحمدیۃ للبرکلی یعنی یہاں بدعت سے مراد بدعت محرمہ ہے ورنہ کبھی بدعت واجب ہوتی ہے جیسا کہ فرق ضالہ کے رد کے لئے دلیل قائم کرنا۔ اور اس قدر نحو پڑھنا جس سے قرآن وحدیث سمجھ سکیں۔ اور کبھی بدعت مندوب ہوتی ہے جیسے مسافر خانہ اور مدرسہ بنانا اور ہر نیک کام جو صدر اول میں نہ تھا۔ اور کبھی مکروہ ہوتی ہے جیسے مسجدوں کو مزخرف کرنا۔ اور کبھی مباح ہوتی ہے جیسے لذیذ کھانے اور پینے اور لباس میں فراخی کرنا۔ ایسے ہی مناوی کی شرح جامع صغیر میں ہے۔ انھوں نے امام نووی کی تہذیب سے نقل کیا۔ اور ایسے ہی برکلی کی طریقہ محمدیہ میں ہے۔ لہٰذا اگر بدعت سے مطلق بدعت مراد ہے جو اقسام خمسہ کو شامل ہے تو ہمیں مضر نہیں کہ اوس کی ایک قسم مندوب بھی ہے۔ اور ایصالِ ثواب کو ہم مندوب ہی کہتے ہیں اور اگر مراد بدعت مذمومہ ہے تو اولاً یہ نیک کام ہے کہ مردوں کو ثواب پہنچانا اچھی بات ہے۔ اور ردالمحتار کی عبارت گذر چکی کہ یہ مندوب ہے۔ لہٰذا مذمومہ کہنا غلطی ہے۔ ثانیاً۔ بدعت مذمومہ وہ ہے جو مزاحم سنت ہو۔ اس نے کونسی سنت کی مزاحمت کی جب کہ ایصال ثواب احادیث سے ثابت۔ اور خصوصیت عرفی ہے کہ گیارہ تاریخ کے علاوہ بھی حضور غوث پاک کی فاتحہ جائز سمجھی جاتی ہے اس میں کون سے حکم شرع کا ابطال ہوا جس کی وجہ سے بدعت مذمومہ ہوئی۔ بلکہ ایسی بعض تخصیصات قرن اول میں بھی پائی جاتی تھیں۔ مثلاً صحیح بخاری ومسلم شریف میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے مروی ہے کہ کان النبی صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم یاتی مسجد قباء کل سبت ماشیا وراکبا ویصلی فیہ رکعتین نبی صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم ہر ہفتہ کے دن مسجد قبا کو تشریف لے جاتے کبھی سوار کبھی پیدل۔ اور اس میں دو رکعت نماز پڑھتے ہفتہ ہی کے دن جانا یہ تخصیص ہے مگر اس کے یہ معنی نہیں کہ دوسرے دن جانا ناجائز۔ اسی طرح حضور اقدس صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم ہر سر سال پر شہدائے احد کے مزارات پر جاتے اور حضور کے بعد خلفائے راشدین بھی جاتے۔ ان امور کو لحاظ کرتے ہوئے گیارہویں تاریخ کو فاتحہ دلانے میں اصلاً کوئی حرج نہیں اور جو تخصیص ممنوع ہے وہ یہاں تحقق نہیں۔ لہٰذا ناجائز بتانا صحیح نہیں البتہ تخصیص ممنوع کے مرتکب یہ منع کرنے والے خود ہیں اور تخصیص کا الزام فاتحہ دلانے والوں کے سر ڈالتے ہیں۔ اگرچہ

بظاہر یہ بعید معلوم ہوتا ہے کہ وہ فصص کیونکر ہوئے سنئے! تخصیص ممنوع یہ ہے کہ شرع میں حکم مطلق ہو کسی کے ساتھ مقید نہ ہو۔ اور سے کسی خاص دن میں جائز کہنا دوسرے دن میں ناجائز کہنا، اور جب یہ مانعین کہتے ہیں کہ گیارہویں تاریخ کو ایصال ثواب ناجائز ہے۔ تو مطلب یہ ہوا کہ ایصال ثواب مطلق کو جو ہر روز جائز تھا انھوں نے کبھی جائز کہا اور کبھی ناجائز اور یہی تخصیص ممنوع ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۸۳) مرسلہ حمایت اللہ خاں از بڑی ٹولہ شہر کہنہ بریلی ۲۴ ر ذی الحجہ

جناب مولوی صاحب دام اقبالہ۔ ایک لڑکے کو انتقال کئے ہوئے عرصہ ۲۶ ر روز ہوئے۔ اس کا چالیسواں محرم شریف کی چھٹی یا ساتویں تاریخ کو پڑتا ہے۔ تو کیا ان تاریخوں میں چالیسواں کیا جائے۔

الجواب: محرم کے مہینے میں بھی تیجہ چالیسواں ہو سکتا ہے۔ عوام کا یہ خیال کہ عشرۂ محرم میں سوائے شہدائے کربلا رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے دوسرے کی فاتحہ نہیں ہو سکتی، یہ غلط ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۸۴) مسئولہ حافظ حیات احمد متصل سرائے خام بریلی ۷ ر صفر ۱۳۷۳ھ

ع ۵ یہ وہ نکتہ جلیلہ ہے کہ اس کو سامنے رکھ کر جو منصف غور کرے گا تو اس پر روشن ہو جائے گا کہ نیاز و فاتحہ کے مختلف انواع کو ناجائز کہنے والے کس قدر کج فہمی کرتے ہیں۔ اس کی تفصیل یہ ہے کہ شریعت کے احکام دو قسم کے ہیں۔ ایک وہ جو مقید ہیں۔ ان کے لئے کوئی وقت کوئی مخصوص طریقہ شرع سے معین ہے جیسے نماز اور روزہ وغیرہ۔ پھر ان کی دو قسمیں ہیں بعض کا وقت بھی مقرر ہے جیسے فرائض، بعض کا وقت گو مقرر نہیں مگر طریقہ معین ہے جیسے نوافل۔ نماز کا طریقہ مقرر ہے مگر سوائے اوقات مکروہہ کے ہر وقت پڑھی جاسکتی ہے۔ دوسری قسم وہ ہے کہ نہ ان کا وقت مقرر ہے نہ طریقہ۔ یہ مطلق ہیں۔ ان میں مسلمانوں کو آزادی ہے جب چاہیں جیسے چاہیں ادا کریں۔ یہ مامور بہ کی ادائیگی ہو گی جیسے درود شریف۔ تلاوت قرآن تعلیم دین۔ مثلاً ایک شخص نے یہ عادت ڈال لی ہے کہ روزانہ بعد نماز فجر ایک پارہ تلاوت کرے گا۔ دوسرے نے عادت ڈال لی ہے کہ روزانہ بعد نماز عشا سو بار کھڑے ہو کر درود شریف پڑھے گا۔ تو یہ بالاتفاق بلاشبہ ثواب کا کام اور مامور بہ کی ادائیگی ہے۔ ہمارا اصول فقہ میں ہے۔ حکم المطلق الاتی بای فرد کان آتیا للمامور بہ۔ کسی بھی فرد کا ادا کرنے والا مامور بہ ہی کو ادا کرنے والا ہے۔ اب اگر کوئی یہ کہے کہ بالالتزام نماز فجر کے بعد ہمیشہ بیٹھ کر ایک پارہ تلاوت کرنا حرام ہے۔ بعد نماز عشاء روزانہ بلا ناغہ بیٹھ کر یا کھڑے ہو کر سو بار درود شریف پڑھنا بدعت ہے۔ اگر یہ کار ثواب تھا تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کیوں نہیں کیا صحابۂ کرام نے کیوں نہیں کیا۔ تو اس نے اس مطلق کو خاص کر دیا۔ کہ نماز فجر کے بعد کے علاوہ ہی جائز ہے مثلاً درود شریف نماز عشا کے بعد ہی جائز ہے۔ مثلاً یہ فرد خاص کرنا ہوا۔ اسی کو حضرت قدس سرہ نے بیان فرمایا ہے۔ اب منکرین کو راہ مفر نہیں۔ یا تو مخصوص تاریخ یا دن میں جائز کہیں یا ہمیشہ کے لئے ناجائز کہیں، تو حکم شرع کی بیخ کنی ہو گئی۔

تحقیق مقام یہ ہے کہ دین میں نئی چیز کا ایجاد کرنا مطلقاً حرام اور ممنوع نہیں بلکہ اچھی چیز کا ایجاد کرنا اچھا ہے اور بری چیز کا ایجاد کرنا برا۔ حدیث صحیح میں ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے من سن فی الاسلام سنۃ حسنۃ یکون لہ اجرھا و اجر من عمل بھا من بعدہ من غیر ان ینقص من اجورھم شیئا و من سن فی الاسلام سنۃ سیئۃ یکون لہ وزرھا و وزر من عمل بھا بعدہ من غیر ان ینقص من اوزارھم شیئا۔ مسلم۔ مشکوٰۃ عن جریر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو اسلام میں کوئی اچھا طریقہ ایجاد کرے اسے ایجاد کا ثواب ملے گا اور

جانماز مردہ کی ایسے شخص کو جو محض امامت کی وجہ سے اپنی ملکیت سمجھتا ہو اور ایسا غریب و محتاج بھی نہ ہو لینا جائز ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا۔

الجواب: نماز پڑھانے سے جانماز امام کی ملک نہیں ہوگی۔ اولیائے میت اسے یا جسے چاہیں دیدیں۔ اگر انھوں نے امام کو دیدی تو لے سکتا ہے۔ اگرچہ محتاج نہ ہو کہ یہ کوئی صدقۂ واجبہ نہیں جس کے لئے فقیر ہونا شرط ہے۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۸۵) مسئولہ غلام احمد کتب فروش و منتظم جامع مسجد چوک بازار ڈھاکہ بنگالہ ۸ صفر ۱۳۴۳ھ

علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کیا فرماتے ہیں کہ پہلو مسجد میں ایک بزرگ کا مزار مسجد ہی کی موقوفہ زمین میں ہے۔ زائرین و مصلین، ایصال ثواب و تائید مسجد و امور خیر بذریعہ مجاور خادم خاص حسب حیثیت بطیب خاطر کچھ رقم نذر کرتے ہیں۔ اور یہ مجاور منتظمین مسجد ہی کی طرف سے اس رقم کے جمع و حفاظت کے لئے مقرر کیا گیا ہے۔ جسے وہ روزانہ حساب کرکے منتظمین مسجد کے حوالہ کر دیتا ہے۔ اب اس رقم کا تائید مسجد یا کسی کار خیر میں از روئے شریعت صرف کرنا جائز ہے یا نہیں۔

مسئلہ (۴۸۶) مشاہیر اولیاء کرام مثلاً حضرت سیدنا غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانی و حضرت سیدنا خواجہ غریب نواز معین الدین چشتی کے مزار پر انوار پر جو رقم بہ نیت ایصال ثواب نذر کی جاتی ہے۔ یہ رقم شرعاً کس کا ہے اور اس رقم کا کسی کار خیر میں صرف کرنا جائز ہے کہ نہیں۔

الجواب: اگر وہ رقم مسجد کے لئے لوگ دیتے ہیں۔ اور وہ مجاور بطور امین ہیں۔ تو یہ رقم ملک مسجد ہے۔ ضروریات مسجد میں صرف کی جائے۔ اور اگر وہاں کے خدام کو دیتے ہیں اور مقصود انھیں خادموں کی خدمت کرنا ہے تو وہ خدام مالک ہیں۔ وہ اپنے صرف میں لائیں۔ یا اپنی طرف سے مسجد کو دیدیں۔ یا کسی اور کار خیر میں صرف کریں۔ انھیں اختیار ہے۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

الجواب: مزارات اولیائے کرام پر جو رقمیں نذر کی جاتی ہیں۔ یہ جائز ہے۔ اور اس سے مقصود وہاں کے خدام پر تصدق

بقیہ صفحہ کا:- اس کے بعد جو لوگ بھی اس نئے طریقے پر عمل کریں گے سب کے برابر اس ایجاد کرنے والے کو ثواب ملے گا۔ بغیر اس کے کہ ان لوگوں کے ثواب میں کوئی کمی ہو اور جو اسلام میں کوئی برا طریقہ ایجاد کرے اس پر اس کے ایجاد کا وبال ہے اور اس پر اس کے بعد جو لوگ عمل کریں گے سب کے برابر اس پر وبال ہوگا۔ حدیث میں صاف صاف فی الاسلام ہے یہ اس پر نص ہے کہ دین میں اچھا طریقہ ایجاد کرنا بھی ثواب ہے اس پر عمل کرنا بھی ثواب ہے۔ لہٰذا مطلقاً ہر نئے طریقے کو حرام بتانا اس حدیث کو جھٹلانا اور گمراہی ہے۔ اچھائی اور برائی کی کسوٹی یہ ہے کہ اگر یہ نیا طریقہ کسی سنت کے مزاحم ہو تو برا، اور مزاحم نہیں تو برا نہیں۔ اب اگر اس کی اصل پائی جائے تو حسن اور باعث ثواب ہے۔ اور اصل نہ ہو تو مباح۔ نیاز فاتحہ کی اصل شرع میں ایصال ثواب ہے جیسا کہ حضرت قدس سرہ نے پورے شرح و بسط کے ساتھ ثابت فرمایا۔ لہٰذا یہ حسن ہو کار ثواب اور اسی قبیل سے میلاد و قیام عرس وغیرہ ہیں۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔ الامجدی۔

کرنا ہوتا ہے۔ وہی خدام اس رقم کے مالک ہوتے ہیں کہ مقصود انھیں کو دینا ہوتا ہے۔ اگرچہ صاحب مزار کو نذر کرنا کہتے ہیں۔ امام اجل سیدی عبدالغنی نابلسی قدس سرہ حدیقہ ندیہ میں فرماتے ہیں، و من[ع۵] ھذا القبیل زیارۃ القبور والتبرک بضرائح الاولیاء والصالحین والنذر لھم بتعلیق ذلک علی حصول شفاء او قدوم غائب فانہ مجاز عن الصدقۃ علی الخادمین بقبورھم کما قال الفقہاء فیمن دفع الزکوٰۃ لفقیر وسماھا قرضا صح لان العبرۃ بالمعنی لا باللفظ۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ (۴۸۷) سوائے اللہ کے نذر ماننا کیسا ہے یعنی پیر یا ولی وغیرہ کی یا اکثر یہاں پر تجار لوگ اپنی تجارت میں غوث پاک کا حصہ رکھتے ہیں یعنی ہمارے مال میں ایک ہزار کا منافع ہوگا تو سو روپیہ غوث پاک کے نام کی نیاز کروں گا۔ یہ جائز ہے یا ناجائز۔ اور ان کے لینے کے کون مستحق ہیں یعنی اس پیسہ کو کس جگہ خرچ کیا جائے۔ غرباء کا حق ہے یا مالدار کا۔

الجواب: اولیائے کرام کی جو نذر مانی جاتی ہیں وہ نذر شرعی نہیں بلکہ ان کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ اس کا ثواب فلاں ولی کو پہنچے اور اسے براہ ادب نذر بولتے ہیں جس طرح بادشاہ کو نذر دینا کہتے ہیں۔ حدیقہ ندیہ میں ہے ومن ھذا القبیل زیارۃ القبور والتبرک بضرائح الاولیاء والصالحین والنذر لھم بتعلیق ذلک علی حصول شفاء او قدوم غائب فانہ مجاز عن الصدقۃ علی الخادمین بقبورھم۔ شاہ رفیع الدین صاحب لکھتے ہیں۔ نذر[عہ] کہ ایں جا مستعمل میشود نہ بمعنی شرعی است چہ عرف آنست کہ آنچہ پیش بزرگاں می برند نذر می گویند۔ ایسی نذریں جائز ہیں۔ اسے فقراء و اغنیاء دونوں کھا سکتے ہیں۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ (۴۸۸) از مقام سارسہ ضلع کھیڑا ضلع آنند گجرات۔ مرسلہ عمر اسمٰعیل صاحب ۹ جمادی الاخری ۴۹ھ

کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین مسائل ذیل میں کہ زید کا انتقال ہوا۔ اس کو دفن کر کے اس کی قبر پر خیمہ لگا کر یا شامیانہ باندھا جاتا ہے۔ وہاں فوراً قرآن شریف پڑھنے کے لئے چار یا پانچ اشخاص کو بٹھایا۔ بایں ارادہ

ع۵ اسی قبیل سے زیارت قبور و اولیاء و صالحین کے مزارات سے برکت حاصل کرنا ہے۔ اور ان کی منت ماننا شفا حاصل ہونے یا کسی غائب کے آنے (یا کسی اچھی مراد کے پوری ہونے پر) اس لئے کہ اس سے مقصود مزارات کے خادموں پر صدقہ کرنا ہے۔ جیسا کہ فقہاء نے فرمایا ہے۔ اگر کسی نے فقیر کو زکوٰۃ دی اور قرض کہہ کے دیا تو درست ہے اس لئے کہ اعتبار معنی کا ہے لفظ کا نہیں۔ اقول اس کی تائید اس حدیث سے ہوتی ہے۔ انما الاعمال بالنیات۔ اعمال نیت ہی پر ہیں۔ واللہ تعالٰی اعلم۔ امجدی۔

عہ اس جگہ نذر سے اس کا شرعی معنی مراد نہیں۔ اس لئے کہ عرف یہ ہے کہ بزرگوں کے پاس جو کچھ لے جاتے ہیں اس کو نذر کہتے ہیں۔ واللہ تعالٰی اعلم۔ امجدی

کو شنبہ کو زید کا انتقال ہوا ہے اس کو جمعہ سے ملایا جائے۔ عوام کا یہ خیال ہے کہ گویا زید آج ہی مرا۔ اور فضیلت روز جمعہ کی ہے وہ ملی نیز میت کو قبر میں سوال وجواب میں آسانی ہوتی ہے۔ اور بعض لوگوں کا تو یہ عقیدہ ہے کہ روز جمعہ تک سوال وجواب وعذاب نہیں ہوتا اور رات ودن قبر پر قرآن پڑھنا سلسلہ نہ ٹوٹنے پائے۔ مثلاً دو شخص بیدار رہیں تو دو شخص سوجائیں پھر دوسروں کی باری آئے۔ اسی طرح چار پانچ یوم تک پڑھا جائے۔ لہٰذا اس خاص اہتمام اور خاص ہیئت کے ساتھ قرآن کا پڑھنا کیسا ہے۔ اور قرآن پڑھنے والے کسی گناہ کے مرتکب ہوئے یا نہیں۔

مسئلہ (۴۸۹) قبر پر یا قبرستان میں کھانا کھانا، یا پانی پینا اور چائے وحقہ وسگریٹ پینا اور چائے پینے کے لئے آگ جلانا مکروہ ہے یا حرام، اگر مکروہ ہے تو تحریمی یا تنزیہی۔ مذکورہ قارئین قبرستان میں یہ حرکات بھی کرتے ہیں۔

مسئلہ (۴۹۰) اس زمانہ میں لوگوں نے یہ حیلہ تراش لیا ہے کہ ہم تو اللہ کے واسطے قرآن پڑھتے ہیں اور میت کے وارثوں نے بھی ایسا ہی خیال کیا ہے کہ ہم للہ قرآن پڑھواتے ہیں پہلے قرآن پڑھنے کی اجرت مقرر نہیں ہوتی لیکن قارئین اپنے دل میں ضرور خیال کرتے ہیں کہ دو چار روپے مل جائیں گے اور وارثین کے دل میں بھی یہ خیال رہتا ہے کہ قرآن پڑھنے والوں کو پندرہ ۱۵ بیس ۲۰ روپے دیدیئے جائیں گے۔ تو یہ قرآن کی اجرت ہوئی یا نہیں؟ کسی طرف سے ظاہر اً طے نہیں کی جاتی لیکن جب قارئین کو کم رقم دی جاتی ہے تو فوراً انکار کرتے ہیں اور زیادہ کی فرمائش کرتے ہیں۔ اور یہ کہتے ہیں کہ ہم لوگ اگر مزدوری کرنے جاتے تو روزانہ آٹھ یا بارہ آنے لاتے تم نے ہماری محنت کی کچھ قدر نہ کی۔ ہم اتنے کم پیسے نہیں لیں گے۔ اب قارئین نے قرآن پڑھنے کی قیمت لی یا نہیں؟ اجرت پر قرآن پڑھنے سے میت کو ثواب ملتا ہے یا نہیں؟ اگر ملتا ہے تو اس عبارت کا کیا مطلب ہوگا۔ عبارت یہ ہے قال تاج الشریعۃ فی شرح الھدایۃ ان القرآن بالاجرۃ لا یستحق الثواب لا للمیت ولا للقاری وعن شیخ الاسلام ان القاری اذا قرأ القرآن باجل المال فلا ثواب لہ فای شیٔ یھدیہ الی المیت انتہی کلام الشامی وان القرآن شیٔ من الدنیا لا تجوز وان الآخذ والمعطی آثمان لان ذلک یشبہ الاستیجار علی القرائۃ ونفس الاستیجار علیہا لا یجوز فکذا ما اشبہہ کما صرح بذالک فی عدۃ کتب من مشاہیر کتب المذہب رد المحتار۔ بینوا توجروا۔

الجواب: قبر پر قرآن مجید پڑھنے کے لئے مقرر کرنا جائز ہے۔ اور اس سے مردہ کو ثواب پہونچتا ہے۔ عالمگیری میں ہے۔ لو مات رجل واجلس وارثہ علی قبرہ من یقرأ الاصح انہ لا یکرہ وھو قول محمد رحمہ اللہ تعالٰی علیہ کذا فی المضمرات اور ان لوگوں کے دھوپ اور سردی سے بچنے کے لئے شامیانہ تاننا بھی جائز ہے اور اگر شامیانہ سے مقصود ت

کو نفع پہنچانا ہو تو ممنوع ہے کہ اس کے لئے یہ شامیانہ بے کار ہے۔ جمعہ تک پڑھوانے میں یہ خیال کہ گویا وہ آج مرا ہے۔ اور جمعہ کے دن مرنے کی فضیلت پاجائے گا۔ یہ خیال غلط ہے۔ ہاں اگر یہ جمعہ تک پڑھنا اس واسطے ہو کہ بعض علماء نے فرمایا ہے کہ مسلمان میت کو اگر عذاب ہوتا ہے تو وہ شب جمعہ تک ہوتا ہے۔ اس کے بعد اٹھا لیا جاتا ہے۔ اور قرآن کا پڑھنا باعث تخفیف عذاب ہے تو یہ خیال درست ہو سکتا ہے اور بعد دفن میت قبر پر کچھ دیر تک لوگوں کا ٹھہر جانا میت کے لئے باعث انس ہے اور سوال نکیرین کے جواب میں اسے وحشت نہ ہوگی۔ صحیح مسلم شریف میں عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی، ان کا جب انتقال ہونے لگا تو اپنے بیٹے سے فرمایا اذا انا مت فلا تصحبنی نائحۃ ولا نار فاذا دفنتمونی فشنوا علی التراب شنا ثم اقیموا حول قبری قدر ما ینحر جزور ویقسم لحمہا حتی استانس بکم واعلم ماذا اراجع بہ رسل ربی جب میرا انتقال ہو تو جنازہ کے ساتھ نوحہ کرنے والی نہ ہو نہ آگ ہو۔ اور جب دفن کرو تو مٹی ڈالو پھر میری قبر کے پاس اتنی دیر تک ٹھہرو جتنی دیر میں اونٹ نحر کر کے اس کا گوشت تقسیم کر دیا جاتا ہے۔ تاکہ تمہاری وجہ سے مجھے انس ہو اور جان لوں کہ اپنے رب کے فرشتوں کو کیا جواب دیتا ہوں۔ درمختار میں ہے ویستحب جلوس ساعۃ بعد دفنہ لدعاء وقراءۃ بقدر ما ینحر الجزور ویفرق لحمہ۔ ردالمحتار میں ہے لما فی سنن ابی داؤد کان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا فرغ من دفن المیت وقف علی قبرہ وقال استغفروا لاخیکم واسئلوا اللہ التثبت فانہ الآن یسأل یعنی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب دفن سے فارغ ہوتے تو قبر کے پاس کھڑے ہو جاتے اور لوگوں سے فرماتے اپنے بھائی کے لئے استغفار کرو۔ اور اللہ سے اس کے ثابت رہنے کا سوال کرو کہ اس سے اس وقت سوال ہو رہا ہے۔ ان روایات و عبارات سے معلوم ہوا کہ اس کے لئے دعا کرنا یا وہاں قرآن پڑھنا جائز ہے۔ اور اس سے سوال وجواب میں آسانی ہوتی ہے۔ ورنہ بے کار تھا۔ اور نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کا حکم نہ دیتے۔ یہ البتہ ہے کہ جمعہ کے دن تک نہ سوال وجواب ہوتا رہتا ہے نہ یہ خیال درست۔ مگر فائدہ بہر حال ہے۔ اور یہ بھی ظاہر ہے کہ قرآن کی تلاوت سے روح مومن کو انس ہوگا۔ اگر روز و شب برابر ہمہ وقت نوبت کے ساتھ قرآن مجید کی تلاوت ہو تو کوئی ممانعت و گناہ نہیں۔ بلکہ بہتر ہے یہ خیال کہ جمعہ تک سوال وجواب و عذاب نہیں ہوتا ہے غلط ہے۔ سوال وجواب تو دفن کے بعد ہی ہوتا ہے۔ حدیث گذری، فانہ الآن یسأل اور جس کو عذاب ہوتا ہے وہ بھی اسی وقت سوال وجواب کے بعد ہی سے شروع ہو جاتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

الجواب: صحیح یہ ہے کہ قبر پر بیٹھنا مکروہ تحریمی ہے۔ کہ احادیث میں اس پر وعید آئی ہے۔ البتہ بعض علماء نے قراءۃ

قرآن کرنے بیٹھنے کی اجازت دی ہے۔ اور قبرستان میں کھانا پینا، سگریٹ وحقہ پینا مکروہ ہے اور بظاہر یہ کراہت تنزیہی ہے گردونوں پچھلی میں بہ نسبت پہلے کے سخت ہے کہ آگ قبرستان میں نہ لے جانا چاہئے۔ یونہی قبرستان میں آگ جلانا بھی مکروہ تنزیہی ہے جب کہ قبر پر نہ ہو۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ عہ

الجواب: اجرت پر قرآن شریف پڑھنا اور پڑھوانا ناجائز ہے اور اس طرح پڑھنے کا کوئی ثواب نہیں۔ کہ اس کا بدلہ یہی ہے نہ کہ ثواب اخروی۔ اور جب اس پڑھنے والے کو ثواب ہی نہ ملا تو مردہ کو کیا پہنچائے گا۔ اور اگر اجرت باہم طے نہ ہوئی مگر یہ عرف ہو چکا ہے کہ بغیر لئے لوگ نہیں پڑھتے اور بموجب عرف پڑھانے والے کو دینا پڑتا ہے تو یہ بھی اجارہ ہی کے حکم میں ہے کہ فقہ کا کلیہ ہے المعروف کالمشروط البتہ اگر عرف ہونے کے بعد پڑھوانے والا صاف طور پر کہدے کہ میں کچھ نہ دوں گا یا پڑھنے والا کہدے کہ کچھ نہ لوں گا اور پڑھنے کے بعد اسے صاحب حاجت سمجھ کر کچھ دیں تو حرج نہیں۔ کہ الصریح یفوق الدلالۃ۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۹۱) از جودھپور بازار واڑ مرسلہ محمد حسین صاحب امام مسجد لوہاران۔ ۱۱ر شعبان ۱۳۷۰ھ

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ کتاب اوزجندی جو ملا علی قاری کی تصنیف ہے اسمیں ایک روایت ہے جس کا ترجمہ یہ ہے کہ جب حضور رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صاحبزادے حضرت ابراہیم کا انتقال ہو گیا تو تین دن کے بعد حضرت ابو ذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ خشک کھجور، اونٹنی کا دودھ، اور جو کی روٹی لے کر تشریف لائے اور حضور کے سامنے رکھ دیا۔ پس آپ نے ایک بار سورۂ فاتحہ تین بار سورۂ اخلاص اور درود شریف پڑھ کر دعا کرنے کے لئے ہاتھ اٹھایا اور بعد دعا حضرت ابو ذر کو تقسیم کرنے کا حکم فرمایا۔ نیز اس میں یہ بھی ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا میں نے اس کا ثواب اپنے بیٹے ابراہیم کو بخشا۔ اس کا جواب جو مولوی عبد الحی لکھنوی نے دیا ہے اس کا خلاصہ بھی حاضر خدمت ہے۔

"کتاب اوزجندی ملا علی قاری کی تصنیف ہے نہ یہ روایت مذکور صحیح ومعتبر ہے بلکہ احادیث میں کوئی بھی کتاب اس نام کی نہیں ہے۔ لہٰذا یہ روایت بالکل باطل ہے۔ (عبد الحی لکھنوی)"

اس فتویٰ پر چند علماء اہلحدیث دیوبندیہ رشیدیہ اشرفیہ وغیرہ کے دستخط ومواہیر بھی ہیں۔ اس لئے آپ کی خدمت میں یہ استفتاء پیش کیا جاتا ہے تاکہ صحیح جواب سے مطلع فرمایا جائے کہ اس نام کی کوئی کتاب اور یہ روایت درست ہے یا نہیں۔

الجواب: یہ روایت نظر فقیر سے کسی معتبر کتاب میں نہیں گذری اور نہ علماء اہلسنت کثرہم اللہ تعالیٰ نے جواز ایصال ثواب

عہ اور اگر قبر پر آگ جلائیں تو ناجائز وگناہ۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

میں اس سے استفادہ کیا۔ اگر یہ روایت قابل اعتبار ہوتی تو ضرور علماء نے اپنے تصانیف میں اس سے استدلال کیا ہوگا مگر ایصال ثواب کا دارو مدار اس روایت پر نہیں کہ اگر یہ ثابت نہ ہو تو ایصال ثواب ہی جاتا رہے اس کا ثبوت ہی نہ ہوسکے۔ اس کے ثبوت کے لئے بہت سی صحیح احادیث موجود ہیں۔ حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ کا جب انتقال ہوا تو ان کے ایصال ثواب کے لئے حضور اقدس صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ کونسا صدقہ ان کے لئے زیادہ نفع دے گا۔ ارشاد فرمایا پانی کا صدقہ کرنا۔ انھوں نے کنواں تیار کرادیا اور فرمایا ھذا لام سعد چنانچہ اہلسنت کا اتفاق ہے کہ ایصال ثواب جائز ہے اور اس سے اموات کو نفع پہنچتا ہے۔ عقائد نسفی میں ہے وفی دعاء الاحیاء للاموات وصدقتھم نفع لھم زندہ مردوں کے لئے دعا کریں یا ان کی طرف سے صدقہ دیں تو مردوں کو اس سے نفع پہنچتا ہے۔ صرف معتزلہ نے اس میں خلاف کیا اور آجکل کے وہابیوں نے بلا دلیل بدعت و شرک کہا ان لوگوں کا قول قابل اعتبار نہیں کہ صحیح حدیث کے خلاف ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۹۲) مرسلہ مولوی سید غلام جیلانی صاحب سلمہ صدر مدرس مدرسہ اسلامیہ میرٹھ ۷ ربیع الآخر ۱۳۵۵ھ

کیا بعد دفن سرہانے کی جانب قبر پر انگلی رکھ کر قرآن کریم پڑھنا جائز ہے اور کس کتاب میں ہے۔ عبارت تحریر فرمادیں۔

الجواب:- بعد دفن سورہ بقرہ کا اول و آخر پڑھنا مستحب ہے مگر ہاتھ یا انگلی رکھ کر پڑھنا نظر فقیر سے نہیں گزرا جوہرہ نیرہ و رد المحتار میں ہے وکان ابن عمر یستحب ان یقرأ علی القبر بعد الدفن اول سورۃ البقرۃ وخاتمتھا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۹۳) از تھانہ مرسلہ محمد اسماعیل ولد العفو۔ ۴ ر شعبان ۱۳۵۹ھ

نماز سے فارغ ہو کر بہت سے لوگ پیش امام کے ساتھ فاتحہ پڑھتے ہیں۔ بہت سے لوگ اس کو ناجائز اور بدعت بتاتے ہیں کہ اسکی کوئی سند اور ثبوت نہیں اسکا ثبوت ہو تو بتلائیں۔

الجواب:- فاتحہ یعنی سورہ فاتحہ اور درود شریف وغیرہ پڑھ کر ایصال ثواب کرنا۔ یہ نماز بعد بھی جائز ہے۔ ناجوازی کی کوئی دلیل قرآن و حدیث میں نہیں ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۹۴) مسئولہ محمد اسماعیل ولد العفو دوٹانکی ڈنکن روڈ لاہوری دربار ہوٹل بمبئی ۲۷/۲

رنڈی کے گھر کے کھانے پر الحمد شریف پڑھنا جائز ہے یا نہیں۔

الجواب:- اگر وہ کھانا حرام لعینہ ہے تو اس پر الحمد شریف نہ پڑھنا چاہئے۔ اور اگر حرام نہ بھی ہو تو رنڈی کے یہاں جانا اور اس کے یہاں کے کھانے سے اجتناب ہی چاہئے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۹۵) مرسلہ محمد اسماعیل ولد الغفور۔ بسا ہو ولا دو ٹانگی ڈنکن روڈ لاہوری روڈ۔ ہوٹل ۲۴۲ بمبئی۔

ہمارے علاقوں میں یہ رواج بہت کثرت سے چلا آرہا ہے کہ رنڈی کے گھر کے کھانے پر الحمد شریف پڑھتے ہیں۔ اور جائز سمجھتے ہیں اور جائز سمجھ کر الحمد شریف پڑھنے والے پر کفر عائد ہوتا ہے یا نہیں۔ وہ لوگ یہ کہتے کہ آپ کو یہ لکھنا پڑا کہ کونسی دلیل ہے۔ مولنا صاحب نے کوئی بھی جواب نہ دیا۔ دلیل سے بیان فرمادیں۔

مسئلہ (۴۹۶) ہمارے علاقوں میں یہ بھی کثرت سے چلا آرہا ہے کہ ملک میں میت ہوگئی۔ بمبئی کے اندر ہم کو خبر پہنچی کہ فلاں شخص فوت ہوگیا ہے۔ خبر آنے سے ہم لوگ سوم پڑھتے ہیں۔ سوم پڑھنے سے پہلے ایک شخص نے بھی کھانا پکا کر کھالیا تو کچھ حرج ہے یا نہیں بیان فرمادیں۔

مسئلہ (۴۹۷) رنڈی نے اپنی تمام زندگی برا کام کیا۔ مرنے کے بعد اس کے جنازہ کی نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں۔ مرے ہوے کی خبر سن کر یہ پڑھتے ہیں انا للہ وانا الیہ راجعون۔ یہاں پڑھنا جائز ہے یا نہیں۔

مسئلہ (۴۹۸) امام جعفر صادق کا ہمارے علاقوں میں رجب کی بائیسویں تاریخ کو کونڈا بھرتے ہیں۔ دیوبندی یہ کہتے ہیں کہ اس کی کوئی اصل اور کوئی دلیل نہیں ہے۔ بیان فرمادیں۔

الجواب: وہ چیز اگر حرام لعینہ ہے تو اس پر فاتحہ پڑھنا اور اس کا ثواب پہونچانا جائز نہیں۔ حدیث میں ہے ولا یقبل اللہ الا الطیب حرام چیز کو اللہ تعالے قبول نہیں فرماتا۔ تو نہ اس کا کوئی ثواب ہے نہ ثواب پہنچایا جاسکتا ہے۔ اگر وہ چیز حرام لعینہ نہیں ہے تو فاتحہ پڑھنے اور ایصال ثواب کرنے میں کوئی گناہ نہیں۔ جب یہاں دو صورتیں ہیں تو مطلقا گناہ کا بھی حکم نہیں دیا جاسکتا۔ چہ جائیکہ کفر۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ رنڈیوں کے یہاں ہرگز ہرگز نہ جائے۔ کہ ایسے لوگوں کے پاس جانے کی ممانعت ہے۔ واللہ تعالے اعلم

الجواب: سوم سے پہلے کھانا پکانے اور کھانے میں گناہ نہیں۔ ہاں بہتر ہے کہ جس کے یہاں غمی ہوگئی ہو اس کے لئے دوسرے لوگ کھانا بھیجیں۔ جیسا کہ حدیث میں ہے کہ ارشاد فرمایا اصنعوا لآل جعفر طعاما اور یہ صرف پہلے دن کے لئے ہے۔ جیسا کہ عالمگیری میں ہے۔ واللہ تعالے اعلم۔

الجواب: وہ فاسقہ فاجرہ ہے۔ مگر اسے کافرہ نہیں کہا جاسکتا۔ لہذا اس کے جنازے کی نماز پڑھی جائے گی۔ کہ

اس نے برا کام کیا۔ اس کا مطالبہ اس پر ہے۔ اور نماز جنازہ لوگوں پر فرض ہے۔ یہ اپنا فرض کیوں ترک کریں۔ البتہ یہ چاہیئے کہ خواص نہ پڑھے عوام پڑھ لیں۔ اس کے ورنے پر انا لله پڑھ سکتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

الجواب:۔ امام جعفر رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے کونڈے بھرنا اور اس پر فاتحہ وغیرہ پڑھ کر ایصال ثواب کرنا جائز ہے۔ اس کی اصل یہی ہے کہ ایصال ثواب جائز ہے۔ حدیث اور فقہ سے اس کا جواز ثابت ہے جب تک کسی خاص صورت میں ممانعت ثابت نہ ہو اس کو ناجائز بتانا اللہ و رسول اور شریعت پر افترا کرنا ہے۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۹۹) از مقام کو سال پورہ مارواڑ مرسلہ مولا بخش صاحب امام مسجد ڈاکخانہ گوڑیہ۔

آج کل ہندوستان میں بہت سی جگہ ایسا رواج ہو گیا ہے کہ اگر میت مرد ہو تو اس کی قبر ناف تک کھودی جائے اور عورت کی ہو تو سینہ تک۔ میرے خیال میں یہ ایسا نہیں ہو گا بلکہ یہ عقیدہ رواجی ہے۔ کہاں تک افضل ہے۔ قبر کا کھودنا کہاں تک اوسط ہے۔ قبر کا کھودنا یہ کیا درست ہے۔ سینہ و ناف تک کھودنا صحیح ہے یا نہیں۔ چونکہ اکثر مقامات ایسے ہوتے ہیں۔ جہاں پر ریتلی زمین ہوتی ہے۔ وہاں پر جانور مردے کو نکال لیتے ہیں۔ چونکہ یہ ایک رواج عام ہو گیا ہے۔ کہ مرد کی قبر ناف تک کھودی جائے اور عورت کی سینہ تک خواہ وہ زمین ریتلی ہو یا کنکریٹ کی ہو۔ اکثر دیکھنے میں آیا ہے۔ کہ لاش کو جانور نکال لیتے ہیں۔ اور بہت سی خرابی ہوتی ہے۔

الجواب:۔ عورت اور مرد کی قبر میں کچھ فرق نہیں کہ عورت کی زیادہ گہری ہو اور مرد کی کم۔ قبر کا ادنیٰ درجہ نصف قد ہے اور اوسط درجہ سینہ تک اور سب سے بہتر یہ کہ قد برابر ہو۔ ریتلی زمین میں جس سے جانور مردے کو نکال لیتے ہیں اگر ممکن ہو تو قد برابر کھودیں کہ مسلم کی لاش بے حرمتی سے محفوظ رہے۔ قد برابر ہونا تو ویسے ہی افضل ہے۔ اور یہاں تو بدرجہ اولیٰ اس کا لحاظ چاہیئے۔ درمختار میں ہے وحفر قبرہ مقدار نصف قامۃ فان زاد فحسن رد المحتار میں ہے۔ او الی الصدر وان زاد الی مقدار قامۃ فھو احسن کما فی الذخیرۃ فعلم ان الادنی نصف القامۃ والا علی القامۃ وما بینھما ، بینھما شرح المنیۃ وھذا حد العمق والمقصود منہ المبالغۃ فی منع الرائحۃ ونبش السباع۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

مسئلہ (۵۰۰) از گالی مرسلہ عبد الکریم حاجی ہاشم۔ ۲۰ صفر ۳۴۵ھ

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ تلقین و تخفیف و دفع وحشت کے لئے بعد دفن میت قبر کے پاس

اذان پڑھنا شرعاً کیا حکم ہے۔

الجواب: اذان کی مشروعیت اگرچہ اعلام نماز کے لئے ہوئی مگر چونکہ اس میں دیگر فوائد بھی ہیں۔ لہٰذا اس کا جواز مورد پر مقصور نہیں۔ بلکہ علاوہ اعلام نماز اور دوسرے مواقع پر بھی جائز بلکہ بعض جگہ مسنون و مستحب مثلاً بچہ پیدا ہونے پر اس کے کان میں اذان و اقامت کہنا احادیث سے ثابت۔ ابو داؤد و ترمذی بافادہ تصحیح ابو رافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی کہتے ہیں رایت رسول اللّٰہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذن فی اذن حسن بن علی حین ولدتہ فاطمۃ بالصلٰوۃ جب حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ پیدا ہوئے تو ان کے کان میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اذان کہی۔ علیٰ ہٰذا القیاس۔ اور دیگر مواضع بھی ہیں جن میں اذان کہنا مستحب ہے۔ انھیں میں سے ایک یہ موضع ہے جب میت کو دفن کر کے فارغ ہوں، اذان کہیں۔ ردالمحتار میں ہے وفی حاشیۃ البحر للخیر الرملی رایت فی کتب الشافعیۃ انہ قد یسن الاذان لغیر الصلٰوۃ کما فی اذان المولود والمھموم والمصروع والغضبان ومن ساء خلقہ من انسان او بھیمۃ وعند مزدحم الجیش وعند الحریق۔ و قیل انزال المیت القبر قیاسا علی اول خروجہ للدنیا لکن ردہ ابن حجر فی شرح العباب وعند تغول الغیلان ای عند تمرد الجن لخبر صحیح فیہ۔ **اقول** ولا بعد فیہ عندنا اھ نیز اذان ذکر اللہ ہے۔ اور یہ منزل سخت دشوار ہے میت سے دفع وحشت و رفع عذاب کے لئے ذکر اللہ سب سے زیادہ نافع۔ حدیث میں ہے ما من شیٔ انجی من عذاب اللہ من ذکر اللہ یہاں تک کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب ان دو قبروں پر تشریف لے گئے جن پر عذاب ہو رہا تھا تو کھجور کی شاخ کے دو ٹکڑے کر کے ہر ایک پر ایک ٹکڑا گاڑ دیا اور فرمایا لعلہ یخفف عنھما مالم ییبسا اس امید پر یہ شاخیں گاڑ دی کہ جب تک خشک نہ ہوں گی ان پر عذاب کی تخفیف ہوگی۔ علماء فرماتے ہیں۔ شاخیں جب تک تر رہیں گی تسبیح کریں گی۔ اور یہ تسبیح سبب تخفیف عذاب ہے اسی وجہ سے قبروں پر پھول ڈالنا جائز ہے کہ ان کی تسبیح سبب انس میت اور باعث تخفیف عذاب ہے و المسئلۃ مصرح بھا فی ردالمحتار والطحطاوی علی مراقی الفلاح جب شاخ و پھول کی تسبیح سے یہ امید ہے تو اگر کوئی مسلمان اذان کہے تو یہ امید کیوں نہ ہو۔ واللہ تعالیٰ اعلم

ؔ علامہ خیر رملی کے حاشیہ بحر میں ہے: میں نے شوافع کی کتابوں میں دیکھا ہے کہ نماز کے علاوہ اور جگہ بھی اذان مسنون ہے جیسے نومولود اور مغموم اور مرگی والے اور غصہ والے اور بدمزاج انسان یا چوپائے کے کان میں اور لشکروں کے مڈبھیڑ ہونے کے وقت اور آگ لگنے کے وقت۔ اور میت کو قبر میں اتارنے سے پہلے، دنیا میں آنے کے وقت پر قیاس کر کے لیکن اسے شرح عباب میں رد کر دیا۔ اور شیاطین کی سرکشی کے وقت! اس بارے میں حدیث صحیح وارد ہونے کی وجہ سے۔ ہمارے احناف کے نزدیک اس میں کوئی بعد نہیں اذان قبر کے ثبوت میں اعلیٰحضرت امام احمد رضا قدس سرہ کا رسالہ ایذان الاجر کا مطالعہ کریں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ امجدی۔

مسئلہ (۵۰۱) مرسلہ کفایت حسین رضوی صانع نگر۔ بریلی ۱۲ ربیع الاول ۱۳۷۵ھ

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید دریافت کرتا ہے کہ رسالہ الحرف الحسن فی الکتابۃ علی الکفن میں جو مولوی محمد ظفر الدین صاحب کی تصنیف ہے۔ اس میں عہد نامہ، کلمہ شریف اور بہت سی دعائیں کفنی، عمامہ پیشانی پر رکھنے کو فرمایا ہے۔ گذارش یہ ہے کہ یہ دعائیں لکھی کاہے سے جائیں۔ یہاں پر قاعدہ یہ ہے کہ کفن گلاب سے ترکر کے پنڈول سے لکھ دیتے ہیں۔ اور بعض نے زعفران کے واسطے فرمایا ہے۔ لہٰذا اس میں کاہے سے لکھنا چاہئے، اور عمامہ کیا چیز ہوتی ہے۔ اس پر کیسے لکھا جائے۔ اور زنانی میت کے پیشانی پر بسم اللہ غیر محرم کیسے لکھ سکتا ہے جب کہ کوئی گھر والا لکھنا نہ جانتا ہو اور وہ کاہے سے۔

الجواب:۔ الحرف الحسن مولوی ظفر الدین صاحب کی تصنیف نہیں ہے۔ یہ رسالہ اعلیحضرت قدس سرہ العزیز کی تصانیف سے ہے۔ بہتر یہ ہے کہ وہ دعائیں کاغذ پر لکھ کر قبر میں قبلہ کی جانب میت کے منھ کے سامنے ایک طاق کھود کر اس میں رکھ دیں۔ اگر پیشانی پر کافور کی ڈھیلی سے لکھ دیں جب بھی حرج نہیں۔ عورت کی پیشانی پر اگر محارم میں سے کوئی لکھے تو لکھ سکتا ہے۔ اجنبی کو نہ لکھنا چاہیے۔ عمامہ سے مراد یہی دستار ہے۔ اور کفنی میں عمامہ ہونا علماء ومشائخ کے لئے جائز۔ عوام کے لئے مکروہ۔ اور یہ اس ملک میں رائج نہیں۔ بعض ممالک اسلامیہ میں علماء ومشائخ کے لئے کفن میں ایسا امتیاز رائج ہے۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

کتاب الزکوٰۃ

مسئلہ (۵۰۲) مسئولہ منشی شوکت علی صاحب محلہ ذخیرہ بریلی۔ ۲ رجب ۱۳۴۲ھ

۱۔ ایک شخص کے پاس پانچ ہزار روپے تھے جن سے ایک گاؤں خریدا۔ اب اس کی تحصیل وغیرہ سے اپنے اہل وعیال کی پرورش کرتا ہے لیکن کچھ بچتا نہیں ہے۔ کیا اس پر زکوٰۃ واجب ہے۔ حاصل یہ کہ گاؤں پر اس کی قیمت لگا کر زکوٰۃ ہے یا نہیں۔

۲۔ کس کو زکوٰۃ دینی جائز ہے کس کو نہیں۔ اور کس کو زکوٰۃ دینا اولیٰ ہے۔

۳۔ اگر ہر ماہ زکوٰۃ کا تھوڑا تھوڑا روپیہ دیا اور سال تمام پر حساب کر لیا تو جائز ہے یا نہیں۔

۴۔ جو زیور نقرئی یا طلائی روزانہ پہنا جاتا ہے اس پر زکوٰۃ ہے یا نہیں۔ اور پہننے کے کپڑوں کا کیا حکم ہے۔

الجواب: (۱) گاؤں یا زمین پر زکوٰۃ نہیں ہاں اگر اس کی آمدنی سے بقدر وجوب زکوٰۃ سال تمام پر بچا ہو تو اس بچے ہوئے پر زکوٰۃ فرض ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

(۲) فقیر[ع۱]، مسکین[ع۲]، عامل[ع۳] (یعنی جو زکوٰۃ وصول کرنے کے لئے بادشاہ اسلام کی طرف سے مقرر ہو) رقاب (یعنی غلام) مکاتب[ع۴] غارم[ع۵] فی سبیل اللہ[ع۶]۔ ابن السبیل[ع۷]۔ یہ سات ہیں کہ ان کو زکوٰۃ دی جاسکتی ہے۔ اپنی اصل اور فرع اور اون کے یا اپنے غلام کو، زن و شو میں ایک دوسرے کو غنی کی نابالغ اولاد یا غلام کو بنی ہاشم یا ان کے غلام اگرچہ آزاد شدہ ہوں۔ کافر۔ ان میں سے کسی کو نہیں دے سکتے۔ اپنے کنبہ والوں میں اگر صاحب حاجت ہوں تو انہیں دینا اوروں کے دینے سے افضل۔ پھر جتنا زیادہ قرب ہے زیادہ بہتر۔ مثلاً بھائی یا بہن کو دینا سب سے بہتر۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

(۳) صاحب نصاب اگر تھوڑا تھوڑا دیتا رہے پھر سال تمام پر حساب کرے۔ اگر پوری ادا ہوگئی فبہا۔ اگر کچھ باقی ہو تو فوراً ادا کرے۔ اور زیادہ چلی گئی تو سال آئندہ میں مجرا کرے۔ یوں کرنا جائز ہے۔ اسمیں حرج نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

(۴) پہننے کے زیور پر بھی زکوٰۃ فرض ہے۔ اگر بقدر نصاب ہوں۔ یا سال تمام پر کچھ نقد ہے کچھ زیور۔ دونوں کا مجموعہ بقدر نصاب ہے۔ تو زکوٰۃ فرض پہننے کے کپڑوں پر نہیں۔ اگرچہ رکھے رہیں۔ بالکل نہ پہنیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۵۰۳) مرسلہ مولوی عبد المصطفےٰ وصی علی صاحب علوی قادری۔ از اٹاوہ محلہ عالم پورہ ۸ جمادی الآخرہ ۱۳۴۹ھ

کیا فرماتے ہیں علمار دین اس مسئلہ میں کہ کیا جو روپیہ بنک میں رکھا ہوا ہے اس پر زکوٰۃ واجب الادا ہے

بینوا توجروا۔

الجواب: بنک میں روپیہ رکھا ہے اس کا مطلب تو یہ ہوا کہ وہ بنک میں بطور امانت رکھا ہے۔ ایسا ہے جب تو سال بسال اس کی زکوٰۃ واجب الادا ہے۔ اور اگر بنک کو بطور[عہ] قرض دیا ہے جیسا کہ یہی متعارف ہے تو اگرچہ وجوب زکوٰۃ

عہ فقیر جس کے پاس مال ہو مگر نصاب سے کم ہو۔ مسکین وہ جو بالکل تہیدست ہو۔ غارم قرض دار جو قرض ادا کرنے پر قادر نہ ہو یعنی اس کے پاس اتنا نہیں کہ قرض ادا کر سکے۔ فی سبیل اللہ۔ مجاہدین جو بلا شاہر جہاد کرتے ہوں اور ضرورت مند ہوں۔ یا شاملی پاتے ہیں مگر ادھار سواری ان کے پاس نہیں۔ ابن سبیل۔ وہ مسافر جو اگرچہ مالدار ہے مگر پردیس میں اس کے پاس کچھ نہیں یا اتنا نہیں کہ اپنے وطن جاسکے۔ تو اسے بقدر ضرورت دے سکتے ہیں۔ مگر اس زمانے میں انسان اپنے وطن سے پیسے منگا سکتا ہے۔ ٹیلی فون کرکے۔ تار کرکے۔ اس لئے اگر کوئی مسافر ضرورت مند ہو تو اتنا دیدے کہ وہ اپنے گھر سے پیسے منگا سکے۔ اور اس وقت تک گزر بسر کر سکے۔ پیشہ ور مسافروں کو دینے سے پرہیز کریں۔ ان سات قسموں میں سے عامل اور رقاب کا وجود اب نہیں۔ لہٰذا وہ بھی اس زمانے میں کالعدم ہیں۔ جب وہ ہوں گے تو اس کا استحقاق ثابت رہے گا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ امجدی۔

عہ فتاوی رضویہ جلد چہارم ص۴۱۲ سے ظاہر ہے کہ بنکوں میں جو روپے جمع ہیں وہ امانت ہیں۔ یہ خادم اسی پر فتویٰ دیتا ہے۔ بنک والے روپے (بقیہ اگلے صفحہ)

سال بسال ہوگا۔ مگر واجب الادا اس وقت ہوگی کہ خمس نصاب کم از کم وصول ہو جائے اور جتنا وصول ہوگا اسی کی زکوٰۃ واجب الادا ہے۔ کل کی نہیں۔ مگر وصول ہونے پر سالہائے ماسبق کی زکوٰۃ بھی دینی پڑے گی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۵۰۴) مسئولہ مولوی عبدالکریم طالب علم درجہ اولیٰ مدرسہ اہلسنت ۱۵ رجب ۱۳۴۰ھ

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ صاحب نصاب نے ۵۰۰ روپیہ کی زکوٰۃ ساڑھے بارہ روپے نکالی اور ان روپیوں کا ایک دیگ کھانا پکا کر ایک مسکین کو اس کا مالک کر دیا۔ یا ان روپیوں کا کپڑا خرید کر ایک مسکین کو یا دس مسکین کو دیدیا اس کی زکوٰۃ ادا ہوگئی یا نہیں۔ بینوا الدلیل۔

الجواب:- اگر مسکین کو مالک کر دیا ہے تو جس قیمت کا وہ کھانا یا کپڑا ہے۔ اتنی زکوٰۃ ادا ہوگئی۔ کھانا پکوانے میں جو خرچ ہوا ہے اوس کا اعتبار نہیں۔ درمختار میں ہے جاز دفع القیمۃ فی زکوٰۃ زکوٰۃ میں قیمت دینا بھی جائز ہے۔ نیز اوسی میں ہے فلو اطعم یتیما ناویا الزکوٰۃ لا یجزیہ الا اذا دفع الیہ المطعوم کما لو کساہ اگر کسی یتیم کو بہ نیت زکوٰۃ کھانا کھلایا تو یہ کافی نہیں۔ مگر جب کہ وہ کھانا اوسے دیدیا تو ہو سکتا ہے جس طرح کپڑا دیدے تو زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۵۰۵) مسئولہ مولوی شجاعت علی طالب علم مدرسہ منظر اسلام بریلی شریف ۵ رمضان مبارک ۱۳۴۲ھ

بقیہ صفحہ کا۔ ہم سے مانگتے نہیں ہم خود اپنی مرضی سے لے جا کر جمع کرتے ہیں۔ ہم جب چاہیں ان کو واپس لے سکتے ہیں یہ علامت ہے امانت ہونے کی۔ بینک والے ان روپوں میں ہر طرح کا مالکانہ تصرف کرتے ہیں بلکہ اس پر سود دیتے ہیں۔ امانت پر کوئی سود نہیں دیتا۔ یہ قرض کی علامت ہے مگر روپے جمع کرنے والے کی نیت قرض دینے کی نہیں۔ بلکہ اس کے حاشیۂ خیال میں بھی نہیں آتا کہ قرض دیا ہے۔ وہ یہی کہتا ہے کہ میں نے اتنے روپے بینک میں جمع کئے ہیں۔ میرے اتنے روپے بینک میں جمع ہیں۔ اسلئے امانت کے پہلو کو غلبہ ہے مگر چونکہ جمع کرنے والا یہ جانتا ہے کہ بینک والے اس میں مالکانہ تصرف کر کے ہمیں سود دیتے ہیں اور جمع کرنے والے نے بینک کے قواعد کو تسلیم کر کے جمع کیا ہے۔ اس لئے اگر اس کو قرض بھی کہہ دیا جائے تو کوئی مضائقہ نہیں۔ اس عہد میں روپے چاندی کے چلتے تھے۔ اس لئے خمس نصاب گیارہ روپے تین آنے ۲ ۲/۵ پائی تھی۔ اور اب نکل کے روپوں کا چلن ہے اس لئے خمس نصاب گیارہ روپے تین آنے ۲ ۲/۵ پائی کی ہموزن چاندی ہوگی۔ بینک میں جو روپے جمع ہیں وہ اپنے ہی قبضے میں مانے جائیں گے۔ اور ہر سال اس پر زکوٰۃ واجب ہوگی۔ خواہ سال بسال ادا کرتا رہے یا جب خمس نصاب یا اوس سے زیادہ وصول ہوں اس میں سے چالیسواں حصہ دے۔ خواہ امانت مانیں یا قرض زکوٰۃ۔ بہر حال ان تمام سالوں کی واجب ہوگی۔ جتنے سال بینک میں روپے رہے ہیں۔ ہاں ہر سال زکوٰۃ کی مقدار سال آئندہ زکوٰۃ سے مستثنیٰ رہے گی۔ مثلاً کسی کے ایک ہزار روپے بینک میں جمع ہیں سال تمام پر اس کی زکوٰۃ کے پچیس روپے ہوئے۔ اب سال آئندہ صرف نو سو پچھتر روپے کی زکوٰۃ واجب ہوگی۔ اب تیسرے سال نو سو پچھتر روپے کی زکوٰۃ کی مقدار نکال کر جو بچے اس کی واجب ہوگی۔ روپے وصول ہونے پر اسی طرح سال بسال کا حساب کیا جائے گا۔ آسانی اسی میں ہے کہ جتنے روپے جمع ہوں سب کی زکوٰۃ سال بسال دیتا جائے معلوم نہیں کب موت آئے اور وارثین زکوٰۃ دیں یا نہ دیں یا شیطان کو بہکاتے دیر نہیں لگتی اور بے وصول ہونے پر برسہا برس کی زکوٰۃ کی وافر رقم دیکھ کر حرص ادائیگی سے رد کر دیں۔

واللہ تعالیٰ اعلم۔ امجدی

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زکوٰۃ کس کس کو دی جائے۔ مثلاً اگر کسی میت کے کفن دفن کے لئے دیا جائے تو کس صورت سے اور اپنے کنبہ مثلاً بھائی کے لڑکے کو جس پر زکوٰۃ دینا واجب نہیں جب کہ اسکے پاس گذر کے لائق جائداد بھی ہے اور مسجد کے بنانے میں دینا جائز ہے یا نہیں۔ اور اگر کسی طالب علم کو اس کا مالدار والد پڑھنے کا خرچ زکوٰۃ سے دے تو جائز ہے یا نہیں۔

الجواب: مصارف زکوٰۃ سات ہیں۔ قرآن مجید میں ارشاد ہوا انما الصدقات للفقراء والمسٰکین والعٰملین علیھا والمؤلفۃ قلوبھم وفی الرقاب والغٰرمین وفی سبیل اللہ وابن السبیل فریضۃ من اللہ واللہ علیم حکیم ان میں سے مؤلفۃ القلوب کا حق ساقط ہو گیا۔ کہ ان کا حق زکوٰۃ میں اوس وقت تھا جب اسلام میں ضعف تھا۔ ہدایہ میں ہے۔ وقد سقط منھا المؤلفۃ قلوبھم لان اللہ اعز الاسلام واغنی عنھم وعلی ذالک انعقد الاجماع زکوٰۃ میں تملیک ضرور ہے۔ کنز الدقائق میں ہے ھی تملیک المال من فقیر مسلم الخ لہٰذا بنائے مسجد و تکفین میں مال زکوٰۃ صرف نہیں کیا جاسکتا۔ کنز میں ہے لا الی بناء مسجد و تکفین میت۔ درمختار میں ہے لا یصرف الی بناء نحو مسجد ولا الی کفن میت۔ ہاں اگر ان میں زکوٰۃ صرف کرنا چاہے تو اوس کا طریقہ یہ ہے کہ مال زکوٰۃ فقیر کو دے کر مالک کر دے پھر وہ فقیر ان امور میں وہ مال صرف کرے۔ انشاء اللہ تعالےٰ ثواب دونوں کو ہوگا۔ درمختار میں ہے وحیلۃ التکفین بھا التصدق علی فقیر ثم ھو یکفن فیکون الثواب لھما وکذا فی تعمیر المسجد اور بھائی کے لڑکے کی جائداد جب گذر کے لائق ہے اور ظاہر ہے کہ وہ جائداد نصاب کی قیمت سے بہت زائد کی ہوگی۔ مگر جب کہ اوس کی آمدنی صرف گذر کے لائق ہے تو اس کی وجہ سے غنی نہ ہوگا کہ یہ نصاب حاجت اصلیہ سے فارغ نہیں۔ لہٰذا اس کو زکوٰۃ دے سکتے ہیں۔ درمختار میں ہے لا الی غنی یملک قدر نصاب فارغ عن حاجۃ الاصلیۃ۔ بحر الرائق و طحطاوی میں ہے وتحل لمن لہ دار و حوانیت تساوی نصابا وھو محتاج لغلتھا لنفقتہ ونفقۃ عیالہ ولمن عندہ طعام سنۃ یساوی نصابا لعیالہ علی ماھو الظاھر مگر یہ ضرور ہے کہ جس وقت اوسے زکوٰۃ دی گئی اوس وقت ۷½ تولے سونے یا ۵۲½ تولے چاندی کا مالک نہ ہو ورنہ اوسے زکوٰۃ دینا جائز نہ ہوگا کہ اگرچہ اوس پر زکوٰۃ واجب نہیں کہ حولان حول متحقق نہیں، مگر نصاب مانع اخذ زکوٰۃ موجود طحطاوی میں ہے ونصاب لیس بنام فارغ عما ذکر یتعلق بہ وجوب الاضحیۃ وصدقۃ الفطر ونفقۃ الاقارب وحرمان اخذ الزکوٰۃ باپ اپنے بیٹے کو زکوٰۃ نہیں دے سکتا۔ اگرچہ بیٹا بالغ فقیر ہو یا طالب علم ہے۔ تنویر الابصار میں ہے

ولا الی من بینهما ولاد - هدایہ میں ہے ولا الی ولده و ولد ولده وان سفل لان منافع الاملاک بینهم متصلة فلا یتحقق التملیک علی الکمال - واللہ تعالیٰ اعلم -

مسئلہ (۵۰۶) مرسلہ حاجی عبداللطیف صاحب از دھوراجی کاٹھیاوار ۶ صفر ۱۳۴۲ھ

دو یتیم برادر حقیقی کو وراثت میں کچھ رقم ملی ہوئی ہے۔ ایک ان میں بالغ ہو چکا ہے۔ اور دونوں کی رقم ایک ساتھ ہے تو کیا زکوٰۃ پوری رقم کی ادا کی جائے گی یا نصف کی۔ علاوہ ازیں اوس بالغ لڑکے کی شادی کرنی ہے تو شادی کا خرچ کل رقم سے ہوگا۔ یا الگ کر کے نصف سے فی الحال وہ دونوں لڑکے دادا اور چچا کی نگرانی میں ہیں۔

الجواب: زکوٰۃ صرف بالغ کے حصہ پر واجب ہے۔ نابالغ کے حصہ پر واجب نہیں۔ شادی کے مصارف نابالغ کے حصہ سے نہیں لئے جا سکتے۔ اوس بالغ کو اپنے مال کا اختیار ہے اسمیں جتنا چاہے صرف کرے یا اس کی اجازت سے کوئی دوسرا خرچ کرے۔ بغیر اس کی اجازت دوسرے کو صرف کرنے کا اختیار نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۵۰۷) مرسلہ قاضی محمد عبدالرزاق صاحب از بانٹوا کاٹھیاوار ۳ جمادی الاخری ۱۳۴۲ھ

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ مال زکوٰۃ اس مدرسہ میں دے سکتے ہیں جو قوم کی نگہبانی اور قوم کے چندے سے چلتا ہو یا اس کے بانی مالدار ہوں یا نہ ہوں۔ یا عام چندہ سے مدرسہ کی حفاظت کے لئے کچھ رقم ہو۔ پھر مال زکوٰۃ مدرسہ کے لئے اور بانیان مدرسہ کی معرفت ملازمین کو تنخواہ اور مکان کا کرایہ دینے کے لئے یا کتب خانہ کھولنے کے لئے جس سے عام لوگ مستفید ہو سکیں، صرف کرنا جائز ہے یا نہیں۔

الجواب: زکوٰۃ میں فقیر کو مالک کرنا ضروری ہے۔ اگر تملیک نہ ہو یا فقیر کو مالک نہ کیا تو زکوٰۃ ادا نہ ہوگی۔ لہٰذا رفاہ عام مسلمین کے لئے کتب خانہ مال زکوٰۃ سے جائز نہیں۔ نہ ملازمین مدرسہ کو مال زکوٰۃ سے تنخواہ دینا جائز کہ تنخواہ معاوضہ عمل ہے اور زکوٰۃ عبادت خالصاً للہ تعالیٰ ہے تو معاوضہ میں نہیں دے سکتے۔ ہاں مدرسہ کے طلبہ کو دے سکتے ہیں جب کہ بطور تملیک ہو نہ بطور اباحت۔ درمختار میں ہے وهی تملیک خرج الاباحة فلو اطعم یتیما ناویا لایجزیه۔ ہاں اگر مدرسہ دینیہ کے متولی کو دے کر مدرسہ میں صرف کرنا چاہتے ہوں یا مسلمانوں کے نفع کے لئے دینی کتابیں مال زکوٰۃ سے جمع کرنا چاہتے ہوں تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ مال زکوٰۃ کسی فقیر کو دے کر اوسے مالک کر دیں پھر وہ فقیر اپنی طرف سے مدرسہ کو خرید کتب کے لئے دے تو زکوٰۃ ادا ہو جائے گی اور فقیر کو بھی ثواب ہوگا۔ درمختار میں ہے الحیلة ان یتصدق علی الفقیر ثم یامره بفعل

ھذا الاشیاء۔ ردالمحتار میں ہے ویکون لہ ثواب الزکاۃ وللفقیر ثواب ھذا القرب بھی واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۵۰۸) خمس کا کیا قاعدہ ہے یعنی سید کو دینا غنی پر فرض ہے، یا واجب، یا سنت، یا مستحب، یا جائز یا ناجائز اگر کسی سید کو درست سمجھ کر دے دیا جائے اور بعد کو معلوم ہوا کہ درست نہیں تو زکوٰۃ ادا ہوئی یا نہیں۔

الجواب: خمس سادات کو دے سکتے ہیں مگر خمس غنیمت میں ہوتا ہے یا رکاز وغیرہ میں اگر زکوٰۃ دینے والے کو معلوم تھا کہ یہ سید ہے اور دیدی تو زکوٰۃ ادا نہ ہوئی۔ اور مسئلہ کا معلوم نہ ہونا عذر نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۵۰۹) زکوٰۃ کے پیسے سے قرآن شریف یا فقہ کی کوئی کتاب وغیرہ خرید کر کسی مسکین کو دیا جائے تو درست ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا۔

الجواب: درست ہے جب کہ تملیک ہو یعنی فقط پڑھنے کو نہ دیا ہو بلکہ مالک کر دیا ہو۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۵۱۰) از مرفا ضلع ہوشنگ آباد مرسلہ حاجی عبداللطیف۔ ایوب صاحب جمادی الآخرہ ۱۳۴۲ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص نوکر یا غیر کسی مالک کے مال سے بہ نیت زکوٰۃ مسکینوں کو دیتا رہے۔ بعد چار پانچ مہینہ کے مالک کو خبر کرے تو مالک مال اس کے زکوٰۃ دینے کو قبول رکھے تو دی ہوئی زکوٰۃ مالک کی ادا ہو جائے گی۔ یا نہیں۔ چونکہ زکوٰۃ دینے سے پہلے مالک سے اجازت دینے کا کوئی ذکر نہیں تھا۔

ع۵ حیلہ یہ ہے کہ فقیر کو دیدے۔ پھر فقیر کو ان نیک کاموں کی ہدایت کرے۔ اسے زکوٰۃ کا ثواب ملے گا۔ اور فقیر کو اس نیکی کا ثواب ملے گا۔ اس کی اصل وہ حدیث ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم گھر میں تشریف لائے اور کھانا طلب فرمایا۔ خدمت اقدس میں روٹی اور کوئی سالن پیش کیا گیا فرمایا کیا ہانڈی میں گوشت نہیں۔ لوگوں نے عرض کیا ہے تو مگر صدقہ کا ہے۔ جو بریرہ کو کسی نے دیا ہے۔ اور حضور صدقہ تناول نہیں فرماتے۔ فرمایا۔ (بریرہ مجھے دیدے) اس کے لئے صدقہ ہے اور میرے لئے ہدیہ۔ رواہ البخاری عن ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔ لیکن یہاں یہ نکتہ ضرور قابل لحاظ ہے کہ زکوٰۃ کا اصل مصرف فقراء ہیں مگر آج کل مالداروں کی راہ خدا میں صرف کرنے کی رغبت بہت کم ہو گئی ہے۔ دین کی بقا کے لئے دینی مدارس کا وجود ضروری ہے۔ اگر اس کا مدار صرف عطیات وخیرات پر رکھا جائے۔ تو مدارس کا خدا حافظ۔ اس لئے بضرورت حیلہ شرعیہ کرنے کے بعد زکوٰۃ صدقہ فطر کی رقوم مدارس میں صرف کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔ اور یہ اپنی جگہ ثابت جو حکم بضرورت ہوتا ہے وہ قدر ضرورت سے متجاوز نہیں ہوتا ہے۔ لہٰذا زکوٰۃ و دیگر صدقات واجبہ کی رقم حیلہ کے بعد بھی دنیوی اسکول کالج وغیرہ میں صرف کی اجازت نہیں ہوگی دینی مدارس اور مصرف زکوٰۃ میں قدر مشترک مصرف خیر ہے۔ فقیر کو دینا بھی کار خیر اور دینی مدارس میں صرف بھی کار خیر۔ اور اسکول کالج میں صرف کرنا کار خیر میں صرف نہیں۔ زیادہ سے زیادہ امر مباح میں صرف ہوگا۔ جو بہر وجوہ کار خانہ دینا ہے۔ آج کل دنیا دار ناخدا ترس زکوٰۃ وغیرہ کی رقم وصول کرکے دنیوی تعلیم میں بے دھڑک صرف کرتے ہیں اسے اپنے بچوں کی دنیوی تعلیم میں صرف کا مطلب یہ ہوا کہ اپنی زکوٰۃ اپنے بچوں پر صرف کر رہے ہیں بلکہ بعض جیسا کہ اس سے غیر مسلموں بلکہ بدقماش عورتوں کو تنخواہ دیتے ہیں۔ العیاذ باللہ تعالیٰ۔ اللہ عزوجل مسلمانوں کو عقل دے کہ خدا کا خوف کریں۔ زکوٰۃ کے مقصد کو سمجھیں اور حیلہ شرعیہ کو جو بضرورت شرعیہ مشروع ہے غلط استعمال نہ کریں واللہ تعالیٰ اعلم۔
امجدی۔

الجواب: اس صورت میں زکوٰۃ ادا نہ ہوئی اور جو کچھ بغیر اجازت مالک اس نے فقرار کو دیا ہے اس کا تاوان اس کے ذمہ ہے کہ دوسرے کا مال بغیر اجازت صرف کر رہا ہے۔ رد المحتار میں بحر الرائق سے ہے لو ادی زکوٰۃ غیرہ لغیر امرہ فبلغہ فاجاز لم یجز لانہا وجدت نفاذا علی المتصدق لانہا ملکہ ولم یصر نائبا عن غیرہ فنفذت علیہ۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

مسئلہ (۵۱۱) کیا فرماتے ہیں علمار دین اس مسئلہ میں کہ زید کے پاس پانچ سو روپیہ ہے۔ زید نے اس کی زکوٰۃ ادا کردی۔ اب دس روپیہ کم پانچسو باقی بچے۔ لہٰذا دوسرے سال دس روپیہ کم پانچسو کی زکوٰۃ کس حساب سے دی جائے گی۔ آیا بقیہ روپیہ زکوٰۃ ادا شدہ نہ سمجھا جائے گا۔ یا جب تک سو روپیہ سے کم نہ ہو جائے برابر ہر سال سَوْ میں ڈھائی کے حساب سے دی جائیگی۔

الجواب: اب زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد جو کچھ باقی ہے دوسرے سال پھر اس باقی کی زکوٰۃ دے۔ مثلاً پانسو میں ساڑھے بارہ زکوٰۃ میں دیدے تو اب دوسرے سال ساڑھے بارہ کم پانسو کی زکوٰۃ دے۔ وعلیٰ ہذا القیاس۔ مگر خمس نصاب سے جو کم ہے اس پر زکوٰۃ نہیں۔ وہ عفو ہے اور یہاں کے روپے[عـ۱] سے خمس نصاب گیارہ روپے کچھ آنے ہیں کہ نصاب ۵۲½ تولہ چاندی ہے سَوْ روپے[عـ۲] سے کم ہونے کے بعد بھی زکوٰۃ دینی ہوگی جب تک نصاب باقی رہے۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

مسئلہ (۵۱۲) از دھوراجی کاٹھیاوار پیالی مسجد باجی شاہ سیٹھ حاجی عبد اللطیف ایوب صاحب۔

کیا فرماتے ہیں علمار دین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص ایک مٹکی میں پانچ سیر گیہوں ڈال کر اسمیں ایک سو روپیہ کا نوٹ چھپا دے اور فقیر کو بہ نیت زکوٰۃ دے۔ اس حال میں کہ فقیر کو معلوم نہ ہو جب وہ فقیر جانے لگے تو زکوٰۃ دینے والا یہ کہے کہ تم کتنی قیمت میں بیچوگے۔ فقیر گیہوں کی قیمت خیال کرے۔ مثلاً ایک روپیہ کہے اور زکوٰۃ دینے والا ڈیڑھ دو روپیہ میں خرید لے۔ تو کیا اس صورت میں گیہوں اور نوٹ کی زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ کیونکہ یہ ایک دھوکہ ہے۔ صورت مذکورہ میں اگر فقیر سے کوئی دوسرا خرید لیتا یا فقیر کے مکان سے چوری ہو جاتا اس حال میں کہ فقیر کو نوٹ کا علم نہ ہو۔ تو کیا زکوٰۃ دینے والے کی زکوٰۃ نوٹ سمیت ادا ہو جائے گی۔ جلد جواب سے سرفراز فرمایا جائے۔ بینوا توجروا۔

[عـ۱] یعنی انگریزی استعمار میں جو روپے چلتے تھے جو سوا گیارہ ماشے ہوتے تھے۔ اور خمس نصاب گیارہ روپے تین آنے۔ [عـ۲] یہ مسئلہ جس زمانہ میں تحریر فرمایا ہے اس زمانے میں چاندی کے روپے چلتے تھے۔ جو سوا گیارہ ماشہ ہوتے تھے۔ ۲ پائی ہوئے۔ ان روپوں سے نصاب زکوٰۃ چھپن روپے ہے۔ لہٰذا سو روپوں پر زکوٰۃ واجب ہوئی۔ لیکن آج نوٹ یا نکل کے روپے چلتے ہیں اور چاندی کا بھاؤ سولہ روپے بھری ہے تو اگر آج کسی کے پاس سو روپوں کے نوٹ یا نکل کے روپے ہوں تو ان پر زکوٰۃ نہیں اسلئے کہ یہ بقدر نصاب چاندی یا سونے کی قیمت نہیں ہوئی بلکہ بہت کم ہوئی۔ نوٹ یا نکل کے روپوں پر زکوٰۃ اس وقت واجب ہوگی کہ یہ سونے یا چاندی کی نصاب کی قیمت کے ہوں۔ اسلئے کہ

الجواب:۔ زکوٰۃ میں تملیک ضروری ہے۔ اور تملیک اس میں بغیر قبضہ نہیں ہوتی کذا فی رد المحتار وغیرہ مزکی نے فقیر کو اگر گیہوں اور نوٹ دونوں کا مالک کر دیا ہے اور قبضہ دیدیا تو زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ اگرچہ فقیر کو یہ معلوم نہ ہو کہ شکی میں کیا کیا چیز ہے قبضہ کے لئے یہ شرط نہیں کہ مقبوض کی تفصیل بھی معلوم ہو مگر مزکی نے جو فقیر سے اس کو خریدا اس بیع میں نوٹ اور روپیہ جو چھپے ہوئے ہیں ان کی بیع نہ ہوئی۔ صرف گیہوں کی بیع ہوئی کیونکہ فقیر نے نوٹ اور روپے نہیں بیچے ہیں وہ نوٹ فقیر کے ہیں جن کو حرام طور پر اس شخص نے حاصل کیا ہے۔ حدیث میں ہے نہی رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم عن بیع الغرر اس بیع میں چونکہ مشتری نے بائع کو دھوکہ دیا ہے۔ لہٰذا ناجائز و حرام ہے۔ بالجملہ یہ شخص سخت گنہگار مستحق عذاب نار، حق اللہ و حق العباد میں گرفتار ہے۔ اپنے خیال میں وہ یہ تصور کرتا ہوگا کہ فریضۂ زکوٰۃ سے سبکدوش ہو گیا اور گھر کی رقم گھر میں آگئی۔ حالانکہ اب پہلے سے بھی زیادہ گنہگار ہوا۔ زکوٰۃ نہ دینا حق اللہ نہ ادا کرنا ہے۔ اور اس طرح اس کو واپس لینا حق اللہ و حق العبد دونوں کا مواخذہ اس کے سر آیا۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔ اگر فقیر کے پاس سے ضائع ہوا تو چونکہ قبضہ متحقق ہو گیا ہے۔ زکوٰۃ ادا ہو گئی۔ مگر اس طرح چھپا کر دینے٭ سے مقصد ہی یہ ہو کہ فقیر کو مالک نہ کیا جائے۔ اور اس حیلۂ باطلہ سے نوٹ اس کا اسی کو مل جائے تو دونوں صورتوں میں یعنی خریدا ہو یا ضائع ہو گیا ہو زکوٰۃ ادا نہ ہوگی۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

مسئلہ (۵۱۳) از خانقاہ سراجیہ برکت آباد محلہ برکت پورہ مالیگاؤں ضلع ناسک۔ ۱۸ ربیع الآخر ۱۳۵۹ھ

مسائل احکام زکوٰۃ سے یہ تو معلوم ہوا کہ صاحب نصاب کو زکوٰۃ دینا ہے لیکن زکوٰۃ دینے والے کو بعض وقت یا اکثر وقت دھوکا ہوتا ہے کہ معلوم نہیں کہ زکوٰۃ لینے والا مالک نصاب ہے یا نہیں بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ غریب ہے۔ مالک نصاب نہیں اور اپنی غربت اور لاچاری و محتاجی بیان کر کے، زکوٰۃ لیتا ہے اور لوگ دیا کرتے ہیں۔ بعد موت کے یا زندگی ہی میں بعض شخصوں کو معلوم ہو جاتا ہے کہ یہ شخص مالک نصاب ہے یا تھا۔ مرنے کے بعد ان کے پاس سے روپیہ زیادہ نکلتا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ اپنے اقرباء کے بارے میں کس طرح معلوم کیا جائے کہ یہ مالک نصاب ہے یا نہیں۔ اور مالک نصاب ہونے کے لئے کیا طریقے ہیں تاکہ معلوم ہو جائے کہ اس شخص کو زکوٰۃ دیا جائے۔

الجواب:۔ اگر اس کو یہ سمجھ کر کہ مالک نصاب نہیں ہے زکوٰۃ دیدی اور بعد کو معلوم ہوا کہ مالک نصاب ہے زکوٰۃ ادا ہو گئی در مختار میں ہے دفع بتحر لمن یظنہ مصرفا فبان غناہ او کونہ ذمیا لا یعید لانہ اتی بما فی وسعہ حتی

بقیہ مرکا: رشن اصلاحی ہیں اور شن اصطلاحی میں زکوٰۃ اسی وقت واجب ہوگی جب کہ وہ اتنے ہوں کہ سونا یا چاندی کی نصاب کی قیمت کے ہوں واللہ تعالیٰ اعلم

٭ کا مقصود نہایت بد و حرام ہے۔ لہٰذا اس صورت میں بھی زکوٰۃ دوبارہ دینا ہے اور اگر اس طرح چھپا کر دیے

لو دفعہ بلا تحر لم یجز ان اخطاء اس کے جاننے کا طریقہ یہ ہے کہ جس کو دینا ہے اس کے متعلق اگر غالب گمان ہے کہ فقیر ہے دیدے ورنہ اسے نہ دے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۵۱۴) جو شخص اپنے مال کی پوری زکوٰۃ نہیں نکالے اور یہ کہے کہ جتنی نکالیں گے اتنی تو ادا ہوگی ایسے شخص کے لئے کیا حکم ہے اور جتنی زکوٰۃ نکالے اتنی ادا ہو جائے گی یا بالکل ادا نہ ہوگی۔

الجواب: جتنی زکوٰۃ ادا کرے گا اتنی ادا ہو جائے گی مگر جتنی زکوٰۃ باقی رہے گی اس کا مواخذہ اس کے ذمہ ہے اس مواخذہ اخروی سے بچنے کے لئے اس پر فرض ہے کہ بقیہ اموال کی زکوٰۃ ادا کرے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۵۱۵) جناب عبداللہ صاحب زیپالی مارواڑ ۷ جمادی الاولیٰ ۱۳۶۷ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس بارے میں کہ ایک شخص نے اپنی چاندی کی جنس پر سودی قرض لیا۔ دوسرے شخص نے جو صاحب نصاب تھا اس رقم کو چھڑا کر اپنے پاس لے آیا۔ اب ایک عرصہ کے بعد وہ زکوٰۃ میں وصول کرکے وہ رقم اسکے حوالے کرنا چاہتا ہے۔ ایا ایسی صورت میں زکوٰۃ ادا ہوگی یا نہیں۔ جواب عطا فرمائیں۔ اللہ اجر عظیم عطا فرمائیگا۔

الجواب: جس شخص نے روپیہ دے کر اس رہن کو چھڑایا اگر یہ چھڑانا بغیر اس مالک کے حکم کے تھا تو یہ شخص قرض کے ادا کرنے میں متبرع ہوا۔ اور اس شخص کو اس مالک سے روپیہ وصول کرنے کا کوئی حق نہیں ہے اور اگر اس کے حکم سے ہے تو جتنا روپیہ ادا کیا ہے وہ وصول کر سکتا ہے۔ مگر یہ نہیں ہو سکتا کہ ان مرہون چیزوں کو بہ نیت زکوٰۃ مالک کو دیدے کہ اس طرح سے زکوٰۃ ادا نہ ہوگی۔ کہ یہ چیزیں اس کی ملک نہیں۔ اور زکوٰۃ کے لئے یہ ضروری ہے کہ اپنی چیز کا بہ نیت زکوٰۃ دوسرے کو مالک کر دے اور اگر اس کو یہ منظور ہے کہ میری زکوٰۃ بھی ادا ہو جائے اور اس کی چیزیں بھی اس کے پاس پہنچ جائیں تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ جو کچھ زکوٰۃ دینا ہے وہ اسے دیدے پھر اس سے یہ کہے کہ وہ روپے میرے قرض میں جو میں نے تمہارے حکم سے ادا کیا ہے۔ دیدو اور اپنی چیزیں میرے پاس سے لے جاؤ اور اس صورت میں اگر وہ اپنی خوشی سے نہ دے تو زبردستی بھی اس سے چھین سکتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۵۱۶) مرسلہ جناب حاجی سید جمال الدین صاحب۔ کمال منزل چھتری گیٹ درگاہ بازار اجمیر شریف ۱۱ شوال ۱۳۶۷ھ

زکاۃ اگر خاموشی سے تقسیم کی جائے تو اندریں صورت زکوٰۃ ادا ہوگی یا نہیں۔

الجواب: زکاۃ کو چھپا کر بھی دینا جائز ہے اور علانیہ بھی۔ اور علانیہ بہتر ہے۔ اور اس کے سوا دوسرے صدقات کو چھپا

عہ علانیہ زکوٰۃ ادا کرنا اسلئے بہتر ہے کہ لوگوں کو بدگمانی نہ ہو کہ فریضۂ الٰہی ادا نہیں کرتا۔ دوسرے صدقات بھی اس نیت سے علانیہ دینا کہ لوگوں

کر دینا بہتر۔ اللہ عزوجل ارشاد فرماتا ہے ان تبدوا الصدقات فنعما ھی وان تخفوھا وتؤتوھا الفقراء فھو خیر لکم
واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۵۱۷) از دھوراجی کاٹھیاوار۔ مرسلہ احمد عبد الشکور صاحب رکوڈیل سوا عبد الغفار صاحب امجدی ۱۶ شوال ۱۳۶۶ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ ایسا مدرسہ جسمیں اخراجات صرف تعمیر عمارت و تنخواہ مدرسین ہو صدقہ فطرہ و زکوٰۃ کی رقم لگانا جائز ہے یا نہیں۔

الجواب: صدقہ فطر و زکوٰۃ نہ تعمیر مدرسہ میں صرف کی جا سکتی ہے نہ تنخواہ مدرسین میں۔ یہ صرف فقراء اور مساکین کا اور ان لوگوں کا حق ہے جن کو قرآن پاک میں ذکر فرمایا گیا۔ مگر اگر اس قسم کی مدوں کو نکال دیا جائے تو مدرسہ کی آمدنی اس زمانے میں اتنی کم رہ جائیگی جس سے اس کا چلنا دشوار ہو جائے گا۔ اور تحصیل علم کا دروازہ بند ہوتا ہوا نظر آئے گا۔ لہٰذا ان چیزوں میں زکوٰۃ اور صدقہ فطر بطور حیلہ کے صرف کیا جائے۔ کہ اس قسم کے امور خیر کے لئے حیلہ کرنے میں کسی قسم کی کراہت یا قباحت نہیں۔ اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ یہ رقمیں کسی فقیر یا مسکین کو بطور تملیک دیدیجائیں۔ وہ اپنی طرف سے مدرسہ کو دیدے تو اب اس رقم کا تنخواہ مدرسین و عمارت میں صرف کرنا جائز ہو جائے گا۔ اور زکوٰۃ و صدقہ فطر ادا ہو جائے گا۔ چنانچہ عموماً مدارس میں ایسا ہی کیا جاتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۵۱۸) مرسلہ مولوی عبد المصطفیٰ وصی علی صاحب علوی قادری۔ از اٹاوہ محلہ عالم پورہ ۸ جمادی الآخر ۱۳۴۹ھ

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس بارے میں کہ زید کے پاس دو لڑکیاں سماۃ ہندہ و سلمیٰ ہیں سماۃ ہندہ کے پاس ۴۴ تولہ سونا اور ۴۰ تولہ چاندی کا زیور ہے۔ چاندی کے سامان میں آئینہ، خاصدان، ڈبیاں وغیرہ بھی شامل ہیں۔ کامدانی کی بھاری کپڑے مثلاً ایک ساڑی ہے جسمیں مبلغ چالیس روپئے کی کامدانی ہے کرتوں میں پانچ پانچ روپیہ کی کامدانی ہے کیا یہ سب کپڑے بھی زکوٰۃ کے حکم میں آئیں گے۔ ان میں سے کن چیزوں پر زکوٰۃ ہے۔

بقیہ گذشتہ صفحہ کا۔ کو ترغیب ہو شوق ہو تو بہتر ہے انما الاعمال بالنیات۔ عہ اگر علانیہ خیرات کرو تو بھی اچھا ہے۔ اور اگر چھپا کر فقیروں کو دو تو اور بہتر ہے۔ عہ یہ اس کی دلیل ہے کہ امور خیر میں صرف کرنے کے لئے حیلہ کی اجازت ہے۔ فقراء کی حق تلفی اور امور دنیوی میں صرف کرنے کے لئے اجازت نہیں۔ لہٰذا حیلے کے بعد بھی اسکول کالج دنیوی تعلیم میں صرف کرنا ممنوع ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ امجدی

مسماۃ سلمیٰ کے پاس ۷،۳ر تولہ سونا اور ۸۰ر تولہ چاندی ہے۔ اس میں چاندی کی خاصدان وڈبیاں شامل ہیں۔ بھاری کپڑے اس کے پاس بھی ہیں بس ان دونوں کو کتنی رقم سالانہ زکوٰۃ دینی چاہیے۔

الجواب: مسماۃ ہندہ پر ایک تولہ ایک ماشہ سونا اور ۲ر تولہ ۴ر ماشہ چاندی کی زکوٰۃ میں واجب ہے۔ اور اس کے علاوہ ۸ر ماشہ سونا اور ۸ر ماشہ چاندی فاضل بچتی ہے۔ اگرچہ سونے کا خمس نصاب نہیں۔ مگر سونے کو چاندی عــہ فرض کریں تو چاندی کا خمس نصاب ہوتی ہے۔ لہٰذا اس کے مقابل میں بھی ۴ر ماشہ چاندی دی جائے۔ اب کل چاندی ۲ر تولہ ۸ر ماشہ ہوئی۔

مسماۃ سلمیٰ پر زکوٰۃ گیارہ ماشہ سونا اور ۲ر تولہ چاندی ہے۔ کامدانی کے کپڑوں کے متعلق کوئی جزئیہ نظر فقیر میں نہیں ہے۔ مگر ردالمحتار کی عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ اس میں جو چاندی ہے اس کی بھی زکوٰۃ واجب ہے۔ وہ عبارت یہ ہے قولہ و معمولہ ای مایعمل من نحو حلیۃ سیف او منطقۃ او لجام او سرج او الکواکب فی المصاحف والاوانی وغیرھا اذا کانت تخلص بالاذابۃ کہ جس طرح مصحف میں جو ستارے لگائے گئے ہیں ان کی زکوٰۃ ہے۔ کامدانی میں سلمیٰ ستارے لگائے جاتے ہیں۔ ان کی بھی زکوٰۃ ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۵۱۹) از دھوراجی ٹھکانہ کپڑا بازار ضلع کاٹھیا واڑ۔ مرسلہ جناب حاجی عبداللطیف ایوب صاحب ۲۴ر شوال ۴۹ھ

۱۔ ایک شخص کے پاس سال تمام پر صرف ایک سو روپیہ نقد بچتا ہے وہ اس کی زکوٰۃ میں ڈھائی روپے کے بدلے ڈھائی تولہ چاندی دینا چاہتا ہے تو زکوٰۃ ادا ہوگی یا نہیں کیونکہ ڈھائی تولہ چاندی سکہ کے ایک روپے میں ملتی ہے۔ اور روپے کی زکوٰۃ روپے سے ادا کرنے میں ڈھائی روپیہ دینا پڑتا ہے تو چاندی دینے سے زکوٰۃ ادا ہو جائیگی یا نہیں یا کوئی کراہت تو نہیں لازم آتی۔

(۲) ایک شخص کے پاس تجارتی کپڑا، غلہ وغیرہ مال اور نقد روپیہ بھی ہے سب ملا کر ایک ہزار روپیہ کا ہے جس کی زکوٰۃ پچیس روپیہ ہوتی ہے وہ بھی پچیس روپیہ سکہ وارکہ بدلے پچیس تولہ چاندی دینا چاہتا ہے جو صرف دس روپے میں ملتی ہے تو کیا مبلغ چاندی دینے سے زکوٰۃ ادا ہو جائے گی یا نہیں یا کچھ کراہت لازم آئے گی۔

عــہ یعنی آٹھ ماشے سونے کی چاندی خریدیں تو یہ چاندی اس آٹھ ماشے چاندی کے ساتھ مل کر چاندی کی خمس نصاب ہو جائے گی خمس نصاب ایک تولہ چھ ماشہ ہے اور یہ ظاہر ہے کہ آٹھ ماشے سونے کی قیمت اس زمانے میں بھی اتنی تھی کہ ایک تولہ چاندی ضرور مل جاتی۔ اور آج تو آٹھ ماشے سونے میں چاندی کئی تولے ملے گی۔ عــہ چاندی سونے کا جو کام تلوار یا پیٹی یا لگام یا زین پر ہو یا وہ ستارے جو مصحف شریف، اور برتنوں پر ہوں یا کسی چیز ان پر زکوٰۃ ہے۔ اگر یہ چاندی پگھلانے سے علیحدہ ہو جائے۔ علامہ شامی کا وغیرہ کی تعمیم اس پر دلیل ہے کہ کپڑوں پر جو کامدانی چاندی یا سونے کی ہوگی اس پر زکوٰۃ واجب ہے اگرچہ خود یا دوسرے سامان کی چاندی یا سونے سے ملا کر بقدر نصاب ہوں۔

(بقیہ اگلے صفحہ پر)

الجواب: اگر اس شخص کے پاس روپیہ ہی ہے تو زکوٰۃ میں ڈھائی روپیہ کی جگہ ڈھائی تولہ چاندی بھی دینے سے زکوٰۃ ادا ہو جائیگی کہ زکوٰۃ میں سکہ کا دینا ضروری نہیں اور جب اسی جنس سے ادا کی جائے تو چالیسواں حصہ دینا واجب ہے اگرچہ اس کی مالیت کتنے ہی کی ہو۔ مثلاً چاندی کا برتن یا زیور ہو کہ صنعت کی وجہ سے اس کی قیمت زیادہ قرار پائے، تو اس قیمت کا چالیسواں واجب نہیں بلکہ اس کی چاندی کا چالیسواں حصہ واجب ہوگا۔ اور اگر نوٹ یا گنی ہو اور چاندی زکوٰۃ میں دینا چاہیں تو اس نوٹ یا گنی کی جتنی چاندی آتی ہو اس کا چالیسواں حصہ دینا ہوگا مثلاً سو روپیہ کے نوٹ کی ڈھائی سو تولہ چاندی آتی ہو تو سوا چھ تولہ چاندی دینی ہوگی۔ واللہ تعالے اعلم

الجواب: مال تجارت اگر ہے تو اس کی قیمت کا چالیسواں حصہ دینا ہوگا۔ اور ظاہر ہے کہ صورت مفروضہ میں سو روپیہ کے مال کی چاندی ڈھائی سو تولہ ہوئی۔ نہ کہ سو تولہ۔ لہٰذا چاندی دینا چاہے تو اس مال کی جتنی چاندی ہو اس کا چالیسواں حصہ[عہ] دینا ہوگا۔ واللہ تعالے اعلم۔

مسئلہ (۵۲۰) از شہر پورنیہ محلہ سید باڑہ مرسلہ شمس العالم صاحب ۲۵ شعبان المعظم ۶۲ھ

زیور اور نقد روپیہ کی زکوٰۃ سال میں کس حساب سے دینا چاہیے جس وقت زیور تیار کیا گیا تھا اس وقت سونے کی کم قیمت تھی۔ اور اس وقت بہت زیادہ ہے۔ زکوٰۃ دی جائے تو کس حساب سے۔ سونے اور چاندی کی سینکڑا کے حساب سے کیا زکوٰۃ ہے جس کے پاس زیور رہو اور نقد روپیہ نہ ہو تو وہ کس طرح زکوٰۃ دے۔ روپیے کے ہونے کا انتظار کرے یا زیور بیچ کر ادا کرے۔

الجواب: زیور یا روپیہ کی زکوٰۃ جب کہ وہ بقدر نصاب ہوں ان کا چالیسواں حصہ ہے۔ مثلاً دو سو روپیہ کی زکوٰۃ پانچ روپیہ۔ اگر سونے کی زکوٰۃ سونے ہی سے دیں جب تو اس کا چالیسواں حصہ دیا جائے۔ مثلاً ۴۰ تولہ سونا کی زکوٰۃ ایک تولہ سونا۔ اور اگر روپیہ یا چاندی سے زکوٰۃ دینا چاہے تو سونے کے چالیسویں حصہ کی جو قیمت اس وقت یعنی دینے کے وقت ہو اس کا اعتبار کیا جائے گا۔ خریدنے کے وقت کی قیمت کا اعتبار نہیں کیا جائے گا۔ زیور موجود ہے روپیہ موجود نہیں ہے اور سال پورا ہو گیا تو روپیہ آنے کا انتظار کرنا ضروری نہیں۔ خود اسی زیور کا چالیسواں حصہ زکوٰۃ میں دیدے۔ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ واللہ تعالے اعلم۔

مسئلہ (۵۲۱) مرسلہ مولوی محمد یوسف صاحب از ترائی نیپال موضع بیلا ۲۴ ذیقعدہ ۶۲ھ

بقیہ گذشتہ صفحہ کا:- جیسا کہ صورت مسئولہ میں ہے کپڑے کی کا مدانی بہت آسانی کے ساتھ الگ ہو سکتی ہے۔ عہ ڈھائی سو تولے چاندی کا چالیسواں حصہ چھ تولے تین ماشے ہوئی یہ حساب کی آسانی کے لئے ہے ورنہ صحیح حساب میں کچھ کمی ہوگی مگر وہ حساب پیچ در پیچ اتنا لمبا ہے کہ عوام کے لئے الجھن اور دشواری کا باعث ہو۔ اس لئے یہی بتایا جاتا ہے کہ ہر سو میں ڈھائی روپے۔ اللہ کی راہ میں کچھ زیادہ چلا جائے یہ بہتر ہے بنسبت اس کے کہ کچھ کمی رہ جائے۔ وہ بھی ادا ہیگا فرض میں۔ واللہ تعالے اعلم۔ امجدی۔

ایک شخص کے پاس نصاب تک گائے ہے اور وہ اس نیت سے پالے ہوئے ہے کہ دودھ کھاؤں گا اور وقتاً فوقتاً بضرورت فروخت بھی کروں گا۔ تو اس پر زکوٰۃ واجب ہوگی یا نہیں۔

مسئلہ (۵۲۲) ایک شخص اپنے نوکروں سے میدان میں دن بھر گائے چرواتا ہے اور رات میں بقدر وسعت کچھ کھلاتا ہے تو اس پر زکوٰۃ دینا واجب ہوگی یا نہیں۔

الجواب: جانور میں زکوٰۃ اس وقت واجب ہوتی ہے جب کہ وہ سائمہ ہو یعنی سال کے اکثر حصہ میں چرنے پر گزر کرتا ہو۔ اگر وہ گائیں دودھ کھانے کے لئے ہیں اور سائمہ ہیں تو ان کی زکوٰۃ واجب ہے جب کہ وہ مقدار نصاب کو پہنچ گئی ہوں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

الجواب: اگر وہ گائیں مقدار نصاب کو پہنچ گئی ہوں تو زکوٰۃ واجب ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۵۲۳) مسئولہ مولوی احسان علی طالب علم مدرسہ اہلسنت ۱۳ ربیع الآخر ۷۰ھ

جس زمین کا پانچ روپیہ بیگہہ کسی کا فراجہ کو دیتے ہیں اس کے غلہ سے عشر دیا جائے یا نہیں۔ اور زمین کا فراجہ کی ہے۔ مگر کاشتکار کو اختیار ہے جب چاہے زراعت کرے۔ اس کو پورا اختیار ہے۔ بینوا توجروا۔

الجواب: زمین کی تین قسمیں ہیں۔ عشری، خراجی، نہ عشری نہ خراجی۔ اول وسوم دونوں کا ایک حکم ہے یعنی عشر دینا۔ درمختار میں ہے یجب العشر في ارض غير الخراج ولو غير عشرية اور جب وہ زمین کافر کی ہے تو خراجی ہے لہٰذا خراج واجب ہے عشر واجب نہیں۔ رہا یہ امر کہ کاشتکار پر خراج واجب ہے یا نہیں۔ اس میں دو صورتیں ہیں خراج مقاسمہ کہ سلطنت اسلام سے پیداوار کا کوئی جز، تہائی، یا چوتھائی وغیرہ مقرر ہو۔ اور خراج موظف کہ سالانہ روپئے وغیرہ سے کوئی مقدار معین مقرر ہو۔ اگر خراج موظف ہو جب تو کاشتکار[۲] پر بالاتفاق خراج واجب نہیں۔ اور اگر خراج مقاسمہ ہے تو فتویٰ اس پر ہے کہ کاشتکار پر خراج

---

[۱] گائے کی نصاب تیس عدد ہیں۔ تیس گایوں سے کم میں زکوٰۃ نہیں۔ تیس گایوں میں ایک سال بھر کا بچھڑا یا بچھڑی اور انتالیس تک یہی ہے چالیس میں دو سال کا بچھڑا یا بچھڑی۔ انسٹھ تک یہی حکم ہے۔ ساٹھ میں دو عدد یکسالہ بچھڑا یا بچھڑی۔ پھر انہتر تک یہی ہے۔ ستر میں ایک یکسالہ بچھڑا یا بچھڑی اور ایک دو سالہ بچھڑا یا بچھڑی اناسی تک یہی ہے پھر اسی میں دو، دو سالہ بچھڑا یا بچھڑی۔ ضابطہ یہ ہے کہ نو عدد ہر دو نصاب کے مابین معاف ہے اور ہر دہائی پر یک سالہ بچہ دو سالہ سے اور پھر دوسری دہائی پر ایک دو سالہ دو یکسالہ بچے سے بدل جائے گا۔

[۲] یہ مسئلہ تفصیل طلب ہے۔ زمین کا اصل مالک زمیندار ہے اور کاشتکار کرایہ دار۔ یہ مسئلہ ۷۰ھ مطابق ۱۹۵۱ء کا ہے اس زمانے کے قانون کی رو سے مالک زمین زمیندار تھا۔ کاشتکار کھیت کا کرایہ دار یعنی اجیر۔ زمیندار بشرائط مقررہ لگان پر کاشتکار کو کھیت دیتا تھا۔ کاشتکار کھیت کو بیچ نہیں سکتا تھا۔ اگر کاشتکار مالک ہوتا تو لگان لینا ظلم تھا۔ اور کھیت کا شتکار بیچ سکتا۔ اس سے ظاہر ہو گیا کہ کھیت کا مالک زمیندار ہے اور کاشتکار اجیر کرایہ دار۔ بعد میں بے دخلی کا قانون بنا۔ یہ بھی زمیندار کی ملکیت پر اثر انداز نہیں۔ کسی بھی حتی کہ مسلمانوں کی بھی حکومت کا کوئی قانون خلاف شرع قابل لحاظ نہیں

ہے۔ درمختار میں ہے والعشر علی المؤجر کخراج موظف۔ ردالمحتار میں ہے فانہ علی المؤجر اتفاقا لتعلقہ بتمکن الزراعۃ لا بحقیقۃ الخارج واما خراج المقاسمۃ وھو کون الواجب جزأ شائعا من الخارج کثلث وسدس ونحوھما فعلی الخلاف کذا فی شرح درر البحار۔ نیز اسی میں ہے لکن فی زماننا عامۃ الاوقاف من القری والمزارع لرضا المستاجر بتحمل غراماتہا ومؤنہا یستاجرھا بدون اجر المثل بحیث لا تفی الاجرۃ ولا اضعافہا بالعشر او خراج المقاسمۃ فلا ینبغی العدول عن الافتاء بقولہما فی ذلک اور کاشتکار[ع] جو کچھ اوس کا فرزمیندار کو دیتا ہے وہ زمین کا کرایہ ہے خراج سے اس کو کچھ تعلق نہیں۔ بلکہ خراج فقراء وغیرہ پر جو مصارف خراج ہوں خرچ کرے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۵۲۴) مرسلہ مولوی محمد یوسف صاحب از ترائی نیپال موضع بیلا ۲۳ ذیقعدہ ۱۳۴۶ھ

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین ان مسئلوں میں کہ زمین کی پیداوار میں اس وقت کے سیر سے یعنی نمری سیر سے اہل زراعت پر کتنی زکوٰۃ واجب ہوگی۔ اور شرع نے خراجی زمین کی پیداوار میں کچھ رعایت کی ہے یا نہیں۔ اگر رعایت کی ہے تو خراجی زمین میں کتنی زکوٰۃ واجب ہوگی۔ تحریر فرمائیں۔

مسئلہ (۵۲۵) ایک شخص نے غلہ پیدا ہونے کے وقت غلہ کی زکوٰۃ ادا کر دی ہے۔ اور سال تمام ہوجانے پر بقدر نصاب حوائج اصلیہ سے زیادہ غلہ باقی ہے تو اب اس پر دوبارہ زکوٰۃ دینا واجب ہے۔ یا پہلی زکوٰۃ کافی ہے۔ اگر واجب ہوگی تو کس حساب سے ایا پہلے کے حساب سے مثلاً پہلے من میں چار سیر دی تھی۔ یا اس غلہ کا حساب کیا جائے گا کہ اس کے کتنے روپے ہوئے تو اب روپے میں واجب ہوگی اور اگر واجب ہوگی تو کتنے روپے میں کتنے روپے زکوٰۃ دینی ہوگی۔ اور اس وقت جو نوٹ اور روپیہ رائج ہے اس میں کیا فرق ہے۔ کتنے روپے اور نوٹ میں زکوٰۃ واجب ہوگی۔

الجواب: زمین کی پیداوار میں عشر واجب ہے یعنی جو کچھ پیدا ہو اس کا دسواں حصہ اور بعض صورتوں میں بیسواں حصہ بھی واجب ہوتا ہے مگر ہندوستان میں عموماً یہ صورت نہیں ہے۔ لہٰذا فی من چار سیر عشر دیا جائے۔ زمین خراجی میں خراج واجب ہوتا ہے اور وہ دو قسم ہے۔ خراج مقاسمہ وخراج موظف۔ اگر معلوم ہو کہ اسلامی سلطنت نے اتنا خراج اس زمین پر مقرر کیا تھا تو وہی دیا جائے

بقیہ گذشتہ: جب کاشتکار کرایہ دار ہے زمین کا مالک نہیں۔ تو اس پر خراج موظف نہیں۔ اس لئے کہ خراج موظف زمین کے مالک پر ہے زمین کے کرایہ دار مزارع پر نہیں۔ اور کاشتکار کرایہ دار مزارع ہے لہٰذا اس پر خراج موظف نہیں آگے درمختار کی عبارت آرہی ہے والعشر علی المؤجر کخراج موظف۔ عشر خراج موظف کی طرح زمین کے مالک پر ہے۔ ع یہ حکم اس صورت میں ہے کہ زمین پر خراج مقاسمہ ہو اور خراج مقاسمہ مالک زمین پر نہیں مزارع کاشتکار پر ہے یہی قول مفتی بہ ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ امجدی۔

اور معلوم نہ ہو تو وہ خراج دیا جائے جو حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے مقرر فرمایا تھا۔ وہ یہ ہے کہ فی جریب ایک درہم اور اس زمین کی پیداوار سے ایک صاع غلہ اور خربوزے تربوزکی پالیز اور کھیرے ککڑی ترکاریوں میں فی جریب پانچ درہم جریب کی مقدار انگریزی گز سے ۳۵ گز طول اور ۳۵ گز عرض ہے۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

الجواب: ایک بار جس غلہ کا عشر ادا کر دیا سال گزرنے کے بعد اگر اس غلہ میں کا باقی ہے تو اس پر دوبارہ عشر یا زکوٰۃ کچھ واجب نہیں۔ نوٹ اور روپیہ میں فرق یہ ہے کہ روپیہ ثمن خلقی ہے اور نوٹ ثمن اصطلاحی۔ مگر وجوب زکوٰۃ میں جتنے روپے کا وہ نوٹ ہے اس کا چالیسواں حصہ زکوٰۃ واجب ہے جیسا کہ چاندی اور سونے کا حکم ہے نوٹ اور روپے کی نصاب دوسو درم ہے جس کے چھپن روپے ہوتے ہیں۔[۵] اگر اس سے کم ہو تو وہ شخص مالک نصاب نہیں اور اس پر زکوٰۃ واجب نہیں۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

مسئلہ (۵۲۶) مرسلہ از مدرسہ منظر العلوم سکندر پور ضلع بلیا۔ ۱۲ شوال ۱۳۴۳ھ

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ متولی مدرسہ اس مدرسہ میں جس میں چھوٹے بچے تعلیم قرآن حاصل کرتے ہوں۔ یا اس مدرسہ کے یتیم و نادار بچوں کی کتاب، قلم، دوات اور تختی اور دیگر ضرورتوں کے لئے صدقۂ فطر صرف کرسکتا ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا

الجواب: متولی مدرسہ صدقۂ فطر کے بیان پر صرف کرسکتا ہے جب کہ یہ صرف کرنا بطور تملیک ہو، نہ اباحت یعنی جو چیزان بچوں کو دی جائے ان کو اوس شئی کا مالک کردیا جائے۔ یہ نہ ہو کہ مدرسہ ان کو کتابیں صرف پڑھنے کو دے یا قلم دوات و تختی لکھنے کو کہ جب ان کی ضرورت پوری ہوجائے تو متولی ان سے واپس لے۔ یوں صدقہ ادا نہ ہوگا۔ در مختار میں ہے ویشترط ان یکون الصرف تملیکا لا اباحۃ اور در مختار و فی محل آخر الاصل فی الکوٰۃ فی المصارف و فی محل حال رد المحتار میں ہے المراد فی احوال الدفع الی المصارف من اشتراط النیۃ واشتراط التملیک فلا تکفی الاباحۃ کما فی البدائع۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

---

[۵] یہ حکم اس زمانے کا ہے جب کہ روپے چاندی کے رائج تھے۔ چاندی کی نصاب دو سو درم جو برابر ہے ساڑھے باون تولے کے۔ اور روپے گیارہ ماشے ۲۰ رتی کے ہوتے تھے۔ لہٰذا روپوں سے چاندی کی نصاب چھپن روپے ہوئی۔ نوٹ ثمن اصطلاحی ہے اُس زمانہ میں دس کا نوٹ مثلاً چاندی کے دس روپے کے برابر تھا۔ لہٰذا نوٹ اگر چھپن روپے کے ہوتے تو نصاب پوری تھی۔ مگر اس کا لحاظ نہ تھا کہ بازار میں چاندی کس بھاؤ بکتی تھی۔ مثلاً ایک زمانہ وہ بھی تھا کہ چاندی ایک روپے کی دو بھر بکتی تھی۔ تو اگر کسی کے پاس اٹھائیس روپے ہوتے تو اس کے پاس اتنے روپے تھے جو چھپن بھر چاندی کی قیمت کے تھے مگر وہ مالک نصاب نہیں تھا۔ کہ چاندی کے سکوں میں بھی اعتبار وزن کا ہے۔ قیمت کا نہیں۔ اور یہی حکم نوٹ کا بھی ہے۔ اس لئے کہ ہر نوٹ اتنے روپوں کا مساوی تھا جو عدد اس پر درج ہوتے۔ لہٰذا جس کے پاس چھپن روپے کے نوٹ ہوتے، وہ مالک نصاب ہوتا۔ اور جس کے پاس کم ہوتے وہ مالک نصاب نہ ہوتا اگرچہ بازار میں اتنے نوٹوں پر چھپن روپے سے زائد چاندی مل جاتی۔ مگر اب روپے نکل کے رائج ہیں اور نوٹ کی اب حیثیت یہ ہوگئی کہ وہ مساوی ہے اتنے عدد ان نکل کے روپوں کے۔ لہٰذا اب نہ چھپن روپے نصاب ہے نہ چھپن روپے کے نوٹ۔ بلکہ اب حکم یہ ہے کہ چھپن روپے

مسئلہ (۵۲۷) از لاڈنوں مدرسہ اسلامیہ اہلسنت مارواڑ مرسلہ قاضی سید محمد طیب علی صاحب رضوی امجدی ۱۷ رمضان ۶۳ھ

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئولہ ذیل میں :-

فطرہ گندم کے بجائے گیہوں کی قیمت بازار بھاؤ سے دینی جائز ہے یا نہیں۔ بازار کے دو نرخ ہیں کنٹرول ریٹ و بلیک بازار کا ریٹ۔ کنٹرول ریٹ سے تین سیر کا بھاؤ ہے۔ چور بازار کا بھاؤ سوا سیر یا ڈیڑھ سیر کا ہے۔ اب فرمائیے کس نرخ سے حساب لگا کر گندم کی قیمت فقیر مسکین کو دی جائے۔ بینوا توجروا۔

مسئلہ (۵۲۸) جس کے پاس ساٹھ یا اسی تولہ چاندی ہو یا چاندی کا زیور۔ نہ خرچ ہو۔ وہ فقیر ہے یا صاحب نصاب ہے اس کو فطرہ وزکوٰۃ دینی جائز ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا۔

الجواب :- صدقۂ فطر میں بجائے گندم ان کی قیمت بھی دے سکتے ہیں۔ عرف شرع میں قیمت اسی کو کہتے ہیں جو اس چیز کا بازار کے حساب سے نرخ ہو اتفاقی طور پر کم یا زیادہ میں کوئی چیز خرید لی جائے اس کو قیمت نہیں کہیں گے۔ بظاہر بھاؤ وہی مانا جائے گا جو آج کل حکومت نے کنٹرول کے طور پر مقرر کر دیا ہے۔ بلیک سے جس قیمت میں چیز ملتی ہے وہ حسب ضرورت کم بیش ہوتی ہے۔ عام طور پر وہ قابل اعتبار نہیں۔ وہو تعالیٰ اعلم۔

الجواب :- چاندی کی نصاب دو سو درہم یعنی ساڑھے باون تولہ چاندی ہے جس شخص کے پاس اتنی چاندی ہے یا اس کا زیور یا اتنی چاندی خریدنے کی قدر نوٹ موجود ہے وہ مالک نصاب وغنی ہے اس کو فقیر نہیں کہا جا سکتا۔ اس پر خود زکوٰۃ فرض ہے اگر اس کو زکوٰۃ دی جائے گی تو ادا نہیں ہوگی۔ وہو تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۵۲۹) از مولوی محمد یوسف صاحب از ترائی نیپال موضع بیلا ۲۳ ذیقعدہ ۶۳ھ

صدقۂ فطر نری سیر سے گیہوں کتنے سیر واجب ہوں گے۔ اور اگر اس کے علاوہ کوئی اور غلہ دینا چاہے۔ مثلاً

بقیہ گذشتہ :- پھر چاندی کی قیمت کے نکل کے روپے ہوں یا نوٹ ہوں۔ تو زکوٰۃ واجب ہوگی۔ مثلاً آج چاندی سولہ روپے بھر ہے تو چھپن روپے بھر چاندی کی قیمت ہوئی آٹھ سو چھیانوے روپے نکل کے۔ یا آٹھ سو چھیانوے روپے کے نوٹ ہوں تو وہ مالک نصاب ہے هذا ما عندی فی تفہیم تولہ۔ والعلم بالحق عند ربی عزوجل وعلمہ تعالیٰ اتم واحکم۔ امجدی عفی عنہ خادم کی رائے یہ ہے کہ یہ حکم اس صورت میں جب کہ صارفین کو کنٹرول کے نرخ پر غلہ ان کی ضرورت کے مطابق مل جاتا ہو۔ اور کنٹرول کی جو عام حالت ہے کہ کنٹرول ہوتے ہی چیزیں بازار سے غائب ہو جاتی ہیں۔ کنٹرول ریٹ پر چیزوں کا حاصل کرنا عوام کا کام نہیں ہوتا۔ عوام کو کنٹرول پر اشیاء ملتی ہی نہیں۔ صرف گورنمنٹ کے ملازمین یا لوگ پاتے ہیں۔ جیسا کہ عام طور پر مشاہدہ ہے تو اب کنٹرول ریٹ قیمت نہ ہوگی قیمت بازار بھاؤ ہے بازار میں جن بھاؤ سے چیزیں ملتی ہیں وہ کنٹرول ریٹ نہیں۔ قانون کی زبان میں بلیک ہو۔ لہٰذا حقیقت میں وہی بازار بھاؤ ہے۔ اسی لئے اس صورت میں بازار بھاؤ ہی کا اعتبار ہے۔ کنٹرول ریٹ کا نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ امجدی۔

دھان، چاول، اور ربوٹ وغیرہ تو کتنا واجب ہوگا یا پیسہ دینا چاہیں تو کتنا پیسہ دینا ہوگا۔

الجواب:۔ اعلیٰحضرت قبلہ قدس سرہ العزیز کی تحقیق یہ ہے کہ نصف صاع کی مقدار ایکسو پچہتر روپے اٹھنی بھر اوپر ہیں۔ لہٰذا اگر گیہوں دیں تو نصف صاع جس کی مقدار ذکر کی گئی اور اگر جو دینا چاہیں تو پورا ایک صاع جس کی مقدار تین سو اکاون بھر روپے بھر ہے۔ اور اگر کسی دوسرے غلہ سے صدقہ دینا چاہیں تو نصف صاع گیہوں یا ایک صاع جو کی قیمت کا وہ غلہ دیں یا قیمت ہی کو صدقہ فطر میں دیدیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۵۳۰) از رانی کھیت جامع مسجد نینی تال مرسلہ مولوی قاری جلیل الدین صاحب ۱۹ ربیع الآخر ۴۳ھ

صدقہ فطر رائج الوقت انگریزی سیر سے کس قدر مقدار میں دینا واجب ہے خطبہ علمی میں ڈیڑھ سیر سے کچھ زائد۔

سیرے تولا بریلی کے جو اسی سیر کو، مقدار اکرم اک چھٹانک اور ڈیڑھ سیر آدھ سو

جناب مولوی عبد الکافی صاحب الہ آبادی اپنے خطبہ میں یہ عبارت تحریر فرماتے ہیں "صاع بوزن انگریزی رائج الوقت احتیاطاً ڈھائی سیر کا ہوتا ہے۔ انتہیٰ" مولوی صاحب ممدوح کی تحریر پر صرف سوا سیر دینا کافی ہو جاتا ہے۔ دریافت طلب امر ہے۔ کہ نصف صاع سوا سیر ہو یا کم ڈیڑھ سیر؟ بینوا توجروا۔

الجواب:۔ صاع کے وزن میں اختلاف ہے اور حسب تحقیق علامہ شامی کہ یہی احوط ہے۔ یہ ہے کہ وزن صاع تین سو اکاون[351] روپے بھر کا قرار دیا جائے۔ کہ اس حساب سے نصف صاع ایک سو پچہتر روپے اٹھنی بھر اوپر ہوتا ہے۔ فقیر اسی حساب سے صدقہ فطرہ دیتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۵۳۱) مرسلہ حافظ محی الدین عرف لعل محمد از منڈ واضلع فتح پور۔ ہسوہ۔

حضرات علمائے کرام اہلسنت وجماعت امر ذیل میں کیا ارشاد فرماتے ہیں:۔

صدقہ فطر کے وزن میں اختلاف ہے۔ بعض مثلاً مولینا عبد الحی صاحب مرحوم لکھنوی اشتر جو کا درہم اور

ع۵ بوٹ یعنی چنا۔ ع۵ بریلی شریف کا سیر اعلیٰحضرت قدس سرہ کے عہد میں سو روپے بھر تھا۔ علمی صاحب اعلیٰحضرت قدس سرہ کے والد حضرت مولانا رضا علی صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے شاگرد ہیں۔ ان کے زمانے میں بریلی شریف کا سیر کتنا تھا وہ بالیقین معلوم نہیں۔ خطبہ علمی ابھی تک یہاں موجود نہیں کہ اس پر کچھ لکھا جائے۔ آگے صاع کی پوری تحقیق آتی ہے ناظرین انشاء اللہ تعالیٰ اس کو پڑھ کر پورے طور پر مطمئن ہو جائیں گے۔ ع۵ جو کا حوالہ دے کر عوام کو چھوڑ دیا جائے تو جا بجا نزاع پیدا ہوگی وہ ظاہر ہے۔ یہی گنگوہی صاحب نے اپنے فتاویٰ میں کیا ہے۔ درمختار کے ساتھ ساتھ علامہ شامی نے اس پر جو لکھا ہے اسے بھی نقل کر دیا جائے تو عوام تو عوام علماء تک تشویش میں مبتلا ہو جائیں گے اسی لئے اعلیٰحضرت امام احمد رضا قدس سرہ اور ان کے تلامذہ رائج الوقت وزن سے اس کی مقدار بتاتے ہیں جزاہم اللہ تعالیٰ عن الاسلام وعن المسلمین خیر الجزاء۔ امجدی۔

الجواب: صاع کی مقدار ایک ہزار چالیس درہم ہے۔ درمختار میں ہے وھو ای الصاع المعتبر مایسع الفا و اربعین درھما یا یوں کہا جائے کہ صاع آٹھ رطل کا ہوتا ہے۔ ردالمحتار میں ہے اعلم ان الصاع اربعۃ امداد والمد رطلان عـــہ درہم کی مقدار ۳ ماشے ۱ $\frac{1}{5}$ رتی ہے اور مثقال ساڑھے چار ماشے کا ہوتا ہے۔ صاع حقیقۃً ایک ناپ کا نام ہے وہ کوئی وزن نہیں ہے، اور چونکہ وہ ناپ جاری نہیں اور جہاں جاری ہی ہے تو اختلاف امکنہ و ازمنہ سے مختلف ہوتے رہتے ہیں جس طرح یہاں ہندوستان میں سیر ہے کہ سب جگہ اس کا وزن ایک نہیں مختلف قسم کے سیر جاری ہیں۔ اسی طرح صاع بھی مختلف نہیں لہٰذا وزن سے اس کی تحدید کردی گئی کہ باوجود اختلاف ازمنہ اس کی مقدار معلوم کی جاسکے یعنی اس وزن کا غلہ جس ظرف میں سمائے وہ صاع ہے۔ مگر وہ غلہ جس سے صاع بنایا جائے کیا ہونا چاہئے اسمیں فقہاء کا اختلاف ہے۔ کسی نے مونگ اور مسور سے صاع بنانے کو فرمایا۔ درمختار میں اسی کو اختیار کیا۔ اور وجہ یہ بتائی کہ ان کے دانے یکساں ہوتے ہیں۔ ہلکے بھاری نہیں ہوتے۔ اور گیہوں یا جو چونکہ ہلکے بھاری ہوتے ہیں ان سے صاع نہیں بناتے۔ مگر دوسرے فقہاء یہ فرماتے ہیں کہ صدقۂ فطر میں گیہوں یا جو دیئے جائیں گے

عـــہ رطل بیس استار اور استار ساڑھے چار مثقال اور مثقال ساڑھے چار ماشے اور انگریزی روپیہ سوا گیارہ ماشے۔ اس طرح روپوں سے ایک صاع کا وزن دو سو اٹھاسی روپے بھر اور تولوں سے دو سو ستر تولے ہوا۔ اسلئے کہ تولہ بارہ ماشے کا ہوتا ہے شامی میں ہے۔ اعلم ان الصاع اربعۃ امداد والمد رطلان والرطل نصف من۔ والمن بالدراہم مائتا وستون درھما وبالاستار اربعون والاستار بالدراہم ستۃ و نصف وبالمثاقیل اربعۃ ونصف کذا فی شرح درر البحار عـــہ صاع چار مد کا ہے اور مد دو رطل کا اور رطل نصف من اور من درہم سے دو سو ساٹھ درہم اور استار سے چالیس اور استار ساڑھے چھ درہم کا یا ساڑھے چار مثقال کا۔ کشف الغطاء میں ہے بدانکہ معتبر نزد ما عراقی است وآں ہشت رطل است ورطل بیس استار و استار چہار و نیم مثقال و مثقال بست قیراط و قیراط یک حبہ و چہار خمس حبہ وحبہ کہ آنرا بفارسی سرخ گویند ہشتم حصہ ماشہ است۔ پس مثقال چہار و نیم ماشہ باشد۔ اس کا حاصل یہ ہوا کہ ایک رطل نوے مثقال کا اور روپے ڈھائی مثقال یعنی سوا گیارہ ماشے تو ایک رطل چھتیس روپے بھر ہوا۔ اور جب صاع آٹھ رطل تو صاع کا وزن روپوں سے دو سو اٹھاسی روپے بھر ہوا۔ اور نصف صاع ایک سو چوالیس روپے بھر۔ اب جو مرحلہ دشوار ہے وہ یہ ہے۔ کہ صاع ایک پیمانہ ہے اور ہر پیمانہ کسی چیز کو تول کر بنتا ہے۔ حل طلب یہ بات ہے کہ جب صاع دو سو اٹھاسی روپے بھر ہوا تو کیا چیز دو سو اٹھاسی روپوں سے تول کر یہ پیمانہ بنائیں۔ مونگ، مسور، چنا، گیہوں، جو، بھس، بھوسی۔ پھر مٹر، جو، گیہوں مختلف ہوتے ہیں ظاہر ہے کہ ان میں سے ہر ایک کی مقدار مختلف ہوگی۔ بھس اور بھوسی تول کر جو پیمانہ بنے گا وہ بڑا ہوگا۔ جو کا اس سے چھوٹا۔ گیہوں کا اور چھوٹا۔ مٹر و کا سب سے چھوٹا۔ اسی وجہ سے علماء کے مختلف اقوال ہیں بعض نے ماش اور مسور کا پیمانہ مراد لیا۔ درمختار میں اسی کو اختیار فرمایا۔ اور صدر الشریعۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے شرح وقایہ میں کھوٹے گیہوں کا اعتبار کیا۔ اور علامہ شامی نے جو کے صاع کو احوط بتایا۔ اعلیٰحضرت قدس سرہٗ نے فتاویٰ رضویہ میں اسی کو اختیار فرمایا اس کا سبب یہ ہے کہ صاع اسی کا لینا بہتر ہے جن چیزوں سے صدقۂ فطر ادا ہوتا ہے۔ وہ جو، گیہوں، چھوہارا، منقی ہے۔ ماش اور مسور سے صدقۂ فطر ادا نہیں کیا جاتا اسی لئے ماش اور مسور ساقط ہیں۔ چھوہارا اور منقی ایسی چیزیں ہیں کہ یہ چھوٹے بڑے، موٹے پتلے ہونے میں بہت زیادہ مختلف ہوتے ہیں۔ اس لئے ایک قسم کے چھوہارے یا منقوں کو تول کر کسی برتن کو بھریں پھر دوسرے چھوہاروں کو تول کر ناپیں تو ضرور بہت زیادہ کمی بیشی ہو جائے گی۔ اسلئے اب وہ جاتے ہیں جو اور گیہوں۔ اب دیکھنا ہے کہ عہد رسالت کی غذا ان دونوں میں سے کون تھی۔ اس لئے کہ صاع نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہی معتبر ہے اور وہ اسی

لہٰذا جو وزن بتایا گیا ہے اس وزن کے گیہوں جس ظرف میں سمائے وہ صاع ہوگا نہ کہ مونگ یا مسور۔ رد المحتار میں ہے :-
فان المتبادر من اعتبار نصف الصاع بالوزن عند ابی حنیفۃ رحمہ اللہ تعالٰی اعتبارہ در ذرت البر ونحوہ مما یرید
اخراجہ لا اعتبارہ بالماش والعدس۔ اور ظاہر ہے کہ ماش وعدس کے آٹھ رطل والے ظرف میں گیہوں یا جو آٹھ رطل نہیں سما
سکتے۔ لہٰذا مقتضائے احتیاط یہ ہے کہ ان سے وزن کا اعتبار نہ کیا جائے۔ اس امر کا لحاظ رکھتے ہوئے صدر الشریعۃ نے فرمایا
کہ کھرے گیہوں کو وزن کرکے صاع بنایا جائے۔ علامہ شامی رحمہ اللہ تعالٰی نے جہاں صدر الشریعہ کے اس قول کی تحسین فرمائی۔ یہ
بھی فرمایا کہ امر اٰخر کو لحاظ رکھتے ہوئے زیادہ احتیاط اسمیں ہے کہ جَو کا صاع بنایا جائے کیوں کہ اس کے دانے گیہوں سے بھی
ہلکے ہوتے۔ اور باب عبادات میں احتیاط کو ضرور لینا چاہئے۔ تاکہ یقیناً برات ذمہ ہوجائے۔ ان کا کلام یہ ہے۔ ولکن

بقیہ گذشتہ صفحہ کا :- دانے سے بنا تھا جو عہد نبوی میں عام طور پر کھایا جاتا تھا وہ صرف جَو ہے۔ صحیح بخاری شریف میں حضرت ابوسعید رضی
اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے کان طعامنا یومئذ الشعیر ان دنوں ہماری غذا جو تھی۔ اسی لئے صحیح ابن خزیمہ میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما
سے مروی ہے لم تکن الصدقۃ علی عہد رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم الا التمر الزبیب والشعیر رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے عہد مبارک
میں صدقہ صرف چھوہارا، منقی اور جو تھا۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالٰی عنہ کے زمانے میں گیہوں بکثرت ملنے لگا تو اس سے صدقہ فطر کی مقدار دو مُد یعنی نصف صاع
مقرر ہوئی۔ بخاری میں سیدنا ابوسعید خدری رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے فلما جاء معاویۃ وجاءت السمراء قال اری مدا من ھذا یعدل
مدین اس لئے ظاہر یہی ہے کہ عہد رسالت میں جو صاع تھا وہ جو کا تھا اسی لئے یہی معتبر ہوا۔ اسی بناء پر علامہ شامی نے رد المحتار میں جو کے صاع کو احوط بتایا۔
حاشیہ زیلعی سید محمد امین میرغنی سے نقل کیا ان الذی علیہ مشائخنا بالحرم الشریف المکی ومن قبلھم من مشائخھم وبہ کانوا یفتون تقدیر
بثمانیۃ ارطال من الشعیر حرم کہ معظمہ میں ہمارے مشائخ اور ان سے پہلے ان مشائخ کے مشائخ کا عمل اس پر ہے کہ آٹھ رطل جو سے صاع بنایا جائے اور
یہ اکابر اسی پر فتویٰ دیتے تھے۔ اس سے بھی قطع نظر ایک خاص بات یہ ہے کہ عبادات میں احتیاط پر عمل کرنا واجب ہے۔ جیسا کہ مبسوط امام سرخسی میں ہے
اور یہ ہر ادنیٰ عقل والے پر روشن ہے۔ ماش، مسور، چھوہارے، منقی، گیہوں ان سب سے ہلکا جو ہے۔ اگر جو کے علاوہ ان میں سے کسی سے صاع بنائیں اور جو کو
ناپیں تو جو آٹھ رطل نہ ہوگا۔ ضرور کم ہوگا۔ تو اگر صاع جو کے علاوہ کسی اور کا بنایا گیا تو وہ صاع، اصل صاع نبی سے ضرور چھوٹا ہوگا۔ اور واجب ہے صاع نبی
سے ادا کرنا۔ تو بقدر واجب ادائیگی میں ضرور شبہ ہوگا اور اگر جو کا صاع بنایا جائے تو اس شبہے کی کوئی گنجائش نہیں رہتی۔ لہٰذا تقاضا احتیاط یہی ہوا کہ جو
تول کر صاع بنایا جائے۔ بناء علیہ۔ علامہ شامی رد المحتار میں فرماتے ہیں ولعل ذالک لیحتاطوا فی الخروج عن الواجب بیقین لما فی مبسوط السرخسی
من ان الاخذ بالاحتیاط فی باب العبادات واجب اھ فاذا قدر بذلک فھو یسع ثمانیۃ ارطال من العدس ومن الحنطۃ ویزید
علیھا البتۃ بخلاف العکس فلذا کان تقدیر الصاع بالشعیر احوط اور یہ اس وجہ سے ہے (یعنی جو تول کر صاع بنانا) تاکہ اس احتیاط پر عمل ہوجائے
کہ یقینی طور پر واجب کی ادائیگی سے عہدہ برا ہوجائیں کیونکہ امام سرخسی کے مبسوط میں ہے کہ عبادات میں احتیاط اختیار کرنا واجب ہے۔ جب جو تول کر صاع بنائیں گے
تو اس صاع میں آٹھ رطل مسور بھی سمائیگی۔ اور جو بھی اور کچھ زائد بھی۔ اور اگر گیہوں وغیرہ سے بنائیں گے تو اس صاع میں جو کم آئے گا۔ اسی لئے جو سے صاع
بنانے میں زیادہ احتیاط ہے۔ اب کسی عاقل منصف انداز پر پوشیدہ نہیں رہتا کہ درایۃً بھی اور روایۃً بھی یہی زیادہ مناسب ہے کہ جو سے صاع بنایا جائے
مگر پھر بھی بعض لوگوں پر ایک خاص نکتہ مخفی رہ جاتا ہے۔ اس کی وجہ سے شبہے کے دلدل میں پھنسے رہ جاتے ہیں۔ وہ یہ ہے کہ جب صاع کا وزن آٹھ رطل ہے تو آٹھ

علی ھذا الاحوط تقدیرہ بالشعیر و لہذا نقل بعض المحشین عن حاشیۃ الزیلعی للسید محمد امین میر غنی ان الذی علیہ مشائخنا بالحرام الشریف المکی و من قبلہم من مشائخہم و بہ کانوا یفتون تقدیرہ بثمانیۃ ارطال من الشعیر و لعل ذلک لیحتاطوا فی الخروج عن الواجب بیقین کما فی مبسوط السرخسی من ان الاخذ بالاحتیاط فی باب العبادات واجب اھ اس تحقیق انیق کا لحاظ فرما کر اعلیٰحضرت قبلہ قدس سرہ العزیز نے جَو سے پیمانہ بنا کر گیہوں کو وزن کیا تو تین سو اکاون روپے بھر ہوئے۔ اور نصف صاع ایک سو پچہتر روپے اٹھنی بھر اوپر۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ( ) از پالی مارواڑ محلہ چھیپان علاقہ جودھپور، مرسلہ عثمان غنی ولد عبد الرحمٰن جی سوجت والے۔

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام و مفتیان عظام مسائل ذیل میں:-

اس زمانہ میں بوجہ جنگ ہر چیز گراں ہو گئی ہے اور گورنمنٹ نے کنٹرول کر دیا ہے اور غلہ پر بھی کنٹرول ہے۔ اب فی کس ماہوار کے حساب سے جو مقرر کیا ہے، دیتی ہے جس کا بھاؤ ایک روپیہ کا چار سیر شاہجہانی تول سے رکھا ہے۔ اب یہ غلہ ہمارے لئے کافی نہیں ہوتا۔ تو ہم کو بلیک بازار سے گراں اناج لانا پڑتا ہے۔ اب اس صورت میں صدقۂ فطر ادا کرنا چاہیں تو کس کا لحاظ رکھیں جو گورنمنٹ نے بھاؤ بتایا ہے، یا بلیک بازار کا۔ اسی طرح اگر قیمت دیں تو کس کا لحاظ کیا جائے۔

الجواب:- صدقۂ فطر میں گیہوں اور جَو کی جگہ پر ان کی قیمت دینا بھی جائز ہے۔ اور قیمت میں بازار کے نرخ کا اعتبار ہو گا۔ آجکل جہاں کنٹرول ہے کنٹرول ہی کی قیمت مقرر کردہ اصلی قیمت شمار ہوتی ہے۔ لہٰذا کنٹرول کے حساب سے گیہوں کی قیمت ادا کرنے سے انشاء اللہ صدقۂ فطر ادا ہو جائے گا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بقیہ حاشیہ ماضیہ:- سو رطل تول کر ہم صدقۂ فطر ادا کر دیں کیا حرج ہے۔ یہ شبہ اس خاص نکتے سے غفلت کی وجہ سے ہوتا ہے کہ وہ سمجھتے ہیں کہ صدقۂ فطر تول کا ادا کرنے کا حکم ہے۔ حالانکہ ایسا نہیں حکم یہ ہے کہ صاع نبوی سے ناپ کر ایک صاع جو وغیرہ اور نصف صاع گیہوں ادا کریں۔ یا ان کی بازار بھاؤ سے قیمت دیں۔ اس لئے کہ عہد نبوی و صحابہ میں ناپ ہی کر ادا کیا جاتا تھا۔ تمام فقہاء یہی فرماتے ہیں کہ جَو وغیرہ ایک صاع اور گیہوں نصف صاع واجب ہے۔ اور صاع پیمانہ ہے تو لازم کہ صاع سے ناپ ہی کر ادا کرنے کا حکم ہے اور اگر تول کر ادا کرنے کا حکم ہوتا تو فقہاء یہ فرماتے آٹھ رطل یا چار رطل ادا کرے۔ اب حاصل یہ نکلا کہ صاع نبوی سے جو آٹھ رطل یعنی دو سو اٹھاسی روپے جو تول کر صاع بنائے۔ اور اس صاع سے ناپ کر جَو وغیرہ ایک صاع اور گیہوں وغیرہ نصف صاع صدقۂ فطر دے۔ یہ ہر شخص کو اختیار ہے کہ دو سو اٹھاسی روپے بھر جَو تول کر کوئی پیمانہ بنالے۔ اس سے ناپ کر گیہوں وغیرہ نصف صاع ادا کرے مگر اسمیں دشواری تھی۔ اس لئے اعلیٰحضرت امام احمد رضا قدس سرہ نے مسلمانوں کو اس مشکل سے بچانے کے لئے۔ ایک سو چوالیس روپے بھر جو تول کر ایک تام چینی کے پیالے میں بھرا۔ اتفاق کہ اس تام چینی کے پیالے میں یہ جو برابر آئے۔ نہ کچھ کم ہوئے نہ زیادہ ابھرے رہے نہ گہرے۔ تو گویا یہ تام چینی کا پیالہ نصف صاع ہوا۔ اس تام چینی کے پیالے کو پھر گیہوں سے بھرا۔ اسی طرح کہ نہ کم نہ زیادہ نہ ابھرے ہوئے نہ گہرے۔ یہ گیہوں کی صدقۂ فطر کی شرعی مقدار ہو گیا۔ اب

مسئلہ (۵۳۳) مسئولہ محمد حبیب صاحب محلہ خواجہ قطب ۲۱ جمادی الاخر ۱۳۴۰ھ

(۱) نکاح و شادی میں یہاں دختر والوں کی طرف سے اکثر رواج ہے کہ دولھا کے اقارب کو بہنوئی کے جوڑے دیئے جاتے ہیں پس ان جوڑوں میں جن اقارب کو غریب سمجھا جائے اگر زکوٰۃ میں سے یا وصیت میں جوڑا دیا جا سکتا ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا۔

(۲) ایک شخص کے پاس نقد کھانے تک کو نہیں مگر جائداد دیہی مشترکہ میں یا دوکان مشترکہ میں اوس کے حصہ کی قیمت مثلاً سو روپے یا دو تین سو روپے ہے پر منافع یا کرایہ اس کا قابل گزر نہیں ایسے شخص کو روپیہ زکوٰۃ کا یا وصیت کا دیا جا سکتا ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا۔

الجواب (۱) اگر وہ بنی ہاشم سے نہ ہو تو بہ نیت زکوٰۃ اسے دے سکتے ہیں کہ یہ ویسا ہی ہے جیسے عید بقر عید میں خدام وغیرہ کو عیدی دیتے ہیں۔ فتاویٰ عالمگیری میں ہے وکذا (ای یجوز) ما یدفعہ الی الخدام من الرجال والنساء فی الاعیاد وغیرہا بنیۃ الزکاۃ کذا فی معراج الدرایۃ۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

(۲) اس کو بھی زکوٰۃ دے سکتے ہیں۔ فتاویٰ عالمگیریہ میں ہے وکذا لو کان لہ حوانیت او دار غلۃ تساوی ثلثۃ آلاف درہم وغلتہا لا تکفی لقوتہ وقوت عیالہ یجوز صرف الزکوٰۃ الیہ فی قول محمد ولو کان لہ ضیعۃ تساوی ثلثۃ آلاف ولا تخرج ما یکفی لہ ولعیالہ اختلفوا فیہ قال محمد بن مقاتل یجوز لہ اخذ الزکوٰۃ۔ رد المحتار میں تاتارخانیہ سے ہے سئل محمد عمن لہ ارض یزرعہا او حانوت یستغلہا او دار غلتہا ثلثۃ آلاف ولا تکفی لنفقتہ ونفقۃ عیالہ سنۃ یحل لہ اخذ الزکوٰۃ وان کانت قیمتہا تبلغ الوفا وعلیہ الفتویٰ۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۵۳۴) مرسلہ ڈاکٹر شیخ فضیلت حسین صاحب از چتور گڈھ ۴ رجب ۱۳۵۰ھ

کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید ایک عالم اور متمول شخص ہے جو بعہدہ مدرسی للعہ پر زید پور کے اسلامیہ مدرسہ میں ملازم ہے اور بجنور کا باشندہ ہے جہاں کہ اکثر لوگ اس کی قوم اور قریبی رشتہ دار ہیں۔ زید نے اپنے رشتہ دار و قوم اور دیگر مسلمانان بجنور سے اسلامیہ مدرسہ قائم کرنے کے نام پر زکوٰۃ کا روپیہ حسب استطاعت وصول کر کے خود مہتمم اور صدر مدرس بنا اور اسی روپیہ سے اپنی تنخواہ سہ للعہ روپیہ لینا اور دیگر ماتحت مدرسین کو دینا اور اوس کے سوا بیرونجات مدرسہ سفیر بن کر چندہ وصول کر کے لانا اور مدرسہ تعمیر کرانا اور اپنے کو ایسا با اختیار مہتمم بنانا چاہتا ہے جس کے بحالی اور برطرفی کے

بقیہ حاشیہ ماضیہ:۔ اس گیہوں کو تولا تو یہ ایک سو چہتر روپے اٹھنی بھر ہوئے۔ اس لئے تول کر گیہوں سے صدقہ فطر ادا کرنے کی احتیاطی مقدار ایک سو چہتر روپے اٹھنی بھر ہوئی یہ نصف صاع ہوا۔ اور پورا صاع تین سو اکاون روپے بھر۔ یہ تفصیل ہے اس کی جو حضرت صدر الشریعہ قدس سرہ نے بالاختصار تحریر فرمایا ہے جو مناسب یہ جو راسے پرچے گا اسے قبول حق کرنے کے سوا اور کوئی چارہ کار نہ ہوگا۔ وہو اللہ تعالیٰ الہادی وہو اعلم ۱۸ کما فی الرضویہ ۱۴۱۱ھ مفصلا برضا۔ امجدی۔

سلسلے میں کسی کو اختیار نہ ہو نہ اوس کے کوئی حساب و کتاب ہیں نہ کوئی ممبر و مشیر، صرف اپنی ایمانداری اور دیانتداری پر سب کو مطمئن رکھنا چاہتا ہے۔ اگر کوئی مشیر ہوا بھی تو وہی جو اوس کا قریبی رشتہ دار ہے اور سبھی یہی چاہتے ہیں کہ کسی طرح مدرسہ قائم ہو جائے اور بلا تخصیص تمام کی اولاد تعلیم حاصل کرنے لگے۔ دریافت طلب یہ ہے کہ کیا ایسی صورت میں اہل زکوٰۃ کی زکوٰۃ اس حیلہ سے جائز ہو جائے گی۔ کہ زکوٰۃ کسی مسکین کو اس شرط پر دے کر کہ یہ روپیہ زید کو دیدو کہ زید کسی نیک کام یا جہاں مناسب سمجھے صرف کرے۔ نیز مذکورہ بالا صورت اختیار کرکے اپنی مرضی کے مطابق مدرسہ بنانا، زکوٰۃ کا روپیہ دے کر اپنی اپنی اولاد کی تعلیم حاصل کرانا جائز ہوگا۔ بینوا توجروا۔

الجواب:۔ زکوٰۃ کا روپیہ حیلۂ شرعیہ سے نیک کام میں صرف کرنا جائز ہے۔ مثلاً فقیر کو روپیہ دے کر اوسے مالک کر دیا پھر اس فقیر نے اس کے کہنے سے یا بطور خود مدرسہ یا مسجد کے مصارف کے لئے دیا، یا اس کو دوسری جنس کم قیمت سے خرید کر مدرسہ میں صرف کیا گیا تو زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ بلکہ دونوں کو ثواب ہوگا۔ درمختار میں ہے وحیلۃ التکفین بھا التصدق علی فقیر ثم ھو یکفن فیکون الثواب لھما وکذا فی تعمیر المسجد۔ ردالمحتار میں ہے اخرج السیوطی فی الجامع الصغیر لو مرت الصدقۃ علی یدی مائۃ لکان لھم من الاجر مثل اجر المبتدی من غیر ان ینتقص من اجرہ شیئ جب اس طرح زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہے اس حیلہ کے ساتھ مدرسہ کی امداد کرنا اور اس مدرسہ میں اپنی اولاد کو تعلیم دلانا بھی جائز ہے اور زید اگر متدین ہو تو اسے با اختیار مہتمم بنا سکتے ہیں۔ ہاں اگر اس کی بد دیانتی ثابت ہو تو بیشک معزول کرنا لازم ہوگا۔ اور اگر مدرسہ کے روپئے بیجا صرف کرے یا خود کھا جائے تو مسلمان ضرور اسمیں مداخلت کریں گے اور ایسا ثابت ہونے پر برطرف کرنا ضروری ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۱۵۲ مسئولہ مولوی سلیمان صاحب پھلواری۔ ۴ ؍ رجب ۱۳۴۳ھ

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ اخبار امارت مطبوعہ ۳۰ ربیع الثانی ۱۳۴۳ھ پٹنہ میں ایک فتویٰ شائع ہوا ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ جب امیر مقرر ہو گیا تو زکوٰۃ اموال ظاہرہ و باطنہ کی، امیر کو دینا واجب ہے اور اس کے عامل کو۔ اور اگر خود مستحقین کو دیدیگا تو گنہگار ہوگا اور زکوٰۃ ساقط نہ ہوگی۔ اور یہی مذہب ائمہ ثلاثہ یعنی امام اعظم و صاحبین کا ہے پس یہ فتویٰ صحیح ہے یا غلط۔ یہ بات بھی مدنظر رہے کہ جس کو یہ لوگ امیر کہتے ہیں اوس کے نصب کے بعد بھی انگلش گورنمنٹ کی حکومت اور اس کا نظم و نسق علی حالہ جوں کا توں قائم ہے۔

الجواب:۔ یہ فتویٰ صحیح نہیں اولاً یہ فرضی امیر امیر ہی نہیں۔ اگر یہ ادعائے امارت صحیح ہو تو کم از کم اتنا ہی کر دکھایے کہ فتنہ ارتداد جو آجکل ہندوستان میں پھیلا ہوا ہے اس کی روک تھام میں فرائض امارت کو بجا لائے بگر ظاہر ہے کہ اس پر بھی قدرت نہیں پھر یہ عاجزانہ امارت کیسی۔ ثانیاً اموال باطنہ کی زکوٰۃ امیر یا اس کے عامل کو دینا واجب نہیں اور اس پر یہ حکم دینا کہ اسے نہ دے تو گنہگار ہے۔ اور زکوٰۃ

ساقط نہ ہوگی۔ ظلم بالائے ظلم ہے یہ حکم امیر المومنین کے لئے بھی نہیں نہ کہ خود ساختہ امیر کے لئے۔ **ثالثاً** اموال ظاہرہ کی زکوٰۃ سلطان کو لینے کا حق اس وجہ سے ہے کہ وہ ان اموال کی حفاظت کرتا ہے اسی وجہ سے عاشر کے لئے شرط ہے کہ چور اور ڈاکوؤں سے اموال کی حفاظت پر قادر ہو اور یہاں قدرت منتفی۔ تو ان کو زکوٰۃ دینا کیوں واجب۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ (۵۳۶) از دھوراجی کاٹھیاوار مرسلہ حاجی عبد اللطیف ایوب صاحب ۱۱ر شعبان المعظم ۱۳۳۲ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص نے کسی مسکین کو زکوٰۃ کی نیت سے قرض کہہ کر مال دیا تھا مدت دراز کے بعد وہ شخص قرض سمجھ کر واپس دینے آیا۔ اس وقت قرض دینے والا مفلس ہو گیا تھا۔ ایسی صورت میں قرض دینے والا اس مال زکوٰۃ کو کھا سکتا ہے یا کسی دوسرے کو دینا چاہیئے حالانکہ اس وقت وہ خود بھی زکوٰۃ لینے کا مستحق ہے۔

الجواب: جب کہ اس نے بہ نیت زکوٰۃ یہ رقم دی تھی تو اسے واپس لینا جائز نہیں۔ حدیث میں فرمایا لا تعد فی صدقتک اس پر لازم ہے کہ یہ رقم واپس کر دے اب اگر یہ شخص زکوٰۃ لینے کا مستحق ہے تو دوسرے کی زکوٰۃ لے سکتا ہے نہ یہ کہ جو زکاۃ خود دے چکا اس کو واپس لے۔ واللہ تعالٰی اعلم

مسئلہ (۵۳۷) مسئولہ منشی شوکت علی صاحب از بریلی محلہ ذخیرہ۔ ۵ر محرم الحرام ۱۳۳۳ھ

کیا حکم ہے اہل شریعت کا اس مسئلہ میں۔ ایک شخص فقیر جو صاحب نصاب نہیں ہے۔ مگر اس کے پاس ۴۰ بیگہ زمین خام ہے جس میں تین روپے ماہوار اس کو ملتا ہے اور باقی ملازمت وغیرہ سے گذر کرتا ہے۔ اگر وہ شخص زمین بیچے تو چھ سات سو روپے کی فروخت ہو جائے اور رہنے کا ایک مکان بھی ہے۔ الغرض اس کے پاس اسی زمین اور مکان کے علاوہ روپیہ یا زیور بالکل نہیں ہے۔ ایسے شخص کو زکوٰۃ دے سکتے ہیں یا نہیں۔ بینوا توجروا۔

الجواب: رہنے کا مکان حاجت اصلیہ ہے۔ اگرچہ کتنی ہی قیمت کا ہو اس کی وجہ سے غنی نہیں ہو سکتا۔ اور زمین کی آمدنی بھی اتنی نہیں جو اس کے لئے کافی ہو سکے۔ لہٰذا اس شخص کو زکوٰۃ دے سکتے ہیں اگرچہ زمین فروخت کی جائے تو کئی سو کو فروخت ہو مگر چونکہ یہ زمین اوس کے لئے ذریعہ آمدنی ہے جو اوس کے خورد و نوش و دیگر ضروریات میں صرف ہوتی ہے۔ لہٰذا اس کی قیمت کا اعتبار کر کے اسے غنی نہ سمجھیں گے۔ بلکہ یہ فقیر ہی ہے اور زکوٰۃ لے سکتا ہے عالمگیری میں ہے وکذا لو کان لہ حوانیت او دار غلۃ تساوی ثلثۃ آلاف درھم وغلتھا لا تکفی لقوتہ وقوت عیالہ یجوز صرف الزکوٰۃ الیہ فی قول محمد رحمہ اللہ تعالٰی ا۔ ردالمحتار میں تتارخانیہ سے ہے سئل محمد عمن لہ ارض یزرعھا او حانوت یستغلھا او دار غلتھا ثلثۃ آلاف ولا تکفی لنفقتہ ونفقۃ عیالہ سنۃ یحل لہ اخذ الزکوٰۃ وان کانت قیمتھا تبلغ الوفا وعلیہ الفتوٰی۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ (۵۳۸) کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مسائل ذیل میں :۔
زید شیخ ہے اس کے پاس دو ہمشیرہ ہیں ایک سید کے نکاح میں ہے صاحب اولاد بھی ہے اور افلاس میں مبتلا ہے تو کیا زید اس سید اور اپنی بہن اور ان کی اولاد کو زکوٰۃ کی رقم دے سکتا ہے۔

مسئلہ (۵۳۹) زید کی دوسری بہن شیخ کے نکاح میں ہے لیکن اس کا شوہر اس کی بہن کو نان ونفقہ نہیں دے سکتا ہے زید کے پاس رہ کر محنت کر کے گذر کرتی ہے تو کیا زید اپنی اس بہن کو زکوٰۃ کی رقم دے سکتا ہے۔

الجواب :۔ زید اپنی اس ہمشیرہ کو جو سید کے نکاح میں ہے زکوٰۃ دے سکتا ہے اس کی اولاد کو نہیں دے سکتا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

الجواب :۔ زید اپنی اس ہمشیرہ کو بھی زکوٰۃ دے سکتا ہے بلکہ اپنے قریبی رشتہ دار کو دینا غیروں کے دینے سے افضل ہے کہ یہ صدقہ بھی ہے اور صلۂ رحمی بھی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۵۴۰) سید کو مال زکوٰۃ دینا جائز ہے یا ناجائز جب کہ وہ تنگ دست ہوں۔

الجواب :۔ سید کو زکوٰۃ نہیں دے سکتے اور دیں گے تو ادا نہ ہوگی۔ حدیث میں فرمایا انما الصدقات اوساخ الناس لاتحل لمحمد ولا لآل محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اگر وہ حاجت مند ہوں تو اور اموال سے خدمت کریں اور زکوٰۃ ہی کا پیسہ دینا چاہیں تو کسی مستحق زکوٰۃ کو دیں اور مالک کر دیں اور اس سے کہدیں کہ تو اپنی طرف سے فلاں کو دیدے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۵۴۱) بے نمازی جو کبھی پڑھے کبھی نہ پڑھے ایسے کو زکوٰۃ دینا جائز ہے یا نہیں۔

الجواب :۔ نماز ایک وقت کی بھی قصداً ترک کر دینا کبیرہ شدیدہ وجریمہ عظیمہ ہے اور ایسا شخص فاسق گنہگار مستحق نار وغضب جبار ہے مگر اس کی وجہ سے اسے کافر نہ کہیں گے جب تک فرضیت نماز کا انکار یا اس کا استخفاف نہ کرے۔ تو جب وہ مسلم ہے اسے زکوٰۃ دے سکتے ہیں اور ادا ہو جائے گی۔ مگر ظاہر ہے کہ متقی کو دینا فاسق کے دینے سے بہتر ہے حدیث میں ہے لایاکل طعامک الا الصالحون یہاں تک کہ مال زکوٰۃ کو دوسرے شہر میں بھیجنا مکروہ ہے مگر وہ اصلح ہو تو کراہت نہیں۔ کما فی الدر۔ تو جب شرع نے اصلح و صالح کا فرق ملحوظ رکھا تو صالح و فاسق کا فرق بدرجۂ اولیٰ ملحوظ ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۵۴۲) مرسلہ مولوی غلام جیلانی صاحب صدر مدرس مدرسہ اسلامیہ میرٹھ۔ ۱۸ صفر ۱۳۶۰ھ
صدقہ کی تعریف بیان فرما کر ہبہ اور صدقہ میں فرق بیان فرمایا جائے۔

الجواب :۔ صدقہ وہ تملیک عین ہے جس سے مقصود محض ثواب اخروی ہے اور ہبہ سے یہ مقصود نہیں لہٰذا اگر فقیر کو ہبہ کیا تو وہ

بھی صدقہ ہی ہے کہ اس سے ظاہر یہی ہے کہ مقصود ثواب اخروی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

کتاب الصوم

مسئلہ (۴۳۵) از قصبہ فتح گھملاڑ تعلقہ بھکر ضلع بر ڈانہ ملک برار سی پی مرسلہ محمد اسلم خاں ولد محمد سرفراز خاں صاحب ۱۲ رجب ۱۳۴۶ھ

نفل روزے کی سحری کھائیں یا نہیں۔ اور بعد نماز فرض سنت مغرب کی پڑھنے کے بعد افطار کرے یا پہلے۔

الجواب:۔ سحری کھانا مستحب ہے۔ حدیث میں فرمایا تسحروا فان فی السحور برکۃ[عہ] اس میں نفل و فرض کا کوئی تفرقہ نہیں افطار میں تعجیل مستحب ہے۔ نماز سے قبل روزہ افطار کریں۔ درمختار میں ہے ویستحب السحور[عہ] وتاخیرہ وتعجیل الفطر لحدیث ثلث من اخلاق المرسلین تعجیل الافطار وتاخیر السحور والسواک۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۴۳۶) مرسلہ امین الدین۔ ۲۷ رمضان ۱۳۴۱ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ ملک بنگال میں پہلے روزہ کا چاند نظر نہیں آتا چھ ماہ تک ابر رہتا ہے اس صورت میں بدون رویت ہلال رمضان کے روزے رکھنا حساب کی رو سے جائز ہے یا نہیں۔

الجواب:۔ شریعت میں مدار کار رویت یا شہادت پر ہے حدیث میں ہے صوموا[عہ] لرؤیتہ وافطروا لرؤیتہ فان غم علیکم فاکملوا العدۃ ثلثین اور محض قواعد نجوم سے رویت کا ثبوت نہیں ہوسکتا نہ اس پر عمل کرنا جائز۔ درمختار میں ہے ولا عبرۃ[عہ] بقول المؤقتین ولو عدولا علی المذہب واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۴۳۷) مرسلہ محمد مبارک علی صاحب از ضلع فرید پور پوسٹ زیا قاضی صاحب کا آفس ۷ صفر ۱۳۴۲ھ

رویت ہلال برائے روزہ رمضان المبارک شرط است یا واجب یا نفل مستحب مباح۔ و روزیکہ مردمان عرب روزہ رمضان داشتند و عید نمودند۔ ما ہندوستانی و بنگالی مسلمان راہم دریں روز روزہ داشتن و عید نمودن واجب است یا نہ (از حساب) بعضے از بنگالہ میگویند کہ ہلالے روز اول۔ بدون خلیفۃ المسلمین یا سلطان روم نمی بیند۔ از یں جہت

عہ مرقاۃ شرح مشکوۃ میں ہے۔ الصدقۃ قیل ہی منحۃ لثواب الآخرۃ والہدیۃ ان یملک لرجل تقربا الیہ واکراما لہ۔ صدقہ وہ مال ہے جو کسی کو ثواب آخرۃ کی امید پر دیا جائے۔ اور ہدیہ یہ ہے کہ کسی کو کچھ دیا جائے اس کی خوشنودی حاصل کرنے اور اس کے اعزاز کی نیت سے۔ عہ سحری کھاؤ اس لئے کہ سحری کھانے میں برکت ہے۔ عہ سحری کھانا اور اس میں تاخیر اور افطار میں جلدی کرنا مستحب ہے اس لئے کہ حدیث ہے تین چیزیں انبیاء کی سنت ہیں۔ افطار میں جلدی کرنا سحری میں تاخیر کرنا اور مسواک۔ عہ چاند دیکھ کر روزہ رکھو اور چاند دیکھ کر روزہ چھوڑ دو۔ اگر انتیس کو چاند نظر نہ آئے تو تیس دن پورے کرے۔ عہ اہل توقیت اور ریاضی پترا کا قول معتبر نہیں۔ اگرچہ وہ عادل ہوں۔ امجدی۔

اوشاں قبل از روزے از بنگالہ روزہ داشتند و عید نمودند مارا با وشاں اتفاقے نیست ایں چہ ممکن است راست بایں از روئے طلوع مختلف ہلال بہر ملک روزہ راہم مختلف داشتن حکم آمدہ است یعنی افریقہ، لیف لینڈ، عرب، ہندوستان وغیرہ دریں ملک روزے واحد ہلال طلوع نمی شود لیکن روزہ باعتبار رویت مختلف بہر ملک مختلف خواہد شد یا نہ۔

الجواب رویت ہلال رمضان واجب کفایہ است۔ در فتاوی عالمگیری مذکور است یجب ان یلتمس الناس الہلال فی التاسع والعشرین من شعبان وقت الغروب فان رأوہ صاموہ وان غم اکملوہ ثلثین یوما کذا فی الاختیار شرح المختار اگر رویت ہلال رمضان بروز بست ونہم شعبان در ملک عرب شد ونزد ما در ہند بہ ثبوت شرعی آں رویت ثابت شدہ اعتبار آں لازم۔ وقضا کردن یک روزہ واجب کہ اختلاف مطالع نزد حنفیہ معتبر نیست۔ وفی العالمگیریہ ولا عبرۃ لاختلاف المطالع فی ظاہر الروایۃ کذا فی فتاوی قاضی خان وعلیہ فتوی الفقیہ ابی اللیث وبہ کان یفتی شمس الائمۃ الحلوانی۔ قال لو رأی اہل مغرب ہلال رمضان یجب الصوم علی اہل مشرق کذا فی الخلاصۃ وایں سخن کہ ہلال روز اول بجز خلیفۃ المسلمین کسے نمی بیند۔ باطل محض است قابل التفاتے نیست۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۶۹۵) از قصبہ سورون ضلع ایٹہ محلہ مسلمانان مرسلہ محمد محفوظ اللہ قانون گو۔ ۲۰ر شعبان ۶۲ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام مسائل مندرجہ ذیل میں :

اس سال شب برات میں باہم اہل اسلام اس قصبہ میں اختلاف رہا۔ بعض لوگ پیر کی شب برأت اس دلیل سے بتلاتے رہے اور عمل بھی کیا۔ کہ چاند گرہن ہمیشہ چودھویں ۱۶ راگست شب کو ہوتا ہے چنانچہ اس مرتبہ بھی حسب تحریر جنتری و اعلان ہنود نے پیر کی شب کو چاند گرہن کا اظہار کیا تھا گو بوجہ ابر غلیظ اس کا ظہور نہیں ہوا۔ اور کسی نے چاند گرہن صاف طور پر نہیں دیکھا۔ تاہم مسلمانوں نے یقین کر لیا کہ چاند گرہن ہوا ہے۔ اور اسی اعتبار پر دوشنبہ ۱۶ راگست کو شب برات منائی۔ دوسرا گروہ یہ کہتا ہے اور اسی پر زور دیتا رہا کہ اہل اسلام کے یہاں انحصار رویت پر ہے۔ جب کہ ۲۹ر شعبان پیر کو مسلمہ تھی اور پیر کو ابر تھا چاند نظر نہ آیا۔ اس لئے منگل کی ۳۰ر قرار دیکر بدھ کی یکم شعبان مانی گئی۔ اس لحاظ سے بروز شنبہ، ۱ر اگست ۴۳ء شب برات ہونا چاہیے۔ چنانچہ زیادہ تر اصحاب نے اسی پر عمل کیا۔ آیا دونوں فریق میں کس کی دلیل موافق مذہب اور قابل عمل ہے اور ان مذہبی معاملات میں پورنماشی اور گرہن کے قیاسات اور ریڈیو و تار و اخبار کی خبریں قابل عمل ہیں یا نہیں۔ اور ان اخبار و تحریرات پر عمل کرنے والے شرعاً قابل مواخذہ ہیں یا نہیں۔

الجواب: شریعت مطہرہ نے چاند ہونے میں صرف رویت کا اعتبار کیا ہے۔ یا یہ کہ اگر وہاں رویت نہ ہوئی تو دوسری جگہ کی رویت ہلال گواہوں سے ثابت ہو جائے۔ اور یہ دونوں باتیں نہ ہوں تو مہینہ ۳۰ دن کا لیا جائے گا اگرچہ جنتریوں میں ۲۹ کا لکھا ہو۔ اخبار یا ٹیلی فون یا ریڈیو وغیرہ کا کچھ اعتبار نہیں۔ چاند گرہن چودھویں شب کو ہو یہ کچھ ضروری چیز نہیں۔ اس کے قواعد قطعی اور جزمی نہیں جن پر کاربند ہونا ضروری ہو۔ تیرہویں شب میں بھی ہو سکتا ہے۔ لہٰذا چاند گرہن کی وجہ سے حکم نہیں لگایا جا سکتا کہ یہ چودھویں شب ہے۔ حدیث صحیح میں ارشاد ہوا۔ صوموا لرؤیته وافطروا لرؤیته فان غم علیکم فاکملوا عدة شعبان ثلثین۔ دوسری حدیث میں فرمایا انا امة امیة لا نکتب ولا نحسب الشهر هکذا وهکذا وهکذا وعقد الابهام فی الثالثة ثم قال الشهر هکذا وهکذا وهکذا یعنی تمام الثلثین یعنی مرة تسع وعشرین ومرة ثلثین یہ دونوں حدیثیں بخاری ومسلم کی ہیں۔ اہل ہیئت کا یہ قول کہ خسوف قمر اس وجہ سے ہوتا ہے کہ چاند اور سورج کے درمیان زمین حائل ہو جاتی ہے اور کسوف شمس کی وجہ یہ ہے کہ ہمارے اور آفتاب کے درمیان چاند حائل ہو جاتا ہے اور حرکات فلک کے لحاظ سے اس کے اوقات مقرر ہیں اہل شرع نے اس کا بہت شدت سے انکار کیا جس کی تفصیل عمدة القاری شرح صحیح بخاری وفتح الباری شرح صحیح بخاری میں مذکور ہے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا یہ ارشاد هذه الآیات التی یرسل الله لا تکون لموت احد ولا لحیاته ولکن یخوف الله به عباده فاذا رأیتم شیئا من ذلک فافزعوا الی ذکره ودعائه واستغفاره اس پر دلیل ہے کہ خسوف وکسوف کے لئے کوئی وقت معین نہیں۔ نہ قاعدہ مقرر ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے عہد مبارک میں سورج گرہن اس روز ہوا جس دن حضور کے صاحبزادے حضرت ابراہیم کی وفات ہوئی اور ان کی وفات ۱۰ ربیع الاول کو ہوئی تھی۔ لہٰذا اہل ہیئت کا یہ قول کہ کسوف شمس ۲۷، یا ۲۸، یا ۲۹ کو ہی ہوگا غلط ہے الحاصل خسوف یا کسوف سے تاریخ کا اعتبار کرنا بالکل غلط ہے۔ یہ چیزیں شرعاً قابل اعتبار نہیں یہ سب اس صورت میں ہے کہ خسوف کا ثبوت ہو اور اگر ابر کی وجہ سے خسوف دیکھا ہی نہ گیا محض جنتریوں میں لکھے ہونے یا ہنود کے کہنے سے تو خسوف کا بھی ثبوت نہ ہوگا۔ چودھویں شب تو ہونا کجا۔ وهو تعالیٰ اعلم۔ یہاں اور بریلی میں شب برات منگل کو ہوئی۔

مسئلہ (۵۴۷) آمدہ از بھوپال مسجد نسترن مرسلہ محمد عبد اللہ صاحب۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اندریں مسئلہ کہ موجودہ زمانے میں اگر کسی شہر یا ملک میں رویت ہلال رمضان المبارک وعید الفطر نہ ہو اور کسی دوسرے شہر یا ملک سے صرف بذریعہ تار برقی ٹیلی گراف ٹیلیفون ریڈیو اور وائرلیس خبر موصول ہو تو کیا از روئے شرع شریف مطابق مذہب حنفی ان شہر والوں پر روزہ رکھنا یا رکھوانا، افطار کرنا یا کرانا ضروری اور واجب ہے۔ یا اس قسم کی

علم الیٰ قوم ہیں حساب کتاب نہیں کرتے مہینہ اتنا ہے اتنا ہے اتنا ہے تیسری بار انگوٹھا بند فرما لیا پھر فرمایا مہینہ اتنا ہو اتنا ہو اتنا ہو یعنی تیس دن کا ایک مرتبہ اور تیس کا ایک مرتبہ تیس کا فرمایا

خبر یا اطلاع پر عمل نہ کرنا ضروری ہے۔

مسئلہ (۵۴۸) امسال رویت ہلال عید الفطر کے سلسلہ میں ڈھاکہ اور حیدر آباد سے بذریعہ ریڈیو ۲۹ر رمضان المبارک کو یہ خبر نشر کی گئی تھی کہ ہلال عید الفطر کی رویت ہو گئی ہے کل عید ہے کیا اس خبر کو جناب نے باور فرما کر ۸ر ستمبر ۱۹۴۲ء بروز سنیچر کو عید الفطر قرار دیا تھا یا نہیں۔ بصورت خبر ریڈیو ٹیلی فون ٹیلی گراف اور وائرلیس فقہی نقطۂ نظر سے ان کو دعوی شہادت باقتضا رقاضی اور خبر مستفیض کی کس شق میں داخل سمجھا جا سکتا ہے از روئے شرع شریف دلائل و حوالجات کی روشنی میں مستفیض فرما کر داخل اجر عظیم ہوں۔ بینوا توجروا

الجواب:- امام اعظم رضی اللہ تعالے عنہ کے مذہب میں اختلاف مطالع معتبر نہیں یعنی ایک جگہ کی رویت دوسری جگہ کے لئے کفایت کرتی ہے اور حدیث کا ظاہر بھی اسی کو چاہتا ہے کہ ارشاد فرمایا صوموا لرویتہ وافطروا لرویتہ یعنی ہلال کی رویت پر روزہ رکھو اور افطار کرو ولم یقل برویتکم نہیں فرمایا جس سے معلوم ہوا کہ ان لوگوں کی خود رویت پر صوم و افطار کا مدار نہیں۔ بلکہ ہلال کی رویت پہ مدار ہے انھوں نے دیکھا ہو یا دوسروں نے مگر دوسری جگہ کی رویت یہاں والوں کے لئے اس وقت معتبر ہوگی جب ثبوت شرعی کے ساتھ ثابت ہو اور ٹیلی فون اور ریڈیوں کی خبریں اس باب میں ناقابل اعتبار ہیں کہ ان سے کسی چیز کا ثبوت شرعی نہیں ہوتا۔ ایسی خبروں سے نہ روزہ رکھا جائے گا نہ عید کی جائیگی۔ واللہ تعالے اعلم

ان خبروں کو نہ شہادت شمار کیا جا سکتا ہے نہ ان کو استفاضہ میں داخل کیا جا سکتا ہے۔ واللہ تعالی اعلم۔

مسئلہ (۵۴۹) مولوی عبد الرشید صاحب جامعہ عربیہ ناگپور سی پی۔ ۲۰ر رمضان ۶۷ھ

کیا فرماتے ہیں علماء دین متین اس مسئلہ میں کہ تار ٹیلیفون ریڈیو وغیرہ چالیس پچاس جگہ کی مختلف مقامات سے رویت ہلال کی خبر دیں تو اس کا کیا حکم ہے۔ مانا جائے یا نہیں۔ اگر مانا جائے تو کس وجہ سے اور اگر نہیں مانا جائے تو کیوں۔

الجواب:- ہلال کے لئے شرعی ثبوت درکار ہے یہاں خود دیکھا گیا ہو یا دوسری جگہ کی رویت کا ایسا ثبوت ہو جیسا کہ کتب فقہ میں مذکور ہے خطوط یا تار اس باب میں بالکل نامعتبر ہیں۔ الخط یشبہ الخط اور تار تو بہت زیادہ مظنۂ اشتباہ ہے اس کو تو ثبوت کے مقام پر ذکر کرنا بھی نہ چاہئے۔ ریڈیو میں اگرچہ اتنی بے اعتباری نہیں جتنی تار میں ہے مگر اس میں اتنی قوت بھی نہیں کہ اس کو ثبوت شرعی میں پیش کیا جائے۔ لہٰذا اس کے اطلاع پر بھی روزہ افطار کرنا یا عید کرنا جائز نہیں۔ واللہ تعالے اعلم۔

مسئلہ (۵۵۰) از ناندیر۔ مرسلہ موسیٰ عبد اللہ صاحب۔ ۲۸ر ذیلقعدہ ۱۳۷۲ھ

روزہ دار رمضان شریف میں بوقت وضو مسواک کر سکتا ہے یا نہیں۔

الجواب:- مسواک ہر وضو میں سنت ہے خواہ رمضان میں ہو یا غیر رمضان میں۔ حدیث میں ہے لولا ان اشق علی امتی لامرتھم

بالسواک عند کل صلوٰۃ۔ درمختار میں ہے ولا یکرہ سواک ولو عشیا او رطبا بالماء علی المذہب ردالمحتار میں ہے بل یسن للصائم کغیرہ صح فی النہایۃ

مسئلہ (۵۵۱) مرسلہ قاضی محمد یعقوب صاحب از اودی پور میواڑ ۲۶ ربیع الاول شریف ۴۱ھ

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ زید روزہ دار ہے اور ہمیشہ نوکری پر دو میل تک جاتا ہے واپسی کے وقت شام ہو جاتی ہے اور افطار کا وقت درمیان ہی میں ہو جاتا ہے درآنحالیکہ ایک میل تک پانی وغیرہ کچھ نہیں ملتا کہ افطار کرے۔ ایسی صورت میں روزہ دار کو کیا کرنا چاہئے۔ بکر سے جب یہی سوال کیا گیا تو بکر نے کسی کتابی یا دی بنیاد پر یہ جواب دیا کہ پاک مٹی سے افطار کر لیا جائے۔ تو بکر کا ایسا جواب دینا کیا حکم رکھتا ہے بروئے شرع شریف جواب سے مطلع فرمائیں۔

الجواب: جب جانتا ہے کہ اس مقام پر پانی نہ ملے گا جس سے روزہ افطار کر سکوں گا اور نہ کوئی کھانے کی چیز ملے گی تو اسے چاہئے کہ کوئی شے کھجور وغیرہ افطار کے لئے اپنے ساتھ لے لے۔ روزمرہ جب اس کو ایسا موقع پیش آتا ہے تو اس کا خیال نہ رکھنا عجب ہے بہر حال ایسے موقع پر پتے یا کسی درخت کی چھال کھا کر روزہ افطار کرے امام احمد و ابوداؤد و ترمذی و ابن ماجہ و دارمی کی حدیث میں ہے فان لم یجد احدکم الا لحاء عنبۃ او عود شجرۃ فلیمضغہ اور مٹی اگرچہ پاک ہو حد ضرر تک کھانا حرام ہے اگرچہ روزہ افطار ہو جائے گا۔ ردالمحتار میں ہے فان التراب طاہر ولا یحل اکلہ۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۵۵۲) از بمبئی گولپیٹھا اسلام پورہ اسٹریٹ للو بھائی دیوی داس کی چال پہلا مالہ مرسلہ اسمٰعیل ابن الفو ۶ رجب ۴۰ھ

عید کے دن اللہ تعالیٰ نے روزہ کیوں حرام فرمایا ہے۔ بیان فرما دیں۔

الجواب: عید الفطر ماہ رمضان کے بعد ہوتی ہے اگر آج بھی روزہ رکھا تو فرق ہی کیا رہیگا اس لئے شرع مطہر نے روزہ کی ممانعت کی تاکہ اسکو ماقبل سے ممتاز کیا جائے اور رمضان کے فریضہ ادا کرنے کی خوشی کیجائے اور کھایا پیا جائے اور عید اضحی قربانی کا دن ہے اس روز قربانی کی جائے اور اس کا گوشت کھایا جائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۵۵۳) مسئولہ مولوی حاجی نذیر الدین صاحب ضلع پترہ ڈاکخانہ موہن پور ضلع لال پور بنگال ۲۵ جمادی الاخریٰ ۴۰ھ

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ زید شیخ فانی و مرض کھانسی کے سبب تین سال رمضان مبارک کے روزہ رکھنے پر قادر نہ تھا غیر ماہ رمضان میں مرض کے سبب سے روزہ نہ رکھ سکا اور تین سال کے روزے قضا ہو گئے اور زید کا انتقال ہو گیا اور وارثوں کو قضا وغیرہ کی وصیت بھی نہ کی بعدہ وارثوں نے کسی عالم کے کہنے پر نوے مسکینوں کو کھانا کھلا دیا پھر جب دوسرے عالموں سے مسئلہ دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ نوے روزے کے عوض میں ایک سو اسی مسکینوں کو کھانا کھلانا چاہئے۔ ایا ایک سو اسی کو دفعتہً کھلانا چاہئے یا رفتہ رفتہ بھی ادا ہو جائے گا۔ اور پہلے جو نوے کو کھلایا گیا وہ ایک سو اسی میں شمار کیا جا سکتا ہے یا نہیں۔

الجواب: شیخ فانی یعنی وہ بوڑھا جس کی عمر ایسی ہو گئی کہ روز بروز کمزور ہی ہوتا جائے گا جب روزہ رکھنے کی طاقت نہ اب رکھتا ہے نہ آئندہ امید ہے تو اس کو فدیہ لازم ہے۔ اللہ عزوجل ارشاد فرماتا ہے وعلی الذین یطیقونہ فدیۃ طعام مسکین جو لوگ طاقت نہیں رکھتے ان پر فدیہ ایک مسکین کا کھانا ہے۔ زیلعی میں ہے ای لا یطیقونہ

ع۵ اگر میری امت پر شاق نہ ہوتا تو انہیں ہر نماز کے وقت مسواک کا حکم کرتا۔ ع۶ مسواک کرنا کسی وقت بھی مکروہ نہیں اگرچہ دوپہر بعد ہو یا گیلی ہو بلکہ دوسروں کی طرح روزہ دار کیلئے بھی مسنون ہے۔

والحرب تجذف لا اذا کان موضعہا ظاہرا کقولہ تعالیٰ تاللہ تفتؤ تذکر یوسف ای لا تفتؤ وروی عن عطاء انہ سمع ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما
یقرؤ مطوقونہ فلا یطیقونہ فدیۃ طعام مسکین قال ابن عباس لیست بمنسوخۃ ہی للشیخ الکبیر والمراۃ الکبیرۃ لا یستطیعان ان یصوما فیطعمان لکل یوم مسکینا رواہ البخاری
وہو مروی عن علی بن ابی طالب وابن عباس وابن عمر وغیرہم من الصحابۃ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین ولم یرو عن احد خلاف ذلک فکان اجماعا۔
درمختار میں ہے وللشیخ الفانی العاجز عن الصوم الفطر ویفدی وجوبا اور ہر روزہ کا فدیہ دونوں وقت ایک مسکین کو بھر پیٹ کھانا کھلانا ہے یا صدقہ
فطر کی مقدار مسکین کو دے یعنی نصف صاع گیہوں یا ایک صاع جَو یا کھجور یا ان کی قیمت۔ اور جب اس نے خود نہ دیا اور مرگیا۔ اور ولی دینا چاہے تو اس کے کفارہ کی بھی یہی مقدار ہے
درمختار میں ہے ویفدی عنہ ولیہ کالفطرۃ وان لم یوص تبرع ولیہ بہ جاز انشاء اللہ تعالیٰ۔ درر میں ہے وفدی ای اطعم لکل یوم مسکینا کما لاطعم
فی الکفارات تو صورت مستفسرہ میں اگر نو سے مساکین کو دونوں وقت بھر پیٹ کھانا کھلایا ہے تو فدیہ ادا ہوگیا اور اگر صرف ایک ہی وقت کھلایا ہے تو انہیں مسکینوں
کو ایک ایک وقت پھر کھلائے۔ اگر دوسرے مساکین کو کھلائے گا تو کفارہ ادا نہ ہوگا جبتک ان کو دونوں وقت نہ کھلائے اور اگر ان مساکین میں سے جن کو پہلے ایک
ایک وقت کھلا چکا ہے بعض ہیں اور بعض نہیں تو جو ہیں ان کو ایک وقت کھلا دے اور جو نہیں ہیں ان کے بدلے میں دوسرے مساکین کو دونوں وقت کھلائے کہ اس کا حکم کفارہ
کے مثل ہے جیسا کہ درر کی تصریح ہے اور کفارہ میں اگر ساٹھ کی جگہ ایک سو بیس کو ایک وقت کھلایا تو ان ساٹھ کو دوسرے وقت پھر کھلانا ہوگا۔ ورنہ ادا نہ ہوگا۔ درمختار میں ہے
اطعم مائۃ وعشرین مسکینا اکلۃ نصفا للطعام فیعید علی ستین منہم غداء او عشاء ولو فی یوم آخر للزوم العدد مع المقدار ردالمحتار میں ہے وینبغی انہ اذا
غدی العدد ثم غابوا ان یستظر حضورہم او یعید الغداء مع العشاء علی غیرہم بحر۔ لہٰذا اب جتنے مساکین جو پہلے کھا چکے ہیں دستیاب ہوں انکو ایک وقت اور
کھلا دیا اتنے روزوں کا فدیہ ادا ہو جائیگا اور جتنے نہیں انکے عوض دوسرے مساکین کو دونوں وقت کھلائیں ایک ہی مساکین کو کھلانے سے فدیہ ادا نہ ہوگا۔ اگر ایک ہی وقت کھلائے
درر میں ہے قال فخر الاسلام طعام الاباحۃ اکلتان لکل مسکین غداء او عشاء والغداء ان یحبہما والعشاء کذلک والعشاء والسحور کذلک او غداء او فقہا وا عد
ما الغداء والعشاء اور اس کے لئے ایک ہی دن میں نوے شخصوں کو کھلانا ضروری نہیں بلکہ تفریق کے ساتھ بھی جائز ہے ایک ایک مسکین کو روز دونوں وقت کھلا دیا جس میں
اسے آسانی معلوم ہوا کرے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۵۴۱) مرسلہ حاجی عبد اللطیف ایوب صاحب زُکری ضلع ہوشنگاباد ۵ ذیقعدہ ۱۳۴۰ھ

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ ابتدائے بلوغ میں کئی سال کے روزے فوت ہو چکے ہیں اس کی قضا نہیں رکھی تو فدیہ ہر سال کے کفارہ کا
کتنا گیہوں دینا چاہئے کفارہ دینے کے بعد بھی ان روزوں کی قضا کرنی چاہئے یا نہیں اگر عمر بھر قضا نہ کرے تو ہر سال کے روزوں کے بدلے فدیہ میں کتنے گیہوں دینا
چاہئے جس کی وصیت ورثہ کو کر دی جائے کفارہ ادا کرنے سے قبل قضا رکھے تو ہو سکتی ہے یا نہیں۔

الجواب جتنے روزے فوت ہو گئے انکی قضا رکھے۔ کفارہ کی کچھ حاجت نہیں نہ فدیہ کی ضرورت۔ اگر عمر بھر قضا کے روزے نہ رکھے تو ہر روزہ کے

عمر بھر روزے رکھنے کی قوت نہ ہو یا ... قوت ہو تے ہوئے ان کا فدیہ ادا کرنا کافی نہ ہوگا جب روزے رکھنے کی قوت نہ رہے اور نہ اس کی امید ہو کہ آئندہ قوت ہوگی تو فدیہ ادا کرنے کی اجازت ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

بدلے ہر نصف صاع گیہوں یعنی ایک سو ساڑھے پچہتر روپے بھر یا اس کے دونے جو فدیہ میں دینے کی وصیت کر جائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۵۵۵) مرسلہ حاجی عبد اللطیف ایوب صاحب از دھوراجی کاٹھیاواڑ ۱۰ محرم ۱۳۷۱ھ

ابتدائے بلوغ سے چودہ سال تک کچھ روزے رکھ کر اور کچھ روزے رات میں نیت کر کے توڑ دیئے ہیں مگر اس کی کوئی تعداد یاد نہیں تو شریعت مطہرہ کا کیا حکم ہے اور اگر اخیر عمر تک قضا نہیں کیا تو کتنا فدیہ ادا کرنے کی وصیت کر جائے یا زندگی میں کتنا فدیہ دے۔

الجواب: جتنے روزے قضا ہو گئے یعنی نہیں رکھے یا رکھ کر توڑ دیئے سب کا اسطرح اندازہ کرے کہ کم نہ ہو اگر زیادہ ہو جائے تو حرج نہیں۔ مثلاً چودہ سال کی نسبت اگر غالب گمان یہ ہو کہ نصف رکھا تھا اور نصف نہیں تو سات سال کے ہوئے غرض جو حساب سے ہوں انکی قضا رکھے یہ ضرور نہیں کہ ایک ساتھ قضا رکھے بلکہ حسب وسعت متفرق طور پر بھی رکھ سکتا ہے مگر حتی الوسع یہ کوشش ہو کہ جلد از جلد سبکدوشی ہو جائے کہ موت کا وقت معلوم نہیں پھر ان میں سے جو کچھ قضا رکھنے سے رہ گئے تو موت کے وقت ان کے فدیہ کی وصیت کر جائے اور ہر روزہ کا فدیہ نصف صاع گیہوں یعنی ایک سو پچہتر روپے اٹھنی بھر اوپر یا اسکے دونے جو یعنی تین سو اکاون روپے بھر۔ درمختار میں ہے ولو ماتوا بعد زوال العذر وجبت الوصیۃ بقدر ادراکہم عدۃ من ایام اخر واما من افطر عمدا فوجوبہا علیہ بالاولی وفدی لزوما عنہ ولیہ الذی یتصرف فی مالہ کالفطرۃ قدرا اور زندگی میں فدیہ خود اس وقت ادا کر سکتا ہے جب شیخ فانی ہو کہ اتنا بوڑھا ہو کہ نہ اب روزہ رکھنے کی طاقت ہے نہ آئندہ طاقت آنے کی امید۔ اور جن روزوں کو قصداً توڑا ہے اگر ان میں شرائط کفارہ کے پائے جائیں تو علاوہ قضا کے کفارہ بھی دینا ہوگا اور اس کا کفارہ یہ ہے کہ ساٹھ روزے پے در پے رکھے اور یہ نہ کر سکے تو ساٹھ مساکین کو دونوں وقت بھر پیٹ کھانا کھلائے یہ ایک روزہ کا کفارہ ہوا اور ایک رمضان کے دو روزے توڑے اور ابھی کفارہ نہیں ادا کیا ہے تو دونوں کے لئے ایک ہی کفارہ کافی ہے۔

مسئلہ (۵۵۶) مرسلہ حاجی عبد اللطیف ایوب صاحب از دھوراجی کاٹھیاواڑ ۸ ربیع الاول شریف ۱۳۷۱ھ

۱۔ کفارہ کا کھانا سید کو بھی کھلا سکتے ہیں یا نہیں کیونکہ ان کو زکوٰۃ دینا جائز نہیں ۲۔ کفارہ میں جو مسکین کھلائے جائیں دونوں وقت دعوت دیکر انمیں کا کوئی مسکین ایک ہی وقت آئیں اور دوسرے وقت نہ آئیں تو جو دوسرے وقت نہ آئے تو کیا انکے بدلے دوسروں کو کھلایا جائے یا انہی کو کھلایا جائے۔

الجواب: ۱۔ سادات کرام کو کفارہ کا کھانا دینا جائز نہیں۔ فتاویٰ عالمگیری میں ہے ولا یدفع الی بنی ہاشم ہذا فی الواجبات کالزکوٰۃ والنذر والعشر والکفارۃ فاما التطوع فیجوز الصرف الیہم کذا فی الکافی (۲) کفارہ میں جتنے مساکین کو کھلانا ہے انکو دونوں وقت کھلائے اور اگر بعض دوسرے وقت نہ آئے تو ان کے بدلے میں دوسرے مسکین کو دو وقت کھلائے ایسا نہیں ہو سکتا کہ انکے بدلے میں دوسرے مساکین کو فقط ایک وقت کھلائے کہ اسطرح کفارہ ادا نہ ہوا اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ دوسرے وقت میں جو نہ آیا اسلئے اگر کسی دوسرے دن انہیں کو فقط ایک وقت کھلا دیا تو کفارہ ادا ہو گیا یعنی یہ ضرور ہے کہ ہر مسکین کو دو وقت کھلائے مگر یہ ضرور نہیں کہ ایک ہی دن میں دونوں وقت ہوں بلکہ دو صبح یا دو شام یا ایک دن صبح اور ایک دن شام کو کھلا دیا جب بھی کفارہ ادا ہو گیا۔ مجمع الانہر میں ہے فلو غداہم وعشاہم او غداہم غدائین او عشاہم عشائین واشبعہم جاز لان المعتبر دفع حاجۃ الفقیر مرتین وفی التبیین ویشترط فیہما اتحاد الفقراء فیہما اذ لو غدی

ستین وعشی ستین آخرین لم یجز الا ان یعید علی احد الستین منهم غداء او عشاء وکذا بشرط اتحادهم فی الغدائین او العشائین کما فی الفتح ولو غداهم یوما وعشاهم یوما جاز۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۵۵۷) مسئولہ حاجی ایوب صاحب از ٹرنی ضلع ہوشنگ آباد۔ ۲۰ر جمادی الاولیٰ ۱۳۷۳ھ

روزہ کے کفارہ کے مسکینوں کو کھلانے میں صرف یتیم بچوں کو کھلا سکتے ہیں یا نہیں یا بڑے بڑے عمر کے مسکین ہونے چاہئے؟

الجواب:۔ اگر یتیم بچے قریب بلوغ ہوں تو انہیں کھلا سکتے ہیں اور اگر چھوٹے ہوں کہ متوسط خوراک نہ کھا سکیں تو ان کے کھلانے سے کفارہ ادا نہ ہوگا درمختار میں بدائع سے ہے ولو دفع الی صبی غیر المراہق ردالمحتار میں ہے ای لو کان فیہم صبی غیر مراہق لا یجزیہ ثم فرمایا وبہ ظہر ان المراد بالفطیم الذی یستوفی الطعام المراد بالمراہق من یستوفی الطعام

مسئلہ (۵۵۸) روزے کا کفارہ پورے ماہ کے کھانے کی قیمت ایک شخص کو دیدیا کفارہ ادا ہوا یا نہیں۔

الجواب:۔ روزے کا کفارہ کھانا کھلانے کی صورت میں ساٹھ مسکینوں کو دو وقت پیٹ بھر کھلانا ہے یا بقدر صدقہ فطر ساٹھ مسکینوں کو گیہوں یا جو یا ان کی قیمت دینا یہ ہو سکتا ہے کہ ایک مسکین کو ساٹھ روز صدقہ فطرہ کی قدر یا اس کی قیمت دے اور اگر ایک ہی دن میں ایک مسکین کو سب گیہوں یا قیمت دیدی تو صرف ایک دن کا ادا ہوا یعنی انسٹھ مسکین کو کھلانا ابھی اس کے ذمہ باقی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۵۵۹) روزے کی حالت میں سرمہ لگانا یا تیل سر ہاتھ، پاؤں پر لگانا خوشبو کا تیل عطر وغیرہ لگانا، پھول سونگھنا، ناس سونگھنا۔ مسواک کرنا۔ کوئلہ یا کسی اور منجن سے دانت صاف کرنا درست ہے یا نہیں۔

الجواب:۔ سرمہ اور تیل لگانا جائز ہے جبکہ مقصود زینت نہ ہو اور بقصد زینت ہو تو مکروہ تنزیہی۔ خوشبو لگانا اور سونگھنا بھی جائز ہے یوہیں مسواک کرنا جائز بلکہ مسنون ہے منجن جس میں ذائقہ محسوس ہوتا ہو استعمال نہ کرے۔ درمختار میں ہے لا یکرہ دہن شارب ولا کحل اذا لم یقصد الزینۃ او تطویل اللحیۃ اذا کانت بقدر المسنون۔ ولا سواک ولو عشیا او رطبا بالماء علی المذہب اور ناس سونگھنے سے روزہ جاتا رہے گا۔ کذا فی التنویر۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ (۵۶۰) مرسلہ حافظ محمد احمد عرف جہانگیر صاحب فتح پور تال نرجا ۲۶ر رمضان ۱۳۷۶ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ مفسد اعتکاف بے عذر خروج از حد مسجد یعنی جہاں تک مسجد کا احاطہ ہو جیسے ہمارے یہاں کی مسجد کے سامنے چبوترہ وغیرہ ہے یا کہ خروج از اصل مسجد جہاں تک نماز پڑھی جاتی ہے اور اعلان وقت سحری کے لئے گھنٹہ وغیرہ بجانا عذر ہے یا نہیں نماز اعتبار ٹوپی کی عدم موجودگی میں مکروہ تحریمی ہے یا مطلق اعتبار مکروہ تحریمی ہے۔ زید اعتراض کرتا ہے کہ بہار شریعت میں اس مسئلہ مرغی تازہ رطوبت دار انڈا اور بکری کا کوئی پیدا شدہ بچہ پانی میں گر کر زندہ نکل آیا پانی ناپاک نہ ہوگا) غلط ہے اولاً تو مطلق پانی میں لکھا جس میں گھڑے لوٹے کا پانی بھی شامل تھا ثانیاً اگر کنوئیں کا پانی مراد ہے کہ کنوئیں کے بیان میں ہے تو بھی مذکورہ چیزیں نجس ہیں ان کی نجاستیں پانی میں مل کر ضرور پانی کو نجس کریں گی۔

الجواب ۔ فنائے مسجد جو جگہ مسجد سے باہر اس سے ملحق ضروریات مسجد کے لئے ہے مثلاً جوتا اتارنے کی جگہ اور غسل خانہ وغیرہ ان میں جانے سے اعتکاف نہیں ٹوٹے گا۔ بلا اجازت شرعیہ اگر نکل کر باہر چلا گیا تو اعتکاف ٹوٹ جائیگا فنائے مسجد اس معاملہ میں حکم مسجد میں ہے سحری کے اعلان کے لئے فنائے مسجد میں جاسکتا ہے اور لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ ٹوپی پہنے رہنے کی حالت میں اعتجار ہوتا ہے مگر تحقیق یہ ہے کہ اعتجار[عہ] اسی صورت میں ہے کہ عمامہ کے نیچے کوئی چیز سر کو چھپانے والی نہ ہو۔

بہار شریعت کے مسئلہ پر جس نے اعتراض کیا اس کو چاہئے تھا کہ کسی کتاب کا حوالہ دیکر اس کے مسئلہ کو غلط کہتا آپ کو چاہئے تھا کہ اس معترض سے دریافت کرتے کہ تم جو اس کو غلط کہتے ہو تمھارے پاس کیا ثبوت ہے یوں تو ہر شخص کو اختیار ہے کہ جس چیز کو چاہے غلط کہہ دے مگر ثبوت دیتے وقت حال معلوم ہوتا ہے، خیر ہم حوالہ دیتے ہیں۔ فتاویٰ قاضیخاں میں ہے (بیضة اذا سقطت من الدجاجة فی مرقة اوماء لایفسد ذالک الماء وکذا السخلة اذا سقطت من امها وقعت فی الماء مبتلة لایفسد اوکذا الانفحة اذا خرجت من الشاة بعد موتها یعنی انڈا اگر مرغی سے نکل کر شوربا یا پانی میں گر پڑا تو وہ فاسد نہ ہوگا اور ایسے ہی بکری کا بچہ اپنی ماں سے نکل کر پانی میں گر پڑا تو پانی فاسد نہ ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

کتاب الحج

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مسئلہ (۵۶۱) مرسلہ جناب عبدالرحمٰن صاحب از محمد آباد گوہنہ ضلع اعظم گڈھ ۱۳ ربیع الآخر ۵۵ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ بکر جو کہ ہندہ کا نامحرم ہے اپنی بیوی اور بہو کو ہمراہ لیکر حج کرنے جارہا ہے ہندہ کا بھی ارادہ ہے کہ میں بھی انھیں لوگوں کے ساتھ چلی جاؤں، عمرو اعتراض کرتا ہے کہ تم نامحرم کے ساتھ نہیں جاسکتی لہذا مت جا۔ ہندہ کہتی ہے کہ میں بکر کی بیوی اور بہو کے ساتھ جاؤں گی تنہا بکر کے ساتھ نہیں تو صورت بالا میں ہندہ بغرض حج بیت اللہ شریف ان لوگوں کے ساتھ جاسکتی ہے یا نہیں۔

عہ اختار مافی الظہیریة واما ماقال العلامة السید الطحطاوی فی حاشیة المراقی ـ المراد انه مکشوف عن العمامة لامکشوف الراس لانه فعل مالا یفعل اھ ففیه نظر ظاہر لان کثیرا من جفاة الاعراب یلفون المندیل والعمامة حول الراس مکشوف الھامة بغیر قلنسوة اھ [illegible]

الجواب ۔ عورت کو بغیر شوہر یا محرم سفر کرنا حرام ہے حدیث میں ہے ولا تسافرنّ امرأۃ الا ومعها محرم فقال رجل یا رسول اللہ اکتتبت فی غزوۃ کذا وکذا وخرجت امرأتی حاجۃ قال اذهب فاحجج مع امرأتك یعنی ارشاد فرمایا کہ بغیر محرم عورت سفر نہ کرے ایک شخص نے عرض کی یا رسول اللہ فلاں جنگ میں جانے کے لئے میرا نام لکھا جا چکا ہے اور میری عورت حج کو جانا چاہتی ہے فرمایا کہ اپنی عورت کے ساتھ حج کو چلے جاؤ۔ ہندہ کا یہ عذر کہ میں بکر کے ساتھ نہیں جاتی ہوں بلکہ اسکی بی بی یا بہو کے ساتھ جاتی ہوں، نامسموع ہے کیونکہ بہرصورت بغیر محرم اس کا سفر ہوگا اور اسی کی حدیث میں ممانعت آئی۔ درمختار میں ہے ومع زوج او محرم بالغ عاقل مع وجوب النفقۃ لمحرمها علیها لامرأۃ فی سفر۔ فتاویٰ عالمگیری میں ہے و منها المحرم للمرأۃ شابۃ کانت او عجوزا اذا کانت بینها وبین مکۃ مسیرۃ ثلثۃ ایام هکذا فی المحیط۔

بالجملہ ہندہ کو اس طرح جانا ناجائز ہے جاتی ہے ثواب کے لئے اور ہر قدم پر گناہ کرتی ہے اس حج سے کیا فائدہ۔ واللہ اعلم

مسئلہ (۵۶۲) از پالی مارواڑ مرسلہ عثمان غنی ولد عبدالرحمٰن جی سوجت والے۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین کہ زید صاحب نصاب ہے اور اس پر حج فرض ہے۔ اور یہ حج کر کے آگیا۔ اور اب پھر حج کرنے کا ارادہ کیا اور ساتھ میں اپنے بڑے لڑکے اور اسکی عورت کو لے جانا چاہتا ہے۔ اور زید کے تین لڑکے اور لڑکیاں سب اپنے والد کے شامل رہتے ہیں اور لڑکیوں کو شادی کر کے سسرال بھیجدی۔

دریافت طلب یہ امر ہے کہ زید کے انتقال کے بعد یہ بڑا لڑکا جس کو زید اپنے ساتھ حج کیلئے لے گیا تھا اس کا حج فرض ادا ہو جائے گا۔ یا کہ زید کے انتقال کے بعد اب انھوں نے اس مال کو تقسیم کیا۔ اور تینوں کے پاس اتنا مال آیا کہ حج فرض ہو جاتا ہے۔ اور باپ کے ساتھ بھیجنے میں دونوں بھائی راضی تھے۔ اور یہ بڑا لڑکا حج کے واسطے جائے تو احرام باندھنے کی نیت کس طرح کرے۔ آیا اس پر اب حج فرض ہوگا یا پہلا حج کافی ہے۔

الجواب ۔ زید اپنے بڑے لڑکے کو اگر اپنے ساتھ حج کو لے جاتا ہے اگر وہ لڑکا بالغ ہے تو اس کا یہ حج فرض ادا ہوگا اور حج فرض ہی کی اس کو نیت باندھنی چاہئے۔ زید کے انتقال کے بعد اس کے تینوں لڑکے کے حصہ میں اگر اتنا مال آیا کہ ان پر حج کا ادا کرنا فرض ہو تو پہلا لڑکا جس نے حج فرض ادا کر لیا ہے۔ اس کے اوپر پھر حج کرنا ضروری نہیں کہ حج فرض ادا ہو گیا۔ اور اب جو حج کرے گا وہ حج نفل ہوگا۔ باقی دونوں لڑکے جنھوں نے حج نہیں کیا ہے ان پر حج کرنا لازم ہوگا۔ وھو اعلم

مسئلہ (۵۶۳) مرسلہ حاجی عبداللطیف ایوب صاحب ۵ رجب سنہ ۴۲ھ۔

گذارش یہ ہے کہ ہندوستان سے جب لوگ حج کے لئے جاتے ہیں تو قران یا تمتع یا مفرد کسی خاص کی نیت نہیں

ہوتی، بلکہ ہم کو یہ مسائل معلوم ہی نہ تھے صرف مطلق حج کے ارادے سے روانہ ہوتے ہیں اور جو اس میں کرنا پڑتا ہوگا وہ کریں گے اور یلملم سے احرام باندھتے ہیں اور مکہ معظمہ پہونچ کر پہلا طواف کرکے سعی اور حلق یا تقصیر کراکر احرام کھول دیتے ہیں اور مہینہ یا کچھ زیادہ کم ذی الحجہ کی مدت باقی ہوتی ہے تو اس درمیانی مدت میں بغیر حالت احرام کے جماع کرنے سے حج فاسد ہوجاتا ہے یا نہیں۔ بہار شریعت حج کے بیان میں اکثر جگہوں سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ احرام باندھنے سے وقوف عرفہ تک درمیان میں جماع کرنے سے حج فاسد ہوجاتا ہے۔ اور جدید احرام باندھنے سے بھی اس سال قضا نہیں ہوسکتی۔ اور یہ بھی بہار شریعت میں ہے کہ وقوف عرفہ سے پہلے قارن کا لبیک ختم نہیں ہوسکتا تو میری سمجھ میں یہ نہیں آتا کہ طواف قدوم اور سعی کرکے احرام کھولنے کے بعد بھی جماع کرنے سے حج فاسد ہوا یا نہیں۔ فاسد ہوگیا کیونکہ احرام تو کھول دیا ہے۔

الجواب۔ گھر سے تو حج کے لئے جاتے ہیں اور حج کرتے بھی ہیں، مگر یلملم کے قریب یا جہاں سے احرام باندھا اس وقت کس چیز کا احرام باندھا۔ اگر صرف عمرہ کا باندھا[1] تو طواف و سعی کرکے حلق یا تقصیر کرکے احرام سے خارج ہوگیا اور اگر حج یا حج و عمرہ دونوں کا احرام باندھا ہے تو طواف و سعی کے بعد حلق یا تقصیر جائز نہیں نہ یہ دونوں رمی سے پہلے احرام سے باہر ہوسکتے ہیں، اگر حلق و تقصیر کریں گے تو دم لازم ہوگا۔ احرام کھولنے کے یہ معنی نہیں کہ تہبند و چادر کی جگہ سلے ہوئے کپڑے پہن لئے جائیں۔ بلکہ تمام ارکان ادا کرکے حلق یا تقصیر کرنا ہے۔ اور اگر پہلے ہی حلق یا تقصیر کرلیا تو احرام سے خارج نہ ہوا بلکہ محظور و ممنوع میں مبتلا ہوا اور کپڑے سلے ہوئے پہنے تو اس کا بھی جرمانہ واجب اور وقوف عرفہ سے پیشتر جماع کیا تو حج فاسد اگرچہ احرام کے کپڑے اُتار چکا ہو حلق وغیرہ کرچکا ہو یہ شخص ان افعال سے احرام سے خارج نہ ہوا بلکہ ممنوع اور حرام میں مبتلا ہوا اس فرض اہم کو ادا کرنے چلا، اتنے مصارف اٹھائے، صعوبتیں برداشت کیں اور کسی جاننے والے سے اتنا بھی نہ پوچھا کہ احرام کس کا نام ہے اور کیونکر اور کب کھلتا ہے تو اسے حج فاسد کرتے کیا دیر لگتی ہے۔ مگر اس زمانہ میں ہر شخص اپنے کو عالم سمجھتا ہے، علماء سے ہر شخص کو استغنا ہے اس کا نتیجہ سوائے اس کے کیا ہوگا کہ عبادات بھی صحیح نہ ہوں گی، کوئی بالکل معمولی مقدمہ بغیر مشورہ وکیل کے نہیں لڑایا جاتا مگر شریعت کے احکام اہل علم سے نہیں پوچھتے وہاں اگرچہ جانتے ہوں اپنے کو عاجز تصور کرتے ہیں اور یہاں اگرچہ نہیں جانتے اپنے کو ماہر و قابل ٹھہراتے ہیں۔ وجہ یہ کہ اس میں نفع و نقصان نہیں معلوم ہوجائے گا۔ اور یہاں

---

[1] حج کرنے کی تین صورتیں ہیں۔ قران، تمتع، افراد۔ میقات سے صرف عمرے کا احرام باندھا جائے۔ اشہر حج میں عمرہ کرکے فارغ ہوجائیں اور پھر حرم سے احرام باندھ کے حج کریں یہ تمتع ہے۔ میقات سے حج اور عمرے دونوں کا احرام باندھیں یہ قران ہے۔ میقات سے صرف حج کا احرام باندھیں۔ یہ افراد ہے۔ ہر ایک کے تفصیلی احکام الگ ہیں جو بہار شریعت حصہ ششم سے معلوم کریں۔
واللہ تعالیٰ اعلم امجدی

آخرت میں حال کھلے گا مولیٰ تعالیٰ آپ کے شوق کو زیادہ کرے کہ آپ کو علم دین سے دلچسپی ہے بات کے سمجھنے کا تقاضہ ہے وهو تعالیٰ الموفق وهو تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۵۶۴) از پالی مارواڑ مرسلہ عثمان غنی ولد عبدالرحمن جی سوجت والے۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ حج کرنے کے واسطے یہاں سے شعبان میں روانہ ہوسکے تو ہندیوں کے واسطے میقات دریا میں آجاتی ہے تو اب یہ احرام باندھ کر آگے جائے تو اس وقت یعنی احرام باندھنے کے وقت کیا نیت کرنی چاہئے۔

الجواب۔ اگر شعبان مہینہ میں حج کے لئے جاتا ہے اور اس کا ارادہ پہلے مکہ معظمہ ہی جانے کا ہے تو میقات سے عمرہ کا احرام باندھ کر جائے اور عمرہ کے ارکان ادا کر کے احرام کھول ڈالے رمضان شریف میں عمرہ کرنے کا بہت بڑا ثواب ہے حدیث میں ارشاد فرمایا عمرة فی رمضان تعدل حجة معی یعنی رمضان میں عمرہ ایسا ہے جیسا میرے ساتھ حج کیا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۵۶۵) مسئولہ ولایت حسین خیاط محلہ بہار پور بریلی ۵ رجب ۴۲ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اہلسنت وجماعت اس مسئلہ میں کہ زید نے اپنی بیوی ہندہ کی جانب سے مبلغ چارسو روپے برائے حج بدل عمرو عازم حج کو دے کر کہا کہ جو شخص تمہاری نظر میں معتبر ہو اسکو حج بدل کے واسطے آمادہ کر کے اپنے ہمراہ لے جاؤ چنانچہ عمرو نے وہ رقم لیکر زید سے کہا کہ اس میں سے جو کچھ پس انداز ہوگا وہ میں واپس دونگا اور اگر بیس تیس روپے زائد صرف ہوں گے وہ میں اپنے پاس سے خرچ کروں گا۔ بکر کو ساتھ لیکر مکہ معظمہ زاداللہ شرفاً وتعظیماً روانہ ہوا بکر نے قران کا احرام باندھا بعد فراغ ارکان حج کے بسبب کمی خرچ مدینہ طیبہ کی حاضری میں تردد پیدا ہوا اور معاً بکر کو یہ حدیث مبارکہ من حج ولم یزرنی فقد جفانی یاد آئی اور نیز اس امر کا خیال ہوا کہ ایسا نہ ہو کہ زید کہیں معترض نہ ہو، کہ تم مدینہ طیبہ کیوں نہیں گئے اور حج ناقص کیا تو کیا جواب ہوگا پس اس بارے میں عمرو سے مشورہ کیا۔ عمرو نے فوراً ایک خط واسطے روانگی خرچ زید کو بھیجا اور درصورت عدم حصول جواب اور انتظار مناسب کے عمرو نے بکر سے کہا کہ اگر تم مدینہ طیبہ چلنا چاہتے ہو تو بسم اللہ چلو اور خرچ مجھ سے لو وطن پہنچکر مجھے دیدینا۔ بکر نے منظور کیا اور حسب وعدہ بعد مراجعت سفر حرمین شریفین وطن آکر نجبا

ع یہ حکم آسانی کے لئے ہے۔ اگر شعبان میں جانے والا تمتع کرنا چاہے گا تو اسے شوال تک حالت احرام میں رہنا پڑے گا۔ اور اگر قران کرے یعنی حج وعمرہ دونوں کا احرام باندھے یا افراد کرے صرف حج کا احرام باندھے تو اسے دس ذی الحجہ تک حالت احرام میں رہنا پڑیگا، یہ بہت دشوار ہے اسلئے صرف عمرے کے احرام باندھنے کا مشورہ دیا واللہ تعالیٰ اعلم امجدی۔

ایک سو پانچ روپئے کے سو روپے ادا کئے۔ اور فہرست کل صرف اخراجات حسب الطلب زید کے پاس بھیجدی اور زبانی بھی بیان کر دیا مگر زید نے محض خاموشی اختیار کی اور زائد خرچ ادا نہیں کیا۔ صورت مسؤلہ میں شرعاً زید علاوہ رقم چار سو روپئے کے صرف زائد کا دین دار ہے یا نہیں۔ اور بکر پانے کا مستحق ہے یا نہیں فقط۔ بینوا توجروا

الجواب ۔ جبکہ زید نے صرف حج کے لئے کہا اور مدینہ طیبہ کے اخراجات زید نے اپنے ذمے نہیں لئے، تو یہ اخراجات جو مدینہ طیبہ کے آنے جانے میں خرچ ہوئے زید پر یہ دینا لازم نہیں، بکر نے عمرو سے قرض یہ روپئے لئے اب بکر ہی اپنے پاس سے یہ روپے ادا کرے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

تمت بالخیر

فہرست مضامین فتاویٰ امجدیہ

مضمون	صفحہ
جب برتن میں نجاست پڑگئی توپانی نجس ہوگیا اگرچہ اوصاف نہ بدلیں	۱۹
بے پرواہی سے بے وضو کا پانی میں ہاتھ پڑنا اس کے استعمال کرنے کے لئے مانع نہیں.	۲۰
فصل البئر از ص۲۰ تا ص۲۷	
مینڈک اگر کنویں میں مرجائے یا پھول پھٹ جائے تو کیا حکم ہے	۰
تیسرا اسی پر فتویٰ ہے کہ جب سے کنویں میں نجاست گرنے کا علم ہوا کنواں ناپاک ہے	۲۱
جس کنویں کا پانی ٹوٹتا نہ ہو اس کو کس طرح پاک کیا جائے.	۰
کنویں میں جوتا گر گیا تو کیا حکم ہے	۲۲
چمار نے کنویں سے پانی بھرا اور غسل کیا تو کیا حکم ہے.	۰
عین نجاست نکالنے کے بعد کنویں کا کل پانی نکالا جائے.	۲۳
کنویں میں اگر مینگنی، اوپلا اور گوبر گر جائے تو کنواں پاک ہے یا ناپاک.	۰
چھچھوندر اور کوے کے گرجانے سے کنویں سے کتنا پانی نکالا جائے گا.	۰
کنویں میں کچھوا مرا اور پھول پھٹ گیا یہاں تک کہ پانی سے بدبو آنے لگی تب بھی پانی پاک ہے پھر بھی تطییب قلب کے لئے اتنا پانی نکلوا دیا جائے کہ بدبو ختم ہوجائے	۲۴
کنویں سے اگر پھٹا ہوا گرگٹ نکلا کل پانی نکالا جائے گا.	۰
ناپاک کنویں کا کل پانی بیک وقت نکالنا ضروری نہیں وقفہ سے بھی نکال سکتے ہیں	۲۴
ہنود اگر کنویں میں داخل ہوں تو کیا حکم ہے	۲۵
مسلمان پابند صوم وصلوٰۃ اگر کنویں میں داخل ہو تو کیا کرنا چاہئے.	۰
ڈھیلے سے استنجا کر کے اگر کوئی مسلمان کنویں میں داخل ہوا تو کیا حکم ہے.	۰
عورتوں کو لہنگا پہن کر کنویں سے پانی بھرنے میں کوئی حرج نہیں.	۲۶
محض شبہ کی وجہ سے نجاست کا حکم نہیں دیا جاسکتا.	۰
کنویں میں کوا گرا اور مر کر مٹی ہوگیا کنواں پاک ہے.	۰
کوئی چیز نجاست لگنے سے ناپاک ہوئی اور کنویں میں گر گئی تو اگر اسکا نکالنا دشوار ہے تو پانی نکالنے کے بعد طہارت کا حکم دے دیا جائے گا.	۲۶
کوئی بچہ والی عورت کنویں میں گری اور ہوش وحواس کے ساتھ باہر آگئی اگر اس کے کپڑے اور بدن پاک ہیں تو کل پانی نکالا جائے گا ورنہ صرف بیس ڈول.	۰
باب مسح الخفین از ص۲۷ تا ص۲۸	
جو سوتی اونی موزے آجکل پہنے جاتے ہیں ان پر مسح کافی نہیں	۲۷
موزے کے مسح میں صحیح اور معذور کا ایک حکم ہے	۲۷
مسح کی مدت مسافر کیلئے تین دن تین راتیں اور مقیم کے لئے ایک دن ایک رات ہے	۲۷
حدث کے وقت سے مسح کی مدت شمار ہوگی	〃
باب الحیض از ص۲۸ تا ص۲۹	
حالت حیض میں ناف سے گھٹنوں تک کسی بھی مقام سے استمتاع حرام ہے	۲۸
فرج خارج کی رطوبت ناپاک نہیں ہے	〃
فصل المعذور از ص۲۹ تا ص۳۰	
جس کو ہر وقت پیشاب کا قطرہ آتا رہتا ہے وہ کس طرح نماز پڑھیگا.	۲۹
بواسیر والے کو اگر ہر وقت رطوبت خارج ہوتی رہتی ہے تو وہ معذور ہے	۳۰
معذور ایک وقت میں ایک وضو سے جتنی نمازیں پڑھنا چاہے پڑھ سکتا ہے.	۰
معذور ہونے کے لئے کیا ضروری ہے	〃
معذور کا وضو خروج وقت سے ٹوٹ جاتا ہے	۰
باب الانجاس از ص۳۰ تا ص۳۹	
دھوبی کو ناپاک کپڑا دیا تو دھل کر پاک ہوجائیگا	۳۱
دھوبی کو پاک کہہ کے کپڑا دینا بہتر ہے.	〃
راستے کی کنکریاں پاک ہیں	〃
ندی کے کنارے ریت کا میدان زمین کے حکم میں ہے.	۳۲
نجس کنکریوں پر کپڑا وغیرہ بچھا کر نماز پڑھ سکتے ہیں	〃

باب الامامۃ از ص۱۰۱ تا ص۱۶۲

۷۸۶
۹۲

فتاویٰ امجدیہ مکمل

چار جلدوں میں

تصنیف:۔ صدر الشریعہ حضرت علامہ مفتی محمد امجد علی اعظمی قدس سرہ العزیز
تعلیق:۔ نائب مفتی اعظم ہند حضرت علامہ مفتی محمد شریف الحق امجدی مدظلہ العالی

فقیہ اعظم ہند حضرت صدر الشریعہ مصنف بہار شریعت کی علمی جلالت و فقہی بصیرت محتاج تعارف نہیں موصوف نے فقہ حنفی کی معتبر و مستند انسائیکلو پیڈیا (بہار شریعت) تصنیف فرما کر عالم اسلام پر جو عظیم ترین احسان فرمایا ہے۔ رہتی دنیا تک اُسے فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ اسی نابغۂ روزگار شخصیت کی ایک اہم فقہی تصنیف زیور طبع سے آراستہ ہو کر منظر عام پر آچکی ہے جو مسائل و احکام کے اعتبار سے ایک دوسری بہار شریعت اور دلائل و ابحاث کی حیثیت سے فتاویٰ رضویہ کا خلاصہ اور نچوڑ ہے سلیس اور عام فہم زبان میں توضیح و تشریح کے اعتبار سے عوام و خواص اور علماء و فضلا کیلئے بے پناہ افادیت کی حامل ہے علاوہ ازیں اس کتاب پر نائب مفتی اعظم ہند و دیگر اکابر علماء اسلام کی عالمانہ و محققانہ تعلیق و تعارف نے کتاب کی اہمیت و افادیت میں غیر معمولی اضافہ فرما دیا ہے لہٰذا ارباب علم اور دینی ذوق رکھنے والے حضرات سے التماس ہے کہ خود بھی اس گرانقدر کتاب کے مطالعہ سے مستفید ہوں اور اپنے حلقۂ احباب میں بھی اسکے مطالعہ سے استفادہ کا شوق پیدا فرمائیں۔